شوکت صدیقی

جانگلوس



۱۶

دیپال پور روڈ پر نیلی بار ٹرانسپورٹ کی ایک لاری شور مچاتی پاک پتن کی سمت جا رہی تھی۔ رحیم داد لاری کو دور تک دیکھتا رہا۔ آخر وہ نظروں سے اوجھل ہو گئی۔ اس نے سڑک عبور کی' نشیب میں اترا اور آگے بڑھنے لگا۔

شام کا دھندلکا پھیلنے لگا۔ رحیم داد کہیں ٹھہرے بغیر چلتا رہا۔ اندھیرا بڑھتا گیا۔ وہ حویلی روڈ سے گزر کر دیپال پور تحصیل کی حدود میں داخل ہوا تو رات ہو چکی تھی۔ رحیم داد تھکن سے بے حال ہو رہا تھا۔ راستہ صاف ستھرا اور کشادہ تھا۔ پیاس لگتی تو پینے کو نہر کا پانی مل جاتا۔

ہر سمت اندھیرا چھایا تھا۔ اس کے پیر بوجھل ہو گئے تھے۔ اب اس میں زیادہ دور جانے کی سکت نہ تھی۔ وہ کہیں ٹھہر کر رات بسر کرنا چاہتا تھا۔ مگر کوئی مناسب اور محفوظ ٹھکانا نظر نہیں آ رہا تھا۔ نہر کے کنارے کہیں کہیں کھجور کے درخت تھے' کیکر کی جھاڑیاں تھیں جن کی شاخیں پیلے پیلے پھولوں سے لدی جھوم رہی تھیں۔ گندم اور جو کی تیار فصلیں بھی کھڑی تھیں۔ جہاں فصلیں کٹ چکی تھیں وہاں اجاڑ کھیت دور دور تک پھیلے ہوئے تھے۔

رحیم داد ٹھکانے کی تلاش میں تھکے ہارے قدموں سے آگے بڑھ رہا تھا۔ یکایک عقب میں ٹاپیں سنائی دیں۔ کوئی گھوڑا دوڑاتا اسی طرف آ رہا تھا۔ آواز رفتہ رفتہ قریب آتی جا رہی تھی۔ رحیم داد راستے سے ہٹ کر ایک طرف ہو گیا۔ قریب ہی کھیت تھے۔ وہ ان کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ گھڑسوار بالکل نزدیک آ گیا۔ اس کا گھوڑا زور سے ہنہنایا' ٹھوکر کھائی اور راستے سے اتر کر رحیم داد کی جانب بڑھا۔

RAKTAB
PUBLICATIONS
109' Bombay Hotel,
I. I. Chundrigar Road Karachi.

رحیم داد سرا سیمہ ہو کر پیچھے ہٹا اور کھیت کی مینڈ سے ٹکرا کر گر پڑا۔ گرتے ہی اندھیرے میں گھوڑے کا سم کچھ اس طرح اس کے چہرے پر پڑا کہ سر چکرا گیا۔ آنکھیں بند ہو گئیں۔ سانس رک رک کر چلنے لگی۔

ذرا دیر بعد اس نے سنا' کوئی اس پر جھکا ہوا معذرت کے انداز میں کہہ رہا ہے۔ "معاف کرنا جی! گھوڑی ذرا چمک گئی تھی۔ میں نے بہت روکا پر کابو سے نکل گئی۔ رستے سے اتر کر ادھر آ گئی۔" اس نے سہارا دے کر رحیم داد کو اٹھایا۔ رحیم داد کراہتا ہوا اٹھ کر بیٹھ گیا۔

گھڑسوار نے نرمی سے پوچھا۔ "کہیں چوٹ تو نہیں آئی؟"

رحیم داد سے تکلیف کے مارے بولا نہ گیا۔ اس نے اپنے گال پر ہاتھ پھیرا تو ہاتھ خون سے تربتر ہو گیا۔ رحیم داد نے زبان سے کچھ نہیں کہا۔ اپنا خون آلود ہاتھ سامنے کر دیا۔ دھندلی روشنی میں اس نے خون سے بھرا ہاتھ دیکھا۔ رحیم داد کے چہرے کا زخم دیکھا' پریشان ہو کر بولا۔

"لگتا ہے' تیرے تو بہت چوٹ آئی ہے۔"

چوٹ واقعی سخت آئی تھی۔ گھوڑے کی پوری ٹاپ رحیم داد کے چہرے پر بیٹھ گئی تھی اور لوہے کی نئی نعل رخسار کی جلد کاٹتی چار انچ تک چلی گئی تھی۔ رحیم داد نے خون بند کرنے کے لیے زخم پر بایاں ہاتھ رکھ لیا تھا۔ وہ ٹیس برداشت کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

گھڑسوار لمبا چوڑا جوان تھا۔ سفید قمیص اور سفید شلوار پہنے ہوئے تھا۔ سر پر اونچے طرے کی پگ تھی۔ وضع قطع سے بڑا زمیں دار لگتا تھا۔ اس نے جھٹ اپنی پگ اتاری۔ شملہ جھرسے پھاڑا اور پھٹا ہوا ٹکڑا لے کر تیزی سے نہر کی جانب گیا۔ اسے پانی سے تر کیا۔ واپس آیا۔ رحیم داد کا ہاتھ ہٹایا۔ گیلے کپڑے کے ایک کونے سے خون صاف کیا' پھر کپڑا تہہ کیا' گدی بنائی اور زخم پر رکھ دی۔ اس نے پگ کا ایک حصہ اور پھاڑا اور اسے سر سے ٹھوڑی تک چہرے کے گرد اچھی طرح لپیٹ کر گرہ لگا دی۔

رحیم داد خاموش بیٹھا رک رک کر کراہتا رہا۔ زخم پر پٹی باندھ کر اس شخص نے پوچھا۔ "تیرا ناں کیہہ ہے؟"

رحیم داد نے بولنے کے لیے منہ کھولا اور صرف "چوہدری" کہہ سکا۔

وہ شخص بولا۔ "چوہدری! میرا نام اللہ وسایا ہے۔ ادھر کوٹلہ ہرکشن میں اپنی زمیں داری ہے۔" اس نے رحیم داد کی پیٹھ تھپک کر دل جوئی کی۔ "چوہدری! حوصلے سے کام لے۔ تھوڑی دیر میں درد کم ہو جائے گا۔" وہ رحیم داد کے قریب ہی زمین پر بیٹھا تھا۔ چند قدم کے فاصلے پر اس کی مشکی

گھوڑی کھڑی تھی۔ کچھ دیر خاموش رہ کر اللہ وسایا نے کہا۔ "تیری طبیعت سنبھل گئی ہو تو میرے ساتھ گھوڑی پر بیٹھ جا۔ کوٹلہ ہرکشن یہاں سے زیادہ دور نہیں۔ وہاں پہنچ کر ٹھیک سے مرہم پٹی ہو جائے گی اور تو آرام سے لیٹ جائے گا۔"

اللہ وسایا نے سہارا دیا' رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے کلیم کے کاغذات کا بستہ مضبوطی سے ہاتھ میں دبا لیا۔ اللہ وسایا گھوڑی کے پاس گیا۔ اس کی راس پکڑ کر نہر کے کنارے لے گیا۔ رحیم داد آہستہ آہستہ اس کے قریب چلا گیا۔ اللہ وسایا گھوڑی پر چڑھ کر بیٹھ گیا۔ اس نے رحیم داد کا ہاتھ تھام کر سہارا دیا اور وہ بھی اللہ وسایا کے پیچھے گھوڑی پر سوار ہو گیا۔ اس نے ایک ہاتھ سے اللہ وسایا کی کمر تھامی اور جم کر بیٹھ گیا۔

اللہ وسایا نے گھوڑی کو ایڑھ لگائی اور آہستہ آہستہ دوڑانے لگا۔ نصف گھنٹے سے بھی کم عرصے میں دونوں کوٹلہ ہرکشن پہنچ گئے۔ اللہ وسایا نے حویلی کے سامنے پہنچ کر گھوڑی ٹھہرالی۔ نیچے اترا۔ اس کے نوکر چاکر قریب پہنچ چکے تھے۔ اللہ وسایا کی ہدایت پر انھوں نے سہارا دے کر رحیم داد کو گھوڑی کی پشت سے نیچے اتارا۔ گھوڑی کی لگام ایک ملازم نے تھام لی۔

اللہ وسایا نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! میرے ساتھ آ۔"

رحیم داد خاموشی سے اللہ وسایا کے ہم راہ حویلی کے مہمان خانے میں چلا گیا۔ دونوں ایک کمرے میں داخل ہوئے۔ کمرہ کشادہ اور ہوا دار تھا۔ طاق میں لیمپ روشن تھا۔ ایک طرف خوب چوڑا چکلا پلنگ تھا۔ اس پر اجلا بستر لگا تھا۔

اللہ وسایا نے بستر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "چوہدری! اب تو منجی پر آرام کر۔ میں تھوڑی دیر میں واپس آجاؤں گا۔" وہ کمرے سے چلا گیا۔

رحیم داد خاموش لیٹا رہا۔ کچھ دیر بعد ایک ادھیڑ نوکرانی کانسی کے بڑے سے گلاس میں دودھ لے کر آئی۔ رحیم داد تکیے کے سہارے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اس نے گلاس نوکرانی سے لے لیا اور دونوں ہاتھوں سے تھام کر دھیرے دھیرے دودھ کے گھونٹ حلق سے نیچے اتارنے لگا۔ دودھ گاڑھا اور نیم گرم تھا۔

رحیم داد دودھ پیتا رہا۔ نوکرانی نے کمرے کی دونوں کھڑکیاں کھول دیں۔ کمرے کی پشت پر باغیچہ تھا۔ اس میں لیموں کی درخت بھی تھے اور کھڑکیوں کے قریب ہی تھے۔ لیموں کے درختوں میں پھول آگئے تھے۔ ان کی مہک ہلکے ہلکے جھونکوں میں رچی ہوئی کمرے کے اندر آرہی تھی۔ دودھ پی کر رحیم داد نے گلاس نوکرانی کو دے دیا۔ وہ اسے لے کر خاموشی سے چلی گئی۔

دودھ پینے کے بعد رحیم داد کو خاصا سکون مل گیا تھا۔ نقاہت بھی کم ہوگئی تھی۔ وہ تکیے پر سر رکھ کر چت لیٹ گیا اور خاموشی سے چھت تکنے لگا۔ چند منٹ بعد اللہ وسایا واپس آگیا۔ اس کے ہم راہ ایک بوڑھا بھی آیا۔ اس کی لمبی سفید ڈاڑھی تھی۔ سر پر پگڑی تھی۔ لباس بوسیدہ اور ملگجا تھا۔ دونوں آہستہ آہستہ رحیم داد کے نزدیک آئے۔ بوڑھے کے جسم سے پسینے کی تیز بو اٹھ رہی تھی۔ اس نے جھک کر رحیم داد کا چہرہ دیکھا اور پیشانی پر ہاتھ رکھ کر بولا۔

"بکھار تو نہیں لگتا۔ چوٹ زیادہ گہری نہیں آئی۔"

اسی وقت ایک سرو قامت نوجوان عورت کمرے میں داخل ہوئی۔ اس کا چہرہ تازہ پھول کے مانند نرم اور گلابی تھا۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں پچھلی رات کے ستارے جھلملاتے تھے۔ نقش و نگار بھی سبک اور تیکھے تھے۔ وہ ہلکے آسمانی رنگ کا ریشمی کرتا اور شلوار پہنے ہوئے تھی۔ دوپٹا بھی آسمانی تھا۔ اس کے ایک ہاتھ میں لکڑی کا چھوٹا سا بکس لٹک رہا تھا' جس پر صلیب احمر کا بڑا سا نشان بنا تھا۔

رحیم داد نے اسے دیکھا تو مبہوت ہو کر رہ گیا۔ ایسا محسوس ہوا کہ کمرے میں رنگ و بو کا سیلاب امڈ آیا ہے۔ رحیم داد کی سانس لمحے بھر کو ٹھہر گئی' آنکھوں کی چمک تیز ہوگئی۔

اللہ وسایا نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری!" اس نے ہاتھ اٹھا کر عورت کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ جمیلہ ہے' میرے گھر والی۔" جمیلہ کے چہرے پر سرخی کی لہر دوڑ گئی۔ اس نے دوپٹے کا آنچل سر پر ڈال لیا۔

بوڑھے نے رحیم داد کی پیشانی سے ہاتھ ہٹا کر اللہ وسایا کو دیکھا۔ "فکر کی کوئی گل نہیں۔ پاتھی کی گرم گرم راکھ چوٹ پر باندھ دے۔ دو تین دن میں چنگا ہو جائے گا۔ ویسے نیم کے پتے کچل کر باندھنے سے بھی آرام آجائے گا۔"

جمیلہ بڑھ کر دونوں کے قریب پہنچ گئی۔ اس نے مسکرا کر بوڑھے کو دیکھا' بے نیازی سے بولی۔ "بابے! تو اپنا کچا علاج رہنے دے۔ میں نے پہلے گھاؤ دیکھنا ہے۔ اسے دیکھے بنا کیسے علاج ہو سکتا ہے۔"

اللہ وسایا نے نظر بھر کر بیوی کو دیکھا' ہنس کر بولا۔ "جمی لے! تیں نوں پتہ ہے' اپنا بابا بھی بہت سیانا اور تجربہ کار ہے۔" اس نے بوڑھے کی دل جوئی کی۔ "دور دور سے بیمار اور ردگی اس کے پاس علاج کرانے آتے ہیں' چنگے ہو کر جاتے ہیں۔"

"تیری گھر والی ڈاکٹرنی بن گئی ہے۔ اسے ہی علاج کرنے دے۔" بوڑھے کے لہجے میں تلخی تھی۔

وہ روٹھنے کے انداز میں جانے کے لیے مڑا۔

اللہ وسایا نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ "بابے! کدھر چلا۔ میری گل تو سن۔"

بوڑھا منہ بگاڑ کر بولا۔ "جب کام نہ بنے تو مجھے بلا لینا۔ ابھی تجھے میری ضرورت نہیں ہے۔"

اس نے مڑ کر اللہ وسایا کی طرف نہیں دیکھا۔ کمرے سے نکل گیا۔ جمیلہ نے بوڑھے کی بات پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا۔ اس نے کمرے میں رکھی ہوئی چھوٹی سی میز گھسیٹ کر پلنگ کے قریب کی اور اس پر اپنا فرسٹ ایڈ بکس رکھ دیا۔

اللہ وسایا نے اظہار تاسف کیا۔ "جمی لے! تو نے بابے کو ناراض کر دیا۔" جمیلہ خاموش رہی۔ اللہ وسایا بتانے لگا۔ "میں نے اپنی پگ پھاڑ کر چوٹ پر لپیٹ دی تھی تاکہ خون بند ہو جائے۔ زخم گہرا آیا ہے۔ بہت خون نکل رہا تھا۔ بابا تو چلا گیا' اب تو ٹھیک سے چوہدری کی مرہم پٹی کر دے۔"

جمیلہ بدستور خاموش تھی۔ اس نے رحیم داد کی پٹی آہستہ آہستہ کھولی۔ "پٹی خون سے سرخ ہو رہی تھی۔ جمیلہ نے اسے میز پر ڈال دیا۔ جھک کر دیکھا۔ زخم آنکھ سے ڈیڑھ انچ نیچے ہلال کی شکل بناتا ہوا رخسار کے نشیب میں پھیلتا چلا گیا تھا۔ خون ابھی تک رس رہا تھا۔ اللہ وسایا نے لیمپ کی روشنی میں رحیم داد کا زخم غور سے دیکھا۔ پریشان ہو کر بولا۔ "لگتا ہے گھوڑی کا کھرا سیدھا گال پر لگا۔ خیریت گزری کہ آنکھ بچ گئی۔" رحیم داد آنکھیں کھولے چپ پڑا رہا۔

جمیلہ نے اس کے رخسار پر آہستہ سے ہاتھ رکھا۔ اس کے نرم نرم ہاتھ کے لمس سے رحیم داد کو بڑا سکون ملا۔ جمیلہ نے رخسار کی ہڈی ہولے سے دبا کر پوچھا۔

"چوہدری! ہڈی میں درد تو نہیں ہوتا؟"

رحیم داد نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی' مدھم لہجے میں بولا۔ "تھوڑا تھوڑا ہوتا ہے۔"

جمیلہ کے چہرے سے پریشانی کا غبار چھٹ گیا۔ وہ زیر لب مسکرائی۔ "لگتا ہے' ہڈی میں زیادہ چوٹ نہیں آئی۔ مجھے اسی کا ڈر تھا۔ گھوڑی کے کھرے سے صرف کھال کٹی ہے۔" اس نے بکس کھول کے روئی کا گالا نکالا' اسپرٹ سے اسے تر کیا اور دھیرے دھیرے زخم صاف کرنے لگی۔ زخم پر اسپرٹ لگی تو رحیم داد تکلیف سے بلبلایا۔ اس نے کراہتے ہوئے اپنے دانت سختی سے بھینچ لیے۔

جمیلہ نے اس کی تکلیف محسوس کی۔ تسلی دیتے ہوئے کہا۔ "چوہدری! حوصلے سے کام لے۔ تھوڑی دیر میں آرام آجائے گا۔" وہ اسپرٹ میں بھیگا ہوا گالا زخم پر ہولے ہولے رگڑتی رہی۔ رحیم داد بے چین ہو کر گردن ادھر ادھر ہلانے لگا۔ جمیلہ نے اپنا نرم و گداز ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھ دیا۔

رحیم داد نے اپنے چہرے پر جھکی ہوئی جمیلہ کو دیکھا۔ وہ اس قدر قریب تھی کہ رحیم داد اس کے دل کش خدوخال کا ایک' ایک خم اور ایک' ایک زاویہ دیکھ سکتا تھا۔ وہ حسین اور طرح دار عورت تھی۔ اسے نزدیک اور مہربان پاکر رحیم داد کو بڑی فرحت محسوس ہوئی۔ بار بار اٹھتی ہوئی ٹیس کا احساس بھی کم ہوگیا۔

جمیلہ نے بکس سے ایک شیشی نکالی۔ اس میں مرکیورکروم بھرا تھا۔ جمیلہ نے اسے روئی پر ڈالا اور روئی آہستہ سے زخم پر رکھ دی۔ پھر اس پر احتیاط سے پٹی باندھ دی۔ مرکیورکروم لگانے کے بعد جمیلہ نے مسکرا کر کہا۔ "چوہدری! میں نے تیرے گھاؤ پر لال دوائی لگا دی ہے۔" اس نے ہولے سے اس کا سر تھپکا۔ "چنتا نہ کر۔ جلد آرام آجائے گا۔" رحیم داد چپ پڑا جمیلہ کا مسکراتا ہوا شگفتہ چہرہ تکتا رہا۔

اللہ وسایا نے دبی زبان سے اندیشہ ظاہر کیا۔ "جمی لے! گڑبڑ کی تو کوئی گل نہیں؟ تیری مرضی ہو تو سویرے پاک پتن سے ڈاکٹر بلوالوں یا چوہدری کو اس کے پاس لے جاؤں گا۔ وہ ٹھیک طرح دوا دارو کردے گا۔"

"ویسے تو چنتا کرنے کی کوئی گل نہیں لگتی۔ گھاؤ زیادہ گہرا نہیں۔ ہڈی پر بھی چوٹ نہیں آئی۔ فوری طور پر جو علاج ہو سکتا تھا' وہ میں نے کردیا۔ رات آرام سے گزرے گی۔ صبح تک دیکھتے ہیں' طبیعت گڑبڑ ہوئی تو ڈاکٹر کو بلوالینا یا سرکاری اسپتال لے جانا۔"

جمیلہ نے بکس بند کیا' ہینڈل تھام کر اسے ہاتھ میں لٹکایا اور باہر جانے کے لیے تیار ہوگئی۔ اللہ وسایا نے کلائی کی گھڑی دیکھی۔ آہستہ سے بولا۔ "گیارہ بجنے والے ہیں۔" اس نے مڑکر رحیم داد پر نظر ڈالی' اس کا بازو تھپ تھپایا۔

"چوہدری! تو اب آرام سے سوجا۔ گھبرانے کی کوئی گل نہیں۔ صبح تک چنگا ہوجائے گا۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ "تو تگڑا جوان ہے۔ ایسی چوٹیں تو روز آتی رہتی ہیں۔"

رحیم داد نے بھی مسکرانے کی کوشش کی۔

اللہ وسایا اپنی بیوی کے ہم راہ کمرے سے چلا گیا۔ کچھ ہی دیر بعد ایک نوکر اندر آیا۔ اور میز پر پڑی ہوئی پٹی اور روئی کے خون آلود ٹکڑے اٹھا کر لے گیا۔ کمرے میں خاموشی ہوگئی۔ رحیم داد نے آنکھیں بند کرلیں۔ چند ہی لمحے گزرے تھے کہ چاپ سنائی دی۔ اس نے آنکھیں کھول کر دیکھا کہ نوکر کمرے میں داخل ہو رہا ہے۔ اس کے ہاتھ میں پانی سے بھرا ہوا جگ اور گلاس تھا۔

وہ آگے بڑھا اور میز پر جگ اور گلاس رکھ دیا۔ اس نے لیمپ کی لو مدھم کی۔ رحیم داد کی جانب

مڑا' آہستہ سے بولا۔ "میرا نام احمد ہے جی۔ میں رات کو یہیں رہوں گا۔ باہر میری منجی پڑی ہے۔ کوئی کام ہو تو بلالینا۔ میں آجاؤں گا۔" وہ دروازے کی جانب بڑھا اور کمرے سے چلا گیا۔

☆

رحیم داد خاموش لیٹا رہا۔ اس کے رخسار میں رک رک کر ٹیس اٹھ رہی تھی۔ مگر اس میں پہلی سی شدت نہیں تھی۔ البتہ اس کا جسم جگہ جگہ سے دکھ رہا تھا۔ کمر اور پنڈلیوں میں سخت اینٹھن تھی۔ اس نے ایک بار پھر آنکھیں بند کرلیں۔ مگر بے چین رہا' نیند نہیں آئی۔ اسے اپنی تکلیف کے ساتھ ساتھ اللہ وسایا کا خیال آرہا تھا۔ وہ اسے بہت بھلا مانس لگا۔ کوئی اور بڑا زمیں دار ہوتا تو اسے روندتا ہوا گزر جاتا' پلٹ کر بھی نہ دیکھتا۔ مگر اللہ وسایا نے نہ صرف پگ پھاڑ کر اس کے زخم پر پٹی باندھی بلکہ علاج معالجے کے لیے اپنی حویلی میں بھی لے آیا۔ اس کی بیوی رحیم داد کو اور بھی زیادہ بھلی معلوم ہوئی۔ وہ جس قدر خوب صورت اور دل ربا تھی' اتنی ہی زیادہ نیک دل اور ہمدرد تھی۔ اس نے رحیم داد کی پیشانی پر ہاتھ رکھا تو اسے ایسا لگا جیسے زخم سے اٹھتی ہوئی ٹیس گھٹ کر آدھی رہ گئی ہو۔ اس کے لمس کی لذت رحیم داد اب تک محسوس کر رہا تھا۔ رات آہستہ آہستہ گزرتی رہی۔ رحیم داد نے ایک بار اٹھ کر پانی بھی پیا۔ پچھلے پہر اس کی آنکھ لگ گئی۔

سورج طلوع ہونے کے کچھ ہی دیر بعد اللہ وسایا کمرے میں آیا۔ جمیلہ بھی اس کے ہم راہ تھی۔ رحیم داد جاگ رہا تھا۔ مگر اس کا جسم تیز بخار سے بھن رہا تھا۔ اس کے زخمی رخسار پر سوجن تھی اور اس قدر زیادہ تھی کہ ایک آنکھ پوری طرح نہیں کھلتی تھی۔ جمیلہ نے قریب جاکر اس کی یہ کیفیت دیکھی تو اس کے تروتازہ اور دمکتے چہرے پر پریشانی چھاگئی۔ اس نے جھک کر رحیم داد کی پیشانی پر ہاتھ رکھا۔ گھبرا کر اللہ وسایا کی طرف دیکھا۔ آہستہ سے بولی۔ "اسے تو تیز بخار ہے۔" اس نے رحیم داد کا جسم کھیس ڈال کر سینے تک ڈھک دیا۔

اللہ وسایا نے پوچھا۔ "طبیعت کچھ زیادہ گڑبڑ ہے؟" اس نے رحیم داد کا سوجا ہوا چہرہ غور سے دیکھا۔ "منہ پر ورم بھی آگیا ہے۔"

"ہاں۔" جمیلہ بولی۔ "پاک پتن سے ڈاکٹر خان کو بلوالے۔" اس نے رحیم داد کی جانب ہاتھ سے اشارہ کیا۔ "ڈاکٹر کے پاس اسے لے جانے میں بہت تکلیف ہوگی۔"

ان کے جانے کے بعد رحیم داد کراہتا ہوا اٹھا اور پیشاب کرنے کمرے سے باہر چلا گیا۔ واپس آیا تو آہستہ آہستہ ہانپ رہا تھا۔ وہ خاموشی سے بستر پر لیٹ گیا۔ اسے لیٹے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ احمد دودھ سے بھرا ہوا گلاس لے کر آیا مگر رحیم داد سے دودھ نہ پیا گیا۔ اس نے بے دلی کے

ساتھ نصف سے بھی زیادہ دودھ چھوڑ دیا۔ گلاس میز پر رکھ دیا۔ وہ بستر پر بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔ دھوپ کی تمازت بڑھ گئی۔ سورج چڑھ کر بلندی پر پہنچ گیا۔

دوپہر کو ڈاکٹر آیا۔ اس کے ساتھ صرف جمیلہ تھی۔ اللہ وسایا نہیں تھا۔ ڈاکٹر نے رحیم داد کے رخسار ہولے ہولے ایک انگلی سے دبائے۔ جمیلہ اسے بتانے لگی۔ "ڈاکٹر! میں نے فرسٹ ایڈ کے طور پر گھاؤ اسپرٹ سے صاف کر کے لال دوائی لگا دی تھی۔ رات بہت بیت چکی تھی۔ اس سمے میں اور کر بھی کیا سکتی تھی۔"

"یہ تو بہت اچھا ہوا۔" ڈاکٹر مسکرا کر بولا۔ "سیپٹک ہونے کا ڈر نہیں رہا۔ ویسے زخم خاصا گہرا آیا ہے۔"

"وہ ہوا یہ جی کہ اندھیرے میں اللہ وسایا کی گھوڑی چمک گئی۔ چوہدری ایک دم سامنے آگیا۔ گھوڑی کا کھرا اس کے منہ پر پڑا۔ گھاؤ تو فیر آنا ہی تھا پر آنکھ بچ گئی۔ بالکل آنکھ کے نیچے چوٹ آئی ہے۔"

ڈاکٹر اس کی باتیں سنتا رہا اور خاموشی سے رحیم داد کا ہاتھ تھام کر انگلیوں سے اس کی نبض دیکھتا رہا۔ رحیم داد چپ چاپ لیٹا سامنے کی دیوار تکتا رہا۔ نبض دیکھنے کے بعد ڈاکٹر نے اپنا چرمی بیگ کھولا' سرنج نکالی۔ اس میں دوا بھری اور رحیم داد کے بازو میں انجیکشن لگا دیا۔ اس نے پٹی کھولی۔ اسپرٹ سے بھیگی ہوئی روئی سے از سر نو زخم صاف کیا۔ رحیم داد نے تکلیف سے منہ بگاڑا۔ جب زخم اچھی طرح صاف ہو گیا تو ڈاکٹر نے اس پر مرہم لگایا۔ روئی کا گالا رکھا اور اسے اسکنگ پلاسٹر کی پتلی پتلی پٹیوں سے اچھی طرح رخسار پر چپکا دیا۔

ڈاکٹر نے تسلی دینے کی غرض سے آہستہ رحیم داد کا بازو تھپکا۔ مسکرا کر بولا۔ "چوہدری! گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ تھوڑی دیر میں آرام آجائے گا' شام تک چہرے کی سوجن بھی ختم ہو جائے گی۔ تین چار روز میں طبیعت بالکل ٹھیک ٹھاک ہو جائے گی۔" اس نے اپنا بیگ بند کیا۔ دروازے میں کھڑے ہوئے نوکر نے آگے بڑھ کر بیگ سنبھال لیا۔

ڈاکٹر کمرے سے چلا گیا۔ جمیلہ بھی اس کے ہم راہ چلی گئی۔ رحیم داد انھیں نظریں اٹھائے خاموشی سے دیکھتا رہا۔ جمیلہ اس وقت ہلکا گلابی لباس پہنے ہوئے تھی اور کچھ زیادہ ہی حسین نظر آرہی تھی۔ اس کے بال سیاہ اور گھنے تھے۔ ہلکے ہلکے گھونگریالے بھی تھے۔ چوٹی لمبی تھی اور کمر سے نیچے جھول رہی تھی۔ کمر پتلی تھی مگر کولھے قدرے بھاری تھے۔ وہ اپنے کولہوں کو آہستہ آہستہ خم دیتی ڈاکٹر کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی۔

رحیم داد ٹکٹکی باندھے جمیلہ کو دیکھتا رہا اور اس وقت تک دیکھتا رہا جب تک وہ مہمان خانے کا آنگن عبور کر کے بیرونی دروازے سے باہر نہ چلی گئی۔ رحیم داد کو ایسا محسوس ہوا کہ روشنی دھندلی پڑ گئی ہے' ہوا ٹھہر گئی ہے۔ کمرے میں حبس اتنا بڑھ گیا کہ اس کا دم گھٹنے لگا۔ اس نے گہری سانس بھری اور چھت تکنے لگا۔

رات کو جمیلہ پھر رحیم داد کے پاس آئی۔ اللہ وسایا بھی اس کے ساتھ تھا۔ دونوں کمرے میں پڑی ہوئی بید کی کرسیاں کھسکا کر رحیم داد کے بستر کے قریب بیٹھ گئے۔ رحیم داد کو اب خاصا افاقہ تھا۔ رخسار کا ورم کم ہو گیا تھا' بخار بھی اتر گیا تھا۔

اللہ وسایا نے ہاتھ بڑھایا۔ رحیم داد کا ماتھا چھو کر مسکراتے ہوئے بولا۔ "چوہدری! اب تو تجھے بخار نہیں ہے۔"

رحیم داد نے نحیف آواز میں اس کی تائید کی۔ "لگتا تو ایسا ہی ہے۔ چوٹ میں تکلیف بھی پہلے سے کم ہے۔"

"اب تو تیری طبیعت کچھ ٹھیک ہے۔ بول بھی سکتا ہے۔" اللہ وسایا نے پوچھا۔ "یہ بتا تیرا پنڈ کدھر ہے؟ میں چاہتا ہوں' تیرے گھر والوں کو خبر بھیج دوں۔ تیرے گھر نہ پہنچنے پر وہ پریشان ہوں گے' تیرا انتظار کرتے ہوں گے۔ تجھے ڈھونڈتے ہوں گے۔ ان کو ضرور پتہ چلنا چاہئے کہ تو یہاں ہے۔"

رحیم داد نے کوئی جواب نہیں دیا۔ بتاتا بھی کیا۔ اب اس کا نہ گھر بار تھا نہ ٹھکانا۔ کوئی اس کا نہیں تھا۔ بیوی بچے پرائے ہو چکے تھے۔ اکلوتی بہن اس کی آنکھوں کے سامنے تڑپ تڑپ کر دم توڑ چکی تھی۔ سارے رشتے' سارے بندھن ٹوٹ پھوٹ کر اس طرح بکھر چکے تھے کہ وہ ملبے کا ڈھیر رہ گیا تھا۔ رحیم داد کے چہرے پر دکھ کے سائے منڈلانے لگے۔ آنکھیں گویا منجمد ہو گئی تھیں۔

اللہ وسایا نے اسے خاموش پایا تو اصرار کر کے دریافت کیا۔ "چوہدری! تو نے میری بات کا جواب نہیں دیا؟"

رحیم داد نے مڑ کر اللہ وسایا کی جانب دیکھا اور ایک ٹک دیکھتا رہا۔ اس نے گہری سانس بھری۔ غم کے بوجھ سے دبے ہوئے لہجے میں بولا۔ "اپنا جی نہ کوئی گھر ہے نہ گھر والے ہیں۔"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے۔" جمیلہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔ "کوئی تو تیرا کہیں گھر بھی ہو گا۔"

"کبھی گھر تھا' گھر والے بھی تھے۔" رحیم داد دل گرفتہ ہو گیا۔

جمیلہ نے دلچسپی سے پوچھا۔ "سب کہاں گئے؟ کیا ہو گیا؟"

رحیم داد رک' رک کر بولنے لگا۔ "میں جی گورداس پور کا مہاجر ہوں۔ فسادات میں مشرکی پنجاب کے مسلمانوں پر جو بیتی' وہ تو تمیں نوں پتہ ہی ہو گا۔ ادھر اپنی زمینداری تھی۔ رہنے کو ماڑی تھی۔ گھر والی تھی' چار بچے تھے۔ بیٹی سب سے وڈی تھی۔ اسے بلوائی اٹھا کر لے گئے۔ اس سے چھوٹا پتر تھا۔ وہ میرے سامنے مارا گیا۔ میں بلوائیوں سے بچ بچا کر کسی نہ کسی طرح پاکستان پہنچ گیا۔" اس نے چوہدری نور الٰہی کی الم ناک داستان اپنی بنا کر سنائی دی۔

رحیم داد آہستہ آہستہ ہانپ رہا تھا۔ اس کا بیمار چہرہ اور مرجھا گیا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ کے چہروں پر بھی غم کا ہلکا ہلکا غبار بکھرتا جا رہا تھا۔ جمیلہ کچھ زیادہ ہی متاثر نظر آتی تھی۔ اس نے رحیم داد کا سوگوار چہرہ نظر بھر کر دیکھا۔ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے بولی۔ "چوہدری! تو بہت نراش اور دکھی لگتا ہے۔ تو نے بہت کٹھنائیاں جھیلی ہیں۔" اس کے لہجے میں دبا دبا کرب تھا۔

"یہ تو بتا' تیری گھر والی اور دو بچوں کا کیا بنا؟"

"بعد میں پتہ چلا' گھر والی دونوں بچوں کے ساتھ پاکستان آ گئی تھی۔" رحیم داد نے ٹھنڈی سانس بھری۔ لہجہ اور دل دوز ہو گیا۔ "وہ کہاں ہے' کس کے پاس ہے؟ بچوں کا کیا بنا؟ یہ اب تک پتہ نہیں چلا۔" اس کی آواز بھرا گئی۔ "۸ سال سے انھیں ڈھونڈتا پھر رہا ہوں۔ ادھر بھی انھیں ڈھونڈنے ہی آیا تھا۔ اندھیرے میں گھوڑی سامنے آ گئی۔" اس کے لہجے میں سسکیوں کی سرسراہٹ تھی۔ چند لمحے خاموش رہنے کے بعد وہ تڑپ کر بولا۔ "مر جاتا تو ٹھیک تھا۔" رحیم داد کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔

جمیلہ کی آنکھوں سے بھی ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔ وہ سر جھکا کر رونے لگی۔ اس کا چہرہ بجھ گیا۔ اللہ وسایا نے اسے روتے دیکھا۔ ہاتھ بڑھا کر اس کا سر آہستہ آہستہ تھپکا' دل جوئی کی۔ "لے' تو بھی رونے بیٹھ گئی۔" وہ رحیم داد کی جانب متوجہ ہوا۔ "چوہدری! اس کا دل بہت کمزور ہے۔ کسی کو دکھی دیکھتی ہے تو اس کی آنکھوں میں ایسے ہی آنسو آ جاتے ہیں۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "ویسے جی فسادات میں بہت ظلم ہوا۔" اس نے رحیم داد کو تسلی دی۔

"چوہدری! رب نے چاہا' تیری گھر والی اور بچے ایک نہ ایک دن تجھے ضرور مل جائیں گے۔"

اس نیچے جھول رہی دیتی ڈاکٹر کے ساتھ ۔ بہت رات ہو گئی۔" جمیلہ نے دوپٹے کے پلو سے آنسو پونچھے اور خاموشی سے ں آگے بڑھے اور آہستہ آہستہ کمرے سے نکل کر آنگن میں پہنچ گئے۔

رحیم داد کچھ دیر خاموش لیٹا رہا پھر اٹھا۔ میز پر رکھے ہوئے جگ سے اس نے گلاس میں پانی انڈیل کر پیا۔ دروازے سے جھانکا۔ احمد اس وقت موجود نہیں تھا۔ اس کی چارپائی خالی تھی۔ رحیم داد پلنگ سے نیچے اترا۔ لیمپ کی لو دھیمی کی اور بستر پر آ کر لیٹ گیا۔

☆

سویرے سویرے اللہ وسایا آیا مگر جمیلہ اس کے ساتھ نہیں تھی۔ رحیم داد کی طبیعت اب خاصی سنبھل گئی تھی۔ چہرے پر سوجن بھی نہیں رہی تھی۔ لیکن وہ کمزور ہو گیا تھا۔ رنگت زرد پڑ گئی تھی۔ اللہ وسایا اسے اپنے ہم راہ مہمان خانے سے باہر لے گیا۔ سورج شیشم کے درختوں کے پیچھے سے آہستہ آہستہ طلوع ہو رہا تھا۔ سنہری دھوپ گاؤں کے مکانوں کی منڈیروں پر جھلملا رہی تھی۔ کوٹلہ ہرکشن اب پوری طرح بیدار ہو چکا تھا۔ گھروں سے دھواں اٹھ رہا تھا۔

دونوں بستی کی جانب نہیں گئے' کھیتوں کی طرف نکل گئے۔ فصلوں کی کٹائی ہو چکی تھی۔ کھیتوں میں کہیں کٹی ہوئی فصل کے ترنڈے دور سے دکھائی دے رہے تھے۔ کہیں خریف کی کاشت کے لیے تیاریاں کی جا رہی تھیں۔ کہیں واہن کھیت تھے' جن میں ہل چلایا جا چکا تھا۔ مگر نہ ساگا پھرا تھا نہ فصل کی بوائی کے لیے زمین تیار ہوئی تھی۔ رحیم داد کو اپنا گاؤں' احمد کوٹ یاد آ گیا۔ اور اس کی یاد کے ساتھ ساتھ اپنے کھیت کھلیان یاد آ گئے۔ وہ اللہ وسایا کے ہم راہ چلتا رہا۔ دونوں خاموش تھے۔ صبح کی ہوا کے نرم نرم جھونکے خوش گوار تھے۔ ان میں تازگی اور فرحت تھی۔

چلتے چلتے اللہ وسایا نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! جب تک تیری طبیعت پوری طرح ٹھیک ٹھاک نہ ہو جائے' یہیں رہ۔ ویسے اپنا گھر سمجھ کر جب تک جی چاہے' ٹھیرا رہ۔ مہمان گھر میں ہو تو ذرا بہار رہتی ہے۔" اس نے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔

"تیری مہربانی ہے۔" رحیم داد نے انکار نہیں کیا۔ "پر میں اس طرح کب تک یہاں رہ سکتا ہوں؟"

"چلا جانا' چلا جانا۔ ایسی بھی کیا جلدی ہے۔ ابھی تو تیری طبیعت بھی ٹھیک نہیں ہوئی۔"

دونوں حویلی کے سامنے کے وسیع میدان سے گزر رہے تھے۔ قریب ہی ایک نیم پختہ عمارت تھی۔ اس کی دیواریں اینٹوں سے چنی ہوئی تھیں۔ البتہ پختہ چھت کے بجائے چھپر پڑا تھا۔ اندر سے بچوں کی ملی جلی آوازیں ابھر رہی تھیں۔

رحیم داد نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔ "لگتا ہے' یہ تو سکول ہے؟"

اللہ وسایا نے تائید میں گردن ہلائی۔ "ہاں جی! سکول ہی ہے۔"

"سرکاری سکول ہو گا؟"

"نہیں۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "سرکاری سکول تو یہاں سے دس میل ادھر تاری والا میں ہے۔ یہ سکول تو جمیلہ نے کھولا ہے۔ خود بھی پڑھاتی ہے۔ دو ماسٹر بھی رکھ لیے ہیں۔ اب تو سکول کو چلتے لگ بھگ تین سال ہو گئے۔"

"تیری گھر والی پڑھی لکھی بھی ہے؟" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔

"بہت پڑھی لکھی ہے جی۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "لہور میں پڑھتی تھی۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "جب اس کے ساتھ میرا ویاہ ہوا تو میں بالکل ان پڑھ تھا۔ اس نے سب سے پہلے تو مجھے پڑھنا لکھنا سکھایا۔ ویسے وہ تھوڑی بہت ڈاکٹری بھی کر لیتی ہے۔ تو نے تو دیکھا ہی ہے۔"

"ہاں جی' بالکل دیکھا ہے۔ اس رات وہ میری مرہم پٹی نہ کرتی تو زخم سڑ جاتا۔ پتہ نہیں کیا ہوتا۔" رحیم داد نے اللہ وسایا کی تائید کی۔ "میں تو اسے ڈاکٹرنی ہی سمجھا تھا۔ وہ سب کچھ ڈاکٹروں ہی کی طرح کر رہی تھی۔"

"اب تو اس پر پنڈ میں ڈسپنسری بنانے کی دھن سوار ہے۔ پر کوئی ہوشیار ڈاکٹر ہی نہیں ملتا۔ چھوٹا موٹا علاج تو وہ خود کر لیتی ہے۔ وہ حویلی میں ٹھیرتی ہی کب ہے۔ سکول سے بچوں کو پڑھا کر نکلتی ہے تو مزارعوں کے گھروں میں گھس جاتی ہے۔ کمیوں کے پاس بھی بے دھڑک چلی جاتی ہے۔ ان کے ساتھ گھل مل کر گپ شپ کرتی ہے۔ منع کرتا ہوں تب بھی نہیں مانتی۔"

"ویسے تو جی یہ بری عادت نہیں۔ پر تیرے جیسے وڈے زمیں داروں کی گھر والیاں اور زنانیاں ایسا کرتی نہیں۔ وہ تو حویلیوں اور ماڑیوں سے باہر ہی نہیں نکلتیں۔ ایسا کریں تو ان کے خصم طلاک کا کاغذ ہاتھ میں تھما دیں۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ زمیں داروں میں یہی ہوتا ہے۔ تبھی تو آس پاس کے وڈے زمیں دار جمیلہ سے ناراض ہیں۔ کہتے ہیں' اس نے زمیں داروں کی ساری شک پشک اور عزت خاک میں ملا دی۔ ان کی پگ کے اونچے طرے نیچے کر دیئے۔" اللہ وسایا کا لہجہ بوجھل ہو گیا۔ "کیا بتاؤں جی! سبھی مجھ سے خار کھاتے ہیں۔"

"وہ بھی ٹھیک ہی کہتے ہیں۔ زمیں دار میں اکڑ اور آن بان نہ ہو تو کام کیسے چلے۔" رحیم داد نے زمینداروں کی نفسیات کی ترجمانی کرتے ہوئے کہا۔ "مزارعے فصل سے کچھ بھی نہ دیں۔ اپنی راکھی کے ساتھ زمیں دار کا حصہ بھی دبا لیں۔ ویسے تیں نوں ایہہ تو پتہ ہی ہو گا کہ فصل کی واڈھی ہوتے ہی مزارعے اس میں سے چوری شروع کر دیتے ہیں۔ زمیں دار اور اس کے کرندے کڑی نظر

نہ رکھیں اور چوری چکاری کرنے والے مزارعوں کو الٹا لٹکا کر پٹائی نہ کریں تو ساری فصل واڈھی سے پہلے ہی پہلے غائب ہو جائے۔ غلط کہہ رہا ہوں میں؟"

"پر اپنی زمیں داری میں ایسا نہیں ہوتا۔" اللہ وسایا نے فخر سے گردن اونچی کرتے ہوئے کہا۔ "ادھر نہ فصلوں کی چوری ہوتی ہے' نہ پانی کی۔ نہ بٹائی دینے میں مزارعے رولا کرتے ہیں۔" اس نے قدرے توقف کیا۔ "جب پاکستان بنا تو شروع شروع میں میری زمیں داری میں بھی ایسا ہی ہوا۔ وہ تو جی عجب زمانہ تھا۔ مزارعے تو ان دنوں زمین دبا کر بیٹھ گئے تھے۔ بٹائی دینے سے صاف انکار کرتے تھے۔ انھوں نے تو گنڈاسے اور ڈانگیں اٹھا کر حویلی پر ہلا بولنے کی بھی کوشش کی تھی۔"

"پولیس کو خبر نہیں کی؟ پرچہ چاک کرایا ہوتا۔ پولیس سب کو الٹا لٹکا دیتی۔ حوالات میں بند کر کے چمڑی ادھیڑ دیتی۔ سب بالکل ٹھیک ہو جاتے۔ پولیس کو ساتھ ملائے بنا تو زمینداری چل ہی نہیں سکتی۔"

"پر مجھے پولیس تھانے کی ضرورت نہیں پڑی۔ جمیلہ نے سب ٹھیک کر لیا۔" اللہ وسایا بے تکلفی سے کھلکھلا کر ہنسا۔ "سچ پوچھ چوہدری' زمیں داری تو وہی چلاتی ہے۔ نہ اس نے منشی رکھا' نہ کاردار' نہ مینجر۔ خود ہی ساری لکھا پڑھی کرتی ہے۔ فصل کی بٹائی بھی اپنے سامنے کراتی ہے۔ بٹائی کے لیے ونڈولے بھی نہیں بلاتی۔ مزارعوں ہی سے ونڈائی کراتی ہے۔ بٹائی کے بعد کمیوں کے لیے انگنی کی صورت میں زیادہ سے زیادہ دانے کھلواڑے پر چھوڑ دیتی ہے۔ تبھی تو پنڈ کے سارے مزارعے اور کمی اسے بہت پیار کرتے ہیں۔ عزت اور محبت سے بھین جی کہتے ہیں۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "یہ لمی' لمی سفید داڑھی والے بھی اسے بھین جی کہتے ہیں۔ جمیلہ بھی ذرا برا نہیں مناتی۔ بلکہ بہت خوش ہوتی ہے۔"

اللہ وسایا اور رحیم داد باتیں کرتے ہوئے اسکول کے نزدیک پہنچ گئے۔ رحیم داد نے کھلے ہوئے دروازے سے دیکھا' باقاعدہ کلاس لگی ہے۔ لکڑی کی بینچوں پر بچے قطاروں میں بیٹھے ہیں۔ جمیلہ پیڑھ موڑے بلیک بورڈ پر چاک سے کچھ لکھ رہی تھی۔ دونوں اندر نہیں گئے۔ حویلی کی جانب واپس ہوئے۔

دھوپ اب ہر طرف پھیل گئی تھی۔ گرمی بھی بڑھ گئی تھی۔ رحیم داد تھکا ہوا اور نڈھال نظر آ رہا تھا۔ مگر دونوں مہمان خانے میں نہیں گئے۔ باغ میں چلے گئے۔ جامن کے ایک گھنے درخت کے نیچے چند کرسیاں پڑی تھیں۔ سامنے چھوٹی سی میز رکھی تھی۔ اللہ وسایا اور رحیم داد کرسیوں پر جا کر بیٹھ گئے۔ دھوپ میں چلنے سے پسینہ آ گیا تھا۔ سائے میں بیٹھ کر پسینے پر ہوا کے جھونکے لگے تو

تازگی اور فرحت محسوس ہوئی۔

رحیم داد نے شیشم کے درختوں کے ایک جھنڈ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔ "تیرے پنڈ میں ٹاہلی کے پیڑ کچھ زیادہ ہی ہیں۔ ایسا کیوں ہے؟"

"جمیلہ نے خاص طور پر ٹاہلی کے پیڑ لگوائے ہیں۔ کہتی ہے جب سکول وڈا ہو جائے گا اور ڈسپنسری بھی بن جائے گی تو ان میں ٹاہلی کا فرنیچر بنوا کر لگواؤں گی۔"

"اور حویلی کے لیے فرنیچر نہیں بنے گا؟ ٹاہلی کی لکڑی تو بہت مہنگی ہوتی ہے۔"

اللہ وسایا نے مسکرا کر جواب دیا۔ "چوہدری! اس کی باتیں وہی جانے۔ میں نے یہی گل کہی تو بولی۔ "حویلی میں پہلے ہی بہت فرنیچر ہے۔ ہمیں اور زیادہ فرنیچر بنوا کر کیا لینا۔ چھوٹا سا تو اپنا تبر ہے۔ ہم دونوں کے علاوہ صرف دو چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔"

"تیرے ساتھ اور کوئی نہیں رہتا؟"

"نہیں جی' اپنا بس اتنا ہی تبر ہے۔"

نوکروں نے ناشتے کا سامان میز پر رکھ دیا۔ ناشتے میں لسی تھی' ساگ تھا' تلا ہوا مرغ تھا' پراٹھے تھے اور گرم گرم حلوہ تھا۔ رحیم داد نے مرغ اور پراٹھے نہیں کھائے۔ اس نے پراٹھے کا ایک لقمہ بنا کر منہ میں رکھا' چبایا تو زخم میں کسک ہونے لگی۔ اس نے لسی کے گھونٹ پی کر لقمہ حلق سے نیچے اتارا۔

اللہ وسایا نے رحیم داد کے چہرے پر کرب اور بے چینی دیکھ کر ٹوکا۔ "چوہدری! تو پراٹھا نہ کھا' حلوہ کھا۔ یہ تیرے ہی لیے بنایا گیا ہے۔ میں ناشتے میں حلوہ نہیں کھاتا۔ عام طور پر شام کی چائے کے ساتھ حلوہ کھاتا ہوں۔"

ناشتے سے فارغ ہو کر اللہ وسایا کھڑا ہو گیا۔ "چوہدری! میں نے کچھ ضروری کام کرنا ہے۔ اب میں چلوں گا۔ تو یہیں بیٹھا رہ۔ دل بہلے گا۔ دھوپ بڑھ جائے تو اندر چلا جانا۔"

☆

ہوا کے نرم اور خنک جھونکے چل رہے تھے۔ رحیم داد نے میز پر دونوں ٹانگیں پھیلا دیں اور آنکھیں بند کر لیں۔ ذرا دیر بعد وہ خراٹے بھرنے لگا۔

اس کی آنکھ کھلی تو دھوپ کی تمازت بڑھ چکی تھی۔ مگر درختوں تلے بدستور ٹھنڈک تھی۔ ایک شخص گھاس پر اکڑوں بیٹھا ہولے ہولے رحیم داد کی پنڈلیاں دبا رہا تھا۔ وہ وضع قطع سے مزارع لگتا تھا۔ رحیم داد آنکھیں کھولے لمحے بھر تک حیرت سے اسے تکتا رہا۔ پھر اس نے پوچھا۔

"کون ہے تو؟"

"میرا ناں ماکھا ہے جی۔"

"مزارع ہے یا حویلی کا نوکر ہے؟"

"میں تو جی پرلے پنڈ' پیراں والہ میں رہتا ہوں۔" اس نے ایک طرف ہاتھ اٹھا کر بتایا۔ "یہاں سے چار پنج میل ہو گا۔"

"یہاں کس لیے آیا ہے؟"

"ایک کام تھا جی۔" وہ عاجزی سے بولا۔ "تیری بہت مہربانی ہو گی۔ میں تیرے پیر پکڑتا ہوں۔" اس نے پنڈلیاں چھوڑ کر رحیم داد کے پیر پکڑ لیے۔ رحیم داد نے پریشان ہو کر جھٹ اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں۔

"کیا کام ہے تیرا؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر استفسار کیا۔

"میرا بازو واپس دلوا دے۔" وہ گڑگڑانے لگا۔

"میں کیسے واپس دلوا سکتا ہوں۔" رحیم داد ہنوز حیرت زدہ تھا۔ "تیری گھر والی کس کے پاس ہے؟"

وہ مسکین سی صورت بنا کر بولا۔ "وہ جی بہت وڈا زمیں دار ہے۔ اسے شاہ جی کہتے ہیں۔ اس نے میری گھر والی کو اٹھوا کر اپنی حویلی میں رکھ چھوڑا ہے۔ پنج سال سے اوپر ہو گئے۔ سال بھر کا اس سے ایک نکا بھی تھا۔ ماں کے لیے بلکتا ہوا مر گیا۔ زمیں دار سے بہت منت کی۔ پیروں پر پگڑی رکھ دی پر وہ میری ایک نہیں سنتا۔ توں اپنے زمیں دار سے شاہ جی کے نام چھٹی لکھوا دے۔ اس کی گل وہ ضرور مان لے گا۔" ماکھا ہاتھ جوڑ کر بے بسی سے گویا ہوا۔ "تین بچے ہو چکے ہیں اس کے۔ اب تو شاہ جی کے کام کی بھی نہیں رہی۔"

"اور تیرے کام کی کب رہ گئی۔" رحیم داد نے تیکھے لہجے میں اپنے ردعمل کا اظہار کیا۔

"کیوں نہیں رہی جی۔" اس نے بے جھجک کہا۔ "وہ میرا بازو ہے۔ تجھے کیا پتہ' اس کے جانے کے بعد میں تباہ ہو گیا۔ گھر میں بوڑھی ماں ہے۔ اسے بہت کم دکھائی دیتا ہے۔ تو ذرا یہ تو سوچ۔ سویرے ڈھور ڈنگروں کا پٹھا دتھا کون کرے؟ روٹی پکا کر دوپہر کو کھیت میں مجھے بھتا کون پہنچائے؟ چاٹی میں دودھ بلو کر مکھن کون نکالے؟" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "وہ کپڑے لتے دھوتی تھی' صفائی اور جھاڑ پونچھ کرتی تھی۔ فیر یہ بھی تو ہے جی' خریف کی فصل پر پھٹی چنتی۔ چوگی میں جو روئی ملتی' اس کا چرخے پر سوت کاتتی تھی۔ چولھا جلانے کے لیے جھنگر سے لکڑیاں اور کماد کی کھوری چن

کرلاتی تھی۔ اور جی....."

رحیم داد نے اکتا کر بیزاری سے کہا۔ "یار! اب بس کر۔ کام کی گل کر۔"

"وہی تو کر رہا تھا جی۔" ماکھا نے سادگی سے اظہار خیال کیا۔ "اب یہی دیکھ' پچھلی برکھا میں آدھے سے زیادہ گھر ڈھے گیا۔ اپنا بازو ہوتا تو دونوں کب کے اسے ٹھیک ٹھاک کر چکے ہوتے۔"

اس نے ایک بار پھر ہاتھ جوڑ کر کہا۔ "میرا یہ کام کردے۔ جنم جنم تجھے دعائیں دوں گا۔ تیری بہت مہربانی ہوگی۔"

"ایسا کیوں نہیں کرتا' دوسرا دیاہ کرلے۔ نیا اور زیادہ کام کا بازو مل جائے گا۔" رحیم داد نے مسکرا کر مشورہ دیا۔

"حد کردی توں نے۔" ماکھا منہ بگاڑ کر بولا۔ "دیاہ کرنا کوئی مخول ہے۔ پہلے جب دیاہ کیا تھا' تو سو ادھار لیا تھا۔ اب تک وہی نہیں چکا سکا۔ ہاں' اپنا بازو ہوتا تو کب کا ادا ہو جاتا۔"

"میں آج یا کل سویرے زمیں دار سے بات کروں گا۔" رحیم داد نے ٹالنے کی غرض سے وعدہ کیا۔

"بس' توں مجھے اس سے چٹھی لکھوا دے' میرا کام بن جائے گا۔" اس نے اصرار کیا۔ "تیری مہربانی ہوگی۔"

"کہہ تو دیا تجھ سے۔" رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ وہ مہمان خانے کی جانب بڑھا۔ ماکھا اس کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے گھگیاتا رہا۔ "تو جی' میں سمجھ لوں' میرا کام بن جائے گا؟ کب آؤں تیرے کول؟"

"چار روز بعد آنا۔" رحیم داد نے اس کی جانب دیکھے بغیر بے نیازی سے کہا۔

ماکھا مستعدی سے بولا۔ "آجاؤں گا جی' بالکل آجاؤں گا۔"

رحیم داد چپ چاپ آگے بڑھتا ہوا مہمان خانے میں داخل ہو گیا۔ اس نے پلٹ کر ماکھے کو دیکھا بھی نہیں۔ اسے ماکھا اور اس کے بازو سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ اس نے راجو کو حاجی کی قید سے آزاد کرانے میں نوردین کی صرف اس لیے مدد کی تھی کہ اس وقت اسے نوردین کی ہمدردی حاصل کرنا تھی۔ ماکھا کی ہمدردی کی اسے کیا ضرورت تھی۔ خود اس کے بازو 'نوراں' کو جمال دین لے اڑا تھا۔ وہ اسے نہ واپس لا سکتا تھا نہ ماکھا کی طرح کسی سے فریاد کر سکتا تھا۔

رحیم داد کا دل بوجھل ہو گیا۔ وہ تھکے تھکے قدموں سے کمرے میں گیا اور خاموشی سے بستر پر دراز ہو گیا۔ وہ مضمحل اور دل گرفتہ تھا۔ اپنی بے مصرف زندگی پر دل ہی دل میں کڑھ رہا تھا۔ وہ پرکٹا

کبوتر بن گیا تھا' جو نہ اڑ سکتا تھا' نہ کہیں جا سکتا تھا۔ بیکار دن تھے اور بیکار راتیں۔ وقت زخمی چھپکلی کے مانند آہستہ آہستہ رینگ رہا تھا۔ حویلی پر سناٹا چھایا تھا۔ مہمان خانہ سنسان تھا۔

دوپہر ہونے سے کچھ دیر پہلے جمیلہ کمرے میں داخل ہوئی۔ رحیم داد کو ایسا محسوس ہوا جیسے کمرہ اچانک روشن ہو گیا' فضا میں رنگ بکھر گیا' خوشبو بس گئی۔ جمیلہ گہرا بسنتی لباس پہنے ہوئے تھی۔ اس کا حسن اور نکھر گیا تھا۔ گلابی چہرے پر شگفتگی اور رعنائی تھی۔ ہونٹوں پر ہلکا ہلکا تبسم تھا۔ اس کے ایک ہاتھ میں نئے سلے ہوئے کپڑے تھے اور دوسرے میں سرخ گلاب کا گلدستہ تھا۔ رحیم داد اٹھ کر بیٹھ گیا۔

جمیلہ نے مسکرا کر پوچھا۔ "اب طبیعت کیسی ہے چوہدری؟"

"ٹھیک ہی ہے جی۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "میں تو سویرے ٹہلتا ہوا سکول کی طرف بھی گیا تھا۔"

"تو نے سکول دیکھا؟" جمیلہ کا چہرہ اور شگفتہ ہو گیا۔ "ابھی تو چھوٹا سا سکول ہے۔ میں اسے بہت وڈا بناؤں گی۔ اس میں آس پاس کی بستیوں کے بچوں اور بچیوں کو بھی پڑھانے کا انتظام ہو گا۔ بچوں کا الگ اور بچیوں کا الگ۔" وہ زیر لب تبسم کے ساتھ بتاتی رہی۔ "میں نے تو دوا علاج کے لیے ڈسپنسری اور زنانیوں کے لیے زچہ گھر بنانے کی سکیم بھی تیار کر رکھی ہے۔ وہ بھی بن جائیں گے جی! کام کرنے کے لیے من میں لگن اور شکتی بھی ہونی چاہئے۔"

"پیسہ بھی تو چاہئے۔" رحیم داد ہنس کر بولا۔

"ہونا تو چاہئے۔" وہ بدستور مسکراتی رہی۔ "پر خالی پیسے سے کچھ نہیں بنتا۔"

جمیلہ نے کپڑے میز پر رکھ دیئے۔ گل دستہ رحیم داد کو دیا۔ بے تکلفی سے بولی۔ "چوہدری! اپنے باغ میں گلاب کے بہت بوٹے ہیں۔ گوجرانوالہ سے منگوا کر لگائے ہیں۔ دیکھ تو کتنے سندر پھول ہیں۔ تھوڑے ہی سے پہلے میں نے انھیں توڑ کر تیرے لیے گل دستہ بنایا تھا۔"

رحیم داد کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا۔ پھول سونگھ کر بولا۔ "خوشبو بھی بہت چنگی ہے۔ سونگھ تو لہر آتی ہے۔"

جمیلہ نے کپڑے اٹھا کر رحیم داد کو دکھائے۔ "چوہدری! تیرے لیے یہ کپڑے بھی لائی ہوں۔ تیرے اپنے کپڑے تو بہت گندے ہو گئے ہیں۔ کل دوپہر تک ڈاکٹر آئے گا۔ اس نے اجازت دی تو نہا کر کپڑے بدل لینا۔ دو جوڑے ہیں۔ ایک تو ابھی بدل لے۔"

رحیم داد نے کپڑے دیکھے۔ دو قمیصیں' دو شلواریں اور دو دھوتیاں تھیں۔ خوش ہو کر بولا۔

"کپڑے تو بہت چنگے ہیں زمیں دارنی! تو نے اتنی تکلیف کیوں کی۔"

"لے' اس میں تکلیف کی کون سی گل ہے۔" جمیلہ نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ کپڑے میز پر رکھ دیئے اور معذرت کے انداز میں بولی۔ "اللہ وسایا کی گھوڑی سے تجھے جو چوٹ لگی ہے' چوہدری بچ مان' ہم دونوں کو اس کا بہت دکھ ہے۔" اس کا لہجہ قدرے دل گرفتہ ہوگیا۔ "اور تو تو ویسے بھی بہت دکھیارا ہے۔ گھربار' بال بچے' سب کچھ لٹا کر آیا ہے۔" اس کا شگفتہ چہرہ مرجھا گیا۔ رخساروں کی دھوپ پر بدلی چھا گئی۔

رحیم داد نے جمیلہ کے چہرے پر افسردگی دیکھی تو اسے تسلی دینے کی فوراً کوشش کی۔ "وہ تو جی گھوڑی چمک کر بے کابو ہوگئی تھی۔ زمیں دار کی اس میں کون سی غلطی تھی۔ وہ تو جی ہونے والی گل تھی' ہو کے رہی۔"

"چوہدری! میں تیرے لیے روٹی کے ساتھ دودھ بھجوا دوں گی۔ روٹی دودھ میں بھگو کر کھالینا پر دودھ زیادہ پینا۔ خون بھی تو کتنا نکل گیا۔ گھاؤ گہرا لگا تھا۔ ابھی روٹی چبانے میں تجھے تکلیف ہوتی ہوگی۔ ڈاکٹر نے چاول کھانے سے منع کیا ہے ورنہ چاول کی کھچڑی تیرے لیے ٹھیک رہتی۔" جمیلہ اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ "چنتا نہ کر چوہدری! جلد ہی تو سب کچھ کھانے پینے لگے گا۔" وہ دروازے کی جانب مڑی۔ "اب میں نوں جانا ہے۔ روٹی کھانی ہے۔ سکول سے سیدھی تیرے پاس آگئی تھی۔"

جمیلہ چلی گئی۔ رحیم داد کو ایسا محسوس ہوا کہ کھڑکیوں سے جھانکتی ہوئی دھوپ دھندلی پڑ گئی۔ کمرہ سنسان ہوگیا۔

وہ خاموش لیٹا رہا۔ دوپہر ہوگئی۔ احمد نے کھانا لا کر رکھا۔ کھانے میں دودھ اور نرم نرم تنوری پراٹھے تھے۔ رحیم داد نے جمیلہ کی ہدایت کے مطابق پراٹھے دودھ میں بھگو کر کھائے۔

☆

باہر تیز دھوپ پھیلی تھی۔ ہوا بھی گرم تھی۔ رحیم داد کمرے میں لیٹا رہا۔ شام ہوگئی۔ احمد نے کرسی باہر صحن میں ڈال دی۔ رحیم داد کی بے چین نگاہیں بار بار اس دروازے کی جانب اٹھ جاتیں جو حویلی میں کھلتا تھا۔ اسے جمیلہ کا انتظار تھا' جس کا مسکراتا ہوا شگفتہ چہرہ دیکھ کر وہ خود بھی شگفتہ ہو جاتا تھا۔

اندھیرا بڑھتا گیا۔ رات ہوگئی مگر جمیلہ نہیں آئی۔ اللہ وسایا بھی نہیں آیا۔ وہ صبح آیا۔ رحیم داد کو اپنے ہم راہ باغ میں لے گیا۔ دونوں آم کے درختوں کے ایک کنج میں پڑی ہوئی کرسیوں پر جا کر بیٹھ گئے۔ دھوپ ابھی بہت ہلکی تھی۔ ہوا کے نرم جھونکے چل رہے تھے۔ فضا خوش گوار تھی۔

نوکروں نے ناشتا لگا دیا۔

رحیم داد نے لسی کا گھونٹ بھرتے ہوئے ماکھے کا ذکر چھیڑ دیا۔ "کل جی' دور کے پنڈ کا ایک مزارع آیا تھا۔ ماکھا نام بتاتا تھا۔ بہت پریشان نظر آتا تھا۔ اس کا ایک کام ہے تجھ سے۔"

"کیا کام ہے اس کا؟" اللہ وسایا نے دریافت کیا۔

"اس کی گھر والی کو زمیں دار نے اٹھوا کر اپنی حویلی میں رکھ لیا ہے۔ وہ اپنا بازو واپس لینے کے لیے بہت بے چین اور پریشان ہے۔"

اللہ وسایا نے بے نیازی سے کہا۔ "چوہدری! تو کس چکر میں پڑ گیا۔ وہ کوئی وڈا ہی زمیں دار ہوگا اور ایسے زمیں داروں کو دوسرے کے ڈھور ڈنگر چوری کروا کے ادھر سے ادھر کرنے اور مزارعوں اور کمیوں کی جوان گھر والیوں اور کڑیوں کو اٹھوا کر اپنی رکھیل بنانے کا چسکا ہے۔ پوچھو تو کہیں گے ایسا کیے بنا زمیں داری نہیں چل سکتی۔ مزارعوں اور کمیوں پر زمیں داروں کا رعب اور دبدبہ نہیں بیٹھ سکتا۔ ایسا نہ کیا جائے تو وہ سر اونچا کر کے چلیں گے۔ بدمعاشی اور سرکشی کریں گے۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کو دیکھا' لہجہ کسی قدر تیکھا ہوگیا۔ "چوہدری! تو کس کس کا بازو واپس دلوائے گا۔ میرا کہا مان' اس چکر میں نہ پڑ۔"

"پر ماکھا بہت دکھیارا ہے۔" رحیم داد نے لہجے میں رقت پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہوئے سفارش کی۔ "پنج سال سے اس کی گھر والی زمیں دار کی حویلی میں کید ہے۔ تین بچے اس سے پیدا کرا چکا ہے۔ تب بھی نہیں چھوڑتا۔ ادھر ماکھے کا حال یہ ہے کہ گھر میں صرف بوڑھی ماں ہے۔ پچھلی برکھا میں اس کا مکان بھی ڈھے گیا۔ بے چارا پیر پکڑ کر روتا تھا' گڑگڑاتا تھا۔ تو اس کے زمیں دار کے نام چھٹی لکھ دے' میرے کہنے سے لکھ دے۔ ماکھے کا کام بن جائے گا۔"

"زمیں دار کون ہے؟" اللہ وسایا نے رحیم داد کی سفارش سے متاثر ہو کر نیم رضامندی ظاہر کی۔ "اس کا کچھ اتا پتہ ماکھے نے بتایا تھا؟"

"ادھرا تر میں اس کا پنڈ ہے۔ پیراں والہ نام ہے۔" رحیم داد نے ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ "زمیں دار کوم کا سید ہے۔ شاہ جی کہلاتا ہے۔ اس کا پورا نام مجھے ملوم نہیں۔"

"ضرورت بھی نہیں۔ میں سمجھ گیا' وہ کون ہے۔" اللہ وسایا بولا۔ "اس کا نام احسان شاہ ہے۔ ادھر کا وڈا زمیں دار ہے' بلکہ بہت وڈا جگیر دار ہے۔ اس کی حویلی نہیں' وڈا کوٹ ہے۔ ایسی اونچی اونچی دیواریں ہیں کہ پرانے زمانے کے کسی قلعے کی فصیلیں لگتی ہیں۔ ان فصیلوں کے پیچھے بہت سی کوٹھڑیاں ہیں۔ ہر زنانی کو اٹھوانے کے بعد انھی کوٹھڑیوں میں سے کسی میں رکھا جاتا ہے۔ کوٹ

کے دروازے پر مسلح راکھے دن رات پہرا دیتے ہیں۔ کوئی زنانی دروازے تک نہیں پہنچ سکتی۔ باہر نکلنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔"

"اتنی زنانیاں اٹھوا کر اس نے کیوں رکھ چھوڑی ہیں؟"

"رات کو نشے میں ڈون ہو کر شاہ جی کوٹھڑیوں کے معائنے پر نکلتا ہے۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "جس زنانی پر طبیعت آجاتی ہے' اسے اپنے کمرے میں بلوالیتا ہے۔ سنا ہے کبھی کبھی تو ایک رات میں کئی کئی بلواتا ہے۔ دلی کے دو حکیم اس نے نوکر رکھ چھوڑے ہیں۔ وہ اسے تگڑا جوان رکھنے کے لیے نئے نئے کشتے اور معجون بناتے ہیں۔ شاہ جی ادھکڑ ہو چکا ہے پر مونچھوں اور سر کے بالوں پر خضاب لگا کر جوان گبھرو کی طرح گھوڑی پر اکڑ کر بیٹھتا ہے۔"

"وہ جیسا بھی ہے' ہم نے اس سے کیا لینا۔ تو صرف اس کے نام چٹھی لکھ دے۔ ماکھا یہی چاہتا ہے۔ کہتا تھا' تیری چٹھی سے اس کا کام بن جائے گا۔"

"بننے کی بجائے اور بگڑ جائے گا۔" اللہ وسایا نے سنجیدگی سے کہا۔ "میری چٹھی دیکھ کر تو اتنا ناراض ہو گا کہ ماکھے کو ہرگز اس کی گھر والی واپس نہیں کرے گا۔"

"گل سمجھ نہیں آئی۔" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔

"گل ایسہ ہے جی۔ میری اس کے ساتھ لگتی ہے۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "وہ مجھ سے سخت خار کھاتا ہے۔ میرے خلاف اوپر طرح طرح کی شکایتیں پہنچاتا ہے۔ کتنی بار اس نے میرے چوکھر اٹھوالیے۔ کھڑی فصلیں جلوادیں۔ جھوٹے کیس بنوائے۔ چوہدری' تو نہیں جانتا' وہ کتنا برا اور خطرناک بندہ ہے۔"

"مطلب یہ ہوا کہ ماکھے کے لیے تو کچھ نہیں کر سکتا۔" رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔

"بتا' میں کیا کر سکتا ہوں۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کو سمجھانے کی کوشش کی۔ "شاہ جی کی حویلی میں اس کی مرضی کے بنا کوئی داخل نہیں ہو سکتا۔ چاروں طرف مسلح پہرا رہتا ہے۔ پولیس اور حکومت بھی اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ سارے ہی وڈے افسروں سے اس کی یاری دوستی ہے۔ ایم ایل اے' ایم سی اے اور وزیر اس کی حویلی میں آکر ٹھیرتے ہیں۔ وہ انھیں ولایتی شرابیں پلاتا ہے۔ جوان اور سوہنی مٹیاریں پیش کرتا ہے۔" اللہ وسایا زیر لب مسکرایا۔ "وہ شاہ جی کی مدد کرتے ہیں' شاہ جی ان کی مدد کرتا ہے۔ وہ اس کی سفارشوں پر کام کر دیتے ہیں۔ شاہ جی ان کے لیے اوپر سفارشیں پہنچاتا ہے۔ تبھی تو تھانے دار' تحصیل دار اور دوسرے افسر اس کی مرضی کے لگائے جاتے ہیں۔ ذرا اس کے خلاف کوئی کام کریں' چشتی ان کا تبادلہ کرا دیتا ہے۔"

"یہ تو جی اندھیر گردی ہے۔"

"ہے تو۔" اللہ وسایا نے اتفاق رائے کیا۔ "پر ایک احسان شاہ کیا' سارے ہی وڈے زمیں دار اور جاگیر دار ایسا ہی کرتے ہیں۔ اس دوڑ میں کوئی بہت آگے ہے' کوئی ذرا پیچھے۔ کوئی کشتے اور انجیکشن آزمانے کے لیے مزارعوں اور کمیوں کی گھر والیاں اور کڑیاں اٹھواتا ہے' کوئی انھیں صرف ڈرانے' دھمکانے کے لیے ایسا کرتا ہے۔ چوہدری تو یہ باتیں نہیں سمجھ سکتا۔ مزارعے یا کمی کی گھر والی کا جوان اور خوبصورت ہونا' اس کی بدنصیبی بھی ہوتی ہے۔ وہ ایسے وڈے زمیں داروں کے چنگل سے نہیں بچ سکتی۔"

"تو بھی تو وڈا زمیں دار ہے پر تیری حویلی میں تو مجھے ایسا کوئی چکر نظر نہیں آیا۔"

"میری گل چھوڑ۔" اللہ وسایا مسکرایا۔ "میں کب زمیں داری کرتا ہوں' زمین داری تو جمیلہ کرتی ہے۔" بات کرتے کرتے وہ کسی گہری سوچ میں ڈوب گیا۔ چہرے سے تشویش جھلکنے لگی۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "کس فکر میں پڑ گیا؟"

اللہ وسایا نے ہچکچاتے ہوئے بتایا۔ "چوہدری! سچ پوچھ تو مجھے جمیلہ کی طرف سے بھی دھڑکا لگا رہتا ہے۔ منع بھی کرتا ہوں پر وہ نہیں مانتی۔ دن ہو یا رات' پنڈ میں ادھر ادھر گھومتی پھرتی ہے۔ ذرا پروا نہیں کرتی۔ ڈرتا ہوں' کوئی وڈا زمیں دار اسے بھی نہ اٹھوالے۔ ویسے ہی سب مجھ سے خار کھاتے ہیں۔ حالانکہ سچی گل ایسہ ہے چوہدری' وہ مجھ سے سال دو سال ہی چھوٹی ہو گی۔ ۳۰ سال سے کم نہیں۔ کچھ اوپر ہی ہو گی۔ دو بچے بھی ہو چکے ہیں۔"

"پر تیری گھر والی اتنی لگتی نہیں' جتنی تو اس کی عمر بتا رہا ہے۔"

"بات یہ ہے جی! وہ سخت محنتی اور اہری ہے۔ ہر وکت کچھ نہ کچھ کرتی رہتی ہے۔ ادھر وڈے زمیں داروں کی گھر والیوں کا حال یہ ہے' حویلیوں اور بنگلوں میں بند رہتی ہیں۔ بھر بھر گلاس دودھ اور لسی چڑھاتی ہیں۔ دیا کے گھی اور مکھن کھاتی ہیں۔ کچھ کرنا دھرنا تو ہوتا نہیں۔ کام کاج کے لیے نوکرانیوں کی پوری بٹالین ہوتی ہے۔ ان کا کام تو منجیاں توڑنا اور کھٹا کھٹ بچے جننا ہوتا ہے۔ اس طرح چند ہی سال میں پھیل کر نیلی بار کی ٹچ بن جاتی ہیں۔" وہ شوخی سے ہنسا۔ "ٹچ تو جی! ٹچ ہی ہوتی ہے۔ سو وڈے زمیں دار کچھ ہی مدت بعد اپنی گھر والیوں کو ٹچ سمجھ کر حویلی کے کسی ڈھارے شاڑھے میں ڈال دیتے ہیں۔ اور دوسروں کی جوان اور سوہنی گھر والیوں کو اڑانے کی تاک میں رہتے ہیں۔ مزارعوں اور کمیوں کی گھر والیاں تو اس طرح اٹھوا لیتے ہیں جیسے شیر کٹا منہ میں دبا کر لے جاتا ہے۔"

اللہ وسایا کو کچھ یاد آگیا۔ وہ اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ "چوہدری! میں نوں اب جانا ہے۔ شام کو تیرے پاس آؤں گا۔"

اللہ وسایا چلا گیا۔ رحیم داد باغ میں دیر تک بیٹھا رہا۔ جب دھوپ میں شدت آگئی اور درختوں کے پتوں سے چھن چھن کر اس پر بھی پڑنے لگی تو وہ بھی اٹھ کر مہمان خانے میں چلا گیا۔ دوپہر کو ڈاکٹر خان آیا۔ اس کے ساتھ جمیلہ بھی تھی۔ ڈاکٹر نے اسٹنک پلاسٹر اور روئی ہٹا کر زخم دیکھا۔ زخم اب بھر گیا تھا۔

ڈاکٹر نے رحیم داد کے بازو میں انجکشن لگایا اور ایک شیشی میں مرہم دے کر بولا۔ "اسے صبح شام لگاتے رہنا۔ اب پٹی شٹی کی ضرورت نہیں۔ لیکن زخم پر مکھی نہ بیٹھنے پائے۔ ویسے تو یہ صاف ستھری جگہ ہے پر احتیاط کرنا بہت ضروری ہے۔" ڈاکٹر نے اسے غسل کرنے کی بھی اجازت دے دی۔ ساتھ ہی یہ ہدایت بھی کی کہ گرم پانی سے نہانا۔ اور زخم پر مرہم لگانے سے پہلے نہالے۔

ڈاکٹر چلا گیا۔ جمیلہ بھی اس کے ساتھ چلی گئی۔

رحیم داد نے نائی بلوایا۔ حجامت بنوائی اور مہمان خانے کے غسل خانے میں گرم پانی سے دیر تک صابن مل مل کر نہاتا رہا۔ غسل سے فارغ ہو کر اس نے اجلے کپڑے پہنے' بالوں میں کنگھی کی اور زخم پر مرہم لگایا۔

دوپہر کو کھانا کھایا مگر بستر پر آرام کرنے کے بجائے اس نے کمرے کا دروازہ بند کیا۔ اندر سے کنڈی لگائی۔ کلیم کے کاغذات کا بستہ کھولا' سادہ کاغذ نکالا اور اس پر مقتول چوہدری نورالہی کے جعلی دستخط بنانے کی پوری توجہ سے مشق کرنے لگا۔

دن ڈھلے تک وہ مسلسل مشق کرتا رہا۔ جب کمرے میں روشنی دھندلی پڑ گئی تو اس نے کاغذ ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ کمرے سے باہر نکلا۔ احمد مہمان خانے میں نہیں تھا۔ رحیم داد نے کاغذ کے ٹکڑے ایک کونے میں ڈال کر ماچس سے آگ لگا دی اور ان کی راکھ مٹی میں ملا دی۔

☆

دھوپ گھروں کے منڈیروں پر پہنچ چکی تھی۔ سائے طویل ہو کر دور دور تک پھیل گئے تھے۔ رحیم داد مہمان خانے سے نکل کر باغ میں پہنچا۔ جمیلہ پہلے سے وہاں موجود تھی۔ وہ گلاب کے پودوں کے تختے کے پاس کرسی پر بیٹھی تھی۔ قریب ہی اس کے دونوں بچے کھیل رہے تھے۔ ایک بیٹا اور دوسری بیٹی۔ بیٹا پانچ سال کے لگ بھگ تھا۔ بیٹی اس سے سال سوا سال چھوٹی تھی۔ دونوں بچے تن درست اور خوب صورت تھے۔ پھولوں کے مانند شگفتہ اور تر و تازہ۔ جمیلہ گردن جھکائے ایک

بوڑھے کے پیر کے زخم پر دوا لگا کر پٹی باندھ رہی تھی۔ آہٹ سن کر جمیلہ نے گردن کو ہلکا سا خم دیا' رحیم داد کو دیکھا' مسکرا کر بولی۔

"آ چوہدری! ادھر بیٹھ جا۔" اس نے ایک کرسی کی طرف اشارہ کیا۔ رحیم داد خاموشی سے کرسی پر بیٹھ گیا۔

جمیلہ نے زخم پر اچھی طرح پٹی باندھ کر بوڑھے سے کہا "چاچا! جب تک چوٹ ٹھیک نہ ہو جائے' منجی پر پڑا رہ۔ دو تین روز میں چنگا ہو جائے گا۔" بوڑھا اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

"جمیلہ نے اسے ٹوکا۔ "یہ تو بتا' تیری گھر والی کا کیا حال چال ہے؟"

"بھین جی! اس کا بخار نہیں جاتا۔ ہر تیسرے روز اسے زور سے ٹھنڈ چڑھتی ہے۔ جانے کیسا بخار ہے' جاتا ہی نہیں۔" بوڑھے نے تشویش کا اظہار کیا۔

"اسے ملیریا ہے۔ میں رات کو اس کے لیے دوائی لے کر تیرے گھر آؤں گی۔ چنتا نہ کر' اس کا بخار جاتا رہے گا۔" جمیلہ نے اسے تسلی دی۔ "دعا کر اپنی ڈسپنسری بن جائے تو سارے پنڈ کا دوا دارو یہیں ہو گا۔ دیپال پور یا پاک پتن نہیں جانا پڑے گا۔"

بوڑھا اسے دعائیں دیتا ہوا چلا گیا۔

جمیلہ کے سامنے گھاس پر تین عورتیں بیٹھی تھیں۔ اس نے ادھر ادھر دیکھا اور ایک عورت سے پوچھا۔ "بشیراں! زمیں دار کدھر ہے؟ حویلی میں تو ہے نہیں۔"

جمیلہ کرسی سے اتر کر عورتوں کے ساتھ گھاس پر بیٹھ گئی' مسکرا کر بولی۔ "وہ اس طرح بیٹھنے پر برا مناتا ہے۔ زمیں دار جو ٹھیرا۔" وہ ایک اور عورت کی جانب متوجہ ہوئی۔ "تو کیسے آئی پھاتاں! ٹھیک ٹھاک تو ہے؟"

"ٹھیک ٹھاک ہی ہوں جی۔" پھاتاں نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "بٹیاں فصل کی واڈھی کی آس لگاتی ہیں۔ واڈھی ہو تو ان کا ویاہ ہو۔ اپنی تو زمین ہے' نہ فصل۔ گھر والا بھی نہ رہا۔ دھی جوان ہو گئی۔ اس کا ویاہ کیسے کروں؟ بے ساکھی کے بعد پنڈ کی کئی بٹیوں کا ویاہ ہو رہا ہے۔" اس کا چہرہ سوگوار ہو گیا۔ "مجھے تو کوئی ادھار بھی نہیں دے گا۔ میں کیا کروں بھین جی؟"

"تو اپنی تاجاں کی گل کر رہی ہے؟" جمیلہ نے مسکرا کر دریافت کیا۔ "تو نے اس کے لیے ور بھی ڈھونڈا؟"

"ور تو کب کا دیکھ بھال لیا' پرایا نہیں' اپنی ہی برادری کا ہے۔ سکے ویر کا پت ہے۔ اس کے گھر والے تو بالکل تیار ہیں۔ تاجاں انھیں پسند بھی ہے۔ پر اپنے پاس تو کچھ بھی نہیں۔"

"چنتا نہ کر پھاتاں!" جمیلہ نے چمک کر کہا۔ "تاجاں اپنے پنڈ کی دھی ہے' میری دھی ہے۔ میں اس کی سگائی کروں گی۔ یہیں حویلی سے اس کا ویاہ ہوگا۔ تو اپنی بھرجائی سے کہہ دے' تیاری کرے۔"

"بھین جی! میری دھی بھی جوان ہوگئی۔" بشیراں نے جھٹ اپنا مسئلہ پیش کردیا۔ "مجھے کچھ اور نہیں چاہئے' ادھار مل جاتا تو میں ویاہ کر کے اسے اس کے گھربار کا کردیتی۔"

"تو گلو کی گل کر رہی ہے؟" جمیلہ نے حیرت سے پوچھا۔ "ارے وہ تو ذرا سی چھوہری ہے۔ تو اس کی سگائی کرنا چاہتی ہے۔ حد کردی تو نے۔"

"بیٹی کا بوجھ جتنی جلدی سر سے اتر جائے' اتنا ہی چنگا ہے جی۔" بشیراں نے اپنی دلیل کا سارا لیا۔

"اس پرکار نہ سوچ' ابھی تو وہ بہت نرمل ہے۔ مشکل سے باراں برس کی ہوگی۔ اسے کچھ دن تو کھیل کود لینے دے۔ جوان ہوجائے تو ویاہ کرنا۔ کم سے کم چار سال بعد اس کام کے لیے میرے پاس آنا۔ میں تیری ضرور سہایتا کروں گی۔"

جمیلہ نے اپنی بات ختم ہی کی تھی کہ دور سے اللہ وسایا آتا نظر آیا۔ جمیلہ اٹھ کر جھٹ کرسی پر بیٹھ گئی۔ تینوں عورتیں چلی گئیں۔ اللہ وسایا تھکا ہوا ایک کرسی پر آکر بیٹھ گیا۔ وہ نڈھال اور بجھا بجھا نظر آرہا تھا۔

جمیلہ نے تشویش سے دریافت کیا۔ "کیا بات ہے۔ اللہ وسای! تو کچھ پریشان اور نراش نظر آرہا ہے؟"

"پریشانی کی گل ہی ہے۔" وہ ڈوبی ہوئی آواز میں بولا۔ "پڑ میں گاہی ہوئی کنک پڑی ہے۔ دھڑکو بچھوڑنے اور پھٹکنے کے لیے مسلی نہیں مل رہے۔" اس نے آسمان کی طرف دیکھا۔ "بارش یا آندھی آجائے تو سب کچھ برباد ہوجائے گا۔"

آسمان پر بادلوں کا ہلکا ہلکا غبار چھایا تھا۔ ہوا میں بھی قدرے تیکھا پن تھا۔ جمیلہ نے بھی آسمان کو دیکھا۔ وہ بھی متفکر نظر آنے لگی۔ "چنتا کرنے کی تو گل ہے پر تو نے کیا اپائے سوچا؟" اس نے بیٹے کو گود میں بٹھالیا اور اس کے بالوں میں انگلیوں سے آہستہ آہستہ کنگھی کرنے لگی۔

"پرسوں سویرے سے پہلے مسلی نہیں آسکتے۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "آج کی رات اور کل کے دن رات ٹھیک سے گزر جائیں تو سمجھو کام بن گیا۔"

"میں کہتی ہوں' مزارعے اور زمیں دار یہ کام کیوں نہیں کرسکتے؟"

"نہیں جی! وہ ایسا نیچ کام کیسے کرسکتے ہیں۔" رحیم داد بیچ میں بول پڑا۔ "ایسا کام تو مسلی اور کمی ہی کرسکتے ہیں۔"

جمیلہ بولی۔ "اور جو برکھا آجائے' آندھی آجائے؟" اس کا لہجہ تیکھا اور تلخ تھا۔ رحیم داد نے ناصحانہ انداز میں کہا۔ "یہ تو رب کی مرضی ہے' اس کی مرضی میں کون دخل دے سکتا ہے۔"

"چوہدری یہ باتیں جمی لے نہیں سمجھتی۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کی تائید کرتے ہوئے کہا۔ "شہر میں برسوں رہ چکی ہے نا' پڑھ لکھ بھی بہت گئی ہے۔ اسے کیا پتہ' زمیں داری کیا ہوتی ہے۔" وہ بازو سے لگی ہوئی بیٹی کے سر پر محبت سے ہاتھ پھیرنے لگا۔

"پر میں تو گڈو کو پہلے ڈاکٹر بناؤں گی۔" اس نے بیٹے کو سینے سے چمٹا کر پوچھا۔ "گڈو! تو ڈاکٹر بنے گا نا؟"

گڈو نے نظریں اٹھا کر ماں کو دیکھا اور اپنا گول مٹول سر آہستہ آہستہ ہلایا۔

جمیلہ نے بیٹی کو دیکھا' ہنس کر بولی۔ "ڈاکٹر تو نینا بھی بنے گی۔ دونوں مل کر میری ڈسپنسری کو بہت وڈا اسپتال بنادیں گے۔ اپنے ہی پنڈ کا نہیں' دور دور کے پنڈ والوں کا علاج کریں گے۔"

"جمی لے! تو سفنا تو نہیں دیکھ رہی؟" اللہ وسایا ہنسنے لگا۔ "تیری ڈسپنسری بنی بھی نہیں اور تو نے خواب دیکھنے شروع کردیئے ابھی سے۔"

"منش پہلے سپنے ہی دیکھتا ہے۔" جمیلہ نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "من میں لگن ہو تو سپنا ایک روز سچ بن کر سامنے آجاتا ہے۔ سدا ایسا ہی ہوتا ہے۔"

شام دھیرے دھیرے باغ میں تاریکی کے ڈیرے ڈال رہی تھی۔ اللہ وسایا نے اٹھتے ہوئے جمیلہ سے کہا۔ "اندھیرا پھیل رہا ہے' کب تک یہاں بیٹھنے کا ارادہ ہے؟" جمیلہ بھی اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔

رحیم داد آہستہ آہستہ چلتا ہوا مہمان خانے میں چلا گیا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ حویلی کی سمت بڑھے۔ دونوں گردن اٹھا کر بار بار آسمان پر چھایا ہوا غبار دیکھتے تھے۔ وہ بارش اور طوفان کے خطرے سے فکر مند نظر آتے تھے۔ اسی خدشے سے سہمے ہوئے دونوں بچوں کے ہم راہ حویلی میں داخل ہوگئے۔

رات گزری' دن گزرا' دوسری رات بھی گزر گئی مگر نہ بارش ہوئی' نہ طوفان آیا۔ سویرے سویرے مسلی آگئے اور گاہی ہوئی گندم پچھوڑ کر بھوسا اور دانے الگ کرنے لگے۔ پچھوڑنے کے بعد جگہ جگہ مزارعوں کے کھلیانوں میں گندم اور چنے کی ڈھیریاں نظر آنے لگیں۔ کہیں کہیں ڈھیریوں پر مٹی اور راکھ کا لیپ لگا کر ہلکا سا پلستر چڑھا دیا گیا تاکہ چوری چکاری کا امکان نہ رہے۔

اسی طرح بھوسے کی بھی ڈھیریاں بنا کر اوپر سے مٹی کا گاڑھا گاڑھا لیپ چڑھا دیا گیا۔

جمعے کے مبارک دن سے بٹائی کا آغاز ہوا۔ اس روز کو ٹہ ہر کشن میں بڑی چہل پہل اور رونق تھی۔ مزارعوں اور کمیوں نے نہا دھو کر اجلے کپڑے پہنے۔ نوجوان عورتیں رنگ برنگے راکھواں لباس میں ہنستی مسکراتی ادھر ادھر پھر رہی تھیں۔ وہ کنواریاں جن کی بٹائی کے بعد شادی ہونے والی تھی، شرمائی شرمائی نظر آتیں، سہیلیاں ان سے چھیڑ چھاڑ کرتیں۔ اس روز گاؤں میں میلے کا سماں تھا۔

پہر دن گزرا تو اللہ وسایا اپنے مزارعے کمال کے کھلیان پر جمیلہ اور رحیم داد کے ہم راہ پہنچا۔ فصل کی بٹائی کا آغاز وہیں سے ہوا۔ کمال کے گھر والے اور سیپی کی پہلے سے وہاں موجود تھے۔ مسجد کا ملا بھی ایک طرف بیٹھا تھا۔ سب اللہ وسایا کے منتظر تھے۔ مٹی سے لپے پتے کھلواڑ پر گندم اور چنے کی ڈھیریاں موجود تھیں۔ اللہ وسایا کے پہنچتے ہی غلغلہ پڑا۔ گندم اور چنوں کی ڈھیریوں پر چڑھ ہوا پلستر اتارا گیا۔ کھلواڑ ایک بار پھر جھاڑو سے صاف کی گئی۔ عود و لوبان سلگایا گیا۔ دھواں لہرا ہوا فضا میں خوشبو بکھیرنے لگا

ہر ڈھیری اس اندازے سے بنائی گئی تھی کہ اس میں لگ بھگ آٹھ من غلہ ہو۔ اللہ وسایا او کمال نے جوتے اتارے اور کھلواڑے کے چبوترے پر برہنہ پیر چڑھ گئے۔ دونوں ڈھیریوں کے قریب خاموش کھڑے ہو گئے۔ ملا نے کلام پاک کی تلاوت شروع کی۔ کھلواڑ کے ارد گرد کھڑی ہوئی عورتوں اور لڑکیوں نے دوپٹوں کے آنچل سے سر ڈھک لیے۔ سب ہاتھ باندھ کر اور سر جھکا کر ادب سے خاموش کھڑے رہے۔

تلاوت ختم کر کے ملا نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔ سب نے اس کے ساتھ ساتھ ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی۔ دعا کے بعد بٹائی شروع ہوئی۔ بٹائی کی ذمے داری پیشہ ور ونڈاوے کے بجائے گاؤں کے ایک بوڑھے کے سپرد کی گئی۔ اس کے ہاتھ میں ٹوپا دبا تھا۔ ٹوپے میں تقریباً ڈھائی سیر غلہ آتا تھا۔ بٹائی شروع ہونے سے پہلے جمیلہ نے بوڑھے سے اونچی آواز میں کہا۔ "چاچا! پتہ ہے، یہ ڈھیریاں زمیں دار اور مزارعے کا مشترکہ کھاتا ہے۔ انھیں دونوں کے درمیان آدھا آدھا بانٹنے کے ساتھ ساتھ دوسروں کے کانونی حقوق بھی پوری طرح دھیان میں رکھنے ہوں گے۔ سرکاری کاغذات میں انھیں اس پر کار بتایا گیا ہے۔" اس نے لمبا کاغذ نکالا اور سنبھل سنبھل کر پڑھنے لگی۔ "ڈھیر جنس بحد نصف نصف مابین مالک و مزارع بعد وضع خرچ ہائے ذیل :

خرچ کمیاں :

ترکھان	ساڑھے چار پائی فی ہل
لوہار	ساڑھے چار پائی فی ہل
چھاجی	۹ پائی فی ڈھیری
موچی	۹ پائی فی ڈھیری
نائی	۹ پائی فی ڈھیری

جنس یا فتنی مالک از ڈھیری مشترکہ

ملی (ملازم مالک)	ایک پائی فی ڈھیری
محاصل	ایک ٹوپا فی ڈھیری
مالک کا پٹواری	۳ ٹوپے فی ڈھیری
منشی ڈیرے دار	۲ پائی فی ڈھیری
داد (میراثی)	ایک پائی فی ہل
دھواں دار (برائے تکیہ فقیراں)	ایک پائی فی ڈھیری
خرچ گھوڑا کاہیاں	دو پائی گندم فی ڈھیری

یہ تفصیلات سنانے کے بعد جمیلہ نے بوڑھے کی طرف دیکھا، مسکرا کر بولی۔ "چاچا! تیں نوں تو پتہ ہی ہو گا ایک پائی چار ٹوپے کے برابر ہوتی ہے۔ ویسے سرکاری کاغذات میں خرچ وڈاک بنگلہ برائے افسران دورہ گشتی کے لیے دو پائی فی ڈھیری بھی درج ہے۔ پٹواری کا فصلانہ اور تھانے دار کا نذرانہ الگ ہوتا ہے۔ پر ہم نے یہ سب کچھ نہیں دینا اور اپنا پٹواری شٹواری تو ہے ہی نہیں۔ اسے کچھ بھیجنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔"

بوڑھے نے جمیلہ کی تمام باتیں سنیں، مسکرا کر گویا ہوا۔ "فکر نہ کر، میں نوں سب پتہ ہے۔ تیں نوں یاد نہیں، پچھلے سال ربیع پر بھی میں نے ہی بٹائی شروع کی تھی اور توں نے مجھے سب کچھ ایسے ہی پڑھ کر سنایا تھا۔ میں اسے بھولا نہیں ہوں۔"

"پر چاچا، کانونی کارروائی تو پوری ہونی ہی چاہئے۔ جس کا جتنا حصہ بنتا ہے، اسے پورا پورا ملنا چاہئے۔"

کچھ دیر خاموشی رہی پھر بوڑھے نے ٹوپے میں پہلے گندم کی ڈھیری سے دانے بھرے اور دو بوریوں میں ایک ایک ٹوپا ڈالنے لگا۔ ایک بوری زمیں دار کی اور دوسری مزارعے کی تھی۔ بوڑھا بوریاں غلے سے بھرتا رہا۔ جمیلہ اپنے مزارعے کمال کی بیوی کے ساتھ کھڑی تھی۔ وہ بیچ بیچ میں بولتی جاتی۔ اونچی آواز سے بٹائی کرنے والے بوڑھے کو ٹوکتی' ہنس ہنس کر کہتی۔

"چاچا! تو زمیں دار کی بوری میں زیادہ کنک ڈال رہا ہے۔"

"اوپر والا دیکھ رہا ہے چاچا۔"

"ڈنڈی نہ مار۔ کمال کی را کی کا ٹوپا پورا بھر۔"

جمیلہ کی باتوں پر بار بار قہقہہ بلند ہوتا۔ زمیں دار اور مزارعے کے نصف نصف حصے کی بٹائی کے بعد مقررہ مقدار کے مطابق کمیوں اور دوسرے حق داروں کو بھی فصل کی پیداوار میں ان کا حصہ مل گیا تو جمیلہ نے ضد کر کے خاصی مقدار میں اگنی کا گندم فقیروں اور دوسرے حاجت مندوں کے لیے پڑا رہنے دیا۔

شام تک یہ سلسلہ چلتا رہا' دوسرے دن بھی جاری رہا اور مسلسل کئی روز تک جاری رہا۔ آخر بٹائی ختم ہو گئی۔

رحیم داد حیرت زدہ تھا۔ اس نے کسی بڑے زمیں دار کو اس طرح بٹائی میں شریک ہوتے نہیں دیکھا تھا۔ یہ کام منشی یا کاردار انجام دیتے۔ وہ اپنے ساتھ بٹائی کرانے والے دنڈاوے بھی لاتے' جو ہر طرح یہ کوشش کرتے کہ مزارعے کے مقابلے میں زمین دار کو فصل کا زیادہ حصہ ملے۔ مزارع یا اس کے کنبے کا کوئی فرد احتجاج کرتا تو اسے ڈانٹ ڈپٹ کر خاموش کر دیا جاتا۔ زمیں دار فصل کا نصف نہ لیتے' ہمیشہ زیادہ لیتے۔ اکثر و بیشتر دو تہائی کے لگ بھگ وصول کرتے۔

جب بٹائی کے حصے کا غلہ بند بوریوں کی صورت میں حویلی کے گودام میں پہنچ گیا تو پاک پتن کی غلہ منڈی کے آڑھتی اللہ وسایا کی حویلی کے چکر کاٹنے لگے۔ سال بھر کی ضرورت کا غلہ رکھ کر بقیہ فروخت کر دیا گیا۔ یہ گویا آخری مرحلہ تھا۔ پھر دیگیں چڑھیں' طرح طرح کے پکوان پکے۔ سب نے کھانا کھایا۔

حویلی کے سامنے میدان میں مردوں نے بھنگڑا ڈالا۔ ڈھولیوں نے جھوم جھوم کر ڈھول پر چوٹ لگائی۔ من چلے نوجوانوں نے ان کے گرد حلقہ بنا کر رقص کیا۔ ایک دوسرے کو للکار کر پٹے کے بول اٹھائے۔

اللہ وسایا اونچی چارپائی پر بیٹھا تھا اور رقص کرنے والوں کا حوصلہ بڑھ رہا تھا۔ ان کی آواز میں

آواز ملا کر بلے بلے کے نعرے بلند کر رہا تھا۔

بھنگڑا ختم ہو گیا تھا۔ اللہ وسایا حویلی میں داخل ہوا۔ رحیم داد بھی اس کے ہم راہ تھا۔ حویلی کے وسیع صحن میں ابھی تک ڈھول بج رہا تھا۔ وسط میں جازم کا فرش تھا۔ اس پر گاؤں کی عورتیں بیٹھی تھیں۔ چاروں طرف مشعلیں روشن تھیں۔ عورتیں ڈھولک کی تھاپ پر لک لک کر گا رہی تھیں۔

اساں ڈھولکی وجائی' ساڈی ریت اے پرانی

اللہ وسایا اور رحیم داد ایک گوشے میں کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ رحیم داد نے دیکھا کہ گانے والی عورتوں میں جمیلہ بھی شامل ہے۔ اس کی آواز سریلی اور خوب صورت تھی۔ وہ گردن کو بار بار خم دے کر گا رہی تھی' اونچی تان سے گیت کے بول اٹھا رہی تھی۔ وہ اس وقت سنہری ملّے کا لاچا باندھے ہوئے تھی۔ لاچے کا رنگ زعفرانی تھا' کرتا بھی اسی رنگ کا تھا' گریبان پر سبز اور سیاہ دھاگوں سے کشیدہ کاری کی گئی تھی۔ دوپٹا سبز تھا۔ پیروں میں چاندی کی پازیب تھی۔ ماتھے پر جڑاؤ ٹیکا جھلک رہا تھا۔ آنکھوں میں دنبالہ کاجل تھا۔ مشعلوں کی لہراتی روشنی میں وہ بہت دل کش اور دل آرا نظر آ رہی تھی۔

گانا ختم ہوا تو جمیلہ نے چٹکی بجاتے ہوئے کہا۔ "ہو جائے جی' ہو جائے۔ گدھا ہو جائے۔"

چٹکیاں بجنے لگیں اور کچھ دیر بجتی رہیں۔ جمیلہ اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ اس کے ساتھ نوجوان عورتیں اور مٹیاریں بھی کھڑی ہو گئیں۔ جمیلہ تالیاں بجاتی ہوئی آگے آ گئی۔ عورتیں اور مٹیاریں اس کے گرد حلقہ بنا کر ساتھ ساتھ تالیوں کی تھاپ دینے لگیں۔ رفتہ رفتہ تالیوں میں ہم آہنگی پیدا ہوتی گئی۔ تالیوں کی تھاپ کے ساتھ ساتھ پاؤں گردش کرنے لگے۔ جمیلہ نے ایک ہاتھ اٹھا کر اونچے سروں میں گدھے کی مناسبت سے گیت چھیڑا۔

کڑیاں سد کے گدھے پائیے
ستیاں گلاں جگائیے!!

گیت کے دوسرے بول ہم نوا عورتوں نے اٹھائے۔ تالیوں کی مسلسل تھاپ پر بول اونچے' اور اونچے ہوتے گئے۔ تھرکتے' لچکتے جسموں کی گردش تیز ہوتی گئی۔ ناچ تیز ہوا تو عورتوں نے رک رک کر دائرے میں جمیلہ کے گرد پھیریاں لینا شروع کر دیں۔ ان کے پاؤں ایک ہی انداز میں زمین پر پڑ رہے تھے اور اسی ترتیب اور تواتر سے ہاتھ اوپر اٹھ اٹھ کر تالیوں کی تھاپ پر ایک دوسرے سے ٹکراتے تھے۔ ایک نوجوان لڑکی کے پیر غلط پڑے تو سامنے بیٹھی ہوئی عورتوں میں زور کا قہقہہ بلند ہوا۔ وہ اس قدر خجل ہوئی کہ سر جھکا کر رقص کرنے والیوں کے حلقے سے باہر نکلنے کی کوشش کی۔

جمیلہ کی اس پر نظر پڑی' اس نے آگے بڑھ کر جھٹ اس کا ہاتھ پکڑا اور حلقے سے علیحدہ نہ ہونے دیا۔

مشعلوں کے بھڑکتے شعلوں کی مچلتی روشنی میں جوان اور صحت مند جسم پھڑکتے رہے' لہراتے رہے۔ پازیب اور پائلیں جھنکارتی رہیں۔ گیت کے سریلے بول فضا میں بکھرتے رہے۔ ناچ تیز سے تیز تر ہوتا گیا۔ رقص کرنے والیوں کے چہرے خون کی گردش سے گلابی پڑ گئے۔ دہکنے لگے' دمکنے لگے۔

جمیلہ کا دل نواز چہرہ ان کے حلقے میں طلوع ہوتے ہوئے سورج کے مانند جگمگا رہا تھا۔ اس کی لمبی چوٹی ناگن کی طرح لہرا رہی تھی۔ چوٹی میں بندھا ہوا روپہلا پراندا جھلملا رہا تھا۔ وہ اس قدر حسین اور دل کش نظر آ رہی تھی کہ رحیم داد مبہوت ہو گیا۔ ٹکٹکی باندھے اس کا تابندہ اور رخشندہ چہرہ تکتا رہا۔ پھولوں سے لدی ہوئی شاخ کی طرح اس کے لچکتے بل کھاتے جسم کے پیچ و خم دیکھتا رہا۔

ناچ ختم ہوا تو رحیم داد کو ایسا لگا جیسے کوئی سہانا خواب دیکھتے دیکھتے اچانک بیدار ہو گیا ہو۔ جمیلہ اس کے ذہن پر برسات کی گھنی گھٹاؤں کی طرح چھائی ہوئی تھی۔

آدھی رات کے بعد رحیم داد مہمان خانے میں گیا۔ بستر پر لیٹا تو ناچ کے آہنگ اور گیت کی نغمگی سے مسحور تھا۔ وہ خاموش لیٹا دیر تک لطف اندوز ہوتا رہا۔

صبح وہ دیر سے بیدار ہوا۔ آنکھ کھلی تو مہمان خانے کے صحن کی دیواروں سے دھوپ نیچے اتر رہی تھی۔ وہ جلدی سے اٹھ کر غسل خانے میں گیا۔ واپس آیا تو میز پر ناشتا لگایا جا چکا تھا۔ احمد اجلے لباس میں اس کا انتظار کر رہا تھا۔ رحیم داد نے مسکرا کر پوچھا۔

"حمدے! آج تو بہت لشکارے مار رہا ہے؟"

وہ کسی قدر شرما کر بولا۔ "زمیں دارنی نے نئے کپڑے سلوا کر دیئے ہیں۔ ہر فصل پر وہ حویلی کے سارے نوکروں اور نوکرانیوں کو نئے کپڑے دیتی ہے۔"

"تب تو تیرے عیش ہو گئے۔" رحیم داد بے تکلفی سے مسکراتا رہا۔

احمد نے دبی زبان سے کہا۔ "وہ ہے تو جی بندنی پر دل کی بہت بھلی ہے۔"

رحیم داد چونک پڑا' پراٹھے کا لقمہ ہاتھ میں رہ گیا۔ "زمیں دارنی بندنی ہے۔ تو سچ کہہ رہا ہے؟"

"چوہدری! میں تجھ سے کوئی جھوٹ بول رہا ہوں۔ پر اب وہ بندنی نہیں رہی۔ زمیں دار سے نکاح پڑھانے سے پہلے مسلمان ہو گئی تھی۔ اپنی مسجد کے ملاں نے اسے کلمہ پڑھا کر مسلمان بنا تھا۔" احمد نے رحیم داد کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا۔ "میں تو جی اس پنڈ کا پرانا رہنے وا

ہوں۔ اس زمانے سے رہتا ہوں جب پاکستان نہیں بنا تھا۔ تب یہ ساری زمین' زمیں دارنی کے پیو کی تھی۔ یہ حویلی بھی اسی کی تھی۔ بہت وڈا زمیں دار ہوتا تھا وہ۔"

رحیم داد ششدر رہ گیا۔ گومگو کے عالم میں بولا۔ "تیری باتیں سمجھ نہیں آئیں۔"

"چوہدری! میں نے غلط گل نہیں کی۔" احمد نے بات میں وزن پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "یہ تو سارا پنڈ جانتا ہے۔ تجھے اب تک پتہ نہیں چلا؟" وہ زیر لب مسکرایا۔ "پر زمیں دارنی اتنی بھلی ہے کوئی بھی اس کے بارے میں ایسی گل نہیں کرتا۔ سب اس سے پیار کرتے ہیں۔ بھین جی کہتے ہیں۔ سچ مان' میں نے یہ گل برائی سے نہیں کہی۔ بس ایسے ہی زبان سے نکل گئی۔" اس نے ایک ہاتھ سے دونوں کان باری باری چھو کر گردن ہلائی۔ "توبہ جی توبہ۔ رہا جانے' زمیں دارنی کا تو میں کبھی برا سوچ بھی نہیں سکتا۔"

رحیم داد نے خاموشی سے ناشتا ختم کیا۔ احمد خالی برتن لے گیا۔ وہ دیر تک احمد کی باتوں پر غور کرتا رہا پھر اٹھ کر باغ میں گیا۔ وہاں بھی وہ احمد کی باتوں کی روشنی میں جمیلہ اور اللہ وسایا کے بارے میں سوچتا رہا۔

رحیم داد نے جمیلہ کے بارے میں نہ کسی سے کرید کر پوچھا' نہ احمد کی باتوں کی تصدیق چاہی۔ اس کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی۔ اسے کچھ عرصے کے لیے محفوظ ٹھکانے کی ضرورت تھی' وہ اسے مل گیا تھا۔ اس کے پاس کوئی کام کاج تو تھا نہیں' کمرے کا دروازہ بند کرتا اور اطمینان سے چوہدری نورالہی کے دستخط کی مشق کرتا رہتا۔

رفتہ رفتہ رحیم داد کو اتنی مہارت ہو گئی کہ وہ نورالہی کے دستخط کی ہو بہو نقل کرنے لگا۔ اس کامیابی پر وہ خوش بھی تھا' مطمئن بھی۔

ایک شام رحیم داد اللہ وسایا کے ساتھ باغ میں بیٹھا تھا۔ اس نے دبی زبان سے رخصت ہونے کی خواہش ظاہر کی' مگر اللہ وسایا نے اصرار کیا تو اس نے مزید زور نہیں دیا۔ وہ فی الحال وہاں سے جانا نہیں چاہتا تھا۔ صرف یہ اندازہ لگانا چاہتا تھا کہ اللہ وسایا اس سے اکتا تو نہیں گیا۔ لیکن ایسا نہیں تھا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ ہر طرح اس کی دل جوئی کرتے' پورا خیال رکھتے کہ کسی طرح اسے تکلیف نہ ہو' اس کے دل کو ٹھیس پہنچے۔

رحیم داد کا وقت اچھا کٹ رہا تھا۔ مہمان خانے میں اسے ہر طرح کا آرام اور سکون میسر تھا البتہ مالکھا بری طرح کھلتا۔ بار بار کے انکار کے باوجود وہ رحیم داد کے پاس آتا' گڑگڑاتا' اپنی چنتا سناتا۔ احسان شاہ نے ابھی تک اس کی بیوی واپس نہیں کی تھی۔ اس کے پیٹ میں چوتھا بچہ بھی آ چکا تھا۔

یہ بات بھی اسے ماکھا نے بتائی تھی۔ مگر رحیم داد اس کی کوئی مدد نہیں کر سکتا تھا۔ اللہ وسایا بھی کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ وہ نہایت صاف گوئی سے اپنی مجبوری بتا چکا تھا۔

۱۸

گرمی خوب بڑھ چکی تھی۔ در و دیوار سے چنگاریاں نکلتیں۔ لو کے جھکڑ چلنے لگے تھے۔ اللہ وسایا کی زمینوں پر خریف کی فصل کے لیے مکئی' کماد' کپاس اور باجرے کی بوائی ہو رہی تھی۔ وہ کھیتوں میں کھڑے ہو کر اپنے سامنے بیج ڈلواتا' طرح طرح کی ہدایتیں دیتا۔ دن دن بھر چلچلاتی دھوپ اور لو میں کھڑے رہنے سے اس کا چہرہ جھلس کر سانولا پڑ گیا تھا۔

جمیلہ نے سرکاری اسکولوں کی طرح اپنے اسکول میں بھی موسم گرما کی تعطیل کر دی تھی۔ اسکول بند تھا۔ وہ اکثر اللہ وسایا کے ساتھ کھیتوں پر نکل جاتی اور ادھر ادھر گھومتی پھرتی۔ رحیم داد نے دونوں کو جب بھی کھیتوں سے آتے دیکھا' پسینے سے شرابور اور دھول سے اٹا ہوا پایا۔

ان دنوں اللہ وسایا سے رحیم داد کی ملاقات عام طور پر شام کو ہوتی۔ اللہ وسایا کبھی کبھی رات کا کھانا رحیم داد کے ساتھ مہمان خانے کے صحن میں بیٹھ کر کھاتا۔ زیادہ گرمی ہوتی تو کھانا باغ میں بھی کھایا جاتا۔ گھاس پر دری بچھا دی جاتی' وسط میں چھوٹے پایوں کی لمبی میز رکھ دی جاتی۔ اس پر کھانا چنا جاتا۔ سب دری پر بیٹھ کر کھانا کھاتے۔ جمیلہ اپنے دونوں بچوں کے ساتھ موجود ہوتی۔ جس روز باغ میں کھانا کھایا جاتا' رحیم داد بہت خوش ہوتا۔ خود کو اللہ وسایا کے کنبے کا فرد سمجھتا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ کے رویے سے بھی رحیم داد کو بیگانگی مطلق محسوس نہ ہوتی۔

ایک صبح اللہ وسایا مہمان خانے میں رحیم داد کے پاس آیا۔ رحیم داد ذرا ہی دیر پہلے ناشتے سے فارغ ہوا تھا۔ خلاف معمول اللہ وسایا کے ہاتھ میں دونالی بندوق تھی۔ رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔

"سویرے سویرے بندوق لے کر کیسے نکل آیا؟ شکار پر جانے کا ارادہ ہے؟"

اللہ وسایا نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے بتایا۔ "محکمہ آباد کاری میں میری زمین اور جائیداد کا مکدمہ چل رہا ہے۔ اس سلسلے میں ملتان جا رہا ہوں۔ کل صبح پیشی ہے۔"

"کب تک واپسی ہوگی؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"دو تین روز تو لگ ہی جائیں گے۔ اگر تاریخ پڑ گئی اور لمی پیشی نہ لگی تو ہفتہ بھر ٹھیرنا پڑے گا۔ وکیل یہی بتاتا تھا۔ میں دوپہر کو روٹی کھا کر ملتان کے لیے روانہ ہو جاؤں گا۔"

"بندوک اپنی حفاظت کے لیے لے جا رہا ہے؟ مکدمہ بازی چل رہی ہو تو حفاظت کے لیے اسلحہ رکھنا ہی پڑتا ہے۔"

"میرا مکدمہ ایسا نہیں جس میں کسی جھگڑے کا ڈر ہو۔ مکدمہ سرکار کے ساتھ چل رہا ہے۔" اللہ وسایا نے مطلع کیا۔ "ویسے سفر میں اپنے ساتھ میں بھرا ہوا پستول رکھتا ہوں۔ دو نوکر بھی ساتھ جا رہے ہیں۔ وہ بھی مسلح ہوں گے۔ بندوک تو میں تیرے لیے لایا تھا۔ آج کل ڈکیتیاں بہت ہو رہی ہیں۔ فصل کی واڈھی کے بعد عام طور پر ڈکیتی کی وارداتیں بڑھ بھی جاتی ہیں۔ سنا ہے' لائل پور سے ڈکیتوں کی ایک دھاڑ ادھر آئی ہوئی ہے۔ اس نے بڑا رولا کر رکھا ہے۔ روز ہی کہیں نہ کہیں سے ڈکیتی کی خبر سننے میں آتی ہے۔ ایک نیا چکر بھی چل رہا ہے وہ بھی کم خطرناک نہیں۔"

"وہ کیسا چکر ہے؟ کسی سے تیرا جھگڑا اٹھا ہو گیا؟"

"میرا تو نہیں پر میرے مزارعے کاوو اور اس کے پتر صابر کے ساتھ جھگڑا چل رہا ہے۔ ہے تو پرانی دشمنی پر اب زیادہ سنگین ہو گئی ہے۔"

رحیم داد نے دلچسپی لیتے ہوئے کرید کر پوچھا۔ "جھگڑا ہوا کس بات پر؟"

"میں نے بتایا نا' پرانی دشمنی ہے۔ لمی کہانی ہے۔ ڈیڑھ' پونے دو سال ادھر کی بات ہے' کاوو کی دھی مجیداں کو پڑوس کے چک کا ایک نوجوان طاہر اٹھا کر لے گیا۔"

"زبردستی اٹھا لے گیا یا آپس میں یاری آشنائی تھی؟"

"یاری آشنائی ہی تھی۔" اللہ وسایا ہنسا۔ "میں نے تو یہی سنا تھا پر کاوو اور اس کا پتر نہیں مانتا۔ مجیداں کی واپسی کے لیے میں نے صلح صفائی کی بھی کوشش کی۔ مگر طاہر اور اس کا پیئو راضی نہیں ہوئے۔ کہتے تھے' مجیداں اپنی مرضی سے آئی ہے' یہاں راضی خوشی ہے۔"

"ایسی گل تھی تو کاوو اور اس کے پتر کو چاہئے تھا کہ طاہر سے مجیداں کا ویاہ کر دیتا۔"

"پر کاوو اس کا ویاہ اپنے بھانجے سے کرنا چاہتا تھا۔ طاہر اسے بالکل پسند نہیں۔ ویسے اصلی گل ایہہ تھی کہ مجیداں کے بھاگ جانے سے کاوو کی بہت بدنامی ہوئی۔ کئی روز تو شرم کے مارے گھر

سے نہیں نکلا۔"

"عزت بھی تو آخر کوئی چیز ہوتی ہے کاوو اور اس کے گھر والوں کی زبردست بے عزتی ہوئی' اس سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔"

"یہی عزت کا معاملہ تو سارے جھگڑے کی جڑ تھا۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کی تائید کی۔ "کاوو کو رہ رہ کر اسی پر غصہ آتا تھا۔ بات کرتا تو منہ سے جھاگ نکلتے' آنکھیں لال انگارا ہو جاتیں۔ بات ختم ہونے کی بجائے بڑھتی گئی۔ کاوو اور اس کا پتر مجیداں کو کسی نہ کسی طرح واپس لانا چاہتے تھے تاکہ طاہر اور اس کے پیئو کو نیچا دکھا سکیں۔ پاس پڑوس اور برادری میں ان کا سر اونچا ہو جائے اسی چکر میں دو مہینے سے اوپر ہو گئے۔"

"کاوو نے تھانے میں پرچہ چاک نہیں کرایا؟"

"نہیں۔ وہ کہتا تھا' تھانے دار کچھ نہیں کرے گا۔ طاہر نے اس کی مٹھی گرم کر دی ہے۔"

اللہ وسایا بتاتا رہا۔ "پر کاوو چپ کر کے نہ بیٹھا۔ وہ اور اس کا پتر تاک میں لگے رہے۔ طاہر ایک روز پاک پتن بابا فرید کی درگاہ پر گیا۔ مجیداں اس کے ساتھ تھی۔ دونوں منت ماننے گئے تھے۔ کاوو کو پتہ چل گیا۔ وہ اپنے پتر کے ساتھ نکلا۔ ادھر طاہر اور مجیداں کو واپسی میں دیر ہو گئی۔ لاری سے اتر کر دونوں پنڈ کی طرف چلے تو کافی رات ہو گئی۔ کاوو اور اس کا پتر ایک سنسان جگہ جھاڑیوں میں چھپ کر بیٹھ گئے۔ جیسے ہی وہ نزدیک پہنچے' طاہر کو دونوں نے گھیر لیا۔ وہ نہتا بھی تھا۔ ٹکوے کے پہلے ہی وار میں گر پڑا۔ کاوو اور صابر گنے سے پاگل ہو رہے تھے۔ انھوں نے طاہر کے ہاتھ کاٹے' پیر کاٹے اور آنکھیں بھی نکال لیں۔ اس کی لاش جھاڑیوں میں ڈالی اور مجیداں کو اپنے ساتھ لے آئے۔"

"پولیس نہیں آئی؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"کیوں نہیں آئی۔" اللہ وسایا نے جواب دیا۔ "کاوو اور اس کے پتر صابر کو گرفتار کر کے لے گئی۔ دونوں پر طاہر کے قتل کا کیس چلایا۔ بعد میں سیشن سے دونوں کی ضمانت ہو گئی۔ ضمانت میں نے ہی دی تھی۔ دونوں میرے مزارعے جو تھے۔ دوسرے یہ کہ کاوو کی گھر والی صبح شام جیلہ کے سامنے آ کر روتی۔ تیں نوں پتہ ہے' جیلہ کسی کو دکھی نہیں دیکھ سکتی۔ وہ مجھ سے کہتی اور اس کا کہا میں ٹال نہیں سکتا۔ مجھے کاوو کے کیس کے لیے وکیل بھی کرنا پڑا۔ دوسری طرف طاہر کے پنڈ کا زمیں دار بھی مددگار بن کر سامنے آ گیا۔ سال بھر سے اوپر مکدمہ چلا۔ یعنی گواہ تو کوئی تھا نہیں۔ شک کا فائدہ ملزموں کو ملا۔ عدالت نے کاوو اور صابر کو پچھلے ہفتے بری کر دیا۔ جب دونوں گھر پہنچے تو بھنگڑا

ڈالا گیا۔ جشن منایا گیا۔ تجھے بھی پتہ چلا ہو گا۔"

"نہیں' میں کسی سے ملتا جلتا ہی کب ہوں۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ پر ادھر تو خوشیاں منائی جا رہی ہیں' ادھر طاہر کے گھر والوں کے سینوں میں آگ بھڑک رہی ہے۔ وہ طاہر کے خون کا بدلہ لینے کے لیے تاک میں ہیں۔ کاکو اور اس کا پتر تو ہر وکت چوکس رہتے ہیں۔" اللہ وسایا کے چہرے سے پریشانی ٹپکنے لگی۔ "میں جب تک باہر رہوں' تو بھی چوکس رہنا' خاص طور پر رات کو۔ ویسے بندوک چلانا تو جانتا ہی ہو گا؟ تو نے بھی زمیں داری کی ہے۔"

"برسوں شکار کھیلتا رہا ہوں۔" رحیم داد نے مستعدی سے کہا۔ "تیں نوں پتہ نہیں' میں نے کیسی زمیں داری کی ہے۔" اس نے اپنے بستے کی طرف اشارہ کیا۔ "تو نے میرا کلیم نہیں دیکھا۔ سو مربعے سے اوپر اپنا کلیم ہے۔"

"سو مربعے سے اوپر؟" اللہ وسایا نے حیرت سے چونک کر پوچھا۔

"یہ کاغذ رکھے ہیں' دیکھ لے۔" رحیم داد نے فخر سے گردن اونچی کی۔

"میں نوں بالکل پتہ نہ تھا' تو اتنا وڈا زمیں دار ہوتا تھا۔" اللہ وسایا نے بندوق رحیم داد کے حوالے کرتے ہوئے کہا۔ "اسے اپنے پاس رکھ لے۔ اور یہ رہی کارتوسوں کی تھیلی۔" اس نے چمڑے کی تھیلی بھی رحیم داد کو دے دی۔ "ویسے بندوک استعمال کرنے کی تجھے ضرورت نہیں پڑے گی۔ پر خطرہ ہو تو ہمیشہ ہوشیار اور چوکس رہنا چاہئے اور دیکھ' یہ خیال رکھنا' بندوک بھری ہوئی ہے۔ ویسے رات کو حویلی کی اگواڑے پہرا رہتا ہے۔ یوں بھی بہت نوکر چاکر ہیں۔ تیری ایک ہانک پر وہ کیا' پورا پنڈ نکل آئے گا۔ گھبرانے کی کوئی گل بات نہیں۔"

"فکر نہ کر میں ڈرنے والا بندہ نہیں۔" رحیم داد نے بڑے اعتماد سے اللہ وسایا کو یقین دلایا۔ "کتنی بار گولی چل چکی ہے۔ کبھی پیچھے نہیں ہٹا۔ ہمیشہ جم کر لڑا۔"

"ویسے دیکھنے میں بھی توجی دار لگتا ہے۔ اچھا تگڑا جوان ہے۔"

اللہ وسایا نے غلط نہیں کہا تھا۔ حویلی میں رہ کر رحیم داد کا رنگ بھی نکھر گیا تھا۔ جسم پر خوب گوشت چڑھ گیا تھا۔ وہ خاصا ہٹا کٹا لگتا تھا۔ ناشتے کے علاوہ دونوں وقت لذیذ اور مرغن غذا کھانے کو ملتی۔ کوئی کام کاج نہ کرنا پڑتا۔ تمام دن کمرے میں بستر پر لیٹا رہتا یا مقتول چوہدری نورا لی کے جعلی دستخط بنانے کی مشق کرتا۔ صبح شام باغ میں گھنٹے دو گھنٹے بیٹھتا۔ زندگی نہایت عیش اور آرام سے بسر ہو رہی تھی۔

اللہ وسایا اٹھ کر حویلی میں چلا گیا۔ رحیم داد نے بندوق کھونٹی پر دیوار کے ساتھ ٹکا دی مگر کارتوس نکال کر تھیلی میں ڈال دیئے اور تھیلی سرہانے بستر کے نیچے رکھ دی۔ پچھلی رات سے احمد کو بخار تھا۔ اس کی غیر حاضری میں حویلی کی ایک بوڑھی نوکرانی کھانا لائی تھی۔ دوسرے کام بھی اسی نے کئے۔

اللہ وسایا پروگرام کے مطابق اسی روز ملتان چلا گیا۔ رحیم داد اپنے کمرے میں رہا۔ ہوا ٹھہری ہوئی تھی۔ بڑا حبس تھا۔ آسمان پر گہرا غبار چھایا تھا۔

رحیم داد نے دن ڈھلے غسل کیا۔ اجلے کپڑے پہنے اور باغ میں بچھی ہوئی کرسیوں میں سے ایک پر جا کر بیٹھ گیا۔ کچھ دیر بعد جمیلہ بھی آ گئی۔ گڈو اور نینا' دونوں بچے اس کے ہم راہ تھے۔ جمیلہ ململ کا کڑھا ہوا سفید کرتا اور فیروزی شلوار پہنے ہوئے تھی' دوپٹا بھی فیروزی تھا۔ رحیم داد نے اسے دیکھا تو تڑپ کر رہ گیا۔

جمیلہ دور سے چل کر آئی تھی۔ پیشانی پر پسینے کے ننھے ننھے قطرے جھلملا رہے تھے۔ رخساروں پر سرخی بکھری ہوئی تھی۔ کرتا بدن سے چپکا ہوا تھا۔ ڈوبتے سورج کی روشنی میں وہ خوب صورت اور دل آرا نظر آ رہی تھی۔

"زمیں دارنی! تھکی ہوئی دکھائی پڑ رہی ہے۔ کہاں گئی تھی؟"

"میں کاکو کی دھی مجیداں کو دوائی دینے گئی تھی' اسے بخار ہے۔ لگتا ہے لو لگ گئی۔"

"یہ مجیداں وہی تو نہیں ہے جس کے لیے طاہر کا کتل ہوا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"ہاں وہی ہے۔" جمیلہ نے بتایا۔ "تیں نوں کیسے پتہ چلا؟"

"اللہ وسایا نے سویرے بتایا تھا۔ لگتا ہے' مجیداں بہت سوہنی ہو گی۔ جبھی تو اس کے لیے خون خرابہ ہوا۔"

"ایسی تو اس کی سندرتا نہیں کہ خون خرابہ ہو۔" وہ مسکرا کر بولی۔

رحیم داد نے بے ساختہ کہا۔ "وہ تیری طرح تو سوہنی نہیں ہو گی۔ تیری تو بات ہی اور ہے۔ اس پنڈ میں کیا' دور دور تک کوئی اتنی سوہنی زنانی نہ ہو گی۔" دل کی بات زبان پر آ گئی۔

"میں اب کیا رہ گئی۔" اس نے شرما کر آنچل سر پر ڈال لیا۔ "میری سندرتا تو نینا اور گڈو ہیں۔ عورت جب ماں بن جاتی ہے تو اس کی سندرتا اس کے بچے چوری چوری لے جاتے ہیں۔ سدا ایسا ہی ہوتا ہے۔"

رحیم داد نے گفتگو کا رخ بدلنے کی کوشش کی۔ "پر مجیداں کے بارے میں جو کچھ ہوا برا ہوا۔"

"بہت برا ہوا۔" جمیلہ نے اظہار تاسف کیا۔ "جب طاہر کے ساتھ چلی گئی تو میں نے کادو کو بہت سمجھایا' جو ہوتا تھا' ہو گیا۔ طاہر کو اپنا بنالے۔ پر وہ اسے جنوائی ماننے کو کسی طرح تیار نہ ہوا۔ عجب اکھڑ بندہ ہے اسے کچھ سمجھ نہ آیا۔ طاہر کا خون کیا اور پیؤ پتر دونوں پھانسی پر لٹکنے سے بال بال بچ نکلے۔ ضمانت سے پہلے مہینوں جیل میں بند رہے۔ آگے دیکھ کیا ہوتا ہے۔ دشمنی نے جڑ تو پکڑ ہی لی۔ ایک بار ایسی دشمنی پڑ جائے تو پیڑھیوں تک خون خرابے کا سلسلہ چلتا ہے۔"

"ٹھیک کہہ رہی ہے۔ کادو اور اس کے پتر کی جان کو ہر دم خطرہ ہے۔ دوسری پارٹی بدلہ لینے کی تاک میں لگی ہوگی۔"

"بالکل ایسا ہی ہے۔" جمیلہ نے اس کی تائید کی۔ "اور یہ خون خرابہ کرکے ملا کیا۔ جان بھی خطرے میں اور ادھر مجیداں رو رو کر آدھی بھی نہیں رہی۔ طاہر کا خون اسی کے کارن ہوا تھا۔ اور اس کی آنکھوں کے سامنے ہوا تھا۔ وہ یہ بات کیسے بھول سکتی ہے۔ میں نے اسے دیکھا تھا۔ چنگا گبھرو جوان تھا۔"

"بات یہ ہے جی! جب غیرت کا سوال سامنے آجاتا ہے تو ایسا ہی ہوتا ہے۔ کچھ دکھائی نہیں دیتا۔ بس ایک ہی چکر سر پر سوار رہتا ہے۔"

جمیلہ خاموش رہی۔ رحیم داد بھی چپ بیٹھا رہا۔

وہ زیادہ دیر نہیں ٹھہری۔ شام کا اندھیرا پھیلتے ہی اٹھ کر حویلی میں چلی گئی۔ بچے بھی اس کے ساتھ چلے گئے۔ رحیم داد مہمان خانے میں گیا۔ کھانا کھایا اور چھت پر چلا گیا۔ جب سے گرمی بڑھی تھی' اس نے چھت پر چارپائی ڈلوادی تھی اور اسی پر سوتا تھا۔ شام ہوتے ہی احمد یا کوئی دوسرا نوکر چھت پر چھڑکاؤ کرتا اور صاف ستھرا بستر لگا دیتا۔ رات ہوتے ہوتے چھت اتنی ٹھنڈی ہو جاتی تھی کہ گرم گرم بھبکے نہیں نکلتے تھے۔

☆

اس رات امس کچھ زیادہ تھی۔ رحیم داد بستر پر لیٹا دیر تک بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔ بھری ہوئی بندوق اس کے سرہانے رکھی تھی۔ رات آدھی سے زیادہ گزر چکی تھی۔ غنودگی میں رحیم داد کو کھٹکا محسوس ہوا۔ چارپائی کا سرہانا آنگن کی طرف تھا۔ کھٹکا اسی طرف ہوا تھا۔ رحیم داد کی نیند اچاٹ گئی۔ وہ چند لمحے خاموش لیٹا رہا۔ آسمان پر ابھی تک گاڑھا گاڑھا غبار چھایا تھا۔ ہوا دھیمی تھی اور رک رک کر چل رہی تھی۔

حویلی کی بالائی منزل کے ایک کمرے میں مدھم روشنی جھلملا رہی تھی۔ مہمان خانے کا اگلا حصہ

صاف نظر آرہا تھا۔ رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے گردن ذرا سی اٹھائی' جھک کر نیچے دیکھا۔ وہ سراسیمہ ہو گیا۔ اسے ایک آدمی چار دیواری کی بلندی سے چمٹا ہوا نظر آیا۔ وہ ہولے سے پھسل کر نیچے آنگن میں اترا۔ دبے دبے قدموں آگے بڑھا۔ بیرونی دروازے پر پہنچا اور آہستہ سے کھول دیا۔ دروازہ کھلتے ہی چار آدمی اندر داخل ہوئے۔

رحیم داد نے جھٹ گردن جھکالی۔ چند لمحے دم بخود پڑا رہا۔ اس نے خوف اور پریشانی پر قابو پانے کی کوشش کی۔ ایک بار پھر گردن اٹھائی اور منڈیر کی آڑ لے کر چوکنا نظروں سے پانچوں کو دیکھنے لگا۔ ان کے چہروں پر ڈھاٹے بندھے تھے۔ تین آدمی دھوتیاں اور لمبے لمبے کرتے پہنے ہوئے تھے۔ ان کے ہاتھوں میں قراہین اور بندوقیں دبی تھیں۔ دو قمیصیں اور شلواریں پہنے ہوئے تھے۔ ان کے پاس کوئی اسلحہ نہیں تھا۔ مگر جو مسلح تھے' ان میں دو سکھ بھی تھے۔ ان کے بڑے بڑے کیس ڈھاٹوں سے صاف نظر آرہے تھے۔ دھندلی روشنی میں وہ ان کے بارے میں اس سے زیادہ کوئی اندازہ نہ لگا سکا۔ سکھوں کو دیکھ کر اسے سخت حیرت ہوئی۔ اس کی سمجھ میں مطلق نہ آیا کہ وہ کیوں آئے ہیں اور کہاں سے آئے ہیں؟

پانچوں کچھ دیر آنگن میں خاموش کھڑے رہے۔ جب آس پاس کوئی کھٹکا نہیں ہوا تو ایک مسلح شخص آگے بڑھا اور بندر کی طرح اچھل کر قد آدم دیوار پر چڑھ گیا۔ یہ دیوار مہمان خانے کو حویلی سے جدا کرتی تھی۔ اس کا دروازہ حویلی کی جانب سے بند تھا۔

آنگن میں اب صرف چار افراد رہ گئے تھے۔ کچھ ہی دیر بعد درمیانی دیوار کا بند دروازہ کھلا اور وہ شخص باہر آگیا جو دیوار سے حویلی کے اندر کودا تھا۔ اس کے نکلتے ہی ان دونوں نے' جو بظاہر غیر مسلح تھے' قمیصوں کے اندر ہاتھ ڈال کر کمر سے لٹکتے ہوئے پستول نکالے اور تینوں کو بیرونی دروازے کی جانب جانے کا اشارہ کیا۔ وہ چلے گئے تو دونوں حویلی کے اندر داخل ہو گئے۔

رحیم داد کے پاس بھری ہوئی بندوق موجود تھی۔ مگر وہ اکیلا تھا اور پانچوں نووارد پوری طرح مسلح تھے۔ تین دروازے پر پہرا دے رہے تھے' دو اندر جا چکے تھے۔ حویلی پر گہرا سکوت طاری تھا۔ رات تاریک اور بوجھل تھی۔ چند ہی لمحے گزرے تھے کہ سناٹے میں حویلی کی بالائی منزل سے گھٹی ہوئی نسوانی چیخ بلند ہوئی۔ رحیم داد بے قرار ہو گیا۔ بالائی منزل پر صرف دو کمرے تھے۔ گرمی کے موسم میں اللہ وسایا' بیوی بچوں کے ساتھ رات کو کمروں کے سامنے کھلی چھت پر سوتا تھا مگر وہ ملتان میں تھا۔ بالائی منزل پر صرف بچے تھے اور جمیلہ تھی۔ چیخ جمیلہ ہی کی ہو سکتی تھی۔

رحیم داد کو خطرے کا شدت سے احساس ہوا۔ اس نے سرہانے سے بھری ہوئی بندوق اٹھائی۔

آہستہ سے اتر کر نیچے آیا۔ چند لمحے دم سادھے پڑا رہا۔ پھر زمین پر دھیرے دھیرے کھسکتا ہوا چھ
کی منڈیر کے پاس پہنچ گیا۔ اس نے گردن قدرے بلند کی۔ آنگن میں نظریں دوڑائیں۔ بیرو
دروازہ کھلا تھا۔ مہمان خانہ بالکل خالی تھا۔ البتہ دھندلی روشنی میں ایک شخص باہر اس طرح کھڑا
کہ اس کی پشت نظر آ رہی تھی۔ رحیم داد ٹکٹکی باندھے اسے تکتا رہا مگر اس شخص نے مڑ کر نہیں
دیکھا۔

رحیم داد کھسکتا ہوا زینے کے قریب پہنچا۔ اس کے ایک ہاتھ میں بندوق دبی تھی۔ نظریں مسا
شخص کی جانب اٹھی ہوئی تھیں جو دروازے کی جانب پیٹھ موڑے کھڑا تھا۔ رحیم داد نے ہو
ہولے قدم رکھتے ہوئے سیڑھیاں طے کیں۔ نیچے اترا۔ آنگن میں پہنچ کر وہ دیوار سے لگ گیا۔ ار
جگہ اندھیرا بہت گہرا تھا۔

وہ دم سادھے دیوار سے چپکا ہوا دھیرے دھیرے آگے بڑھا۔ حویلی کے اندر کھلنے والے
دروازے پر پہنچا۔ قریب پہنچ کر اس نے حویلی کے اندر نظر ڈالی۔ ہر طرف گہرا سکوت تھا۔ اس نے
مڑ کر چوکس نظروں سے بیرونی دروازے پر کھڑے ہوئے مسلح آدمی کو دیکھا اور جھپاک سے حویلی
میں داخل ہو گیا۔ حویلی کا اندرونی حصہ وہ پہلے بھی کئی بار دیکھ چکا تھا۔ اس نے کسی اور سمت جانے
کے بجائے دالان کا رخ کیا جہاں اوپر جانے کا زینہ تھا۔

دالان بالکل خالی تھا۔ سامنے وسیع صحن تھا۔ اس میں دور دور تک چارپائیاں پڑی تھیں جن پر
نوکرانیاں سو رہی تھیں۔ گرمی کی راتوں میں ان کے شوہر اور جوان بیٹے باہر میدان میں چارپائیاں
ڈال کر سوتے تھے۔ رحیم داد نے صحن میں پڑی ہوئی چارپائیوں پر مطلق توجہ نہیں دی۔ نوکرانیاں
بے خبر سو رہی تھیں۔ رحیم داد سنبھل سنبھل کر زینے سے اوپر پہنچا۔ سامنے کھلی چھت تھی۔ دو
پلنگوں پر دونوں بچے گہری نیند سو رہے تھے۔ لیکن جمیلہ کا پلنگ خالی تھا۔ وہ اسے کہیں نظر نہیں آئی۔
پلنگوں کے قریب ہی کمرہ تھا۔ اس کا دروازہ بند تھا۔

رحیم داد نے بندوق پر ہاتھ کی گرفت مضبوط کی۔ زینے کی ممٹی سے باہر نکلا۔ جھکا جھکا آگے
بڑھا۔ اسی وقت کمرے کا دروازہ چرچراتا ہوا کھلا۔ رحیم داد جھٹ ایک پلنگ کی آڑ میں دبک گیا۔
دروازہ پھر بند ہو گیا۔ رحیم داد دم بخود بیٹھا چوکنا نظروں سے دروازہ تکتا رہا۔

☆

گرم اور غبار آلود رات دم بخود کھڑی تھی۔ حویلی پر گہرا سکوت طاری تھا۔ دونوں بچے پلنگوں پر
بے خبر سو رہے تھے۔ جمیلہ کمرے کے اندر تھی۔ رحیم داد ایک پلنگ کی آڑ میں دبکا بیٹھا تھا۔ اس کی

نظریں کمرے کے دروازے پر لگی تھیں۔

دروازے کے پیچھے سے بہت مدھم لہجے میں باتوں کی مبہم آوازیں ابھر رہی تھیں۔ رحیم داد نے
کان لگا کر سننے کی کوشش کی۔ مگر کچھ پلے نہ پڑا۔ اسے ایسا محسوس ہوا جیسے جمیلہ کسی مصیبت میں
مبتلا ہے۔

اس نے بندوق سنبھال کر کمرے کے دروازے کا نشانہ لیا اور کبڑوں کی طرح جھکا جھکا کمرے کی
جانب بڑھا۔ قریب پہنچ کر اس نے دروازے پر زور سے ٹھوکر ماری۔ دروازہ کھل گیا۔ کمرے میں
دو آدمی کرسیوں پر بیٹھے تھے۔ ان کے عین سامنے پلنگ پر پیر لٹکائے جمیلہ بیٹھی تھی۔ رحیم داد نے
نشانہ باندھ کر دونوں کو بندوق کی زد پر رکھ لیا۔ وہ بھونچکا رہ گئے۔ ان کے چہروں پر دہشت اور پریشانی
طاری ہو گئی۔ رحیم داد ان کے سروں پر ملک الموت بنا کھڑا تھا اور انھیں قہر آلود نظروں سے گھور رہا
تھا۔

جمیلہ نے گردن کو خم دے کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ اس کے چہرے پر نہ خوف تھا' نہ گھبراہٹ
تھی۔ اس نے سنبھلے ہوئے لہجے میں رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! بندوک ہٹالے۔"

رحیم داد نے بندوق نیچے کر لی۔ کمرے میں لیمپ روشن تھا۔ مگر اس کی لو مدھم تھی۔ رحیم داد نے
دونوں اجنبیوں کا جائزہ لیا۔ انھوں نے ڈھاٹے ہٹا دیئے تھے۔ اب ان کے چہرے صاف نظر آ رہے
تھے۔ ان میں سے ایک گورا چٹا جوان تھا۔ اس کی ڈاڑھی مونچھیں بالکل صاف تھیں۔ سر کے بال
آڑی مانگ نکال کر جمائے گئے تھے۔ قد اونچا' جسم مضبوط اور بھرا بھرا تھا۔ وہ ڈبل گھوڑا بوسکی کی
قمیص اور سفید شلوار پہنے ہوئے تھا۔ گلے میں سونے کی زنجیر پڑی تھی۔ ہاتھ کی ایک انگلی میں
سونے کی انگوٹھی تھی جس میں جڑا ہوا پکھراج جگمگا رہا تھا۔ دوسرا شخص ادھیڑ تھا۔ اس کے سر کے
بال کھچڑی تھے۔ مونچھیں گھنی تھیں' ان میں کہیں کہیں سفید بال جھلک رہے تھے۔ چہرے پر عمر رفتہ
کی دھندلی پرچھائیاں تھیں۔ وضع قطع سے وہ بھی کھاتا پیتا آدمی لگتا تھا۔ جمیلہ نے اس کی طرف
اشارہ کرتے ہوئے رحیم داد کو بتایا۔ "یہ میرا چاچا ہے اور یہ میرا ویر ہردیال ہے۔" اس نے
دوسرے کی سمت نظریں گھمائیں۔ "دونوں مجھے لینے آئے ہیں۔" رحیم داد نے محسوس کیا کہ
ہردیال کے چہرے سے جمیلہ کی شباہت صاف جھلک رہی ہے۔

جمیلہ کے چچا نے رحیم داد کو بغور دیکھا اور پوچھا۔ "یہ حویلی کا چوکیدار ہے؟"

"نہیں چاچا!" جمیلہ نے تردید کی۔ "ایسی گل نہ کر۔ چوہدری' ہمارا مہمان ہے۔ سمجھو گھر ہی کا
بندہ ہے۔" اس نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! کھڑا کیوں ہے' بیٹھ جا۔"

رحیم داد نے دیوار کے قریب رکھے ہوئے سرکنڈوں کے مونڈھے پر بیٹھتے ہوئے جمیلہ کو دیکھا اور بڑے جوش سے بولا۔ "جب تک اللہ وسایا نہیں آئے گا' میں تجھے یہاں سے نہیں جانے دوں گا۔" اس نے بندوق زانو پر رکھ لی۔ "یہ تجھے یہاں سے مجھے ختم کر کے ہی لے جا سکتے ہیں۔"

کمرے میں پراسرار سکوت چھا گیا۔ ہردیال اور اس کا چچا چپ بیٹھے رہے مگر جمیلہ خاموش نہیں رہی۔ اس نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! تو چپ کر۔" اس کا لہجہ تیکھا تھا۔ "اس معاملے میں نہ بول۔ تجھے چنتا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہ میرا اپنا معاملہ ہے۔ اس میں تو اللہ وسایا بھی نہیں بول سکتا۔"

چچا نے بھتیجے کو دیکھا۔ دونوں کی نظریں ملیں۔ پھر ہردیال نے کھنکار کر جمیلہ کو مخاطب کیا۔ "پارو! کیا سوچا تو نے؟ ہم یہاں زیادہ دیر نہیں ٹھیر سکتے۔" اس کا لہجہ تیکھا اور تلخ ہو گیا۔

"آج ہم تجھے لے کر ہی جائیں گے۔"

"بھاجی! دھیرے بول۔ جاگ ہو گئی تو پورا پنڈ اکٹھا ہو جائے گا۔" جمیلہ نے نرم لہجے میں اسے خبردار کیا۔ "دھیرج سے کل کر' دھیرج سے۔"

چچا بولا۔ "تیرا پتا تیرے لیے تڑپتا ہوا پچھلے برس سورگ باشی ہو گیا۔ آخری سمے اس کی زبان پر تیرا ہی نام تھا۔ مڑ مڑ کر ادھر ادھر دیکھتا تھا۔ تجھے ڈھونڈتا تھا۔ ایک ایک سے پوچھتا تھا' میری پارو کہاں ہے؟ کیسے بتاؤں تیرے لیے وہ کیسا بیکل تھا۔ میں تو کہتا ہوں' مر کر بھی اس کی آتما کو شانتی نہیں ملی ہو گی۔" اس کے لہجے میں دبا دبا کرب تھا۔ "پارو! تو بہت کٹھور ہے۔ تیرے سینے میں ہردے نہیں' پتھر ہے۔ تو نے میرے بھائی کو مار ڈالا۔"

"ماتا جی کا بھی سمجھ لے' چل چلاؤ ہے۔" بھائی نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "تیرے لیے روتے روتے اس کی آنکھوں کی روشنی اتنی کم ہو گئی ہے کہ ٹھیک سے دیکھ بھی نہیں سکتی۔ اتنی کمزور اور بیمار لگتی ہے' دیکھے گی تو پہچان نہیں پائے گی۔ اس کا تو کب کا دیہانت ہو گیا ہوتا پر اس کا دم تو تجھ میں اٹکا ہے۔" ہردیال کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ "پارو! چل کر ماتا جی کو بچا لے۔ پتا چھوٹا' ماتا بھی چھوٹ جائے گی۔" اس کی آنکھیں بھر آئیں۔

جمیلہ سر جھکا کر رونے لگی۔ بوجھل فضا کرب ناک ہو گئی۔ کمرہ مرگھٹ کی طرح ویران نظر آنے لگا۔ ہردیال نے گہری سانس بھری' آنسو پونچھے اور بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔ "پارو! میری بھین!" وہ پھر رونے لگا۔

جمیلہ نے ہردیال کو دیکھا اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولی۔ "بھاجی! تیری بھین

پاروتی تو اسی روز مر گئی تھی جب تو اسے بھیرپور سٹیشن پر بلوائیوں کے ہاتھوں میں اکیلا چھوڑ کر ستلج پار چلا گیا تھا۔"

"تجھے پتہ ہے' وہ کیسا کڑا سمے تھا۔" ہردیال نے صفائی پیش کی۔ "میں بالکل مجبور تھا۔ یہ تو سوچ' کوئی بھائی اپنی بھین کو اس پر کار چھوڑ سکتا ہے۔ یہ کل میں نے تجھے پہلے بھی بتائی ہے۔ اندھیرے میں مجھے کچھ نظر نہیں آیا۔ ستلج پار کرنے سے پہلے میں نے تجھے بار بار پکارا تھا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ اس کے لہجے میں درد کی کسک تھی۔ "پارو! اٹھ سال سے تو ہم سب کو سزا دے رہی ہے۔ اب تو چھما کر دے۔"

"بھاجی! تو تین بار پہلے بھی آ چکا ہے۔" جمیلہ نے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔ "دو بار پولیس اور سرکاری افسروں کو لے کر آیا۔ تجھے ٹھیک طرح پتہ ہے' میں نے اب یہاں سے نہیں جانا۔ میں اب تیری پارو نہیں رہی۔ اب میں جمیلہ ہوں۔ اللہ وسایا کی گھر والی اور مینا اور گڈو کی ماں۔" اس کا لہجہ سنبھلا ہوا تھا۔ "میں ۲۲ برس تک پاروتی رہی۔ ۱۹۴۷ء میں پاروتی کا مرن ہو گیا۔ اور میں نے جمیلہ کے روپ میں دوسرا جنم لیا۔ اب تو مجھے یہاں سے لے جائے گا۔ ہردوار یا کاشی میں پنڈتوں اور پروہتوں کے ہاتھوں میری شدھی کرائے گا۔ جمیلہ کو قتل کر کے ایک بار پھر پاروتی بنائے گا۔" اس کی آواز میں تلخی تھی۔ "بھاجی! میں کتنی بار قتل ہوں گی' کتنی بار مروں گی۔ یہ تو سوچ' مجھے وہاں کون چھما دے گا۔ ایسی نار کو کون چھما دے سکتا ہے جو اٹھ برس تک ایک مسلمان کی گھر والی رہ چکی ہو اور اس کے دو بچوں کی ماں بھی ہو۔"

"تو چنتا نہ کر پارو! سب ٹھیک ہو جائے گا۔" چچا نے تسلی دینے کی کوشش کی۔ "ہم نے تیرے سنجوگ کے لیے ور بھی ڈھونڈ لیا ہے۔ اپنی ہی جات برادری کا ہے' بہت بھلا...."

جمیلہ اس کی بات کاٹ کر بولی۔ "چاچا! توں میرے ساتھ میرے بچوں کو بھی تباہ کرنا چاہتا ہے۔ اتنا تو سوچ' ان دونوں کا اس معاملے میں کیا دوش ہے؟"

"صاف گل ایسہ ہے پاور! ہم سے یہ نہیں دیکھا جاتا کہ ہمارے جیتے جی تو ایک مسلے کے گھر میں رہے۔" چچا کا لہجہ تند اور تیز تھا۔ "اور وہ بھی ہمارے ایک مزارعے کی پتنی بن کر۔ کچھ تو اپنے دھرم کا' اپنے اونچے خاندان کا دھیان کر۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "ہا' کیسا کلنک ہے۔"

"چاچا! تو بھی ٹھیک کہتا ہے۔" جمیلہ نے دکھ سے کہا۔ "جب بیٹیوں اور بہنوں کو ننگا کر دیا جائے اور بازاروں سے ان کا جلوس نکال کر دھرم کا نام اونچا کیا جائے۔ دھرم کے نام پر کنیاؤں اور ملاؤں کی آبرو لوٹی جائے۔ کتوں کی طرح ان کو بھنبھوڑا جائے۔ ان کی ہڈیاں چچوڑی جائیں تو یہ

کلجگ ہی ہوا۔" اس نے چچا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں۔ "اللہ وسایا اگر ہمارا مزارع تھا تو کیا ہوا؟ اس نے میرے ساتھ وہ سب کچھ نہیں کیا جو ادھر اور ادھر دونوں طرف دھرم کے نام پر ہوا۔ اس کے اندر کا پرش اس سے بھی زندہ تھا اور آج بھی زندہ ہے۔"

"یہ باتیں تو بار بار کہتی ہے۔ تیری ضد اور ہٹ دھرمی اب تک نہیں گئی۔" ہردیال کی تیوری پر بل پڑ گئے۔ "دیکھ پارو! میں اس بار ماتا جی کو وچن دے کر آیا ہوں۔ آج خالی ہاتھ نہیں جاؤں گا۔" اس نے جھپاک سے پستول نکال لیا۔ "تو میرے ساتھ چلے گی۔ میرا رستہ کوئی نہیں روک سکتا۔" اس نے جھپٹ کر جمیلہ کا ہاتھ پکڑ لیا۔ "چل اٹھ۔ اگر تو چاہتی ہے' دو چار لاشیں یہاں گر جائیں تو میں اس کے لیے بھی تیار ہو کے آیا ہوں۔" اس کا لہجہ تیز ہو آ گیا۔

"میرے بندے کار بینیں اور بندوکیں سنبھالے پنڈ کے نکڑ پر چوکس کھڑے ہیں۔ تین جیپیں' ہتھیار بند بندوں سے بھر کر لایا ہوں۔ اس بار ہر طرح تیار ہو کر آیا ہوں۔ میرا رستہ تو پولیس بھی نہیں روک سکتی۔"

"بھاجی! میرا ہاتھ چھوڑ دے۔" جمیلہ نے نرم لہجے میں کہا۔ "میں نوں پتہ ہے' توں بہت زور آور اور ویر ہے۔ مجھے مان ہے کہ تو میرا ویر ہے۔"

ہردیال نے بہن کا ہاتھ چھوڑ دیا۔ جمیلہ اٹھی اور تن کر بھائی کے سامنے کھڑی ہو گئی۔ "بھاجی! دوسروں کی لاشیں کیوں گرانا چاہتا ہے' ایسا کر' میرے سینے میں اپنے پستول کی ساری گولیاں اتار دے اور میری لاش ماتا جی کے پاس لے جا۔ وہاں میری ارتھی کو شمشان میں اپنے ہاتھوں سے آگ لگا دینا۔ تیرے دھرم کا پرا شچت ہو جائے گا۔ میری مکتی اسی میں ہے۔" اس نے بھائی کو للکارا۔ "چلا گولی۔"

بھائی خاموشی سے اسے گھورتا رہا۔ چچا بھی چپ تھا۔ رحیم داد دم بخود تھا۔ کمرے میں ایک بار پھر گہرا سکوت چھا گیا۔ ذرا دیر بعد ہردیال کھڑا ہو گیا۔ اس نے قہر آلود نظروں سے جمیلہ کو دیکھا۔

"تو نہیں چلے گی میرے سنگ؟"

"تو کس کی بات کر رہا ہے؟ میری؟ میں تو اٹھ برس پہلے ہی مر گئی تھی۔ جمیلہ تو ایک مرد کا نام ہے۔ اس کا کوئی بھی نام ہو سکتا ہے۔ وہ تو دوسروں کو خوش دیکھنے کے لیے ہنستی ہے' بولتی ہے' چلتی پھرتی ہے۔ میں تو مانو' اب ایک لاش ہوں۔ تو لاش اٹھا کر لے جانا چاہتا ہے تو ضرور لے جا۔ پر اس طرح نہیں' خون سے نہلا کر۔" وہ آگے بڑھی اور بھائی کے سینے پر سر رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

ہردیال پیار سے اس کی پیٹھ تھپکنے لگا۔ جمیلہ سسکیوں کے ساتھ رک رک کر کہتی رہی۔ "ویر! میرے سینے میں ہردے نہیں رہا۔ میں زخموں سے چور چور ہو چکی ہوں۔ مجھے اور دکھ نہ پہنچا۔ میرے سارے زخم کھل جائیں گے۔" وہ ہانپنے لگی۔ "مجھ مری ہوئی کو ایک بار پھر مارنا چاہتا ہے تو مار دے۔ میں تجھے کچھ نہیں کہوں گی' کچھ بھی نہیں۔"

وہ بلک بلک کر رونے لگی۔ بھائی بھی بے قرار ہو کے رو پڑا۔ ان کی آنکھوں سے آنسو ٹپکتے رہے۔ کمرے میں سسکیاں ابھرتی رہیں۔ چچا بھی خود پر قابو نہ رکھ سکا۔ اس کی آنکھیں بھی اشکبار ہو گئیں۔ وہ روتا ہوا کھڑا ہو گیا۔ بھتیجے کے قریب گیا اور اس کا کندھا تھپکتے ہوئے بولا۔

"ہردیال! تو کب تک روتا رہے گا۔ یہ نہیں جائے گی۔"

"ہاں چاچا! یہ نہیں جائے گی۔" ہردیال نے مایوسی سے کہا۔ "اس کی مرضی یہیں رہنے کی ہے تو یہ یہیں رہے گی۔ اس کی خوشی میں میری خوشی ہے۔ میں اسے دکھی نہیں دیکھ سکتا۔" وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ جمیلہ کی سسکیاں اور تیز ہو گئیں۔

مہمان خانے کی جانب سے سناٹے میں ہلکی سی ٹی ابھری۔ چچا پریشان ہو کر بولا۔ "ہردیال! اب یہاں سے چلنا چاہئے۔"

ہردیال نے بہن کا سر چوما اور اسے علیحدہ کر دیا۔ پھر ٹھوڑی پکڑ کر اس کا چہرہ اٹھایا اور بھیگے ہوئے رخسار تھپ تھپائے۔ "آنسو پونچھ لے۔ میں تجھے نہیں لے جاؤں گا۔ تو جیت گئی۔ میرا مان ایک بار پھر ٹوٹ گیا۔ تو پارو تی بن کر زندہ رہے یا جمیلہ بن کر' میں تجھے زندہ دیکھنا چاہتا ہوں۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "تو جس حال میں بھی رہے' میری لاڈلی بھین پارو ہی رہے گی۔ میرے گھر کے دروازے سدا تیرے لیے کھلے رہیں گے۔ جب چاہے چلی آنا۔ میں اتنم بار نہیں آیا ہوں۔ جب چاہے مجھے بلا لینا۔ سمگلر مجھے حفاظت سے تیرے پاس پہنچا دیں گے۔ وہ نہ ہندو ہوتے ہیں' نہ سکھ' نہ مسلمان۔ وہ صرف سمگلر ہوتے ہیں۔" وہ ہانپنے کے سے انداز میں گہری گہری سانسیں بھرنے لگا۔

کمرے کی فضا آنسوؤں سے بھیگی ہوئی تھی۔ ملگجی غبار آلود رات نڈھال ہو گئی تھی۔ سناٹا راکھ بن کر بکھرتا جا رہا تھا۔ ہوا دم بخود تھی۔ "چاچا! اب یہاں سے نکل جانا چاہئے۔ بہت دیر ہو گئی۔" ہردیال کی آواز ابھری۔

وہ چچا کے ہم راہ دروازے کی جانب بڑھا۔ جمیلہ چپ چاپ ان کے پیچھے پیچھے دروازے تک گئی۔ تیزی سے بڑھ کر دہلیز پر پہنچی' ہاتھ اٹھا کر ہردیال سے بولی۔ "ٹھیر جا ویر! تو بھین کے گھر سے ایسے نہیں جائے گا۔ میں تجھے یوں بدا نہیں ہونے دوں گی۔" وہ کمرے کے اندر گئی' ٹرنک سے ایک

ڈبیا نکال کے لائی۔ ڈبیا کھول کر بھائی اور چچا کی پیشانیوں پر سیندور کا تلک لگایا۔ دونوں ہاتھ جوڑ کر بھائی اور چچا کو پرنام کیا۔

دونوں آگے بڑھے۔ جمیلہ دہلیز پر رک گئی۔ انھوں نے چھت عبور کی' زینے کی ممٹی پر پہنچے۔ ہردیال نے مڑ کر جمیلہ کی جانب دیکھا' لمحے بھر کو ٹھٹکا اور پھر اندھیرے میں چچا کے ساتھ گم ہو گیا۔

رات زخمی پرندے کے مانند پھڑپھڑانے لگی۔ جمیلہ واپس آکر کرسی پر تھکی ہوئی سی بیٹھ گئی۔ اس کی آنکھیں روتے روتے سوج گئی تھیں۔ وہ آہستہ آہستہ ہچکیاں لے رہی تھی۔ لیمپ کی دھندلی روشنی میں اس کا چہرہ مٹیالا پڑ گیا تھا۔ رحیم داد گم صم بیٹھا تھا۔ کچھ دیر بعد کہیں دور رات کے سناٹے میں جیپوں کے انجن اسٹارٹ ہونے کی آواز ابھری۔ رحیم داد نے گردن کو ذرا سا خم دیا اور جیپوں کی آوازیں توجہ سے سننے لگا۔ آوازیں رفتہ رفتہ گہری خاموشی میں تحلیل ہو کر ختم ہو گئیں۔

اس نے جمیلہ کو مخاطب کیا۔ "زمیں دارنی! وہ چلے گئے۔"

وہ رحیم داد کی جانب دیکھے بغیر بولی۔ "ہاں چوہدری' وہ چلے گئے۔" اس کی آواز بھرا گئی۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے منہ چھپایا اور بے اختیار رونے لگی۔

رحیم داد نے جمیلہ کو تسلی دینے کی کوشش کی۔ "زمیں دارنی! اب رونے سے کیا ہو گا' جو ہونا تھا' ہو گیا۔"

"چوہدری! تو جا۔" اس نے روتے ہوئے کہا۔ "مجھے اکیلا چھوڑ دے۔ مجھے جی بھر کے رو لینے دے۔"

کمرے کی خاموشی میں جمیلہ کی سسکیاں رک رک کر ابھرتی رہیں۔ رحیم داد چپ بیٹھا رہا۔ مگر زیادہ دیر نہ ٹھہر سکا۔ اس نے بندوق سنبھالی اور کمرے سے چلا گیا۔ جمیلہ نے نظریں اٹھا کر اس کی جانب دیکھا اور سسکیاں بھرتی رہی۔

رحیم داد سیڑھیوں سے نیچے اترا۔ دالان میں پہنچا۔ سامنے وسیع صحن تھا جس میں کچھ ہی عرصہ پہلے اس نے مشعلوں کی لہراتی روشنی میں جمیلہ کو الھڑ مٹیاروں کے ساتھ گدھا ناچتے دیکھا تھا۔ اب اسی صحن میں چارپائیوں پر نوکرانیاں بے خبر سو رہی تھیں اور جمیلہ اوپر کمرے میں بلک بلک کر رو رہی تھی۔

رحیم داد حویلی سے نکل کر مہمان خانے میں گیا۔ بیرونی دروازہ ابھی تک پاٹوں پاٹ کھلا تھا۔ اس نے دروازہ بھیڑ کر زنجیر چڑھائی۔ چھت پر گیا' بندوق احتیاط سے سرہانے رکھی اور نڈھال ہو کر بستر پر دراز ہو گیا۔ وہ چت لیٹا اجڑی ہوئی رات کو گزرتے دیکھتا رہا۔

صبح رحیم داد کی طبیعت بوجھل تھی۔ ایسا محسوس ہوا گویا رات کو کوئی ڈراؤنا خواب دیکھا ہو۔ حویلی کا ملازم' احمد ابھی تک بیمار تھا۔ ناشتا اور دوپہر کا کھانا ایک نوکرانی لے کر آئی۔

دن ڈھلے رحیم داد باغ میں گیا۔ آسمان ہنوز غبار آلود تھا۔ امس تھی' گرمی تھی۔ فضا بے کیف اور دھواں دھواں تھی۔ اللہ وسایا واپس نہیں آیا۔ دوسرے روز بھی نہیں آیا۔ ان دو دنوں میں جمیلہ بھی اسے نظر نہیں آئی۔

☆

رات کو بارش کا ہلکا سا چھینٹا پڑا۔ آسمان سے غبار چھٹ گیا مگر گرمی بڑھ گئی۔ زمین سے گرم گرم بھبکے نکلتے تھے۔ رحیم داد کی وہ رات بھی بے چینی میں کٹی۔ سویرے ناشتے سے فارغ ہو کر وہ باغ میں گیا۔ دن ڈھلے بھی گیا۔ اب موسم قدرے خوش گوار تھا۔ جمیلہ باغ کے ایک گوشے میں چپ بیٹھی تھی۔ رحیم داد اس کی جانب بڑھا۔

جمیلہ نے نظر اٹھا کر اسے دیکھا اور آہستہ سے بولی۔ "آ چوہدری!"

رحیم داد خاموشی سے اس کے قریب ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ جمیلہ کے چہرے پر ابھی تک غم کی پرچھائیاں چھائی ہوئی تھیں۔ وہ بجھی بجھی اور اجڑی اجڑی نظر آ رہی تھی۔ دونوں اپنی اپنی سوچ میں ڈوبے رہے۔ کچھ دیر بعد جمیلہ نے نظریں اٹھا کر رحیم داد کو دیکھا۔ زیر لب مسکرائی' یہ مسکراہٹ نہیں تھی۔ کلی مسل رکھ گئی تھی۔

"چوہدری! تو نے بہت دنوں تک بھید ہی کو بھید رکھا تھا۔ اس رات پا ملی تو بھی ٹیلہ ایا۔"

"حمے نے یہ بات مجھے بتائی تھی۔ پر مجھے یقین نہیں آیا تھا۔"

"یہ گل خانی حما ہی نہیں جانتا' سارا پنڈ جانتا ہے۔" جمیلہ نے بتایا۔ "اور میں نے چھپائی بھی نہیں۔ سچ بات کبھی نہیں چھپتی۔ اسے چھپانا' اپنے کو دھوکا دینا ہے۔"

"پر یہ بات اب تک سمجھ نہیں آئی۔" رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔ "کیا یہ سچ ہے' اللہ وسایا تیرے پیو کا مزارع تھا؟"

"تھا' بالکل تھا۔" جمیلہ نے صاف گوئی سے کام لیا۔ "پر وہ مزارعے سے زمیں دار بن کر بھی زمیں دار نہیں بن سکا۔ وہ عجیب بندہ ہے۔ مجھ سے زیادہ اسے کوئی نہیں جانتا۔" وہ بات کرتے کرتے گہری سوچ میں کھو گئی۔ رحیم داد بھی خاموش رہا۔ پھر جمیلہ ہی نے خاموشی توڑی۔ "میں نے اسے پہلی بار دیکھا تو ڈر گئی تھی۔ اس سے وہ بہت زور آور اور کڑوا تھا۔ بات بات پر شعلے کی طرح بھڑک اٹھتا تھا۔"

"دیکھنے میں تو بالکل کڑوا نہیں لگتا۔"

"اب تو گنو بن گیا ہے۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔ "اٹھ برس ادھر کی گل ہے۔ جب فسادات کی آگ بھڑکی' ہر طرف خون خرابہ ہونے لگا۔ میں ان دنوں لہور میں ہوتی تھی۔ وہاں میں پڑھتی تھی۔ میرا بی اے کا آخری سال تھا۔ پر فسادات شروع ہونے کے بعد کالج بند کر دیا گیا تھا۔ میں ماڈل ٹاؤن میں اپنے ماما کی کوٹھی میں ٹھیری تھی۔ فیر ایسا ہوا کہ فسادات کم ہونے کی بجائے بڑھتے چلے گئے۔ لہور کے ہندو گھر بار چھوڑ کر بھاگنے لگے۔ تب میرا بی دیر ہردیال مجھے لہور سے دیپال پور لے آیا۔"

"پر یہ حویلی تو تیرے پیؤ کی تھی۔ تیرے گھر والے یہاں نہیں رہتے تھے؟"

"نہیں! یہاں ہمارا مینجر بنسی لال رہتا تھا۔ وہ اور اس کے بال بچے اسی مہمان خانے میں رہتے تھے جس میں آج کل توں ٹھیرا ہے۔ حویلی عام طور پر خالی رہتی تھی۔ ہم بھائی بھین تو یہاں گرمیوں کی چھٹیوں میں کبھی کبھار آجاتے تھے۔ پتا جی بھی بہت کم آتے تھے۔ ان کا نام لالہ کرشن دیال تھا۔" جمیلہ آہستہ آہستہ بتاتی رہی۔ "یہ جو دیپال پور میں کپاس بیلنے کی کرشنا کاٹن فیکٹری ہے' یہ میرے پتا نے ۱۹۳۳ء میں لگائی تھی۔ ان کا اور بھی بہت کاروبار تھا۔ کئی دکانیں تھیں' ساہوکارہ تھا' کئی کمپنیوں اور ایک بینک کے وہ ڈائریکٹر بھی تھے۔ کاروبار میں اتنے الجھے رہتے تھے کہ کئی کئی سال ادھر نہ آتے۔ زمیں داری کی دیکھ بھال ہردیال کرتا تھا یا بنسی لال۔"

رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔ "توں اتنے وڈے گھرانے کی دھی ہے' توں نے اپنے مزارعے سے کیسے ویاہ کرلیا؟ بہت عجیب گل ہے۔"

"یہی تو میں تجھے بتا رہی تھی۔" جمیلہ نے جواب دیا۔ "جب فسادات کی آگ منٹگمری میں بھی پھیل گئی تو آس پاس کے دیہات کے ہندو دیپال پور آگئے۔ وہاں پہلے ہی ہندو بہت تھے۔ پر زیادہ تر کھتری ہیں۔ ہماری گوت کھنّہ ہے۔ دیپال پور میں کھتریوں کی مشہور تیرتھ بھی ہے۔ یہ بابا لالہ جس راج رائے کی سمادھی ہے۔ سمادھی کے ساتھ مندر ہے' دھرم شالہ ہے۔ ایک دھرم سبھا بھی ہوتی تھی۔ جانے اس کا کیا بنا۔" وہ لمحے بھر کے لیے رکی۔ "۵ برس ادھر کی بات ہے۔ میں اللہ دسایا کے ساتھ دیپال پور گئی تھی۔ سمادھی' مندر' دھرم شالہ' ہر جگہ مہاجروں نے کبضہ کر رکھا تھا۔ کبھی اس جگہ زبردست میلہ لگتا تھا۔ ماگھ کے مہینے میں کھتری دور دور سے تیرتھ یاترا کے لیے آتے تھے۔ جب کھتریوں کا کوئی منڈا دس برس کا ہو جاتا تو بابا جس راج کی سمادھی کے سامنے اس کا مونڈن ہوتا۔ سر کے بال صاف کر دیئے جاتے۔ کیول بودھی چھوڑ دی جاتی۔ وہ کبھی نہیں کاٹی جاتی

تھی۔ میں نے اپنے چھوٹے بھائی منوہر دیال کا مونڈن ہوتے دیکھا تھا۔ اس دن گھر میں زبردست جشن ہوا۔ مہمانوں کے لیے پکوان پکے۔ طرح طرح سے بھوجن پروسے گئے' کیرتن ہوا' بھجن ہوا۔ ہمارا گھر بہت شان دار تھا۔ دو منزل کا تھا۔ اس روز دیوے جلا کر گھر پر خوب روشنی کی گئی تھی۔ بالکل دیوالی کا سماں تھا۔"

"جب تسیں دیپال پور گئی تھیں تو اپنا گھر بھی دیکھا ہوگا۔ کیا حال ہے اس کا؟"

"یہ نہ پوچھ۔" جمیلہ نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "میں نے اسے دیکھا تو بے کل ہو کر بن سوچے ایک دم اندر گھس گئی۔ اس میں مہاجر کنبے ٹھیرے ہوئے تھے۔ جگہ جگہ چولھے تھے۔ دھوئیں سے ساری دیواریں کالی پڑ گئی تھیں۔ ماتا جی جہاں پوجا پاٹ کرتی تھیں' وہاں پکا چبوترا تھا۔ اوپر آلا تھا۔ اس میں کرشن جی کی مورتی رکھی رہتی تھی۔ چبوترے کے پاس ہی تلسی کے بوٹے ہوتے تھے۔ ماتا جی ہر روز سورج نکلنے سے پہلے ان میں پانی دیتی تھیں۔ چبوترے کے پاس کوئی آشنان کیے بنا نہیں جا سکتا تھا۔ پر اب چبوترے پر بھی چولھا بن گیا تھا۔ آلے سے مورتی اٹھا کر پھینک دی گئی تھی۔ اب اس میں چراغ جلتا تھا۔ تلسی کے بوٹے سوکھ کر کب کے ختم ہو چکے تھے۔"

وہ پھر کسی سوچ میں ڈوب گئی۔ رحیم داد آہستہ سے کھنکارا تو وہ چونکی۔ "پتا جی نے بہت چاؤ سے گھر کے لیے ساگوان کا شان دار فرنیچر بنوایا تھا۔ کچھ تو توڑ پھوڑ کر روٹی پکانے کے لیے چولہوں میں جلا دیا گیا۔ جو بچ گیا تھا' وہ بھی ٹوٹ پھوٹ کر کاٹھ کباڑ بن گیا تھا۔ ہر طرف گندگی ہی گندگی تھی۔ بندے بھی بھلے نہیں تھے۔ زنانیاں مجھے گھور گھور کر دیکھنے لگیں' میں ڈر گئی۔ میرا کمرہ اوپر تھا۔ میں اسے دیکھنا چاہتی تھی پر حوصلہ نہ ہوا۔ میں جلد ہی گھر سے باہر چلی گئی۔ چوہدری! ذرا سوچ' کیسی عجیب گل ہے۔ اپنا گھر پرایا ہوا سو ہوا' اس سے ڈر بھی لگنے لگا تھا۔ دوبارہ میں کبھی ادھر نہیں گئی۔ جا کے کرتی بھی کیا' دکھ ہی ہوتا۔"

زمیں دارنی! تجھے اپنے گھر والے تو یاد آتے ہوں گے؟"

"تجھے اپنی گھر والی اور بچے یاد نہیں آتے؟"

"کیوں نہیں آتے۔" رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں جواب دیا۔ "تبھی تو تجھ سے پوچھ رہا ہوں۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میرا دکھ تو سمجھ سکتا ہے۔ میری طرح توں بھی گھائل ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کی جانب افسردہ نظروں سے دیکھا۔ "چوہدری! ہم ۵ بھائی بھین ہوتے تھے۔ میں چار بھائیوں کی اکلوتی بھین تھی۔ پر اب تین رہ گئے ہیں۔ چوتھا بل بیر دیال تھا۔ وہ ہردیال سے چھوٹا اور مجھ سے بڑا

تھا۔ بلوائیوں کے ہاتھوں مارا گیا۔ ہردیال بتاتا تھا' پتا جی نے اس کی لاش دیکھی تھی۔ بعد میں جانے اس کا کیا بنا۔ چیلیں اور گدھ ماس نوچ نوچ کر کھا گئے ہوں گے' پنجر کہیں دبا دیا گیا ہوگا۔ چوہدری! توں نے اسے نہیں دیکھا۔ ہائے کیسا سندر اور سوہنا تھا۔" اس نے لمبی سانس بھری۔ "سنا ہے' تینوں بھائیوں کا ویاہ ہوگیا ہے۔ بچے بھی ہیں۔ میں نے نہ کسی بھرجائی کو دیکھا نہ بچوں کو۔ سب کو دیکھنے کے لیے من تو بہت مچلتا ہے' پر اب میں ان کے پاس نہیں جاسکتی۔ میں نے سوچ لیا ہے' وہ سب مرگئے۔"

جمیلہ اس المیے کے ورق پلٹتی رہی جس میں بنیادی کردار خود اس نے ادا کیا تھا۔ رحیم داد ہمہ تن گوش رہا۔ وہ اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جاننا چاہتا تھا تاکہ اس کے زیادہ سے زیادہ قریب ہوجائے۔ وہ خاموش ہوجاتی تو رحیم داد کرید کر پوچھتا۔ اس دفعہ بھی جمیلہ بات کرتے کرتے رکی' مگر رحیم داد نے اسے خاموش نہیں رہنے دیا۔

"تیرے گھر والے تو سرحد پار نکل گئے تھے' توں کیسے ادھر رہ گئی؟"

"اب تو تجھے پتہ چل ہی گیا۔ جو نہیں پتہ' وہ بھی سن لے۔ تجھ سے اب کیا چھپانا۔ ویسے چھپانے کو رہ ہی کیا گیا ہے۔ سب کو پتہ ہے۔" جمیلہ نے درد میں ڈوبے ہوئے لہجے میں کہا۔ "وہ بہت ڈراؤنی رات تھی جب میں اور میرے گھر والے ٹرک میں سوار ہو کر دیپال پور سے نکل کر بھاگے۔ اب وہ رات یاد کرتی ہوں تو ایسا لگتا ہے جیسے کوئی بھیانک سپنا دیکھ رہی ہوں۔ رستے میں دوبار بلوائیوں نے ٹرک پر ہلّا بولا' پر ڈرائیور بہت ہوشیار تھا۔ صاف بچا کر نکال لے گیا۔ آدھی رات کے بعد سب بھیرپور سٹیشن پر پہنچ گئے۔ وہاں پہلے ہی دور دور سے بھاگ کر آئے ہوئے ہندو اور سکھ پڑے تھے اور کھور کے راستے ٹرین سے کھیم کرن اور امرتسر نکل جانا چاہتے تھے۔ میرا چھوٹا بھائی منو ہردیال پہلے ہی امرتسر پہنچ چکا تھا اور ہم سب کا انتظار کر رہا تھا۔ ادھر ہم ٹرین کا انتظار کر رہے تھے۔ ٹرین تو نہیں آئی' بلوائی آگئے۔ اندھیری رات تھی۔ تڑتڑ گولیاں چلتی تھیں۔ بچے روتے تھے۔ ملائیں چیختی تھیں۔ ہر طرف ہاہاکار مچی تھی۔ کسی کو کسی کی خبر نہیں تھی۔"

"تریموں کے پتن پر راوی کے کنارے میں نے بھی یہی سماں دیکھا۔" رحیم داد نے بھی جمیلہ کی طرح خود کو مظلوم ثابت کرنے کے لیے مقتول چوہدری نورا ہی سے سنی ہوئی باتیں دہرائیں۔ جمیلہ خاموشی سے سنتی رہی۔ رحیم داد نے گہری سانس بھری اور افسردہ لہجے میں بولا۔ "اس طرح جی! میں راوی پار کر کے اکیلا پاکستان پہنچا۔" اس نے قدرے توقف سے کہا۔ "ہاں اب تو بتا' آگے کیا ہوا؟"

"آگے کیا ہونا تھا۔ بس اتنا یاد ہے' بلوائی شور مچاتے آگے بڑھتے آرہے تھے۔ میں ڈر کر ایک طرف بھاگی اور کسی سے ٹکرا کر زور سے گری۔ پر زمین تک نہیں پہنچی۔ ایسا لگا جیسے کوئی مجھے اپنی پیٹھ پر لادے بھاگا جا رہا ہے۔ پتہ نہیں' کون تھا۔ پوچھا بھی تو نہیں بولا۔ تب میں نے اس کے ہاتھوں کی پکڑ سے نکلنے کی کوشش کی' منت سماجت کی' گڑگڑائی اور روئی بھی۔ پر اس نے نہیں چھوڑا۔ ڈیڑھ میل آگے نہر تھی۔ اس نے نہر کے نزدیک جنڈ اور کیکر کی گھنی جھاڑیوں میں بنی ہوئی ایک سنسان دھڑ میں مجھے اپنی پیٹھ سے ایسے پھینکا جیسے اناج تولنے والا دھڑوائی کنک کی بوری ایک جگہ سے دوسری جگہ ڈالتا ہے۔"

"بہت ظالم تھا۔" رحیم داد نے نفرت سے منہ بگاڑا۔

"وہ تیری سوچ سے بھی زیادہ ظالم اور کٹھور تھا۔" جمیلہ کی آواز میں درد کی چبھن تھی۔ "وہ اکیلا بھی نہیں تھا۔ اس کے ساتھ بچھے اور کتے تھے۔" جمیلہ کی نظریں جھک گئیں۔ افسردہ چہرے پر ہلکی ہلکی سرخی بکھر گئی۔ "وہ سب تین روز تک باری باری میری ہڈیاں چچوڑتے رہے۔ نہ کھانے کو روٹی دی' نہ پینے کو پانی۔ نہ میں رو سکتی تھی نہ بول سکتی تھی۔ میں تو مانو لاش تھی' ٹھنڈی اور بے جان۔ مجھے سب کچھ ڈراؤنا سپنا لگا۔ آنکھیں بند تھیں اور میں بے سدھ پڑی تھی۔ چوتھے روز دوپہر کو مجھے ہوش آیا۔ آنکھیں کھول کر دیکھا تو دھڑ خالی تھی۔ اس دھڑ کو چاروں اور باڑ لگا کر جھنگر میں بنایا گیا تھا۔ وہاں اب کوئی نہیں تھا۔ لگتا تھا' مجھے مردہ جان کر وہ چھوڑ گئے تھے۔ مجھے خود اچنبھا تھا کیسے بچ گئی۔ وشواس ہی نہیں آتا تھا کہ زندہ ہوں۔"

چند لمحے رک کے اس نے پھر کہنا شروع کیا۔ "میں کئی گھنٹے آنکھیں کھولے بے حال پڑی رہی۔ اٹھا ہی نہیں جاتا تھا۔ دن ڈھلے نزدیک رکھی ہوئی کھرلی کا سہارا لے کر اٹھی۔ دھڑ میں ہر طرف گوبر ہی گوبر تھا۔ میرے کپڑے پیٹھ' ہاتھ پیر اور سر کے بال گوبر سے لتھڑے ہوئے تھے۔ کھرلی میں جھانکا تو اس میں مویشیوں کے لیے گتاوا پڑا ہوا نظر آیا۔ توڑی کے ساتھ ونڈ ملا کر بنایا گیا تھا۔ میں نے چن چن کر ونڈ کھانے شروع کر دیے۔ چھولے کے یہ دلے ہوئے دانے کھا کر بدن میں تھوڑی سی جان آئی پر پیاس بہت لگی۔ دھڑ کی باڑ کے اس پار نہر نظر آتی تھی۔ سوچا نہر پر جا کر پانی پی لوں لیکن کھڑے ہوتے ہی لڑکھڑا کر گر پڑی۔ دیر تک پڑی ہانپتی رہی۔ ذرا جی سنبھلا تو ادھر ادھر نظریں دوڑائیں۔ ایک کونے میں تورکا ڈھیر نظر آیا۔ کھسکتی کھسکتی اس طرف بڑھی' پاس جا کر اٹھی اور تور کے ٹوٹے چوسنے لگی۔ اس کے رس میں مٹھاس تھی۔ نہ پوچھ کیسا سواد آیا۔"

"تو رویسے تو چری ہے پر چوپو تو کماد کی طرح میٹھی لگتی ہے۔" رحیم داد نے جمیلہ کی تائید کی۔

"میں نے تو اپنے جیون میں پہلی بار اسے چوپا تھا۔ پر اس سے ایسا سوادملا جیسے لہور میں گرمی کے دنوں میں ٹھنڈی ٹھنڈی گنڈیریاں چوپنے پر آتا تھا۔ ونڈ کھا کر اور تور کارس چوپ کر اتنا آنند ملا کہ میں پڑ کر سو گئی۔ رات کو کوئی نہیں آیا' دن کو بھی نہیں آیا۔ میں چن چن کر ونڈ کھاتی رہی اور تور کی ٹوٹے دانتوں میں دبا کر چوپتی رہی۔ دوہتڑ سے باہر نہیں گئی۔ دوسری رات دو بندے ایک نج لے کر آئے۔ تب مجھے پتہ چلا وہ دوہتڑ نہیں' کسی رساگیر کی اہر تھی جس میں چوری کے مویشی اور چوکھر چھپا کر رکھے جاتے تھے۔"

"تجھے پتہ ہی نہ چلا وہ رساگیروں کی اہر ہے۔ گوبر اور کھلی میں گتاوا پڑا دیکھ کر بھی تجھے پتہ نہ چلا؟" رحیم داد کی آنکھوں میں حیرت نمودار ہوئی۔

"لے' مجھے کیا پتہ اہر ایسی ہوتی ہے۔ میں نے کوئی رساگیری یا مویشی چوری تو کی نہیں۔ مجھے تو یہ بھی معلوم نہ تھا رساگیری کیا ہوتی ہے۔"

"ٹھیک کہہ رہی ہے۔" رحیم داد کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ "ہاں' تو جی فیر کیا ہوا؟"

"دونوں نے مجھے اہر میں دیکھا۔ پہلے تو وہ گھبرائے۔ تھوڑی دیر آپس میں کھسر پھسر کی۔ ایک وہیں ٹھیر گیا۔ دوسرے نے مجھے اپنے گڈے میں بٹھالیا۔ وہ اسی گڈے کے پیچھے چوری کی نج باندھ کر لایا تھا۔ یہ بھی مجھے بعد میں پتہ چلا۔ وہ مجھے صاجے والا لے گیا۔ اس کی گھروالی تھی۔ بچے تھے۔ مجھے کچھ اطمینان ہوا۔"

جمیلہ کا لہجہ اچانک تلخ ہوگیا۔ "پر وہ بھی کتا نکلا۔ مجھے گھسیٹ کر زبردستی کوٹھری میں لے گیا۔ اندر سے دروازہ بند کرلیا۔ میں نے اس کی منت سماجت کی۔ ہاتھ جوڑے۔ گڑگڑا کے اسے پچھلے تین روز کی ساری بپتا سنائی۔ پر اس نے ایک نہ سنی۔ رات بھر میری ہڈیاں چچوڑتا رہا۔" جمیلہ روہانسی ہوگئی۔ اس نے آنسو پونچھے اور دکھ بھرے لہجے میں بولی۔ "سویرے اس کی گھروالی نے زبردست رولا کیا۔ روئی پیٹی' شور مچایا۔ اس کا گھروالا ڈھیٹ بنا ہنستا رہا۔ کچھ دیر بعد ہل پنجالی سنبھال کر کھیتوں پر چلا گیا۔ گھروالی نے اس کے جانے کے بعد میرے بال کھسوٹے' منہ نوچا۔ دونوں ہاتھوں سے خوب مارا پیٹا۔ میں نے مجبوری بتائی۔ پر اس نے میری ایک نہ مانی' بس مارتی چلی گئی۔ مارتے مارتے تھک گئی تو رونے بیٹھ گئی۔ میں بھی روتی رہی اور روتے روتے بے ہوش ہوگئی۔ تب اسے کچھ ترس آیا۔ اس نے مجھے پانی پلایا۔ دوپہر ہوئی تو کھانے کو روٹی بھی دی۔ شام کو اس کا گھروالا لوٹا۔ اس کا نام گاما تھا۔ رات کو فیر اس نے مجھے گھسیٹ کر کوٹھری میں بند کرلیا۔ چار روز تک یہی ہوتا رہا۔ اس کی گھروالی روز جھگڑا کرتی پر وہ باز نہ آیا۔"

"گاما تو اور بھی زیادہ گندہ اور کمینہ نکلا۔" رحیم داد نے جل کر کہا۔

"ہاں' وہ بہت گندہ اور کمینہ تھا۔" جمیلہ خلا میں گھورتی رہی اور بولتی رہی۔ "جب گامے کی گھر والی نے ایک روز بہت شور شرابا کیا اور دروازے کی دہلیز پر بیٹھ کر دونوں ہاتھوں سے اپنا سینہ پیٹنے لگی تو پاس پڑوس والے گاما کے گھر اکٹھے ہوگئے۔ انھوں نے گاما پر دباؤ ڈالا کہ وہ مجھے اپنے گھر سے نکال دے۔ اس نے سب کے سامنے وعدہ کیا اور وعدہ پورا بھی کیا۔ پر اس نے مجھے اپنے گھر سے اس طرح نکالا کہ تین سو روپے میں ولیا کے ہاتھ چپکے سے بیچ دیا۔"

رحیم داد نے استفسار کیا۔ "ولیا بھی صاجے والے میں رہتا تھا؟"

"نہیں! وہ مجھے بھومان شاہ لے گیا۔ اس کی گھروالی اسے چھوڑ کر تیلی کے منڈے کے ساتھ بھاگ گئی تھی۔" جمیلہ نے مطلع کیا۔ "ولیا کا بوڑھا پیؤ تھا۔ چھوٹا بھائی تھا اور چھوٹے بھائی کی گھر والی بھی تھی۔ بچے بھی تھے۔ سب ایک ہی گھر میں رہتے تھے۔" جمیلہ نے بڑی گہری سانس بھری۔ "ولیا کے ساتھ میں دو مہینے سے اوپر رہی۔ ولیا اوکھڑ تھا۔ پر اس کا بھائی جوان تھا۔ مجھے اس کے گھر میں پہنچے تھوڑے ہی دن گزرے تھے کہ ولیا کا بھائی مجھے بری نظروں سے گھورنے لگا۔ اکیلے میں پاتا تو نوچتا کھسوٹتا۔ ایک روز اس کی گھروالی نے دیکھ لیا۔ اس نے رو رو کر سارا گھر سر پر اٹھالیا۔ ولیا کے پیؤ کو پتہ چلا تو وہ الٹا مجھ پر ناراض ہوا۔ سسر اور نوہ دونوں مجھے گالاں نکالتے اور مارتے پیٹتے۔"

"انھیں اصل گل نہیں بتائی؟"

"کیا بتاتی۔ میرے پاس بتانے کو رہ کیا گیا تھا۔" جمیلہ نے اداسی سے کہا۔ "گالاں سنتی تھی' مار کھاتی تھی اور چپ کر کے بیٹھی رہتی تھی۔ فیر سسر اور نوہ نے مل کر مسکوٹ کی۔ مجھے گھر سے نکالنے کی سکیم بنائی۔ ایک روز ولیا کا پیؤ ایک موٹی سی زنانی کو لے کر آیا۔ اس کے بدن کا ماس تھل تھل کرتا تھا۔ وہ سگریٹ پیتی تھی اور پان چبا کر جگہ جگہ لال لال پیک تھوکتی تھی۔ بات کرتی تو ہاتھ بھی چلاتی اور آنکھیں بھی مٹکاتی۔ لہور سے آئی تھی۔ ہیرا منڈی کی کنجری تھی۔"

"کنجری تھی؟" رحیم داد نے پوچھا۔ "کس لیے آئی تھی؟"

"وہ فسادات میں اٹھائی جانے والی ان نوجوان سہلاؤں اور کنیاؤں کو خریدنے کا دھندا کرتی تھی جنھیں مغویہ کہا جاتا ہے۔ ولیا کے پیؤ نے ۵ سو روپے میں میرا سودا کردیا۔"

"تیں نوں اس سودے کا پتہ تھا؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"بالکل تھا۔ میرے سامنے ہی تو طے ہوا تھا۔ اس سے ولیا اور اس کے بھائی نہیں تھے۔ اللہ وسایا کی ولیا کے چھوٹے بھائی سے جان پہچان تھی۔ اتفاق سے اسی شام اللہ وسایا اس سے ملنے

آیا۔ وہ آنگن میں منجی پر بیٹھا ولیا کے بھائی سے باتیں کر رہا تھا۔ میں آنگن سے گزری تو اللہ وسایا نے مجھے دیکھ لیا اور فوراً پہچان لیا۔ اس نے مجھے اپنے پاس بلایا' پوچھا' تو یہاں کیسی آئی؟ میں تو چپ رہی پر ولیا کا بھائی بولا ولیا اسے خرید کر لایا ہے۔ اللہ وسایا نے تیوری پر بل ڈال کر کہا۔ یہ میرے زمیں دار کی دھی ہے' یہاں نہیں رہ سکتی۔ میں اسے اپنے پنڈ لے جاؤں گا۔ ولیا کا بھائی تو کچھ نہیں بولا پر اس کے پیؤ نے بگڑ کر کہا۔ یہ اس گھر سے نہیں جا سکتی۔ اس کی نوہ بھی کڑکڑ کرنے لگی۔ دونوں مجھے کنجری کے ہاتھ بیچ کر رات کو ۵ سو روپے وصول کرنا چاہتے تھے۔ وہ مجھے کیسے جانے دیتے۔"

"اللہ وسایا ان کی باتیں سن کر کیا بولا۔؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"وہ آنکھیں نکال کر کھڑا ہو گیا۔" جمیلہ کے چہرے پر چھائی ہوئی افسردگی میں ہلکی ہلکی سرخی جھلکنے لگی۔ "اس نے کرتے کی دونوں آستینیں چڑھائیں اور اپنی لمبی ڈانگ اٹھا کر جوش سے بولا۔ بابے! میں اسے اپنے ساتھ لے جاؤں گا اور ابھی لے جاؤں گا۔ بلا لے اپنے پنڈ کے جوانوں کو' دیکھتا ہوں کون میرا رستہ روکتا ہے؟ یہ کہہ کر اس نے میرا ہاتھ تھاما اور اونچی آواز سے بولا۔ 'چل پاروتی۔' ولیا جھٹ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ پر اللہ وسایا کے بگڑے ہوئے تیور دیکھ کر ڈر گیا۔ ویسے بھی وہ جھگڑالو بندہ نہیں تھا۔ کہنے لگا' اللہ وسایا تو اسے ضرور لے جا پر میرے تین سو روپے دیتا جا۔ میں نے اسے اتنے ہی میں خریدا ہے۔ میری بات کا تجھے وشواس نہ ہو تو صابے والے کے گامے سے پوچھ لے جس سے میں نے اسے خریدا ہے۔ اللہ وسایا نے جھٹ دھوتی کے ڈب سے ۵۰ روپے نکالے اور ولیا کے سامنے ڈال کر کہا۔ یہ ۵۰ رکھ لے۔ اڑھائی سو کل شام اپنے بھائی کو بھیج کر منگوا لینا۔ ویسے تجھے میرا اعتبار ہو تو کل میں خود تیری رکم تیرے گھر پہنچا دوں گا۔ اللہ وسایا وہاں ذرا دیر بھی نہیں ٹھیرا۔ مجھے گھر لے آیا۔ سب چپ کر کے بیٹھے رہے۔ کسی نے اس کا رستہ روکنے کی کوشش نہیں کی۔"

"اپنا زمیں دار اتنا زور آور اور جی دار ہے' یہ تو میں نوں پتہ ہی نہیں تھا۔"

"چوہدری! وہ بہت جی دار ہے۔ ان دنوں تو خوب تگڑا جوان تھا۔ اس کے شریر میں بڑی شکتی تھی۔" اللہ وسایا کا ذکر کرتے وقت جمیلہ کا مرجھایا ہوا چہرہ کھل اٹھا۔ "بھومان شاہ سے اپنے پنڈ تک دس میل سے کم فاصلہ نہیں ہو گا۔ میں فرلانگ دو فرلانگ چل کر بیٹھ گئی۔ میری ٹانگیں کانپ رہی تھیں۔ بہت کمزور ہو گئی تھی۔ پر اللہ وسایا ذرا بھی نراش نہ ہوا۔ اس نے مجھے اٹھا کر پیٹھ پر لاد لیا۔ دس میل تک وہ مجھے اسی طرح اٹھائے اٹھائے چلتا رہا' کہیں دم نہ لیا۔ اپنے گھر پہنچ کر ہی رکا۔ میں

آنے کو تو اس کے ساتھ آ گئی پر بعد میں مجھے بہت ڈر لگا۔ بات یہ تھی بنسی لال نے اللہ وسایا اور اس کے پیؤ کو ناراض ہو کر بے دخل کر دیا تھا اور ایسے سمے بے دخلی کی تھی جب اس کی فصلیں تیار کھڑی تھیں۔"

"فصل واڈھو ہو تو مزارعے کو بے دخل نہیں کیا جا سکتا' ایسا کبھی نہیں ہوتا۔" رحیم داد نے بنسی لال کی کارروائی کی مذمت کی۔

"پر بنسی لال نے ایسا ہی کیا۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔ "اللہ وسایا کے پیؤ نے دیپال پور جا کر ہرویال سے فریاد کی' پر اس نے بنسی لال ہی کی بات مانی۔ اللہ وسایا اور اس کے گھر والے پنڈ سے نکل کر ادھر ادھر ٹھوکریں کھاتے پھرے۔ اس کا پیؤ اسی دکھ سے مر گیا۔ چھوٹا بھائی شیخوپورہ جا کر اینٹوں کے بھٹے پر مزدوری کرنے لگا۔ جب فسادات بھڑکے تو بنسی لال حویلی چھوڑ کر سرحد پار چلا گیا۔ اللہ وسایا اپنی ماں کے ساتھ واپس پنڈ آ گیا۔ اس نے بنسی لال کے نئے مزارعے سے اپنی زمین خالی کرا لی۔ اس پر کھیتی باڑی بھی شروع کر دی۔ پر مجھے جس بات کا ڈر تھا' وہ سامنے آئی۔ اللہ وسایا کی ماں کو پتہ چلا' میں پنڈ کے زمیں دار لالہ ہرکشن کی دھی ہوں تو وہ آگ بگولا ہو گئی' بہت چیخی چلائی۔ مجھے دوش دینے لگی' تیرے پیؤ نے میرے گھر والے کو بے دخل کر کے مار ڈالا۔ اس کی ناراضی پر میں نے سوچا کہ اللہ وسایا بھی مجھ سے اپنے پیؤ کا بدلہ ضرور لے گا۔ وہ تھا بھی ان دنوں بہت کڑوا اور غصے والا۔ دور دور تک اس کی ٹکر کا جوان نہیں تھا۔ ہر سمے مونچھیں مروڑتا رہتا اور شیر کی طرح چھاتی تان کر چلتا تھا۔"

رحیم داد مسکرا کر بولا۔ "پر اب تو اس کی مونچھیں سیدھی سادی رہتی ہیں۔ کبھی نہیں مروڑتا شروڑتا۔"

"ان دنوں تو نے اسے نہیں دیکھا۔ بہت زور آور ہوتا تھا۔" جمیلہ نے فخر سے گردن اونچی کی۔ "میں اتنی ڈری کہ رات بھر جاگتی رہی۔ پر وہ میرے پاس آیا ہی نہیں۔ دوسری رات بھی نہیں آیا۔ نہ اس نے مجھ سے بات کی' نہ کسی طرح کی چھیڑ چھاڑ کی۔ کئی راتیں گزر گئیں۔ البتہ اس کی ماں روز ناراض ہوتی۔ ہر سمے غصے سے کڑکڑ کرتی رہتی۔ ایک روز اس نے مجھے مارا بھی۔ ٹھیک اسی سمے اللہ وسایا آ گیا۔ حویلی خالی پڑی تھی۔ اللہ وسایا نے ماں سے تو کچھ نہیں کہا' مجھے حویلی میں لے آیا۔ حویلی پہنچ کر مجھے اور ڈر لگا۔ اکتوبر کا مہینہ تھا۔ میں کمرے میں سوتی اور وہ کمرے کے باہر منجی ڈال کر لیٹ جاتا۔ رات کو وہ کبھی کمرے میں نہیں آیا۔ دوپہر اور شام کو میرے لیے روٹی لے کر آتا مگر بات چیت بہت کم کرتا۔"

"مہاجرین نے تو اس پنڈ میں گڑبڑ نہیں کی؟"

"کیوں نہیں کی' بہت گڑبڑ کی۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "مہاجرین کا کیمپ لہور کی طرح منٹگمری میں بھی کھل گیا تھا۔ انھیں جہاں بھی ہندوؤں اور سکھوں کی چھوڑی ہوئی زمین یا مکان نظر آتا' اس پر جھٹ کبضہ کرلیتے۔ ویسے ادھر کے وڈے زمیں داروں نے پہلے ہی ہندوؤں اور سکھوں کی چھوڑی ہوئی زمین اور جائیداد طرح طرح کے ہتھکنڈوں سے دبا رکھی تھی۔ مہاجرین کے لیے بچا ہی کیا تھا۔ کسی طرح انھیں پتہ چل گیا کہ حویلی کسی ہندو زمیں دار کی ہے۔ وہ تو چلا گیا' اس میں اس کی ہندو پتری رہتی ہے۔ فیر تو جی' انھوں نے حویلی پر کبضہ کرنے کی سوچی۔ غول کے غول پنڈ میں آگئے اور حویلی چھین نے کی کوشش کرنے لگے۔ اللہ وسایا اور اس کے ساتھیوں نے ان کی کوئی کوشش سپھل نہ ہونے دی۔ حویلی میں ایک بندوک موجود تھی' یہی جو تیرے پاس ہے۔ کارتوس بھی تھے۔ اللہ وسایا کے ساتھیوں میں سے کئی کے پاس ویسی کاربینیں تھیں۔ سب نے جم کر مکابلہ کیا۔ حملہ آوروں کو پنڈ سے باہر نکال دیا۔ دوسرے تو کسی اور طرف نکل گئے' پر جلندھر کے پٹھان مہاجر نہ گئے۔ انھوں نے پنڈ کے باہر پڑاؤ ڈال دیا۔"

"ان کے بارے میں تو مشہور ہے' اراضی کیسے بھی ہو۔ کہیں بھی ملے' ہرگز نہیں چھوڑتے۔" رحیم داد نے مسکرا کر اپنے رد عمل کا اظہار کیا۔ "کہتے ہیں کہ ایک بار دوزخیوں نے دیکھا' جلندھری پٹھانوں کے غول کے غول دوزخ میں چلے آرہے ہیں۔ گھبرا کر ان سے پوچھا' بادشاہو! اتھے کہاں چلے آئے؟ یہ تو دوزخ ہے۔ وہ بولے' یہ تو ہم نے بھی پتہ ہے' پر سنا ہے' ادھر زمینوں کی الاٹمنٹ ہو رہی ہے۔"

"چوہدری! توں' تو مخول کر رہا ہے۔" جمیلہ نے بھی مسکرانے کی کوشش کی۔ "پر میں ان کے بارے میں اتنا ضرور کہوں گی' انھوں نے بہت تنگ کیا۔ روز اکٹھے ہو کر ہلّا بولتے تھے۔ اتنا شور شرابہ کرتے تھے' میں تجھے کیا بتاؤں۔" جمیلہ نے لمبی سانس بھری۔ اس کے چہرے پر دکھ کے سائے ایک بار پھر پھیل گئے۔ بجھے ہوئے لہجے میں بولی۔ "رات کو حملے کا بہت ڈر رہتا تھا۔ اللہ وسایا بندوک تھامے اپنے دس باراں تگڑے ساتھیوں کے ساتھ رات بھر رکھوالی کرتا۔ میں نے روز روز کے خطرے سے گھبرا کر ایک بار اسے صاف صاف کہہ دیا۔ دیکھ اللہ وسایا! سارا جھگڑا میرے کارن ہے۔ مجھے ان کے حوالے کردے یا گولی مار دے۔ میرے ختم ہوتے ہی سارا اٹخامٹ جائے گا۔ اللہ وسایا آنکھیں نکال کر بولا۔ بیکار کی کڑ کڑ نہ کر' چپ کر کے بیٹھی رہ۔ جب تک میری جان میں جان ہے' کوئی یہاں نہیں آسکتا۔ میری لاش پر سے گزر کر ہی کوئی حویلی میں داخل ہو سکتا ہے۔ فیر جو تیرا

جی کرے' کرنا۔ دن اسی ڈر اور خوف میں گزرتے رہے۔ ایک اندھیری رات انھوں نے اکٹھے ہو کر حویلی پر ہلا بول دیا۔ اللہ وسایا اور اس کے ساتھیوں نے بھی مورچے سنبھال لیے۔ زبردست ٹاکرہ ہوا۔ دونوں طرف سے تڑ تڑ گولیاں چلیں۔ میں نے جی میں ٹھانی اگر بلوائی حویلی میں آئے تو میں ان کے پہنچنے سے پہلے ہی خودکشی کرلوں گی۔ میری آشا تھی کہ انھیں میں نہ ملوں' میری لاش ملے۔"

"توں نے کیا کیا؟" رحیم داد نے بے چین ہو کر دریافت کیا۔

"میں نے دیوار میں لگی ہوئی ایک اونچی کھونٹی میں اپنی اوڑھنی کا ایک پلو مضبوطی سے باندھا' دوسرے پلو کا پھندا بنایا۔ کھونٹی کے نیچے لکڑی کا سٹول رکھا' اس پر چڑھ کر پھندا اپنی گردن میں ڈال لیا۔" جمیلہ ایک ایک تفصیل بتاتی رہی۔ "حویلی کے باہر شور ہوتا رہا' گولیاں تڑ تڑاتی رہیں۔ بہت دیر بعد شور بند ہوا۔ گولیاں بھی رک گئیں' تھوڑی دیر بعد حویلی کے آنگن میں بول برالا ہوا۔ ملی جلی آوازوں کے ساتھ زور زور سے چلنے کی آہٹ ہوئی۔ مجھے ایسا لگا' بلوائی حویلی میں گھس آئے ہیں۔ میں نے جھٹ اپنا ایک پیر اٹھایا' دوسرے پیر کے بوجھ سے سٹول ڈگمگا کر گر گیا۔ ساتھ ہی میں بھی گری اور اوڑھنی کے ساتھ لٹکنے لگی۔ میرا دم گھٹنے لگا۔ مجھے کچھ پتہ نہ چلا' فیر کیا ہوا۔"

رحیم داد نے پریشان ہو کر پوچھا۔ "تیں پھندے سے لٹکی رہی تھیں؟"

"بالکل لٹکی رہی تھی۔" جمیلہ نے سکون سے جواب دیا۔ "رات گئے مجھے ایسا لگا میں زندہ ہوں۔ میری آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔ مجھے دکھ ہوا کہ کیوں بچ گئی؟ میں اس نرک میں دوبارہ نہیں جانا چاہتی تھی جس سے نکل کر آئی تھی۔ ڈرتے ڈرتے آنکھیں گھما کر دیکھا تو حیران رہ گئی۔ اللہ وسایا میرے سرہانے بت بنا بیٹھا تھا۔ اس نے میری آنکھیں کھلی دیکھیں تو بھاگا بھاگا گیا' گلاس میں پانی لے کر آیا۔ ایک ہاتھ سے میرا سر اونچا کیا اور میرے منہ میں پانی ڈالا۔ مجھے بہت پیاس لگی تھی۔ سارا پانی پی گئی۔ مانو میں تو مر ہی چکی تھی۔ یہ اللہ وسایا تھا جس نے مجھے مرنے سے بچالیا۔"

"ہاں! وہ نہ ہوتا تو ہرگز نہ بچتی۔" رحیم داد نے اس کی تائید کی۔

"پانی پی کر ذرا جان آئی تو میں نے اللہ وسایا سے پوچھا' بلوائیوں کا کیا بنا؟ وہ ہنس کر بولا' بننا کیا تھا۔ سب بھاگ گئے۔ میں نے کچھ دیر چپ رہ کے کہا۔ پر وہ کل نہیں تو پرسوں ضرور ہلّا بولیں گے۔ اللہ وسایا ذرا بھی نہ گھبرایا' مسکراتا رہا۔ میں نے دیکھا' اس کے کرتے کی آستین خون سے لال ہو رہی ہے۔ کپڑوں پر بھی جگہ جگہ خون کے دھبے تھے۔ میں گھبرا گئی۔ وہ ہنس کر بولا' گولی بازو میں لگی تھی۔ پر اندر نہیں اتری۔ گولی چلتی ہے تو ایسا ہی ہوتا ہے۔ میں تکیے کے سہارے اٹھ کر بیٹھ گئی۔ مجھے ابھی تک یاد ہے۔ اللہ وسایا نے بار بار منع کیا پر میں نے جھٹ اپنی اوڑھنی پھاڑ کر اس کے

گھاؤ پر پٹی باندھ دی۔"

"بلوائیوں نے دوبارہ حملہ کیا ہوگا۔ اللہ وسایا تو زخمی تھا۔ اس نے کیسے ان کا سامنا کیا؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"اس رات کے بعد حملہ نہیں ہوا۔" جمیلہ نے رحیم داد کو وضاحت سے بتایا۔ "میں نے اسی رات فیصلہ کرلیا تھا' مجھے اللہ وسایا سے فوراً ویاہ کرلینا چاہئے۔ ورنہ وہ مجھے بچانے کی کوشش میں مارا جائے گا۔ میں نے جب اسے یہ بات کہی تو وہ تیار نہیں ہوا' کہنے لگا۔ میں ٹھیرا جانگلی اور تو اتنے وڈے زمیں دار کی دھی۔ مزارعے کا زمیں دار کی دھی سے کیسے رشتہ ہوسکتا ہے؟ ایسا کبھی نہیں ہوسکتا۔ میں نے اس کے کندھے پر سر رکھ دیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ تب اللہ وسایا نے پیار سے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور میرے آنسو پونچھے۔ اسی صبح میں اللہ وسایا کے ساتھ پنڈ کی مسجد میں گئی۔ ملاں جی نے سب کے سامنے مجھے کلمہ پڑھایا۔ میں مسلمان ہوگئی۔ میرا نام جمیلہ رکھا گیا۔ اسی روز ملاں نے اللہ وسایا کے ساتھ میرا نکاح پڑھا دیا۔ بس جی اس طرح ہمارا ویاہ ہوا۔ میں پاروتی نہ رہی' اللہ وسایا کی جمیلہ بن گئی۔ یہ میرا نیا جیون تھا اور یہ نیا جیون مجھے اللہ وسایا ہی نے دیا تھا۔"

"اللہ وسایا کی ماں بھی نکاح میں شامل ہوئی تھی؟"

"نہیں جی' وہ تو اتنی ناراض ہوئی' اسی روز پنڈ چھوڑ کر اپنے چھوٹے پتر کے پاس شیخوپورہ چلی گئی۔ اللہ وسایا اسے واپس لانے کئی بار شیخوپورے گیا پر وہ نہ آئی۔ بہت ضدی اور ہٹیلی تھی۔ دو برس ہوئے اس کا مرن ہوگیا۔ اللہ وسایا کا بھائی بھی کبھی یہاں نہیں آیا۔ سنا ہے وہ کراچی چلا گیا۔ اس کے بارے میں کچھ اور پتہ نہیں چل سکا۔"

☆

سورج غروب ہو رہا تھا۔ دھوپ بلندیوں پر پہنچ چکی تھی۔ مزارعے اور کسان مویشیوں کو ہنکاتے گھروں کو لوٹ رہے تھے۔ رحیم داد اور جمیلہ خاموش بیٹھے تھے۔ نوکر نے لسی سے بھرے ہوئے گلاس دونوں کے سامنے میز پر رکھ دیے۔ جمیلہ نے لسی کا گھونٹ بھرتے ہوئے کہا۔ "برسوں بعد میں نے اپنے بارے میں کسی کو اتنی باتیں بتائی ہیں۔ لگتا ہے' بہت ہلکی پھلکی ہوگئی ہوں۔ اس رات سے میں بہت بے کل تھی جب ہردیال اور چاچا مجھے لینے یہاں آئے تھے۔ کچھ بھی چنگا نہیں لگتا تھا۔ بار بار رونے کو جی کرتا' رات کو نیند بھی نہ آتی۔ آج میں آرام نال سو سکوں گی۔ مانو میرے من کا بوجھ اتر گیا۔"

رحیم داد فوری ردعمل کا اظہار نہ کرسکا۔ وہ جمیلہ کی چتا کے ہوش ربا اور حیرت انگیز تانے بانے میں الجھ کر رہ گیا۔ اسی اثناء میں حویلی کے اندر سے جمیلہ کی بیٹی نینا کے زور زور سے رونے کی آواز ابھری۔ جمیلہ بڑبڑاتی ہوئی اٹھی۔ "لگتا ہے بھین بھائی میں جھگڑا ہوگیا۔ کھیلتے کھیلتے لڑنے لگتے ہیں۔" وہ تیز قدم اٹھاتی حویلی کی جانب روانہ ہوگئی۔ رحیم داد اسے دور تک دیکھتا رہا اور اس کے جانے کے بعد گم صم بیٹھا رہا۔

شام ہوگئی۔ اندھیرا بڑھنے لگا۔ رحیم داد اٹھا اور بوجھل قدموں سے مہمان خانے کی سمت بڑھا۔ وہ نڈھال نظر آرہا تھا۔

تیسرے روز اللہ وسایا واپس آگیا۔ شام کو وہ باغ میں رحیم داد سے ملا۔ خلاف معمول وہ بجھا بجھا لگ رہا تھا۔ اس کا چہرہ اترا ہوا تھا۔ آنکھیں خالی خالی اور ویران تھیں رحیم داد نے چاہا' اس کی پریشانی کا سبب معلوم کرے۔ مگر اللہ وسایا زیادہ دیر نہیں بیٹھا' معذرت کے انداز میں بولا۔ "معاف کرنا چوہدری' میری طبیعت آج کچھ گڑبڑ ہے۔ کل تجھ سے آرام سے گل بات کروں گا۔" وہ چلا گیا۔

جمیلہ کے بھائی ہردیال اور چچا کے بارے میں نہ اللہ وسایا نے کچھ کہا نہ رحیم داد نے ان کا ذکر چھیڑا۔

اللہ وسایا اب ہر وقت چپ چپ رہتا۔ بہت کم بات کرتا اور بات کرتے کرتے کھو جاتا۔ جب بھی ملتا کچھ سوچتا نظر آتا۔ کئی روز گزر گئے۔ مگر اللہ وسایا کے چہرے پر پہلی سی تازگی اور شگفتگی دکھائی نہ دی۔ ایسا محسوس ہوتا جیسے وہ اندر ہی اندر سلگ رہا ہو۔ اسے کوئی بڑا صدمہ پہنچا تھا۔ رحیم داد نے کئی بار ہمت کرکے پوچھا بھی مگر وہ ٹال گیا۔

انھی دنوں ایک شام جمیلہ باغ میں آئی۔ رحیم داد پہلے سے بیٹھا تھا۔ وہ بھی ایک طرف بیٹھ گئی۔ اللہ وسایا گاؤں میں نہیں تھا۔ کہیں گیا ہوا تھا۔ تھوڑی دیر بعد پھاتاں آگئی۔ وہ جمیلہ کے پیروں کے پاس گھاس پر بیٹھتے ہوئے بولی۔ "بھین جی! تاجاں کی سسرال والے اگلے مہینے کے پہلے جمعے کو آرہے ہیں۔" اس نے انگلیوں پر حساب لگایا۔ "آج کے چھبیس دین دن ویاہ کی تاریخ مانگنے آرہے ہیں۔"

"کب تک ویاہ کرنا چاہتے ہیں۔" جمیلہ نے پوچھا۔

"ان کا ارادہ تو جمعیتی نال کرنے کا ہے۔" پھاتاں نے جواب دیا۔ "پر اپنے پاس تو کچھ بھی نہیں۔"

"تو کیوں چنتا کرتی ہے۔ تجھے مجھ پر وشواس نہیں؟ تجھ سے کہہ تو چکی ہوں' میں تاجاں کا ویاہ

خوب دھوم دھڑکے سے کروں گی۔ تاجاں تیری نہیں' میری بھی دھی ہے۔"

پھاتاں کا چہرہ کھل اٹھا۔ "تو جی میں کہلوادوں' وہ ساھے کے لیے آجائیں۔"

"بالکل کہلوا دے۔ ان کو یہیں حویلی میں لانا۔ پر یہ تو سوچ' جلدی کیسے ویاہ ہو سکتا ہے اتنی گرمی میں؟" اس نے گردن اٹھا کر اوپر دیکھا' چند لمحے سوچتی رہی۔ پھر اس نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔ "ساون ٹھیک رہے گا۔" مگر فوراً اس نے اپنا ارادہ بدل دیا۔ "پر ساون میں تو زبردست برکھا ہوتی ہے۔ سگائی کا کیا مزا آئے گا۔ یہ کیا گل ہوئی' جنج چڑھے اور اوپر بادل گرجتے ہوں۔ بجلی چمکتی ہو' چاروں طرف پانی ہی پانی ہو۔ نہ ٹھیک سے ملنی ہو نہ ستھیاں۔ ماگھ کیسا رہے گا؟"

"نا بھین جی! ماگھ تو بہت دور ہے۔" پھاتاں رضامند نہیں ہوئی۔ "وہ لوگ ویاہ میں اتنی دیری نہیں چاہتے۔"

"سوچ لے۔ جب کہے گی' تیاری ہو جائے گی۔" جمیلہ نے اڑنے کی مطلق کوشش نہیں کی۔ "تیری تاجاں تو بہت سندر نمیار ہے۔ اس کا ویاہ بھی سندر ہونا چاہئے۔ سے بھی ویسا ہی ہونا چاہئے۔ آگے تیری مرضی۔ میں نے کیا لینا۔"

"میرا کیا ہے جی! تسیں سسرال والوں کو تیار کر لینا۔" پھاتاں نے مسکرا کر کہا۔

"ایسہ گل ہے تو ساھے کا معاملہ مجھ پر چھوڑ دے۔ میں انھیں راضی کر لوں گی۔ کوئی شبہ گھڑی ہونی چاہئے۔ اس کے بارے میں مل جل کر طے کر لیں گے۔"

پھاتاں اٹھتے ہوئے بولی۔ "بھین جی ساھے کا دن یاد رہے گا ناں؟"

"بالکل یاد رہے گا۔" جمیلہ بھی کھڑی ہو گئی اور پھاتاں کے ساتھ ساتھ باغ سے چلی گئی۔

رحیم داد کو حیرت ہوئی' اللہ وسایا کے برعکس جمیلہ کے چہرے پر پہلی سی تازگی تھی اور ویسا ہی نکھار تھا۔ اس کے رویئے میں بھی وہی شگفتگی تھی جو مسکراہٹ بن کر اس کے ہونٹوں پر ہر وقت رقصاں رہتی تھی۔

اللہ وسایا نہ باغ میں آیا نہ رات کو مہمان خانے میں۔ وہ دوسرے روز' دن چڑھے رحیم داد کے پاس آیا۔ اس کا چہرہ اب بھی اترا ہوا تھا۔ کرسی پر بیٹھتے ہوئے بولا۔ "چوہدری میں دو گھنٹے بعد لہور جا رہا ہوں۔ جمیلہ اور دونوں بچے میرے ساتھ جائیں گے۔"

"کوئی خاص کام ہے لہور میں؟" رحیم داد کے استفسار میں حیرت تھی۔

"خاص ہی کام ہے۔" اللہ وسایا نے کام کی نوعیت کے بارے میں کچھ نہیں بتایا۔ "تجھے کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ میں نے نوکروں کو بول دیا ہے۔ آرام سے رہ' یہ تیرا ہی گھر ہے۔ جس چیز کی

ضرورت ہو منگوا لینا۔"

"کب تک واپسی ہوگی؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"تین چار روز تو لگ ہی جائیں گے۔ زیادہ دن بھی ہو سکتے ہیں۔"

رحیم داد دریافت کرنا چاہتا تھا' وہ ملتان سے واپسی کے چند ہی روز بعد لاہور کیوں جا رہا ہے اور جمیلہ کو کس لیے اپنے ساتھ لے جا رہا ہے؟ اس کے ذہن میں کھلبلی مچی ہوئی تھی۔ مگر اللہ وسایا نے موقع ہی نہیں دیا۔ وہ فوراً باہر چلا گیا۔

اللہ وسایا اسی روز بیوی بچوں کے ہمراہ لاہور روانہ ہو گیا۔ رحیم داد بالکل تنہا رہ گیا۔ وہ بار بار اللہ وسایا کے بشرے سے ٹپکتی ہوئی پریشانی کے بارے میں غور کرتا۔ جتنا وہ غور کرتا' اللہ وسایا کا رویہ اسے پراسرار نظر آتا۔ وہ دن دن بھر کمرے میں بند ہو کے حسب معمول چوہدری نورالٰہی مرحوم کے جعلی دستخط بنانے کی مشق کرتا رہتا۔ شام کو نہا دھو کر ٹہلتا ہوا باغ کی جانب نکل جاتا۔ رات کا کھانا مہمان خانے یا باغ میں کھاتا۔ مہمان خانے کی چھت پر بندوق سرھانے رکھ کر سوتا اور بہت چوکنا سوتا۔ ذرا کھٹکا ہوتا' وہ بندوق پر ہاتھ رکھ کر اٹھ بیٹھتا۔ احمد صحت یاب ہو گیا تھا۔ وہ رات کو آنگن میں سوتا۔ اس کے آنے سے رحیم داد کو خاصی ڈھارس ہو گئی۔

اللہ وسایا نویں روز بیوی بچوں کے ساتھ صبح صبح واپس آگیا۔ مگر رحیم داد سے نہیں ملا۔ شام کو رحیم داد باغ میں بیٹھا تھا' اللہ وسایا آیا۔ جمیلہ بھی اس کے ساتھ تھی۔ اس دفعہ نہ صرف اللہ وسایا کے چہرے پر بلکہ جمیلہ کے چہرے پر بھی پریشانی برس رہی تھی۔ دونوں کچھ دیر گم صم بیٹھے رہے پھر اللہ وسایا نے کھنکار کر گلا صاف کیا اور بجھے ہوئے لہجے میں بولا۔

"چوہدری! یہ حویلی ہم نے جلد ہی خالی کرنی ہوگی۔"

رحیم داد ششدر رہ گیا۔ اس نے گھبرا کر پوچھا۔ "کیوں؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

"ہم مقدمہ ہار گئے۔ پہلے ملتان میں ہارے' پھر لہور میں ایڈیشنل کمشنر بحالیات کے پاس اپیل کی۔ اس نے اپیل نامنظور کر دی۔ حویلی اور ہماری ساری اراضی متروکہ جائیداد کے ازالے میں دے دی گئی۔" اللہ وسایا نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "یہ حویلی اور زمین جمیلہ کے پیو کی ملکیت تھی۔ اس کی دھی ہونے کے ناتے جمیلہ کے نام پر یہ میرے پاس تھی۔ پر سرکار نے جمیلہ کو وارث ماننے سے انکار کر دیا۔"

"چوہدری! یہ تو دیکھ' میرے پیو کی تو بہت اراضی تھی۔ اس کی دو ہزار ایکڑ سے اوپر زمین احسان علی شاہ نے دبالی۔ پر اس کا کہنہ مان لیا گیا۔" جمیلہ نے دل گرفتہ ہو کر گلہ کیا۔ "ویسے اس کے پاس

پہلے ہی دو سو مرنے کے لگ بھگ اراضی تھی۔ یہ ۱۸۵۷ء میں انگریزوں کی مدد کرنے اور وفاداری دکھانے پر اس کے پرکھوں کو ملی تھی۔" اس کا لہجہ تلخ ہوگیا۔ "انگریز کا راج تھا' تب اس کی چلتی تھی۔ اب انگریز کا راج نہیں رہا تب بھی اس کی چلتی ہے۔ اس نے ہمارے خلاف درخواست لگائی تھی۔ ہم نے اپنی زمین کی واپسی کے لیے اس کے خلاف درخواست لگائی تو کوئی انکوائری شنکوائری نہ ہوئی کیول اس کی درخواست پر فٹافٹ انکوائری کا حکم جاری کردیا گیا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اللہ وسایا ہار گیا۔ احسان شاہ جیت گیا۔"

"اسے تو جیتنا ہی تھا۔ اس کی اوپر تک پہنچ ہے۔ وزیروں اور افسروں سے یاری ہے۔ اس کے پتر اور جنوائی بھی وڈے افسر ہیں۔ وہ نہ جیتے گا تو کیا میں جیتوں گا۔" اللہ وسایا نے اپنی مجبوری کا اظہار کیا۔

"ٹھیک ہی کہہ رہا ہے۔" جمیلہ کا لہجہ تیکھا اور مزید تلخ ہوگیا۔ "احسان شاہ نے تو جیتنا ہی جیتنا تھا۔ احسان شاہ کے پرکھے بھی تیرے پرکھوں سے جیتے تھے' جنھوں نے اپنی دھرتی کو انگریزوں کی غلامی سے بچانے کے لیے جنگ لڑی تھی' بغاوت کی تھی۔ وہ باہنی وال تھے۔ ہار گئے تو ان سے زمین' مویشی' عزت آبرو' سب کچھ چھین لیا گیا۔ انھیں تباہ و برباد کرکے جانگلی بنادیا گیا۔ احسان علی شاہ کے پرکھوں نے انگریزوں کے کارن غداری کی' آزادی کا سودا کیا' ان کے ساتھ مل کر باہنی وال باغیوں اور وددھیوں کو کچل دیا۔ انگریزوں نے خوش ہوکر انھیں عزت دی' شان دی۔ سید اور شاہ جی کہا اور سید اور شاہ جی بنا بھی دیا۔"

"ایسی باتیں کیوں کرتی ہے۔" اللہ وسایا نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔

"میں نے جھوٹ تو نہیں کہا۔" جمیلہ اسی تلخی سے بولی۔ "میں نے تاریخ کی کتابوں میں جو پڑھا ہے' وہ بتا رہی ہوں۔" اس نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "سر ڈنزل ایبٹ سن بہت وڈا انگریز افسر ہوتا تھا۔ اس نے پنجاب کی کوموں اور جات برادریوں کے بارے میں ایک کتاب بھی لکھی ہے۔ اس کا نام ہے' پنجاب کاسٹس۔ ایبٹ سن نے اس میں لکھا ہے' ۱۸۵۷ء کے غدر میں باہنی وال وددھیوں نے انگریز فوجوں کو بہت تنگ کیا۔ وہ لٹیرے اور جانگلی تھے۔ سو باہنی وال آج تک جانگلی کہلاتے ہیں۔ تو خود سوچ' انگریز کی مونچھ کا بال خاندانی جاگیردار سید احسان علی شاہ' ایک باہنی وال جانگلی اور معمولی مزارعے اللہ وسایا کو کیسے زمیں دار دیکھ سکتا ہے۔ تب ہی تو اس نے اللہ وسایا سے زمیں داری چھین لی۔ اس کی پگ کا طرہ اور اونچا ہوگیا۔"

"احسان شاہ میری زمیں داری ہی سے نہیں' تیرے سکول سے بھی خار کھاتا ہے۔"

"سکول سے کیوں خار کھاتا ہے؟ سکول نے احسان شاہ کا کیا بگاڑا ہے؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہوکر اللہ وسایا سے دریافت کیا۔

"وہ میرے سکول سے سخت ناراض ہے۔ وہ یہ نہیں چاہتا' جانگلیوں اور کمیوں کے بچے پڑھ لکھ کر یہ جان لیں کہ وہ جانگلی اور کمی کیوں ہیں اور احسان شاہ کیسے جاگیردار بن گیا؟ انھیں پتہ چل جائے گا کہ اس کے پرکھے اپنے انگریز حاکموں کے جوتے چاٹتے تھے۔ ان کے سامنے کتوں کی طرح دم ہلاتے تھے۔" جمیلہ کے ہونٹوں پر زہر خند نمودار ہوا۔ "یہ ہے احسان علی شاہ کی اصلیت جس کے بل پر وہ شاہ جی بنا پھرتا ہے' اپنے کو خاندانی جاگیردار اور رئیس بتاتا ہے۔"

اللہ وسایا اور رحیم داد خاموش بیٹھے رہے۔ جمیلہ کے چہرے پر جھنجلاہٹ اور نفرت سرخی بن کر پھیل گئی۔ وہ ہانپنے کے انداز میں گہری گہری سانسیں بھر رہی تھی۔

"اب کیا ہوگا؟" رحیم داد نے سکوت توڑا۔

"ہونا کیا ہے' وہی جو میں نے کہا ہے۔" اللہ وسایا نے جواب دیا۔

"کب تک حویلی خالی کرنی ہوگی؟"

"دس روز کے اندر اندر حویلی خالی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔"

اللہ وسایا کھڑا ہوگیا' جمیلہ اور رحیم داد بھی کھڑے ہوگئے۔ تینوں باغ سے نکلے اور مہمان خانے میں پہنچے۔ مگر اللہ وسایا ٹھہرا نہیں' حویلی میں کھلنے والے دروازے کی جانب بڑھا۔ جمیلہ اس کے ساتھ ساتھ چل رہی تھی۔ رحیم داد نے شام کی دھندلی روشنی میں دیکھا' جمیلہ تھکی ہوئی اور نڈھال نظر آرہی ہے۔ اس کے قدم ڈگمگائے۔ اللہ وسایا نے اسے سنبھال لیا۔ جمیلہ نے اس کے بازو پر اپنا سر ٹکادیا۔ شاید وہ رو رہی تھی۔ رحیم داد اس کا چہرہ نہ دیکھ سکا۔ صرف یہ دیکھ سکا' اللہ وسایا اس کا کندھا بڑے پیار سے تھپک رہا ہے۔ دونوں ایک دوسرے کے سہارے سنبھل سنبھل کر چلتے ہوئے حویلی میں داخل ہوگئے۔

رحیم داد مہمان خانے میں تنہا رہ گیا۔ احمد بھی نہیں تھا۔ وہ آنگن میں پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھ گیا۔ یہ ویران اور اداس شام تھی اور اس سے بھی زیادہ اداس رحیم داد تھا۔ اب کیا ہوگا؟ وہ کس کے پاس جائے گا؟ کہاں جائے گا؟ کیسے جائے گا؟ ان سوالات کا اس کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ زندگی ایک بار پھر اسے بوجھ نظر آنے لگی۔

وہ بے چین اور مضطرب تھا۔ احمد کھانا لایا مگر وہ آدھی روٹی بھی نہ کھا سکا۔ بستر پر لیٹا تو آنکھوں میں نیند نہیں تھی۔ رات کروٹیں بدلتے کسی نہ کسی طور کٹی۔ سویرے اٹھا تو وہی الجھن اور پریشانی

دامن گیر تھی۔ دوپہر ہوئی' رات ہوئی۔ نہ اللہ وسایا نظر آیا نہ جمیلہ۔ دوسرا دن بھی گزر گیا۔ رحیم داد نے سوچا' دونوں گاؤں چھوڑنے کی تیاریوں میں مصروف ہوں گے۔ زمیں داری کا بہت بڑا بکھیڑا ہے۔ انھیں جانے سے پہلے ہر کام نمٹانا ہے۔

رحیم داد کو بھی اب کوٹلہ ہرکشن سے کہیں نہ کہیں جانا تھا۔ اللہ وسایا اسے پہلے ہی صورت احوال سے خبردار کرچکا تھا۔ اس نے سویرے سویرے نائی بلوایا' بال کٹوائے' ڈاڑھی کی تراش خراش کرائی۔ حجامت بنوانے کے بعد غسل خانے میں گیا۔ نہا دھو کر اجلے کپڑے پہنے۔ کنگھی سے سر اور ڈاڑھی کے بال سنوارے۔ آنکھوں پر عینک لگائی اور دیوار میں لگے ہوئے آئینے کے سامنے جاکر کھڑا ہوگیا۔ اس کے چہرے کا زخم کب کا مندمل ہوچکا تھا۔ مگر اس کے بائیں رخسار پر لگ بھگ چار انچ لمبا نشان ہلال کی شکل میں چھوڑ گیا تھا۔ اس نے گردن ادھر ادھر گھما کر اپنے چہرے پر مختلف زاویوں سے نظر ڈالی' زیر لب مسکرایا۔ اب اس کی شکل و شباہت میں اتنا فرق آچکا تھا کہ اسے شناخت کرنا آسان نہیں تھا۔ چہرے مہرے سے وہ اس قدر مختلف بن چکا تھا۔ لاری یا ٹرین سے بھی سفر کرسکتا تھا۔

آئینے میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے اس نے طے کیا' وہ کوٹلہ ہرکشن' شام ہونے سے پہلے چھوڑ دے گا۔ منٹگمری اسٹیشن جانے کے بجائے لاری سے پاک پتن جائے گا اور رات کی ٹرین سے لودھراں پہنچ کر بہاول پور کے راستے سندھ کی طرف نکل جائے گا۔ سکھر' شکار پور نواب شاہ یا سندھ کے کسی بھی علاقے میں چلا جائے گا۔ چوہدری نورالٰہی کے کلیم کی بنیاد پر زرعی زمین اور مکان الاٹ کرانے کی کوشش کرے گا۔ جب تک الاٹمنٹ نہیں ملے گا' کہیں دکان کھول لے گا یا کوئی اور کاروبار شروع کردے گا۔ لالی کی دی ہوئی تین ہزار سے اوپر رقم اس کے پاس موجود تھی۔ اس رقم سے وہ بہت کچھ کرسکتا تھا۔ سندھ میں کسی جان پہچان والے کے ملنے کا امکان بھی کم تھا۔ وہ چوہدری نورالٰہی کے روپ میں اطمینان سے نئی زندگی کا آغاز کرسکتا تھا۔

وہ اب چوہدری نورالٰہی بن کر ہی زندہ رہنا چاہتا تھا۔ رحیم داد کو وہ بہت پہلے ختم کرچکا تھا۔ بیگماں کے قتل کے بعد رحیم داد سے اس کے سماجی وجود کا آخری رشتہ بھی ٹوٹ گیا تھا۔ یہ پھانسی کا خطرہ مول لے کر رحیم داد کو زندہ رکھنے کی آخری کوشش تھی جس میں وہ اپنی اکلوتی بہن کو بھی داؤ پر لگا چکا تھا۔ وہ کس کے لیے رحیم داد بن کر زندہ رہتا؟ نوراں کے لیے؟ بچوں کے لیے؟ اس نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ نوراں مرگئی۔ اس کے ساتھ بچے بھی مرگئے۔ اب اس کا کوئی رشتہ نہیں رہا تھا۔ رحیم داد اس کے لیے ماضی کے کباڑ خانے کا حصہ بن چکا تھا۔ زنگ خوردہ' بوسیدہ' بیکار اور

فضول۔

☆

احمد ناشتا لے کر کمرے میں آیا۔ اس کا چہرہ بھی مرجھایا ہوا تھا۔ وہ اداس اور مضمحل لگ رہا تھا۔ رحیم داد نے لسی کا گھونٹ بھر کر اظہار ہمدردی کے طور پر پوچھا۔ "حمدے! تو پریشان لگ رہا ہے۔ بات کیا ہے؟"

"پریشانی کی تو جی گل ہی ہے۔" وہ بجھے ہوئے لہجے میں بولا۔ "تیں نوں تو پتہ ہی ہے' زمیں دار مکدمہ ہار گیا۔ وہ زمیں دارنی کے ساتھ پنڈ چھوڑ کر جا رہا ہے۔"

"تیں نوں کیسے پتہ چلا؟"

"میں نوں تو جی پتہ چل ہی جاتا۔ میں تو حویلی کا نوکر ٹھیرا۔ پر اب تو یہ بات سب جانتے ہیں۔ زمیں دار ہی نے سب کو بتایا ہے۔ پنڈ میں ہر جگہ اسی کا چرچا ہے۔ سب دکھی ہیں۔ کیا مزارعے' کیا کمی۔ سبھی زمیں دار اور زمیں دارنی سے بہت پیار کرتے ہیں۔ میں نے تو جی کتنوں ہی کو روتے دیکھا۔"

"دکھ کی تو گل ہی ہے۔" رحیم داد نے احمد کی تائید کی۔ "پنڈ والوں کو ایسا زمیں دار نہیں ملے گا۔"

"توبہ کرو جی! وہ زمیں دار ہی کب تھا۔ وہ اور زمیں دارنی تو سب سے اس طرح گھل مل کر رہتے تھے جیسے اس کے اپنے شریکے اور گھر والے ہوں۔" احمد آہستہ آہستہ بولتا رہا۔ "وڈے زمیں دار تو جی! ویاہ ہو یا موت' ہر مزارعے سے بھیڑ بکری' بھاڑو یا مچھندر لیتے ہیں۔ بیماری ہو یا مہمان آئے' جتنے ککڑ چاہے منگوا لیتے ہیں۔ مزارعے کی دودھ دینے والی نہ ہو یا ڈھگی' جب تک جی چاہے اپنے پاس رکھتے ہیں۔ گاہ کے وکھت ایک جوڑا ڈنگر اور جتنے بندے چاہتے ہیں بلا لیتے ہیں۔ ماڑی یا حویلی کی لپائی' ٹنک کی پسائی' سب مفت کراتے ہیں۔ ایسی ہی جانے کتنی طرح کی مزارعوں سے ویگار لیتے ہیں۔ مویشی اور چوکھر تو اٹھواتے ہی ہیں نوجوان گھر والیوں اور کڑیوں تک کو اٹھوا لیتے ہیں۔ واپس کرنے کی ٹکڑی رکم مانگتے ہیں یا بیچ دیتے ہیں۔ کیا کیا بتاؤں جی' وڈے زمیں دار کتنا ظلم کرتے ہیں۔ پر اپنا زمیں دار تو نیک بندہ ہے۔ اس نے کبھی ایسا نہیں کیا۔ جبھی تو سب اس کے لیے رو رہے ہیں۔"

"اس کے جانے کے بعد تو کیا کرے گا؟"

"میں تو جی اس کے ساتھ ہی جاؤں گا۔" احمد نے جواب دیا۔

"اگر وہ تجھے اپنے ساتھ نہ لے گیا تو کیا کرے گا؟"

"تب تو جی میں یہ پنڈ ہی چھوڑ دوں گا۔ اس کے جانے کے بعد میں یہاں نہیں رہ سکتا۔ پنڈ کے جانے کتنے لوگ سوچ رہے ہیں' زمیں دار اور زمیں دارنی کے جاتے ہی کسی اور پنڈ کو چلے جائیں گے۔ جانے نیا زمیں دار کون ہو؟ کیسا ہو؟ اور جی کوئی بھی ہو۔ ہو گا تو وڈا ہی زمیں دار اور ایسے سب زمیں دار ایک ہی سے ہوتے ہیں۔" اس کی آواز بھر آگئی۔ آنکھوں میں آنسو امڈ آئے۔ "یہ تو جی بہت برا ہوا۔ بہت ہی برا ہوا۔"

رحیم داد کچھ نہ بولا۔ احمد سامنے فرش پر خاموش بیٹھا بار بار آنسو پونچھتا رہا۔ رحیم داد ناشتے سے فارغ ہوا تو وہ برتن اٹھا کر باہر چلا گیا۔

پہر دن گزر گیا۔ گرمی بڑھتی جا رہی تھی۔ لو کے جھکڑ چلنے لگے تھے۔ مہمان خانے پر سناٹا چھایا ہوا تھا۔ فضا بوجھل اور غبار آلود تھی۔ رحیم داد بستر پر لیٹ گیا۔ اس کی آنکھ لگ گئی۔

دوپہر کو قدموں کی آہٹ سے رحیم داد کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے دیکھا' اللہ وسایا کمرے میں داخل ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ جمیلہ بھی تھی۔ رحیم داد اٹھ کر بیٹھ گیا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ کرسیوں پر بیٹھ گئے۔

رحیم داد نے آنکھیں ملتے ہوئے کہا۔ "باہر زبردست گرمی ہے۔"

"ہاں جی! آج گرمی کچھ زیادہ ہی ہے۔" اللہ وسایا بولا۔ "سویرے سے لو چلنی شروع ہو گئی۔"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے اسے اپنے ارادے سے آگاہ کیا۔ "میرا تو آج شام سے پہلے یہاں سے جانے کا ارادہ ہے۔ سوچا تھا' روٹی کھا کر تیرے پاس آؤں گا۔ تم دونوں سے مل کر چلا جاؤں گا۔"

جمیلہ چپ بیٹھی رہی۔ اللہ وسایا نے کہا۔ "چلا جانا' ایسی کیا بھیتی ہے۔ دو چار روز ٹھیر جا۔ ہم نے بھی یہاں کب تک رہنا ہے۔ حویلی تو خالی ہی کرنی ہے۔"

"آگے کے لیے تو نے کیا سوچا؟"

"ابھی تو کچھ نہیں سوچا۔" اللہ وسایا نے سادگی سے جواب دیا۔

"سوچنا کیا ہے۔" جمیلہ نے کرسی پر پہلو بدلا اور اللہ وسایا کی جانب مڑ کر دیکھا۔ "تیرے پاس ۱۵ کلا زمین تو رہے گی۔ مزارع بن کر تو ہم اس پنڈ میں رہ ہی سکتے ہیں۔"

"جی' اس کی سنو۔" اللہ وسایا نے مسکرانے کی کوشش کی۔ "جس پنڈ میں اٹھ سال تک زمیں داری کی' اب تو اسی میں مجھے مزارع بنا کر ٹھیرانا چاہتی ہے۔ ذرا سوچ تو' یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

"نہیں جی' یہ نہیں ہو سکتا۔" رحیم داد نے بھی اللہ وسایا کی تائید کی۔ "زمیں دار اپنے ہی پنڈ میں مزارع بن کر نہیں رہ سکتا۔ ایسا کبھی نہیں ہوا۔ عزت اور آبرو بھی آخر کوئی چیز ہوتی ہے۔"

"چھوڑ چوہدری کیا رکھا ہے ان باتوں میں۔" جمیلہ تیکھے لہجے میں بولی۔ "سب کچھ ہو سکتا ہے۔ اور جی سب سے وڈی گل ایہہ ہے' میں نے اپنا سکول نہیں چھوڑنا۔ اللہ وسایا! تو زمیں داری بھول جا۔ اپنے تئیں مزارع سمجھنے کی کوشش کر۔ ویسے بھی زمیں دار بن کر تو کب زمیں دار رہا۔ نہ وہ تیری ٹور تھی' نہ وڈے زمیں داروں والی آن بان تھی۔ مجھے تیری یہی سادگی چنگی لگتی تھی۔"

"چل' تیری گل میں نے مان لی۔ میں تو مزارع بن جاؤں گا۔ پہلے بھی مزارع ہی تھا۔ میرا پیو بھی مزارع تھا۔ زمیں دار تو مجھے تو نے بنایا۔" اللہ وسایا کھل کر مسکرایا۔ "پر تو مزارعے کی گھر والی بن سکے گی؟"

"بالکل بن سکتی ہوں۔" جمیلہ نے جوش سے سینے پر ہاتھ مارا۔ "آزما کے دیکھ لے۔" وہ اور زیادہ جوش میں آگئی۔ کرتے کی دونوں آستینیں چڑھا لیں۔ اس کے گورے گورے ہاتھ دور تک عریاں ہو گئے۔ "تو نے مجھے سمجھا کیا ہے؟ سویرے سویرے اٹھ کر مویشیوں کے لیے پٹھا دتا کروں گی۔ چاٹی میں مدھانی ڈال کر دودھ بلوؤں گی۔ تو کھیتوں پر جائے گا اور میں بچوں کو لے کر سکول چلی جاؤں گی۔ دوپہر کو روٹی پکاؤں گی اور سر پر چنگیری میں رکھ کر تیرے لیے بھتا لے کر کھیتوں پر جاؤں گی۔ تیرے کپڑے دھوؤں گی۔ چرخے پر سوت کاتوں گی۔ چکی میں دانا پیسوں گی۔ میں کیا نہیں کر سکتی؟"

"چوہدری! سن رہا ہے' اس کی باتیں۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کو مخاطب کیا پھر مڑ کر جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "تجھ سے یہ سب کچھ ہو سکے گا؟ جمیلہ! ایسا کرنا تیرے بس میں نہیں۔ تیرا یہ سارا رنگ روپ مٹ جائے گا۔ آئینہ دیکھے گی تو خود کو پہچان بھی نہ سکے گی۔ کہے گی' ہائے ربا! میں تو برباد ہو گئی۔ یہ کیا ہو گیا؟ تو نے یہ بھی سوچا؟"

"اللہ وسایا! روپ رنگ کا کیا ہے۔ یہ تو دھوپ چھاؤں ہے۔ آج نہیں تو کل اسے منا ہے۔" وہ سنجیدگی سے اپنی بات پر اڑی رہی۔ "میں نے تھوڑا جیون گزار کر ہی بہت کچھ دیکھ لیا ہے۔ کبھی اپنے کو اس پاروتی کے روپ میں دیکھا جو لہور میں پڑھتی تھی۔ ایک سے ایک عمدہ کپڑے پہنتی تھی۔ کالج کے ڈراموں میں سوانگ بھر کر ایکٹنگ کرتی تھی' ہنستی تھی' ہنساتی تھی۔ سکھیوں کے ساتھ ناچتی گاتی تھی۔ پکنک مناتی تھی۔ شام کو راوی پر کشتی چلاتی تھی۔ کار میں سواری کرتی تھی۔ شان دار کوٹھی میں رہتی تھی۔" اس کا لہجہ دھیما پڑ گیا۔ "میں نے اس پاروتی کو بھی دیکھا جسے ستمبر

۱۹۴۷ء کی رات بھیرپور سٹیشن سے بلوائی اٹھا لے گئے۔ فیروہ پاروتی نہ رہی۔ بھوکے کتوں کے لیے ہڈی بن گئی۔ کبھی تین سو میں بکی کبھی پانچ سو میں۔" اس کا چہرہ مرجھا گیا' لہجہ تلخ ہو گیا۔ "تو مجھے ولیا کے گھر سے نکال کر نہ لاتا تو آج میں ہیرا منڈی کی کسی کنجری کے کوٹھے پر اپنا روپ رنگ اور جوانی بیچ رہی ہوتی۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "تجھے پتہ ہی ہے' میں پاروتی سے کیسے جمیلہ بنی اور زمیں دارنی کہلانے لگی۔ اب زمیں داری کے ساتھ زمیں دارنی بھی نہ رہی۔ جس طرح پاروتی مرگئی' ویسے ہی زمیں دارنی بھی مرگئی۔ اب میں اللہ وسایا مزارعے کی گھر والی بن جاؤں گی۔ بول میں مزارعے کی گھر ولی کیوں نہیں بن سکتی؟ یہ کیوں نہیں کہتا' تو زمیں داری کی شان میں مزارع بننا نہیں چاہتا۔"

"چل' تو ہی ٹھیک کہہ رہی ہے۔ میں نے تیری بات مان لی۔" اللہ وسایا نے جمیلہ کے جوش و خروش کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے۔ "پر یہ تو سوچ' اگر نئے زمیں دار نے مجھے بے دخل کر دیا۔ ایسے ہی جیسے بنسی لال نے میرے پیو کو اور مجھے بے دخل کر دیا تھا۔ تب کیا بنے گا؟"

"بالکل ایسا ہو سکتا ہے۔" رحیم داد نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔ "کوئی زمیں دار یہ نہیں چاہے گا کہ ایسے بندے کو اپنا مزارع بنا کر رکھے جو اسی پنڈ کا اٹھ سال تک زمیں دار رہ چکا ہو۔ مزارعوں پر اپنا رعب جمانے کے لیے وہ سب سے پہلے اللہ وسایا کو بے دخل کرے گا۔ زمیں داری جو چلانی ہوئی۔"

"چوہدری! تو یہ کہنا چاہتا ہے' ہم یہ پنڈ چھوڑ دیں۔" جمیلہ نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "پر میرے سکول کا کیا بنے گا؟"

"سکول کو تو اب بھول ہی جا۔" اللہ وسایا بولا۔ "کوئی بھی وڈا زمیں دار اپنی زمیں داری میں سکول شکول نہیں دیکھ سکتا۔ سرکار نے کتنے ہی زمیں داروں کے پنڈ میں سکول کھولنے چاہے پر انھوں نے نہ صرف زبردست مخالفت کی بلکہ تگڑی رشوت دے کر رکوا دیا۔"

"اللہ وسایا بالکل ٹھیک کہہ رہا ہے۔" رحیم داد نے تائید کی۔ "میں تجھے ایک واردات کا حال سناتا ہوں۔ ملتان کی تحصیل میلسی میں دو وڈے زمیں داروں میں زبردست جھگڑا چل رہا تھا۔ دونوں ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ ان میں سے ایک میرا جاننے والا تھا۔ اس سے ڈپٹی کمشنر نے سکول کھولنے کے لیے چندا مانگا۔ چندا تو اس نے دگنا دے دیا پر ساتھ ہی یہ شرط بھی رکھی' سکول اس کے پنڈ کی بجائے' مخالف زمیں دار کے پنڈ میں کھول دیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس کی شرط مان لی اور حکم جاری کر دیا۔ بعد میں سنا' زمیں دار گالاں نکالتا تھا۔ کہتا تھا' میرے ساتھ دھوکا کیا گیا۔"

"ہاں جی' ایسا ہی ہوتا ہے۔" اللہ وسایا نے رحیم داد سے اتفاق رائے کیا۔ "یہ پنڈ چھوڑنا ہی ہوگا۔ اب تو کچھ اور سوچنا ہوگا۔"

جمیلہ خاموش رہی۔ اس کے چہرے سے افسردگی ٹپک رہی تھی۔

"اب اس پنڈ میں تم دونوں کا رہنا کسی طرح ٹھیک نہیں۔ کوئی اور ہی رستہ دیکھنا ہوگا۔" رحیم داد نے دبی زبان سے کہا۔

اللہ وسایا بیزاری سے بولا۔ "کچھ سمجھ نہیں آتی۔ میں نے تو ملتان میں کیس ہارنے کے بعد ہی سوچنا شروع کر دیا تھا۔"

"چنتا نہ کر' تو مزارع بننا نہیں چاہتا تو نہ بن۔" جمیلہ نے اس سے الجھنے کی کوشش نہیں کی۔

اللہ وسایا اس کی بات کاٹ کر گویا ہوا۔ "میں مزارع بننے کو تیار ہوں پر اس پنڈ میں نہیں۔ کسی اور زمیں داری میں مزارع بن کر رہ سکتا ہوں۔"

"یہ بات دل سے نکال دے۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "اللہ وسایا! اب تو مزارع نہیں بن سکتا۔ کوئی زمیں دار تجھے مزارع بنائے گا بھی نہیں۔ تو اسے جتنا آسان سمجھتا ہے' ایسا ہے نہیں۔ اب تیں نوں کچھ اور سوچنا ہوگا۔"

"یہی میں کہہ رہی تھی۔ مگر اس نے مجھے یہ بات کہنے ہی نہیں دی۔"

"کہہ' کیا کہنا چاہتی ہے؟" اللہ وسایا بولا۔

"اگر اس پنڈ میں نہیں رہنا تو ایسا کرتے ہیں' لہور چلتے ہیں۔"

"وہاں جا کر کیا کریں گے؟" اللہ وسایا نے حیرت سے پوچھا۔

"میں وہاں کسی سکول میں پڑھانے پر لگ جاؤں گی۔ مجھے کسی نہ کسی سکول میں نوکری ضرور مل جائے گی۔"

"یہ کہنا چاہتی ہے تو نوکری کرے اور میں ہڈ حرام بن کر تیری کمائی کھاؤں؟" اللہ وسایا نے منہ بگاڑا۔ "یہ نہیں ہو سکتا۔" وہ رحیم داد سے مخاطب ہوا۔ "چوہدری! اس کی گل سن رہا ہے؟"

"اتنا برا کیوں مناتا ہے۔" جمیلہ نے روٹھے ہوئے اللہ وسایا کو منانے کی کوشش کی۔ "میں نے اپنی طرف سے ایک اپائے بتایا تھا۔ تو اس کے لیے تیار نہیں تو کچھ اور وچار کرتے ہیں۔"

رحیم داد نے کہا۔ "ہاں' کچھ اور ہی سوچنا پڑے گا۔"

اللہ وسایا کھڑا ہو گیا۔ "چوہدری! تو ابھی نہ جا۔ چند روز بعد چلا جانا۔ ویسے اس پنڈ سے تو اب

جانا ہی ہے۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ اللہ وسایا کھڑا ہوا تو جمیلہ بھی کھڑی ہوگئی۔ دونوں کمرے سے چلے گئے۔ رحیم داد نے کوٹلہ ہرکشن چھوڑنے کا ارادہ فی الحال ترک کردیا۔ وہ اللہ وسایا اور جمیلہ کی دل آزاری نہیں چاہتا تھا۔ ویسے بھی اسے جانے کی کوئی جلدی نہیں تھی۔

اس نے دروازہ بند کرکے کنڈی لگائی۔ کلیم کے کاغذات کا بستہ نکال کے کھولا۔ چوہدری نورالٰہی کے دستخط بغور دیکھے، سادہ کاغذ پر جعلی دستخط بنائے۔ دونوں کو برابر رکھا۔ ان پر تنقیدی نظر ڈالی۔ دستخط بالکل ہوبہو تھے۔ کسی نقطے، شوشے، یہاں تک کہ اعراب میں بھی سرمو فرق نہ تھا۔ رحیم داد کی آنکھیں چمک اٹھیں۔ مہینوں کی مسلسل مشق کا نتیجہ آج اس کے سامنے تھا۔ وہ دیر تک دستخط دیکھتا اور خوش ہوتا رہا۔

رحیم داد نے کاغذات الٹ پلٹ کے دیکھے۔ جو کاغذ اردو میں تھے، وہ اس نے پڑھ لیے۔ انگریزی میں لکھی ہوئی درخواستیں اور ان پر متعلقہ محکموں کے افسران کے احکام پڑھنے سے وہ قاصر تھا۔ ان کا مفہوم وہ مطلق نہ سمجھ سکا۔ ویسے بھی متروکہ جائیداد اور اس کے الاٹمنٹ کے بارے میں اس کی معلومات نہایت محدود تھی۔ تجربہ بھی نہیں تھا۔ وہ مہاجر نہیں تھا۔ لہٰذا اس نے کبھی یہ باتیں جاننے کی کوشش ہی نہیں کی تھی۔ نورالٰہی نے مرنے سے پہلے اپنے کلیم کے متعلق جو کچھ بتایا تھا، وہی اس کی کل معلومات تھیں اور انھی کی بنیاد پر وہ اتنا ضرور جانتا تھا کہ کلیم منظور شدہ ہے اور اس کے عوض وہ زرعی اراضی اور املاک کا الاٹمنٹ حاصل کرسکتا ہے۔

کاغذات دیکھتے دیکھتے اس کے ذہن میں یکایک خیال آیا کہ جمیلہ کی زمین اور حویلی مقدمہ ہارنے کے بعد متروکہ جائیداد قرار دی جاچکی ہے۔ چوہدری نورالٰہی کے کلیم کی بنیاد پر وہ یہی زمین الاٹ کرا سکتا ہے۔ اس طرح وہ اللہ وسایا اور جمیلہ کو پریشانی اور اضطراب سے بچا سکتا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے کوٹلہ ہرکشن چھوڑ کر کہیں جانے کا خطرہ مول نہیں لینا پڑے گا۔ کوٹلہ ہرکشن اس کے لیے محفوظ ٹھکانا تھا۔ یہاں وہ کئی ماہ سے مقیم تھا۔ اس ماحول سے وہ پوری طرح مانوس ہوچکا تھا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ اس پر مہربان تھے اور اس کے آرام کا ہر طرح خیال رکھتے تھے۔ اس کی دل جوئی کرتے تھے۔ مہمان کے بجائے اسے اپنے ہی کنبے کا فرد تصور کرتے تھے۔

اسے اللہ وسایا اور جمیلہ کا احسان چکانے کا نہایت عمدہ موقع ملا تھا۔ اس میں اس کا اپنا فائدہ بھی تھا۔ وہ راتوں رات مہمان سے مالک و مختار بن جاتا، زمیں دار بن جاتا۔ وہ اس خیال کو عملی جامہ پہنانے کے بارے میں سنجیدگی سے سوچنے لگا۔ مگر اس کے ساتھ اندیشوں نے بھی سر ابھارا

اور ان کی نوعیت یہ تھی کہ پنجاب کے کسی دور دراز علاقے میں اگر وہ الاٹمنٹ حاصل کرتا تو خطرہ بہت کم تھا۔ سندھ میں بہت ہی کم تھا۔ ضلع منٹگمری میں خطرہ زیادہ اور بہت زیادہ تھا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ اس ضلعے میں اراضی اور املاک الاٹ کرانے کے لیے چوہدری نورالٰہی مرحوم طویل عرصے تک کوشش کرتا رہا تھا۔ دفتروں کے چکر کاٹتا رہا تھا۔ افسروں اور ماتحت عملے سے ملتا رہا تھا۔ ان میں اس کے جاننے والے بھی ہوسکتے تھے۔

کوٹلہ ہرکشن کی حویلی اور اراضی کے الاٹمنٹ کو جب اس نے اس پہلو سے دیکھا تو گھبرا گیا، خوف زدہ ہوگیا۔ جعلی دستخط سے حاصل کیا ہوا الاٹمنٹ اگر کسی وقت پکڑ لیا جاتا تو اس میں صرف جیل جانے کا خطرہ نہیں تھا بلکہ اس کے گلے میں پھانسی کا پھندا ہوتا۔ وہ چوہدری نورالٰہی کا قاتل تھا اور ایک بار جب راز افشا ہوجاتا تو سارے دوسرے راز پیاز کے چھلکوں کی طرح اترتے چلے جاتے۔ وہ حکیم چشتی کا قاتل تھا، سیف اللہ کا قاتل تھا اور جیل کا مفرور قیدی بھی تھا۔ رحیم داد لرز کر رہ گیا۔ اس نے کلیم کے کاغذات کپڑے میں لپیٹ کر گرہ لگائی اور حفاظت سے تکیے کے نیچے رکھ دیئے۔

شام کو اس نے اللہ وسایا اور جمیلہ کے ساتھ کھانا کھایا۔ دونوں شش و پنج میں مبتلا تھے اور آئندہ کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کرسکے تھے۔ ان کے چہرے مرجھائے ہوئے تھے اور آنکھیں ویران ویران نظر آتی تھیں۔ نہ اللہ وسایا نے اس کے کلیم کے بارے میں تذکرہ کیا نہ ہی رحیم داد نے ایسی کوئی بات کی۔ وہ دوپہر ہی کو طے کرچکا تھا کہ نہ صرف کوٹلہ ہرکشن کی متروکہ املاک بلکہ ضلع منٹگمری میں کہیں بھی الاٹمنٹ حاصل کرنے کی مطلق کوشش نہیں کرے گا۔ وہ کوئی خطرہ مول لینے کے لیے آمادہ نہیں تھا۔

صبح جمیلہ مہمان خانے میں آئی۔ وہ اس وقت تنہا تھی۔ رحیم داد ناشتا کر رہا تھا۔ وہ اس کے قریب ہی کرسی پہ بیٹھ گئی۔ رحیم داد نے پوچھا۔ "تو نے اور اللہ وسایا نے آگے کے لیے کیا سوچا؟"

"میں تیرے پاس اسی بارے میں بات کرنے آئی ہوں۔" جمیلہ نے جواب دیا۔

"کیا بات کرنی ہے؟ کیا تو نے کچھ سوچ لیا؟"

"ہاں! ایک ہی گل سمجھ آتی ہے۔ میں برابر اسی پر سوچ بچار کر رہی ہوں۔ اور تو کچھ مجھے نظر نہیں آتا۔"

"اللہ وسایا کو نہیں بتایا؟"

"اسے میں نے بتایا تو تھا۔ تیرے سامنے ہی تو بات کی تھی پر وہ کہاں راضی ہوا۔ ایک دم ناراض ہو گیا۔"

"وہی لہور جانے کی گل؟"

"ہاں۔" جمیلہ نے آہستہ سے گردن ہلائی۔ "تو خود ہی سوچ ہم اور کہاں جا سکتے ہیں؟ لہور میں مجھے آسانی سے کسی سکول میں پڑھانے کی نوکری مل سکتی ہے۔"

"پر یہ بات تو وہ ہرگز نہیں مانے گا کہ تو کمائے اور وہ بیٹھ کر کھائے۔"

"بات اس پر کار نہیں ہے۔ جاتے ہی تو نوکری نہیں مل جائے گی۔ پر لہور وڈا شہر ہے۔ وہاں مجھے نوکری ملنے میں زیادہ مشکل نہیں پڑے گی۔ جب تک نوکری نہیں ملے گی' تب تک گزارے کے لیے اپنے پاس کچھ نہ کچھ تو ہے۔ زیور کس دن کے لیے ہیں۔ انھیں بیچ کر بھی کام چلایا جا سکتا ہے۔"

"اللہ وسایا تو اس روز صاف انکار کر چکا ہے۔"

"تو اسے سمجھائے گا تو وہ مان جائے گا۔ میں اسی لیے تیرے پاس آئی ہوں۔"

"کیا تو سمجھتی ہے کہ وہ میری بات مان لے گا؟"

"مجھے پورا وشواس ہے۔" جمیلہ نے زور دیتے ہوئے کہا۔ "وہ تیری بات نہیں ٹالے گا۔ کہہ کے تو دیکھ۔ اس میں برائی کیا ہے۔"

"تو کہتی ہے تو میں اسے ضرور کہوں گا۔ اسے راضی کرنے کی پوری پوری کوشش کروں گا۔" رحیم داد نے جمیلہ کو یقین دلایا۔

"چوہدری! تو بھی ہمارے ساتھ لہور چلنا۔" وہ خوش ہو کر بولی۔

مگر رحیم داد رضامند نہیں ہوا۔ وہ لاہور جانا نہیں چاہتا تھا۔ وہاں خطرہ ہی خطرہ تھا۔ تنگدستی سے نزدیک ہونے کے باعث کوئی نہ کوئی ایسا جان پہچان کا وہاں کسی بھی وقت پہنچ سکتا تھا جو اسے شناخت کر لیتا۔ حالانکہ وہ اپنا حلیہ بڑی حد تک تبدیل کر چکا تھا۔ مگر کسی ایسے خطرے سے دوچار ہونے کے لیے تیار نہ تھا جو اسے پھانسی گھاٹ تک لے جاتا۔ اس نے صاف انکار کر دیا۔ "نہیں' میں نے لہور نہیں جانا۔ میں اپنی گھر والی اور بچوں کو تلاش کرنے رحیم یار خاں جاؤں گا۔ وہاں بھی بہت مہاجر ہیں۔ کسی سے گھر والی اور بچوں کا اتا پتہ مل سکتا ہے۔ ویسے تو اور اللہ وسایا پہلے ہی پریشان ہیں۔ اب میں تم دونوں کے لیے اور بوجھ بننا نہیں چاہتا۔" رحیم داد لمحے بھر خاموش رہا۔ "میری فکر نہ کر۔ اپنے اور اللہ وسایا کے بارے میں سوچ۔"

"وہ تو میں دن رات سوچتی رہتی ہوں۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ جمیلہ گردن جھکائے کچھ دیر سوچتی رہی پھر اس نے پوچھا۔ "چوہدری! تجھے ہم دونوں کے چھوٹنے کا کوئی دکھ نہیں ہو گا۔ میری بات کا وشواس کر' مجھے تو بہت دکھ ہو گا۔ سدا یاد آئے گا۔"

جمیلہ کے انداز میں لگاوٹ تھی' دبی دبی چاہت تھی۔ رحیم داد نے یہی محسوس کیا۔ اس نے نظریں اٹھا کر جمیلہ کو دیکھا۔ وہی ستاروں کی مانند روشن آنکھیں' وہی پھول سا شگفتہ چہرہ' وہی دل کشی' وہی رعنائی' جسے دیکھ کر اس پر خود فراموشی طاری ہو جاتی تھی۔ وہ اس کے اس قدر قریب بیٹھی تھی کہ رحیم داد اس کے خوب صورت بدن کی مہک سونگھ سکتا تھا۔ وہ تڑپ اٹھا۔ اس نے اب تک سوچا ہی نہیں تھا کہ جمیلہ سے دور ہونے کے بعد اس پر کیا بیتے گی۔ نہیں' وہ اس سے دور نہیں رہ سکتا تھا۔ اس پر گویا وارفتگی طاری ہو گئی۔ اس کے منہ سے بے اختیار نکل گیا۔

"تو یہ پنڈ چھوڑ کر کہیں نہیں جائے گی۔ میرے کلیم سے حویلی اور زمین کا الاٹمنٹ ہو سکتا ہے۔"

"تیرا کلیم ہے؟" جمیلہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔ "ضرور ہو گا۔ تو مہاجر ہے نا۔ تو نے پہلے کیوں نہیں بتایا؟"

عین اسی وقت اللہ وسایا کمرے میں داخل ہوا۔ جمیلہ نے اسے دیکھا تو مسکرا کر بولی۔ "اللہ وسایا! تجھے پتہ ہے' اپنے چوہدری کا کلیم موجود ہے۔ اس نے مجھے ابھی بتایا ہے۔"

"بتایا تو اس نے مجھے بھی تھا۔" اللہ وسایا نے کہا۔ "پر ایسی پریشانی رہی کہ یاد ہی نہیں آیا۔ یہ تو کہتا تھا' بہت وڈا کلیم ہے۔"

"وڈا کلیم ہے تو حویلی اور ساری اراضی کا الاٹمنٹ ہو سکتا ہے۔" جمیلہ نے اپنے ردعمل کا اظہار کیا۔ "اب تو سب کچھ متروکہ جائیداد ڈیکلیئر کر دیا گیا ہے۔"

جمیلہ اور اللہ وسایا کے چہروں پر سرخی دوڑ گئی۔ انھیں مسرور دیکھ کر رحیم داد بھی جذبات کے سیلاب میں بہہ گیا۔ نہ اسے اندیشے یاد آئے' نہ خطرات نے لرزہ براندام کیا۔ اس نے تکیے کے نیچے سے بستہ نکالا اور اللہ وسایا کو دے کر بولا۔

"یہ رہے! میرے کلیم کے کاغذات۔"

اللہ وسایا نے بستہ جمیلہ کی طرف بڑھا دیا۔ "جی لے! لے چوہدری کے کلیم کے کاغذات تو دیکھ۔ تو انگریزی بھی پڑھ سکتی ہے۔ سب کچھ سمجھ لے گی۔"

جمیلہ نے بستہ کھولا۔ کاغذات نکالے اور الٹ پلٹ کر پوری توجہ سے پڑھنے لگی۔ ذرا دیر بعد اس نے حیرت زدہ ہو کر اونچی آواز سے کہا۔ "اللہ وسایا! اپنے چوہدری کا تو بہت وڈا کلیم ہے۔ منظور شدہ بھی ہے۔ اس میں زرعی اراضی اور املاک سبھی شامل ہے۔"

"تب تو زمین کے ساتھ حویلی کی الاٹمنٹ بھی ہو سکتی ہے۔"

"بالکل ہو سکتی ہے۔" جمیلہ مسکراتے ہوئے بولی۔ "چوہدری نے تو پہلے ہی یہ گل کی تھی۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "چوہدری زمیں دار بن جائے گا' تب تو مزارع بن کر بھی تو اس پنڈ میں رہ سکتا ہے۔ میرا سکول بھی رہے گا۔ نہ کہیں جانا پڑے گا نہ اس بارے میں سوچ سوچ کے بھیجا خراب کرنا پڑے گا۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا اور مسکرائی۔ "چوہدری! تو اللہ وسایا کو اپنا مزارع بنالے گا نا؟"

"ایسی باتیں نہ کر۔" رحیم داد نے ناراض ہونے کے انداز میں کہا۔ "تو مجھے اتنا کمینہ اور نیچ سمجھتی ہے کہ میں اللہ وسایا کو اپنا مزارع بنا کر رکھوں گا؟ اللہ وسایا زمیں دار تھا' الاٹمنٹ کے بعد بھی زمیں دار ہی رہے گا۔ تو آگے ایسی بات نہ کہنا۔ مجھے بہت دکھ ہو گا۔"

اللہ وسایا بولا۔ "یہ باتیں چھوڑ۔ سب سے پہلے تو وکیل کو کلیم کے کاغذات دکھانے ہوں گے۔ وہی بتا سکتا ہے آگے کیا کرنا ہے۔"

"وکیل کو آج ہی بلوا لے۔" جمیلہ نے اللہ وسایا سے کہا۔

"میں خود اس کے پاس چلا جاؤں گا۔ اب دیر بالکل نہیں ہونی چاہئے۔" وہ کھڑا ہو گیا۔ "پہلی لاری سے شہر چلا جاؤں گا۔"

اللہ وسایا اور جمیلہ کے مرجھائے ہوئے چہرے روشن ہو گئے۔ دونوں کمرے سے چلے گئے۔ رحیم داد انھیں دور تک دیکھتا رہا۔ جب وہ نظروں سے اوجھل ہو گئے تو ایک بار پھر طرح طرح کے اندیشوں نے اس پر یلغار کی۔ کلیم کے کاغذات کا بستہ سامنے میز پر رکھا تھا۔ وہ اسے خوف زدہ نظروں سے گھور رہا تھا۔

۱۹

دن ڈھل رہا تھا۔ ہوا رکی ہوئی تھی۔ فضا دھندلی دھندلی تھی۔ شدید گرمی تھی۔ حبس تھا۔ رحیم داد خوف زدہ اور پریشان تھا۔ اس نے غسل کیا۔ لباس تبدیل کیا۔ اب وہ کمرے میں خاموش بیٹھا سورج غروب ہونے کا انتظار کر رہا تھا۔ اسے بخوبی اندازہ تھا کہ اللہ وسایا رات گئے لوٹے گا۔ رحیم داد اس کی واپسی سے پہلے ہی کوئی ہر کشن چھوڑ دینا چاہتا تھا۔ اس نے جذبات کی رو میں بہہ کر چوہدری نورالٰہی مرحوم کے کلیم کی بنیاد پر حویلی اور زمین الاٹ کرانے کا وعدہ تو کر لیا تھا مگر اب پچھتا رہا تھا۔ اسے طرح طرح کے اندیشے ستا رہے تھے۔ جیل اور پھانسی کا پھندا رہ رہ کر ڈرا رہا تھا۔

اللہ وسایا اور جمیلہ کے رخصت ہوتے ہی وہ اس ذہنی اذیت میں مبتلا ہو گیا تھا۔ ضلع منٹگمری میں جہاں ہر طرف مشرقی پنجاب کے مہاجرین بکھرے ہوئے تھے' الاٹمنٹ حاصل کرنے میں خطرہ ہی خطرہ تھا۔ وہ اپنے پچھلے منصوبے کے مطابق کسی ایسے علاقے کی جانب نکل جانا چاہتا تھا جہاں اس کے جعلی کلیم کے پکڑے جانے کا امکان بہت کم ہو اور کسی جان پہچان والے کے ملنے کا بھی خوف نہ ہو۔ وہ شام کا اندھیرا پھیلتے ہی کلیم کے کاغذات کا بستہ سنبھال کر خاموشی سے نکل جانے کا تہیہ کر چکا تھا۔

وہ اسی ادھیڑبن میں الجھا ہوا تھا کہ کمرے کا دروازہ آہستہ سے کھلا۔ جمیلہ اندر داخل ہوئی۔ اس کے ہم راہ اللہ وسایا نہیں تھا' وکیل تھا۔ وہ دہرے بدن کا سنجیدہ اور بردبار شخص تھا۔ آنکھوں پر موٹے موٹے شیشوں کی عینک تھی۔ سر کے بال اڑے ہوئے تھے۔ اس کا نام محمد عثمان رندھاوا تھا۔ جمیلہ نے رحیم داد کا اس سے تعارف کرایا۔

رحیم داد بہت سٹ پٹایا۔ مگر اسے نے جلد ہی خود کو سنبھال لیا اور اللہ وسایا کے بارے میں پوچھا۔ "زمیں دار نہیں آیا۔ وہ تو تمہارے ہی پاس گیا تھا وکیل صاحب؟"

"جمیلہ نے بھی مجھے یہی بتایا تھا۔" وکیل نے جواب دیا۔ "میں منچن آباد گیا تھا۔ واپسی پر سوچا' اللہ وسایا سے ملتا چلوں۔ وہ میرے دفتر منٹگمری پہنچ گیا ہوگا۔ اسے وہاں پتہ چل گیا ہوگا' واپس آتا ہوگا۔"

"جب سے کیس کا فیصلہ ہمارے خلاف ہوا ہے' وہ بہت پریشان ہے۔" جمیلہ نے بتایا۔ "پریشان تو میں بھی ہوں' پر وہ کچھ زیادہ ہی ہے۔ سمجھ نہیں آتی' کیا کیا جائے؟ پنڈ چھوڑ کر کہاں جائیں؟ اب تو یہاں زیادہ ٹھیر بھی نہیں سکتے۔"

"پریشانی کی تو ویسے بات ہی ہے' پر ابھی پنڈ چھوڑنے کی ایسی جلدی کیا ہے۔" وکیل نے تسلی دینے کی کوشش کی۔

"تمیں نوں پتہ ہی ہے۔ دس دن میں حویلی خالی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔"

"یہ تو ٹھیک ہے۔" وکیل بدستور مطمئن نظر آتا تھا۔ "ابھی کمشنر بحالیات سے اپیل کرنے کی گنجائش ہے۔ اس کے بعد اور اوپر جاسکتے ہیں۔ زمیندارنی' تو فکر نہ کر۔"

"کیسے فکر نہ کروں۔" جمیلہ بجھے ہوئے لہجے میں بولی۔ "کسٹوڈین والے تاک میں ہیں۔ دس روز گزرتے ہی حویلی اور زمین خالی کرانے سرکاری کرندے پولیس کے ساتھ پہنچ جائیں گے۔ متروکہ جائیداد ڈیکلیئر ہونے کے بعد پہلے سب کچھ کسٹوڈین ہی کی تحویل میں جاتا ہے ناں۔"

"کسٹوڈین کے پاس جانے سے پہلے میں ہائی کورٹ سے حکم امتناعی حاصل کرلوں گا۔" وکیل نے جمیلہ کو آگاہ کیا۔ "میں کل ہی لہور پہنچ کر حکم امتناعی کے لیے درخواست لگا دوں گا۔ درخواست میں نے تیار کرلی ہے۔ اس پر تجھ سے دستخط کرانے ہیں۔"

"کدھر ہے درخواست؟" جمیلہ نے دریافت کیا۔

"یہ رہی۔" وکیل نے اپنا بریف کیس کھولا۔ اندر سے ایک فائل نکالی۔ "یہ تیرے کیس کی فائل ہے۔" وکیل نے فائل کے کاغذات الٹ پلٹ کر ایک ٹائپ شدہ درخواست نکال کر جمیلہ کو دی۔ "میں اسے اپنے ساتھ لے کر چلا تھا۔ میں نے پہلے ہی سوچ رکھا تھا' آگے کیا کرنا ہے۔"

جمیلہ نے درخواست توجہ سے پڑھی' اس پر دستخط بھی کردیئے۔ مگر اس کے خدشات کم نہ ہوئی۔

"مان لیا' حکم امتناع مل گیا' پر آگے کیا ہوگا؟ ویسے یہ بھی تو ہوسکتا ہے درخواست منظور نہ ہو اور حکم امتناعی نہ ملے۔"

"اتنا تو مجھے بھروسا ہے کہ حکم امتناعی مل جائے گا۔ تو فکر نہ کر۔" وکیل نے جمیلہ کو اطمینان دلایا۔

جمیلہ تو خاموش رہی مگر رحیم داد نے دریافت کیا۔ "پر اس سے حویلی اور زمین واپس تو نہیں مل جائے گی۔"

"چوہدری! اصل میں تو یہ کیس وراثت کا ہے۔" وکیل محمد عثمان رندھاوا نے مقدمے کی نوعیت پر روشنی ڈالتے ہوئے رحیم داد کو سمجھایا۔ "اس کا فیصلہ محکمہ بحالیات سے نہیں' عدالت دیوانی سے ہونا ہے پر یہ ہے پیچیدہ کیس۔ ہندو ہونے کے ناتے اس پر جمیلہ کا حق نہیں بنتا۔ یہ جائیداد کے مالک لالہ کرشن دیال کی بیٹی جو ہوئی۔ ہندوؤں میں بیٹی کا جائیداد پر حق نہیں بنتا۔ اس کے مسلمان ہوجانے کے بعد کیس کی نوعیت بدل گئی۔ مسلم قانون میں بیٹی کا حق بنتا ہے۔ اب پیچیدگی یہ پیدا ہوگئی کہ جائیداد تو ہوئی ہندو کی اور بیٹی مسلمان ہے۔ اس کا فیصلہ آسان نہیں۔ بڑی قانونی پیچیدگیاں ہیں۔"

"رندھاوا جی! بحالیات والوں نے تو اس کا فیصلہ کر ہی دیا۔" جمیلہ نے اپنے درعمل کا اظہار کیا۔ "آگے کیس لے بھی گئے تب بھی کیا اس فیصلے کا اثر نہیں پڑے گا؟"

"پڑ تو سکتا ہے۔ پر یہ کوئی نظیر نہیں بنتی۔" وکیل نے جمیلہ کا اعتماد بحال کرنے کی کوشش کی۔ "زمیں دارنی! تو فکر نہ کر۔ میں ہائی کورٹ بلکہ فیڈرل کورٹ تک کیس لے جاؤں گا۔ صرف یہ زمین اور حویلی نہیں بلکہ وہ زمین بھی دلواؤں گا جو احسان شاہ نے دبا رکھی ہے۔"

"وہ تو بعد کی گل ہے۔ یہ بتا' اب کیا ہوگا؟"

"ویسے کیس تو تیرا اب تک مضبوط ہے۔ اسے لڑنے کی بہت گنجائش ہے۔" وکیل نے جمیلہ کو سمجھایا۔ "تیرے حق میں سب سے اہم بات یہ جاتی ہے کہ حویلی اور زمین پر تیرا قبضہ ہے۔ متروکہ جائیداد کے معاملے میں قبضے کی زبردست اہمیت ہے۔"

رحیم داد کی پریشانی رفتہ رفتہ زائل ہوتی جارہی تھی۔ اسے اپنے سر پر منڈلاتا ہوا خطرہ ٹلتا نظر آرہا تھا۔ بات عدالت اور مقدمے بازی کی ہو رہی تھی۔ جس میں نہ وہ کسی طور فریق تھا' نہ اس کے لیے کوئی کردار ادا کرنے کی گنجائش تھی۔ مگر خطرہ ٹل کر بھی ٹلا نہیں۔

جمیلہ نے وکیل سے کہا۔ "میں تو کہتی ہوں مکدمے بازی کے بکھیڑے میں پڑا ہی کیوں جائے۔ میں نے تو ایک اور اپائے سوچا ہے۔ اسی کے بارے میں بات کرنے اور تجھے یہاں لانے کے لیے اللہ وسایا تیرے پاس گیا تھا۔"

"وہ کیا اپائے ہے؟ تو نے اور اللہ وسایا نے مسئلے کا کیا حل سوچا ہے؟" وکیل نے کسی قدر حیرت زدہ ہو کر دریافت کیا۔

"اپنے چوہدری کے پاس منظور شدہ کلیم موجود ہے۔" اس نے رحیم داد کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ ضلع گوداس پور کا مہاجر ہے۔ اس کے کلیم سے حویلی اور زمین کی الاٹمنٹ لی جاسکتی ہے۔ چوہدری پرایا بندہ بھی نہیں۔ بہت سے چکروں میں پڑنے سے یہ کہیں سیدھا سا راستہ ہے کہ الاٹمنٹ ہی کرالی جائے۔ اب تو یہ متروکہ جائیداد بنا ہی دی گئی۔"

"اگر ایسا ہے تو کیس پر اس پہلو سے بھی غور کیا جاسکتا ہے۔"

جمیلہ نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! اپنے کلیم کے کاغذات رندھاوا جی کو تو دکھا۔"

رحیم داد سناٹے میں آگیا۔ پریشانی اور گھبراہٹ نے اچانک اس کے ذہن پر شب خوں مارا۔ اس نے خود کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ بددلی سے ہاتھ بڑھایا۔ تکیے کے نیچے سے بستہ نکالا اور کلیم کے کاغذات وکیل کی طرف بڑھا دیے۔

وکیل نے کاغذات الٹ پلٹ کر دیکھے۔ کچھ دیر ان کا مطالعہ کرتا رہا۔ کمرے میں خاموشی چھا گئی۔ رحیم داد چپ بیٹھا رہا۔ جمیلہ بھی کچھ نہ بولی۔ کاغذات سرسری طور پر دیکھنے کے بعد وکیل نے کہا۔

"کلیم تو پکا ہے۔ منظور شدہ ہے اور بڑا بھی ہے۔"

اس سے کام بن سکتا ہے ناں؟" جمیلہ نے دریافت کیا۔

"کیوں نہیں بن سکتا۔" وکیل مسکرا کر بولا۔ "میں یہ کاغذات اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ دفتر میں اطمینان سے انھیں پڑھوں گا۔ اس کے بعد اگلی کارروائی کی جائے گی۔ فی الحال یہی ہو سکتا ہے۔ میں اس بارے میں اور کچھ نہیں کہہ سکتا۔"

"ویسے کلیم تو بالکل ٹھیک ٹھاک ہے ناں؟" رحیم داد کے دل کا چور بول پڑا۔

"بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔ میں نے بھی اسے پڑھا تھا۔" جمیلہ نے رحیم داد کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "منظور شدہ پکا کلیم ہے۔ کیوں رندھاوا جی! میں نے غلط بات تو نہیں کہی؟"

"تو نے ٹھیک ہی کہا۔ بالکل یہی بات ہے۔" وکیل مسکرا کر بولا۔ "لیکن سب سے پہلے مجھے ہائی کورٹ سے حکم امتناعی حاصل کرنا ہوگا۔ یہ بہت ضروری ہے۔ ایک بار جائیداد قبضے سے نکل جائے اور کسٹوڈین کی تحویل میں چلی جائے تو اسے دوبارہ حاصل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ بات یہ ہے کہ جتنے کلیم منظور ہوئے ہیں، متروکہ جائیداد اس سے بہت کم ہے۔ تبھی تو یہ صورت ہے کہ متروکہ

جائیداد کا پتہ چلتے ہی کلیم ہولڈر ایسے جھپٹتے ہیں جیسے چیل گوشت پر گرتی ہے۔ سفارش، رشتے داری، رشوت، سبھی ہتھ کنڈے الاٹمنٹ کے لیے چلائے جاتے ہیں۔" اس نے جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "میں تجھے کیا بتاؤں، متروکہ جائیداد کی کیسی لوٹ مار مچی ہے۔ جسے کچھ نہیں ملا، وہ تو بھاگ دوڑ کرتا ہی ہے۔ مگر جسے مل چکا ہے، وہ اور زیادہ لینے کے چکر میں رہتا ہے۔"

"تب تو جی سب سے پہلے حکم امتناعی حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔" جمیلہ نے پریشانی کا اظہار کیا۔ "کلیم ہولڈروں کو پتہ چل گیا تو وہ ابھی سے الاٹمنٹ کی درخواستیں لگانی شروع کردیں گے۔"

"پتہ چلنے میں کتنی دیر لگتی ہے۔" وکیل ہنس کر گویا ہوا۔ "محکمہ بحالیات والوں نے تو اب تک کتنے ہی کلیم ہولڈروں کو بتا بھی دیا ہوگا۔ ایسی بات چھپی کہاں رہتی ہے؟" وہ اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ "اب میں چلتا ہوں۔" اس نے رحیم داد کی طرف دیکھا۔ "چوہدری! جلد ہی ملاقات ہوگی۔ میں کلیم کے کاغذات اطمینان سے دیکھوں گا۔ ابھی تو مجھے حکم امتناعی لینے کی تیاری کرنی ہے۔"

وکیل نے جمیلہ کے مقدمے کی فائل کے ساتھ کلیم کے کاغذات بھی اپنے بریف کیس میں رکھ لیے۔ رحیم داد پریشان تو ہوا مگر خاموش رہا۔ کہہ بھی کیا سکتا تھا؟ کچھ کہنے کی گنجائش ہی نہیں رہی تھی۔ وکیل دروازے کی جانب بڑھا۔ جمیلہ بھی اس کے ساتھ ساتھ چلی۔ رحیم داد حیران و پریشان بیٹھا رہا۔ دونوں کے جانے کے بعد اس کی پریشانی اور بڑھ گئی۔ کلیم کے کاغذات اب وکیل کی تحویل میں تھے۔ وہ پوری طرح پھنس چکا تھا۔ نکلنے کا کوئی راستہ نہیں رہا تھا۔ اس نے کوٹلہ ہرکشن چھوڑ کر کہیں اور جانے کا جو منصوبہ بنایا تھا، وہ خاک میں مل چکا تھا۔ مجبوری یہ تھی کہ نہ وہ کسی کو اپنی پریشانی بتا سکتا تھا نہ کوئی مشورہ کر سکتا تھا۔ اس کی بے چینی اور اضطراب میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔

رات کو اللہ وسایا واپس آگیا۔ مگر رحیم داد سے اس کی ملاقات نہیں ہوئی۔

رحیم داد کے دن رات الجھن اور طرح طرح کے وسوسوں میں کٹ رہے تھے۔ وہ ہر وقت گم صم رہتا۔

☆

موسم بدل رہا تھا۔ لو کے جھلسا دینے والے گرم گرم جھکڑ چلنا بند ہوگئے تھے۔ پچھلی رات ہلکی ہلکی بارش بھی ہوئی تھی۔ دن میں بھی ابر چھایا رہا۔ ہوا کے نرم اور خنک جھونکوں میں تازگی اور فرحت تھی۔ زمین سے سوندھی سوندھی خوشبو اٹھ رہی تھی۔ درختوں کے پتے رات کی بارش سے

دھل کر نکھر گئے تھے۔ جدھر نظر اٹھ جاتی' ہریالی نظر آتی۔

یہ ایک خوش گوار سہ پہر تھی۔ رحیم داد کچھ ہی دیر پہلے سو کر اٹھا تھا۔ وہ نہانے کے لیے غسل خانے جانے کا ارادہ کر رہا تھا کہ اللہ وسایا نے اسے باغ میں بلوایا۔

رحیم داد باغ میں پہنچا۔ اس نے اللہ وسایا اور جمیلہ کے ساتھ وکیل کو دیکھا۔ اس پر گھبراہٹ کا دورہ پڑا مگر وہ سنبھل سنبھل کر قدم رکھتا ہوا قریب پہنچا اور ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔

اللہ وسایا مسکرا کر بولا۔ "چوہدری! تجھے خوش خبری سنانے کے لیے بلایا ہے۔"

"حکم امتناعی مل گیا ہے۔" جمیلہ نے اس کے کچھ کہنے سے پہلے ہی مطلع کیا۔ اس کے چہرے پر خوشی' سرخی بن کر بکھری ہوئی تھی۔ اس نے وکیل کی جانب دیکھا۔ "وکیل صاحب ہی بتانے آئے ہیں۔"

"یہ تو بہت چنگا کام ہوا۔" رحیم داد نے سکون کی سانس لی۔

اللہ وسایا گویا ہوا۔ "ہاں جی یہ بہت زبردست کام ہوا۔ اب حویلی خالی کرنے اور پنڈ چھوڑنے کی ایسی جلدی نہیں رہی۔"

رحیم داد نے موقعے سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ کلیم کے چکر سے اپنی جان چھڑانے کے لیے وکیل کو مشورہ دیا۔ "اب تو جی آگے یہی ہونا چاہئے کہ زمیں دارنی کی طرف سے مکدمہ کر دیا جائے۔ جیسا اس روز بتایا تھا' وہی ٹھیک لگتا ہے۔"

"میں نے بعد میں اس پر سوچا تھا پر کیس بہت کمزور ہے۔" اس نے اللہ وسایا کی جانب دیکھا۔ "زمیں دار! ویسے تیری مرضی ہو تو میں کیس کی تیاری کروں؟"

"جب کیس ہی مضبوط نہیں تو اس چکر میں کیوں پڑا جائے۔" جمیلہ بولی۔ "چوہدری کے کلیم کے کاغذات تو دیکھ ہی لیے ہوں گے۔ الاٹمنٹ کی کوشش کیوں نہ کی جائے۔ اس بارے میں کیا سوچا؟"

"کلیم تو بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔ میں نے سارے کاغذات اچھی طرح دیکھ لیے ہیں۔" وکیل نے آگاہ کیا۔ "اس کی بنیاد پر الاٹمنٹ حاصل کرنے میں مشکل بھی نہیں پڑے گی۔"

"میں نے سنا ہے کانون تو یہ ہے کہ حویلی کے علاوہ اڑھائی سو ایکڑ سے زیادہ زمین کی الاٹمنٹ نہیں مل سکتی۔" جمیلہ نے اپنی پریشانی کا اظہار کیا۔ "اس طرح تو صرف دس مربعے کی الاٹمنٹ ملے گی۔ میرے تو ۲۲ مربعے ہیں۔ ۱۲ مربعے کا کیا بنے گا؟"

"زمیں دارنی! تو نے ٹھیک ہی سنا ہے۔" وکیل نے اس کی تائید کی۔ "چوہدری کو ایک جگہ

اڑھائی سو ایکڑ ہی کی الاٹمنٹ ہو سکتی ہے۔ ویسے کلیم تو بہت بڑا ہے۔ دوسرے کسی بھی علاقے میں مزید الاٹمنٹ لی جا سکتی ہے۔"

"یہ تو ٹھیک نہیں ہو گا۔" اللہ وسایا پریشان ہو کر بولا۔

"زمیں دار! ایسا کر بارہ مربعے کا کلیم کسی کلیم ہولڈر سے خرید لے اور اپنی وہ زمین الاٹ کرا لے جو چوہدری کے الاٹمنٹ کی بعد رہ جائے۔" وکیل نے تجویز پیش کی۔ "میرا ایک مہاجر موکل ہے۔ اس کے پاس پکا کلیم ہے۔ بیچنا بھی چاہتا ہے۔ ضرورت مند بھی ہے' سستے داموں میں دے دے گا۔ تو تیار ہو تو میں اس سے بات کروں۔"

"اپنے پاس تو سمجھو' کچھ بھی نہیں۔" اللہ وسایا نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔

"سوچ لے۔ ابھی تو تیرا قبضہ ہے۔ آسانی سے الاٹمنٹ مل سکتی ہے۔" وکیل نے کہا۔ "ورنہ حال یہ ہے کہ ہزاروں مہاجر کلیم کے کاغذات دبائے پھر رہے ہیں۔ الاٹمنٹ ہی نہیں ملتی۔ تبھی تو سستے داموں کلیم مل رہا ہے۔ اب یہی دیکھ' چوہدری کا اتنا بڑا کلیم ہے پر اب تک کہیں الاٹمنٹ نہیں ملی۔"

"ہاں جی' کلیم اتنا مشکل نہیں' جتنا الاٹمنٹ لینا۔" رحیم داد نے گہری سانس بھری۔ "دفتروں کے چکر کاٹتے کاٹتے ہی جوتے ٹوٹ گئے۔ منت سماجت اور رشوت الگ' پر کام کہیں نہیں بنا۔ کلر زمین تک نہ ملی۔ تبھی تو میں نے مکدمہ کرنے کی بات کی تھی۔"

"پر اب آسانی سے تیرے کلیم پر الاٹمنٹ مل جائے گی۔ قبضہ جو اپنے پاس ہے۔" وکیل نے وضاحت کی۔ وہ اللہ وسایا کی طرف متوجہ ہوا۔ "زمیں دار! تو نے اپنے بارہ مربعوں کے لیے کلیم خریدنے کے بارے میں کیا سوچا؟"

اللہ وسایا نے وکیل کی بات کا جواب نہیں دیا' جمیلہ سے مخاطب ہوا۔ "تو نے کچھ جمع جوڑ کر رکھا ہی نہیں۔ کچھ ہوتا تو آج کام آتا۔"

جمیلہ نے سر اٹھا کر اللہ وسایا کو دیکھا۔ "چنتا نہ کر۔ میرے پاس سکول اور ڈسپنسری بنانے کا فنڈ ہے۔ اسے میں الگ رکھتی تھی۔" وہ زیر لب مسکرائی۔ "پر یہ روپیہ ایک شرط پر دوں گی۔ ادھار رہے گا' تیں نوں لوٹانا ہو گا۔"

"منظور ہے' تیری یہ شرط بالکل منظور ہے۔" اللہ وسایا خوش ہو کر بولا۔ "میں تیرے ادھار کا ایک ایک پیسہ ادا کر دوں گا۔"

"یہ دونوں گواہ موجود ہیں۔ تو ان کے سامنے وعدہ کر رہا ہے۔" جمیلہ نے ہنس کر وکیل محمد عثمان

رندھاوا اور رحیم داد کی جانب ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ "بعد میں پلٹ نہ جانا۔"

وکیل نے جمیلہ کی بات نظر انداز کرتے ہوئے کہا۔ "تو گویا یہ طے ہو گیا کہ حویلی اور زمین کی الاٹمنٹ ہی کرانی ہے۔ اب اس کام میں کوئی تاخیر نہیں ہونی چاہئے۔ اس کے لیے جلد سے جلد کام شروع کرنا ہو گا۔"

"جب تیرے پاس روپیہ موجود ہے تو اپنے پورے ۲۲ مرلے کا کلیم کیوں نہیں خرید لیتی؟" رحیم داد نے ایک بار پھر اپنا دامن بچانے کی کوشش کی۔

"نہیں چوہدری' اتنا روپیہ میرے پاس نہیں ہے۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔ "زیور بیچ کر بھی مشکل سے ۱۲ مرلے کا بندوبست ہو سکے گا۔"

وکیل نے مسکرا کر کہا۔ "زمیں دارنی! تجھے اللہ وسایا کو ادھار نہیں دینا پڑے گا۔ کلیم تو تیرے ہی نام سے خریدا جائے گا۔ قبضہ تو تیرے ہی نام سے ہے۔ تجھے آسانی سے الاٹمنٹ مل جائے گی۔ اللہ وسایا کے نام سے کلیم خرید کر الاٹمنٹ لینے میں کوئی رخنہ پڑ سکتا ہے۔"

"میرے نام سے ہو یا اللہ وسایا کے نام سے۔ بات تو ایک ہی ہے۔" جمیلہ ہنس کر بولی۔ "میں اور اللہ وسایا الگ تھوڑا ہی ہیں۔ زمیں دار تو اسی کو رہنا ہے' میں نے زمیں داری سے کیا لینا۔"

"لو جی' اس کی سنو۔" اللہ وسایا بھی ہنسنے لگا۔ "میں کب زمیں دار رہا۔ ساری زمیں داری تو یہی چلاتی رہی۔ غلط کہہ رہا ہوں میں؟"

"تو بھی ٹھیک کہہ رہا ہے اور یہ بھی۔" وکیل سنجیدہ ہو گیا۔ "اب کام کی بات ہونی چاہیے۔ میں اپنے ایک موکل زمیں دار کی کار میں آیا ہوں' ادھر حویلی کے اگواڑے کھڑی ہے۔ اللہ وسایا! تو ابھی میرے ساتھ چل۔ رات میرے ساتھ ٹھیرنا۔ سویرے کلیم کا سودا ہو جائے گا۔ سودا طے ہوتے ہی فائف الاٹمنٹ کے لیے کام شروع کر دیں گے۔" وہ رحیم داد کی طرف متوجہ ہوا۔ "تجھے بھی ساتھ ہی چلنا ہو گا۔ الاٹمنٹ کے لیے تجھے بھی موجود رہنا ہو گا۔"

"مجھے لے جا کر کیا کرنا ہے۔ اللہ وسایا تو موجود ہی ہو گا۔" رحیم داد نے پیچھا چھڑانا چاہا۔ وہ شہر جانا نہیں چاہتا تھا۔ اسے کسی ان جانے خطرے سے خوف محسوس ہو رہا تھا۔

"چوہدری! تجھے تو چلنا ہی پڑے گا۔ ایسے کس طرح کام چلے گا۔" وکیل نے اصرار کیا۔

"بات یہ ہے جی' وکیل صاحب! میں نے کلیم شلیم سے کچھ نہیں لینا۔" اس نے لہجے میں رقت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "گھر والی اور بچے ہوتے تو اس طرف دھیان دیتا۔ انھیں ڈھونڈتا پھرتا ہوں۔ لگ بھگ اٹھ سال ہو گئے۔"

"اللہ وسایا نے مجھے تیرے بارے میں سب کچھ بتا دیا ہے۔ مجھے پتہ ہے' تو بہت مصیبت زدہ ہے۔ پر درخواستوں پر دستخط کرنے اور افسروں کے سامنے پیشی کے لیے تیری ضرورت تو پڑے گی۔"

"صاف گل ایہہ ہے جی' میں پہلے بھی الاٹمنٹ شاٹمنٹ کے چکر میں نہیں پڑا۔ تبھی تو مجھے اب تک کہیں الاٹمنٹ نہیں ملی۔ تمیں کاغذات دیکھ ہی چکے ہو۔" وہ آہستہ آہستہ بولتا رہا۔ "میں تو جی اللہ وسایا کی مدد کرنا چاہتا ہوں۔ اس کا مجھ پر بہت احسان ہے۔ اس نے مجھے اپنے پاس ٹھیرایا۔ ہر طرح کا آرام پہنچایا۔ ایسا پیار دیا کہ میرا غم ہلکا ہو گیا۔ لگتا ہے' میں اپنے سگوں کے ساتھ ہوں۔" اس نے وکیل کی جانب نظر بھر کر دیکھا۔ "مجھ سے تو جی' جس کاغذ پر اور جس درخواست پر چاہو' دستخط کرا لو۔ آگے جو کچھ کرنا ہے' اللہ وسایا ہی کو کرنا ہے۔ پہلے بھی یہ زمیں داری چلاتا رہا ہے۔ آگے بھی یہی چلائے گا۔ مجھے زمیں داری شمیں داری سے کچھ نہیں لینا۔ سچ پوچھو تو مجھے زندگی ہی سے کچھ دلچسپی نہیں۔" رحیم داد نے کچھ ایسے درد بھرے لہجے میں بات کی کہ فضا سوگوار ہو گئی۔ سب خاموش بیٹھے رہے۔

وکیل سر جھکائے سوچتا رہا۔ پھر اس نے رحیم داد کی جانب نظریں اٹھا کر دیکھا۔ "چوہدری! اگر تو پیش ہونا نہیں چاہتا تو ایسی صورت میں تجھے اللہ وسایا کو مختار نامہ دینا ہو گا۔"

"بالکل دے دوں گا جی!" رحیم داد نے مستعدی سے کہا۔ "مجھے اللہ وسایا پر پورا بھروسا ہے۔"

"اچھا جی! یہ مسئلہ بھی طے ہو گیا۔" وکیل نے اطمینان کا اظہار کیا۔ "میں کل مختار نامہ تیار کروا لوں گا۔" وہ مسکرایا۔ "ایک نہیں' دو تیار کرنے ہوں گے۔ ایک چوہدری کی طرف سے اور دوسرا زمیں دارنی کی طرف سے۔" اس نے جمیلہ کو مخاطب کیا۔ "تو بھی دفتروں کے چکر کاٹنے اور پیشیوں سے بچ جائے گی۔"

"بالکل ٹھیک ہے جی!" وہ کھلکھلا کر ہنسی۔ "ایک مختار نامہ تو اسے نکاح کے سمے پہلے ہی دے چکی ہوں۔ دوسرا بھی دے دوں گی۔ میں کہاں افسروں کے سامنے پیش ہوتی پھروں گی۔ میرے دونوں بچے چھوٹے ہیں۔ انھیں یہاں چھوڑ بھی نہیں سکتی۔ ان کی دیکھ بھال کروں گی۔ اللہ وسایا سب کام کر لے گا۔ پہلے بھی کرتا رہا ہے۔ مکدمے بازی کر کے اب تو تجربہ کار بھی بن گیا ہے۔"

"ایسا ویسا تجربہ کار بن گیا۔" وکیل بھی ہنسنے لگا۔ "اب تو یہ مجھے بھی قانونی نکتے سمجھانے لگا ہے۔"

"ایسی گل نہ کریں جی۔" اللہ وسایا نے مسکرا کر وکیل کی جانب دیکھا۔ "اب آگے کی

سوچیں۔" اس نے تجویز پیش کی "ایسا کریں' آج یہیں ٹھیر جائیں۔ سویرے سویرے نکل کھڑے ہوں گے۔ جمیلہ اور چوہدری کو بھی ساتھ لے لیں گے۔ یہ مختار ناموں پر دستخط کردیں گے۔ کسی اور درخواست پر دستخط کرانے ہوں تو اس پر بھی کردیں گے۔ میں تیرے ساتھ الاٹمنٹ کے لیے ٹھیر جاؤں گا۔ یہ دونوں واپس آجائیں گے۔"

مگر رحیم داد رضامند نہ ہوا۔ وہ ان کے ہم راہ جانے سے کترا رہا تھا۔ اس نے فوراً عذر پیش کیا۔ "مجھے نہ لے جا۔ میری طبیعت آج کچھ گڑبڑ ہے۔ مختار نامہ بھجوا دینا۔ میں دستخط کردوں گا۔"

"تو چلا جائے گا تو کام جلدی نمٹ جائے گا۔ ممکن ہے دستخط کی توثیق کے لیے تجھے مجسٹریٹ کے سامنے پیش کرنے کی ضرورت پڑے۔ ویسے اس کا امکان کم ہی ہے۔ پھر بھی تیرا موجود ہونا مناسب رہے گا۔"

وکیل نے صورت حال کی وضاحت کی۔ "سویرے تک تیری طبیعت بالکل ٹھیک ہوجائے گی۔ پروا نہ کر' طبیعت بگڑی تو شہر میں بہت ہوشیار ڈاکٹر موجود ہیں۔ یہاں سے بہتر ہی علاج معالجہ ہوجائے گا۔"

اللہ وسایا نے کہا۔ "تو یہ طے ہوگیا کہ چاروں صبح چلیں گے۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ وکیل نے تائید کی۔ "ہاں جی' یہی ٹھیک رہے گا۔ میں رات یہیں گزار لوں گا۔"

سورج غروب ہوچکا تھا۔ آسمان پر چھائے ہوئے بادلوں کے باعث روشنی پہلے ہی کم تھی۔ شام جلد ہی ہوگئی۔ اندھیرا پھیلنے لگا۔ نوکروں نے لیمپ روشن کیا اور ایک اسٹول پر رکھ دیا۔ جمیلہ نے کھانا لگانے کی ہدایت کی۔ گھاس پر دری بچھائی گئی۔ لمبی میز لا کر رکھی گئی اور اس پر کھانا چن دیا گیا۔

سب نے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھایا۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد ادھر ادھر کی باتیں ہونے لگیں۔ لیکن گھوم پھر کر ایک بار پھر کلیم اور الاٹمنٹ کا موضوع چھڑ گیا۔ دیر تک گفتگو ہوتی رہی۔ رحیم داد نے بات چیت میں کم ہی حصہ لیا۔ مگر اسے بہت سی ایسی باتوں کا علم ہوگیا جن سے وہ اب تک بے خبر تھا۔

رات کا ایک پہر گزرا تو سب اٹھ کر کھڑے ہوگئے۔ اللہ وسایا اور جمیلہ نے حویلی کا رخ کیا۔ رحیم داد اور وکیل محمد عثمان رندھاوا مہمان خانے میں پہنچے۔ آنگن میں پہلے سے دو پلنگ بچھے تھے۔ ان پر اجلے اجلے بستر لگے تھے۔ دونوں میں مزید بات چیت نہیں ہوئی۔ وہ اپنے اپنے بستروں پر لیٹے

اور سوگئے۔

☆

سورج طلوع ہونے سے پہلے ہی احمد نے رحیم داد اور رندھاوا کو جگادیا۔ دونوں نے غسل کیا۔ ناشتا میز پر لگ چکا تھا۔ وہ ناشتے سے فارغ ہوئے ہی تھے کہ اللہ وسایا پہنچ گیا۔ جمیلہ اس کے ساتھ تھی۔ اللہ وسایا کرسی پر بھی نہیں بیٹھا۔ وہ سفر کے لیے تیار ہو کر آیا تھا۔ جمیلہ بھی پوری طرح تیار تھی۔ ذرا دیر بعد وکیل رندھاوا اور رحیم داد اٹھ کر کھڑے ہوگئے۔ مہمان خانے سے باہر نکلے۔

کار حویلی کے سامنے پیپل کے گھنے درخت کے نیچے کھڑی تھی۔ ڈرائیور بھی قریب ہی موجود تھا۔ نوکروں نے ضرورت کا سفری سامان پہلے ہی کار میں رکھ دیا تھا۔ چاروں کار میں سوار ہوئے۔ روانگی سے پہلے اللہ وسایا نے دو نوکروں کو لاری کے ذریعے پہنچنے کی ہدایت کی۔ کار آگے بڑھی اور نہر کے کنارے کنارے دوڑنے لگی۔

صبح کا سہانا وقت تھا۔ ہوا میں تازگی اور فرحت تھی۔ اللہ وسایا' جمیلہ اور وکیل عثمان رندھاوا کے چہروں پر شگفتگی تھی۔ وہ ہنس ہنس کر باتیں کر رہے تھے۔ مگر رحیم داد خاموش اور سہما ہوا تھا۔

دوپہر ہونے سے پہلے ہی کار شہر کی حدود میں داخل ہوئی اور وکیل کے دفتر کے سامنے جا کے ٹھہر گئی۔ چاروں کار سے اتر کے دفتر میں چلے گئے۔ دفتر اور گھر علیحدہ علیحدہ نہیں تھے۔ مگر جس کمرے میں دفتر تھا' وہ خوب کشادہ اور ہوادار تھا۔ کسی زمانے میں بیٹھک کے طور پر استعمال ہوتا ہوگا۔ پچھلے حصے میں وکیل اپنے بیوی بچوں کے ساتھ رہتا تھا۔

مکان پختہ تھا۔ بالائی منزل پر آگے کے رخ کمرہ تھا۔ دفتر کی دیواروں میں لگے ہوئے خوش رنگ ٹائل' قیمتی فرنیچر اور الماریوں میں آویزاں قد آدم آئینے دیکھ کر اندازہ ہوتا تھا کہ مکان کسی کھاتے پیتے سکھ یا ہندو کی ملکیت رہ چکا ہے۔

اتفاق سے وکیل کا وہ موکل بھی دفتر میں پہلے سے موجود تھا جس سے کلیم کا سودا کرنا تھا۔ وکیل نے اسے دیکھتے ہی مسکرا کر اللہ وسایا کو مخاطب کیا۔ "لو جی' اپنے شیخ عنایت اللہ بھی موجود ہیں۔ یہ ہوشیار پور کے مہاجر ہیں۔ انھی سے کلیم کا سودا کرنا ہے۔" اس نے شیخ عنایت اللہ سے اللہ وسایا کا تعارف کرایا۔ "اور شیخ صاحب! یہ کوٹلہ ہرکشن کا زمیں دار اللہ وسایا ہے۔" شیخ عنایت اللہ کرسی پر بیٹھا تھا' جھٹ کھڑا ہوگیا۔

اللہ وسایا نے بڑھ کر گرم جوشی سے مصافحہ کیا' مڑ کر جمیلہ کی سمت دیکھا' مسکرا کر شیخ عنایت کو بتایا۔ "یہ میری گھر والی ہے جی۔ سودا تو دراصل اس نے کرنا ہے۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کو بھی

شیخ عنایت سے ملایا۔ چاروں کرسیاں سنبھال کر بیٹھ گئے۔

اللہ وسایا ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد جلد ہی حرف مطلب پر آگیا۔ اس نے گفتگو کلیم اور متروکہ جائیداد کے الاٹمنٹ کی جانب موڑ دی۔ شیخ عنایت کے پاس کلیم کے کاغذات موجود تھے۔ اس نے اللہ وسایا کے استفسار پر زیادہ تفصیل میں جانے کی کوشش نہیں کی۔ کلیم کے کاغذات نکالے اور اللہ وسایا کی جانب بڑھا دیے۔ اللہ وسایا نے کاغذات الٹ پلٹ کر سرسری مطالعہ کیا۔ رحیم داد قریب ہی بیٹھا تھا۔ اس نے بھی کاغذات پر نظر ڈالی مگر جمیلہ نے پوری توجہ سے ضروری دستاویزات اور کاغذات پڑھے۔

وکیل نے اس عرصے میں اللہ وسایا کے لیے اسٹامپ پیپروں پر دو مختار نامے تیار کرائے' ان پر جمیلہ اور رحیم داد سے دستخط کرائے۔ دستخط کرتے وقت رحیم داد کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔ اس نے کسی نہ کسی طرح خود کو سنبھالا اور مختار نامے پر چوہدری نورالٰہی مرحوم کے جعلی دستخط بنا دیے۔ وکیل دستخطوں کی توثیق کے لیے اپنے منشی کے ساتھ کچہری چلا گیا۔ وہ بارسوخ اور منجھا ہوا وکیل تھا۔ رحیم داد اور جمیلہ کو اپنے ہم راہ نہیں لے گیا۔ واپس آیا تو دونوں مختار نامے مکمل تھے۔ ان کی تصدیق بھی ہو چکی تھی اور توثیق بھی۔

مختار ناموں سے فارغ ہو کر وکیل نے نہایت خوش اسلوبی سے کلیم کا سودا بھی طے کرادیا۔ شیخ عنایت کے رویے سے صاف اندازہ ہوتا تھا کہ مالی طور پر بہت زیادہ پریشان اور ضرورت مند ہے۔ وکیل نے اس کے بارے میں بالکل صحیح بتایا تھا۔ سودا اتنی سستی قیمت پر ہو گیا کہ جمیلہ کو اپنے زیورات فروخت کرنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ حالانکہ وہ زیور اپنے ساتھ ایک پوٹلی میں باندھ کر لائی تھی کہ اگر نقد رقم سے کام نہ بنا تو زیورات بیچ کر کمی پوری کردے گی۔

ہر کام توقع سے زیادہ اطمینان بخش طور پر ہو گیا۔ مگر جب وہ تمام لکھت پڑھت سے فارغ ہوئے تو دن ختم ہو رہا تھا۔ شام کی آمد آمد تھی۔ دونوں نوکر بھی پہنچ چکے تھے۔ جمیلہ واپس جانے پر مصر تھی۔ وہ اپنے بچوں کو نوکرانیوں کی نگرانی میں چھوڑ کر آئی تھی۔ اب ان کی یاد ستا رہی تھی۔ رحیم داد نے بھی جمیلہ کی تائید کی۔ وہ بھی فوری واپسی کے حق میں تھا۔ شہر میں داخل ہوتے ہی اس پر گھبراہٹ طاری ہو گئی تھی۔ اسے ہر طرف خطرہ نظر آتا تھا۔

وکیل کے دفتر میں وہ جتنی دیر رہا' خوف زدہ اور پریشان رہا۔ لمحے بھر کے لیے بھی باہر نہیں گیا۔ تمام وقت کرسی پر گم صم بیٹھا رہا۔ اسے دن ختم ہونے اور شام کا دھندلکا پھیلنے کا بے چینی سے انتظار تھا۔ وہ شہر سے جلد از جلد دور چلا جانا چاہتا تھا اور خطرات سے بچنے کی خاطر رات کے

اندھیرے میں سفر کرنا چاہتا تھا۔

لیکن وکیل نے جمیلہ اور رحیم داد کو جانے نہیں دیا۔ اس کے خیال میں اس وقت سفر کرنا مناسب نہیں تھا۔ وہ صبح سے پہلے کوٹلہ ہرکشن نہیں پہنچ سکتے تھے۔ راستہ طویل تھا۔ ویران اور اجاڑ علاقوں سے گزرتا تھا۔ رات کے سفر کے لیے محفوظ نہیں تھا۔ کچھ ہی عرصے قبل اسی راستے پر دن دہاڑے ایک لاری لٹ چکی تھی۔ کوٹلہ ہرکشن سڑک سے دور بھی تھا۔ کچا راستہ تھا اور خاصے پھیر کا تھا۔ دونوں کو' خصوصیت کے ساتھ جمیلہ کو' سفر میں طرح طرح کی مشکلات اور پریشانیوں سے سابقہ پڑتا۔

شیخ عنایت کلیم کا سودا مکمل ہونے کے تھوڑی ہی دیر بعد چلا گیا۔ اللہ وسایا' جمیلہ اور رحیم داد نے وکیل کے ساتھ کھانا کھایا اور اسی کے مکان پر رات بسر کی۔ صبح ہوئی تو اللہ وسایا طے شدہ پروگرام کے مطابق وکیل کے پاس ٹھہر گیا۔ اس نے ایک نوکر کو اپنے کام کاج کے لیے روک لیا' دوسرے کو جمیلہ اور رحیم داد کے ہم راہ کر دیا۔

راوی ٹرانسپورٹ کی ایک لاری سے تینوں واپس ہوئے۔ جمیلہ کو ڈرائیور کے ساتھ والی اگلی نشست پر جگہ مل گئی۔ اس کے برابر دو عورتیں اور بیٹھی تھیں۔ دونوں برقع اوڑھے ہوئے تھیں۔ رحیم داد اور ملازم' عالم' پچھلی نشست پر تھے۔

رحیم داد خوف زدہ اور سہما ہوا تھا۔ اسے طرح طرح کے خدشات اور وسوسے پریشان کر رہے تھے۔ دھڑکا لگا ہوا تھا کہ کوئی اسے پہچان نہ لے۔ لاری جس قدر آگے بڑھتی گئی' رحیم داد کی پریشانی میں اسی قدر اضافہ ہوتا گیا۔ سویرا رفتہ رفتہ ختم ہو رہا تھا۔ زندگی کی چہل پہل اور گہما گہمی بیدار ہو رہی تھی۔

لاریوں کے اڈے پر رحیم داد کو کوئی پولیس والا نظر آتا تو وہ لرز جاتا' سراسیمہ ہو جاتا' عینک قمیض کے دامن سے صاف کر کے دوبارہ آنکھوں پر لگاتا اور گردن جھکا کر اخبار پڑھنے لگتا۔ اخبار اس نے شہر میں ایک ہاکر سے خریدا تھا۔ دھوپ کی تمازت میں برابر اضافہ ہوتا گیا۔ ہوا گرم ہو گئی گو لو کے تیز جھکڑ نہیں چل رہے تھے' لیکن رحیم داد نے لو سے بچاؤ کی آڑ میں گردن اور کانوں کے گرد چادر لپیٹ رکھی تھی۔ اس طرح اس کا چہرہ خاصا چھپ گیا تھا۔ لو تیز ہوتی تو وہ ڈھاٹے سے چہرہ پوری طرح چھپانے سے بھی دریغ نہ کرتا۔ اسے سب سے زیادہ خطرہ پولیس کی جانب سے تھا۔ لیکن اتفاق سے اس روز کوئی پولس والا لاری میں سوار ہی نہ ہوا۔

سہ پہر کو وہ پاک پتن پہنچے۔ مگر وہاں رکے نہیں۔ نیلی ٹرانسپورٹ کی پہلی لاری سے دیپال پور کی

جانب روانہ ہوگئے۔

☆

چک بیدی کے اڈے پر اللہ وسایا کا مزارع قادر اور اس کا بیٹا صابر لاری میں سوار ہوئے دونوں نے رحیم داد کو پہچان لیا۔ ادب سے سلام کیا اور ایک طرف بیٹھ گئے۔ وہ بھی کو ئلہ ہر کشن رہے تھے۔ اللہ وسایا کے ملازم عالم کو' جو شہر سے جمیلہ اور رحیم داد کے ہم رہ سفر کر رہا تھا' انھو نے یہی بتایا تھا۔ دونوں مسلح تھے۔ قادر کے پاس مضبوط اور اونچی ڈانگ تھی۔ اس کے دونوا کناروں پر لوہے کی شام چڑھی تھی۔ ایک طرف کی شام میں سیسہ بھرا تھا۔ صابر کے پاس بھ مضبوط اور لمبے ہتھے کی تیز کلہاڑی تھی جس کا چوڑا پھل تیز اور چمک دار تھا۔

لاری مسافروں سے بھری ہوئی تھی اور ہچکولے کھاتی پختہ سڑک پر دوڑ رہی تھی۔ دن کا چل چلاؤ تھا۔ آسمان پر چھائے ہوئے گرد کے مٹیالے غبار کے پیچھے ڈوبتا سورج الاؤ کی مانند دہک رہا تھا مغرب میں سرمئی مائل سرخ روشنی دور تک پھیلی ہوئی تھی۔ لاری بھی اسی سمت جا رہی تھی سڑک ویران تھی۔ دونوں طرف کیکر کے درختوں اور گھنی جھاڑیوں کا جھنگر تھا۔ کہیں کہیں او نیچے ٹیلے اور ٹبے بھی تھے۔

لاری دو ٹبوں کے درمیان سے ڈھلان پر اترتے ہوئے دائیں ہاتھ کو مڑی تو اس کی رفتار سست پڑ گئی اور کچھ ہی دور جانے کے بعد ٹھہر گئی۔

ڈرائیور لاری سے نیچے اترا۔ باہر کچھ ملی جلی مدھم آوازیں ابھریں۔ رحیم داد کھڑکی کے پاس بیٹھا تھا۔ اس نے گردن باہر نکال کر نظریں دوڑائیں۔ اگلے دروازے کے عین سامنے دو آدمی نہایت مشتبہ حالت میں کھڑے تھے۔ ایک وضع قطع سے کسان نظر آتا تھا۔ اس کے ہاتھ میں لمبی لاٹھی تھی جس پر گنڈاسا لگا تھا۔ لاٹھی کندھے پر رکھی تھی اور پشت کی جانب اس میں ایک گٹھری اس طرح جھول رہی تھی کہ گنڈاسے کا تیز پھل دور سے صاف نظر نہیں آتا تھا۔ دوسرے کے چہرے پر ڈھاٹا بندھا تھا۔ اس کے پاس پرانی وضع کی دیسی بندوق تھی۔ یہ مسکٹ تھی جو عام پیدل سپاہیوں کے پاس ہوتی ہے۔

ڈرائیور ان کے نرغے میں خاموش کھڑا تھا۔ دیکھتے دیکھتے قریب کی جھاڑیوں سے تین آدمی نکلے اور ڈرائیور کے قریب پہنچ گئے۔ ان کے چہروں پر بھی ڈھاٹے بندھے تھے۔ صرف آنکھیں نظر آتی تھیں جو تیزی سے ادھر ادھر گردش کر رہی تھیں۔ تینوں نیزوں اور کلہاڑیوں سے مسلح تھے۔ رحیم داد خوف زدہ ہوگیا۔ لاری کے دوسرے مسافر بھی دم بخود اور سہمے ہوئے تھے۔ ان میں مرد تھے'

عورتیں تھیں' بچے تھے۔ مگر نہ کوئی بولا نہ اپنی جگہ سے اٹھا۔

مسلح افراد نے مسافروں کو مزید دہشت زدہ کرنے کی کوشش کی۔ جس شخص کے ہاتھ میں مسکٹ تھی' اس نے نال آسمان کی سمت بلند کی اور ٹھائیں ٹھائیں دو ہوائی فیر کیے۔ ان میں سے جو اونچے قد کا تھا' ڈپٹ کر زور سے چیخا۔

"سارے بندے باہر آجائیں۔ اپنا سامان اندر ہی رہنے دیں۔"

رحیم داد کے پیچھے بیٹھے ہوئے بوڑھے نے ساتھ والے مسافر سے کھسر پھسر کی۔ "ڈکیت جان پڑتے ہیں۔ دھاڑا پڑا ہے۔"

لباس کی سرسراہٹیں ابھریں۔ مسافر نشستوں سے اٹھنے لگے۔ ایک عورت کی بغل میں دبا ہوا بچہ منہ پھاڑ کر رویا۔ عورت نے ہاتھ بڑھا کر جھٹ اس کا منہ بند کردیا۔ بچہ سہمی ہوئی نظروں سے ماں کا جھنجلایا ہوا چہرہ تکنے لگا۔

کنڈکٹر جو کلینر بھی تھا' سب سے پہلے دروازے کی جانب بڑھا۔ اس کے پیچھے پیچھے دوسرے مسافر لاری سے اترنے لگے۔ رحیم داد بھی اترا۔ وہ ابھی تک پریشان اور ڈرا ہوا تھا۔ وہ سڑک پر ایک طرف خاموش کھڑا ہوگیا۔ اس نے دیکھا کہ قادر اور صابر بھی مسافروں کے ساتھ باہر نکل رہے تھے۔

ان دونوں کو دیکھ کر مسلح افراد میں سے ایک غصے سے دہاڑا۔ "یہ رہا کادو اور اس کا پتر۔"

قادر اور صابر نے جھٹ اپنی ڈانگ اور کلہاڑی اٹھائی اور اچھل کر مسلح افراد پر جھپٹے۔ انھوں نے پینترا بدل کر تیزی سے حملہ کیا۔ پانچوں حملہ آور بدحواس ہوگئے۔ ایک تو پہلے ہی ہلے میں تیورا کر گرا۔ اس کی کنپٹی سے لال لال خون نکل کر گردن اور کپڑوں پر پھیلنے لگا۔ بقیہ چاروں مسلح افراد سراسیمہ ہو کر ادھر ادھر تتر بتر ہوگئے۔ ان کے بکھرتے ہی مسافروں میں بھگدڑ مچ گئی۔ جس کا جدھر منہ اٹھا' ادھر بھاگا اور درختوں کے نیچے گھس گیا۔

رحیم داد بھی ایک گھنی جھاڑی کی آڑ میں حیران و پریشان کھڑا تھا۔ جب وہ ذرا سنبھلا تو اسے جمیلہ کا خیال آیا۔ اس نے نظریں گھما پھرا کر اسے تلاش کرنے کی کوشش کی۔ وہ کچھ فاصلے پر چھتری جیسے ایک گھنے درخت کے نیچے کھڑی تھی اور نگاہیں اٹھائے بے چینی سے لاری کی جانب دیکھ رہی تھی۔

قادر اور اس کا بیٹا تیزی سے اپنی ڈانگ اور کلہاڑی گھما رہے تھے۔ جھپٹ جھپٹ کر وار کر رہے تھے۔ صورت حال اب رحیم داد پر واضح ہوتی جا رہی تھی۔ مسلح افراد جو ڈاکو سمجھے جا رہے

تھے دراصل مقتول طاہر کے شریکے اور بھائی بند تھے۔ انھوں نے طاہر کے قتل کا انتقام لینے کے لیے لاری رکوائی تھی۔ انھیں قادر اور صابر کی تلاش تھی جو ان سے مقابلہ کرنے کے لیے سامنے آچکے تھے۔

قادر کی عمر ۴۵ سے تجاوز کر چکی تھی مگر اس کا جسم مضبوط اور گٹھا ہوا تھا۔ اس میں توانائی کے ساتھ ساتھ پھرتی بھی تھی۔ اس کے ہاتھوں میں دبی ہوئی ڈانگ بجلی کے مانند لہرا رہی تھی۔ صابر بیس بائیس سال کا قد آور نوجوان تھا۔ اس میں بھی باپ کی طرح پھرتی اور حوصلہ تھا۔ حملہ آور اب سنبھل چکے تھے۔ وہ بھی گھوم پھر کر وار کر رہے تھے اور قادر اور اس کے بیٹے کو نرغے میں لینے کی کوشش کر رہے تھے۔ مگر دونوں ہر بار ان کا گھیرا توڑ کر نکل جاتے۔ وہ جھک کر، سمٹ کر، پلٹ کر ہر طرح اپنا سر بچانے کے لیے کوشاں تھے۔ جھکائی دے کر اور پینترے بدل بدل کر حملے بھی کر رہے تھے۔

دونوں فریق لڑائی میں اس طرح گتھے ہوئے تھے کہ جس کے پاس مسکٹ تھی، وہ کچھ نہیں کر سکتا تھا۔ فاصلہ اس قدر کم تھا اور فریقین اس طرح جلدی جلدی اپنی جگہ بدل رہے تھے کہ گولی چلانے کی مطلق گنجائش نہ تھی۔ وہ دونوں ہاتھوں میں مسکٹ سنبھالے ادھر ادھر گھومتا پھر رہا تھا۔ آخر اس نے ایک بار ٹریگر دبا ہی دیا۔ گولی چیختی ہوئی نکلی مگر کسی کے جسم میں نہیں لگی۔ گولی کی آواز سن کر مسافر اور بدحواس ہو گئے۔ بھاگے اور درختوں اور جھاڑیوں کے نیچے دور دور تک بکھر کر دبکنے اور روپوش ہونے کی کوشش کرنے لگے۔

قادر اور اس کے بیٹے کے مقابلے پر دراصل تین ہی مسلح افراد تھے۔ دونوں اس بے جگری سے جم کر لڑ رہے تھے کہ تینوں حملہ آوروں میں سے ہر ایک چوٹ کھا چکا تھا۔ کسی کے ہونٹ سے، کسی کے کندھے سے اور کسی کی ٹانگ سے خون رس رس کر پھیلتا جا رہا تھا۔ مگر کسی کو کاری زخم نہیں آیا تھا۔

قادر اور صابر بھی گھائل ہو چکے تھے۔ زخموں سے بے نیاز ہنوز بڑھ بڑھ کر تیزی سے وار کر رہے تھے۔ تینوں حملہ آوروں کو اپنے بچاؤ کے لیے زیادہ کوشاں ہونا پڑا۔ اب ان میں پہلی سی پھرتی اور حوصلہ نہیں رہا تھا۔ وہ کسی قدر پریشان اور تھکے ہوئے معلوم ہوتے تھے اور رفتہ رفتہ پیچھے ہٹ رہے تھے۔

وہ حملہ آور جسے قادر اور صابر نے پہلے ہی ہلّے میں شدید زخمی کر دیا تھا، سڑک پر چت لیٹا تھا۔ قریب ہی اس کا نیزہ پڑا تھا۔ وہ کچھ دیر بے حال پڑا رک رک کر سانس بھرتا رہا، پھر اس نے کروٹ

بدلی۔ قادر اور صابر چند گز کے فاصلے پر تھے اور بپھر بپھر کر حملے کر رہے تھے۔ وہ دونوں کو ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔ وہ ان کے عقب میں تھا۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر نیزہ مضبوطی سے تھام لیا۔ اٹھا اور دونوں ہاتھوں میں نیزہ دبائے ہوئے تیزی سے قادر پر جھپٹا، وار کیا، نیزے کا نصف سے زیادہ پھل قادر کی پیٹھ میں اتر گیا۔ وہ تلملا کر پلٹا۔ اسی وقت سامنے سے کلہاڑی کا وار ہوا، ہاتھ بھرپور پڑا۔ قادر کا ایک بازو جھول گیا۔ ڈانگ اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی۔ وہ لڑکھڑایا اور سنبھلنے کی کوشش کی مگر نیزے کے تازہ وار نے اسے سنبھلنے کا موقع نہیں دیا۔ اس دفعہ نیزے کا پھل اس کے پہلو میں گوشت چیرتا ہو پسلیوں تک اتر گیا۔

قادر ڈگمگایا۔ گہری سانس بھری، دونوں ہاتھوں سے نیزہ پکڑا اور سڑک پر گر پڑا۔ نیزہ بدستور اس کی پسلیوں میں پھنسا ہوا تھا۔

قادر نے زور لگا کر نیزہ کھینچا۔ نیزہ تو باہر نکل آیا، مگر ساتھ ہی پہلو سے خون کا فوارہ ابل پڑا۔ قادر نے ایک ہاتھ زخم پر رکھا، اٹھنے کی کوشش کی مگر جس کے پاس مسکٹ تھی، وہ قریب پہنچ چکا تھا۔ اس نے اچھل کر پوری قوت سے قادر کے منہ پر لات ماری۔ وہ اس حملے کی تاب نہ لا سکا۔ بے سدھ ہو کر گر گیا۔ حملہ آور نے مسکٹ ایک طرف رکھی، دھوتی کے ڈب سے چھری نکالی اور قادر کے سینے پر سوار ہو گیا۔ اس کا گلا ایک ہاتھ سے دبا کر بولا۔ "میں طاہر کا پیو عطا محمد ہوں۔" اس نے غصے سے قادر کے منہ پر تڑاق سے تھپڑ مارا۔

قادر کے چہرے پر مردنی چھائی ہوئی تھی۔ اس نے لڑکھڑاتی نظروں سے عطا محمد کو دیکھا اور آنکھیں بند کر لیں۔ عطا محمد نے چھری ایک آنکھ میں بھونک دی اور اسے نکالنے کے لیے بے دردی سے گھمانے لگا۔

قادر تڑپ کر بے بسی سے گردن ادھر ادھر ہلانے لگا۔ صابر پلٹ کر باپ کی جانب دیکھ بھی نہ سکا۔ حملہ آوروں نے اسے نرغے میں لے لیا تھا اور ہر طرف سے تابڑ توڑ حملے کر رہے تھے۔ صابر کے جسم پر جگہ جگہ زخم تھے لیکن وہ ڈٹا رہا اور ہر وار کلہاڑی کے ڈنڈے پر روکتا رہا۔ موقع ملتا تو پینترا بدل کر حملہ کرنے سے بھی نہ چوکتا۔

چار افراد کے مقابلے میں صابر زیادہ دیر نہ ٹھہر سکا۔ اس کے زخموں سے برابر خون بہہ رہا تھا۔ قدم بار بار ڈگمگاتے۔ کلہاڑی پر انگلیوں کی گرفت کمزور پڑنے لگی۔ اس کی سانس دھونکنی کی طرح چل رہی تھی۔ کلہاڑی کا لمبا ڈنڈا بھی ٹوٹ چکا تھا۔ اب وہ اپنا موثر دفاع بھی نہیں کر سکتا تھا۔ حملہ آوروں کے حوصلے بڑھے ہوئے تھے۔ وہ گھیر کے ہر طرف سے پے در پے وار کر رہے تھے۔ صابر

بھی گر پڑا۔

☆

سورج ڈوب چکا تھا۔ مغربی افق پر ابھی تک لہو رنگ روشنی بکھری ہوئی تھی۔ شام بلندی سے نیچے اترنے کے لیے پر تول رہی تھی۔ دھندلکا پھیلتا جا رہا تھا۔ رحیم داد نے دیکھا کہ جمیلہ درخت کے نیچے سے نکل کر سڑک کے اس جانب بڑھی جدھر قادر اور صابر زخموں سے نڈھال پڑے تھے۔ عطا محمد ابھی تک قادر کے سینے پر سوار تھا۔ جمیلہ زور سے چیخی۔ "بہت ہوگیا۔ اب بند کرو یہ ہتیا چار۔" اس کے لہجے میں بے قراری اور جھنجلاہٹ تھی۔

رحیم داد گھبرا گیا۔ اس نے چاہا کہ جمیلہ کو آگے جانے سے روکے۔ وہ ایک ہاتھ اٹھا کر اونچی آواز سے بولا۔ "ٹھیر جا زمیں دارنی! ادھر نہ جا۔" جمیلہ نے پلٹ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ اسی وقت ہارن کی آواز ابھری۔ سڑک کی مخالف سمت سے ایک لاری آتی نظر آئی۔ سب ادھر دیکھنے لگے۔ عطا محمد نے بے سدھ پڑے ہوئے قادر کو چھوڑ دیا۔ اس کے سینے پر سے نیچے اترا۔ مسکٹ سنبھالی اور اپنے ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے اونچی آواز سے بولا۔ "کام ہوگیا۔ اب نکل چلو۔"

سب نے جلدی جلدی اپنے اسلحہ سنبھال لیے۔ عطا محمد نے مسکٹ کی نال اونچی کی۔ خوف اور دہشت پھیلانے کے لیے تڑتڑ ہوائی فائر کیے۔ وہ فائر کرتا ہوا اپنے ساتھیوں کے ہم راہ سڑک پر دوڑنے لگا۔ فرلانگ ڈیڑھ فرلانگ راستہ طے کرنے کے بعد سڑک سے اتر کر نشیب میں چلا گیا اور گھنے درختوں اور جنگلی جھاڑیوں کے اندر داخل ہو کر نظروں سے اوجھل ہوگیا۔

سامنے سے آنے والی لاری قریب آکر ٹھہر گئی۔ اس میں بھی مسافر سوار تھے اور کھڑکیوں سے گردنیں نکال کر قادر اور صابر کو دیکھ رہے تھے جو خون میں لت پت سڑک کے بیچوں بیچ پڑے تھے۔ جمیلہ بڑھ کر زخمیوں کے پاس پہنچی۔ رحیم داد، ڈرائیور، کلینر اور مسافر بھی درختوں اور جھاڑیوں کی اوٹ سے باہر نکلے اور سہمے ہوئے قادر اور صابر کی جانب بڑھے۔ دوسری لاری کا ڈرائیور بھی اپنے مسافروں کے ساتھ نیچے اترا۔

جمیلہ نے دیکھا کہ عطا محمد نے قادر کی دونوں آنکھیں نکال دی ہیں۔ وہ گردن پر بھی چھری چلا چکا تھا مگر صرف اوپر کی ذرا سی کھال کاٹ سکا تھا۔ جمیلہ نے کلائی تھام کر قادر اور صابر کی باری باری نبض دیکھی پھر گردن ہلا کر بولی۔ "ابھی زندہ ہیں، پر بری طرح گھائل ہوئے ہیں۔" اس نے مڑ کر دوسری لاری کے ڈرائیور کی جانب دیکھا۔ "تیں نوں پاک پتن جانا ہے؟"

"جانا تو ہے جی۔" اس نے زخمیوں کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ جھگڑے میں زخمی ہوئے ہیں؟"

"ہاں جھگڑا ہی ہوا تھا۔" جمیلہ نے آہستہ سے جواب دیا۔

ڈرائیور نے پوچھا۔ "دوسری پارٹی کدھر گئی؟"

"انھوں نے جی لاری رکوائی، سارے مسافروں کو باہر بلایا۔" ایک بوڑھا مسافر بتانے لگا۔ "وہ ان دونوں کی کھوج میں آئے تھے۔ دیکھتے ہی حملہ کردیا۔ پر جی یہ دونوں بھی زبردست حوصلے والے نکلے۔ وہ پنج تھے اور یہ صرف دو۔ انھوں نے ڈٹ کر ٹاکرہ لیا۔"

بوڑھے نے اپنی بات ختم بھی نہ کی تھی کہ طرح طرح کی باتیں ہونے لگیں۔ جو جس کے جی میں آرہا تھا، کہہ رہا تھا، اپنی سوجھ بوجھ کے اعتبار سے اظہار خیال کر رہا تھا۔ مگر جمیلہ بہت پریشان تھی۔ اس نے ڈرائیور سے کہا۔ "بے کار کی باتیں چھوڑ۔ ان دونوں کو پاک پتن کے سرکاری اسپتال لے جا۔ اگر ان کی جلد ہی مرہم پٹی کردی گئی تو بچ جائیں گے۔ ویسے خون بہت بہہ گیا۔" وہ دونوں زخمیوں کے قریب بیٹھ گئی اور خون بند کرنے کے لیے انھی کی پگڑیاں پھاڑ پھاڑ کر زخموں کے گرد لپیٹنے لگی۔

ڈرائیور زخمیوں کو اسپتال کے جانے پر آمادہ نہیں ہوا۔ "میں جی انھیں نہیں لے جاؤں گا۔"

"کیوں نہیں لے جائے گا؟" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں پوچھا۔ "تو چاہتا ہے، یہ دونوں یہیں سڑک پر مرجائیں۔ تو اتنا بے رحم اور کٹھور کیوں ہے؟"

"گل ایسا ہے جی۔" ڈرائیور نے صفائی پیش کی۔ "بعد میں پولیسے بہت ستاتے ہیں۔ روز روز گواہی کے لیے بلاتے ہیں۔ اوپر سے وکیل الٹے سیدھے سوال کرکے بھیجا خراب کردیتے ہیں۔ دوسری پارٹی کا بھی ڈر رہتا ہے۔ گواہی خلاف دو تو عدالت سے نکلتے ہی حملہ ہوتا ہے۔"

"تو گواہی شواہی نہ دینا۔" جمیلہ نے اسے سمجھایا۔ "میں اپنے نوکر کو زخمیوں کے ساتھ بھیج رہی ہوں۔ وہی تھانے میں پرچہ چاک کرائے گا۔ اسپتال میں بھی لے جائے گا۔ تیں نوں تو انھیں صرف اسپتال تک پہنچانا ہے۔ گھبرانے کی کوئی گل نہیں۔"

ڈرائیور نے پھر بھی کترانے کی کوشش کی۔ جمیلہ نے جھٹ اس کے ہاتھ پر دس روپے کا نوٹ رکھا۔ مسافروں نے بھی اصرار کیا، سمجھایا بجھایا۔ آخر وہ زخمی قادر اور صابر کو پاک پتن لے جانے پر رضامند ہوگیا۔ جمیلہ کا ملازم، عالم زخمیوں کے ساتھ پاک پتن جانے والی لاری میں سوار ہوگیا۔ جمیلہ نے اسے ضروری ہدایات دیں، پچیس روپے بھی دیے۔ لاری پاک پتن کی سمت روانہ ہوگئی۔

دیپال پور جانے والی لاری کے مسافر بھی سوار ہوگئے۔ ان میں قادر اور صابر نہیں تھے جن کا لال لال خون سڑک پر جگہ جگہ پھیلا ہوا تھا۔ جمیلہ اپنی نشست پر بیٹھی ان دونوں کے بارے میں

سوچ رہی تھی۔ اس کا خوب صورت چہرہ افسردہ اور مرجھایا ہوا نظر آرہا تھا۔ باہر شام کا اندھیرا پھیلا جا رہا تھا۔ مغرب میں دہکتا ہوا الاؤ بجھ چکا تھا۔ ڈرائیور نے انجن اسٹارٹ کیا۔ لاری سڑک پر دوڑنے لگی۔

ٹبی رحمان کے اڈے پر لاری ٹھہری۔ جمیلہ اور رحیم داد نے لاری سے اتر کر تانگا لیا۔ دونوں اس میں سوار ہوگئے۔ تانگا نہر کے کنارے کنارے چلنے لگا۔ جب تانگا کوٹلہ ہرکشن میں داخل ہوا تو پہر رات گزر چکی تھی۔ جمیلہ حویلی میں نہیں گئی' سیدھی قادر اور صابر کے گھر پہنچی۔ رحیم داد اس کے ہم راہ تھا۔ اطلاع ملتے ہی قادر کی بیوی ایک ہاتھ میں لالٹین سنبھالے باہر آئی۔ اس کے ساتھ بہو بھی تھی۔ دونوں کے پیچھے مجیداں تھی۔ وہ کمزور اور بیمار نظر آرہی تھی۔

قادر کی بیوی نے جمیلہ کو دیکھتے ہی کہا۔ "بھین جی! تو اس وکھت کیسے آگئی؟" وہ مسکرائی۔ "اندر آجا۔ منجی پر آرام سے بیٹھ۔"

"نہیں' میں نے اندر نہیں جانا۔ تجھے یہ بتانا ہے کہ کادو اور صابر کا طاہر کے پتر عطا محمد اور اس کے شریکوں سے جھگڑا ہوگیا۔"

"ہائے ربّا۔" وہ اپنے ماتھے پر ہاتھ مار کر گھبرائے ہوئے لہجے میں بولی۔ "زمیں دارنی! ٹھیک ٹھیک بتا۔"

"میں لاری میں چوہدری اور عالم کے ساتھ شہر سے آرہی تھی۔ چک بیدی کے اڈے پر کادو اور صابر بھی لاری میں سوار ہوگئے۔ رستے میں عطا محمد اور اس کے ساتھیوں نے کسی بہانے سے لاری رکوائی' مسافروں کو نیچے اتروایا۔ وہ ۵ تھے اور سب مسلح تھے۔ انھوں نے کادو اور صابر پر ہلّا بول دیا۔" جمیلہ نے مطلع کیا۔

"ہائے میں مرگئی۔" قادر کی بیوی بے قرار ہو کر چیخی۔ "صابر اور اس کا پتر کہاں ہے؟ دونوں کو اپنے ساتھ کیوں نہیں لائی؟"

"وہ گھائل ہوگئے ہیں۔ میں نے عالم کے ساتھ دونوں کو لاری میں ڈال کر پاک پتن کے سرکاری اسپتال بھجوایا ہے۔"

قادر کی بیوی یہ سنتے ہی دروازے کی دہلیز پر بیٹھ کر بین کرنے لگی۔ بہو بھی سینہ پیٹتے ہوئے ساس کے ساتھ رونے لگی۔ مجیداں بت بنی گم صم کھڑی تھی۔ نہ وہ بولی' نہ روئی۔ لالٹین کی زرد روشنی میں اس کا مرجھایا ہوا چہرہ مٹی کی طرح مٹیالا پڑ گیا تھا۔ وہ لڑکھڑائی اور ماں کا سہارا لے کر بیٹھ گئی۔ ماں نے پلٹ کر اسے قہر آلود نظروں سے دیکھا۔ زور سے اس کی پیٹھ پر دوہتڑ مار کر چیخی۔ "کماں

ماری! تو مر کیوں نہ گئی؟ تیرے یار کے پتّو نے اس کے خون کا بدلہ چکا لیا ناں!" مجیداں پھر بھی کچھ نہ بولی۔ اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔

قادر کی بیوی اور بہو کے رونے اور چیخنے کی آوازیں رات کے سناٹے میں ابھریں تو گاؤں میں کھلبلی مچ گئی۔ گھروں کے دروازے کھلنے لگے۔ سب قادر کے گھر پہنچنے لگے۔ آن کی آن میں خاصا بڑا ہجوم اکٹھا ہوگیا۔ ان میں مرد بھی تھے' عورتیں بھی تھیں۔ سبھی پریشان تھے' تشویش میں مبتلا تھے۔ قادر اور صابر کی بیویاں بلک بلک کر رو رہی تھیں۔

جمیلہ نے دونوں کو تسلی دینے کی کوشش کی۔ "چنتا نہ کرو۔ سب ٹھیک ہی ہوگا۔" ساتھ ہی انہیں ڈانٹا بھی۔ "تم نے تو خاما خا کی پٹنی شروع کردی۔ یہ برا شگون ہے۔ ٹسوے بہانا بند کرو۔ دونوں کی دیکھ بھال کے لیے کسی کو اسپتال بھیجو۔ ابھی تو لاری مل جائے گی۔"

"مجیداں کے دونوں ماما جائیں گے۔" قادر کی بیوی نے رونا بند کردیا۔ "میں بھی ان کے ساتھ جاؤں گی۔"

"چاچا اکبر کو بھی ساتھ لیتی جا۔" بہو نے مشورہ دیا۔

اکبر وہاں موجود تھا' مستعدی سے بولا۔ "ہاں جی' میں بھی چلوں گا۔" اس نے قادر کی بیوی کی طرف دیکھا۔ "بھابی تو فٹافٹ چلنے کو تیار ہوجا۔"

قادر کی بیوی اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ اس کے دونوں بھائی اور بھاوجیں بھی موجود تھیں۔ روانگی کا پروگرام فوراً بن گیا۔ جمیلہ اور رحیم داد جس تانگے سے پہنچے تھے' وہ ابھی تک کھڑا تھا۔ قادر کی بیوی اپنے بھائیوں اور دیور کے ساتھ تانگے میں سوار ہوگئی۔ جمیلہ نے ایک بار پھر اسے تسلی دی۔ "مجیداں کی ماں! حوصلے سے کام لے۔ کوئی پریشانی کی گل ہو تو مجھے فوراً اطلاع بھیجنا۔ عالم تو وہاں موجود ہی ہوگا' میں بھی تیرے پاس پہنچ جاؤں گی۔ ویسے تو سویرے سویرے عالم کو واپس بھیج دینا تاکہ پتہ چل جائے' دونوں کیسے ہیں۔"

قادر کی بیوی نے جمیلہ کی ہر ہدایت پوری توجہ سے سنی اور عالم کے ذریعے اطلاع دینے کا وعدہ کیا۔ تانگا آگے بڑھا اور گاؤں سے دور نکل گیا۔

بھیڑ اب چھٹ چکی تھی۔ جانے والے واپس گھروں کو جا چکے تھے۔ مگر جمیلہ نہیں گئی۔ اس کے دونوں بچے سو چکے تھے۔ نوکرانیوں سے اسے یہ اطلاع پہلے ہی مل چکی تھی۔ قادر کے گھر کے دروازے پر صابر کی بیوی ابھی تک مضمحل اور نڈھال کھڑی تھی۔ اس کی اوٹ میں مجیداں تھی۔ وہ پتھر کی مانند ساکت تھی۔ نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ جمیلہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی اس کے قریب گئی

شفقت سے سر پر ہاتھ پھیرا۔

وہ جمیلہ کے سینے پر سر رکھ کر جیسے پھٹ پڑی۔ "بھین جی! میں بہت پاپی ہوں۔ مجھ بختاں ماری کو موت کیوں نہیں آجاتی؟" اس کی سسکیاں خاموشی میں ابھرنے لگیں۔ وہ پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھی۔ جمیلہ اس کا سر آہستہ آہستہ تھپکنے لگی۔ اس نے زبان سے کچھ نہیں کہا' البتہ اس کی آنکھیں چھلک پڑیں۔ آنسو ڈھلک ڈھلک کر اس کے رخساروں پر ٹپکنے لگے۔

رحیم داد خاموش کھڑا مجیداں اور جمیلہ کو روتے ہوئے دیکھتا رہا۔ مگر وہ یہ رقت انگیز منظر زیادہ دیر نہ دیکھ سکا۔ اسے مجیداں کے باپ قادر کی آنکھیں یاد آگئیں جنھیں مقتول طاہر کے باپ نے چھری ڈال کر نکال دیا تھا۔ وہ خون سے لتھڑے ہوئے دو بھیانک غار بن کر رہ گئی تھیں۔ انھیں دیکھ کر خوف اور کراہیت محسوس ہوتی تھی۔ رحیم داد سے وہاں نہ ٹھیرا گیا۔ وہ خاموشی سے مہمان خانے کی جانب روانہ ہوگیا۔

☆

بستر پر لیٹ کر رحیم داد دیر تک بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔ بوجھل رات بھی زخمی تھی اور رحیم داد کی نیند بھی زخمی تھی۔ ہوا سسکیاں بھر رہی تھی۔

دن چڑھے جمیلہ مہمان خانے میں آئی۔ رحیم داد ناشتے سے فارغ ہوچکا تھا۔ جمیلہ کو دیکھتے ہی اس نے بے چینی سے پوچھا۔ "کادو اور صابر کے بارے میں کچھ پتہ چلا؟"

"ہاں' عالم آیا تھا۔ بتاتا تھا۔ صابر کی حالت تو زیادہ خراب نہیں' پر کادو کو ابھی تک ہوش نہیں آیا۔"

"کادو کو زخم بھی زیادہ آئے تھے۔ توں نے تو دیکھا ہی تھا۔ سارا بدن خون سے لت پت تھا۔ طاہر کے پیئو نے اس کی آنکھیں تو نکال ہی لیں' وہ تو اس کی گردن بھی کاٹ دینا چاہتا تھا۔ بہت ظالم ہے۔"

"یہ غصہ ہتیارا ہوتا ہے۔ اندھا بنا دیتا ہے۔" جمیلہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "جب طاہر کا کتل ہوا تھا' تبھی میں نے کہا تھا' یہ جھگڑا اب کبھی ختم نہیں ہوگا۔ ویسے کادو اور صابر کتل کے مکدمے سے صاف چھوٹ گئے تھے۔ پر طاہر کے پیئو' بھائیوں اور شریکوں نے تو بدلہ لینے کا ارادہ نہیں چھوڑا تھا۔ آخر انھوں نے بدلہ لے لیا۔ کادو مرگیا تو صابر اور اس کے چاچے' مامے بدلہ چکائیں گے۔ یہ جھگڑا ایسا ہی چلتا رہے گا۔ جانے کب تک چلے۔" جمیلہ کا چہرہ افسردہ ہوگیا' آنکھیں ویران ہوگئیں۔ وہ پریشان اور مضمحل ہوگئی۔

رحیم داد نے اسے تسلی دینے کی کوشش کی۔ "زمین دارنی! توں نے اپنے کو کیوں پریشانی میں ڈال لیا؟ ایسے جھگڑے تو ہوتے ہی رہتے ہیں۔ کس کس کا دکھ اٹھائے گی۔" اس نے گفتگو کا رخ بدلا۔ "یہ بتا' عالم کدھر ہے؟"

"تو اس سے کادو اور صابر کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہے؟"

"نہیں' ان کے بارے میں توں نے بتا ہی دیا۔" رحیم داد نے بے نیازی سے جواب دیا۔ "میں تو عالم سے اپنی دھوپ کی عینک کے بارے میں پوچھنا چاہتا تھا۔ شہر میں اسے اپنی عینک فریم بدلوانے کے لیے دی تھی۔ پچھلے دنوں فریم کی ایک کمانی ٹوٹ گئی تھی۔ پتہ نہیں' عینک کا کیا بنا۔ اس نے مجھے بعد میں کچھ بتایا ہی نہیں۔"

"اب تو شام سے پہلے پتہ نہیں چلے گا۔ میں نے عالم کو اللہ وسایا کے پاس بھیجا ہے۔ وہ اسے کادو اور صابر کے بارے میں بتا دے گا۔"

"اللہ وسایا کو اس جھگڑے میں نہیں ڈالنا چاہیے۔ یہ ٹھیک نہیں کیا۔" رحیم داد کو جمیلہ کا اقدام پسند نہیں آیا۔ وہ قادر اور صابر کے معاملے کو اتنی زیادہ اہمیت دینے کے حق میں نہیں تھا۔

"اس میں غلط بات کیا ہوئی؟" جمیلہ کا لہجہ تیکھا تھا۔ رحیم داد کے رویے سے اس کے احساسات کو ٹھیس پہنچی تھی۔ "کادو کیول مزارع ہی نہیں' اس پنڈ کا رہنے والا بھی ہے۔ مزارع بھی ہوا تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ کادو فصل پیدا کرے تو اللہ وسایا زمیں دار بن کر اپنا حصہ لینے تو پہنچ جائے' پر وہ گھائل ہوکر موت کے منہ میں پڑا ہو تو اللہ وسایا اس کی طرف مڑ کر بھی نہ دیکھے۔ نہ اس کی خبر گیری کرے' نہ اس کی مدد کرے' نہ اسے حوصلہ دے۔ تو خود ہی سوچ' یہ کیسے ہوسکتا ہے؟"

رحیم داد نے خاموشی سے جمیلہ کی باتیں سنیں۔ لہجے کی تلخی بھی محسوس کی۔ مگر کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا۔ جمیلہ بھی کچھ دیر خاموش بیٹھی رہی۔ وہ اٹھی اور باہر چلی گئی۔ وہ مضطرب اور بے چین نظر آرہی تھی۔

اللہ وسایا رات گئے واپس آیا۔ رحیم داد اس وقت جاگ رہا تھا۔ حویلی کی چھت پر اسے اللہ وسایا کی آواز بھی سنائی دی مگر وہ رحیم داد کے پاس نہیں آیا۔ زیادہ دیر ٹھہرا بھی نہیں۔

وہ کیوں آیا تھا اور کیوں چلا گیا؟ رحیم داد کو دو روز تک کچھ پتہ نہ چلا۔ نہ جمیلہ آئی اور نہ احمد نے کچھ بتایا۔ چوتھے روز اللہ وسایا آیا تو رحیم داد سے اس کی ملاقات ہوئی۔ رحیم داد اپنی بے قراری کی زیادہ دیر پردہ پوشی نہ کرسکا۔ اس نے کرید کر پوچھا۔

"تو منگل وار کی رات کو بھی آیا تھا؟"

"ہاں آیا تو تھا۔" اللہ وسایا نے بے نیازی سے کہا۔

"میں اس وکت جاگ رہا تھا۔ پر تو ٹھیرا نہیں' تھوڑی ہی دیر بعد چلا گیا تھا۔ کیوں آیا اور کیوں اتنی پچیتی چلا گیا' یہ بھید نہ کھلا۔"

"تجھے جمیلہ نے نہیں بتایا؟"

"وہ آج کل نظر ہی نہیں آتی۔ جانے کہاں رہتی ہے۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "ویسے یہ تو میں نوں پتہ ہے' وہ تیرے ساتھ نہیں گئی تھی۔"

"سمجھ گیا' وہ تجھے کیوں نظر نہیں آئی۔" اللہ وسایا نے مسکرا کر کہا۔ "وہ ان دنوں کادو کے گھر میں زیادہ رہتی ہے۔ مجیداں اور صابر کی گھر والی کو تسلی دیتی رہتی ہے۔ چوہدری! اسے تو ایسے کاموں کے لیے حیلہ چاہیے۔ وہ کسی کو دکھی دیکھ نہیں سکتی۔"

"اس نے دکھ بھی تو بہت سے ہیں۔" رحیم داد نے جمیلہ کی حمایت کی' چند لمحے خاموش رہا پھر دریافت کیا۔ "یہ تو بتا کادو اب کیسا ہے؟ جمیلہ بتاتی تھی' ایک رات تو اسے ہوش ہی نہیں آیا۔ اسے زخم بھی تو بہت آئے تھے۔ میں نے تو سارا خون خرابہ اپنی آنکھوں سے دیکھا۔"

"کادو کو دوسرے روز بھی ہوش نہیں آیا تھا۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "مجھے جیسے ہی پتہ چلا' سیدھا اسپتال پہنچا۔ کادو چپ پڑا تھا۔ صرف سانس لے رہا تھا۔ وہ بھی بہت دھیرے دھیرے۔ اس کی حالت بہت خراب تھی۔ ڈاکٹر نے مشورہ دیا' اسے لہور لے جاؤ' شاید بچ جائے۔ ویسے امید کم ہی لگتی ہے۔ میرے پاس وکیل کے زمین دار دوست کی کار تھی۔ میں نے کادو اور صابر دونوں کو اس میں ڈالا۔ جمیلہ بھی اسپتال پہنچی ہوئی تھی۔"

"یہ مجھے پتہ نہیں تھا۔" رحیم داد نے حیرت سے کہا۔

"میں جمیلہ ہی کو چھوڑنے منگل وار کی رات یہاں آیا تھا۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "وہ تو لہور جانے کو بھی کہتی تھی پر میں نے سمجھا بجھا کر اسے روکا۔ دونوں زخمیوں کو لہور لے گیا۔ اسپتال میں داخل کرایا۔ کادو کو تو شام کو ہوش آیا۔ مرتے مرتے بچا ہے۔ اب تو کچھ ٹھیک ہے پر اندھا ہو گیا ہے۔"

"طاہر کے پیؤ نے کادو کے سینے پر چڑھ کر میرے سامنے چھری ڈال کر آنکھیں نکالی تھیں۔ کادو ایسا زور زور سے چیخا اور اس کی آنکھوں سے ایسے خون نکلا کہ مجھے متلی ہونے لگی۔ مجھ سے ادھر دیکھا نہ گیا۔"

"عالم نے مجھے بتایا' جمیلہ تو رو پڑی تھی۔"

"صابر تو اب بالکل چنگا ہو گیا ہو گا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"بالکل چنگا تو نہیں ہوا پر اٹھ دس روز بعد اسے اسپتال سے چھٹی مل جائے گی۔ البتہ کادو کو زیادہ دن اسپتال میں رہنا پڑے گا۔"

"حملہ کرنے والوں کے خلاف پولیس نے بھی کوئی کارروائی کی؟"

"تین ملزم تو دوسرے ہی روز گرفتار کر لیے گئے تھے۔ طاہر کا پیؤ عطا محمد اور چاچا سلطان محمد ایک روز مفرور رہے' بعد میں وہ بھی پکڑ لیے گئے۔ پانچوں ابھی تک پولیس کی حراست میں ہیں۔ کیس رجسٹر کر کے پولیس نے ابھی عدالت میں چالان پیش نہیں کیا۔"

"ملزموں کے خلاف پرچہ تو نے چاک کرایا تھا؟"

"نہیں! عالم تھانے گیا تھا' اسی نے رپٹ لکھوائی تھی۔ عینی گواہ بھی وہی ہے۔ بعد میں وکیل کے ساتھ میں بھی تھانے گیا تھا۔"

"وکیل نے الاٹمنٹ کے لیے کیا کیا؟"

"ابھی تو کچھ نہیں ہوا۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "ادھر تو میں کادو اور صابر کے معاملے میں پھنسا رہا۔"

"اس میں دیر نہیں ہونی چاہیے۔ کوئی گڑبڑ نہ ہو جائے۔" رحیم داد نے تشویش کا اظہار کیا۔

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میں نوں اب اسی طرف دھیان دینا ہے۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کی رائے سے اتفاق کیا۔

جمیلہ بھی آ گئی۔ کمرے میں داخل ہوتے ہی اس نے اللہ وسایا سے پوچھا۔ "تین نوں شہر نہیں جانا؟ وکیل انتظار کرتا ہو گا۔"

اللہ وسایا مسکرا کر بولا۔ "چوہدری سے اسی بارے میں بات کر رہا تھا۔ فکر نہ کر' الاٹمنٹ شلاٹمنٹ کا سارا کام کر کے ہی لوٹوں گا۔"

رحیم داد نے جمیلہ سے کہا۔ "زمین دارنی! کھڑی کیوں ہے؟ آرام سے بیٹھ کے بات کر لے۔"

"چوہدری! اب اسے نہ روک۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر اللہ وسایا کی طرف اشارہ کیا۔ "اسے آج ہی شہر جانا ہے۔"

"پر ابھی تو بہت گرمی ہے۔ ایسے میں یہ کیسے سفر کر سکتا ہے؟"

"جانا تو اسے دن ڈھلے ہے پر کچھ دیر آرام تو کرنا ہو گا۔ سفر بھی لمبا ہے۔ رات دیر سے پہنچے گا۔"

اللہ وسایا کھڑا ہو گیا۔ اس نے مسکرا کر رحیم داد کی طرف دیکھا۔ "چوہدری! یہ زمین دارنی نہیں

تھانے دارنی ہے۔ اس کی بات تو ماننی ہی پڑے گی۔ اب تجھ سے واپسی پر ملوں گا۔ بھیتی نال لوٹنے کی کوشش کروں گا۔" اللہ وسایا دروازے کی جانب بڑھا۔ رحیم داد بھی اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اللہ وسایا باہر گیا۔ جمیلہ بھی اس کے ساتھ ہی چلی گئی۔

☆

شام کو رحیم داد نہا دھو کر باغ میں گیا۔ خلاف معمول باغ میں خوب چہل پہل تھی۔ گھاس پر قالین بچھا تھا۔ جمیلہ بڑی سج دھج سے قالین پر بیٹھی تھی۔ وہ اس وقت ہلکا گلابی کرتا اور گلابی شلوار پہنے ہوئے تھی۔ دوپٹا بھی اسی رنگ کا تھا۔ اس کا سر دوپٹے سے ڈھکا ہوا تھا۔ کرتے کے گریبان اور آستینوں پر کلابتو کی کشیدہ کاری تھی۔ پیشانی پر جڑاؤ داؤنی جھلملا رہی تھی۔ کانوں میں سونے کے مندرے، گلے میں بکتیوں کا ہار اور ہاتھوں میں جڑاؤ کنگن تھے۔ آنکھوں میں کاجل تھا۔ وہ باوقار اور حسین نظر آ رہی تھی۔

جمیلہ کے قریب ہی پھاتاں سیاہ پھلکاری سے سر اور چہرے کا کچھ حصہ چھپائے بکل مارے بیٹھی تھی۔ اس نے بھی غسل کیا تھا۔ اجلی دھوتی باندھی تھی اور اس کے اوپر بوٹی دار سفید جھگا پہنا تھا۔ دونوں کے روبرو کچھ فاصلے پر نیم دائرے میں سات مرد بیٹھے تھے۔ وہ سفید کرتے پہنے ہوئے تھے۔ ان کی دھوتیاں اور پگڑیاں بھی سفید اور اجلی تھیں۔ درمیان میں ایک بوڑھا بیٹھا آہستہ آہستہ حقہ گڑگڑا رہا تھا۔ اس کی لمبی سفید ڈاڑھی تھی۔ اس کے علاوہ ایک اور بوڑھا تھا۔ پانچ ادھیڑ تھے۔ ان کی ڈاڑھیوں اور سروں کے بال کھچڑی تھے۔

جمیلہ نے رحیم داد کو آتے ہوئے دیکھا تو مسکرا کر اونچی آواز سے کہا۔ "چوہدری! ادھر ہی آجا۔"

رحیم داد آگے بڑھا اور جمیلہ اور پھاتاں سے ذرا ہٹ کر قالین پر بیٹھ گیا۔ اسے اللہ وسایا نظر نہیں آیا۔ بیٹھتے ہی دریافت کیا۔ "زمیں دار دکھائی نہیں دے رہا، کدھر ہے؟"

"وہ تو سہ پہر ہی کو شہر چلا گیا۔" جمیلہ نے رحیم داد کو یاد دلایا۔ "تیرے سامنے ہی تو پروگرام بنا تھا۔"

رحیم داد خفیف ہو کر بولا۔ "مجھے بالکل یاد نہیں رہا۔"

"ویسے اللہ وسایا نے وعدہ کیا تھا، پر تجھے تو پتہ ہی ہے، اسے ضروری کام سے جانا پڑا۔ میں تجھے بلوانے ہی والی تھی۔" جمیلہ نے سامنے بیٹھے ہوئے مردوں کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ تاجاں کے سگن کے لیے دن متھنے آئے ہیں۔ اب کوئی شبھ گھڑی سوچ کر ویاہ کی تاریخ طے کرنی ہے۔"

"یہ ساہے کے لیے آئے ہیں۔" رحیم داد نے مسکرا کر روبرو بیٹھے ہوئے مردوں کو دیکھا۔ "یہ تو نیک کام ہے۔ اس میں دیری کیا کرنی۔"

"لے زمیں دارنی! چوہدری بھی وہی گل کہہ رہا ہے، جو ہم اتنی دیر سے کہہ رہے ہیں۔" سامنے بیٹھے ہوئے سفید ڈاڑھی والے بوڑھے نے حقے کی نے منہ سے ہٹائی اور بے تکلفی سے جمیلہ کو دیکھ کر مسکرانے لگا۔

"دیکھ بابے! بھیتی نہ کر۔ تاجاں اب پھاتاں کی نہیں، میری دھی ہے۔ میں اس کا ویاہ دھوم دھام سے کروں گی۔ اس کا پیئو نہ ہوا تو کیا ہوا، میں تو ہوں۔" جمیلہ نے اپنے سینے پر ہولے سے ہاتھ مارا۔ "تو اس بات کی ذرا چنتا نہ کر۔ میں چاہتی ہوں، تو اپنے پتر کی جنج لے کر آئے تو ذرا موسم اچھا ہو۔ ساری ہی رسمیں ریتاں ہوں۔ ملنی ہو، سٹھنیاں ہوں، چھانتی وکھاونی ہو۔" وہ گردن کو ہلکا سا خم دے کر مسکرائی۔ "چلچلاتی گرمی یا بھری برکھا میں کیا مزا آئے گا۔ جنج چڑھے اور دھوم دھڑکا نہ ہو، یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

بوڑھا ہنس کر بولا۔ "ہم نے اڑنا نہیں ہے۔ زمیں دارنی! چل تیری ہی بات اچی۔ توں ہی ویاہ کے لیے دن تاریکھ بتا دے۔ ویسے بھی تاریکھ تو وہٹی کے گھر والے ہی دیتے ہیں۔"

"ماگھ کیسا رہے گا؟ تین ہی مہینے تو بیچ میں ہیں۔" جمیلہ نے تجویز پیش کی۔ "اس سمے تک خریف کی فصل کی واڈھی بھی ہو جائے گی۔ پھٹی کی چنائی ہو چکی ہو گی۔ بہت سانا موسم ہو گا۔ گلابی سردی ہو گی۔"

"چلو جی ماگھ ہی رہا۔" بوڑھے نے رضامندی کا اظہار کیا۔ "اب تاریکھ طے کرنی ہو گی۔"

"وہ تو زنانیاں ہی بیٹھ کر طے کریں گی۔" جمیلہ نے نظریں جھکا کر قدرے آہستہ سے کہا۔

"تو نے اپنی بھرجائی سے اس بارے میں گل بات تو کی تھی۔" ایک ادھیڑ شخص بولا۔ وہ پھاتاں کا بڑا بھائی اور ہونے والا سمدھی، اللہ یار، تھا۔ "گھر والی کہتی تھی، ماگھ کی سات تاریکھ کی گل ہوئی تھی۔"

"ایسی گل ہوئی تو تھی۔" پھاتاں نے ہچکچاتے ہوئے اعتراف کیا۔ "دن کون سا ہو گا؟" وہ گردن اٹھا کر سوچنے لگی۔

"جمعرات یا جمعے کا دن ہو گا۔ چاند کی ۱۲ یا ۱۷ ہو گی۔" بوڑھے نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی اور زیر لب مسکرا کر گویا ہوا۔ "ہم نے پہلے ہی حساب لگا لیا تھا۔"

جمیلہ ہنس کر بولی۔ "بابے! ایسہ گل تھی تو پہلے ہی بتا دی ہوتی۔ اتنی دیر جھک جھک کیوں کی؟"

"زمیں دارنی! شادی ویاہ میں تھوڑی جھک جھک بک بک نہ ہو تو مزا نہیں آتا۔" بوڑھا بدستور مسکراتا رہا۔

"مجھے تو ٹھیک ہی لگتا ہے۔ سمجھو پورن ماشی ہی ہوگی۔ دو دن میں چند رما زیادہ نہیں گھٹتا۔ بھری چاندنی رات ہوگی۔" جمیلہ نے مڑ کر پھاتاں کی جانب دیکھا۔ "ٹھیک ہی رہے گا ناں؟"

پھاتاں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ انگلیوں پر خاموشی سے حساب لگاتی رہی پھر مسکرا کر بولی۔

"ٹھیک ہے جی! ٹھیک ہے۔ ویسے جو دن دیاہ کا سب نے طے کیا' میں نے اس میں کیا بولنا۔"

"تو فیر جی دن تاریکھ تو طے ہو گیا۔" بوڑھے نے یہ کہہ کر ذرا دور بیٹھے ہوئے نائی کی جانب دیکھا جو ان کے ساتھ ہی آیا تھا۔ اس نے اونچی آواز سے کہا۔ "دینے! گنڈالے آ۔"

نائی نے قریب رکھا ہوا مٹھائی کا ٹوکرا سنبھالا اور آگے بڑھ کر بوڑھے کے سامنے رکھ دیا۔ بوڑھے نے ٹوکرے کے اوپر رکھا ہوا رنگ برنگے سوت کا کلاوا اٹھایا۔ اس میں دو گرہیں لگائیں اور ٹوکرے پر رکھ دیا۔ نائی نے جھک کر مٹھائی کا ٹوکرا پھر اٹھایا اور جمیلہ کے آگے رکھ دیا۔ جمیلہ نے اسے پانچ روپے لاگی کے دیئے۔ لاگی لے کر وہ اونچی آواز سے دعائیں دیتا ہوا اپنی جگہ جا کر بیٹھ گیا۔

جمیلہ نے پیچھے کھڑے ہوئے ملازم کو شربت لانے کا اشارہ کیا۔ شام کا دھندلکا پھیل گیا تھا۔ باغ میں گیس بتی روشن کر دی گئی تھی۔ اس کی تیز روشنی میں بوڑھے نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو دوسروں نے بھی ہاتھ اٹھا دیئے۔ دعا کے بعد سب کے چہروں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ ذرا دیر میں دودھ کا شربت آگیا۔ جمیلہ نے اپنے ہاتھ سے شربت کا گلاس بوڑھے کو پیش کیا۔ اس نے گلاس لیتے ہوئے بڑی شفقت سے کہا۔

"زمیں دارنی! تو جتنی سوہنی ہے' اتنی ہی بھلی اور نیک بھی ہے۔ ربّا تیں نوں زمیں دارنی سے رانی بنائے۔ تیرے لیے تو اندر سے دعا ہی دعا نکلتی ہے۔"

پھاتاں کے بھائی نے بھی جمیلہ کو کلمہ خیر سے یاد کیا۔ "تیری ایسی زمیں دارنی تو نہ دیکھی' نہ سنی۔ کون وڈا زمیں دار مزارعوں کے ساتھ ایسا میل جول رکھتا ہے۔ انھیں اس طرح اپنے ساتھ بٹھاتا ہے۔ ان کی آؤ بھگت کرتا ہے۔"

جمیلہ نے کچھ نہ کہا۔ مسکرا مسکرا کر سب کے سامنے خود ہی گلاس بھر بھر کر شربت رکھا۔ پھاتاں نے اس کا ہاتھ بٹانا چاہا تو جمیلہ نے اسے پیار سے ڈانٹ دیا۔ "چپ کر کے بیٹھی رہ۔ ابھی تیں نوں بہت کام کرنے ہیں۔"

سب مہمانوں نے شربت پیا۔ رحیم داد نے بھی پیا۔ شربت پینے کے کچھ دیر بعد گھاس پر دری

ڈالی گئی۔ اس پر دسترخوان بچھایا گیا۔ نوکروں نے نہایت مستعدی سے کھانا چنا۔ سب نے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھایا۔ کھانے سے فارغ ہو کر مہمانوں نے واپس جانے کی خواہش کا اظہار کیا مگر جمیلہ نے اصرار کر کے انہیں روک لیا۔

حویلی کے سامنے کے میدان میں خوب چھڑکاؤ کیا گیا۔ چارپائیاں بچھا کر اجلے بستر لگا دیے گئے اور یہ طے ہوا کہ مہمان رات بسر کرنے کے بعد سویرے تاروں کی چھاؤں میں اپنے گاؤں واپس چلے جائیں گے۔

پھاتاں' بیٹی کا رشتہ اس شان سے طے ہو جانے پر بہت خوش تھی۔ مگر اس سے بھی زیادہ مسرت جمیلہ کے چہرے پر بکھری ہوئی تھی۔ وہ بات بات پر ہنستی' مہمانوں کی دل جوئی کرتی۔ رات گئے تک محفل جمی۔ پھر سب سونے چلے گئے۔ رحیم داد بھی ساہے کی رسم میں شریک ہو کر بہت خوش تھا۔ اس رات وہ بستر پر لیٹتے ہی گہری نیند سو گیا۔

دوسرے روز مہمانوں کو رخصت کرنے کے بعد جمیلہ پھاتاں کے گھر گئی اور تاجاں کو اپنے ہم راہ حویلی میں لے آئی۔ اب وہ ساہے بندھی لڑکی تھی اور ایسی لڑکی گھر کی لاج اور عزت ہوتی ہے۔ نہ وہ کھیتوں پر جا سکتی ہے نہ پانی بھرنے کنوئیں یا پنگھٹ پر۔ اسے گھر کی دہلیز سے آگے قدم نکالنے کی اجازت نہیں ہوتی۔ تاجاں حویلی میں آنے کے بعد جمیلہ کے لیے امانت بن چکی تھی۔ وہ حویلی کی چار دیواری سے باہر صرف اپنے دولہا کے ساتھ ہی رخصت ہو کر جا سکتی تھی۔

☆

گرمی کم ہونے کے بجائے اور بڑھ گئی تھی۔ صبح ہی سے لو چلنے لگتی۔ دوپہر ہوتے ہوتے ہر طرف سناٹا چھا جاتا۔ گاؤں کا جوہڑ دن بھر بھینسوں سے بھرا رہتا۔ وہ کیچڑ اور پانی میں لیٹی جگالی کرتی رہتیں۔ اللہ دسایا ابھی واپس نہیں آیا تھا۔ ایک شام جمیلہ باغ میں بیٹھی تھی۔ رحیم داد بھی موجود تھا۔ فضا بوجھل اور ملیالی تھی۔ جمیلہ مسکرا مسکرا کر رحیم داد کو تاجاں کی شادی کی تیاریوں کے بارے میں بتا رہی تھی۔ اس کے چہرے پر مسرت کی ایسی لہریں مچل رہی تھیں جیسے وہ اپنی سگی بیٹی بیاہنے جا رہی ہو۔ اسی اثنا میں قادر کی بیوی آگئی۔ اس کا چھوٹا بھائی سردار بھی ہم راہ تھا۔ وہ گٹھے ہوئے بدن کا مضبوط اور توانا جوان تھا۔ مونچھیں نوکیلی اور گھنی تھیں' چہرہ کسی قدر کرخت تھا۔

جمیلہ نے قادر کی بیوی سے پوچھا۔ "تو لہور ہی سے آرہی ہے ناں؟ کاکو اور صابر اب کیسے ہیں؟"

"اب تو دونوں ٹھیک ہی ہیں۔ صابر کو جلد ہی اسپتال سے چھٹی مل جائے گی۔" قادر کی بیوی نے

جواب دیا اور مڑ کر سردار کی جانب دیکھا۔ "بھین جی! یہ نئی کھبرلایا ہے۔ میں اسی کے بارے میں تجھے بتانے آئی ہوں۔"

جمیلہ نے قادر کی بیوی کو نظر انداز کرتے ہوئے براہ راست سردار سے دریافت کیا۔ "کیا نئی خبر لایا ہے؟ کوئی پریشانی کی گل تو نہیں؟"

"پریشانی ہی کی گل ہے جی!" سردار نے بتایا۔ "عطا محمد اور اس کے ساتھ کے چاروں دوسرے ملزم ضمانت پر چھوٹ گئے ہیں۔"

"ضمانت پر تو انھیں چھونا ہی تھا۔ اس میں پریشانی کی کون سی گل ہوئی؟"

"تیرے لیے یہ پریشانی کی گل ہی نہیں ہے۔" سردار کا لہجہ قدرے تیکھا تھا۔ "تیں نوں تو پتہ ہی ہے' انھوں نے کادو کی آنکھیں نکال لی ہیں۔ یہ معمولی جرم نہیں۔ اس پر تو ان کی ضمانت ہی نہیں ہونی چاہیے تھی۔ عطا محمد کی تو بالکل نہیں ہونی چاہیے تھی۔ مگر پانچوں کی نہ صرف ضمانت ہو گئی بلکہ اتنی پختیتی ہو گئی کہ ان کے حوصلے بہت بڑھ گئے ہیں۔ ہر طرف بڑھکیں مارتے پھر رہے ہیں۔"

"اب کیا کر سکتے ہیں وہ؟" جمیلہ نے دریافت کیا۔

"میں نے سنا ہے جی! وہ کادو اور صابر پر دوبارہ حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ یہی پریشانی کی گل ہے۔"

"ان کی طرف سے ایسا خطرہ ہو تو سکتا ہے۔" رحیم داد نے بھی سردار کے خدشات کی تائید کی۔

"پر کادو اور صابر تو سرکاری اسپتال میں ہیں۔" جمیلہ نے اپنے رد عمل کا اظہار کیا۔ "وہ اسپتال میں گھس کر کیسے حملہ کر سکتے ہیں؟"

"بالکل کر سکتے ہیں۔" سردار نے اپنی بات پر زور دے کر کہا۔ "تیں نوں ان کے بارے میں اندازہ نہیں' وہ کتنے خطرناک ہیں۔ کہتے ہیں' طاہر کے خون کا تو ابھی بدلہ لینا ہے۔ وہ تو کادو اور صابر کا خون کرنے کے بعد ہی پورا ہو گا۔"

"تو اب کیا کرنا ہو گا؟" جمیلہ کے چہرے سے پریشانی جھلکنے لگی۔ "اللہ وسایا بھی موجود نہیں۔ میں کل ہی صبح اس کی طرف کسی نوکر کو بھیج دوں گی۔ وہ اسے سب کچھ بتا دے گا۔ کیوں نہ تم دونوں نوکر کے ساتھ اللہ وسایا کے پاس چلے جاؤ۔ اسے خطرے سے آگاہ کر دو۔"

"زمیں دارنی! تو فکر نہ کر۔" سردار نے اپنے سینے پر ہاتھ مارا۔ "میں اور میرا بھائی ابھی موجود ہیں۔ صابر کا چاچا اکبر بھی ہے۔ اور بھی اپنے شریکے ہیں۔ ڈٹ کر سامنا کریں گے۔ ہم نے بھی چوڑیاں نہیں پہن رکھی ہیں۔ دیکھیں وہ کادو اور صابر پر کیسے حملہ کرتے ہیں۔ اس بار ایک بھی ان

میں سے بچ کر نہیں جائے گا۔"

"یہ تو ٹھیک نہیں ہو گا۔" جمیلہ اور پریشان ہو گئی۔ اس نے جھگڑا ختم کرنے کی غرض سے تجویز پیش کی۔ "پنچایت بھیج کر صلح صفائی نہیں ہو سکتی؟"

"میں نوں پتہ ہے' وہ اس کے لیے تیار نہیں ہوں گے۔ وہ خون خرابہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔" قادر کی بیوی نے خدشہ ظاہر کیا۔

رحیم داد نے جمیلہ کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے کہا۔ "پر کوشش تو کرنی چاہیے۔"

"اس میں برائی کیا ہے؟" جمیلہ بولی۔ "پنچایت تو میں اپنی طرف سے بھیجوں گی۔ تمہاری آن پر کوئی آنچ نہیں آئے گی؟"

"آئے گی تو۔ وہ یہی کہیں گے' کادو اور اس کے شریکے ڈر گئے۔" سردار بولا۔ "پر تیری بات بھی ماننی ہے۔ یہی چاہتی ہے تو کوشش کر کے دیکھ لے۔"

"یہ تو ہوتا رہے گا۔ پر تم کو چوکس رہنا پڑے گا۔" رحیم داد نے سردار کو خبردار کیا۔

"میں اسی لیے تو یہاں آئی ہوں۔" قادر کی بیوی نے کہا۔ "ضمانت کی خبر ملتے ہی میں سردار کے ساتھ لہور سے چل کھڑی ہوئی۔ آج ہی شام تیاری کر کے سب کے ساتھ واپس جانے کا ارادہ ہے۔ تجھے تو بتانے آئے تھے۔ ویسے صابر کے چاچا اور اپنے ویر کو لہور چھوڑ کے آئی ہوں۔"

"اب تو اندھیرا ہو گیا۔ کل سویرے جانا۔" جمیلہ نے کہا۔

"نہیں' بھین جی! ہم نے آج ہی جانا ہے اور ابھی جانا ہے۔" قادر کی بیوی آمادہ نہیں ہوئی۔ "لہور ہم نے چھیتی نال پہنچ جانا چاہیے۔"

رحیم داد نے بھی اس کی تائید کی۔ "زمیں دارنی! انہیں نہ روک' جانے دے۔ تیں نوں پنچایت بھیجنی ہے تو کل یا پرسوں تک بھیج دینا۔"

"نہیں۔" جمیلہ نے کہا۔ "پنچایت تو میں کل سویرے ہی بھیجنے کی کوشش کروں گی۔ اس معاملے میں دیر نہیں ہونی چاہیے۔"

"جیسی تیری مرضی۔" قادر کی بیوی نے کہا۔ "ہم نے اب جانا ہے۔"

جمیلہ اور رحیم داد خاموش رہے۔ قادر کی بیوی اپنے چھوٹے بھائی کے ہم راہ چلی گئی۔ شام کا دھندلکا گہرا ہو گیا تھا۔ جمیلہ بھی زیادہ دیر نہیں ٹھہری۔ وہ حویلی کی جانب روانہ ہو گئی۔ مگر رحیم داد باغ ہی میں بیٹھا رہا۔ اس نے کھانا بھی وہیں کھایا۔ رات گئے وہ مہمان خانے کی چھت پر جا کر سو گیا۔

پچھلے پہر احمد نے رحیم داد کو آہستہ سے جھنجوڑا۔ وہ آنکھیں ملتا ہوا گھبرا کر اٹھ بیٹھا۔ احمد حیران و پریشان سامنے کھڑا تھا۔ رحیم داد نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا۔ "کیہ گل اے حمدے؟"

"گضب ہو گیا جی! وہ مجیداں کو اٹھالے گئے۔"

"مجیداں کو اٹھالے گئے؟" رحیم داد کو یقین نہیں آیا۔

"میں غلط نہیں کہہ رہا ہوں جی۔"

"کب اٹھالے گئے؟ کیسے اٹھالے گئے؟" رحیم داد ہنوز حیرت زدہ تھا۔

"یہ تو جی میں نوں پتہ نہیں' وہ کیسے مجیداں کو اٹھالے گئے۔ مجھے تو تھوڑی ہی دیر پہلے عالم سے معلوم ہوا۔ سیدھا تیرے پاس آرہا ہوں۔"

"زمیں دار نی کو بھی پتہ چلا کہ نہیں؟"

"اے تو جی فوراً ہی پتہ چل گیا تھا۔ وہ کادر کے گھر دیر سے پہنچی ہوئی ہے۔ پورے پنڈ میں ہلچل مچی ہے۔ سبھی کادو کے گھر جمع ہیں۔ یہ تو بہت برا ہوا جی!"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ نیند آنکھوں سے اڑ چکی تھی۔ آسمان کی رنگت بدل رہی تھی۔ رات کی سیاہی دھندلی پڑ چکی تھی۔ مغربی افق پر سرمئی اجالا پھوٹ رہا تھا۔ رحیم داد نے انگڑائی لی اور اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ وہ چھت سے اتر کر نیچے آنگن میں آگیا۔ احمد بھی اس کے ہم راہ تھا۔

دونوں مہمان خانے سے نکلے اور قادر کے گھر کی جانب چلے۔ مگر وہ کچھ ہی دور گئے تھے کہ جمیلہ آتی ہوئی نظر آئی۔ اس کی ساتھ حویلی کے نوکر اور کچھ مزارعے تھے۔ رحیم داد قریب پہنچا تو جمیلہ نے حیرت سے کہا۔

"چوہدری! تو اب تک کہاں تھا؟"

"مجھے تو ذرا ہی دیر پہلے حمدے نے بتایا۔ سیدھا ادھر چلا آیا۔" رحیم داد نے صفائی پیش کی۔ اس کے چہرے سے ندامت جھلک رہی تھی۔ چند لمحے وہ خاموش رہا۔ پھر اس نے دریافت کیا۔ "پر یہ سب کچھ ہوا کیسے؟"

"مجیداں کی بھرجائی بتاتی تھی۔ وہ اونٹوں پر سوار ہو کر آئے تھے۔ اونٹ دیوار سے لگا کر پہلے ایک آنگن میں اترا۔ اس نے دروازہ کھول دیا۔ دوسرے بھی اندر آگئے۔ چار تھے اور سب کاربینوں اور دوسرے ہتھیاروں سے پوری طرح مسلح تھے۔"

"پر مجیداں اور اس کی بھرجائی نے کوئی شور وور بھی نہیں مچایا۔ ایسا ہوتا تو میری آنکھ ضرور کھل جاتی۔ بندوک تو اپنے پاس بھی ہے۔ جھٹ پہنچ جاتا۔ پنڈ کے دوسرے بندے بھی آجاتے۔ آسانی

سے تو وہ مجیداں کو اٹھا کر نہیں لے جاسکتے تھے۔ لگتا ہے انھوں نے ڈرانے دھمکانے کے لیے ہوائی فیر شیر بھی نہیں کیے۔"

"انھوں نے جی! گھر میں گھستے ہی مجیداں اور اس کی بھرجائی کے منہ میں کپڑا ٹھونس دیا تاکہ آواز نہ نکال سکیں۔" ایک بوڑھے مزارعے نے بتایا۔ "بھرجائی کو تو انھوں نے منجی سے باندھ دیا اور مجیداں کو اٹھا کر لے گئے۔ کسی کو پتہ چلتا تو کیسے؟ وہ پوری تیاری کر کے آئے تھے۔" اس نے جمیلہ کی طرف دیکھا۔ "کادو کی نوہ یہی بتاتی تھی ناں؟"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "ان دو کے سوا گھر میں اور کوئی نہیں تھا؟"

"بچے تھے۔" جمیلہ بولی۔ "مجیداں کی ماں تو اپنے بھائیوں اور شریکوں کے ساتھ شام ہی کو لہور چلی گئی تھی۔ تیرے سامنے ہی تو اس نے بتایا تھا۔ گھر میں تو صرف مجیداں اور اس کی بھرجائی تھی۔"

"اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ انھیں پتہ تھا' گھر میں ان دونوں کے سوا کوئی نہیں۔"

"لگتا تو ایسا ہی ہے۔" جمیلہ نے بھی رحیم داد کے خیال سے اتفاق کیا۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "آگے کے لیے تو نے کیا سوچا؟"

"اس بارے میں بات کرنے تیرے پاس آؤں گی۔" جمیلہ حویلی کی طرف مڑ گئی۔ رحیم داد مہمان خانے میں چلا گیا۔ اس نے نہا دھو کر ناشتا کیا اور جمیلہ کا انتظار کرنے لگا مگر وہ نہیں آئی۔ دوپہر ہو گئی۔

دن ڈھلے رحیم داد باغ میں پہنچا تو جمیلہ موجود تھی۔ اسے دیکھتے ہی بولی۔ "معاف کرنا چوہدری! میں تیری طرف آ نہ سکی۔ دن بھر پنڈ والے میرے پاس آتے رہے۔ مرد بھی تھے' زنانیاں بھی تھیں۔ سبھی پریشان ہیں۔ اس پنڈ میں پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا۔"

"زمیں دار کو بھی یہ خبر بھجوادی؟"

"نہیں وہ سنے گا تو پریشان ہو جائے گا۔ مجھے ڈر ہے' واپس نہ آجائے۔ ادھر بھی اسے بہت ضروری کام ہے۔ تیں نوں تو پتہ ہی ہے' وہ کتنا ضروری کام ہے۔"

"تو ٹھیک ہی کہہ رہی ہے۔ پر زمیں دار کو اس بات کا پتہ تو چلنا چاہیے۔ بعد میں وہ برا نہیں منائے گا۔"

"اس کی تو چنتا نہ کر۔" جمیلہ نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "میں اسے سمجھا بجھا دوں گی۔ وہ خاما خا کی اکڑ نہیں دکھاتا' نہ مجھ پر رعب جمانے کی کوشش کرتا ہے۔" وہ زیر لب مسکرائی۔

"مجیداں کے مامے چاچے کو پتہ چلے گا تو غصے سے پاگل ہو جائیں گے۔ یہ ان کی عزت اور آن کا معاملہ ہے۔ وہ پہلے ہی جوش میں تھے' اب تو ان کے آگ ہی لگ جائے گی۔" رحیم داد نے اپنے خدشات کا اظہار کیا۔ "وہ مجیداں کو واپس لانے کی ضرور کوشش کریں گے۔"

"مجیداں کو واپس لانا اب آسان نہیں رہا۔"

"یہ تو مجھے بھی اندازہ ہے۔ پر مجیداں کے گھر والے اور شریکے چپ کر کے تو نہیں بیٹھیں گے۔ کسی نہ کسی طور ضرور بدلہ لینے کی کوشش کریں گے۔ پہلے اتنا خون خرابہ نہیں ہوا' جتنا اس دفعہ ہو گا۔ دونوں ہی پارٹیاں ایک دوسرے کو ختم کرنے کے لیے تیار ہیں۔"

"سویرے سے اب تک میں اسی بارے میں سوچتی رہی۔"

"تو نے کوئی فیصلہ بھی نہیں کیا؟ مجھے تو ایسا ہی لگتا ہے۔ زمیں دار کو بھی کچھ بتانا نہیں چاہتی اور خود بھی کچھ کرنا نہیں چاہتی۔ اب بنے گا کیا؟"

"ایک ہی گل سمجھ آتی ہے۔"

"وہ کیا ہے؟" رحیم داد نے مضطرب ہو کر دریافت کیا۔

"طاہر کے پیؤ عطا محمد کے پاس پنچایت بھیجی جائے۔"

"تو سمجھتی ہے وہ پنچایت کی بات مان لے گا؟" رحیم داد نے اپنے شک و شبہ کا اظہار کیا۔ "اب تو مشکل ہی لگتا ہے' مجیداں جوان کے پاس پہنچ گئی۔ وہ اسے ہرگز واپس نہیں کریں گے۔ سارا جھگڑا تو اسی کا ہے۔"

"میں خود پنچایت لے کر جاؤں گی۔ تو بھی میرے ساتھ چلنا۔"

"زمیں دارنی تو پنچایت لے کر کیسے جا سکتی ہے۔" رحیم داد کا لہجہ قدرے تیکھا تھا۔ "وہ مزارعے ہیں۔ تیرے نہ سہی کسی اور کے تو ہیں۔ سمجھے تو مزارعے ہی جائیں گے۔ اور تو ٹھیری زمین دارنی۔ تیرا جانا بالکل ٹھیک نہیں۔ یہ بات تو اپنے دل سے نکال دے۔"

"تجھے زمیں داری کی ایسی ہی شان ہے تو نہ جا' پر میں تو جاؤں گی۔"

"یہ شان اور گھمنڈ کی گل نہیں۔ پر عزت کا بھی تو کچھ خیال رکھنا پڑتا ہے۔ ایسا نہ ہو تو مزارعے اور زمیں دار میں فرک ہی کیا رہا۔"

"تیرا مطلب ہے' عزت اور مان کے کارن میں چپ کر کے خون خرابہ ہوتے دیکھتی رہوں۔" جمیلہ نے رحیم داد کی دلیل سختی سے مسترد کر دی۔ "میں چلی جاؤں گی تو ہو سکتا ہے' عطا محمد اور اس کے شریکے صلح صفائی پر راضی ہو جائیں اور مجیداں کو واپس بھیج دیں۔ میں انھیں سمجھانے بجھانے

کی کوشش کروں گی۔ میں نے سنا ہے' عطا محمد کا پیؤ بہت نیک بندہ ہے۔ کلانور خاں موضع ہے۔ اس کے سارے ہی مزارعے اور زمیں دار عطا محمد کے پیؤ کی بہت عزت کرتے ہیں۔ وہ میری بات ضرور مان لے گا۔"

"اور جو تیری پنچایت کی بات نہ مانی گئی تو؟"

"تو کیا ہو گا؟ آگے کی آگے دیکھی جائے گی۔ کوشش تو کر کے دیکھ ہی لینا چاہیے۔" جمیلہ بے نیازی سے بولی۔ "میری عزت اور آن ایسے نہیں جاتی۔ تیں نوں کیہ۔ پتہ' میں نے عزت اور لاج کو برباد ہوتے کیسے کیسے دیکھا ہے۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "چوہدری! یہ عزت اور شان کا بھی عجب چکر دیکھا۔ جب سے یہ سب کچھ دیکھا ہے' میرا تو عزت اور آن پر سے وشواس ہی اٹھ گیا۔"

"تیری یہی مرضی ہے تو میں کیا کہہ سکتا ہوں۔" رحیم داد نے جمیلہ کے عزم کے سامنے ہتھیار ڈال دیے۔ "یہ بتا' کب تک پنچایت لے جانے کا ارادہ ہے؟"

"یہ کام تو چھیتی نال ہونا چاہیے۔ کل سویرے ہی چلیں گے۔ روانگی سے پہلے کسی بندے کو بھیج کر عطا محمد کو اطلاع کرا دیں گے۔" جمیلہ نے اپنا پروگرام بتایا۔ "اور ہاں' تو نے اپنے جانے کے بارے میں کیا سوچا؟"

"جب تو جا رہی ہے تو میں بھی تیرے ساتھ چلا جاؤں گا۔" رحیم داد نے اظہار رضامندی کیا۔ یہ فیصلہ کرنے کے بعد جمیلہ نے رحیم داد کے ساتھ ہی باغ میں کھانا کھایا۔

کھانے سے فارغ ہو کر جمیلہ نے گاؤں کے ان بڑے بوڑھوں کو بلایا' جنہیں پنچایت میں شریک کر کے اپنے ہم را موضع کلانور خاں لے جانا چاہتی تھی۔ وہ ان کے ساتھ رات گئے تک صلاح مشورہ کرتی رہی۔

سویرے سویرے اس نے اپنے ایک ملازم کو عطا محمد کے پاس بھیج دیا تاکہ وہ پنچایت کی آمد سے اسے مطلع کر دے۔ دن چڑھے اس نے تین تانگے بلوائے۔ سب اس میں سوار ہوئے۔ پنچایت اپنی منزل کی جانب روانہ ہو گئی۔ کلانور خاں لگ بھگ نو میل تھا۔

جمیلہ کی سربراہی میں پنچایت جب عطا محمد کے گاؤں میں داخل ہوئی تو سورج آسمان کے بیچوں بیچ پہنچ چکا تھا۔ گرمی شباب پر تھی' البتہ لو نہیں چل رہی تھی۔ حبس اور امس سے سب پسینے میں شرابور تھے۔

تانگے گاؤں کے گلی کوچوں سے گزرتے ہوئے عطا محمد کے گھر پہنچے۔ جمیلہ نے دیکھا' گھر کے

سامنے ایک درخت کے نیچے گاؤں کے کچھ بوڑھے اور جوان جمع ہیں۔ ان میں عطا محمد بھی شامل تھا۔ سب خاموش تھے۔ ان کے چہروں پر افسردگی تھی' سنجیدگی تھی۔ ایک کانسٹیبل بھی موجود تھا۔ اسے دیکھ کر رحیم داد پریشان اور خوف زدہ ہو گیا۔

جمیلہ تانگے سے نیچے اتری۔ رحیم داد اور دوسرے لوگ بھی اترے۔ عطا محمد نے جمیلہ کی جانب نظریں اٹھا کر دیکھا' آہستہ آہستہ چلتا ہوا قریب آیا۔ سر جھکا کر بجھے ہوئے لہجے میں گویا ہوا۔ "زمیں دارنی! تو جسے لینے آئی تھی' اس نے تیرا انتظار بھی نہیں کیا۔ وہ چلی گئی۔"

جمیلہ نے حیران و پریشان ہو کر پوچھا۔ "تیرا مطلب مجیداں سے ہے؟ وہ کہاں چلی گئی؟ کس کے پاس چلی گئی؟"

ایک بوڑھے نے اپنی لمبی سفید ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بتایا۔ "وہ اپنے رب کے پاس چلی گئی۔ جس کی امانت تھی' اسی کے پاس پہنچ گئی۔ ایک دن سب کو وہیں جانا ہے۔" وہ کلانور خاں کی مسجد کا ملا تھا۔

جمیلہ اور زیادہ پریشان ہو گئی۔ اس نے عطا محمد سے پوچھا۔ "کیا یہ سچ ہے؟" اس نے قدرے تامل کیا۔ "لگتا ہے' تو نے اس کا خون کر دیا۔ طاہر کا بدلہ مجیداں سے لے کر تو نے ٹھیک نہیں کیا۔ وہ تو پہلے ہی بہت دکھی تھی۔ وہ ابھاگن تو خود اپنی آگ میں اندر ہی اندر سلگ رہی تھی۔" اس کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ "کہاں ہے وہ؟ کدھر ہے اس کی لاش؟"

"اندر منجی پر پڑی ہے۔" عطا محمد دل گرفتہ ہو کر بولا۔ "زمیں دارنی! تو بھی پولیس کی طرح مجھ پر شبہ کر رہی ہے؟ میں نے اس کا خون نہیں کیا۔ اس نے رات کو اپنے کپڑوں پر لالٹین سے تیل چھڑک کر آگ لگالی اور جل کر مر گئی۔ اس کا کسی نے خون نہیں کیا۔ جا اندر جا کر دیکھ لے۔"

جمیلہ کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو ٹپکنے لگے۔ وہ گھر کے اندر چلی گئی۔ آنگن کے ایک طرف چھپر کے نیچے چارپائی پر سیاہ چادر بچھی تھی۔ اس کے نیچے مجیداں کی لاش تھی۔ چارپائی کے قریب چٹائی پر دو بوڑھی عورتیں سر جھکائے خاموش بیٹھی تھیں۔ ہر طرف جلے ہوئے گوشت کی بو پھیلی تھی۔ جمیلہ آگے بڑھی اور چارپائی کے سرہانے کھڑے ہو کر پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی۔

☆

آسمان دھواں دھواں تھا۔ فضا نڈھال اور بوجھل تھی۔ باغ میں جمیلہ خاموش بیٹھی تھی۔ رحیم داد بھی موجود تھا۔ جمیلہ کا شگفتہ اور حسین چہرہ مرجھایا ہوا تھا۔ وہ دیر تک نظریں جھکائے کچھ سوچتی رہی پھر اس نے گردن اونچی کر کے رحیم داد کو دیکھا اور بجھے ہوئے لہجے میں بولی۔

"چوہدری! سمجھ نہیں آتی' اللہ وسایا اب تک کیوں نہیں لوٹا؟ اسے گئے ہوئے دس بارہ روز ہو گئے۔"

"کام میں پھنسا ہو گا۔ الاٹمنٹ کرانی آسان نہیں۔ لما چکر ہوتا ہے۔"

"پر اس نے کوئی اطلاع نہیں بھیجی؟ پہلے تو اس نے کبھی ایسا نہیں کیا۔" جمیلہ کے چہرے پر غم کا ہلکا ہلکا سایہ پھیلنے لگا۔ "سویرے سے جانے کیوں میرا من بے کل ہے۔ بار بار رونے کو جی چاہتا ہے۔"

"زمیں دارنی! تو بہت جلد گھبرا جاتی ہے۔ پریشان نہ ہو' وہ دو چار دن میں آجائے گا۔" رحیم داد بے تکلفی سے مسکرایا۔ "لگتا ہے' تجھے اللہ وسایا سے بہت پیار ہے۔"

"ہے تو۔" جمیلہ نے سر دوپٹے کے آنچل سے ڈھانکا اور شرما کر نگاہیں نیچی کر لیں۔ "وہ میرے بچوں کا پیو ہے۔ اٹھ سال سے میرا اس کا ساتھ ہے۔ مجھے ذرا نراش دیکھتا ہے تو گھبرا جاتا ہے۔ پوچھتا ہے' جمی لے! تجھے کیا ہو گیا؟ تو اتنی پریشان کیوں ہے؟ جب وہ میرے لیے اتنا بے کل ہو جاتا ہے تو میں اس کے لیے کیوں نہ چنتا کروں؟ چوہدری' تالی تو دونوں ہاتھ سے بجتی ہے نا۔"

"یہ تو ٹھیک ہے پر تجھے خاماخا اتنا پریشان نہیں ہونا چاہیے۔ چند روز انتظار کر لے۔ وہ واپس آتا ہی ہو گا۔ حوصلے سے کام لے۔"

"میں اس کا کل تک اور انتظار کروں گی۔" جمیلہ نے اپنا عندیہ بتایا۔ "اگر وہ چراغ جلے تک نہ پلٹا تو میں شام کو حویلی سٹیشن چلی جاؤں گی۔ یہاں سے حویلی سٹیشن نزدیک ہی ہے۔ دونوں بچوں اور ایک نوکر کو ساتھ لیتی جاؤں گی۔ رات کی ٹرین سے کھور کے رستے رائے ونڈ ہوتی ہوئی لہور پہنچ جاؤں گی۔"

"تیں نوں پتہ ہے' وہ لہور ہی میں ہے؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔ "وہ ملتان میں بھی ہو سکتا ہے۔"

"مجیداں کا ماما' سردار پرسوں آیا تھا۔ بتاتا تھا' اللہ وسایا کو اس نے لہور میں دیکھا تھا۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ جمیلہ کھڑی ہوئی' آگے بڑھی اور جھٹ پٹے میں درختوں کے نیچے اوجھل ہو گئی۔ وہ بڑی بے قرار نظر آرہی تھی۔ اسے اس طرح پریشان دیکھ کر رحیم داد کو بھی اللہ وسایا کے بارے میں تشویش ہوئی۔

دوسرے روز سہ پہر کو رحیم داد ٹہلتا ہوا کھیتوں کی جانب چلا گیا۔ کماد اور کپاس کے پودے ہاتھ بھر اونچے ہو گئے تھے۔ ان کے پتوں سے خاک کے ذرے چمٹے ہوئے تھے۔ مکئی کے پودوں پر ہل

چلا کر ڈھیل توڑے جا رہے تھے تاکہ زیادہ شاخیں پھوٹیں اور زیادہ سٹے لگیں۔ جیٹھ کا مہینہ ختم ہو رہا تھا۔ چلچلاتی گرمی کا زور ٹوٹ رہا تھا۔ فضا ہنوز غبار آلود تھی۔ سانس لیتے ہوئے گھٹن محسوس ہوتی۔ دھوپ میلی اور مٹیالی تھی۔ سائے طویل ہوتے جا رہے تھے۔

رحیم داد باغ میں پہنچا۔ جمیلہ پہلے سے وہاں تھی۔ موسم گرما کی سلگتی شام کے دھندلکے میں جمیلہ کا چہرہ مٹیالے آسمان کے مانند اجڑا اجڑا لگ رہا تھا۔ وہ اس کے قریب ہی کرسی پر بیٹھ گیا۔ کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد جمیلہ نے بتایا کہ وہ گھنٹے سوا گھنٹے میں لاہور روانہ ہو جائے گی۔ اتنا بتا کر وہ پھر چپ ہو گئی۔

رحیم داد گم صم بیٹھا رہا۔ شام دھیرے دھیرے نیچے اتر رہی تھی۔ سناٹا بڑھتا جا رہا تھا۔ یکایک قریب بیٹھے ہوئے نوکروں میں سے ایک کی آواز ابھری۔

"لو جی' زمیں دار تو آگیا۔"

جمیلہ بے چین ہو کر کھڑی ہو گئی۔ ذرا دیر بعد اللہ وسایا درختوں کے ایک جھنڈ سے نکل کر سامنے آگیا۔ جمیلہ نے اسے دیکھا تو جہاں تھی' وہیں کھڑی رہ گئی۔ اللہ وسایا آہستہ آہستہ نزدیک آگیا۔ وہ بہت تھکا ہوا نظر آرہا تھا۔ چہرہ اور کپڑے خاک سے اٹے ہوئے تھے۔ جمیلہ کو دیکھ کر وہ مسکرایا۔

"مجھے پتہ تھا' تو ادھر ہی ہوگی۔ سامان نوکروں کے حوالے کیا اور سیدھا تیرے پاس چلا آیا۔" جمیلہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔ بت بنی کھڑی رہی۔

اللہ وسایا نے اس کا سنجیدہ اور سپاٹ چہرہ دیکھا اور بے تکلفی سے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "کیا بات ہے جی لے! بہت ناراض لگ رہی ہے۔" اس کے لہجے میں پیار کی مٹھاس تھی۔ وہ کرسی پر بیٹھ گیا۔

"تجھے میری ناراضی کی کیوں چنتا ہونے لگی۔" وہ کرسی پر بیٹھتے ہوئے تیکھے لہجے میں بولی۔ "توں' تو لاہور میں عیش کر رہا تھا۔"

"لے چوہدری' اس کی گل سن۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "کہتی ہے' میں لاہور میں عیش کر رہا تھا۔ یہ تو پوچھا نہیں' میں اتنے دنوں کیسے کیسے چکروں میں پھنسا رہا۔"

"تو نے بتایا تھا؟" جمیلہ نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر ترچھی نگاہوں سے اللہ وسایا کو دیکھا۔

"کسی نوکر ہی کو بھیج کر اپنی خیر خبر بھجوا دیتا۔ میں نے تو تیرے پاس پہلے ہی ایک نوکر اور بھجوا دیا تھا۔"

"ہاں جی' اپنے سے یہ غلطی ہو گئی۔" اس نے آہستہ آہستہ سرہلا کر نہایت معصومیت سے اعتراف کیا۔ "لے اب کھہ تھوک دے۔ لسی شربت پلا' سخت پیاس لگی ہے۔"

جمیلہ نے سامنے کھڑے ہوئے ایک ملازم کو لسی لانے کی ہدایت کی اور اللہ وسایا سے پوچھا۔

"یہ تو بتا' جس کام سے تو لہور گیا تھا' اس کا کیا بنا؟"

اللہ وسایا نے ہنس کر جواب دیا۔ "فکر نہ کر۔ تیں نوں خوش خبری ہی سناؤں گا۔"

جمیلہ نے کرسی کھسکا کر اللہ وسایا کے قریب کر لی۔ "کیا خوش خبری سنانا چاہتا ہے؟"

"سارا ہی کام ٹھیک ٹھاک ہو گیا۔"

"کیا کیا ہو گیا؟" جمیلہ نے بے چین ہو کر دریافت کیا۔

"چوہدری کے نام حویلی اور اڑھائی سو ایکڑ زمین کی الاٹمنٹ ہو گئی۔ خریدے ہوئے کلیم کی بنیاد پر اپنی ۱۲ مربع زمین کی بھی تیرے نام الاٹمنٹ ہو گئی۔" اللہ وسایا نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "لے بھئی چوہدری تجھے حویلی اور دس مربع زمین کی الاٹمنٹ مبارک ہو۔"

"میرا کیا ہے اللہ وسایا! سب تیرا ہی ہے۔ تیری ہی کوششوں سے اور تیرے ہی خرچے سے سب کچھ ہوا ہے۔" رحیم داد نے فراخ دلی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا۔ "اب یہ میرا تیرا چھوڑ۔ مجھے تیری یہ گل چنگی نہیں لگی۔ آگے ایسی گل نہ سوچنا۔ مجھے دکھ ہو گا۔"

"تو برا مناتا ہے تو نہیں کہوں گا۔" اللہ وسایا نے بے نیازی سے قہقہہ لگایا۔ "پر یہ ضرور سن لے' احسان شاہ تڑپ کر رہ گیا۔ اس کے تو جیسے آگ ہی لگ گئی۔ وہ بھی لہور پہنچا ہوا تھا۔ بہت بڑھکیں مار رہا تھا۔ اس نے تو اپنے تئیں حویلی اور زمین کو اپنی ہی ملکیت سمجھ لیا تھا۔ پر ہائی کورٹ کے حکم امتناعی نے اس کا سارا کھیل بگاڑ دیا۔ ویسے جی اپنا وکیل بھی بہت زوردار ہے۔ اس نے ادھر حکم امتناعی لیا اور دوسری طرف فٹافٹ الاٹمنٹ کی درخواست بھی لگا دی۔ کہنہ تو اپنا تھا ہی' اس نے بہت کام کیا۔ احسان شاہ نے بہت زور لگایا' الاٹمنٹ نہ ہو پر اس کی ایک نہ چلی۔" اللہ وسایا نے مڑ کر جمیلہ کو دیکھا' محبت سے اس کی آنکھوں میں جھانک کر بولا۔ "اب تو تیں نوں پتہ چل گیا۔ اتنی دیر کیوں ہوئی؟ الاٹمنٹ کے چکر میں دن رات پھنسا رہا' اتنا بھی ہوش نہ رہا کہ اپنی خیر خبر بھجوا دیتا۔ ویسے یہ بات بھی تھی' میں الاٹمنٹ ملنے کی خوش خبری تجھے خود سنانا چاہتا تھا۔ تو سن کر خوش تو ہو جاتی پر یہ مزا نہ آتا جو اب آرہا ہے۔"

"تجھے کیا پتہ' تیرا انتظار کرتے کرتے میں کتنی بے کل رہی۔ ہر سے تیرا دھیان رہتا۔ بار بار من گھبراتا۔ رات کو سوتے سوتے گھبرا کر اٹھ بیٹھتی۔ پر تو یہ باتیں کیوں سوچنے لگا۔" جمیلہ نے گلہ کیا۔ "میں تو آج ہی شام بچوں کے ساتھ تیرے پاس لہور پہنچنے والی تھی۔ چوہدری سے پوچھ لے۔ اسے سب پتہ ہے۔ ساری تیاری کر لی تھی۔" وہ گردن کو خم دے کر ایک خاص ادا سے مسکرائی۔ "اللہ

وسایا! تو نے اس بار مجھے بہت تنگ کیا۔"

"روئی تو نہیں تھی؟" اللہ وسایا نے ہنس کر پوچھا۔

"روئی بھی تھی پر مجیداں کے لیے۔" جمیلہ کے چہرے پر افسردگی چھا گئی۔ اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "تجھے تو پتہ چل گیا ہوگا۔ اس نے کپڑوں میں آگ لگا کر خوش کشی کرلی۔"

"مجھے تو یہ بھی ملوم ہوگیا کہ پولیس نے مجیداں کی موت پر عطا محمد اور اس کے بھائی کو قتل کے الزام میں گرفتار کرلیا تھا۔ مجھے الاٹمنٹوں کے چکر سے جب بھی فرصت ملتی' کادو اور صابر کو دیکھنے اسپتال چلا جاتا۔ وہیں مجھے مجیداں کے چاچا' اکبر نے یہ خبر دی۔ میں تو پنڈ واپس آنا چاہتا تھا پر ان دنوں روز ہی پیشی لگ رہی تھی۔ حاضر نہ ہوتا تو کام بگڑنے کا ڈر تھا۔ احسان شاہ ضرور گڑبڑ پیدا کرنے کی کوشش کرتا۔"

"فیر تو ٹھیک ہی ہوا' جو تو نہیں آیا۔ تجھے دکھ ہی ہوتا۔" جمیلہ کی آواز بھرا گئی۔ "پوسٹ مارٹم کے بعد لاش پنڈ میں آئی تو سبھی رو پڑے۔ سنا ہے' جب اسے قبر میں اتارا گیا تو کرام مچ گیا۔ ہائے' کیسی ابھاگن تھی مجیداں۔" اس نے دوپٹے کے پلو سے آنکھوں میں چھلکتے ہوئے آنسو پونچھے۔ "اس کا جیون تو دکھ جھیلتے ہی کٹا۔ کیسا کیسا اس پر اپرادھ ہوا۔ زندہ رہنے کو اس کے پاس رہ ہی کیا گیا تھا۔ سب کچھ تو ملیا میٹ ہوگیا تھا۔"

"بہت ظلم ہوا جی اس کے ساتھ۔" رحیم داد نے جمیلہ کی تائید کی۔

"ویسے مر کر اس کی مکتی ہوگئی۔ سارا جھگڑا تو اسی کے کارن تھا۔" جمیلہ نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔

"وہ تو جان سے گئی پر جھگڑا تو جہاں تھا' ابھی تک وہیں ہے۔" اللہ وسایا نے کہا۔

"اب تو اسے ختم ہو جانا چاہیے۔" جمیلہ نے مشورہ دیا۔ "اللہ وسایا! جھگڑا چکانے کے لیے صلح صفائی کرادے۔ جھگڑا ختم نہ ہوا تو آگے نہ جانے کتنے اور خون ہوں گے۔"

"یہ تو پنچایت لے کر مجیداں کو واپس لانے کے لیے طاہر کے پیو کے پاس گئی بھی تھی۔" رحیم داد نے اللہ وسایا کو مطلع کیا۔

"کیا بنا پنچایت کا؟" اللہ وسایا نے دریافت کیا۔

"بننا کیا تھا۔ جسے لینے گئی تھی وہی نہ رہی۔ پر جھگڑا ختم کرنے کے لیے تیں نوں کچھ نہ کچھ کرنا ہی ہوگا۔"

"تو کہتی ہے تو ضرور کوشش کروں گا۔" اللہ وسایا نے جمیلہ کو اطمینان دلایا۔

"کادو اور صابر کا کیا حال ہے؟" جمیلہ نے پوچھا۔

"صابر کو تو اسپتال سے چھٹی مل گئی۔ میرے ساتھ ہی واپس آیا ہے۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "کادو ابھی کچھ دن اسپتال ہی میں رہے گا۔ اس کی گھر والی اور چھوٹا بھائی دیکھ بھال کے لیے لہور ہی میں ہیں۔"

نوکر لسی لے کر آگیا۔ اللہ وسایا نے گلاس ہونٹوں سے لگایا اور خالی کردیا۔ نوکر گلاس اٹھا کر چلا گیا۔ جمیلہ نے کہا۔ "اللہ وسایا! اب تو نہالے۔ دیکھ تو تیرے بدن اور کپڑوں پر کتنی گرد جمی ہے۔"

وہ خاموشی سے اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ جمیلہ بھی کھڑی ہوگئی۔

دونوں حویلی کی جانب روانہ ہوگئے۔ رحیم داد بیٹھا رہا۔ اندھیرا بڑھ گیا۔ نوکروں نے لیمپ جلا کر اسٹول پر رکھ دیا۔

اللہ وسایا نہا دھو کر اجلے کپڑے پہنے ہوئے جمیلہ اور دونوں بچوں کے ہم راہ واپس آگیا۔ اس کے پہنچتے ہی کھانا چن دیا گیا۔ سب نے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھایا۔ اللہ وسایا کھانے کے بعد زیادہ دیر نہیں ٹھہرا۔ وہ بہت تھکا ہوا تھا' جلد ہی سونے چلا گیا۔

چند روز بعد اللہ وسایا نے مقدمہ جیتنے کی خوشی میں جشن منایا۔ حویلی کے سامنے کھلے میدان میں چھڑکاؤ کیا گیا۔ شام ہوتے ہی گیس بتیاں روشن کی گئیں' دیگیں چڑھیں' طرح طرح کے پکوان پکے۔ گاؤں کے تمام مزارعوں اور کمیوں نے کھانا کھایا۔ رحیم داد محفل میں اللہ وسایا کے ساتھ ہی بیٹھا تھا۔ اس روز وہ اجلے کپڑے پہنے ہوئے تھا۔ سر پر اونچے طرے کی پگ تھی جو اللہ وسایا اس کے لیے خاص طور پر لاہور سے لایا تھا۔ اللہ وسایا نے رحیم داد کا ایک ایک مزارعے اور کمی سے تعارف کرایا۔ انھیں صاف صاف بتایا کہ حویلی اور گاؤں کی زیر کاشت ڈھائی سو ایکڑ زمین رحیم داد کے نام الاٹ ہو چکی ہے۔ اب وہ گاؤں کا دوسرا زمیں دار بن گیا ہے۔

مگر رحیم داد نے بھی فراخ دلی کا مظاہرہ کیا۔ اس نے ہر ایک سے یہی کہا کہ اللہ وسایا اس کے بھائی کی مانند ہے۔ پہلے کی طرح سب کچھ اسی کا ہے اور وہی پورے گاؤں کا زمیں دار ہے۔ اس نے ہاتھ اٹھا کر اونچی آواز سے اعلان کیا۔ "گل ایسہ ہے جی! اللہ وسایا کی کوششوں ہی سے میرے نام الاٹمنٹ ہوئی ہے۔ زمیں داری اسی نے چلانی ہے اور وہی چلائے گا۔" اس نے اپنی پگ اتاری اور اللہ وسایا کے سر پر رکھ دی اور اس کی پگ اپنے سر پر رکھ لی۔ سب نے خوش ہو کر قہقہے لگائے۔

پہر رات گزری تو نوجوانوں نے لڈی ناچ شروع کیا۔ ڈھولیوں نے جھوم جھوم کر ڈھونکوں پر چوٹ لگائی۔ رقص کرنے والے نوجوان باری باری پاؤں اوپر اٹھاتے' بانہیں سر کی سیدھ میں

لہراتے آگے بڑھتے۔ انھوں نے ڈھولیوں کے گرد حلقہ بنالیا اور ایک ایڑی کے بل بیٹھ کر دائرے میں رقص کرنے لگے۔ وہ چٹکیاں بجاتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ سر سے اوپر اٹھاتے۔ کبھی سینے کے سامنے اور کبھی گھٹنوں کے قریب لاکر ہاتھوں کی جنبش کے ساتھ ساتھ جسم کو اس طرح حرکت دیتے کہ کمر اور کولھوں کے ساتھ ساتھ ایک ایک عضو لچکتا اور لہراتا نظر آتا۔ رقص رفتہ رفتہ تیز ہوتا گیا۔ ڈھولیوں نے گردنیں جھٹک جھٹک کر ڈھولکوں پر تیزی سے چوٹ لگانا شروع کردی۔ رقص تیز' اور تیز ہوتا گیا۔ اور جب شباب پر پہنچا تو سرخوشی کے عالم میں ناچنے والوں کے منہ سے اونچے سروں میں گیت کے بول نکل نکل کر فضا میں گونجنے لگے۔ وہ اونچی آواز میں الاپتے۔

ہو' ہو' علی علی' لڈھی گھم منڈی

آدھی رات تک رقص و موسیقی کا سلسلہ جاری رہا۔ رقص کرنے والے اور ڈھولی پسینے میں شرابور ہوگئے۔ رقص ختم ہوا تو ستاروں کے کنول روشن ہوچکے تھے۔ ہوا گنگنا رہی تھی۔ رات نشے سے مدہوش تھی۔

۱۰

رحیم داد بھی اب بڑے زمیں داروں کی طرح اونچے طرے کی پگ سر پر رکھ کر باہر نکلتا۔ مگر اس کا بیشتر وقت مہمان خانے میں گزرتا۔ البتہ وہ اکثر گھوڑی پر سوار ہوکر دن ڈھلے اللہ وسایا کے ہم راہ نہر کی طرف چلا جاتا۔ نہر گاؤں سے زیادہ دور نہیں تھی۔ دونوں گھوڑیاں آہستہ آہستہ دوڑاتے ہوئے نہر کے کنارے کنارے دور تک چلے جاتے' باغ میں واپس آتے اور عام طور پر وہیں ساتھ بیٹھ کر رات کا کھانا کھاتے۔ جمیلہ اور اس کے دونوں بچے بھی کھانے میں شریک ہوتے۔

اساڑھ کا مہینہ لگ چکا تھا۔ لیکن گرمی کم نہیں ہوئی تھی۔ موسم میں صرف اس قدر تبدیلی ہوئی تھی کہ لو کے جھکڑوں کا زور ٹوٹ گیا تھا۔ ہوا ٹھہری ہوئی ہوتی تو حبس بڑھ جاتا۔ آسمان پر سفید سفید بادلوں کے لکّے بگلوں کی ڈار کی مانند منڈلاتے۔ کبھی کبھار بادل سرمئی غبار بن کر چھاجاتے۔ مگر بارش نہیں ہوئی۔

ایک روز سخت گرمی اور حبس کے بعد شام کو بارش کا پہلا چھینٹا پڑا۔ گرد و غبار بیٹھ گیا۔ فضا نکھر کر اجلی ہوگئی۔ ہوا خوش گوار اور بھیگی ہوئی تھی۔ زمین سے سوندھی سوندھی خوشبو اٹھتی تھی۔ دن ڈھلے اللہ وسایا اپنے دونوں بچوں اور جمیلہ کے ہم راہ ٹہلتا ہوا نہر کی طرف پیدل ہی چلا گیا۔ رحیم داد باغ میں تنہا بیٹھا تھا۔ شام سہانی اور فرحت افزا تھی۔ رحیم داد نے آنکھیں بند کیں اور سر کرسی کی پشت سے ٹکا دیا۔ اس نے دونوں ٹانگیں سامنے رکھی ہوئی میز پر پھیلا دیں اور موسم کی شگفتگی سے لطف اٹھانے لگا۔ یکایک اسے محسوس ہوا کہ کسی نے اس کے پیروں پر ہاتھ رکھا اور ہولے ہولے دبانے لگا۔ رحیم داد نے جھٹ آنکھیں کھول دیں۔ اس کے پیروں میں ماکھا بیٹھا تھا۔

رحیم داد نے تیکھے لہجے میں پوچھا۔ "تو فیر آگیا؟"

"فیر کس کے پاس جاؤں جی۔" اس نے رحیم داد کے پیر دباتے ہوئے عاجزی سے کہا۔ "پیا ساتو جی دوڑ کر کھوئی پر ہی جاتا ہے۔"

"میں کتنی بار تجھے کہہ چکا ہوں' اللہ وسایا تیرے لیے کچھ نہیں کر سکتا۔" رحیم داد نے بیزاری سے کہا۔

"میں نوں پتہ ہے' وہ کچھ نہیں کرے گا۔ پر چوہدری! اب تو میرا کام توں بھی کر سکتا ہے۔" ماکھا مسکین سی شکل بنا کر بولا۔ "اب توں بھی وڈا زمیں دار بن گیا ہے۔ توں چاہے تو میرا بازو شاہ جی سے واپس دلا سکتا ہے۔ شاہ جی تیری گل ضرور مان لے گا۔"

"میری گل وہ کیسے مان سکتا ہے۔ تیں نوں پتہ ہے اللہ وسایا کی احسان شاہ سے لگتی ہے۔" رحیم داد نے ماکھا سے پیچھا چھڑانے کی کوشش کی۔

ماکھا گڑگڑا کر بولا۔ "شاہ جی کی اللہ وسایا سے لگتی ہے پر تجھ سے تو نہیں لگتی۔ سچ جان' وہ بہت خوش ہے کہ اللہ وسایا اب اس پنڈ کا زمیں دار نہیں رہا اور تو وڈا زمیں دار بن گیا ہے' حویلی بھی اب تیری ہی ہے۔ اللہ وسایا کے پاس تو خالی پٹی رہ گئی۔ سب کچھ تیرا ہی ہے۔"

رحیم داد نے اسے تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "تیں نوں کیسے پتہ چلا' احسان شاہ اس طرح سوچتا ہے؟ وہ اللہ وسایا کا دشمن ہے تو میرا بھی ہے۔"

"چوہدری! تیں نوں کچھ پتہ نہیں۔" ماکھا مسکرا کر بولا۔ "اللہ وسایا سے تو شاہ جی اس لیے خار کھاتا ہے' وہ مزارعے سے وڈا زمیں دار بن گیا۔ اس کے برابر پہنچ گیا۔ اسے تو اللہ وسایا سے خار کھانا ہی چاہیے۔ تجھے تو وہ خاندانی زمیں دار بتاتا ہے۔ رب سونہہ' میں نے اپنے کانوں سے سنا' شاہ جی کہہ رہا تھا' چلو جی' یہ بھی ٹھیک ہی ہوا۔ پتہ چلا ہے' چوہدری ویسے جات کا ہے تو جاٹ پر خاندانی زمیں دار ہے۔ اللہ وسایا کی طرح مزارع یا جانگلی نہیں رہا۔"

"وہ میرے بارے میں کچھ ہی کہے' میں اس کے پاس نہیں جا سکتا۔ اللہ وسایا یہ بات پسند نہیں کرے گا اور میں اسے ناراض نہیں کر سکتا۔"

"چوہدری! میرے لیے ایک بار چپکے سے شاہ جی سے مل لے۔" اس نے رحیم داد کے پیر ایک بار پھر پکڑ لیے۔ "اللہ وسایا کو پتہ ہی نہیں چلے گا۔ شاہ جی تیری گل مان لے گا۔ میرا بازو مجھے مل جائے گا۔ پنج سال ہو گئے اسے دیکھے ہوئے۔" اس نے آسمان کی سمت نظریں اٹھا کر ٹھنڈی سانس بھری۔ "جب سے وہ گئی ہے' میرا گھر بار بالکل تباہ ہو گیا۔"

رحیم داد نے اپنے دونوں پیر سمیٹ لیے اور بے رخی سے بولا۔ "صاف صاف سن لے۔ احسان شاہ اگر اللہ وسایا سے خار کھاتا ہے تو وہ میرا بھی دشمن ہے۔ میں اس کے پاس ہرگز نہیں جاؤں گا۔ تو کوئی اور رستہ ڈھونڈ۔ میں تیرے لیے کچھ نہیں کر سکتا۔" رحیم داد کے چہرے پر جھنجلاہٹ چھا گئی۔ "اور دیکھ' آگے بھی تو میرے پاس نہ آنا۔ مجھے تیرا یہاں آنا بالکل پسند نہیں۔ اب تو ٹر جا۔" رحیم داد کا لہجہ تیکھا اور تلخ ہو گیا۔

ماکھا سر جھکائے کچھ دیر بت بنا بیٹھا رہا۔ اس نے گہری سانس بھری' اٹھا اور چپ چاپ چلا گیا۔ اس کے جانے کے بعد رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ اس کی طبیعت مکدّر ہو گئی تھی۔ وہ بیزار ہو کر اٹھنے ہی والا تھا کہ احمد آگیا۔ اس کے ہاتھ میں لیمپ تھا۔ اس نے لیمپ اسٹول پر رکھا' اسے روشن کیا اور رحیم داد کی جانب مڑ کر دیکھا۔ "زمیں دار حویلی میں ہے۔ اس نے کہا ہے۔ چوہدری سے کہنا باغ میں ٹھیرے۔ میں بھی ذرا دیر میں پہنچ جاؤں گا۔ روٹی اس کے ساتھ ہی کھاؤں گا۔"

رحیم داد کو احمد کی زبانی اللہ وسایا کا پیغام ملا تو اس نے مہمان خانے میں جانے کا ارادہ ترک کر دیا' باغ میں بیٹھا رہا۔ تھوڑی دیر بعد اللہ وسایا آگیا۔ اس کے ساتھ جمیلہ بھی تھی۔ ان کے پہنچتے ہی نوکروں نے کھانا لگایا۔ تینوں نے کھانا کھایا۔

کھانے سے فارغ ہو کر اللہ وسایا بولا۔ "آج تو بہت چنگا موسم ہے۔ بارش کا ایک ہی چھینٹا پڑا۔ نہ حبس رہا' نہ گرمی۔ ہوا بھی ٹھنڈی چل رہی ہے۔"

جمیلہ نے مسکرا کر کہا۔ "موسم کو تو بدلنا ہی تھا۔ جولائی کا مہینہ شروع ہو چکا ہے۔"

رحیم داد نے گردن اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا۔ "ابھی تو آسمان بالکل صاف ہے۔ پر پتہ نہیں' کب برکھا شروع ہو جائے۔"

"کوئی پتہ نہیں' کب بادل گھر کر آجائیں۔" جمیلہ بولی۔ "چوہدری! توں ٹھیک کہہ رہا ہے۔ اس مہینے ایسا ہی ہوتا ہے۔ یاد آتا ہے' جب کالج میں چھٹیاں ہوتیں تو ہم بہن بھائی' ماں جی کے ساتھ عام طور پر ڈلہوزی چلے جاتے۔ مجھے تو ڈلہوزی ہمیشہ مری سے بہتر لگا۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "وین کنڈ اور دھولدھر کی صنوبر کے درختوں سے ڈھکی ہوئی پہاڑیاں اور ان کی برف پوش سفید سفید چوٹیاں' بہت سندر دکھائی پڑتی تھیں۔ بارش ہوتی تو اور مزا آتا۔ ادھر برکھا ہوئی' ادھر ذرا ہی دیر میں سڑکیں اور رستے ایسے صاف ستھرے' مانو پانی برسا ہی نہیں۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "چوہدری' تو ڈلہوزی تو گیا ہو گا؟ ضلع گورداس پور ہی میں تو ہے؟"

رحیم داد بہت سٹ پٹایا۔ اس نے نہ گورداس پور دیکھا تھا' نہ کبھی ڈلہوزی گیا تھا۔ وہ سوچ ہی

رہا تھا کہ کیا جواب دے' اتنے میں اللہ وسایا بول پڑا۔ "جمی لے! ڈلہوزی اور گورداس پور کو چھوڑ' یہ بتا کیمبل پور جانے کے بارے میں تو نے کیا سوچا؟ اگلے جمعے کو چلنا ہے۔"

"چنتا نہ کر۔ میں نے سفر کی پوری تیاری کرلی ہے۔" جمیلہ نے اعتماد سے کہا۔

رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر دریافت کیا۔ "اللہ وسایا! کیا تو کیمبل پور جا رہا ہے؟"

"جانا ہی پڑے گا جی!" اللہ وسایا نے جواب دیا۔ "میری بھتیجی شریفاں کا ویاہ ہے۔ اس میں شرکت ضروری ہے۔ جمیلہ اور بچے بھی ساتھ جائیں گے۔" اس کا لہجہ دھیما پڑ گیا۔ ٹھنڈی سانس لے کر اس نے بتایا۔ "بات یہ ہے چوہدری! اس کا نہ پیو ہے' نہ ماں۔ بھین بھائی بھی سگے نہیں۔ میرا پھوپھا فوج میں تھا۔ پچھلی جنگ میں جاپانیوں کے ہاتھوں مارا گیا۔ سرکار نے اس کے مرنے کے بعد کیمبل پور میں تھوڑی سی زمین گزارے کے لیے دے دی تھی۔ تب سے پھوپھی وہیں رہنے لگی تھی۔ پر بے چاری زیادہ دن زندہ نہیں رہی۔ اس کے مرنے کے بعد سرکاری پنشن بھی بند ہو گئی۔ اب پھوپھی کی نشانی شرفاں ہی رہ گئی ہے۔ چاچے نے اسے پالا ہے۔ وہ بھی کیمبل پور میں ہوتا ہے۔ میں نے تو شرفاں کو برسوں سے نہیں دیکھا اور جمیلہ نے تو اسے صرف ایک بار دیکھا ہے۔ گنڈو کے مونڈن پر میں نے اسے یہاں بلایا تھا۔"

"اس سے تو وہ بارہ تیرہ برس کی چھوہری تھی۔ پر اب تو جوان نمیار ہوگی۔ پر بہت سیدھی سادی تھی۔ سدا چپ' چپ رہتی۔" جمیلہ کا چہرہ افسردہ ہو گیا۔ "جس کے سب مر جائیں' اس کا یہی حال ہوتا ہے۔"

"پر تجھ سے تو وہ بہت پیار کرتی تھی۔ ہر وکت تیرے ہی ساتھ لگی رہتی تھی۔"

"ایسے ہی پیار نہیں کرتی تھی۔" جمیلہ کے لہجے میں درد کی کسک تھی۔ "تیں نوں کیہ پتہ' میں کتنی بار اسے چھاتی سے لگا کر روئی ہوں۔"

"ضرور روئی ہوگی۔" اللہ وسایا بولا۔ "کسی کڑی کا پیو یا ماں گزر جائے تو سب سے بڑھ کر تو ہی جا کر سیاپا کرتی ہے۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "چوہدری! اس کا دل بہت کمزور ہے۔ ذرا سی بات پر اسے رونا آجاتا ہے۔ ویسے گلاں بہت کرتی ہے۔"

رحیم داد نے اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے دریافت کیا۔ "کیمبل پور سے واپسی کب تک ہوگی؟"

"ہفتہ بھر تو لگ ہی جائے گا۔ زیادہ دن بھی لگ جائیں تو کوئی تعجب نہیں۔"

"ایک روز تو لہور ٹھیرنا پڑے گا۔ میں نے شرفاں کو نانکی چھک دینے کے لیے کپڑے لتے اور

زیور بھی انارکلی سے خریدنے ہیں۔ دو ریشمی پٹانگل تو میں نے پہلے ہی تیار کر لیے ہیں۔" جمیلہ نے مسکرا بتایا۔

اللہ وسایا حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر بولا۔ "وہ تو نے کب تیار کیے؟ میں نوں پتہ ہی نہ چلا۔"

"لے یہ بھی کوئی بتانے کی گل ہے۔" جمیلہ نے شوخی سے کہا۔ "یہ تو سوچ ننھیال میں تیرے علاوہ شرفاں کا اور کون ہے۔ ویسے تو وڈا زمیں دار بھی کہلاتا ہے۔ میں کنبے برادی میں تیرا سر نیچے نہیں ہونے دوں گی۔" جمیلہ نے سینے پر ہاتھ مارا۔ "چنتا نہ کر' شرفاں کی ماں نہیں' میں تو موجود ہوں۔ دیکھ لینا' کیسی دھوم دھام سے سگائی ہوگی۔ ویاہ کی ساری ریتاں رسماں ہوں گی۔ شرفاں کے سسرال والوں کے سامنے میں نے ناک نہیں کٹوانی۔"

"میں نوں پتہ ہے' تو سب کچھ کرے گی۔" اللہ وسایا نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "ڈھولکی بجائی گی' گھوڑیاں اور سہاگ کے گیت گائے گی۔ جھریا ماگھانا چے گی اور سلامی میں سب سے بڑھ چڑھ کر روپیہ بھی دے گی۔ اسی لیے تو اپنے پاس کچھ بچتا بچاتا نہیں۔"

"کیا کرے گا پیسہ جوڑ کر۔" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "اس کے لابھ میں پڑ کر مورکھ نہ بن۔ اس میں کچھ نہیں رکھا۔ جتنا جوڑو جمع کرو' اتنا ہی لالچ بڑھتا ہے۔ منش خود غرض اور کٹھور بن جاتا ہے۔ دن رات اسی چکر میں رہتا ہے۔"

اسی وقت ہوا کا تیز جھونکا آیا۔ اسٹول پر رکھا ہوا لیمپ بھڑکا اور بجھ گیا۔ روشنی نہیں رہی تو اندھیرا چھا گیا۔ تینوں ذرا دیر گھورا اندھیرے میں خاموش بیٹھے رہے' پھر محفل برخاست ہو گئی۔ اللہ وسایا اور جمیلہ حویلی کی سمت چلے گئے۔ رحیم داد مہمان خانے میں پہنچا۔

اللہ وسایا اور جمیلہ سفر کی تیاریوں میں الجھے ہوئے تھے۔ رحیم داد سے شام کو ان کی سرسری ملاقات ہوتی۔ ایک صبح تاروں کی چھاؤں میں دو تانگے حویلی کے سامنے نظر آئے۔ ایک میں جمیلہ اور دونوں بچے اور دوسرے میں دونوں نوکر سامان کے ساتھ بیٹھ گئے۔ رحیم داد بیدار ہو چکا تھا۔ سفر پر روانہ ہونے سے پہلے وہ اللہ وسایا سے ملا۔ اللہ وسایا نے رخصت ہوتے وقت رحیم داد کو گلے سے لگایا اور پیٹھ محبت سے تھپک کر بولا۔

"چوہدری! میں جلد ہی واپس آنے کی کوشش کروں گا۔ تو زمیں داری کی دیکھ بھال کرتا رہنا۔ ویسے بھی اب تجھے زمیں داری کے معاملات میں پوری دلچسپی لینی چاہیے۔ تو بھی اس پنڈ کا زمیں دار بن چکا ہے۔"

"ایسی گل نہ کر اللہ وسایا!" رحیم داد نے جھٹ اسے ٹوکا۔ "اس پنڈ کا زمیں دار تو ہی ہے اور تو

ہی رہے گا۔"

"یہ تو تیری محبت ہے چوہدری۔ میں نوں پتہ نہیں تھا' تیرا دل اتنا وڈا ہے۔"

"میرا دل کتنا وڈا ہے' یہ تو تیں نوں آگے پتہ چلے گا۔" رحیم داد نے علیحدہ ہوتے ہوئے کہا۔ "جو کہہ رہا ہوں' وہی کروں گا اور ثابت کرکے دکھاؤں گا۔" اس کا چہرہ مضمحل ہوگیا۔ "یہ تو سوچ' تیرے سوا دنیا میں اب میرا کون ہے۔ میرے لیے تو سب کچھ تو ہی ہے۔"

جمیلہ ہنس کر بولی۔ "تم دونوں ساری گلاں اسی سے کرلوگے۔ کچھ واپسی کے لیے بھی چھوڑ دو۔"

رحیم داد نے جمیلہ کی بات سن کر اللہ وسایا سے کہا۔ "اب تو جا۔ دیر ہو رہی ہے۔ دیکھ' جلد آنے کی کوشش کرنا۔"

اللہ وسایا خاموشی سے تانگے کی اگلی نشست پر بیٹھ گیا۔ جمیلہ اور بچے بھی اسی تانگے میں تھے۔ دونوں تانگے آگے پیچھے روانہ ہوئے۔ رحیم داد حویلی کے نوکروں اور نوکرانیوں کے ساتھ خاموش کھڑا تانگوں کو جاتے ہوئے دیکھتا رہا۔ تانگے دھول اڑاتے رفتہ رفتہ دور ہوتے گئے۔ آخر ایک موڑ پر درختوں کی آڑ میں نظروں سے اوجھل ہوگئے۔

رحیم داد بوجھل قدموں سے چلتا ہوا مہمان خانے میں واپس آگیا اور اپنے کمرے میں جاکر تھکا ہوا سا کرسی پر بیٹھ گیا۔ وہ مضمحل نظر آرہا تھا۔ اس نے ناشتا بھی رغبت سے نہیں کیا۔ دن بھر کمرے میں رہا۔ شام کو باغ میں گیا مگر وہاں بھی دل نہ لگا۔ اسے تنہائی کا شدید احساس تھا۔ وہ جلد ہی اٹھ کر مہمان خانے میں چلا گیا اور کھانا کھا کے بستر پر لیٹ گیا۔

دوسرے روز بھی اس کی طبیعت اچاٹ رہی۔ موسم بھی دھندلا دھندلا اور بے کیف تھا۔ آسمان پر بادلوں کا غبار چھایا تھا۔ ہوا ٹھہری ہوئی تھی۔ بارش بھی نہیں ہوئی۔ فضا میں حبس تھا' گھٹن تھی۔ رحیم داد مہمان خانے سے نکلا۔ کھیتوں کی طرف گیا۔ مزارعوں سے فصل کے بارے میں ادھر ادھر کی باتیں کیں۔ واپس آیا تو جسم پسینے پسینے تھا۔ اس نے غسل کرکے لباس تبدیل کیا۔

☆

دن ڈھلے رحیم داد کا دل اور بوجھل ہوگیا۔ اس روز وہ باغ میں نہیں گیا۔ گھوڑی نکلوائی۔ اس پر سوار ہوا اور دل بہلانے کے لیے نہر کی طرف چلا گیا۔ سورج غروب ہو رہا تھا اور بادلوں کے ایک ٹکڑے کے پیچھے سے جھانک رہا تھا۔ اس کی نارنجی روشنی سے نہر کا پانی جھلملا رہا تھا۔ رحیم داد گھوڑی دوڑاتا دور نکل گیا۔ ہلکے ہلکے جھونکے اس کے جسم سے ٹکرا رہے تھے۔ ان میں تازگی اور فرحت تھی۔ فضا میں جنگلی پھولوں کی خوشبو بسی ہوئی تھی۔ رحیم داد کو قدرے سکون ملا۔ وہ گھوڑی

دوڑاتا چلا گیا۔ سورج ڈوب گیا۔ شام نے اپنے بازو پھیلا دیئے۔ فضا میں تاریکی گھلنے لگی۔

رحیم داد نے واپسی کے ارادے سے گھوڑی کی رفتار سست کی۔ گھوڑی پیاسی بھی تھی۔ وہ نیچے اترا اور اسے پانی پلانے کے لیے نہر کے قریب لے گیا۔ گھوڑی پانی پی چکی تو رحیم داد نے اسے کچھ دیر ستانے کا موقع دیا۔ اس کا جسم پسینے سے بھیگ کر سیاہ پڑ گیا تھا۔ رحیم داد نہر کے قریب ریت کے ایک تودے پر بیٹھ گیا۔ اس کی قمیض پسینے سے شرابور تھی۔ نہر کی سمت سے ٹھنڈی ہوا آرہی تھی۔

واپسی کے لیے وہ گھوڑی پر سوار ہوا۔ عین اسی وقت پیلھی کے اونچے اونچے پودوں کے گھنے جھنڈ کے پیچھے سے ماکھا نکل کر سامنے آگیا۔ رحیم داد نے اسے دیکھا تو بھونچکا رہ گیا۔

"اوئے ماکھے! تو ادھر کیسے آگیا؟"

"چوہدری! میں نوں یہ بھی پتہ نہیں۔ وہ ادھر درختوں کے اس پار اپنا پنڈ پیراں والہ ہے۔" ماکھا نے ایک طرف ہاتھ اٹھا کر بتایا۔

رحیم داد مزید بات کرنا نہیں چاہتا تھا۔ اسے نظرانداز کرتے ہوئے اس نے گھوڑی موڑی مگر ماکھا جھپاک سے گھوڑی کے سامنے آگیا۔ گڑگڑا کر بولا۔ "چوہدری! میری ایک گل سن لے۔"

رحیم داد نے گھوڑی ٹھہراتے ہوئے دریافت کیا۔ "تجھے کیا کہنا ہے؟" اس نے تیکھی نظروں سے ماکھا کو دیکھا۔ "میں تجھے پہلے ہی صاف صاف کہہ چکا ہوں' میں تیرا کام نہیں کرسکتا۔ میرا پیچھا چھوڑ دے۔"

"میری گل تو سن لے۔" اس نے دونوں ہاتھ جوڑ دیئے۔ "شاہ جی اپنی گھوڑی پر آگے گیا ہے۔ واپس آتا ہی ہوگا۔"

"میں نوں اس سے کیا لینا۔ سامنے سے ہٹ۔" رحیم داد نے ڈپٹ کر بے رخی سے کہا۔ ماکھا ڈھیٹ بن کر بولا۔ "تو اسے میرے بازو کے بارے میں کہے گا تو وہ ضرور مان لے گا۔"

"پر میں نے اس سے کوئی گل شل نہیں کرنی۔" رحیم داد کے لہجے میں بدستور بیزاری تھی۔ "الگ ہٹ۔ میرا رستہ چھوڑ۔"

ماکھا گھوڑی کے سامنے سے تو ہٹ گیا مگر اس نے جھٹ رکاب میں پڑا ہوا رحیم داد کا پیر تھام لیا۔ "چوہدری! تیری ایک گل سے مجھے اپنا بازو مل جائے گا۔ مجھے تباہی سے بچالے۔ تیری مہربانی ہوگی۔" اس نے رحیم داد کے پیر پر سر رکھ دیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ رحیم داد تذبذب میں مبتلا ہوگیا۔ وہ گھوڑی پر گم صم بیٹھا رہا۔ شام کے سناٹے میں ماکھا کی دبی دبی سسکیاں ابھر رہی تھیں

اور اس کی پیشانی رحیم داد کے پیروں پر ٹکی ہوئی تھی۔ اسی اثنا میں دور سے ٹاپیں ابھریں۔ ماکھا نے گردن اٹھا کر رحم طلب نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ گلوگیر آواز میں بولا۔

"چوہدری! وہ آرہا ہے۔ بس ذرا دیر ٹھیر جا۔ وہ یہیں سے گزرے گا۔ تو شاہ جی سے گل کر کے تو دیکھ۔"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ ٹاپیں رفتہ رفتہ قریب آتی جا رہی تھیں۔ ماکھا گھبرائے ہوئے لہجے میں بولا۔ "شاہ جی پہنچنے ہی والا ہے۔ مجھے تیرے پاس دیکھے گا تو ناراض ہوگا۔" یہ کہتا ہوا وہ پیچھے ہٹنے لگا۔ ساتھ ہی گڑگڑاتا رہا۔ "چوہدری! اس سے میرے بارے میں گل کرلے۔ تو کہے گا تو میرا کام بن جائے گا۔ زندگی بھر تجھے دعائیں دوں گا۔" ماکھا آنسو پونچھتا ہوا لپک کر کیکر کی ایک گھنی جھاڑی کے پیچھے چلا گیا۔

رحیم داد پس و پیش میں جہاں تھا' وہیں کھڑا رہا۔ ٹاپیں بالکل قریب سنائی دینے لگیں۔ رحیم داد نے نظریں اٹھا کر دیکھا۔ شام کے دھندلکے میں احسان شاہ اپنی گھوڑی دوڑاتا' گرد کے بادل اڑاتا' ایک موڑ سے نمودار ہوا۔ وہ رحیم داد ہی کی طرف آرہا تھا۔ آن کی آن میں وہ نزدیک پہنچ گیا۔ اس نے گھوڑی کی راسیں زور سے کھینچیں۔ گھوڑی اونچی آواز سے ہنہنائی اور ٹھہر گئی۔ احسان شاہ نے رحیم داد کو غور سے دیکھا۔ رحیم داد نے سلام کیا۔

احسان شاہ نے سلام کا جواب دیا اور گردن اٹھا کر پوچھا۔ "میں نے تجھے پہچانا نہیں۔ پہلی بار ادھر دیکھ رہا ہوں۔"

رحیم داد نے بتایا۔ "میرا نام جی' چوہدری نورالٰہی ہے۔ کوٹلہ ہرکشن میں اپنی زمیں داری ہے۔"

"تو ہے چوہدری نورالٰہی!" احسان شاہ نے حیرت کا اظہار کیا۔ "نام تو تیرا سنا تھا' آج تجھے دیکھ بھی لیا۔" اس کے چہرے کا تناؤ کم ہوگیا۔ مسکرا کر بولا۔ "پر آج تو ادھر کیسے نکل آیا؟"

رحیم داد نے نظر بھر کر احسان شاہ کو دیکھا۔ سن و سال کے اعتبار سے وہ چھپن ستاون سال کے پیٹے میں تھا مگر جسم مضبوط اور بھاری بھرکم تھا۔ چہرے پر گھنی مونچھیں تھیں۔ پگ کا اونچا طرہ ہوا سے آہستہ آہستہ لہرا رہا تھا۔ وہ اپنے ڈیل ڈول اور وضع قطع سے بہت بارعب لگتا تھا۔

رحیم داد اس کی شخصیت سے خاصا مرعوب ہوا' ہچکچاتے ہوئے بولا۔ "شاہ جی! تجھ سے ایک گل کرنی تھی۔"

"ضرور کر۔" احسان شاہ نے اس کی حوصلہ افزائی کی۔ "پر یہاں کھڑے کھڑے کیا گل ہو سکتی ہے۔ اپنی حویلی یہاں سے زیادہ دور نہیں ہے۔ موسم بھی سہانا ہے' وہیں آرام سے بیٹھ کر بات

چیت ہوگی۔"

رحیم داد اس کی حویلی میں جانا نہیں چاہتا تھا۔ اس نے کترانے کی کوشش کی۔ لہجے میں نرمی پیدا کرتے ہوئے بولا۔ "کوئی لمبی چوڑی گل نہیں کرنی۔"

"چھوٹی ہو یا لمبی' اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔" احسان شاہ نے مسکرا کر کہا۔ "پر یہ تو کوئی بات کرنے کی جگہ نہیں۔"

احسان شاہ نے بات ختم ہی کی تھی کہ ہلکی ہلکی پھوار پڑنے لگی۔ وہ بے تکلفی سے قہقہہ مار کر بولا۔ "لے چوہدری! اب تو بوندا باندی بھی شروع ہوگئی۔ آ میرے ساتھ۔ اب حویلی میں بیٹھ کر آرام سے گل بات ہوگی۔"

بارش اور تیز ہوگئی۔ رحیم داد کے لیے انکار کرنے کی گنجائش نہ رہی۔ احسان شاہ نے ایڑ لگا کر گھوڑی آگے بڑھائی۔ رحیم داد بھی چپ چاپ اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔ دونوں گھوڑیاں دوڑاتے ہوئے پیراں والہ کی جانب روانہ ہوئے۔

بارش بتدریج تیز ہوتی جا رہی تھی۔ وہ پیراں والہ میں داخل ہوئے تو بارش خاصی تیز ہو چکی تھی۔ دونوں جلدی جلدی اترے۔ گھوڑیاں ملازموں کے حوالے کیں اور حویلی کے اندر چلے گئے۔ حویلی نہایت شاندار تھی۔ اس کے چاروں طرف فصیل نما اونچی اونچی دیواریں تھیں۔ اللہ وسایا نے رحیم داد کو ٹھیک ہی بتایا تھا کہ احسان شاہ کی حویلی دور سے پرانے زمانے کا قلعہ لگتی ہے۔ اس کا پھاٹک اس قدر اونچا تھا کہ ہاتھی گزر سکتا تھا۔ دروازے بھاری اور مضبوط لکڑی کے بنے ہوئے تھے۔ پھاٹک پر مسلح پہرا تھا۔

حویلی کے تین حصے تھے۔ ایک حصے میں احسان شاہ کی منکوحہ بیویاں اور بچے رہتے تھے۔ یہ حویلی کا عقبی حصہ تھا۔ سامنے کے رخ پر ڈیرا تھا جو دیوان خانہ کہلاتا تھا۔ حویلی کے نوکر چاکر اسے مہمان گھر بھی کہتے تھے۔ دیوان خانہ پھاٹک سے اندر داخل ہوتے ہی نظر آتا تھا۔ احسان شاہ اس دیوان خانے میں صبح شام کچہری لگاتا تھا۔ منیجر' منشیوں اور کارندوں کے ساتھ بیٹھ کر زمیں داری کے معاملات طے کرتا تھا۔ مزارعوں کے خلاف شکایات پیش ہوتیں تو ان کے مقدمات کا فیصلہ بھی دیوان خانے ہی میں کرتا تھا۔

دیوان خانے کے آگے وسیع پائیں باغ تھا۔ دیوان خانے سے متصل اونچی اونچی دیواروں سے گھرا ہوا حصہ کوٹ کہلاتا تھا۔ کوٹ میں احسان شاہ کی داشتائیں اور مزارعوں کی وہ نوجوان عورتیں قید رکھی جاتی تھیں جنہیں اغوا کر کے لایا جاتا تھا۔ کوٹ میں آمد و رفت کا صرف ایک دروازہ تھا اور

اس پر چوبیں گھنٹے مسلح پہرا رہتا تھا۔

دیوان خانے میں کشادہ ہال تھا جس پر دبیز قالین کا فرش تھا۔ جگہ جگہ صوفے اور دیوان قرینے سے رکھے تھے۔ صوفے پرانی وضع کے مگر قیمتی اور آرام دہ تھے۔ دروازوں اور کھڑکیوں پر ہلکے ریشمی پردے پڑے تھے۔ احسان شاہ دیوان خانے میں داخل ہوتے ہی ہال کی جانب بڑھا۔ رحیم داد اس کے ہم راہ تھا۔ دونوں ہال میں پہنچے تو نوکروں نے نہایت مستعدی سے پردے ہٹا دیئے اور کھڑکیوں کے پٹ کھول دیئے۔ ہال کے آگے طویل برآمدہ تھا۔ اس میں بید کی کرسیاں پڑی تھیں۔

احسان شاہ نے ہال میں پہنچ کر گرمی محسوس کی۔ اس نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری یہاں تو حبس ہے۔ باہر برآمدے میں بیٹھا جائے۔" اس نے قریب کھڑے ہوئے ملازم کی جانب دیکھا۔ "شیدے! دروازہ کھول دے۔ کرسیاں اور میز برآمدے میں ٹھیک سے لگا دے۔ یہاں گرمی ہے۔ ہم نے برآمدے میں بیٹھنا ہے۔"

"شیدا آگے بڑھا۔ اس نے فوراً دروازہ کھولا۔ باہر گیا' کرسیاں قرینے سے لگائیں اور درمیان میں میز رکھ دی۔ احسان شاہ اور رحیم داد ہال سے نکل کر کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ برآمدے کے آگے دور تک پھیلا ہوا نرم نرم گھاس کا لان تھا۔ اونچے اور گھنے درخت تھے۔ ان کے درمیان جگہ جگہ روشیں اور کیاریاں تھیں۔ پھولوں سے مہکتی ہوئی بھیگی بھیگی شاخیں تیز جھونکوں سے جھوم رہی تھیں۔

باغ میں رم جھم بارش ہو رہی تھی۔ بادل رک رک کر گرج رہے تھے۔ ہوا کے جھونکوں کے ساتھ بارش کے چھینٹے کبھی کبھار برآمدے میں بھی آجاتے۔ رحیم داد حویلی کی شان و شوکت اور احسان شاہ کی آن بان سے بڑا مرعوب نظر آتا تھا۔ وہ گم صم بیٹھا تھا۔ احسان شاہ کی پشت پر شیدا جھکائے مودب کھڑا تھا۔

احسان شاہ نے اپنی پگ اتار کر شیدے کو دی' ہنس کر بولا۔ "کچھ پینے پلانے کو لا۔ دیکھ تو کیا ظالم موسم ہے۔"

شیدے نے پگ سنبھالی اور ہال کے اندر چلا گیا۔ رحیم داد ہنوز خاموش تھا۔ احسان شاہ نے اس کی جانب دیکھا' مسکرا کر پوچھا۔ "ہاں چوہدری' اب بتا' تو کیا کہنا چاہتا تھا؟"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے ماکھا کا ذکر چھیڑا۔ "شاہ جی! میں نے جو گل کرنی ہے' وہ ایسہ ہے۔"

"کوئی خاص گل ہے؟" احسان شاہ اس کی بات کاٹ کر بولا۔

"خاص ہی گل ہے۔" رحیم داد نے آہستہ آہستہ اثبات میں گردن ہلائی۔

"تب تو آرام سے گل ہوگی۔ ایسی جلدی کیا ہے۔" وہ ہنس کر بولا۔ "اس بارش میں تو واپس جانے سے رہا۔ کوٹلہ ہرکشن دور ہے اور رستہ بھی کچا اور پیچ کا ہے۔ بارش تھم جائے تو روٹی کھا کر چلا جانا ورنہ رات یہیں ٹھیر جانا۔" اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "میں نے سنا ہے' اللہ وسایا تو گھر والی اور بچوں کے ساتھ پنڈ سے باہر گیا ہے۔"

"وہ اپنی بھتیجی کے ویاہ میں شرکت کے لیے کیمبل پور گیا ہے۔"

"جب ہی تو ادھر نکل آیا۔" احسان شاہ نے بے تکلفی سے قہقہہ لگایا۔ "وہ پنڈ میں ہوتا تو تجھے ادھر آنے نہ دیتا۔"

رحیم داد نے کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا' خاموش بیٹھا رہا۔ ذرا دیر بعد شیدا ایک ٹرے میں وہسکی کی بوتل' دو گلاس اور پانی سے بھرا ہوا جگ لے کر آگیا۔ اس نے بوتل' جگ اور گلاس میز پر رکھ دیئے۔ رحیم داد نے یہ رنگ ڈھنگ دیکھا تو بہت گھبرایا۔ اس نے پہلے کبھی شراب نہیں پی تھی۔ البتہ میلوں ٹھیلوں میں بھنگ اور ساوی بار ہا پی چکا تھا۔ جن دنوں منٹگمری جیل میں تھا' لالی اور دوسرے قیدیوں کے اصرار پر چرس بھری سگرٹیں بھی پی لیتا تھا۔ مگر چرس پینے کی لت نہیں لگی تھی۔

شیدے نے پہلے احسان شاہ کے لیے وہسکی کا پیگ بنایا اور گلاس اس کے سامنے رکھ دیا۔ مگر جب وہ دوسرا پیگ بنانے لگا تو رحیم داد کسی قدر پریشان ہو کر بولا۔ "میرے لیے نہ بنا۔" شیدے نے ہاتھ روک لیا۔

"کیسی گل کر رہا ہے چوہدری! ایسے کافر موسم میں تو وڈے' وڈے زاہدوں اور پرہیزگاروں کی توبہ ٹوٹ جاتی ہے۔" وہ کھلکھلا کر ہنسا۔ شیدا کی جانب متوجہ ہوا۔ "منہ کیا تک رہا ہے؟ اپنا کام کر۔"

اس نے نہایت مستعدی سے پیگ تیار کیا اور رحیم داد کے سامنے رکھ دیا۔ احسان شاہ نے اشارہ کیا۔ شیدا فوراً چلا گیا۔ احسان شاہ نے گلاس اٹھایا۔ رحیم داد کو مخاطب کیا۔

"چوہدری! اٹھا اپنا گلاس۔"

لیکن رحیم داد نے گلاس نہیں اٹھایا' حیران و پریشان بیٹھا رہا۔ احسان شاہ نے اصرار کیا۔ "اب تکلف شکلف چھوڑ۔ گلاس اٹھا۔"

"شاہ جی' گل ایسہ ہے۔ میں نے آج تک نہیں پی' مجھے نہ پلا۔"

"نہیں پی تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ آج سے شروع کر دے۔" احسان شاہ کا اصرار جاری

رہا۔ "اللہ وسایا کے رستے پر نہ چل۔ وہ تو مزارع تھا' زمیں دار بن کر بھی مزارع ہی رہا۔ وہ تجھے بھی زمیں دار نہیں بننے دے گا۔" احسان شاہ نے گلاس اٹھا کر رحیم داد کے ہاتھ میں تھما دیا' اپنا گلاس اس کے گلاس سے ٹکرایا۔ "چل' شروع ہو جا۔ میں نے آج تک کسی مہمان کی اس طرح ناز برداری نہیں کی۔" اس نے ایک ہاتھ مونچھ پر پھیرا۔ "میں متروکہ جائیداد کی لوٹ مار سے زمیں دار نہیں بنا' خاندانی جگیر دار ہوں۔ یہ حویلی میرے دادنے بنوائی تھی۔ وہ بہت وڈا زمیں دار ہوتا تھا۔ لاٹ گورنر کے دربار میں اسے کرسی ملتی تھی۔ کیا سمجھا؟"

احسان شاہ نے وہسکی کا گھونٹ بھرا۔ رحیم داد اس کی باتوں سے ایسا مرعوب ہوا کہ گلاس اس کے ہونٹوں تک پہنچ گیا۔ اس نے بھی گھونٹ بھرا اور منہ ذرا سا بگاڑ کر بولا۔

"شاہ جی' توں نے یہ ٹھیک نہیں کیا۔"

"بچوں جیسی گلاں نہ کر۔" احسان شاہ نے ہنس کر اس کی حوصلہ افزائی کی۔ "تیں نوں ابھی پتہ نہیں۔ زندگی کا اس کے بناں کیا مزا۔ تھوڑی سی اور لگا۔ تیں نوں خود ہی اندازہ ہو جائے گا' یہ کیا بہار دکھاتی ہے۔"

اسی وقت بادل زور سے گرجا۔ رحیم داد نے زبان سے تو کچھ نہیں کہا' خاموشی سے ایک گھونٹ اور بھرا اور بھیگی ہوئی مونچھیں ہاتھ سے پونچھنے لگا۔ بارش تیز ہو گئی۔ ہوا کے نم آلود جھونکے برآمدے کے اندر آنے لگے۔ فضا میں خنکی رچ گئی۔

شیدا دو پلیٹوں میں تلے ہوئے مرغ اور تکے لے آیا۔ احسان شاہ اور رحیم داد پیتے رہے' مرغ اور تکے کھاتے رہے۔ باہر موسلا دھار بارش ہوتی رہی۔

احسان شاہ بولا۔ "ہاں چوہدری' اب سنا اپنی گل' تیں نوں کیہ کہنا ہے؟ بار بار ذکر کرتا تھا۔ ایسی کیا خاص گل ہے؟"

"گل شل کیا ہے جی! وہ تیرا ایک مزارع ہے نا۔ ماکھا نام ہے اس کا۔" رحیم داد نے جان بوجھ کر اپنی بات ادھوری چھوڑ دی۔ وہ احسان شاہ کا ردعمل دیکھنا چاہتا تھا۔

مگر احسان شاہ پر کوئی خاص ردعمل نہیں ہوا۔ بے نیازی سے بولا۔ "یاد تو پڑتا ہے' اپنا ایک مزارع ماکھا بھی ہے' پر چوہدری' تجھے اس سے کیا لینا۔"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "اس کی گھر والی تیری حویلی میں ہے۔"

"ہوگی۔" احسان شاہ نے ایک تکا اٹھا کر چباتے ہوئے رحیم داد کی طرف دیکھا۔ "تجھے کیسے اس کی یاد آ گئی؟"

"ماکھا کئی بار میرے پاس آ چکا ہے۔" رحیم داد نے وضاحت کی۔ "وہ اپنی گھر والی واپس لے جانا چاہتا ہے۔"

"اس کی بات نہ کر۔ وہ تو ایسے ہی سب کے پاس پہنچتا رہتا ہے۔ تیرے پاس بھی جا کر گڑگڑایا ہو گا۔ یہی گل ہے نا؟"

"ہے تو جی یہی گل۔" رحیم داد نے وہسکی کی چسکی لگا کر کہا۔ "ماکھا اپنے بازو کے لیے بہت پریشان ہے۔ کہتا تھا' اس کے بغیر وہ تباہ ہو گیا۔" رحیم داد پر اب وہسکی اپنا اثر دکھانے لگی تھی۔ وہ پہلی بار کھل کر مسکرایا۔ "شاہ جی' وہ ۵ سال سے تیری حویلی میں ہے۔ کئی بچے بھی جن چکی ہے۔ اب وہ تیرے کس کام کی رہ گئی؟"

"کام کی تو وہ اب بھی ہے۔ چوہدری! تو نے اسے دیکھا نہیں۔" احسان شاہ نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "بچہ جن نے کے بعد وہ اور رسیلی ہو جاتی ہے۔ تب ہی تو میں نے اس کا نام رسیلی رکھ چھوڑا ہے۔ اب تو یہ بھی یاد نہیں پہلے اس کا کیا نام ہوتا تھا۔ اب تو میں اسے رسیلی ہی کے طور پر پہچانتا ہوں۔ سچ کہتا ہوں' وہ ہے بھی رسیلی۔"

"اب تو وہ بوڑھی ہو گئی ہو گی؟"

"لگتی تو وہ ابھی تک جوان ہے۔" احسان شاہ نے مسکرا کر جواب دیا۔

"تیری گل سمجھ نہیں آئی۔" رحیم داد نے چہرے کے تاثرات سے حیرت کا اظہار کیا۔ "میں نے تو جی یہ دیکھا ہے' دو تین بچوں کے بعد تو مزارعوں اور کمیوں کی گھر والیاں ایسی مریل اور بوڑھی لگتی ہیں کہ دیکھنے کو جی نہیں کرتا۔"

"چوہدری تو بھی ٹھیک کہہ رہا ہے۔" احسان شاہ نے اس کی تائید کی۔ "بات یہ ہے جی! مزارعے اور کمی ان سے دن رات سخت محنت کراتے ہیں۔ پر روٹی ٹکر دینے کو ان کے پاس اتنا ہوتا نہیں کہ انھیں ٹھیک ٹھاک رکھیں۔ وہ بوڑھی اور مریل نہیں لگیں گی تو اور کیا لگیں گی۔"

"پر یہ بھی تو ہے جی' ادھر کڑی تیراں چوداں کی ہوئی' ادھر جھٹ اس کا ویاہ ہو جاتا ہے۔ پوری طرح جوان بھی نہیں ہوتی کہ ٹھکا ٹھک بچے پیدا ہونے لگتے ہیں۔"

"جبھی تو مزارعوں اور کمیوں کے گھروں میں جوان اور خوب صورت زنانیاں نظر نہیں آتیں۔" احسان شاہ نے منہ بگاڑا۔ "میں جسے بھی اٹھواتا ہوں' پہلے اسے مکھن دودھ کھلا پلا کر تیار کراتا ہوں۔ تب اس پر جوبن آتا ہے۔ وہ نکھرتی ہے۔ چہرے پر رنگ روپ آ جاتا ہے۔ بدن بھی گداز اور کسا ہوا ہو جاتا ہے۔"

رحیم داد کچھ نہ بولا۔ چپ بیٹھا مرغ کی ٹانگ چباتا رہا۔ بارش کا زور اب ٹوٹ گیا تھا البتہ ہوا کی شوریدہ سری کم نہیں ہوئی تھی۔ دونوں کی آنکھوں میں نشے سے ستارے جھلملا رہے تھے۔

احسان شاہ زیادہ دیر خاموش نہیں رہا۔ اس نے ہنس کر پوچھا۔ "چوہدری! کس سوچ میں پڑ گیا؟"

"سوچ رہا تھا' تیری تن درستی بہت شان دار ہے۔ اب بھی جوان گبھرو لگتا ہے۔" رحیم داد نے اسے خوش کرنے کی کوشش کی۔

"اب تو کچھ بھی نہیں رہا۔ دو سال ادھر میرا جگر خراب ہو گیا تھا۔ تب سے صحت ذرا گر گئی۔ تو نے اس زمانے میں مجھے نہیں دیکھا۔"

"برا نہ منا تو ایک گل پوچھوں۔" رحیم داد نے دبی زبان سے کہا۔ "شاہ جی! تو مزارعوں کی گھر والیاں کیوں اٹھواتا ہے؟"

"مزارعوں کی زنانیاں تب اٹھواتا ہوں جب وہ سرکشی کرتے ہیں۔ دیگار سے جی چراتے ہیں۔ حرام خوری اور بدمعاشی کرتے ہیں۔" احسان شاہ تیکھے لہجے میں بولا۔

"ایسے مزارعوں کو بے دخل کیوں نہیں کر دیتا؟"

"بے دخل کرنے کا سب سے آسان اور مجرب نسخہ یہ ہے' جس مزارعے کو بے دخل کرنا ہو' اس کی گھر والی اٹھوالو۔ سمجھو اس کا ایک بازو کٹ گیا۔ وہ بالکل بے بس ہو جاتا ہے۔" احسان شاہ نے سنجیدگی سے کہا۔ "ویسے کبھی کبھی مزارعوں اور کمیوں پر رعب اور دہشت بٹھانے کے لیے بھی ایسا کرنا پڑتا ہے۔ ورنہ تیں نوں تو پتہ ہی ہے' مزارعوں میں ایک سے ایک نمبری' نکما اور ہڈ حرام پڑا ہے۔ ذرا ڈھیل دو' جھٹ کانون چھاتا ہے' اوپر درخواستیں پہنچاتا ہے۔ خود بدمعاشی کرتا ہے دوسروں کو بھی اکساتا ہے۔ زمیں داری کرنا ہنسی ٹھٹھا نہیں۔ زمیں دار کا رعب اٹھ جائے تو سمجھ لے گئی زمیں داری۔ اسے چلانے کے لیے ضروری ہے' ایسا وار کرو کہ مزارع سر ہی نہ اٹھا سکے۔ عورت تو مرد کی عزت ہوتی ہے نا۔ بس اس سے وہی چھین لو۔ ہمیشہ کے لیے اس کا سر جھک جاتا ہے۔"

"پر شاہ جی! تو نے تو بہت زنانیاں رکھ چھوڑی ہیں۔ میں نے تو سنا ہے' ان کے لیے بہت وڈا کوٹ بنوا رکھا ہے۔ کیا یہ سچ ہے؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"تو نے ٹھیک ہی سنا۔" احسان شاہ نے بتایا۔ "کوٹ ساتھ ہی ہے۔ دیکھنا چاہے تو ابھی دیکھ لے۔ بول کیا کہتا ہے؟"

"دیکھ لوں گا' پر آج نہیں۔" رحیم داد رضامند نہ ہوا۔ "ویسے بارش بھی ہو رہی ہے۔"

"اب میں تجھے راز کی گل بتاتا ہوں۔ ان رکھیلوں سے بہت کام نکلتا ہے۔ میں تو ان کو اپنے کمرے میں رات کو کم ہی بلاتا ہوں۔" اس نے وہسکی کی چسکی لگائی۔ "تھانے دار' تحصیل دار' اور کبھی کبھی تو ان سے بھی وڈے افسر' بلکہ اسمبلی کے ممبر بھی میری حویلی میں آکر ٹھیرتے ہیں۔ تیرے ایسے یار دوست بھی آتے ہی رہتے ہیں۔" اس نے قہقہہ لگایا۔ نشے کی جھونک میں لہرا کر بولا۔ "شراب کا دور بھی چلتا ہے۔ مہمانوں کی خاطر مدارت تو کرنی ہی پڑتی ہے۔" اس نے بے تکلفی سے آنکھ ماری۔ "ان میں رنگین مزاج بھی ہوتے ہیں۔ ان کا دل بہلانے کے لیے یہ زنانیاں بہت کام آتی ہیں۔ نہ کسی کو بلوانے کی ضرورت نہ ڈھونڈنے شونڈھنے کا چکر۔ کوٹ میں ہر طرح کی رن موجود ہے۔"

رحیم داد خاموش بیٹھا اس کی باتیں سنتا رہا۔

نشے کا ریلا آیا۔ احسان شاہ کے ہاتھ میں دبا ہوا گلاس چھلک اٹھا۔ اس نے گلاس میز پر رکھ دیا۔ ہنس کر گویا ہوا۔ "چوہدری اک گل اور بھی ہے۔ پتر جوان ہو گئے ہیں۔ تیں نوں پتہ ہے' جوانی تو دیوانی ہوتی ہے نا۔ چھپ چھپ کر کنجریوں کے پاس جائیں گے۔ لہور جا کر ہیرا منڈی کے چکر کاٹیں گے۔ روپیہ پیسہ برباد کریں گے۔ بدنامی الگ ہوتی ہے۔ فیر ایسا بھی تو ہے۔ کنجریوں کے پاس جائیں گے تو پوشیدہ اور خطرناک بیماریاں لگا کر لائیں گے۔" اس نے زور کا قہقہہ بلند کیا۔ "کوٹ کی یہ رکھیلیں ان کے کام بھی آتی ہیں۔"

"پر شاہ جی! تجھے یہ بات بری نہیں لگتی؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا۔

"چوہدری! تو برائی کی گل کر رہا ہے۔ میں پوری طرح جوان بھی نہ ہوا تھا کہ پنڈ کی ایک چھوہری پر دل آگیا۔ میں نے اسے اٹھا کر زبردستی گھوڑی پر ڈالا اور حویلی میں لے آیا۔ میں نے ایک فلم میں ہیرو کو اسی طرح ہیروئن کو اٹھا کر لے جاتے ہوئے دیکھا تھا۔" احسان شاہ بتاتا رہا۔ "وہ جی کمہاروں کی چھوہری تھی۔ وہ اکٹھے ہو کر پیچھے پیچھے آئے۔ بہت رولا گولا کیا۔ اسی دیوان خانے میں میرے پیو کے سامنے مکدمہ پیش ہوا۔ میں بہت ڈرا۔ میرا پیو بہت رعب داب والا زمیں دار تھا۔ کمہاروں کی شکایات سنتے ہی بھڑک اٹھا۔ سب کو الٹا لٹکا کر جوتے لگوائے۔ اسی روز ان کی کئی کڑیاں اور جوان زنانیاں اٹھوالیں۔ کئی روز سب کو جیل میں بند رکھا۔ اس کی اپنی جیل ہوتی تھی۔ اسی حویلی میں ایک تہہ خانہ ہے۔ پہلے وہ جیل کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ جو مزارع یا کمی سرکشی یا نافرمانی کرتا' اس میں ڈال دیا جاتا۔"

"تو بھی اسے جیل کی طرح کام میں لاتا ہے؟"

"نہیں میں نے اسے ختم کردیا۔ دو کیدی مرگئے تو پنڈ کے مزارعوں اور کیوں نے بہت شو مچایا۔ آس پاس کے مزارعے اور کسان بھی ان کے ساتھ لگ گئے۔ انھیں دبانے کے لیے پولیس بلانا پڑا۔ معاملہ تو دب گیا پر میں نے اس کے ساتھ ہی جیل بھی ختم کردی۔ تہہ خانے میں اب توغا رکھا جاتا ہے۔"

"کمہاروں کی چھوہری اٹھالایا تو تیرے پیو نے تجھے کچھ نہیں کہا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔ "کچھ تو ناراض ہوا ہوگا؟"

"بالکل ناراض نہیں ہوا۔ اس نے مجھ سے کچھ نہیں کہا۔ ماں جی کے پاس جاکر ہنستے ہوئے بولا لے نیک بخت' تیرا پتر جوان ہوگیا۔ زور آور بھی ہے۔ تکڑا زمیں دار بنے گا۔" احسان شاہ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "میں اپنے پیو کا اکلوتا پتر تھا۔ لاڈلا بھی بہت تھا۔" اس نے نظر بھر کر رحیم داد کی طرف دیکھا۔ "بعد میں تو جی اس کی رکھیلیں اپنے کام میں آنے لگیں۔ اس نے ایک سے ایک زبردست دانا چھانٹ کر رکھ چھوڑا تھا۔ میرا پیو بھی یوں سمجھ لے بادشاہ ہوتا تھا۔ رعب ایسا زبردست تھا کہ مزارعے اور کمی اس کے نام سے کانپتے تھے۔ سر اٹھا کر اس کے روبہ روبات نہیں کرسکتے تھے۔"

"ایک گل سمجھ نہیں آئی۔ تو جن زنانیوں کو اٹھواتا ہے' کوٹ میں رکھتا ہے' ان کے گھر والے انھیں واپس لے جاتے ہیں۔ وہ برا نہیں مناتے؟" رحیم داد نے پوچھا۔ "ان کی غیرت ذرا نہیں جاگتی؟"

"تو غیرت کی گل کر رہا ہے۔ وہ تو انھیں واپس لینے کے لیے منت کرتے ہیں' پیر پکڑتے ہیں۔ کئی تو ایسے ہوتے ہیں' منہ مانگی قیمت ادا کرکے لے جاتے ہیں۔"

"یہی تو میں جاننا چاہتا ہوں۔ ایسا کیوں ہے؟"

"یہ سوال تو اسمبلی میں بھی اٹھایا گیا تھا۔ ہوا یہ کہ بیگم شاہنواز نے زنانیوں کے حقوق کے لیے اسمبلی میں بہت زبردست تقریر کی۔ گلہ کیا کہ انھیں کوئی حقوق حاصل نہیں۔ مردوں نے ان کے سارے حقوق دبا رکھے ہیں۔ اپنا غلام بنا کر رکھ چھوڑا ہے۔ ملک فیروز خاں نون بھی ان دنوں اسمبلی کا ممبر ہوتا تھا۔ وہ جھٹ کھڑا ہوگیا۔ ایسا مسکت جواب دیا کہ بیگم شاہنواز چپ کرکے رہ گئی۔"

"کیا جواب تھا اس کا؟ میں بھی سنوں۔"

"اس نے گرج کر کہا' بیگم شاہنواز کو پتہ نہیں' پاکستان میں زنانیوں کو کتنے حقوق حاصل ہیں۔

میں اس سلسلے میں اپنے ایک مزارعے کا ذکر مثال کے طور پر ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں' جس سے پوری طرح اندازہ ہوجائے گا' مردوں کے مقابلے میں عورتوں کو کتنے زیادہ حقوق ملے ہوئے ہیں۔ میرے مزارعے کا نام کرم دین ہے۔ اس کے بارے میں میرے پاس شکایتیں پہنچیں کہ اسے اپنی عزت آبرو کا ذرا لحاظ نہیں۔ میں نے اسے بلا کر ایک روز پوچھا' کرمے! میں نے سنا ہے تیری گھر والی نے کسی سے یاری لگا رکھی ہے۔ تو اسے کچھ نہیں کہتا۔ تیری غیرت نہیں جاگتی؟ وہ بولا' ملک صاحب! ہے تو یہ بالکل سچی گل۔ میری گھر والی نے پنڈ کے لوہار سے یاری لگا رکھی ہے۔ وہ ہر رات اس کے پاس چلی جاتی ہے۔ میں نے اسے بہت منع کیا۔ جھگڑا کیا' پر وہ نہیں مانتی۔ میں اسے چھوڑ بھی نہیں سکتا۔ گل ایسہ ہے جی۔ وہ سویرے ہی سویرے واپس آجاتی ہے۔ ڈھور ڈنگروں کو چارہ پانی دیتی ہے۔ میرے لیے روٹی تیار کرتی ہے۔ شام تک سارے ہی کام کرتی رہتی ہے۔ بچوں کو روٹی کھلا کر سلاتی ہے۔ میرے پاس آکر پوچھتی ہے اور کوئی کام تو نہیں کرنا؟ میں جب تک روکتا ہوں' رک جاتی ہے' فیر لوہار کے پاس چلی جاتی ہے۔ ملک صاحب! میں نے اس سے اور کیا لینا۔ دن بھر تو وہ میری گھر والی ہی رہتی ہے نا۔ ویسے کبھی کبھار رات کو میرے پاس ٹھیر بھی جاتی ہے۔ پر یہ اس کی مرضی پر ہے۔" احسان شاہ نے نشے کی ترنگ میں زور کا قہقہہ لگایا۔ "تو ہی بتا فیروز خاں نے کیسی زبردست دلیل پیش کی۔ اور سچ پوچھ تو بالکل صحیح پیش کی۔"

"تو نے جو کچھ بتایا' کیا یہ سچ ہے؟"

"بالکل سچ ہے۔" احسان شاہ نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "ملک فیروز خاں نون کی یہ تقریر تو دستور ساز اسمبلی کے ریکارڈ میں موجود ہے۔ سارے ہی اخباروں میں چھپ چکی ہے۔ میں نے بھی اسے اخبار ہی میں پڑھا تھا۔ میں کب اسمبلی میں بیٹھا تھا۔"

رحیم داد کچھ نہ بولا۔ بارش اب رک چکی تھی۔ رحیم داد نے گردن اٹھا کر باہر دیکھا اور برآمدے میں چھائی ہوئی خاموشی توڑی۔ "پانی تو اب تھم چکا ہے۔" اس نے احسان شاہ کا چہرہ نظر بھر کر دیکھا۔

"شاہ جی! میری گل کا اب تک کوئی جواب نہیں ملا؟"

"کون سی گل؟" احسان شاہ نے دریافت کیا۔

"وہی ماکھے کے بازو کی واپسی کی گل۔" رحیم داد نے لہجے میں نرمی پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "شاہ جی! میری خوشی ہے کہ تو اس کی گھر والی واپس دے دے۔"

"چوہدری' تو کہتا ہے تو دے دوں گا۔" احسان شاہ رضامند ہوگیا۔ "پر ماکھا اس کا ناس مار دے

گا۔ تو نے اسے دیکھا نہیں۔ بہت زوردار جٹی ہے۔ ایک نمبر دانا ہے۔"

"وہ جیسی بھی ہے' میں چاہتا ہوں تو اسے ماکھے کے حوالے کردے۔" رحیم داد بے تکلفی سے مسکرایا۔ "شاہ جی! تیں نوں یہ بات ماننی ہوگی۔"

"میں نے کب انکار کیا۔ تیری گل ضرور مانوں گا۔ اب تو تجھ سے یاری ہوگئی ہے۔" احسان شاہ نے سرخوشی کے عالم میں کہا۔ "پر ایک شرط پر واپس کروں گا۔"

"کیا شرط ہے؟ وہ بھی بتادے۔"

"تو آج رات یہیں ٹھیرے گا۔ ویسے بھی رستہ خراب ہے۔ بارش کیچڑ میں اتنی رات گئے کیسے واپس جائے گا؟"

"شاہ جی! تیری یہی شرط ہے تو ٹھیر جاؤں گا۔" رحیم داد ہنس کر بولا۔ وہ واپسی کے متعلق پہلے ہی تذبذب میں مبتلا تھا۔ احسان شاہ نے زور دیا تو وہ بلا جھجک ٹھہرنے پر راضی ہوگیا۔

"پر چوہدری تو نے میری پوری گل نہیں سنی۔"

"وہ بھی بتادے۔" رحیم داد بدستور مسکراتا رہا۔

"شرط ورط کیا ہے' یوں سمجھ لے' یہ میری خوشی ہے۔ رسیلی آج تیرے کمرے میں رہے گی تاکہ تجھے بھی پتہ چل جائے' میں نے ۵ سال سے اسے اپنے پاس کیوں رکھ چھوڑا ہے۔"

"نہیں شاہ جی! ایسا نہیں ہوگا۔" رحیم داد نے صاف انکار کردیا۔

"تو جوان بندہ ہے۔" احسان شاہ نے تیوری پر بل ڈال کر تیکھے لہجے میں کہا۔ "جانے تو نے کیسی زمیں داری کی ہے۔ اللہ وسایا کی طرح تو بھی پہلے مزارع تو نہیں رہ چکا ہے؟"

رحیم داد سرا سیمہ ہوگیا۔ اس نے جھٹ صفائی پیش کی۔ "ایسی گل نہیں۔ میں کتنا وڈا زمیں دار تھا' یہ تو میرا کلیم دیکھ کر تو اندازہ لگا سکتا ہے۔" اس نے بات بنائی۔ "گل ایہ ہے جی! میرا پیو تھا تو وڈا زمیں دار پر بہت نیک بندہ تھا۔ اس نے میری ماں کے سوا زندگی بھر کسی دوسری زنانی کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھا۔"

"پر تو اپنے پیو کے رستے پر چل کر ادھر زمیں داری نہیں چلا سکتا۔ مزارعے تیرے بس میں نہیں آئیں گے۔ ان کو دبا کر رکھنے کے لیے ایسا کرنا ہی پڑے گا۔" احسان شان نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے اصرار کیا۔ "تجھے میری یہ گل تو ماننی ہی پڑے گی۔ دیکھ' ضد نہ کر۔ میں نے تیری گل مانی ہے تو تجھے بھی میری گل ماننی ہوگی۔" وہ نشے سے جھوم کر ہنسا۔ "اب یاری کی ہے تو اسے نباہنا بھی پڑے گا۔ میں تو یاروں کا یار ہوں۔"

احسان شاہ نے گلاس ختم کیا۔ شیدا کو بلایا۔ وہ آیا تو اسے کھانا چننے کی ہدایت کی۔ رحیم داد چپ بیٹھا رہا۔

کھانے کا کمرہ برابر ہی تھا۔ دونوں نے وہاں جاکر کھانا کھایا۔ کھانا مرغن اور خوش ذائقہ تھا مگر رحیم داد زیادہ نہ کھا سکا۔ کھانے سے فارغ ہوکر احسان شاہ حویلی کے زنان خانے کی جانب چلا گیا۔

☆

دیوان خانے کا ایک دروازہ ایک طویل راہداری میں کھلتا تھا۔ آگے مختصر باغیچہ تھا۔ باغیچے کے ایک طرف برآمدہ تھا۔ اس میں ایک سلسلے سے کئی کمرے تھے جو مہمانوں کے قیام کے لیے تھے۔

شیدا نے ایک کمرے میں رحیم داد کو پہنچا دیا۔ کمرہ خوب ہوادار تھا۔ دروازوں اور کھڑکیوں پر پردے پڑے تھے۔ کمرے کے ایک طرف مسہری بچھی تھی۔ اس پر اجلا بستر تھا۔ قریب ہی میز رکھی تھی۔ اس پر لیمپ روشن تھا۔ شیدا اسے کمرے میں چھوڑ کر باہر چلا گیا۔

رحیم داد بستر پر لیٹ گیا۔ اس نے لیمپ کی لو مدھم کردی۔ بارش پھر شروع ہوگئی تھی۔ بادل رک رک کر گرج رہے تھے۔ بجلی بھی کڑک رہی تھی۔ کمرے کی کھڑکی باغ کی جانب کھلتی تھی۔ ہوا کے بھیگے ہوئے جھونکے اندر آرہے تھے۔ رحیم داد نے آنکھیں بند کرلیں اور سونے کی کوشش کرنے لگا۔ مگر ذرا ہی دیر بعد دروازہ آہستہ سے چرچراتا ہوا کھلا۔ رحیم داد نے آنکھیں کھول دیں۔ مڑ کر دروازے کی جانب دیکھا کہ دھندلی روشنی میں ایک عورت دہلیز کے پاس کھڑی دروازہ بند کر رہی ہے۔ اس کی پشت رحیم داد کی جانب تھی۔ وہ سبز کنارے کا سرخ ریشمی لاچا باندھے ہوئے تھی۔

دروازہ بند کرنے کے بعد وہ مڑی۔ اس کا رنگ چمپئی تھا۔ صورت شکل گوارا تھی۔ البتہ آنکھیں روشن اور خوب صورت تھیں۔ اس نے ہاتھ اٹھا کر اپنی ناک کا کوکا درست کیا اور آہستہ آہستہ رحیم داد کی جانب بڑھنے لگی۔ وہ پچیس چھبیس سال کی جوان اور صحت مند عورت تھی۔ رحیم داد خاموش لیٹا رہا۔

عورت چپ چاپ آکر پائنتی کی جانب بستر پر پیر لٹکا کر بیٹھ گئی۔ بادل ایک بار زور سے گرجے۔ بارش تیز ہوگئی۔ رحیم داد تکیے کے سہارے اٹھ کر بیٹھ گیا۔ وہ عورت کو ایک ٹک دیکھتا رہا' پھر اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔

"تو ماکھے کی گھر والی ہے؟"

"ہاں جی! میں اس کی گھر والی ہوں۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھے بغیر جواب دیا۔

"تیرا نام کیا ہے؟" رحیم داد نے بات چیت آگے بڑھائی۔

"نام تو جی میرا سگراں ہے پر شاہ جی مجھے رسیلی کہتا ہے۔ اب سب اسی نام سے پکارتے ہیں۔
وہ آہستہ آہستہ بولتی رہی۔ "تو نے ماکھے کا نام لیا' تو اسے جانتا ہے؟"

"ہاں۔" رحیم داد نے گردن ہلا کر اقرار کیا۔ "یہ بتا' تجھے کبھی وہ یاد بھی آتا ہے؟"

"آتا تو ہے۔ پر اس سے کیا ہوتا ہے جی۔" رسیلی کا لہجہ بجھا بجھا تھا۔ "پنج سال سے اوپر ہو گئے
میں نے اسے نہیں دیکھا۔"

"اگر شاہ جی تجھے واپس بھیج دے' تو اس کے پاس چلی جائے گی؟"

"کیوں نہیں چلی جاؤں گی۔ وہ میرا گھر والا ہے۔"

"وہ تجھ سے دن رات محنت کرائے گا' نہ کھانے کو ٹھیک طرح روٹی دے گا۔ نہ ایسے عمدہ کپڑے
لتے پہننے کو دے گا اور نہ تجھے ایسا آرام ملے گا' جو یہاں حویلی میں مل رہا ہے۔" رحیم داد نے مسکرا
کر کہا۔ "تو یہ سب کچھ چھوڑ کر اس کے پاس چلی جائے گی؟"

"یہ بھی کوئی زندگی ہے جی۔" اس کے لہجے میں تلخی تھی' دبا دبا کرب تھا۔ "کبھی شاہ جی کے
ساتھ سوتی ہوں' کبھی اس کے پتروں کے ساتھ۔ تیرے ایسے مہمان ادھر آکر ٹھیرتے ہیں' تو ان
کے ساتھ بھی سونا پڑتا ہے۔" اس کی آواز میں رقت پیدا ہو گئی۔ "کئی تو ایسے مہمان آتے ہیں کہ
پوری روشنی میں سارے کپڑے لتے اترا دیتے ہیں۔ شراب کے نشے میں جانے کیسی گندی گندی
حرکتیں کرتے ہیں۔ میں تجھے کیا کیا بتاؤں؟ کیسے بتاؤں مجھ پر کیا کیا بیتتی ہے؟" اس نے گہری سانس
بھری' چہرہ غم زدہ ہو گیا۔ اس نے سر جھکا لیا۔ رحیم داد' دھندلی روشنی میں اس کا چہرہ ٹھیک سے
دیکھ سکا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا رہے تھے۔

رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ رسیلی بھی خاموش رہی۔ باہر تیز بارش ہو رہی تھی۔ ہوا کے بھیگے
ہوئے جھونکے کمرے کے اندر آتے' لیمپ کی لو بار بار بھڑکتی' دونوں کے سائے دیوار پر لہرا کر گڈمڈ
ہو جاتے۔ پھر رسیلی کی آواز خاموشی میں ابھری۔ "مجھے جھونک آ رہی ہے' تو نہیں سوئے گا؟" اس
نے انگڑائی لی۔

"تو کہہ تو لیمپ بجھا کر کپڑے اتار دوں۔"

اس نے یہ باتیں ایسی بے باکی اور دھڑلے سے کہیں کہ رحیم داد حیرت سے چونک پڑا۔ نظریں
اٹھا کر رسیلی کو دیکھا' منہ بگاڑ کر کسی قدر حقارت سے گویا ہوا۔ "تجھے اس طرح گل کرتے لاج بھی
نہیں آتی؟"

"کیسی لاج' اور کیسی عزت۔" اس نے تیکھی نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ "پنج سال سے اوپر

ہو گئے' اور توں مجھ میں لاج ڈھونڈتا ہے۔ وہ میرے پاس رہی کہاں۔ مزارعوں اور کمیوں کی کڑیوں
اور گھر والیوں کی عزت اور آبرو ہوتی ہی کب ہے؟ عزت شجت تو زمیں دارنیوں کے پاس ہوتی
ہے۔ وہ تو اپنے شریکوں کے سامنے بھی اوڑھنی کا بکل مار کر' منہ چھپا کے بیٹھتی ہیں۔ تانگے اور
موٹر میں سوار ہو کر کہیں جاتی ہیں تو چاروں طرف چدر باندھ دی جاتی ہے۔" اس کے چہرے پر دکھ
کے سائے منڈلانے لگے۔ "اپنا حال ایسہ ہے۔ دو برس ہوئے۔ اسی کمرے میں ایک وڈا افسر آکر
ٹھیرا۔ اس نے ایک نہیں' دو لیمپ جلوائے اور سویرے تک ننگا نچوایا۔"

"وہ تجھ سے اتنا ناراض کیوں ہو گیا تھا؟"

"میں نے جی اس سے صرف اتنی گل کی تھی کہ جب اس نے پوری روشنی میں میرے کپڑے
اتروانے چاہے تو میں نے انکار کر دیا۔ صاف' صاف کہہ دیا' میں کنجری نہیں ہوں۔ فیر تو جی' وہ اتنا
ناراض ہوا کہ خود تو آرام سے بیٹھا شراب پیتا رہا' اور مجھے ننگا نچواتا رہا۔ تھک جاتی تو گالاں نکالتا۔
گلے سے گلاس میں بھری ہوئی شراب اچھالتا۔ گر پڑتی تو اپنی چمڑے کی پیٹی سے مارنگا تا۔ منہ میں
پیشاب کرنے کی دھمکی دیتا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔

"تو نے منت سماجت نہیں کی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"بہت کی جی۔ پر وہ تو جی نشے میں دھت ہو رہا تھا۔" رسیلی نے بجھے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "اب
تو یہ بات پرانی ہو گئی۔ اس کے بعد تو جو جیسا کہتا ہے' ویسا ہی کرنا پڑتا ہے۔ مہمان ناراض ہو جائے
اور شاہ جی سے شکایت لگا دے تو وہ گندی' گندی گالاں نکالتا ہے۔ زور زور سے ٹھڈے مارتا
ہے۔"

"شاہ جی' جن دوسری زنانیوں کو اٹھوا کر یہاں لاتا ہے' وہ سب ایسا ہی کرتی ہیں؟"

"کرنا ہی پڑتا ہے جی۔ ایسا نہ کریں تو شاہ جی چمڑی ادھیڑ ڈالے۔" اس کے چہرے پر خوف کا سایہ
پھیل گیا۔ "روٹی ٹکر بند کر دیتا ہے۔ کئی کئی روز بھوکا رکھتا ہے۔"

"میں بھی شاہ جی کا مہمان ہوں۔" رحیم داد نے مسکرا کر دریافت کیا۔ "میرے بارے میں تو نے
کیا سوچ رکھا ہے؟"

"میں نوں کیہہ پتہ تو کیسا بندہ ہے۔" اس نے دبی زبان سے کہا۔ "جب تو نے مجھے اپنے کول
بٹھا لیا تو میں نوں تیرے بارے میں کیہہ سوچنا۔"

"میں نے تجھے نہیں بلوایا۔ تو واپس چلی جا۔"

"کیسے جا سکتی ہوں۔ دروازے پر شیدے کی ڈیوٹی لگی ہے۔ اس نے شکایت لگا دی تو شاہ جی

میرے گلے پڑ جائے گا۔ تو اسے نہیں جانتا۔ وہ بہت ظالم ہے۔ روٹی تو ٹھیک ٹھاک کھلاتا ہے
کپڑے لتے بھی بنوا کر دیتا ہے پر ظلم بھی ایسے ہی کرتا ہے۔"

"ایسا کر رسیلی!" رحیم داد نے کمرے میں پڑے ہوئے قالین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا
"تو اس پر سوجا۔ میں نوں تجھ سے کچھ نہیں لیتا۔"

وہ حیرت زدہ ہو کر بولی۔ "تو سچ کہہ رہا ہے۔" مگر فوراً ہی اس کا چہرہ مرجھا گیا۔ "لگتا ہے' میں تجھے
پسند نہیں آئی۔"

"ایسی کوئی گل بات نہیں۔" رحیم داد نے وضاحت کی۔ چند لمحے خاموش رہا' پھر اس نے کرید
پوچھا۔ "یہ بتا' تیرے پیٹ میں تو بچہ تھا نا؟ ماکھا یہی بتاتا تھا۔"

"تھا تو' پر حکیم جی نے پرانے چھپر کا پھوس اور گڑ ملا کر کھلایا۔ دوائی بھی دی۔ حمل گر گیا۔ سب
ٹھیک ہو گیا۔ پر بہت تکلیف ہوئی جی۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ دبی زبان سے پوچھا
"ماکھا تجھے کہاں ملا تھا؟"

"وہ مجھے کئی بار مل چکا ہے۔ تیرے لیے بہت پریشان رہتا ہے۔"

"پریشان تو جی رہتا ہی ہو گا۔" وہ افسردہ لہجے میں بولی۔ "میں اس کے لیے کم پریشان رہتی ہوں
شروع شروع میں تو بہت یاد آتا تھا۔ چھپ چھپ کر روتی تھی۔ شاہ جی کو پتہ چل جاتا تو گالاں نا
روٹی بند کر دیتا۔ وہ تو جی رونے بھی نہیں دیتا۔" وہ اپنی بات کہتے کہتے گہری سوچ میں ڈوب گ
رحیم داد نے پوچھا۔ "کیا سوچنے لگی؟"

"ماکھے کے بارے میں سوچ رہی تھی۔" اس کے چہرے پر غم کی پرچھائیاں منڈلانے لگیں
"کیسا ہے وہ؟"

"لگتا ہے' تو اسے ابھی تک بہت یاد کرتی ہے۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "پر اب تو اس
لیے پریشان نہیں رہے گی۔ کل سویرے وہ یہاں آ کر تجھے اپنے ساتھ لے جائے گا۔"

"نہیں جی! ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔" وہ حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر بولی۔ "ایسا تو ہو ہی نہیں سک
وہ شاہ جی کے پاس بار بار آتا رہا' منت سماجت کی' پیروں پر سر رکھ دیا پر شاہ جی نہ مانا۔ اب وہ
مان جائے گا۔" اس نے قدرے تامل کیا۔ "کوٹ کی جس زنانی سے اس کا جی بھر جاتا ہے' اسے
دیتا ہے۔ واپس بھی کر دیتا ہے پر اس کے لیے لمی رکم مانگتا ہے۔ ماکھا مجھے واپس لینے کے لیے کہ
سے اتنا روپیہ لائے گا؟ تیری گل سمجھ نہیں آئی۔"

"کل سویرے تجھے سمجھ آ جائے گی۔" رحیم داد نشے سے جھوم کر بولا۔ رسیلی نے رحیم د

گہری نظروں سے دیکھا۔ اس کے چہرے کے تاثرات صاف چغلی کھا رہے تھے کہ اسے رحیم داد کی
بات پر یقین نہیں آیا۔ مگر اس نے زبان سے کچھ نہیں کہا۔ رحیم داد کسی قدر بیزاری سے بولا۔

"اب میں نوں سونے دے اور خود بھی سوجا۔ کل تیرا ماکھا' تجھے آ کر لے جائے گا۔" وہ ٹانگیں
پھیلا کر لیٹ گیا۔

رسیلی خاموشی سے اٹھی اور قالین پر جا کر بیٹھ گئی۔ رحیم داد نے کروٹ بدلی' پھونک مار کر لیمپ
بجھا دیا۔ کمرے میں تاریکی چھا گئی۔ باہر ابھی تک بارش ہو رہی تھی۔ تیز ہوا درختوں کی شاخوں سے
الجھ کر پھڑپھڑا رہی تھی۔ رحیم داد پر نیند کا غلبہ ہوا۔ وہ گہری نیند سو گیا۔

سویرے اس کی آنکھ کھلی تو کمرہ خالی تھا۔ رسیلی جا چکی تھی۔ بارش بھی بند ہو چکی تھی۔ کمرے
کے باہر صبح کا اجالا پھیلا تھا۔ رحیم داد اٹھ کر بستر پر بیٹھ گیا۔ ذرا دیر بعد شیدا آ گیا۔ کمرے سے
متصل غسل خانہ تھا۔ شیدا نے رحیم داد کو غسل خانے میں پہنچا دیا۔

رحیم داد نہا دھو کر غسل خانے سے نکلا تو برآمدے کے سامنے باغیچے میں ہلکی ہلکی دھوپ پھیلی
تھی۔ درخت رات کی بارش سے ابھی تک بھیگے ہوئے تھے۔ وہ شیدا کے ہم راہ کھانے کے کمرے
میں چلا گیا۔ میز پر ناشتا لگایا جا چکا تھا۔ رحیم داد کے پہنچنے کے چند ہی منٹ بعد احسان شاہ بھی آ گیا۔
وہ اس وقت بوسکی کا لمبا کرتا اور سفید شلوار پہنے ہوئے تھا۔ کرتے میں سونے کے بٹن لگے تھے جن
پر جڑے ہوئے پکھراج کے نگینے جھل ملا رہے تھے۔

رحیم داد کو دیکھتے ہی احسان شاہ نے مسکرا کر کہا۔ "چوہدری! آرام نال نیند آئی؟ کوئی تکلیف تو
نہیں ہوئی؟" وہ کرسی کھسکا کر رحیم داد کے مقابل بیٹھ گیا۔ اس نے لسی کا گلاس اٹھایا اور غٹاغٹ
چڑھا گیا۔ مونچھیں ہاتھ سے صاف کیں' کھل کر مسکرایا۔ رحیم داد کی جانب ذرا سا جھکا۔

"رن کیسی تھی؟"

رحیم داد اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے بولا۔ "شاہ جی! میں نوں اپنے پنڈ واپس جانا ہے۔
ادھر سب پریشان ہوں گے۔ کسی کو پتہ نہیں' میں رات تیری حویلی میں رہا۔"

"کسی کو پتہ نہ چلے تو ٹھیک ہی ہے۔" احسان شاہ نے مشورہ دیا۔ "اور اللہ وسایا کو تو بالکل پتہ
نہیں چلنا چاہیے۔"

"یہ تو میں بھی چاہتا ہوں' اسے پتہ نہ چلے۔" رحیم داد نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔ "میں نوں
پتہ ہے' تیری اس کے ساتھ پرانی لگتی ہے۔ اسے معلوم ہو گیا تو برا منائے گا۔"

"اس بارے میں تو میں تجھ سے آگے آرام سے گل بات کروں گا۔ تجھے کئی باتیں بتانی ہیں۔ تو

ابھی کچھ نہیں جانتا۔"

رحیم داد نے گفتگو کا موضوع بدلا اور مطلب پر آگیا۔ "شاہ جی! تو نے ماکھے کے بارے میں کیا سوچا؟"

"سوچنا کیا ہے۔ تجھ سے جو وعدہ کیا ہے اسے پورا کروں گا۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "ویسے بھی اب تیری گل تو ماننی ہی پڑے گی۔ یارانہ جو ہوگیا۔ ساتھ بیٹھ کر پینے کے بعد تو سمجھ لے' یاری پکی ہوگئی' اس پر مہر لگ گئی۔ ایسی یاری دوستی کبھی نہیں ٹوٹتی' زندگی بھر چلتی ہے۔ ابھی نہیں' آگے تجھے اس کا ٹھیک سے اندازہ ہو جائے گا۔"

رحیم داد مسکرایا اور احسان شاہ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر گرم جوشی سے بھینچ لیا۔ رحیم داد کا قیاس غلط نہیں نکلا۔ احسان شاہ کے چہرے پر مسرت کی سرخی دوڑ گئی۔ اس نے شیدا کو بلایا۔ اسے ہدایت کی کہ ماکھا کو اس کے گھر سے بلا لائے۔ پھر وہ رحیم داد کی جانب متوجہ ہوا۔ "چوہدری! تیں نوں اتنا بتا دوں کہ ماکھا' رسیلی کا ناس مار دے گا۔ دو چار مہینے بعد ہی دیکھ لینا' وہ کھانگڑ اور مریل جئی بن کر رہ جائے گی۔"

"تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے۔" رحیم داد نے اس کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے کہا۔ "میں نوں تو یہ خوشی ہے' شاہ جی' تو نے میری بات مان لی۔"

احسان شاہ مسکرا کر خاموش ہوگیا۔

دونوں ناشتے سے فارغ ہو کر برآمدے میں گئے اور اطمینان سے کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ سامنے لان پر ہلکی زرد دھوپ پھیلی ہوئی تھی۔ بھیگی ہوئی گھاس پر بارش کے قطرے جھل ملا رہے تھے۔ آسمان بارش کے بعد گہرا نیلا نظر آرہا تھا۔ بادلوں کے ہلکے پھلکے ٹکڑے بلندی پر ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہے تھے۔ ہوا دھیمی تھی۔ حویلی کی دیواریں ابھی تک گیلی تھیں۔ احسان شاہ خوش گوار موڈ میں تھا۔ چہرے پر تازگی اور ہونٹوں پر ہلکی ہلکی مسکراہٹ تھی۔

مگر جیسے ہی ماکھا سر جھکائے شیدا کے ہم راہ سامنے آیا' احسان شاہ کے چہرے سے تازگی اڑ گئی' تیوری پر بل پڑ گئے۔ آنکھوں سے جھنجلاہٹ جھلکنے لگی۔ ماکھا چند لمحے خاموش کھڑا رہا' پھر وہ جھکا اور تیزی سے آگے بڑھ کر احسان شاہ کے قدموں پر گر پڑا' پیر پکڑے اور زار و قطار رونے لگا۔

احسان شاہ اور برہم ہوگیا۔ اس نے غصے سے ماکھا کی کمر پر ٹھوکر لگائی۔ گرج کر بولا۔ "سیدھا کھڑا ہو۔ زنانیوں کی طرح میرے سامنے ٹسوے نہ بہا۔"

احسان شاہ خاموش بیٹھا غصے سے پیچ و تاب کھاتا رہا۔ ماکھا اٹھ کر سیدھا ہوگیا تھا اور ایک

گوشے میں ذرا سہما نظریں جھکائے کھڑا تھا۔ احسان شاہ نے مڑ کر قریب کھڑے ہوئے شیدا کو دیکھا' چبھتے لہجے میں گویا ہوا۔

"شیدے! رسیلی اور اس کے بچوں کو یہاں لے آ۔"

رحیم داد نے احسان شاہ کو اس طرح جلال کے عالم میں دیکھا تو پریشان ہوگیا۔ اس نے کچھ کہا نہیں۔ چپ بیٹھا رہا۔ تھوڑی دیر بعد شیدا کے پیچھے پیچھے چلتی ہوئی رسیلی بھی آگئی۔ اس کے ہم راہ چار چھوٹے چھوٹے بچے بھی تھے۔ رسیلی کا لباس بدلا ہوا تھا۔ وہ نہا دھو کر آئی تھی اور نکھری نکھری نظر آرہی تھی۔ مگر اس کے بچے اتنے ہی گندے تھے۔ لباس بھی ان کے جسم پر میلے اور بوسیدہ تھے۔

احسان شاہ نے نظر بھر کر رسیلی کو دیکھا اور حاکمانہ انداز میں پوچھا۔ "ماکھا تجھے لینے آیا ہے' تو اس کے ساتھ جائے گی؟" رسیلی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ سر جھکائے گھبرائی ہوئی خاموش کھڑی رہی۔ ماکھا ہونق کی طرح منہ اٹھائے اسے بے چینی سے دیکھتا رہا۔ رحیم داد بھی رسیلی کی خاموشی پر حیرت زدہ تھا۔

احسان شاہ نے رسیلی کی جانب ایک بار پھر دیکھا' اونچی آواز سے بولا۔ "چپ کر کے کیوں کھڑی ہے؟ صاف صاف بتا' تو نے ماکھے کے ساتھ جانا ہے کہ نہیں۔ اپنی مرضی بتا' کیا چاہتی ہے؟"

"میری کیا مرضی ہے جی!" رسیلی نے سر اٹھائے بغیر رسان سے کہا۔ "جو حکم کرے گا ویسا ہی کروں گی۔"

"میرے حکم کو چھوڑ' اپنی گل کر۔"

"چلی جاؤں گی جی اس کے ساتھ۔" رسیلی نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "یہ میرا گھر والا ہے' ویاہ کر لایا ہے۔"

"لے سنبھال اپنا بازو اور اس کے چھوہرے' چھوہریاں۔" احسان شاہ نے ماکھا سے کہا۔ پھر رحیم داد کی جانب ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ "چوہدری کی خاطر واپس دے رہا ہوں۔ اس کی گل تو میں نے ماننی ہی تھی۔"

ماکھا ہاتھ جوڑ کر گڑگڑانے لگا۔ "تیری مہربانی ہے شاہ جی۔"

احسان شاہ خاموش بیٹھا رہا۔ ماکھا نے چھوٹے بچے کو گود میں اٹھا لیا' رسیلی کا ہاتھ تھاما' احسان شاہ کی جانب خوف زدہ نظروں سے دیکھا۔ اس سے اجازت چاہی۔

"اسے لے جاؤں جی؟"

"لے جا۔ دفع ہو یہاں سے۔" احسان شاہ نے بے زاری سے کہا۔

ماکھا آگے بڑھا' رسیلی اس کے ساتھ چلی۔ بچے بھی اس کے ہم راہ تھے۔ وہ سب آہستہ آہستہ برآمدے سے نکل گئے۔

رحیم داد نے احسان شاہ کا شکریہ ادا کرنے کے انداز میں کہا۔ "شاہ جی! تیری بہت بہت مہربانی۔ تو نے میری بات کی لاج رکھ لی۔" اس کے لہجے سے خوشامد آشکارہ تھی۔

"چوہدری میں یاروں کا یار ہوں۔" احسان شاہ نے مسکرانے کی کوشش کی۔ "آگے بھی آزما لینا۔ احسان شاہ کو اپنی بات کا ہمیشہ دھنی پائے گا۔ ایک بار وعدہ کرلوں گا تو اسے ضرور پورا کروں گا۔"

رحیم داد نے کچھ دیر ٹھیر کر جانا چاہا تو احسان شاہ مسکرا کر بولا۔ "اب تجھ سے آئندہ بھی ملنا جلنا رہنا چاہیے۔ تو اپنا پڑوسی زمیں دار ٹھیرا۔ آپس میں میل ملاپ بہت ضروری ہے۔ ایک دوسرے سے کام پڑتا ہی رہتا ہے۔" وہ بے تکلفی سے ہنسا۔ "دیکھ یہ آخری ملاقات نہیں ہونی چاہیے۔ یہاں آتا جاتا رہے گا تو میرا بھی چنگا وکت کٹے گا۔ تیرا دل بھی بہل جائے گا۔"

رحیم داد نے ایک بار پھر احسان شاہ کا شکریہ ادا کیا۔ احسان شاہ اسے رخصت کرنے حویلی کے پھاٹک تک آیا۔ گرم جوشی سے بغل گیر ہوا۔ پیٹھ تھپک کر بولا۔ "تجھ سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔" رحیم داد نے علیحدہ ہوتے ہوئے دوبارہ آنے کا وعدہ کیا۔ اپنی گھوڑی پر سوار ہوا اور کوٹلہ ہرکشن کی سمت روانہ ہوگیا۔

رات بھر کی بارش کے بعد پانی اور کیچڑ سے راستہ بہت خراب ہوگیا تھا۔ رحیم داد گھوڑی سنبھال سنبھال کر دوڑا رہا تھا۔ وہ گاؤں میں داخل ہوا تو پہر دن گزر چکا تھا۔ مہمان خانے کا ملازم' احمد اس کے انتظار میں پریشان بیٹھا تھا۔ رحیم داد کو دیکھتے ہی اس نے جلدی سے پوچھا۔

"چوہدری! تو اب تک کہاں رہا؟ رات زبردست بارش ہوئی۔"

رحیم داد نے حیلے سے کام لیا۔ "گھوڑی دوڑاتا نہر کے پار دور تک نکل گیا۔ واپسی پر بارش شروع ہوگئی۔ عالم پور نزدیک ہی تھا' ادھر چلا گیا۔ وہاں کے ایک زمیں دار سے اپنی جان پہچان ہے۔ بارش بہت تیز تھی۔ رات اسی کے پاس ٹھیر گیا۔"

"ہاں جی! اتنی زور کی برکھا میں واپسی کیسے ہو سکتی تھی؟" احمد نے قدرے توقف کے بعد پوچھا۔ "ناشتا لے آؤں تیرے لیے؟"

"نہیں' ناشتا میں نے ادھر ہی کرلیا تھا۔ بہت تھک گیا ہوں' اب آرام کروں گا۔ تو جا۔"

احمد چلا گیا۔ رحیم داد بستر پر لیٹ کر سو گیا۔ اس نے دوپہر کا کھانا بھی نہ کھایا۔ دن ڈھلے تک پڑا سوتا رہا۔ بیدار ہوا تو جسم ٹوٹ رہا تھا۔ اس نے غسل کیا' لباس تبدیل کیا اور باغ میں جا کر بیٹھ گیا۔ دو شام تک تنہا بیٹھا رہا۔ رات کا کھانا کھا کر وہ مہمان خانے میں واپس چلا گیا۔

کئی دن گزر گئے۔ اللہ وسایا ابھی تک واپس نہیں آیا تھا۔ اس کے بغیر رحیم داد کو شدید احساس تنہائی ہوا۔ گاؤں میں کسی اور سے اس کا میل جول نہیں تھا۔ نہ ہی کوئی ایسا تھا جس سے میل جول پیدا کیا جاتا۔ سارے ہی مزارعے اور کمی تھے۔ مگر تنہائی سے اکتانے کے باوجود نہ اس نے گھڑسواری کی' نہ نہر کی جانب گیا۔ اسے خدشہ تھا کہ احسان شاہ سے دوبارہ مڈبھیڑ نہ ہو جائے اور وہ اصرار کر کے اپنے ہم راہ پیراں والہ نہ لے جائے۔ وہ اب احسان شاہ سے ملنا اور اس کے پاس جانا نہیں چاہتا تھا۔

☆

اس شام موسم بڑا سہانا تھا۔ دوپہر تک بارش ہوتی رہی۔ دن ڈھلے بادل چھٹ گئے' مطلع صاف ہوگیا۔ گرد و غبار سے اٹے ہوئے درختوں اور پودوں کے پتے بارش سے دھل کر خوب صاف ستھرے ہوگئے تھے' ڈوبتے سورج کی نارنجی کرنوں میں دمک رہے تھے۔ ہوا سنسناتی ہوئی چل رہی تھی۔ اس میں فرحت اور تازگی تھی۔ رحیم داد باغ میں خاموش بیٹھا نکھری نکھری خوش گوار فضا سے لطف اٹھا رہا تھا۔ اسے پتہ بھی نہ چلا کہ ماکھا کب اس کے پہلو میں آکر کھڑا ہوگیا۔ وہ آہستہ سے کھنکارا تو رحیم داد نے پلٹ کر دیکھا۔ ماکھا اپنے گندے دانت نکال کر مسکرانے لگا۔

رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔ "تو کب آیا اور کیسے آیا؟"

"بس جی آ ہی گیا۔" اس کے لہجے میں خوشامد تھی۔ "چوہدری! تو نے میرا بازو واپس دلا دیا' میں تجھے کیسے بھول سکتا ہوں۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "رسیلی ٹھیک ٹھاک ہے؟"

"کیوں نہیں ٹھیک ٹھاک ہوگی جی!" ماکھا خوشی سے چہک کر بولا۔ "اپنے گھر میں لوٹ آئی ہے۔ بہت خوش ہے۔ اپنا گھر جی اپنا ہی ہوتا ہے۔ وہ بھی تیرے پاس آنا چاہتی تھی پر میں اسے نہیں لایا۔ سوچا' پہلے تجھ سے پوچھ لوں۔"

"تو اسے نہیں لایا۔ یہ ٹھیک کیا۔ بلکہ تو بھی نہ آیا کر۔ تو احسان شاہ کا مزارع ہے۔ اللہ وسایا کو تیرا اس طرح بار بار آنا برا لگے گا۔ تیرا کام بن گیا۔ جا موجاں کر۔ اب یہاں نہ آنا۔" اس نے ماکھا کو تنبیہہ بھی کی۔ "اور دیکھ' کسی کو پتہ نہ چلے' میں شاہ جی کی حویلی میں ٹھیرا تھا۔"

"اطمینان رکھ' میں کسی سے ایسی گل نہیں کروں گا۔ پر میں آج تیرے پاس ایک ضروری کام سے آیا تھا۔" اس نے سرگوشی کے انداز میں آہستہ سے کہا۔ "شاہ جی نے تجھے بلایا ہے۔ کوئی ضروری گل کرنی ہے۔ کہا ہے' آج ہی شام آجا۔"

"نہیں جی! میں اب اس کے پاس نہیں جاؤں گا۔ میں صرف تیری خاطر گیا تھا۔ تیرا کام بن گیا' اس کے ساتھ ہی میرا آنا جانا بھی بند ہو گیا۔"

"پر وہ کوئی بہت ضروری گل کرنا چاہتا ہے۔" ماکھا نے چوکنا نظروں سے ادھر ادھر دیکھا۔ "سن لینے میں کیا جاتا ہے۔ وہاں دیر تک نہ ٹھیرنا۔ نہیں جائے گا تو مجھ پر ناراض ہوگا۔"

"تیں نوں پتہ ہے' وہ کیا کہنا چاہتا ہے؟" رحیم داد کے لہجے میں پہلی سی بیزاری اور بے رخی نہیں تھی۔

ماکھا نے اس کے رویے میں لچک پائی تو مسکرا کر بولا۔ "یہ تو میں نوں پتہ نہیں۔ پر اتنا ضرور لگتا ہے' گل کچھ تیرے کام ہی کی ہوگی۔ شاہ جی کہتا بھی یہی تھا۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ سر جھکا کر سوچنے لگا کہ احسان شاہ کون سی ایسی اہم بات کہنا چاہتا ہے جس کے لیے ماکھا کو بھیج کر اسے بلایا ہے۔ ماکھا نے رحیم داد کو خاموش پایا تو قدرے عاجزی سے بولا۔ "تو چلا جائے گا تو شاہ جی مجھ سے خوش ہو جائے گا۔ تیں نوں تو ذرا دیر گل بات کرنی ہے۔ جب جی چاہے' لوٹ آنا۔ ہو سکتا ہے' کوئی بہت کام ہی کی گل ہو۔"

رحیم داد نے احسان شاہ کے پاس جانے کا فیصلہ کر لیا۔ ماکھا سے کہا۔ "تو جا' میں آج ہی شاہ جی کی حویلی پر پہنچ جاؤں گا۔ اسے بتا دینا۔"

ماکھا کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا۔ وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا باغ سے چلا گیا۔ رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ وہ گھاس پر ٹہلتا رہا اور سوچتا رہا کہ احسان شاہ اس سے کیا کہنا چاہتا ہے؟ اس کے ذہن میں کرید پیدا ہوئی' جس نے دھیرے دھیرے تجسس پھر بے چینی کی کیفیت اختیار کر لی۔

رحیم داد نے گھوڑی اصطبل سے نکلوائی۔ اس پر سوار ہوا اور احسان شاہ کی حویلی کی جانب روانہ ہو گیا۔ سورج غروب ہو چکا تھا مگر شفق کی سرخی نے فضا کو لالہ رنگ بنا دیا تھا۔ وہ گھوڑی دوڑاتا ہوا کوٹلہ ہرکشن سے نکلا' نہر کی طرف بڑھا۔

شفق کی گہری سرخ روشنی میں اسے نہر کے کنارے ایک شخص نظر آیا جسے دیکھتے ہی وہ سراسیمہ ہو گیا۔ وہ دارا تھا۔ رحیم داد نے اسے غور سے دیکھا۔ دونوں کی نظریں ملیں۔ رحیم داد نے اسے اچھی طرح پہچان لیا' ہاں وہ دارا ہی تھا۔

رحیم داد نے ایڑ لگا کر گھوڑی کی رفتار میں اضافہ کیا اور تیزی سے دارا کے قریب سے گزرتا ہوا آگے نکل گیا۔ اسے گمان گزرا کہ دارا نے اسے روکنے کے لیے ہاتھ بھی اٹھایا تھا۔ مگر رحیم داد نے اس کی جانب مطلق توجہ نہ دی' پلٹ کر دیکھا بھی نہیں' گھوڑی سرپٹ دوڑاتا رہا۔ وہ پیراں والہ کی جانب بڑھ رہا تھا اور دارا خطرہ بن کر اس کے سر پر منڈلا رہا تھا۔ وہ رہ رہ کر سوچ رہا تھا کہ دارا' اس کی مقتول بہن بیگماں کے گاؤں ڈھولہ امیر خان سے ادھر کیوں آگیا؟ کیسے آگیا؟ یہ سوالات اس کے ذہن میں منڈلاتے رہے اور وہ آگے بڑھتا گیا۔ دارا بہت پیچھے رہ گیا۔

☆

احسان شاہ اپنی حویلی کے سبزہ زار پر تنہا بیٹھا تھا۔ اس کے ارد گرد کئی خالی کرسیاں رکھی تھیں۔ میز پر اسکاچ کی بوتل' گلاس اور ٹھنڈے پانی سے بھرا ہوا جگ رکھا تھا۔ رات نکھری نکھری تھی' آسمان پر ستارے جگمگا رہے تھے' ہوا میں ہلکی ہلکی خنکی تھی۔ قریب ہی برآمدہ تھا۔ اس میں لیمپ روشن تھا۔ لیمپ کی روشنی میں احسان شاہ کا چہرہ نشے سے تمتما رہا تھا۔ وہ رک رک کر وہسکی کے گھونٹ بھر رہا تھا۔ اس کی نظریں بار بار برآمدے کی جانب اٹھ جاتیں۔ وہ بے چینی سے رحیم داد کا انتظار کر رہا تھا۔

رحیم داد برآمدے سے گزر کر لان میں پہنچا۔ احسان شاہ کرسی سے اٹھتے ہوئے بولا۔ "چوہدری! بہت انتظار دکھایا۔ کہاں لگا دی اتنی دیر؟" اس نے گرم جوشی سے رحیم داد کا ہاتھ تھاما اور اپنے برابر ہی ایک کرسی پر بٹھا لیا۔

رحیم داد نے صفائی پیش کرنے کے انداز میں کہا۔ "میں تو ماکھے سے تیرا پیغام ملتے ہی چل کھڑا ہوا تھا' پر تیں نوں پتہ ہے' برسات کے دن ہیں۔ ہر طرف پانی اور کیچڑ ہے' رستہ کچا ہے۔ یہاں پہنچتے پہنچتے رات ہو گئی۔ گھوڑی کو سنبھال سنبھال کر دوڑانا پڑا۔"

"ایسے موسم میں تو ان راستوں پر جیپ بہت کام دیتی ہے۔"

"وہ تو اپنے پاس ہے نہیں۔"

"اللہ وسایا نے تو تانگا بھی نہیں رکھا۔ وہ تو کسی طور زمیں دار ہی نہیں لگتا۔" احسان شاہ نے اللہ وسایا کے خلاف اپنی کدورت کا اظہار کیا۔ "بنسی لال' تھا تو منیجر' پر اس کے زمانے میں ایک چھوڑ دو تانگے ہوتے تھے اور ہر دیال تو ہمیشہ جیپ ہی میں کوٹلہ ہرکشن آتا جاتا تھا۔ اس میں زمیں داروں کی شان تھی۔ تھا بھی وڈے زمیں دار کا پتر۔"

"میں نے تو جی' ایک بھی تانگا نہیں دیکھا۔"

"فسادات شروع ہوئے تو بنسی لال بھاگ گیا۔" احسان شاہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "کوچوانوں نے لوٹ مار سے فائدہ اٹھایا۔ دونوں ہی تانگے لے کر نکل گئے۔" احسان شاہ نے خالی گلاس میں بوتل سے اسکاچ وہسکی انڈیلی' پانی ڈالا اور پیگ بنا کر رحیم داد کی جانب بڑھا دیا۔ "لے' پہلے تھوڑی سی لگا لے۔ باتیں تو ہوتی ہی رہیں گی۔"

رحیم داد نے گلاس تو لے لیا مگر دبی زبان سے بچنے کی کوشش بھی کی۔ "شاہ جی! آج رہنے دے۔ میں نوں پنڈ واپس بھی جانا ہے' زیادہ دیر نہیں ٹھیرنا۔ تو نے بلایا' میں چلا آیا۔"

"چوہدری! خاما خا کی بات نہ کر۔" احسان شاہ نے مسکرا کر کہا۔ "بس اب شروع ہو جا۔ واپسی کی بعد میں دیکھی جائے گی۔"

احسان شاہ نے رحیم داد کے گلاس سے اپنا گلاس ٹکرا کر ہاتھ اونچا کیا' ہلکا قہقہہ لگایا اور گلاس ہونٹوں سے لگا لیا۔ رحیم داد نے بھی گھونٹ بھرا' بھیگی ہوئی مونچھیں ہاتھ سے صاف کیں اور گلاس میز پر رکھتے ہوئے پوچھا۔ "شاہ جی! ایسی کون سی خاص گل تھی جس کے لیے تو نے مجھے بلوایا؟"

احسان شاہ نے بے نیازی سے کہا۔ "بس تجھ سے ذرا گپ شپ کرنے کو جی کرتا تھا۔ سوچا تو ادھرا کیلا ہے' آجائے گا تو تیرے ساتھ اپنا دل بھی بہل جائے گا۔"

"پر ماکھا تو کہتا تھا' کوئی خاص گل کرنی ہے' فوراً آنے کو کہا ہے۔"

"ماکھا ٹھیک ہی کہتا تھا۔" احسان شاہ نے خمار آلود نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ "خاص گل شل کیا ہے۔ تجھ سے کچھ پوچھنا تھا۔ تیرے ہی مطلب کی گل ہے۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ "ہاتھ کیوں روک لیا؟ سارا گلاس ویسا ہی رکھا ہے۔ اسے آدھا تو کر۔ تجھے کچھ سرور شرور ہو جائے تو گل کرنے میں مزا بھی آئے۔"

رحیم داد نے بڑا گھونٹ بھرا اور ایک تہائی گلاس خالی کر دیا۔ اس نے منہ بگاڑا۔ احسان شاہ نے نمکوں کی پلیٹ سامنے کر دی۔ رحیم داد ایک نمکا اٹھا کر چبانے لگا۔ چٹ پٹا تھا۔ رحیم داد کے منہ کی کڑواہٹ کم ہو گئی۔ تھوڑا سا سرور بھی ہوا مگر وہ یہ جاننے کے لیے بے چین تھا کہ احسان شاہ کیا پوچھنا چاہتا ہے۔ اس کے ذہن میں کھلبلی مچی ہوئی تھی۔ تجسس کے ساتھ ساتھ خدشات اور وسوسے بھی تھے۔

احسان شاہ نے رحیم داد کو زیادہ دیر ذہنی خلفشار میں مبتلا نہیں رکھا۔ اس نے قدرے سنجیدگی سے دریافت کیا۔ "چوہدری! تو نے اپنی زمیں داری کا مختار تو اللہ وسایا کو بنا دیا' پر یہ بھی پتہ ہے کہ مختار نامے میں لکھا کیا تھا؟"

"یہ تو جی پتہ نہیں۔ میں نوں انگریزی نہیں آتی۔ مختار نامہ انگریزی میں تھا۔" رحیم داد نے سادگی سے کہا۔ "وکیل نے جہاں جہاں بتایا' میں نے دستخط لگا دیئے۔" اس کے لہجے میں تجسس پیدا ہو گیا۔ "پر یہ گل تو کیوں پوچھ رہا ہے؟"

"لگتا ہے تو اپنی زمیں داری کے بارے میں لکھا پڑھی کے سارے کام منشی یا کاردار کے ذریعے کراتا رہا ہے۔ تجھے اس پر پورا پورا بھروسہ بھی ہو گا۔" احسان شاہ نے ہنس کر کہا۔ "میں نے غلط تو نہیں کہا؟"

"تو نے ٹھیک ہی سوچا' بالکل یہی بات ہے۔" رحیم داد نے احسان شاہ سے اتفاق کرتے ہوئے اپنی لاعلمی کی پردہ پوشی کی۔

"تبھی تو نے آنکھ بند کر کے ایسی پکی دستاویز پر دستخط کر دیئے۔ مختار نامہ تو سٹامپ پیپر ہی پر ہو گا؟"

"ہاں جی' سٹامپ پیپر ہی پر تھا۔" رحیم داد کے چہرے سے ہلکی ہلکی پریشانی جھلکنے لگی۔ "پر تو اس کے بارے میں کیا بتانا چاہتا ہے؟"

"یہ بتانا ہے' تو نے یہ غلط کام کیا۔ اس طرح دستخط نہیں کیے جاتے۔"

"وہ تو ہو گئے۔ اب اس کے بارے میں کیا کہنا چاہتا ہے؟"

"اللہ وسایا نے اگر مختار نامے کی بجائے بیع نامے پر تجھ سے دستخط کروا لیے تو؟" احسان شاہ نے رحیم داد کے ذہن میں شبہات پیدا کرنے کی کوشش کی۔ مگر رحیم داد نے تذبذب میں مبتلا ہونے کے باوجود اس کا اظہار نہیں کیا۔ "نہیں شاہ جی! تیں نوں پتہ نہیں' اللہ وسایا میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتا۔"

"یہ جائیداد اور ملکیت بہت ظالم ہوتی ہے۔" احسان شاہ نے وہسکی کی چسکی لگاتے ہوئے کہا۔ "بھائی کو بھائی کے خلاف' بیٹے کے خلاف پتر کو مدعی اور مدعالیہ بنا کر عدالت تک پہنچا دیتی ہے۔ ایسی دشمنی ڈالتی ہے کہ خون ہو جاتے ہیں۔ تو نے بھی ایسے کتنے ہی جھگڑے دیکھے ہوں گے۔ اللہ وسایا سے تیرا سگا رشتہ بھی نہیں۔ فیر وہ ایسا کیوں نہیں کر سکتا؟"

"یہ تو ٹھیک ہے جائیداد اور زمین کی ملکیت پر سگے رشتے ٹوٹ جاتے ہیں۔ کھدے بازی بھی ہوتی ہے۔ خون بھی ہو جاتے ہیں' پر میں نوں اتنا پتہ ہے' اللہ وسایا ایسا نہیں ہو سکتا۔" رحیم داد اپنی بات پر اڑا رہا۔ "یہ بتا' ایسی گل تو نے اللہ وسایا کے بارے میں کیوں سوچی؟"

"ٹھیک ٹھیک سننا چاہتا ہے تو سن لے۔" احسان شاہ کے لہجے میں گہری سنجیدگی تھی۔ "میں

نوں پتہ چلا ہے' اللہ وسایا نے تجھ سے بیع نامے ہی پر دستخط کرائے ہیں۔ وہ زمیں اور حویلی کی ملکیت اپنے نام کرانے کی کوشش کر رہا ہے۔ میرا منیجر مہربان علی ایک کیس کی پیروی کے سلسلے میں کل شہر گیا تھا۔ وہیں صدر دفتر کے ایک محرر نے اسے یہ گل بتائی۔ اللہ وسایا بھی وہاں موجود تھا۔ اس کا وکیل کوشش کر رہا ہے کہ کام پنچیتی نال پورا ہو جائے۔"

"تیرے منیجر نے غلط بتایا۔" رحیم داد نے احسان شاہ کی اطلاع درست تسلیم نہیں کی۔ "اللہ وسایا تو کیمبل پور میں ہے اور میں نوں پتہ ہے' اس کا شہر میں رکنے کا کوئی ارادہ نہیں۔ وہ تو ابھی تک کیمبل پور ہی میں ہو گا۔ وہاں سے سیدھا اپنے پنڈ آئے گا۔"

"تو بھی ٹھیک کہہ رہا ہے۔" احسان شاہ نے اس سے الجھنے کی کوشش نہیں کی۔ "اللہ وسایا نے یہی بتایا ہو گا۔ پر میرا منیجر مجھ سے غلط بات نہیں کہہ سکتا۔" اس نے پہلو بدلا۔ "یہ بتا' تو جسے مختار نامہ بتاتا ہے' اس کی تیرے پاس کوئی نقل شقل بھی ہے؟"

"وہ تو جی میرے پاس نہیں ہے۔ نہ میں نے مانگی اور نہ وکیل نے مجھے دی۔ میں نے اس کی ضرورت ہی نہیں سمجھی۔ برا نہ منانا شاہ جی! تیری گل سمجھ نہیں آتی۔ اگر اللہ وسایا کے دل میں کھوٹ ہوتی تو وہ حویلی اور زمین کی الاٹمنٹ کے بعد پنڈ کے سارے مزارعوں اور کمیوں کو اکٹھا کر کے یہ بات سب کو صاف صاف نہ بتاتا۔ تیں نوں پتہ نہیں' اس نے ایسا ہی کیا تھا۔"

"تیرا مطلب ہے' میں جھوٹ بول رہا ہوں؟" احسان شاہ بھڑک اٹھا۔ "چوہدری! تیں نوں معلوم نہیں' تو کس سے بات کر رہا ہے۔ پہلے میں آنریری مجسٹریٹ ہوتا تھا۔ عدالت لگاتا تھا۔ مکدموں کے فیصلے سناتا تھا' پر میں نے خود ہی مجسٹریٹی چھوڑ دی۔ زمیں داری کے بکھیڑے کیا تھوڑے تھے جو اس بکھیڑے میں پڑا رہتا۔ بہت اصرار کیا پر میں راضی نہ ہوا۔ دوسرے اس کے لیے جانے کیسی کیسی کوشش کرتے ہیں۔ منتیں کرتے ہیں۔ سفارشیں پہنچاتے ہیں۔" اس نے جھنجلا کر منہ بگاڑا۔ "میں نوں تیری جائیداد اور ملکیت سے کیا لینا۔ میرے پاس کچھ کم مربعے ہیں۔"

رحیم داد اس کی برہمی سے سخت مرعوب ہوا۔ لہجے میں نرمی پیدا کرتے ہوئے بولا۔ "شاہ جی! تو میری بات کا غلط مطلب سمجھا۔"

"تیرا مطلب کچھ ہی ہو۔ گل اصلی ایہہ ہے' میں یاری کرتا ہوں تو اسے نباہتا بھی ہوں۔ اب یہی دیکھ' مجھے جیسے ہی مہربان علی سے معلوم ہوا' فوراً تجھے بلایا اور سب کچھ بتا دیا تاکہ تو ہوشیار ہو جائے۔ آگے تیری مرضی۔"

"شاہ جی! یہ تیری مہربانی ہے۔" رحیم داد کے لہجے سے خوشامد صاف جھلک رہی تھی۔

احسان شاہ یہی سننا بھی چاہتا تھا۔ اس کے چہرے پر چھائی ہوئی خشونت مٹنے لگی۔ اس نے سنجیدگی سے کہا۔ "ویسے یہ بتا دوں' مہربان علی پٹواری سے ملا تھا۔ اس نے رجسٹر خسرہ گرداوری دیکھا ہے۔ ابھی تک انتقالات تیرے ہی نام ہیں۔" احسان شاہ نے وہسکی کا بڑا گھونٹ بھرا' شیدا کو بلایا اور کھانا لگانے کی ہدایت کی۔

کھانے سے فارغ ہو کر احسان شاہ نے رحیم داد کو روکنا چاہا مگر رحیم داد رضامند نہیں ہوا۔ اسے خدشہ تھا کہ صبح واپس گیا تو دارا پھر نہ مل جائے۔ رحیم داد نے جب سے دارا کو دیکھا تھا' سخت پریشان تھا۔ دارا خطرہ بن کر اس کے ذہن پر چھایا ہوا تھا۔ اس نے یہ سوچ کر خود کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ ہو سکتا ہے' دارا اسے پہچان نہ سکا ہو۔ وہ منہ موڑ کر تیزی سے گھوڑا دوڑاتا اس کے پاس سے نکل گیا تھا۔ اب وہ دوبارہ ایسا خطرہ مول لینا نہیں چاہتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ احسان شاہ کے اصرار کے باوجود نہیں ٹھہرا۔

جب وہ گھوڑی پر سوار ہو کر واپس ہوا تو آدھی سے زیادہ رات بیت چکی تھی۔ صاف شفاف آسمان پر پورا چاند چمک رہا تھا۔ ہر طرف اجلی اجلی چاندنی چھٹکی ہوئی تھی۔ رحیم داد نہر کے ساتھ ساتھ گھوڑی دوڑانے لگا۔ اور رفتار بتدریج تیز کرتا گیا۔

وہ کوٹلہ ہرکشن میں داخل ہوا تو رات ڈھل رہی تھی۔ مہمان خانے میں پہنچا تو احمد نے دروازہ کھول کر رحیم داد کو پہلی خبر یہ سنائی کہ اللہ وسایا سرشام ہی واپس آگیا۔

رحیم داد پریشان ہو گیا۔ وہ شراب کے نشے میں چور تھا اور سیدھا احسان شاہ کے پاس سے آرہا تھا۔ اس نے سوچا' اگر اس وقت اللہ وسایا کی آنکھ کھل گئی اور وہ اس سے ملنے مہمان خانے میں آگیا تو بڑی مشکل ہو جائے گی' لہٰذا اس نے احمد سے بات چیت نہیں کی' جو کچھ اس نے کہا خاموشی سے سن لیا۔ کپڑے تبدیل کیے۔ شلوار اتار کر دھوتی باندھی اور چپ چاپ بستر پر لیٹ گیا۔ مگر اسے جلد نیند نہیں آئی۔ وہ دیر تک احسان شاہ کی بات پر غور کرتا رہا۔ اس کے ذہن میں طرح طرح کے شبہات پیدا ہو رہے تھے۔ وہ برابر یہ کوشش کرتا رہا کہ اللہ وسایا کے بارے میں کوئی بدگمانی دل میں نہ آنے دے۔ مگر شبہات بار بار سر اٹھاتے اور دماغ میں کھلبلی مچا دیتے۔ اسی ذہنی انتشار میں وہ سو گیا۔

سویرے سویرے اللہ وسایا مہمان خانے میں آگیا۔ اس نے دروازے سے داخل ہوتے ہی پوچھا۔ "چوہدری! رات کہاں رہا؟ میں تو تیرے جانے کے تھوڑی ہی دیر بعد پہنچ گیا تھا۔ پتہ چلا تو

گھوڑی پر بیٹھ کر نہر کی طرف گیا ہے۔ میں دیر تک انتظار کرتا رہا۔"

رحیم داد اس سوال کے لیے خود کو پہلے ہی تیار کر چکا تھا۔ ہونٹوں پر مسکراہٹ بکھیرتے ہوئے بولا۔ "تو چلا گیا تو اکیلے میں جی بہت گھبرایا۔ تیں نوں پتہ ہے' اپنا یہاں اور کوئی میل جول کا نہیں۔ کل شام گھوڑی پر بیٹھ کر دل بہلانے نہر کی طرف نکل گیا۔ رستے میں ایک پرانا جاننے والا مل گیا۔ ضد کر کے اپنے گھر لے گیا۔ عالم پور کے نزدیک اس کا پنڈ ہے۔ ڈیڑھ سو کلا کے لگ بھگ زمیں داری ہے۔ مزے سے گزر بسر ہو رہی ہے۔ رات کی روٹی بھی میں نے اس کے ساتھ کھائی۔ بعد میں گپ شپ لگی تو آدھی رات ہو گئی۔ وہ تو روکتا تھا پر میں نہ رکا۔"

"تو پہلے بھی تو ایک رات اسی کے ہاں ٹھیرا تھا۔" اللہ وسایا نے کرسی پر اطمینان سے بیٹھتے ہوئے کہا۔ "کوئی پرانا یار لگتا ہے۔ پر تو نے پہلے اس کا ذکر نہیں کیا۔"

رحیم داد نے یہ سنا تو حیرت بھی ہوئی اور غصہ بھی آیا کہ احمد نے اللہ وسایا کو اس کے بارے میں ایک ایک بات کی رپورٹ پہنچا دی ہے۔ اس نے اپنی جھنجلاہٹ دبا کے جھٹ بات بنائی۔ "مجھے تو پہلی بار پتہ چلا کہ وہ ادھر ہے' برسوں بعد ملا تھا۔ شکور نام ہے اس کا۔ پٹیالہ کا مہاجر ہے۔ جن دنوں میں خوشاب میں ہوتا تھا' وہ ساتھ ہی کے مکان میں رہتا تھا۔" وہ اطمینان سے جھوٹ پر جھوٹ بولتا رہا۔ "پچھلی بار تو اس لیے اس کے پاس ٹھیرنا پڑا کہ اچانک برکھا شروع ہو گئی' ساری رات ہوتی رہی۔ ایسے میں کیسے واپس آسکتا تھا۔"

"تو نے ٹھیک کیا جو ادھر ہی ٹھیر گیا۔ بارش میں تو سارے ہی رستے خراب ہو جاتے ہیں۔ برسات کی اندھیری راتوں میں تو ان کچے رستوں پر ہرگز سفر نہیں کرنا چاہیے۔"

رحیم داد نے گفتگو کا موضوع بدلتے ہوئے پوچھا۔ "گھر والی اور بچے بھی تیرے ساتھ ہی واپس آگئے یا ابھی کیمبل پور ہی میں ہیں؟" اس نے قدرے توقف کیا۔ "تو کچھ جلدی نہیں آگیا؟"

"ہاں جی' میں جلد ہی آگیا۔ کیمبل پور میں گرمی بہت تھی۔ ادھر اب تک بارش نہیں ہوئی۔ میں تو بہت گھبرا گیا تھا۔ پر جمیلہ جلد آنے کو تیار نہیں تھی۔ وہ تو جاتے ہی دیاہ کی ریتاں رسماں میں ایسی الجھی کہ اس سے ملنا ہی نہ ہوتا تھا۔ وہ تو دیاہ کے بعد بھی وہاں کچھ روز ٹھیرنا چاہتی تھی۔ پر میں ضد کر کے اسے اور بچوں کو اپنے ساتھ ہی لے آیا۔"

"دیاہ تو ٹھیک ٹھاک ہو گیا؟"

"ہاں جی' سب ٹھیک ٹھاک رہا۔" اللہ وسایا نے جواب دیا۔ "جمیلہ نے سارے کام کاج ایسی شان سے کیے کہ شرفاں کے سسرال والے خوش ہو گئے۔ اتنے خوش کہ چوہدری' میں تجھے کیا

بتاؤں۔ انھوں نے تو سوچا بھی نہیں تھا کہ اتنی دھوم دھام سے دیاہ ہو گا۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "ادھر جمیلہ بھی بہت خوش تھی۔ جب ملی' ہنستی مسکراتی ملی۔ اسے تو مزا آرہا تھا۔ پر اپنا جی اکتا گیا۔ کچھ ضروری کام بھی کرنے تھے۔"

آخری جملہ سن کر رحیم داد چونکا۔ معاً اسے وہ بات یاد آگئی جو گزشتہ شب احسان شاہ نے اللہ وسایا کے بارے میں بتائی تھی۔ اس نے اللہ وسایا کو ٹٹولنے کی غرض سے ہچکچاتے ہوئے پوچھا۔

"تو پرسوں شہر میں تھا؟ واپسی میں وہاں بھی ٹھیرا تھا؟"

اللہ وسایا نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ "ٹھیرا تو تھا پر تیں نوں کیسے پتہ چلا؟"

"شکور ہی نے بتایا تھا۔ وہ بھی اس روز شہر میں تھا۔" رحیم داد نے بات بنانے کی کوشش کی۔

"پر میں تو اسے بالکل نہیں جانتا۔" اللہ وسایا بدستور حیرت زدہ تھا۔

"تو اسے نہیں جانتا پر وہ تو تجھے جانتا ہے۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا' اس کے لہجے سے خوشامد عیاں تھی۔ "تو اتنا وڈا زمیں دار ہے' تجھے ادھر کا کون بندہ نہیں جانتا۔ زمیں دار تو سب ہی جانتے ہیں۔" اس نے اپنی بات میں وزن پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "وہ تجھ سے بہت ملنا چاہتا ہے۔ تو کہہ تو اسے کسی روز بلوالوں؟"

"ضرور بلوالے۔ تیرا پرانا ملنے والا ہے۔ بھلا ہی بندہ ہو گا۔" اللہ وسایا نے اس کی حوصلہ شکنی نہیں کی۔

"میں کسی روز اس کی طرف جاؤں گا اور اپنے ساتھ ہی لیتا آؤں گا۔ اس سے مل کر تو خوش ہو گا۔"

اللہ وسایا نے شکور کے ذکر میں دلچسپی کا اظہار نہیں کیا۔ بات کا رخ شرفاں کی شادی کی جانب موڑ دیا اور اس میں جمیلہ کی سرگرمی اور انہماک مسکرا مسکرا کر بیان کرتا رہا۔ اس کے طرز اظہار سے بخوبی اندازہ ہوتا تھا کہ جمیلہ نے اس کی پھوپھی زاد بہن کے بیاہ میں جوش و خروش کا جو مظاہرہ کیا تھا' وہ اس سے بہت خوش ہے۔ وہ کچھ دیر تک بیٹھا شرفاں کی شادی کے ہنگاموں کا ذکر کرتا رہا پھر کھڑا ہو گیا۔

اس کے جانے کے بعد رحیم داد فکر مند ہو گیا۔ سوچنے لگا' احسان شاہ نے گزشتہ شب جو کچھ بتایا تھا' وہ درست تھا؟ کیا اللہ وسایا نے وکیل کے ساتھ ساز باز کر کے مختار نامے کے بجائے اس سے بیع نامے پر دستخط کرائے ہیں؟ کیا وہ حویلی اور زمیں دوبارہ اپنے قبضے میں کرنے کی کوشش کر رہا ہے؟

واپسی میں اس نے شہر میں ایک روز کیوں قیام کیا تھا؟ اور وکیل کے ہمراہ صدر دفتر کس لیے گیا تھا؟

یہ اور ایسے کتنے ہی سوالات اس کے ذہن میں ابھرتے رہے' ڈوبتے رہے رحیم داد مخمصے میں پڑ گیا اور تمام وقت اسی فکر میں غلطاں و پیچاں رہا۔

☆

برسات کی سہانی شام تھی۔ گہرا نیلا آسمان آئینے کی مانند جھلک رہا تھا۔ بھیگی بھیگی ہوا میں سرسراہٹ تھی۔ درخت اور پودے جھوم رہے تھے۔ گھاس میں لہریں اٹھ رہی تھیں۔ باغ میں رحیم داد کے ساتھ اللہ وسایا بیٹھا تھا۔ جمیلہ بھی موجود تھی۔ وہ نہا دھو کر آئی تھی۔ شگفتہ اور نکھری نکھری نظر آرہی تھی۔ موسم کی مناسبت سے وہ دھانی کرتا اور اسی رنگ کی شلوار پہنے ہوئے تھی۔ البتہ چندری رنگ برنگی تھی مگر اس پر سبز دھاریں بہت نمایاں تھیں۔ ہر طرف پھیلی ہوئی ہریالی کے پس منظر میں اس کی خوبصورتی میں تابندگی تھی' نئی سج دھج تھی۔ رحیم داد نے اسے دیکھا تو سینے میں دھواں سا اٹھتا محسوس کیا۔ وہ مبہوت ہو کر ایک ٹک اس کا چہرہ دیکھتا رہا۔

جمیلہ کا ہر انداز صاف چغلی کھا رہا تھا کہ اسے اپنی دل کشی اور رعنائی کا پورا پورا احساس ہے۔ رحیم داد کی بہکی بہکی نظریں دیکھ کر وہ مسکرائی۔ اس کے گلابی ہونٹ تازہ پھول کی پنکھڑیاں بن گئے۔ اس نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر پوچھا۔

"چوہدری! کل رات تو کدھر رہا؟"

اللہ وسایا نے رحیم داد کے جواب دینے سے پہلے ہی ہنس کر کہا۔ "جی لے! اصلی گل ایہہ ہے' اکیلے اس کا جی گھبراتا ہے۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "چوہدری! اب تو ویاہ کر لے۔ اس طرح کب تک گزارا ہوگا۔ اٹھ سال تو ہو گئے گھر والی اور بچوں کو ڈھونڈتے ہوئے۔ جانے وہ پاکستان پہنچے بھی کہ نہیں۔"

"ہاں جی' لاکھوں ہی خاندان اور پروار بکھر کے ایسے اجڑے کہ کسی کو کسی کا کچھ پتہ نہیں۔" جمیلہ بولی۔ اس کا دبا ہوا غم ابھرا اور سورج کی مانند دمکتے چہرے پر بادل کا ٹکڑا بن کر پھیل گیا۔ "ہر ایک کو نئے سرے سے اپنا جیون شروع کرنا پڑا۔"

"کہتی تو ٹھیک ہی ہے۔" رحیم داد نے گہری سانس بھری۔ "پر اب تو یوں لگتا ہے جیسے کوئی سفنہ دیکھ رہا ہوں۔"

"کب تک ایسے سفنے دیکھتا رہے گا۔" اللہ وسایا نے مسکرا کر کہا۔ "ابھی تو جوان ہے۔ تیں نوں اب آگے کی فکر کرنی چاہیے۔"

"یہ کام تو تجھے ہی کرنا ہوگا اللہ وسایا۔" جمیلہ نے مشورہ دیا۔

"میں تو اس بارے میں اسی روز سے سوچ رہا ہوں' جب سے چوہدری کے نام حویلی اور زمین کی الاٹمنٹ ہوئی ہے۔"

"ہاں' اب تو اسے یہیں رہنا ہے۔ گھر بھی بسانا ہوگا۔" جمیلہ نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! تو برسوں ادھر ادھر بھٹکتا رہا' اب وہ سلسلہ ختم ہو گیا۔ سے آگیا ہے کہ تو آگے کے لیے سوچ۔"

"سچ پوچھ' میں نے تو اس بارے میں ابھی تک سوچا ہی نہیں۔"

"تو نے نہیں سوچا تو کیا ہوا' اللہ وسایا کو تو سوچنا چاہیے۔" جمیلہ نے اللہ وسایا کی جانب دیکھا۔ وہ سر جھکائے کسی گہری سوچ میں الجھا ہوا نظر آرہا تھا۔ جمیلہ نے اسے اس عالم میں پایا تو مسکرا کر پوچھا۔ "اللہ وسایا! تو کس سوچ میں پڑ گیا؟"

"چوہدری کے لیے رشتے کے بارے میں سوچ رہا تھا۔"

"کوئی ہے رشتہ تیرے سامنے؟" جمیلہ نے دریافت کیا۔

"چوہدری کے لیے رشتے تو کئی تلاش کرنے پر مل سکتے ہیں۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "پر ایک رشتہ ٹھیک لگتا ہے۔ اسی کے بارے میں سوچ رہا تھا۔"

"اللہ وسایا! تیری گل سن کر مجھے ڈر لگتا ہے۔"

اللہ وسایا حیرت سے رحیم داد کا منہ تکنے لگا۔ "ڈر کیوں لگتا ہے؟"

"تیری گل مجھے بھی سمجھ نہیں آئی۔" جمیلہ بھی حیرت زدہ نظر آرہی تھی۔

"صاف صاف بتا' تو کہنا کیا چاہتا ہے؟" اللہ وسایا نے پوچھا۔

"دیکھ' ابھی تو میرے اور تیرے درمیان بہت پیار ہے۔ تیرا گھر مجھے اپنا ہی گھر لگتا ہے۔ برسوں بعد مجھے ایسا لگا کہ میرا بھی کوئی ایسا ٹھکانا ہے جہاں میں آرام سے رہ سکتا ہوں۔" رحیم داد ٹھہر ٹھہر کر بولتا رہا۔ "سوچتا ہوں' بعد میں شاید تیرے ساتھ یہ پیار محبت نہ رہے۔ پتہ نہیں' کیسی وہٹی' میری گھر والی بن کر آئے۔ ہمارے اتنے اچھے میل جول کا ناس مار دے۔ ایک دوسرے سے دور کر دے۔" اس نے اللہ وسایا کو بغور دیکھا۔ "ایسا بھی تو ہو سکتا ہے۔"

"چنتا نہ کر چوہدری!" جمیلہ نے سینے پر ہاتھ مار کر کہا۔ "اپنا من اجلا ہے اور وڈا بھی ہے۔ ایسے ہی مل جل کر رہیں گے تو آگے بھی گزارا ہو جائے گا۔" وہ کھل کر مسکرائی' مڑ کر اللہ وسایا کی جانب دیکھا۔ "یہ تو بتا اللہ وسایا! تو نے چوہدری کے لیے کہاں رشتہ سوچا ہے؟ پہلے تو کبھی اس بارے میں

گل نہیں کی؟"

"وہ ایسا ہوا جی لے! کیمبل پور سے واپسی میں تو زنانیوں کے ڈبے میں تھی۔ میرے ساتھ ملتان کا ایک زمیں دار' چوہدری اکرم' سفر کر رہا تھا۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "وہ پشاور سے آرہا تھا۔ ۶۰ برس سے اوپر ہوگا۔ نیک اور بھلا بندہ ہے۔ تحصیل کبیر والا کے احمد پور پنڈ میں اس کی زمیں داری ہے۔"

"جات برادری کے بارے میں کچھ اتا پتہ ہے۔" جمیلہ نے پوچھا۔

"کیوں نہیں۔" اللہ وسایا نے مسکرا کر بتایا۔ "اسے پہلے بار نہیں ملا' پرانی جان پہچان ہے۔ اپنے وکیل محمد عثمان رندھاوا نے ملوایا تھا۔ اکرم اس کا بھی موکل رہ چکا ہے۔ کئی بار اس سے وکیل کے دفتر میں ملنا ہوا۔ وہ بھی جاٹ ہے اور ساہو ہے۔ لگتا ہے' اس کے وڈیرے اور بزرگ پہلے منٹگمری میں رہے ہوں گے۔ ملتانی اور جھنگی سے زیادہ وہ اپنی طرح پنجابی بولتا ہے۔ اسی سے میں نے اندازہ لگایا۔"

"ویسے تجھے پتہ نہیں' کبیر والا اور پوربی میلسی میں جھنگی اور ملتانی سے زیادہ پنجابی کا رواج ہے۔ پر ادھر جلال پور اور لودھراں میں ملتانی ہی چلتی ہے۔ کوئی اسے جھنگی کہتا ہے' کوئی اچی۔" جمیلہ نے بات کا رخ بدلتے ہوئے دریافت کیا۔ "تو نے یہ بھی معلوم کیا' کڑی کی عمر کتنی ہے۔ بھائی بھین کتنے ہیں؟"

"نہ اس کا کوئی بھائی ہے نہ بھین۔ یوں سمجھ لے' اپنی شرفاں کی طرح ہے۔ فرک صرف اتنا ہے کہ اس کا پیوٗ زندہ ہے۔" اللہ وسایا نے جواب دیا۔ "پر ایک گل ذرا سوچنے کی ہے۔"

"وہ بھی بتا دے۔ تو چبا چبا کر کیوں بول رہا ہے؟" جمیلہ نے ہنس کر کہا۔

"گل صاف صاف ایہہ ہے کہ اس کا پہلے بھی ایک ویاہ ہو چکا ہے پر کوئی بال بچہ نہیں۔ وہ چھے مہینے بھی سسرال میں نہیں رہی۔" اللہ وسایا نے کسی قدر اٹکتے ہوئے بتایا۔ "اس کا گھر والا ٹھیک بندہ نہیں تھا' مار پیٹ کرتا تھا' اوپر سے ایک کنجری سے بھی یاری لگا رکھی تھی۔ جب اس نے بہت تنگ کیا تو اکرم نے کاغذ لکھوالیا' دھی کو اپنے گھر لے آیا۔"

"ضرور تنگ کرتا ہوگا اس کا گھر والا۔" رحیم داد بولا۔ "ملتانیوں میں نن کھلا مشہور ہے۔ مطلب یہ کہ جیسے گھوڑی کے لیے گھاس ضروری ہے' ویسے ہی زال یا گھر والی کے لیے جتی سے پٹائی۔"

"فضول باتیں نہ کر۔" جمیلہ نے تڑپ کر تیکھے لہجے میں اسے ٹوکا۔ "پتہ نہیں' تو نے کہاں سے یہ کہاوت سن رکھی ہے۔ میری چھوٹی ماسی ملتان شہر میں رہتی تھی' وہاں کھتریوں کے وڈے وڈے کنبے

اور پردار آباد تھے۔ میرا موسا' رائے زادہ رام چند' کہ گھرانے کا تھا۔ مشہور خاندان ہوتا تھا۔ رائے زادہ کو تو میں نے دیکھا نہیں' اس کا تو میرے پیدا ہونے سے پہلے دیہانت ہو چکا تھا۔ وہ اپنے زمانے کا بہت مشہور رئیس تھا۔ آنریری مجسٹریٹ بھی تھا۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "تجھے تو میں پہلے بھی بتا چکی ہوں۔ میں موسی کے گھر ملتان اکثر جاتی تھی۔ ہفتوں اس کے پاس رہتی۔ میرا موسا اتنا بھلا تھا کہ چوہدری' تجھ سے کیا بتاؤں۔ موسی سے تو بہت ہی زیادہ پیار کرتا تھا۔ وہ تھی بھی بہت سندر۔" جمیلہ نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اب تو ملتان کے سارے ہی کھتری محلے اجڑ گئے۔ میری موسی کا گھر بھی برباد ہو گیا۔ سنا ہے' اب وہ بمبئی میں ہے۔ اس بات کو سنے ہوئے بھی ایک جگ بیت گیا۔ جانے زندہ ہے یا وہ بھی سورگ باشی ہو گئی۔"

جمیلہ کے دل کش چہرے پر دکھ کے سائے منڈلانے لگے۔ رحیم داد نے اسے اس طرح افسردہ پایا تو صفائی پیش کرنے کے انداز میں بولا۔ زمیں دارنی! تو برا نہ منا۔ میں نے تو ملتانیوں کے بارے میں صرف سنا ہی سنا ہے۔ اس ضلعے میں تھوڑے ہی دن رہا ہوں۔ وہاں کے بارے میں زیادہ پتہ نہیں۔"

"ویسے جی ایسی باتیں اور کہاوتیں ہر شہر اور ضلعے کے بارے میں مشہور ہیں۔" اللہ وسایا نے بیوی کی جانب پیار بھری نظروں سے دیکھا۔ "جمی لے! میں تو یہ جانتا ہوں کہ چوہدری اکرم بہت بھلا مانس ہے۔ وہ چاہتا ہے اس کی زندگی ہی میں دھی کے لیے کوئی نیک ور مل جائی۔ ٹرین میں مجھ سے یہی گل کرتا تھا۔ بے چارہ بیمار بھی رہتا ہے۔ دھی کی طرف سے بہت پریشان ہے۔ کہتا تھا مجھے تو یہ فکر کھائے جاتی ہے' میرے مرنے کے بعد اس کا کیا بنے گا۔ برادری اور کنبے والے بھلے بندے نہیں ہیں۔ زمیں داری پر کبضہ کرنے کے لیے بعد میں جانے کیا کریں۔"

"پر میں پہلے کڑی کو دیکھوں گی۔ اس کے بناں کیسے فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ خود کبیر والا جاؤں گی۔" جمیلہ نے اپنا عندیہ بیان کیا۔

"تو ضرور کبیر والا چل۔ میں بھی چلوں گا۔ چوہدری بھی ساتھ ہوگا۔" اللہ وسایا نے جمیلہ کی تائید کی۔

"مجھے لے جا کر کیا کرے گا۔ تو اور جمیلہ جو بھی طے کریں گے' مجھے منظور ہوگا۔" رحیم داد نے کبیر والا جانے سے انکار کر دیا۔

"ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔" جمیلہ نے اس کی حوصلہ افزائی نہیں کی۔ "چوہدری! تجھے تو چلنا ہی پڑے گا۔ اکرم سے تیری ملاقات ہونی ضروری ہے تاکہ وہ بھی تجھ سے مل کر اپنا اطمینان کر لے۔ وہ

پہلے ہی چوٹ کھایا ہوا ہے۔ اس بار پوری طرح سوچ بچار کرنے کے بعد رشتہ طے کرے گا۔"

"چوہدری! اگر رشتہ ٹھیک ٹھاک ہو تو میں تجھے یہی کہوں گا ضرور ویاہ کرلے۔" اللہ وسایا نے اصرار کیا۔

رحیم داد خاموش رہا لیکن جمیلہ خاموش نہیں رہی' مسکرا کر بولی۔ "پہلے کبیروالا چلنے کا پروگرام بنا۔ اس کے بعد کچھ طے ہوگا۔" بول' کب کا ارادہ ہے؟"

"ابھی تو کیمبل پور سے لوٹی ہے' ذرا دم تو لینے دے۔"

"کیمبل پور کی بات دوسری تھی۔" وہ پچھم کی طرف ہاتھ اٹھا کر بولی۔ "کبیروالا تو یہ رہا۔ منٹگمری سے خانیوال کے لیے ٹرین پکڑیں گے اور خانیوال سے کبیروالا دور ہی کتنا ہے۔ پکی سڑک جاتی ہے۔ ویسے تو یہاں سے بھی سڑک کے رستے جاسکتے ہیں۔ پر برکھا میں لاریوں کا سفر کٹھن ہوتا ہے۔ تجھے پتہ نہیں' میں پہلے بھی ایک بار کبیروالا جاچکی ہوں۔ پر اب تو اس بات کو برسوں ہوگئے۔"

"تو کہاں نہیں گئی۔" اللہ وسایا نے ہنس کر کہا۔ "یہ بتا' کب چلنا ہے؟"

"آج سوم وار ہے۔" جمیلہ چند لمحے سوچتی رہی۔ "جمعرات کی صبح روانہ ہوجائیں گے۔ جمعے کو کبیروالا ٹھہریں گے۔ سینچر کی رات لوٹ آئیں گے۔ ٹھیک رہے گا پروگرام؟"

"مجھے نہ لے جانا تو اچھا ہے۔" رحیم داد نے ایک بار پھر کترانے کی کوشش کی۔

"ویاہ تجھے ہی کرنا ہے نا؟ تو نہیں جائے گا تو کیسے کام بنے گا۔ اکرم نے تجھے بھی دیکھنا ہوگا۔ تو موجود رہے گا تو جلد ہی رشتہ طے ہوجائے گا۔ بار بار چکر نہیں کاٹنا پڑے گا۔" جمیلہ کھل کھلا کر ہنسی۔ "دوبارہ جائے گا تو وہٹی کو بدا کرا کے ساتھ ہی لائے گا۔" رحیم داد نے کچھ کہنا چاہا۔ جمیلہ نے اسے روک دیا۔ "اب تو چپ کر کے بیٹھا رہ۔ مجھ پر وشواس رکھ۔ تیرے لیے چنگی ہی گھر والی لاؤں گی۔ تجھے اس بارے میں چنتا کرنے کی ضرورت نہیں۔"

رحیم داد چپ رہا۔ جمعرات کی روانگی طے ہوگئی۔ نوکروں نے کھانا چن دیا۔ کھانے پر بھی رحیم داد کی شادی کے بارے میں بات چیت ہوتی رہی۔ اللہ وسایا سے زیادہ جمیلہ نے دلچسپی کا اظہار کیا۔ وہ ہنس ہنس کر باتیں کرتی رہی۔ رحیم داد چپ چاپ کھانا کھاتا رہا۔ وہ شادی کرنے کے لیے خود کو ذہنی طور پر تیار کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔

☆

جمعرات کو تاروں کی چھاؤں میں اللہ وسایا' جمیلہ اور رحیم داد کبیروالا کے لیے روانہ ہوگئے۔ جمیلہ نے اس دفعہ دونوں بچوں کو ساتھ نہیں لیا۔ انہیں نوکرانیوں کی نگرانی میں چھوڑ دیا۔ اللہ وسایا

نے ایک روز پیشتر اپنا ایک ملازم چوہدری اکرم کے گاؤں احمد پور بھیج دیا تھا تاکہ تینوں کی آمد سے اسے مطلع کردے۔

رحیم داد سفر پر روانہ تو ہوگیا مگر کسی قدر گھبرایا ہوا تھا۔ وہ طرح طرح کے خدشات اور وسوسوں میں مبتلا تھا۔ پاک پتن روڈ پر پہنچ کر وہ لاری میں سوار ہوا تو اور زیادہ سہما ہوا نظر آنے لگا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ نے بار بار ادھر ادھر کی باتیں چھیڑیں مگر وہ مختصر جواب دے کر خاموش ہوجاتا۔

منٹگمری اسٹیشن پہنچنے پر معلوم ہوا کہ گاڑی آنے میں دو گھنٹے کی دیر ہے۔ اللہ وسایا اور جمیلہ کے ہم راہ رحیم داد بھی ویٹنگ روم میں چلا گیا۔ وہ اطمینان سے کرسی پر بیٹھا تھا کہ ایک انسپکٹر دو کانسٹیبلوں کے ہم راہ داخل ہوا۔ اسے دیکھتے ہی رحیم داد کے اوسان خطا ہوگئے۔ وہ کچھ دیر سہما ہوا بیٹھا رہا پھر اٹھ کر باہر چلا گیا۔

ویٹنگ روم سے نکل کر وہ پلیٹ فارم پر ادھر ادھر گھومتا رہا۔ بار بار خوف زدہ نظروں سے ویٹنگ روم کی طرف دیکھتا جاتا۔ پولیس والے ویٹنگ روم کے اندر ہی تھے۔ رحیم داد ٹہلتے ٹہلتے پلیٹ فارم کے آخری سرے تک پہنچ گیا۔ دوپہر کا وقت تھا۔ آسمان پر بادل منڈلا رہے تھے۔ ہوا ٹھہری ہوئی تھی۔ گرمی میں اضافہ ہوگیا تھا۔ رحیم داد کو پیاس محسوس ہوئی۔ پانی پینے کے لیے وہ نلکے کی جانب چلا۔ سامنے سے ایک نوجوان عورت آتی نظر آئی۔ وہ سفید دھوتی باندھے ہوئے تھی۔ نیلی قمیص کے اوپر سیاہ دوپٹہ تھا۔ عورت نے رحیم داد کو بغور دیکھا اور ٹکٹکی باندھے دیکھتی رہی۔

رحیم داد نے اسے فوراً پہچان لیا۔ وہ شاداں تھی۔ اس کے سر پر گٹھری تھی۔ اس کی چال میں وہی پہلی سی آن بان تھی۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھیں جھلملا رہی تھیں۔ جسم بدستور مضبوط اور کسا ہوا تھا لیکن اب وہ کسی قدر دبلی ہوگئی تھی۔ چہرے کی رنگت بھی خاصی ماند پڑ گئی تھی۔ رحیم داد نے اسے دیکھا تو سراسیمہ ہوگیا۔ وہ عین اس کے سامنے تھی۔ رحیم داد نے چاہا کہ کترا کر قریب سے گزر جائے مگر وہ ٹھٹکی اور اس طرح کھڑی ہوگئی کہ رحیم داد کو بھی قدموں کی رفتار روکنی پڑی۔

"گل سن۔" شاداں نے اسے ٹوکا۔ "لگتا ہے' میں نے تجھے پہلے بھی دیکھا ہے؟"

"پر میں نے تو تجھے کبھی نہیں دیکھا۔" رحیم داد نے بے رخی سے کہا۔

"ناراض نہ ہو۔" وہ مسکرائی۔ "میں نوں سوچنے دے۔"

رحیم داد نے خود کو سنبھالا۔ یہ سوچ کر گھبراہٹ پر قابو پانے کی کوشش کی کہ اس نے لالی کے ہم راہ شاداں کے گھر میں ایک دن اور دو راتوں سے بھی کم وقت کے لیے پناہ لی تھی اور اس وقت اس کی وضع قطع بھی قطعی مختلف تھی۔ عالم یہ تھا کہ جسم پر جیل کی میلی کچیلی وردی تھی۔ حجامت بڑی

ہوئی تھی۔ وہ اس کے سامنے بھی کم ہی رہا تھا۔ بیشتر وقت اس نے کوٹھری میں زمین کھود کر بالے کی لاش دبانے میں گزارا تھا۔ بالے کو قتل کرنے کے باعث شاداں کے حواس بھی بجا نہیں تھے۔ بہکی بہکی باتیں کرتی تھی۔ اب طویل مدت گزرنے کے بعد دوبارہ ملی تھی۔ اس عرصے میں رحیم داد بہت سی تبدیلیوں سے گزر چکا تھا۔ حلیہ اس قدر بدل چکا تھا کہ اسے شناخت کرنا آسان نہیں تھا۔

"لگتا ہے' میرے بارے میں تیں نوں دھوکا ہوا۔" رحیم داد نے اپنی بات میں وزن پیدا کرنے کے لیے مسکرانے کی کوشش کی۔

"تو رحیم داد تو نہیں ہے؟" شاداں اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے بولی۔ "ہو بھی نہیں سکتا۔ اسے تو مرے ہوئے بھی بہت دن ہوگئے۔ پتہ نہیں' اسے کس نے کتل کردیا۔" وہ چند لمحے سوچتی رہی۔ "تو اس کا بھائی تو نہیں ہے؟ دیکھنے میں ایسا ہی لگتا ہے۔"

"جانے تو کس کی گل کر رہی ہے۔" رحیم داد نے منہ بگاڑ کر چہرے پر جھنجلاہٹ طاری کی۔ مگر وہ اس کی جھنجلاہٹ سے متاثر نہیں ہوئی۔ اپنی حسین آنکھوں کو گردش دیتے ہوئے بولی۔ "میں کسی کو ایک بار دیکھ لوں تو بھولتی نہیں۔ سچ مان' میں بالکل ٹھیک کہہ رہی ہوں۔"

رحیم داد ایک بار پھر گھبرا گیا اور اپنی گھبراہٹ پر پردہ ڈالنے کے لیے بگڑ کر گویا ہوا۔ "پر تو نے مجھے پہلے کب دیکھا؟" اس نے آگے بڑھنے کے لیے قدم اٹھایا۔

شاداں نے اسے روکا' نرم لہجے میں بولی۔ "ناراض نہ ہو۔ آرام سے گل کر۔" وہ بے تکلفی سے مسکرائی۔ "تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے' میں نوں دھوکا ہوا۔ یہ تو بتا دے' تیرا نام کیا ہے؟"

"چوہدری نورالٰہی۔" رحیم داد نے جواب دیا۔

"تب تو ٹھیک ہی سوچا تو نے۔ میں نوں دھوکا ہی ہوا۔" شاداں نے رحیم داد کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "پر تو کچھ کچھ رحیم داد سے ملتا ہے۔ میں نوں ایسا ہی لگا تھا۔"

"کون تھا رحیم داد؟" رحیم داد نے بے نیازی سے پوچھا۔ اس کے لہجے سے اطمینان جھلک رہا تھا' گھبراہٹ رفع ہو چکی تھی۔

"وہ لالی کا ساتھی تھا۔ دونوں جیل میں اکٹھے ہوتے تھے اور جیل سے بھاگے بھی اکٹھے تھے۔ لالی اسے اب تک یاد کرتا ہے۔"

رحیم داد کے ذہن میں لالی کے لیے کرید پیدا ہوئی۔ اس نے دریافت کیا۔ "یہ لالی کون ہے؟ اور اب کہاں ہے؟"

"جیل میں ہے۔ پہلے منٹگمری جیل میں ہوتا تھا' اب ملتان جیل بھیج دیا گیا ہے۔ میں اسی سے ملنے

ملتان جا رہی ہوں۔ کل ملاقات کا دن ہے۔"

"تیرا کون لگتا ہے؟" رحیم داد نے چندرا کر پوچھا۔

"یہ نہ پوچھ۔" شاداں نے گہری سانس بھری۔ "کچھ تو لگتا ہی ہے۔ تبھی تو اسے ملنے جا رہی ہوں۔" شاداں نے گٹھری اتار کر فرش پر رکھ دی۔ پیشانی سے پسینہ پونچھا۔ اس کے لہجے سے تھکن کے ساتھ ساتھ افسردگی بھی جھلکنے لگی۔ "ویسے اس کا میرے سوا کوئی بھی نہیں۔"

رحیم داد نے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا۔ "تو اس کے لیے بہت دکھی معلوم ہوتی ہے۔"

شاداں نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی۔ رحیم داد نے مزید بات چیت نہیں کی۔ کچھ دیر خاموشی رہی پھر شاداں نے جھک کر گٹھری اٹھائی۔ ایک بار پھر سر پر رکھی اور چپ چاپ ایک طرف چل دی۔ رحیم داد جہاں تھا' وہیں کھڑا رہا۔ وہ شاداں کی جانب دیکھتا رہا۔ شاداں پہلے ہی کی طرح خوب صورت اور طرح دار نظر آ رہی تھی۔ اس کے گھنے بالوں کی لمبی چوٹی کمر کے نیچے تک لٹک رہی تھی۔

رحیم داد کو لالی یاد آگیا۔ اس کے ساتھ گزارے ہوئے دن رات یاد آگئے۔ وہ عہد و پیمان یاد آگئے جو دونوں نے ایک دوسرے سے کیے تھے۔ یادوں کا ایک طویل سلسلہ تھا جو دور تک پھیلتا چلا گیا۔

ٹرین آگئی مگر وہ لاہور جا رہی تھی۔ رحیم داد نے دور سے دیکھا۔ انسپکٹر ویٹنگ روم سے نکلا۔ دونوں کانسٹیبل اس کا سامان اٹھائے عقب سے نمودار ہوئے۔ انسپکٹر اور کانسٹیبل ٹرین میں سوار ہوئے۔ ٹرین لاہور کے لیے روانہ ہوگئی۔

رحیم داد نے اطمینان کی سانس لی۔ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ویٹنگ روم کی جانب بڑھا۔ اندر پہنچا۔ اللہ وسایا اور جمیلہ اس کے لیے بے چین نظر آ رہے تھے۔ جمیلہ نے اسے دیکھتے ہی پوچھا۔

"چوہدری! تو کدھر چلا گیا تھا؟"

"بیٹھے بیٹھے جی گھبرایا تو پلیٹ فارم پر ٹہلنے لگا۔" رحیم داد نے بات بنائی۔

"پر تو بالکل اچانک اٹھ کر چلا گیا' بتایا بھی نہیں' کہاں جا رہا ہے؟" جمیلہ نے گلہ کرنے کے انداز میں کہا۔

رحیم داد کے بولنے سے پہلے اللہ وسایا بول پڑا۔ "تو ہر بات پوچھتی ہے۔ اس نے بتا تو دیا' پلیٹ فارم پر ٹہلنے کے لیے نکل گیا تھا۔" اللہ وسایا بے تکلفی سے مسکرایا۔ "تو کوئی تھانے دارنی لگی ہے کہ ہر کام تجھ سے پوچھ کر کرے۔ آگے بھی تو نے ایسا کیا تو اس کی گھر والی تجھ سے خار کھانے لگے

گی۔ یہ سوچ لے۔"

"لے تو نے مجھے ابھی سے دوش دینا شروع کر دیا۔" وہ تیکھے لہجے میں بولی۔

رحیم داد دونوں کی نوک جھونک پر چپ رہا۔ مسکراتا ہوا خالی کرسی پر بیٹھ گیا۔ ٹرین آئی تو قلی نے سامان اٹھایا اور تینوں سیکنڈ کلاس کے ڈبے میں جا کر بیٹھ گئے۔ رحیم داد نے کھڑکی سے جھک کر دیکھا۔ شاداں بھی تھرڈ کلاس کے ایک ڈبے میں سوار ہونے کی کوشش کر رہی تھی۔ ذرا دیر میں ٹرین روانہ ہو گئی۔

خانیوال کا اسٹیشن آیا تو اللہ وسایا اور جمیلہ کے ساتھ رحیم داد بھی اتر گیا۔ اسٹیشن سے نکلتے ہی انہیں کبیر والا جانے والی لاری مل گئی۔ وہ اس میں سوار ہو گئے۔ ہلکی ہلکی بارش ہو رہی تھی۔ بھیگی ہوئی سڑک پر لاری زیادہ تیز رفتار سے نہیں دوڑ رہی تھی۔ مگر جب تینوں کبیر والا کے اڈے پر پہنچے تو بارش رک چکی تھی۔ انھوں نے تانگا کرائے پر لیا اور اس میں بیٹھ کر احمد پور کی جانب روانہ ہو گئے۔

وہ احمد پور پہنچے تو جھٹ پٹا ہو چکا تھا۔ چوہدری اکرم اپنے دو منزلہ مکان کے باہر ان کا منتظر تھا۔ وہ اللہ وسایا اور رحیم داد سے بڑی گرم جوشی سے ملا۔ جمیلہ تو گھر کے اندر چلی گئی' اللہ وسایا اور رحیم داد کو چوہدری اکرم ڈیرے پر لے گیا۔ ڈیرا گھر کے ساتھ ہی تھا۔ اس میں دو کشادہ کمرے تھے۔ آگے کھلا صحن تھا۔ کمروں میں پلنگ بچھے تھے۔ ان پر صاف ستھرے بستر لگے تھے۔ بیٹھنے کے لیے کرسیاں اور مونڈھے تھے۔

دونوں کے ڈیرے میں پہنچتے ہی مالیشا آ گیا۔ اس کے ہاتھ میں تیل کی شیشی دبی ہوئی تھی' وہ تیل کی مالش اور مساج کے ذریعے سفر کی تکان اتارنے کے لیے نہایت مستعد نظر آتا تھا۔ مگر اللہ وسایا اور رحیم داد نے مالش کرانے سے انکار کر دیا۔ انھوں نے نہا دھو کر لباس تبدیل کیا اور صحن میں قرینے سے لگی ہوئی کرسیوں پر جا کر بیٹھ گئے۔ غسل کرنے سے اللہ وسایا اور رحیم داد تر و تازہ ہو گئے تھے۔ ذرا ہی دیر میں نوکر لسی لے کر آ گیا۔ دونوں نے ٹھنڈی ٹھنڈی لسی پی۔ بڑا سکون ملا۔

رات کے کھانے پر بات چیت شروع ہوئی۔ اللہ وسایا نے چوہدری اکرم سے صاف صاف کہہ دیا کہ وہ صرف ایک روز ٹھہرے گا اور ہفتے کے روز علی الصباح چلا جائے گا' جو کچھ طے کرنا ہے' جمعے ہی کو طے ہو جانا چاہیے۔ رحیم داد کو چوہدری اکرم نیک اور بھلا مانس لگا۔ وہ کم گو اور حلیم الطبع تھا۔ مزاج میں نرمی اور رکھ رکھاؤ تھا۔

چوہدری اکرم نے مہمانوں کی خاطر مدارت میں سرگرمی کا مظاہرہ کیا۔ ہر طرح ان کی دل داری

کی۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد بھی باتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ مگر شادی بیاہ کے بارے میں کھل کر گفتگو نہ ہوئی۔ چوہدری اکرم کے ساتھ رشتے کا ایک چچا زاد بھائی بھی تھا۔ وہ اکرم سے عمر میں بڑا تھا۔ اس نے کئی بار شادی کے سلسلے میں بات چھیڑی مگر اللہ وسایا نے اس کی حوصلہ افزائی نہیں کی۔ وہ جمیلہ سے مشورہ کیے بغیر اس مسئلے پر کوئی بات چیت کرنا نہیں چاہتا تھا۔ رات گئے محفل برخاست ہوئی۔

سویرے سویرے جمیلہ ڈیرے پر آ گئی۔ اللہ وسایا اور رحیم داد کمرے میں ناشتا کر رہے تھے۔ چوہدری اکرم بھی موجود تھا مگر ناشتے میں شریک نہیں تھا۔ جمیلہ کے پہنچنے کے تھوڑی ہی دیر بعد وہ اٹھ کر باہر چلا گیا۔

اللہ وسایا نے جمیلہ سے پوچھا۔ "جمی لے! کڑی دیکھی تو نے' کیسی ہے؟"

"سندر ہے اور سیدھی سادھی بھی ہے۔ عمر بھی چوی پنچھی سے زیادہ نہیں ہو گی۔ چوہدری کے لیے بالکل ٹھیک رہے گی۔" جمیلہ مسکرا مسکرا کر بتاتی رہی۔ "دیکھنے میں تو ایسی شرمیلی اور کومل لگتی ہے' جیسے اس کا کبھی دیاہ ہی نہیں ہوا۔ پتہ نہیں' اس کے پہلے گھر والے نے ایسی بھولی بھالی کڑی کو کیوں تنگ کیا۔" اس نے منہ بگاڑا۔ "کل ایسہ ہے' بعضے مرد ہوتے ہی خراب ہیں۔ انھیں اپنی گھر والیوں کو تنگ کرنے میں سواد ملتا ہے۔ لگتا ہے' اس کا گھر والا ایسا ہی خراب بندہ تھا۔"

"تیری باتوں سے لگتا ہے کڑی تجھے پسند آ گئی۔ ویسے چوہدری اکرم کو تو میں بھی ٹھیک طرح جانتا ہوں۔ نیک بندہ ہے۔" اللہ وسایا نے سنجیدگی سے کہا۔ "اس کا مطلب یہ ہوا جی' آج اکرم سے بات چیت شروع کی جائے۔"

"تو نے ابھی تک اس بارے میں کل بات ہی نہیں چھیڑی؟" جمیلہ نے حیرت سے پوچھا۔

"تجھ سے صلاح مشورہ کیے بناں کیسے شروع کرتا۔" اللہ وسایا ہنس کر بولا۔

جمیلہ نے کہا۔ "اکرم کا چچیرا بھی تو آیا ہے۔ لگتا ہے' اکرم نے اسے بات چیت ہی کے لیے بلایا ہے۔ اس کی گھر والی بھی آئی ہے۔ میری تو اس سے کھل کر کل بات ہوئی۔ اس نے اپنے چوہدری کے بارے میں کرید کرید کر ایک ایک بات پوچھی۔ میں نے اسے سب کچھ صاف صاف بتا دیا۔ لگتا ہے' اس نے اکرم اور اپنے گھر والوں کو بھی یہ باتیں بتا دیں۔ ان دونوں سے میری زیادہ بات چیت نہیں ہوئی۔ شام کو وہ میرے پاس آئے تھے۔ اکرم تو چپ رہا پر اس کے چچیرے نے کئی باتیں پوچھیں۔ میں نے اسے بھی ہر بات صفائی سے بتا دی۔"

"ان کے رویے سے تو نے کیا اندازہ لگایا؟" اللہ وسایا نے دریافت کیا۔

"مجھے تو دونوں خوش اور مطمئن نظر آئے۔ اکرم کی بھرجائی تو بہت مطمئن لگتی ہے۔ سمجھ لے' وہ لوگ تو تیار ہیں۔"

"تو فیر بات پکی کرلی جائے؟" اللہ وسایا نے استفسار کیا۔

"ضرور کرلے۔ مجھے تو یہ رشتہ ہر طرح پسند ہے۔" جمیلہ نے اپنی رضامندی کا اظہار کیا۔ لمحے بھر خاموش رہی پھر اس نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا اور اس کی رائے معلوم کرنے کے لیے براہ راست سوال کیا۔ "بول چوہدری' تجھے کیا کہنا ہے۔ تو اپنی مرضی بتا؟"

"میں نوں اپنی مرضی کیہ بتانا؟" رحیم داد نے آہستہ سے کہا۔ "میری مرضی تو وہی جان جو تیری اور اللہ وسایا کی ہے۔ تیں نوں پتہ ہے' میں نے اللہ وسایا کو بھائی کہا ہے' پگڑی بدلی ہے۔ وہ بھائی ہے۔ اور تو بھرجائی۔ تم دونوں جو بھی طے کرو گے' مجھے منظور ہوگا۔"

"تب تو آج ہی ساہا ہو جائے۔" جمیلہ خوشی سے چہک کر بولی۔ "میرا من کہتا تھا' یہ رشتہ طے ہو جائے گا۔ اللہ وسایا! تجھے پتہ نہیں' میں نے تو مٹھائی اور میوے کا بھی بندوبست کرلیا ہے۔ ادھر آنے سے پہلے نوکر کو ضروری سامان لانے خانیوال بھیج دیا ہے۔ دوپہر تک آجائے گا۔ شام کو سگائی کے لیے کوئی شبھ دن سوچ کر تاریخ طے کرلی جائے۔"

"ساری تیاری تو کرلی' اب میری اور چوہدری کی مرضی پوچھنے آئی ہے۔" اللہ وسایا نے ہنس کر بیوی کی جانب دیکھا۔

"ایسے فیصلے زنانیاں ہی کرتی ہیں۔" جمیلہ بھی اللہ وسایا کے ساتھ ہنسنے لگی۔ "بات پکی کرنے سے پہلے اکرم سے کہہ دینا' ساہے کے لیے شریکے برادری کے کسی اور کو بلانا چاہے تو بلا لے۔ یہ بات تو اسے دوپہر کو روٹی کھاتے ہوئے بتا دینا۔ یوں سمجھ لے' آج ویاہ کی تاریخ طے کر کے ہی جانا ہے۔"

جمیلہ اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ وہ کمرے سے باہر گئی تو کچھ ہی دیر بعد چوہدری اکرم آگیا۔ اس سے ادھر ادھر کی باتیں شروع ہوگئیں۔ دوپہر ہوگئی۔ نوکروں نے کھانا چن دیا۔ کھانے پر اللہ وسایا اور رحیم داد کے ساتھ چوہدری اکرم اور اس کا چچا زاد بھائی بھی شریک ہوگئے۔ رحیم داد تو خاموش بیٹھا رہا مگر اللہ وسایا نے بات چھیڑی اور چوہدری اکرم کو اپنی مرضی سے مطلع کردیا۔ صاف صاف بتادیا کہ اسے اور رحیم داد کو رشتہ منظور ہے۔ اگر وہ بھی اس کے لیے رضامند ہو تو شام کو ساہے کی رسم ادا کرلی جائے۔ دن تاریخ مقرر کر کے شادی کی تیاری شروع کردی جائے۔ اکرم اور اس کے چچازاد بھائی نے اللہ وسایا کی تجویز سے اتفاق کیا۔ ان کی بات چیت سے صاف اندازہ ہوتا تھا کہ وہ ذہنی

طور پر پہلے سے تیار ہو کر آئے تھے۔

دن ڈھلے صحن میں خوب چھڑکاؤ ہوا۔ کرسیاں نکال کر ترتیب سے لگائی گئیں۔ لیمپ کے بجائے پیٹرومیکس روشن کیا گیا۔ جب سب کرسیوں اور چارپائیوں پر بیٹھ گئے تو شادی کی باقاعدہ بات چیت شروع ہوئی۔ یہ ساہا تھا۔ اس میں چوہدری اکرم کی طرف سے اس کا چچا زاد بھائی شریک ہوا۔ پڑوس کے گاؤں کے ایک زمیں دار کو بھی اکرم نے بلالیا تھا۔ وہ اکرم کا ہم عمر ہی تھا۔ اس کے انداز میں معاملہ فہمی اور رکھ رکھاؤ تھا' بات چیت بھی سلجھی ہوئی کرتا تھا۔

گفتگو کے دوران کسی بھی مرحلے پر الجھن یا تلخی پیدا نہیں ہوئی۔ ہر بات خوش اسلوبی سے طے ہوگئی۔ چوہدری اکرم نے بات چیت کے آغاز ہی میں اپنی اس خواہش کا صاف گوئی سے اظہار کردیا تھا کہ نکاح سادگی سے ہوگا اور رخصتی بھی خاموشی سے ہوگی۔ نہ کوئی دھوم دھڑکا ہوگا' نہ شادی کی دوسری رسمیں ہوں گی۔ براتیوں کی تعداد بھی مختصر ہوگی۔ بات معقول تھی لہٰذا اللہ وسایا نے مطلق حجت نہیں کی۔ اسے اچھی طرح معلوم تھا کہ دیہات میں' خاص طور پر جاٹوں میں بیوہ یا طلاق کا عقد ثانی اچھی نظروں سے نہیں دیکھا جاتا۔ دھوم دھڑکا کرنے کی صورت میں خوشی کے بجائے ذات برادری والوں کے طعنے سننا پڑتے۔

بات چیت جاری تھی کہ اللہ وسایا اٹھ کر کمرے میں گیا۔ جمیلہ کو وہاں بلایا۔ اس سے مشورہ کیا اور اس کی روشنی میں شادی کی تاریخ طے کی' جو ۲ اگست مقرر ہوئی۔ مہمانوں کی دودھ کے شربت سے تواضع کی گئی۔ جمیلہ واپس زنان خانے میں جاچکی تھی۔ تاریخ مقرر ہونے کی اطلاع پہنچی تو اس نے اپنے نوکر کے ذریعے چوہدری اکرم کے پاس سگن کی مٹھائی کے ساتھ خشک میوہ بھیجا۔ ساہے کی خوشی میں نائی اور لاگیوں کو نقد انعام کے علاوہ ایک ایک لنگی بھی دی۔

رات کے کھانے میں چوہدری اکرم نے خاص اہتمام کیا۔ وہ بہت خوش نظر آرہا تھا۔ بات بات پر مسکراتا۔ پلیٹیں اٹھا اٹھا کر رحیم داد اور اللہ وسایا کے سامنے رکھتا۔ کھانے پر اصرار کرتا' دل جوئی کرتا۔ شفقت اور محبت کا اظہار کرتا۔ کھانا ختم ہونے کے بعد بھی وہ دیر تک دونوں کے پاس بیٹھا رہا۔

صبح سورج نکلنے سے پہلے ہی اللہ وسایا اور رحیم داد تیار ہوگئے۔ جمیلہ بھی تاروں کی چھاؤں میں بیدار ہوگئی تھی اور اللہ وسایا اور رحیم داد کے ساتھ سفر کے لیے تیار تھی۔ گھر کے باہر دو تانگے موجود تھے۔ تینوں ان میں سوار ہوئے۔ نوکر بھی ہم راہ تھے۔ چوہدری اکرم ان کے ساتھ کبیر والا تک آیا۔ اس نے اللہ وسایا اور رحیم داد کو گلے لگا کر گرم جوشی سے رخصت کیا۔

رات گئے تینوں واپس کوٹ ہرکشن پہنچ گئے۔ صبح ہوئی۔ دن گزرا۔ شام کو معمول کے مطابق باغ میں محفل جمی۔ جمیلہ اور اللہ وسایا کے رویے سے ظاہر ہو رہا تھا کہ چوہدری اکرم کی بیٹی سے رحیم داد کا رشتہ طے ہو جانے پر دونوں بہت خوش ہیں۔ جمیلہ مسکرا مسکرا کر سہاے کی رسم کی ایک ایک تفصیل بیان کر رہی تھی۔ اکرم کے حسن سلوک اور مہمان نوازی کی تعریف کر رہی تھی۔

رات کا کھانا انھوں نے ساتھ ہی کھایا۔ کھانے پر بھی شادی کے بارے میں باتیں ہوتی رہیں۔ رحیم داد کم بلکہ بہت کم بول رہا تھا۔ جمیلہ نے اس کی جانب دیکھا اور ہنس کر بولی۔ "تو ابھی سے وتا بن گیا۔ شرما اور لجا تو اس طرح رہا ہے جیسے آج ہی تیری جنج چڑھنے والی ہے۔" وہ اللہ وسایا کی طرف متوجہ ہوئی۔ "اللہ وسایا! تو دیکھ رہا ہے۔ چوہدری کیسے شرما شرما کر بول رہا ہے۔" وہ لمحے بھر تک گردن جھکا کر سوچتی رہی۔ "آج جولائی کی ۱۷ تاریخ ہے۔ یہ ۳۱ دن کا مہینہ ہے۔ ویاہ میں کل سولاں دن رہ گئے ہیں۔"

"تیاری ہی کون سی کرنی ہے۔" اللہ وسایا بولا۔ "جنج شنج تو دھوم دھام سے جانی نہیں۔ بس ایک رسم ادا کرنی ہے۔" وہ مسکرایا۔ "ویسے اپنا ویاہ تو بالکل ہی خاموشی سے ہوا تھا۔ پر بہت نیک گھڑی تھی۔ اب تو سب کچھ سفنہ لگتا ہے۔

جمیلہ نے کچھ نہیں کہا' رحیم داد بھی چپ رہا مگر اللہ وسایا خاموش نہ رہا۔ اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "چلو جی' یہ بہت چنگا ہو گیا۔ چوہدری کا دل اکیلے میں بہت گھبراتا ہے۔ اب نہیں گھبرائے گا۔" اس نے رحیم داد کی طرف نظر بھر کر دیکھا۔ "اکرم کی پوری زمیں داری ورثے میں تیری ہونے والی گھر والی ہی کو ملے گی۔ وہ تو یہاں تک کہتا تھا' ویاہ کے بعد ہی زمیں داری تیرے حوالے کر دے گا۔ اٹھ مرنے سے اوپر زمین ہے اور بہت زرخیز زمین ہے۔ پانی کی بھی کمی نہیں۔"

"تب تو اپنا چوہدری اور وڈا زمیں دار بن جائے گا۔" جمیلہ بولی۔

"اب تو اس کا ہرگز جی نہ گھبرائے گا۔ وڈی زمیں داری ہو اور بھلی گھر والی تو کس کا جی گھبرا سکتا ہے۔" اللہ وسایا نے کہا۔ "میں تو کہوں گا تو احمد پور کی زمیں داری سنبھال لینا۔ ادھر کی دیکھ بھال تو میں کر ہی رہا ہوں۔ اس کی تو بالکل فکر نہ کر۔"

رحیم داد نے چونک کر اللہ وسایا کو دیکھا۔ اسے فی الفور احسان شاہ کی باتیں یاد آ گئیں۔ اس کے ذہن میں شبہات اور وسوسے کلبلانے لگے۔ مگر اس نے ظاہر نہ ہونے دیا۔ مسکرانے کی کوشش کی اور نرم لہجے میں گویا ہوا۔

"یہ زمیں داری بھی تیری اور وہ بھی تیری۔ میں تیرے لیے پرایا نہیں ہوں۔"

"میرا مطلب ہے دونوں مل جل کر ہی زمیں داری چلائیں گے۔" اللہ وسایا نے زیر لب مسکرا کر وضاحت کی۔

☆

رحیم داد مطمئن نہ ہوا۔ اللہ وسایا کی وضاحت کے باوجود اس کا شبہ رفع نہ ہوا۔ رات کو دیر تک بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔

دوسرے روز ایک اور واقعہ پیش آیا۔ رحیم داد زیادہ تشویش میں مبتلا ہو گیا۔ ہوا یہ کہ اللہ وسایا اچانک اپنے وکیل کے ساتھ رحیم داد کے پاس آیا۔ کرسی پر بیٹھتے ہی اس نے پوچھا۔ "چوہدری تیرے کلیم کے کاغذات کہاں ہیں؟" اس نے وکیل کی طرف اشارہ کیا۔ "وکیل صاحب کو کاغذات دیکھنے ہیں۔"

رحیم داد خاموشی سے اٹھا۔ ملحقہ کوٹھری کا دروازہ کھول کر اندر گیا۔ اپنے ٹرنک کا تالا کھولا۔ کلیم کے کاغذات کا بستہ نکالا اور کاغذات وکیل کے حوالے کر دیئے۔ وہ کچھ دیر تک پوری توجہ سے کاغذات الٹ پلٹ کر دیکھتا رہا پھر اس نے کہا۔ "یہ کاغذات میں اپنے ساتھ لے جاؤں گا' ان کی ضرورت پڑ گئی ہے۔"

رحیم داد تو چپ رہا مگر اللہ وسایا بول پڑا۔ "ضرورت ہے تو جی' ضرور لے جاؤ۔"

وکیل نے کاغذات اپنے بریف کیس میں رکھتے ہوئے کہا۔ "ایک درخواست بھی لگانی ہے۔" اس نے انگریزی میں ٹائپ کی ہوئی ایک درخواست نکالی اور رحیم داد کے سامنے رکھی۔ "چوہدری! اس جگہ اپنے دستخط لگا دے۔" اس نے درخواست کے آخر میں ایک جگہ انگلی رکھ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔

رحیم داد دستخط کرتے ہوئے جھجکا۔ ہمت کر کے پوچھا۔ "وکیل صاحب! یہ درخواست کیوں لگانی ہے؟ میں نوں بھی تو کچھ پتہ چلنا چاہیے۔"

"یہ میں بعد میں آرام سے بتاؤں گا۔ اگر ابھی بتاؤں بھی تو تیری سمجھ میں کچھ نہیں آئے گا۔" وکیل ہنس کر بولا۔ "یہ قانونی نکات ہیں۔ یوں سمجھ لے یہ درخواست لگانی بہت ضروری ہے اور جلد سے جلد لگانی ہے۔"

رحیم داد نے درخواست پر دستخط نہیں کیے۔ خاموش بیٹھا رہا۔ وکیل نے اللہ وسایا کی طرف دیکھا۔ دونوں کی نظریں ملیں۔ اللہ وسایا اٹھ کر رحیم داد کے نزدیک گیا' اس کا شانہ تھپک کر نرم لہجے میں بولا۔ "لگا دے دستخط۔ تیری جانب سے یہ درخواست لگانی بہت ضروری ہے۔ اس میں دیر

نہیں ہونی چاہیے۔ ورنہ آگے گڑبڑ پڑ سکتی ہے۔" اس طرح اصرار کرنے پر رحیم داد نے نظریں اٹھا کر اللہ وسایا کی طرف دیکھا۔ اس کے چہرے پر تذبذب اور بے اطمینانی کے تاثرات تھے۔ اللہ وسایا نے مسکرا کر کہا۔

"چوہدری! تیں نوں مجھ پر بھروسا نہیں؟"

"ایسی گل نہ کر۔" رحیم داد نے تیکھے لہجے میں کہا اور درخواست پر دستخط کر دیئے۔

وکیل نے درخواست رحیم داد کے ہاتھ سے لے کر اپنے بریف کیس میں رکھی اور فوراً اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ وہ کمرے سے نکلا تو اللہ وسایا بھی اس کے ہم راہ تھا۔

دونوں کے جانے کے بعد رحیم داد بستر پر لیٹ گیا۔ اللہ وسایا کے رویے نے اس کے شبہات میں اضافہ کر دیا تھا۔ دن ڈھلے تک وہ اسی الجھن میں مبتلا رہا۔ اسی عالم میں اس نے غسل کیا۔ لباس تبدیل کیا اور باغ کی جانب روانہ ہوا۔ مہمان خانے کے دروازے پر احمد مل گیا۔ احمد نے بتایا کہ اللہ وسایا بھی وکیل کے ساتھ شہر گیا ہے۔ رحیم داد اور پریشان ہو گیا۔

اس نے دور سے دیکھا کہ جمیلہ باغ میں بیٹھی ہے۔ قریب ہی اسکول ماسٹر بیٹھا تھا۔ جمیلہ اس کے ساتھ گفتگو میں مصروف تھی۔ رحیم داد باغ کی طرف نہیں گیا' اصطبل پہنچا۔ گھوڑی نکلوائی اس پر سوار ہوا اور جمیلہ کو اطلاع دیئے بغیر گھوڑی دوڑاتا نہر کی طرف نکل گیا۔

۱۱

احسان شاہ کا خاص ملازم شیدا حویلی کے پھاٹک ہی پر رحیم داد کو مل گیا۔ اس کی زبانی رحیم داد کو یہ بھی معلوم ہو گیا کہ احسان شاہ حویلی میں موجود ہے۔ شیدا نے رحیم داد کی گھوڑی ایک ملازم کے سپرد کی اور رحیم داد کو دیوان خانے میں لے گیا۔ مگر باغ کی سمت نہیں گیا۔ دیوان خانے کے پچھواڑے کی باڑی میں پہنچا۔ اس نے جھپاک جھپاک کرسیاں نکال کر باہر رکھ دیں اور ایک طرف ادب سے سر جھکا کر کھڑا ہو گیا۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "شاہ جی' کتھے ہے؟"

"وہ تو جی باغ میں ہے۔ شہر سے کئی وڈے افسر آئے ہوئے ہیں' وہ ان کے ساتھ بیٹھا ہے۔ میں اسے تیرے آنے کی اطلاع کرتا ہوں۔ اتنی دیر تو آرام سے بیٹھ' تھکا ہوا بھی ہے۔ میں پھیتی نال واپس آتا ہوں۔"

رحیم داد خاموشی سے ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ شیدا چلا گیا۔ سورج غروب ہو رہا تھا۔ درختوں کی بلند شاخوں پر سنہری دھوپ دھندلی پڑتی جا رہی تھی۔ شام دھیرے دھیرے اپنے بازو پھیلا رہی تھی۔ باڑی میں دھندلکا پھیلتا جا رہا تھا۔ رحیم داد نے باڑی پہلی بار دیکھی تھی۔ یہ درختوں سے گھرا ہوا ہرا بھرا گوشہ تھا۔ وسط میں گھاس کا قطعہ تھا۔ پھولوں کی چند کیاریاں بھی تھیں۔ دائیں طرف نیم کے ایک گھنے درخت کے پہلو میں مختصر سی عمارت تھی جو ایک کمرے اور غسل خانے پر مشتمل تھی۔ کمرے کے آگے برآمدہ تھا' اس پر کھپریل کی خمیدہ چھت تھی۔ کمرے میں لیمپ روشن تھا۔ کھلی کھڑکی سے لیمپ کی روشنی باہر جھانک رہی تھی۔ باڑی ہر چند کہ حویلی کی چاردیواری کے اندر تھی مگر الگ تھلگ تھی۔

رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ شام گہری ہوتی گئی۔ خاموشی اور بڑھ گئی۔ احسان شاہ نہیں آیا۔ کچھ دیر بعد شیدا واپس آیا۔ اس نے رحیم داد کے آگے میز رکھی۔ اس پر وہسکی کی بوتل' پانی سے بھرا ہوا جگ اور گلاس سلیقے سے رکھ دیئے۔ رحیم داد نے دریافت کیا۔ "شیدے! شاہ جی نہیں آیا؟" اس کے لہجے سے بے چینی جھلک رہی تھی۔

"شاہ جی نے کہا ہے' میں تھوڑی دیر بعد آؤں گا۔ چوہدری سے کہنا' روٹی ساتھ ہی کھانی ہے۔ آرام سے گپ شپ ہوگی۔ ابھی میں سرکاری افسروں سے کچھ ضروری باتیں کر رہا ہوں۔" شیدے نے احسان شاہ کا پیغام رحیم داد کو پہنچا کر وہسکی کا پیگ تیار کیا اور رحیم داد کے سامنے رکھ کر بولا۔ "تو شروع کر' شاہ جی ادھر بیٹھا لگا رہا ہے۔ بعد میں تیرے پاس آئے گا۔"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ شیدا چلا گیا۔ گلاس سامنے رکھا رہا۔ اس میں وہسکی کا رنگ جھلکتا رہا مگر رحیم داد نے گلاس کو ہاتھ نہیں لگایا۔ چپ بیٹھا احسان شاہ کا انتظار کرتا رہا۔ اندھیرا گہرا ہو گیا تھا۔ باڑی پر پراسرار سکوت طاری تھا۔ آس پاس نہ کوئی آواز تھی نہ آہٹ۔ رحیم داد بالکل تنہا تھا۔ رات باڑی میں اترکا کالی پڑتی جا رہی تھی۔ کھڑکی سے جھانکتی ہوئی لیمپ کی روشنی زرد دھبا بن کر رہ گئی تھی۔

لگ بھگ گھنٹے بھر بعد احسان شاہ آیا اور معذرت کے انداز میں بولا۔ "معاف کرنا چوہدری' مجھے دیر ہو گئی' پر تو آج اچانک کیسے آ گیا؟" وہ قریب ہی ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ اس نے رحیم داد کے سامنے رکھا ہوا گلاس دیکھا۔ "اوئے! یہ گلاس ایسے ہی پڑا ہے۔ لگتا ہے تو نے ایک گھونٹ بھی نہیں لیا۔" اس کے لہجے میں استعجاب تھا۔

"نہیں شاہ جی! میں نے آج نہیں پینی۔" رحیم داد نے انکار میں گردن ہلائی۔ "واپسی میں جیلے مل گئی تو گڑبڑ ہو جائے گی۔ میں اس کے یا اللہ وسایا کے سامنے پی کر جانا نہیں چاہتا۔ ویسے بھی میں نے یہاں زیادہ دیر نہیں ٹھیرنا۔ صرف تیرے ساتھ روٹی ٹکر کھا لوں گا۔"

احسان شاہ نے اصرار کیا۔ مگر رحیم داد آمادہ نہیں ہوا۔ احسان شاہ نے زچ ہو کر کہا۔ "جیسی تیری مرضی۔" اس نے گلاس اٹھایا' بڑا گھونٹ بھرا۔ چڑھی ہوئی آنکھیں اور تمتماتا ہوا چہرہ صاف ظاہر کر رہا تھا کہ وہ پہلے ہی خوب چڑھا چکا ہے۔

"یہ بتا' ادھر کیسے آنا ہوا؟"

"تجھ سے کچھ ضروری گل کرنی تھی۔" رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔

"کوئی خاص گل ہے؟"

"خاص ہی گل سمجھ لے۔ آج دوپہر اللہ وسایا اپنے وکیل کے ساتھ میرے پاس آیا اور مجھ سے ایک درخواست پر دستخط لگوا لیے۔"

"کیسی درخواست تھی؟" احسان شاہ نے پوچھا۔

"انگریزی میں تھی۔ تیں نوں پتہ ہے میں نوں انگریزی نہیں آتی۔ میں نے اس کے بارے میں وکیل سے پوچھا بھی' پر اس نے کہا یہ کنون کی باتیں ہیں' تیری سمجھ میں نہیں آئیں گی۔ میں بعد میں تجھے سب کچھ بتا دوں گا۔ ابھی تو جلدی میں ہوں۔ درخواست فوراً لگانی ہے۔"

"حد کر دی تو نے۔" احسان شاہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "جب اس نے درخواست کی نوعیت اور اس کا سبب ہی نہ بتایا تو آنکھ بند کر کے تو نے اس پر دستخط کیوں کر دیئے؟"

"کیا کرتا جی!" رحیم داد نے مسکین سی شکل بنا کر کہا۔ "اللہ وسایا میرے گلے پڑ گیا۔ بار بار دستخط کرنے کو کہا۔ پہلے تو میں چپ کر کے بیٹھا رہا۔ جب وہ ضد کرنے لگا تو دستخط لگانے ہی پڑے۔ میں اسے ناراض بھی تو نہیں کر سکتا۔"

"تو نے بہت برا کیا۔" احسان شاہ کے چہرے پر جھنجلاہٹ طاری ہو گئی۔ "لگتا ہے' اللہ وسایا نے اپنا کام پکا کر لیا۔ میں نے پہلے ہی خبردار کیا تھا۔ پر تو نے میری بات پر بھروسہ نہیں کیا۔" اس کے لہجے میں تلخی کا اضافہ ہو گیا۔ "کبھی یہ بھی سوچا اس نے دو تین ہزار روپے خرچ کر کے حویلی اور زرعی اراضی تیرے نام کیوں الاٹ کرا دی؟ تو اس کا کون سا سگا لگتا ہے۔ آخر اس نے الاٹمنٹ کے لیے اتنا پیسہ کیوں خرچ کیا؟ کیوں اتنی بھاگ دوڑ کی؟ تو ہی بتا' اس نے ایسا کیوں کیا؟ کوئی تو بات ہو گی' کچھ تو اسے فائدہ ہو گا۔ اتنا تو کوئی اپنے بھائی کے لیے بھی نہیں کرتا۔ تو اس کا کچھ بھی تو نہیں لگتا۔ پرانی یاری بھی نہیں۔ اپنی سمجھ میں تو یہ چکر آتا نہیں۔ اس میں ضرور کچھ ہیر پھیر ہے۔"

"شاہ جی! تو ٹھیک کہہ رہا ہے۔ اپنا مغز بھی کام نہیں کرتا۔" رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "وکیل نے درخواست پر دستخط کرانے کے ساتھ میرے کلیم کے سارے کاغذات بھی اپنے پاس رکھ لیے ہیں۔"

"کیا کہا! کلیم کے کاغذات بھی اس نے اپنے کبضے میں کر لیے؟" احسان شاہ نے حیران و پریشان ہو کر پوچھا۔ "اس نے تجھے بالکل ہی ختم کر دیا۔ تو اندھے اعتماد میں مارا گیا۔ اب تو تیرے پاس دستاویزی ثبوت بھی نہیں رہا۔ مختار نامہ اسے پہلے ہی دے چکا ہے۔ اس نے اپنی مرضی کی درخواست پر تجھ سے دستخط بھی لگوا لیے۔ پہلے جو کمی رہ گئی تھی' اب پوری کر لی۔ اب تو وہ جو جی چاہے کر سکتا ہے۔ جب مرضی ہو گی' تجھے بے دخل کر دے گا۔ اب تو اسے صرف پٹواری کے رجسٹر

ملکیت میں اپنے نام کا اندراج کرانے کے بعد تحصیل دار کے پاس جانا ہے۔ ہزار دو ہزار میں یہ کام بھی ہو سکتا ہے۔" اس نے وہسکی کی چسکی لگائی۔ "اب تو وہ ساری جائیداد پر اپنا ہی کہنہ رکھے گا۔ ویسے بھی اس کے کہنے میں ہے۔ لگتا ہے وہ اپنی کارروائی پوری کرنے کے لیے جلد ہی شہر جائے گا۔"

"وہ تو آج ہی وکیل کے ساتھ شہر چلا گیا۔"

"اس کا مطلب یہ ہوا' وہ اپنی کارروائی مکمل کر کے جلد سے جلد تیرا پتا کاٹ دینا چاہتا ہے۔"

رحیم داد نے کسی ردعمل کا اظہار نہ کیا۔ خاموش بیٹھا رہا۔

"کس سوچ میں پڑ گیا چوہدری؟" احسان شاہ نے رحیم داد کو خاموش دیکھ کر دریافت کیا۔

"شاہ جی! سچ پوچھ تو مجھے یقین نہیں آتا اللہ وسایا میرے خلاف ایسا بھی کر سکتا ہے۔ میں یہی سوچ رہا تھا۔" رحیم داد نے آہستہ سے کہا۔ "سمجھ نہیں آتی' وہ ایسا کیسے کر سکتا ہے؟ تجھے پتہ نہیں' پچھلے دنوں وہ مجھے کبیر والا کے ایک زمیں دار کے گھر لے گیا۔ جمیلہ بھی ساتھ تھی۔ دونوں اس کی دھی سے میرا ویاہ کرانا چاہتے ہیں۔ اب تجھ سے کیا چھپانا۔ ویاہ کے لیے اگلے مہینے کی ۲ تاریخ طے بھی ہو چکی ہے۔" رحیم داد نے نظر بھر کر احسان شاہ کی طرف دیکھا۔ "ان کے دل میں اگر میرے خلاف کوئی بدی ہوتی تو وہ ایسا کیوں کرتے؟ مجھے بے دخل ہی کرنا ہوتا تو اللہ وسایا اور جمیلہ میرا گھر بسانے کی کوشش کیوں کرتے؟"

"یہ کب کی گل ہے؟" احسان شاہ کے لہجے میں تحیّر تھا۔

"پچھلے جمعے کی۔" رحیم داد نے بتایا۔ "زمیں دار کا نام چوہدری اکرم ہے۔ تحصیل کبیر والا کے پنڈ احمد پور میں اس کی زمیں داری ہے۔ اٹھ مرنجے سے اوپر زمین ہے۔ پکی ماڑی ہے اور جس کڑی کے ساتھ وہ میرا ویاہ کرنا چاہتا ہے' اس کے سوا اس کا کوئی نہیں۔ وہی اس کی ساری جائیداد کی وارث ہے۔ بلکہ اللہ وسایا تو یہ بھی کہتا تھا کہ اکرم ویاہ کے بعد اپنی ساری زمیں داری میرے سپرد کر دے گا۔"

"مجھے تو یہ بھی کوئی اونچا چکر لگتا ہے۔" احسان شاہ نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "اپنی سمجھ میں تو یہ گل آتی نہیں۔ جس کی اکلوتی اولاد صرف ایک دھی ہو اور اچھی خاصی زمیں داری بھی ہو' کیا اسے اپنی جات برادری میں رشتہ نہیں مل سکتا تھا جو وہ تجھے اپنا جنوائی بنانے پر اتنی جلدی تیار ہو گیا؟"

"پر ایک گل اور بھی ہے۔ اس کی دھی کا پہلے بھی ویاہ ہو چکا ہے۔ جنوائی چنگا بندہ نہیں تھا۔ اس

لیے اکرم کاغذ لکھوا کر دھی کو اپنے گھر لے آیا۔" رحیم داد نے وضاحت کی۔ "اکرم بوڑھا ہے اور بیمار بھی رہتا ہے۔ چاہتا ہے اپنی زندگی میں دھی کا ویاہ کر دے تاکہ اس کے بعد وہ بے سہارا نہ رہ جائے۔ شریکے اور برادری والے جائیداد پر کہنہ کرنے کے لیے اسے تنگ نہ کریں۔"

"چوہدری' مجھے تو یہ شادی ویاہ سب ڈھونگ لگتا ہے۔ پتہ نہیں' اکرم کون ہے' کیسا بندہ ہے؟" سید احسان علی نے نشے کی جھونک میں قہقہہ بلند کیا۔ "چوہدری تو ٹھیرا مہاجر۔ تو ان ملتانیوں کو نہیں جانتا۔ ان کے لیے تو مشہور ہے کہ صورت ملاں کی اور آنکھیں چور کی۔ پورے پنجاب میں ملتانی زمینداروں سے بڑا رسہ گیر نہیں ملے گا۔ جتنا وڈا زمیں دار ہو گا' اتنا ہی وڈا رسہ گیر ہو گا۔ ویسے نام کو کوئی سید ہے۔ کوئی کریشی' کوئی گردیزی ہے۔ کوئی گیلانی ہے۔ کوئی نواب اور کوئی مخدوم ہے۔" اس نے وہسکی کی چسکی لگائی۔ "وہ کوئی بھی ہو پر رسہ گیری کو جرم اور برائی نہیں سمجھتا۔ رسہ گیری تو ان کے لیے دل بہلانے کا مشغلہ اور تفریح ہے۔"

"پر چوہدری اکرم ایسا نہیں ہے۔ دیکھنے میں نیک بندہ لگتا ہے۔"

"کسی کی صورت پر تو اندر کا حال لکھا نہیں ہوتا۔" احسان شاہ اپنی بات پر اڑا رہا۔ "چوہدری تجھے ملتانی زمیں داروں کے بارے میں کچھ پتہ نہیں۔ پنجاب گزٹیئر میں تو ان کا ذکر کرتے ہوئے یہاں تک بتایا گیا ہے کہ وہ رسہ گیری کو بالکل چوری چکاری نہیں سمجھتے۔ زور آور اور کامیاب نمبر دار وہی سمجھا جاتا ہے جو دن میں حکومت کرے اور رات کو چوری اور رسہ گیری۔ ان کے بارے میں تو جانے کتنی کہاوتیں مشہور ہیں۔ کہتے ہیں چاچا چور بھتیجا کاضی۔ ملاں چور موذن گواہ۔ کہاں تک تجھے بتاؤں۔" اس نے وہسکی کا بڑا گھونٹ بھرا اور گلاس خالی کر دیا۔ "نوجوان زنانیوں اور نیاروں کو اٹھوا لینا اور ان کی عزت لوٹنا ملتانی زمیں داروں میں بالکل عام بات ہے۔ چاہے وہ نواب زادہ ہو یا گدی نشین۔"

رحیم داد نے حیرت سے احسان شاہ کو دیکھا۔ وہ نشے میں بالکل بھول گیا تھا کہ جتنی بھی برائیاں نفرت سے منہ بگاڑ کر وہ ملتانی زمیں داروں کی گنوا رہا ہے' وہی حرکتیں اور وہی جرائم وہ خود کرتا ہے اور نہایت دھڑلے سے کرتا ہے۔ زمیں داری چلانے کے لیے انھیں ناگزیر قرار دیتا ہے۔

مگر احسان شاہ اس کے احساسات سے بے نیاز کہتا رہا۔ "تو کس چکر میں پڑ گیا۔ ہرگز ہرگز ادھر ویاہ نہ کرنا۔ بعد میں بہت پچھتائے گا۔ ویسے مجھے تو یہ ویاہ شیاہ ہوتا نظر نہیں آتا۔ اللہ وسایا اس سیانے تجھ سے پیار جتانا چاہتا ہے' پر اس کے ارادے کچھ اور ہی ہیں۔ یوں سمجھ لے' وہ ایک ہاتھ سے حویلی اور زمین تجھے دے کر دوسرے ہاتھ سے چھین لینا چاہتا ہے۔ میرا کام تجھے خبردار کرنا ہے'

آگے تیری مرضی۔"

رحیم داد کو فوراً یاد آگیا' اللہ وسایا نے باتوں باتوں میں یہ بھی کہا تھا کہ چوہدری تو احمد پور کی زمیں داری سنبھال لینا' ادھر کی دیکھ بھال میں کرہی رہا ہوں۔ رحیم داد ایک بار پھر ذہنی الجھن میں مبتلا ہوگیا۔ اس نے پوچھا۔ "شاہ جی! یہ بتا' اب میں نوں کیہ کرنا ہے؟ میں تیرے کول اسی لیے آیا تھا۔" اس کے لہجے سے بے چارگی اور پریشانی جھلک رہی تھی۔

"تونے تو خود اپنے ہاتھ کٹوالیے۔" احسان شاہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "اللہ وسایا نے تجھ سے سب کچھ تولے لیا۔ اب میں تیرے لیے کیا کرسکتا ہوں۔"

"میں اللہ وسایا کو ایسا نہیں سمجھتا تھا۔" رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔

"پر یہ تو جانتا ہی ہے کہ اللہ وسایا صرف مزارع ہی نہیں رہا' کوم کا جانگلی بھی ہے اور وہ جانگلی ہی کیا جو چوری' ڈکیتی اور لوٹ مار نہ کرے۔ جانگلی تو ماں کے پیٹ ہی سے جرائم پیشہ پیدا ہوتا ہے۔" احسان شاہ کے چہرے سے سخت برہمی جھلکنے لگی۔ "مجھے اس سے اتنی سخت نفرت ہی اس لیے ہے کہ ایک جانگلی میرے ضلعے' بلکہ میری ہی تحصیل میں زمیں دار بنا بیٹھا ہے۔ شان سے حویلی میں رہتا ہے' اونچے طرے کی پگ لگا کر نکلتا ہے۔ تجھے پتہ نہیں' اس کی یہ آن بان دیکھ کر میرا خون کس طرح کھولتا ہے۔"

رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ احسان شاہ وہسکی کی چسکی لگاتا رہا۔ اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا اور سنبھل سنبھل کر بولنے لگا۔ "مشکل یہ ہے کہ یہ بھی تو پتہ نہیں' تونے اللہ وسایا کے لیے مختار نامے پر دستخط کیے ہیں یا بیع نامے پر۔ کلیم کے کاغذات بھی اس نے تجھ سے ہتھیا لیے۔ اب تو معاملہ بہت آگے نکل چکا ہے۔"

"تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اب کچھ نہیں ہوسکتا؟"

"اب تیرے سامنے صرف دو رستے ہیں۔"

"وہ رستے کیا ہیں؟" رحیم داد نے بے چینی سے پوچھا۔

"اگر تو کانونی چارہ جوئی کرنا چاہے تو میں تیرا کیس اپنے وکیل سے لڑواؤں گا۔ حالانکہ تونے اپنا کیس خود اپنے ہاتھوں کمزور کردیا ہے۔" احسان شاہ نے رحیم داد کی جانب بھرپور نظروں سے دیکھا۔ "بول' کیا کہتا ہے؟"

"نہیں شاہ جی!" رحیم داد نے اتفاق نہیں کیا۔ "میں مکدمے بازی کے چکر میں پڑنا نہیں چاہتا۔ یہ دیوانی مکدمہ ہے۔ برسوں عدالتوں کے چکر کاٹنے پڑیں گے۔ کہتے ہیں دیوانی کیس تو دیوانہ بنادیتا

ہے۔"

انکار کے باوجود احسان شاہ نے مقدمہ لڑنے پر زور دیا مگر رحیم داد تیار نہیں ہوا۔ وہ اس کے لیے تیار ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ اس پر تو پولیس کو صرف دیکھ کر گھبراہٹ طاری ہوجاتی تھی۔ عدالت میں پیش ہونے اور بیان دینے کی اس میں جرات ہی نہیں تھی۔ اسے سراسر خطرہ نظر آتا تھا۔ جائیداد اور املاک حاصل کرنے کی کوشش میں اگر اسے شناخت کرلیا جاتا تو صرف جیل ہی نہ جانا پڑتا' حکیم نذر محمد چشتی اور چوہدری نورالٰہی کے قتل کے جرم میں پھانسی بھی ہوسکتی تھی۔ اسی کمزوری کے باعث اس نے اللہ وسایا کو مختار نامہ دیا تھا تاکہ اسے عدالتوں میں اور سرکاری افسروں کے سامنے پیش نہ ہونا پڑے۔ وہ ہرگز کوئی خطرہ مول لینا نہیں چاہتا تھا۔

"مکدمہ لڑنا نہیں چاہتا تو صرف ایک ہی رستہ رہ جاتا ہے۔" احسان شاہ نے جان بوجھ کر بات ادھوری چھوڑدی۔

"وہ کون سا رستہ ہے؟" رحیم داد نے دلچسپی کا اظہار کیا۔

"وہ یہ کہ اللہ وسایا کو رستے سے صاف کردیا جائے۔" اس کی خمار آلود آنکھوں میں مجرمانہ چمک پیدا ہوگئی۔

"تیرا مطلب ہے' اللہ وسایا کا صفایا کردیا جائے؟" رحیم داد نے گھبرائے ہوئے لہجے میں پوچھا۔

"بالکل یہی مطلب ہے۔" احسان شاہ کی آنکھوں کی چمک اور تیز ہوگئی۔ "اللہ وسایا کا صفایا کرنے کے بعد حویلی اور زمین پوری طرح تیرے کبضے میں آجائے گی۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا اور ایک آنکھ دبا کر بولا۔ "تجھے کبیر والا میں ویاہ کرنے کی بھی ضرورت نہیں رہے گی۔ جمیلہ تو موجود ہی ہے۔ وہ سوہنی ہے اور جوان بھی۔ اس سے نکاح پڑھالینا۔ اس کے دس مرعے بھی تیری تحویل میں آجائیں گے۔ تو پورے کوٹلہ ہرکشن کا زمیں دار بن جائے گا۔" احسان شاہ نے رحیم داد کو تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "پر تجھ میں اتنی ہمت بھی ہے؟"

"نہیں شاہ جی! یہ ٹھیک نہیں۔" رحیم داد کے ذہن کو زور کا جھٹکا لگا۔ اس کے چہرے سے پریشانی برسنے لگی۔

"تو یہ بھی سن لے۔" احسان شاہ کا لہجہ گمبھیر ہوگیا۔ "اگر تونے اللہ وسایا کا صفایا نہ کیا تو وہ جلد ہی تجھے اپنے رستے سے صاف کردے گا۔"

"تو یہ کہنا چاہتا ہے' اللہ وسایا مجھے کتل کرادے گا؟"

"بالکل کرا سکتا ہے۔ مت بھول کہ اللہ وسایا جانگلی بھی ہے۔" احسان شاہ کے لہجے میں تلخی

تھی۔ "جانگلی تو نہ صرف لوٹ مار کے لیے خون کرتا ہے' بلکہ پیسے لے کر دوسروں کے لیے بھی قتل کرتا ہے۔ وہ تو پیشہ ور قاتل ہوتا ہے۔ اگر اس نے تجھے قتل نہ بھی کیا تو کسی کیس میں پھنسوا کر جیل بھجوا سکتا ہے۔ اس کا وکیل بہت تیز ہے۔ مجھے پتہ ہے' وہ کتنا تیز ہے۔"

رحیم داد نے سر اسید ہو کر احسان شاہ کی طرف دیکھا۔ "شاہ جی! تیری باتیں بالکل سمجھ نہیں آئیں۔"

"سوچ لے' ٹھنڈے دل سے سوچ لے۔" احسان شاہ اس کی سراسیمگی اور گھبراہٹ سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے بولا۔ "مجھے تیری پریشانی کا پتہ ہے' تبھی میں نے تجھے ہر پہلو دکھا دیا۔ اب تو اپنے طور پر سوچ بچار کر لے۔ مگر تجھے جلد ہی فیصلہ کرنا ہو گا۔ وقت بہت کم ہے۔"

"میں تیرے پاس چند روز بعد آؤں گا۔ اب میں نوں چلتا ہے۔" رحیم داد کھڑا ہو گیا۔

احسان شاہ نے اسے جانے نہیں دیا۔ "ایسی کیا جلدی ہے؟ روٹی کھا کر جانا۔" احسان شاہ بھی کھڑا ہو گیا۔

رحیم داد ٹھہر گیا۔ دونوں نے کھانا کھایا۔ رحیم داد کھانے کے دوران خاموش رہا۔ احسان شاہ نے بھی کم بات چیت کی۔ لیکن اس نے اللہ وسایا کی جانب سے رحیم داد کو برگشتہ کرنے کی پوری پوری کوشش کی۔ کھانے سے فارغ ہو کر رحیم داد اپنی گھوڑی پر سوار ہو کے واپس ہوا۔

☆

رحیم داد مہمان خانے میں پہنچا تو احمد سو رہا تھا۔ اس نے اٹھ کر دروازہ کھولا مگر بات چیت نہیں کی۔ گہری نیند سے اٹھا تھا' آنکھیں بند ہوئی جا رہی تھیں۔ لیکن رحیم داد کو اس کی زبانی یہ اطلاع مل گئی کہ اللہ وسایا شہر سے لوٹا نہیں ہے۔

اللہ وسایا دوسرے روز شام کو واپس آیا۔ رحیم داد باغ میں تنہا بیٹھا اس کا انتظار کرتا رہا۔ مگر وہ اس کے پاس نہیں آیا۔ واپسی کے کچھ ہی دیر بعد وہ قادر کے گھر چلا گیا۔ جمیلہ بھی اس کے ہم راہ تھی۔ یہ اطلاع بھی احمد ہی نے دی تھی۔ رحیم داد کے دریافت کرنے پہ اس نے بتایا۔

"زمیں دار اور زمیں دارنی کادو کے پاس گئے ہیں۔ وہ آج دوپہر کو لہور سے لوٹا ہے۔"

"کادو اب کیسا ہے؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"بالکل کمزور پڑ گیا ہے جی! آنکھیں تو اس کی دونوں ہی جاتی رہیں۔ کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا۔ اندھا ہو گیا ہے۔"

کئی روز گزر گئے۔ نہ اللہ وسایا اس کے پاس آیا نہ جمیلہ۔ دونوں قادر اور عطا محمد کا جھگڑا ختم کرانے کے لیے صلح صفائی کی کوشش کر رہے تھے۔ عطا محمد تو تیار تھا۔ وہ اور اس کا بھائی گرفتار ہونے کے بعد ضمانت پر رہا ہو چکے تھے۔ پولیس نے دونوں کو مجید اں کے قتل کے الزام میں گرفتار کر لیا تھا۔ دوسری طرف قادر صلح کرنے پر رضامند نہیں تھا۔ وہ ایسی شرائط پیش کرتا جو عطا محمد کے لیے قابل قبول نہ ہوتیں۔

ہر روز دونوں فریقوں کے نمائندے اکٹھا ہوتے۔ پنچایت بیٹھتی' لیکن قادر کے بگڑے ہوئے رویے کے باعث کچھ نہ طے ہوتا۔ بار بار تلخ کلامی کی نوبت آجاتی' بات بنتے بنتے بگڑ جاتی۔ لیکن جمیلہ نے ہمت نہیں ہاری۔ اس نے قادر اور اس کے بیٹے صابر کو سمجھا بجھا کر کسی نہ کسی طور راضی کر ہی لیا۔

رحیم داد پنچایت میں شریک نہیں ہوا۔ اس کا وقت تنہائی میں کٹتا رہا۔ احمد یا دوسرے نوکروں سے اسے اللہ وسایا اور جمیلہ کی سرگرمیوں کا پتہ چلتا رہا۔

☆

اللہ وسایا مہمان خانے میں رحیم داد کے پاس آیا مگر وہ کمرے میں نہیں بیٹھا۔ رحیم داد کو باہر لے گیا۔ دونوں ٹہلتے ہوئے کھیتوں کی طرف چلے گئے۔ دن کے ساڑھے بارہ بجے تھے' لیکن دھوپ نہیں تھی۔ آسمان پر سرمئی بادل چھائے تھے۔ بارش کے بعد ہر طرف ہریالی ہی ہریالی تھی۔ ہوا قدرے بھیگی ہوئی تھی۔ درختوں کی شاخیں اور پودے جھونکوں سے جھوم رہے تھے۔

فضا خوشگوار اور سہانی تھی۔ لیکن اللہ وسایا کے چہرے پر سنجیدگی چھائی تھی۔ وہ چپ چپ تھا۔ رحیم داد بھی خاموش رہا۔ کچھ دیر تک دونوں چپ چاپ چلتے رہے۔ آخر رحیم داد نے خاموشی توڑی۔

"تو شہر گیا تھا' درخواست کا کیا بنا؟"

"وکیل نے دوسرے ہی روز درخواست لگا دی تھی۔"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے استفسار کی۔ "یہ نئی درخواست کیسی ہے؟ نہ تو نے کچھ بتایا نہ وکیل نے۔"

"تو درخواست کے بارے میں بار بار اس طرح کیوں پوچھ رہا ہے؟" اللہ وسایا کا لہجہ تیکھا تھا۔

رحیم داد نرم پڑ گیا۔ "برا منا رہا ہے تو نہیں پوچھوں گا۔" اس نے لمحے بھر خاموش رہ کر پوچھا۔ "میں تو یہ پتہ کرنا چاہتا تھا' الاٹمنٹ میں کوئی گڑبڑ تو نہیں پڑ گئی؟"

"گڑبڑ ہو سکتی تھی' اگر فوراً درخواست نہ لگائی جاتی۔"

"پریشانی کی تو کوئی گل نہیں؟" رحیم داد نے بے چینی کا اظہار کیا۔

"ابھی کچھ کہا نہیں جا سکتا۔" اللہ وسایا نے بے نیازی سے جواب دیا۔

رحیم داد نے محسوس کیا کہ اللہ وسایا خلاف توقع کچھ اکھڑا اکھڑا ہے۔ وہ ہر بات کا مختصر اور ادھورا جواب دیتا۔ رحیم داد نے دبی زبان سے پوچھا۔ "تو نے یہ نہیں بتایا' یہ درخواست لگانے کی ضرورت کیوں پڑی؟"

"یہ تو وکیل سے پوچھنا' وہی بتائے گا۔"

"تیں نوں کچھ پتہ ہو تو بتا دے۔" رحیم داد کا لہجہ بہت نرم تھا۔ "وکیل تو کانونی نکات بتائے گا وہ سمجھ نہیں آئیں گے۔"

"جب کانونی نکات تجھے سمجھ نہیں آتے تو چپ کر کے بیٹھا رہ۔ آگے تجھے سب کچھ خود ہی پتہ چل جائے گا۔" اللہ وسایا کے انداز میں ہلکی ہلکی تلخی تھی۔ وہ چند لمحے خاموشی سے چلتا رہا۔ رحیم داد نے بھی خاموشی توڑنے کی کوشش نہیں کی۔ آخر اللہ وسایا نے خود ہی گفتگو شروع کی۔ "تجھ سے ایک ضروری گل پوچھنی ہے۔"

"کیسی گل؟" رحیم داد نے مضطرب ہو کر دریافت کیا۔

اللہ وسایا کا چہرہ اور گمبھیر ہو گیا۔ اس نے مڑ کر تیکھی نظروں سے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "تو یہاں آنے سے پہلے ڈھولہ امیر خاں میں ہوتا تھا؟"

رحیم داد کے پیروں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔ وہ لرز کر رہ گیا۔ زبان سے ایک لفظ نہ نکلا۔ نظریں جھکائے چپ چاپ چلتا رہا۔ اس کے چہرے پر اچانک سراسیمگی چھا گئی تھی اور صاف نظر بھی آ رہی تھی۔

اللہ وسایا گردن اٹھائے چلتا رہا۔ اس کا چہرہ اور سنجیدہ ہو گیا۔ چند قدم خاموشی سے آگے بڑھنے کے بعد اللہ وسایا کی آواز ابھری۔ "تو نے ادھر دو کتل بھی کیے ہیں؟" رحیم داد کے قدم ڈگمگانے لگے۔ اس پر سکتہ طاری تھا۔ وہ کچھ بھی نہ کہہ سکا۔ اس کا ذہن ستار کے تاروں کی مانند جھن جھنا رہا تھا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرے کے جال پھیلنے لگے۔

"چپ کیوں ہے' بولتا کیوں نہیں؟" اللہ وسایا کا لہجہ تیکھا اور قدرے اونچا تھا۔

رحیم داد شدید مخمصے میں پڑ گیا۔ نہ وہ اعتراف کر سکتا تھا' نہ صاف انکار۔ دونوں صورتوں میں اس کے لیے پریشانی تھی۔ اس نے صاف جواب دینے سے گریز کیا۔ ذہنی خلفشار پر قابو پانے کی

پوری پوری کوشش کی' ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔

"دارا تجھ سے ملا تھا؟"

"ہاں!" اللہ وسایا نے اس کی جانب دیکھے بغیر کہا۔ "پچھلے دنوں وہ تجھے ڈھونڈتا ہوا میرے پاس آیا تھا۔ دیر تک باتیں کرتا رہا۔"

"کیا کہتا تھا؟" رحیم داد کے لہجے میں لڑکھڑاہٹ تھی۔

"وہی جو میں نے تجھے بتایا۔"

رحیم داد نے فوراً پینترا بدلا۔ "میں نے تجھے بھائی کہا ہے' تجھ سے ہرگز جھوٹ نہیں بولوں گا۔ سب کچھ صاف صاف بتا دوں گا۔" اس کے لہجے میں عاجزی تھی۔

اللہ وسایا پر خاطر خواہ ردعمل ہوا۔ اس کے انداز میں قدرے نرمی پیدا ہوئی۔ وہ گلہ کرنے کے انداز میں بولا۔ "چوہدری! میں تجھے اتنا خطرناک بندہ نہیں سمجھتا تھا۔"

"تو پہلے میری پوری گل سن لے۔" رحیم داد نے اللہ وسایا کو رام کرنے کی کوشش کی۔

"تجھے پتہ نہیں۔ میں نے ان باتوں کا ابھی تک کسی سے بالکل تذکرہ نہیں کیا۔ جمیلہ تک کو نہیں بتایا۔ حالانکہ میں اس سے کبھی کوئی بات نہیں چھپاتا۔" اللہ وسایا نے لمبی سانس بھری۔ "چوہدری! تو نے مجھے سخت الجھن میں ڈال دیا ہے۔ تو خود سوچ' اگر یہ باتیں سچ ہیں تو آگے کیا بنے گا۔"

"تو میری بات پوری طرح سن لے گا تو سب کچھ تیری سمجھ میں آ جائے گا۔" رحیم داد نے صفائی پیش کرنا چاہی۔ "تو جس طرح سوچ رہا ہے' بات اس طرح نہیں ہے۔"

اللہ وسایا اس کی صفائی سننے پر رضامند نہ ہوا۔ "تجھے اس معاملے میں جو کچھ کہنا ہے' دارا ہی کے سامنے کہنا تاکہ ہر بات کھل کر سامنے آ جائے۔ وہ جلد ہی میرے پاس آئے گا۔"

رحیم داد نے اصرار کیا۔ "اس کے سامنے بھی بات ہو جائے گی۔ مگر تو اس سے پہلے میری گل بھی سن لے۔"

"تو کہتا ہے تو ضرور سنوں گا۔" اللہ وسایا نے اس کی حوصلہ شکنی نہیں کی۔ "اس بارے میں آرام سے بیٹھ کر تجھ سے گل بات ہو گی۔ آج تو میں نوں وکیل کے پاس شہر جانا ہے۔"

"درخواست ہی کے سلسلے میں جا رہا ہے؟"

"ہاں' تجھ سے مختار نامہ لینے کے بعد اب تو مجھی کو ہر افسر کے سامنے پیش ہونا پڑتا ہے۔"

"کب جائے گا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"دوپہر کی روٹی کھا کر روانہ ہو جاؤں گا۔"

"واپسی کتنے روز میں ہو گی؟"

"کچھ پتہ نہیں۔ تین چار روز تو لگ ہی جائیں گے۔"

دونوں باتیں کرتے ہوئے کھیتوں سے گزر کر اسکول کی جانب نکل آئے۔ رحیم داد نے نظریں اٹھا کر دیکھا' جمیلہ اسکول سے باہر آ رہی ہے۔ اس کے ہم راہ دونوں بچے بھی تھے۔ اللہ وسایا نے بھی اسے دیکھ لیا۔ رحیم داد نے مسکرانے کی کوشش کی۔

"لگتا ہے' سکول کی چھٹی ہو گئی۔ زمیں دارنی آ رہی ہے۔"

اللہ وسایا نے آہستہ سے کہا۔ "میرے جانے کے بعد اس معاملے میں جمیلہ سے کوئی گل بات نہ کرنا۔ میں تجھے بتا ہی چکا ہوں' میں نے اسے ابھی تک کچھ نہیں بتایا۔ جب تک تجھ سے پوری طرح بات چیت نہ ہو جائے گی' اس سے کچھ نہیں کہوں گا۔ وہ ایسی باتوں سے جلد گھبرا جاتی ہے۔"

"نہیں' میں اس سے کچھ نہیں کہوں گا۔ تو فکر نہ کر۔" رحیم داد نے اللہ وسایا کو یقین دلایا۔

جمیلہ قریب آ گئی۔ اللہ وسایا اور رحیم داد اس کے ساتھ ادھر ادھر کی باتیں کرتے ہوئے حویلی کی جانب چل دیئے۔

رحیم داد مہمان خانے میں پہنچا تو سخت پریشان اور خوف زدہ تھا۔ پریشانی کے عالم میں اس سے دوپہر کا کھانا بھی نہ کھایا گیا۔ وہ شام تک کمرے میں بستر پر لیٹا بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔ اسے اپنے سر پر خطرہ منڈلاتا نظر آ رہا تھا۔ اندھیرا پھیلنے لگا تو وہ مہمان خانے سے نکلا۔ باغ میں گیا اور تنہا بیٹھا رہا۔ اللہ وسایا شہر جا چکا تھا۔ جمیلہ بھی باغ میں نہیں آئی۔

☆

بادل چھائے تھے مگر بارش نہیں ہوئی۔ رحیم داد نے باغ ہی میں کھانا کھایا اور کھانے سے فارغ ہو کر دیر تک بیٹھا رہا۔ اندھیرا ہر طرف پھیل گیا تھا۔ رحیم داد اٹھا اور مہمان خانے کی جانب چلا۔ وہ چند ہی قدم آگے بڑھا تھا کہ ایک جھنڈ کے نیچے سے دارا نکلا اور رحیم داد کے سامنے آ گیا۔ رحیم داد سراسیمہ ہو کر کھڑا ہو گیا۔ دارا کو دیکھ کر خوف اور پریشانی کے ساتھ ساتھ اس پر غصہ بھی طاری ہوا۔ مگر اس نے خود کو سنبھال لیا۔

"تو نے مجھے پہچان لیا؟" دارا نے آہستہ سے پوچھا۔

"ہاں۔" رحیم داد آگے بڑھنے لگا۔ "میرے ساتھ آ۔"

رحیم داد نے مہمان خانے کی جانب جانے کا ارادہ ترک کر دیا' مڑا اور دارا کے ہم راہ نہر کی

سمت بڑھنے لگا۔ عقب میں گاؤں تھا۔ مکانوں میں چراغوں کی روشنیاں جھلملا رہی تھیں۔ آسمان پر ہلکا ابر چھایا تھا۔ درختوں کے نیچے اندھیرا تھا۔ دونوں چپ چاپ چلتے رہے۔

کچھ دور جا کے رحیم داد نے پوچھا۔ "تو یہاں کیسے آیا؟" اس کا لہجہ تیکھا تھا۔

"میں نے تجھے اس روز نہر کے کنارے دیکھا تھا۔ یاد ہے نا جب تو اپنی گھوڑی دوڑاتا جا رہا تھا۔" دارا آہستہ آہستہ بول رہا تھا۔ "تبھی سے میں تیرے پاس آنا چاہتا تھا' پر تو اتنا بدل گیا ہے کہ بالکل پہچانا نہیں جاتا۔ تیرے منہ پر یہ چوٹ کا نشان بھی نہیں تھا۔ تو گھوڑی پر بیٹھا بھی بہت شان سے تھا۔ سچ کہتا ہوں' میں تجھے پہچان نہیں سکا تھا۔"

"ایسا تھا تو ادھر کیوں آیا؟"

"گل ایسہ ہے جی! تیرے بارے میں کچھ شبہ سا ہوا۔" دارا نے وضاحت کی۔ "میں نے تجھے ادھر سے گھوڑی پر نکلتے دیکھا تھا۔ اب تجھ سے صاف صاف بتا دوں۔ میں دو بار پہلے بھی یہاں آیا اور چھپ کر تجھے خوب غور سے دیکھتا رہا۔"

"پر تو ادھر کیسے آ گیا؟ تو ڈھولہ امیر خاں میں ہوتا تھا نا؟ میں نے تجھے وہیں چھوڑا تھا۔"

"تیں نوں پتہ ہی نہ ہو گا' تیرے آنے کے بعد مجھ پر کیا بیتی۔" دارا نے گلہ کرنے کے انداز میں کہا۔ "جب تو بیگماں اور اس کے گھر والے مولا داد کا خون کر کے بھاگا۔"

"تیں نوں کیسے پتہ چلا' میں نے بیگماں اور مولا داد کا خون کیا؟" رحیم داد نے اس کی بات کاٹ کر دریافت کیا۔ اس کی آواز سے جھنجلاہٹ صاف جھلک رہی تھی۔

"ناراض نہ ہو۔ تیں نوں پتہ ہی ہے' میں موجود نہیں تھا۔" دارا سہم کر نرم پڑ گیا۔ "میں جب پہنچا تو بیگماں مر چکی تھی' مولا داد دم توڑ رہا تھا۔ اس کا بھائی اللہ داد زخمی تھا' پر زندہ تھا۔ اسی نے بتایا بیگماں اور مولا داد کا خون تو نے کیا۔"

"بکواس کرتا ہے وہ۔" رحیم داد برافروختہ ہو کر بولا۔ "اسے پتہ ہے' بیگماں کو میں نے نہیں' مولا داد نے کلہاڑی سے قتل کیا۔ میں نے اسے روکنا چاہا تو اس نے مجھ پر بھی وار کیا۔ میں برابر بچنے کی کوشش کرتا رہا' پر جب میں نے دیکھا' وہ بیگماں کی طرح مجھے بھی ختم کرنے پر تلا ہوا ہے تو میں نے اپنے بچاؤ کے لیے وار کیا اور اسی کی کلہاڑی چھین کر کیا۔ کرتا بھی کیا۔ وہ بالکل پاگل ہو رہا تھا۔ اللہ داد بھی اسی لیے زخمی ہوا کہ وہ بھی مجھے قتل کرنا چاہتا تھا۔"

"تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے۔" دارا نے جھٹ اس کی تائید کی۔ "پر تیں نوں یاد ہو گا' جب تو میرے گھر سے نکل کر کھیتوں کی طرف بھاگا' تو میں نے تجھے روکنے کی کوشش کی تھی۔ تو رک کر اصلی گل

بتا دیتا تو میں اللہ داد کی بات ہرگز نہ مانتا۔" وہ صفائی پیش کرتے کرتے شکوہ کرنے لگا۔ "میں نے تو تجھ سے پہلے ہی پوچھا تھا' اگر تو نے بیگماں سے یاری لگا رکھی ہے۔"

رحیم داد نے اسے آگے نہیں بولنے دیا۔ غصے سے آگ بگولا ہو کر ڈانٹا۔ "چپ کر۔ تو نے فیر وہی سیکواس شروع کر دی۔"

"اللہ داد بھی ایسی ہی گل کرتا تھا۔ دوسرے بھی یہی کہتے تھے۔" دارا نے گڑگڑانے کے انداز میں آہستہ آہستہ کہا۔ "اللہ داد نے پولیس کو بھی یہی بتایا۔"

"پولیس نے تجھ سے بھی پوچھ تاچھ کی تھی؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"کیوں نہیں کی۔ میرے گھر ہی میں دونوں کا خون ہوا تھا۔ پولیس مجھے کیسے چھوڑ دیتی۔ تھانے دار سویرے پہنچا تھا اور مجھے پکڑ کر تھانے لے گیا۔"

"تو نے کیا بیان دیا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"میں نے کیا بیان دینا تھا جی! میں نوں تو کچھ پتہ نہیں تھا۔ پولیس نے چھتر مار مار کر چمڑی ادھیڑ ڈالی۔ پیٹھ اور کمر پر لمبے لمبے لاس پڑ گئے۔ انھوں نے مجھے ننگا کیا اور الٹا لٹکا دیا۔ ایک پولیسا میرے دونوں ہاتھ اپنے بوٹ سے دبا کر کھڑا ہو گیا۔ دوسرا زور زور سے ٹھڈے مارتا تھا۔ میں درد سے چیخنے چلانے لگا پر اس نے ترس نہ کھایا۔ وہ مارتے مارتے تھک گیا تو تھانے دار کے حکم پر ایک اور پولیسیا لگایا گیا۔ وہ خوب تگڑا تھا۔ اس نے سڑاک سڑاک پانی میں بھیگے ہوئے چمڑے کے چھتر مارے۔ میں نے ڈر کے وہی بیان دے دیا جو اللہ داد نے دیا تھا۔"

"پر تو وہاں موجود ہی کب تھا' جب مولاداد نے بیگماں کو قتل کیا اور مجھے قتل کرنے کے ارادے سے کلہاڑی اٹھا کر حملہ آور ہوا۔ تو تو پہلے ہی گھر سے نکل کر جا چکا تھا۔ اللہ داد اور مولاداد تو تیرے جانے کے بہت بعد پہنچے تھے۔"

"تو بالکل ٹھیک کہہ رہا ہے۔ پر میں کب تک مار کھاتا۔" دارا نے اپنی صفائی پیش کی۔ "میں نے تو مار سے بچنے کے لیے ایسا بیان دیا تھا۔"

"تب تو پولیس نے تجھے چھوڑ دیا ہو گا۔"

"کہاں چھوڑا جی! وہ تیرے بارے میں بار بار پوچھتے تھے۔ تیں نوں پتہ ہی ہے' میں نوں تیرے بارے میں کچھ بھی ملوم نہ تھا۔ نام تک کا پتہ نہ تھا۔ پر تھانے دار نے میری ایک نہ سنی۔ گندی گندی گالاں نکالتا تھا۔ چیخ چیخ کر کہتا تھا' تیرے گھر میں واردات ہوئی۔ کاتل تیرے ساتھ کئی روز ٹھیرا رہا اور تیں نوں اس کے بارے میں کچھ اتا پتہ نہیں؟ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ میں جتنی اپنی صفائی

پیش کرتا' اتنی ہی زیادہ دبا کے وہ میری پٹائی کرواتا۔"

رحیم داد اس کی روداد سن کر متاثر ہوا۔ اظہار ہمدردی کے طور پر بولا۔ "پولیس نے تجھ پر بہت ظلم کیا۔"

"نہ پوچھ کتنا ظلم کیا۔" دارا نے بجھے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "تھانے لے جانے کے بعد پولیس نے کئی راتوں تک بالکل نہیں سونے دیا۔ کھانے کو بھی نہیں دیا۔ پیاس لگتی' پانی مانگتا تو تھانے دار بچے ہنا لیتا' پانی نہ پلاتا۔ میں ہتھ جوڑتا' منتیں کرتا پر پانی دینے کی بجائے پولیسے اور پٹائی کرتے۔ کئی بار میں بے ہوش ہوا۔ ہر بار وہ پانی کے چھینٹے میرے منہ پر مار مار کر ہوش میں لاتے اور تیرے بارے میں پوچھتے۔ کبھی نرمی دکھاتے' پیار سے گل بات کرتے۔ کبھی گرمی دکھاتے اور گالاں نکالتے۔ تھانے دار چلا جاتا تو ہیڈ کانسٹیبل کی ڈیوٹی لگ جاتی ہے۔ وہ اپنی کارگزاری ڈالنے کے لیے اور زیادہ ظلم کرتا۔"

"تو پولیسوں کے پنجے سے چھوٹا کیسے؟"

"وہ ایسا ہے جی! میرا زمیں دار بہت نیک بندہ ہے۔ تھانے دار سے اس کی یاری بھی ہے۔" دارا نے رحیم داد کو بتایا۔ "وہ ایک روز تھانے آیا۔ میری حالت دیکھ کر اسے رحم آ گیا۔ وہ اپنی ضمانت پر مجھے اپنے ساتھ لے آیا۔ تھانے دار سے اس نے وعدہ کیا' جب ضرورت پڑے گی' مجھے پیش کر دے گا۔"

"پر تو وہاں سے نکل کر ادھر کیسے پہنچ گیا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"ویسے تو جی زمیں دار کے پاس جب تک رہا' میری کڑی نگرانی ہوتی رہی۔" دارا نے رحیم داد کو بتایا۔ "مجھے باہر جانے کی بالکل اجازت نہیں تھی۔ رات کو تو کوٹھری میں بند کر دیا جاتا۔ فیر ایسا ہوا' ایک صبح میں ٹٹی کرنے نیائیں کی طرف گیا۔ ایک راکھا میرے ساتھ ساتھ تھا' وہ بھی ٹٹی کرنے نزدیک ہی بیٹھ گیا۔ میں نے رات ہی کو بھاگنے کا ارادہ کر رکھا تھا۔ اٹھ کر اچانک اس پر جھپٹا اور اسے نیچے گرا کر اس کا منہ دبایا' پگڑی سے اس کے ہاتھ اور پیر باندھے اور پگڑی کا ایک سرا اس کے منہ میں ٹھونس دیا۔ ہر طرف ہلکا ہلکا اندھیرا تھا۔ میں جھٹ کھیتوں میں گھس گیا' چھپتا لکتا پنڈ سے باہر نکلا اور تیزی سے دوڑ لگائی۔ میں سورج نکلنے سے پہلے ڈھولہ امیر خاں سے بہت دور نکل جانا چاہتا تھا۔" دارا نے گہری سانس بھری۔ "کئی روز تک برابر چلتا رہا۔ دن کو کسی جھنگر یا ویران بستی کے کھنڈر میں چھپ جاتا۔ رات کو سفر کرتا۔ بھوکا بھی رہا' پیاسا بھی۔ کسی نہ کسی طرح ادھر آ گیا۔"

"اب تو کہاں رہتا ہے؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔ "لگتا ہے' نزدیک ہی کے کسی پنڈ میں ٹھیہ ہوا ہے۔"

"ہاں جی! میں چک ۴۸ میں رہتا ہوں۔ یہاں سے زیادہ دور نہیں' ۵ میل کے لگ بھگ ہو گا۔"

دونوں باتیں کرتے ہوئے نہر کے قریب پہنچ گئے۔ ہر طرف سناٹا تھا۔ برسات کی اندھیری رات تھی۔ جگنوؤں کا غول ہوا کے جھونکے کے ساتھ ایک سمت سے نمودار ہوا اور اپنی جلتی بجھتی روشنیوں کا غبار فضا میں بکھیرتا ہوا درختوں کے گھنے جھنڈ میں غائب ہو گیا۔ رحیم داد نے جگنوؤں کا قافلہ گزرتے دیکھا' ٹھٹکا اور دارا کی طرف متوجہ ہوا۔

"تو کس کے پاس ٹھیرا ہے؟"

"میں تو جی ریاست بھاول پور کی طرف نکل جانا چاہتا تھا۔ رستے میں کامل مل گیا۔ میں نے تو چا تھا' اس کی نظروں سے بچ کر نکل جاؤں پر اس نے دیکھتے ہی دور سے ہانک لگائی۔ پاس آ کر چمٹ گیا۔ بہت دنوں بعد ملا تھا۔ میرا پرانا یار ہے۔ وہ میرے گلے پڑ گیا' ضد کر کے اپنے گھر لے گیا۔ وہ اپنے پیؤ کے ساتھ چک ۴۸ میں رہتا ہے۔"

"کامل زمیں دار ہے یا مزارع؟"

"وہ نہ زمیں دار ہے' نہ مزارع۔" دارا نے جواب دیا۔ "وہ تو جی پاکستان سے باہر کوئی جگہ ہے۔ بحرین' ادھر ہوتا ہے۔ وہاں بحرین پٹرولیم کمپنی میں کام کرتا ہے۔ آج کل چھٹی پر آیا ہوا ہے۔ لگ ہے' کمائی چنگی ہے۔ شان سے رہتا ہے۔"

"اس کی چھٹی ختم ہو جائے گی تو واپس چلا جائے گا۔" رحیم داد نے کریدا۔ "تب تو کیا کرے گا کس کے پاس ٹھیرے گا؟"

"یہی تو جی فکر ہے۔ سمجھ نہیں آتی کیا کروں۔" دارا نے تشویش کا اظہار کیا۔ "تیں نوں پتہ ہی ہے' پولیس میری تلاش میں ہے۔ کامل کے گھر میں آرام سے چھپا بیٹھا ہوں۔ کامل کے بحرین جانے کے بعد وہاں کیسے ٹھیر سکوں گا۔ اس کا پیؤ مجھے نہیں ٹھیرائے گا۔ وہ ٹھیک بندہ نہیں ہے۔ ویسے ہی میرے ٹھیرنے پر اکثر کڑکڑ کرتا رہتا ہے۔ وہ تو کامل ہے جس نے روک رکھا ہے۔"

"کامل جانتا ہے' پولیس تیری تلاش میں ہے؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"ہاں جی! اسے پتہ ہے۔ پر اپنے پیؤ اور چاچا کو اس نے کچھ نہیں بتایا۔ چاچا بھی ساتھ ہی رہتا ہے۔ ۱۸ کلا سے اوپر ہتھ رادھ زمین ہے۔ کامل کا پیؤ اور چاچا مل جل کر اس پر کاشت کرتے ہیں۔" دارا اطمینان سے بتاتا رہا۔ "کامل کمائی کر کے لایا ہے۔ اس سے اور زمین خریدنے کی

کوشش ہو رہی ہے۔ ویسے وڈا تبر نہیں۔ آرام نال گزر بسر ہو رہی ہے۔ کامل کی ایک ہی بھین ہے۔ اس کا ویاہ بھی پچھلے دنوں ہو گیا۔ کامل اس میں شرکت کے لیے آیا تھا۔ وہ....."

رحیم داد کو کامل اور اس کی بہن کی شادی سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ بات کاٹ کر بولا۔ "یہ بتا' تو نے آگے کے لیے کیا سوچا؟"

"کامل کہتا ہے تو میرے ساتھ بحرین چل۔ تیں نوں بھی ادھر پٹرولیم کمپنی میں لگوا دوں گا۔ آج کل کمپنی میں بھرتی بھی ہو رہی ہے۔ مزدوری چنگی ملے گی' عیش کرے گا۔ وہ جی! میرا بہت ہی گہرا یار ہے۔ میری مدد بھی کرنا چاہتا ہے۔"

"اس میں سوچنا کیا۔ چلا جا اس کے ساتھ۔" رحیم داد نے مشورہ دیا۔

"کیسے چلا جاؤں جی!" دارا نے مجبوری ظاہر کی۔ "پہلے کراچی جانا ہو گا۔ وہاں کمپنی کے لیے بھرتی کا دفتر ہے۔ بھرتی کرنے والے افسروں کی مٹھی گرم کرنی پڑتی ہے۔ اس کے بناں کام نہیں بنتا۔ کامل بتاتا تھا' ۵ سو روپے کی ضرورت ہو گی۔ تیں نوں پتہ ہے' میرے پاس کچھ بھی نہیں۔ اکٹھے ۵ سو روپے تو کامل بھی نہیں دے سکتا۔ ویسے اس کے پاس اتنے روپے ہیں بھی نہیں۔ میں نے تو اسے کہا تھا' روپے ادھار دے دے تو بحرین میں مزدوری کر کے ادا کر دوں گا۔ پر وہ جو کچھ کما کر لایا تھا' سب اپنے پیؤ کو دے چکا ہے۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ دونوں چپ چاپ چلتے رہے اور نہر سے ہٹ کر کھجور کے ایک درخت کے نیچے اندھیرے میں کھڑے ہو گئے۔

دارا زیادہ دیر چپ نہ رہا۔ اس نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "میں تیرے پاس اسی لیے آیا تھا۔" اس کے لہجے میں خوشامد اور عاجزی تھی۔ "تیری بہت مہربانی ہو گی۔ تو نے مجھے ۵ سو روپے دے دیئے تو میں کامل کے ساتھ نکل جاؤں گا۔" اس نے نظریں اٹھا کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "تو وڈا زمیں دار ہے' میری اتنی مدد کر سکتا ہے۔ میرا بھی پولیس سے پنڈ چھوٹ جائے گا اور تیں نوں بھی آگے خطرہ نہیں رہے گا۔" اس نے دبی زبان سے رحیم داد کو خبردار کیا۔ "تیں نوں پتہ ہے' پولیس نے پکڑ لیا تو مار مار کر تیرے بارے میں سب کچھ اگلوا لے گی۔"

رحیم داد نے چونک کر دارا کو دیکھا۔ وہ دیکھنے میں جتنا سادہ لوح نظر آتا تھا' اتنا تھا نہیں۔ اندر سے گھاگ نکلا۔ وہ رحیم داد کو بلیک میل کرنے پر تلا ہوا تھا۔ رحیم داد نے صورت حال کی نزاکت محسوس کی۔ دارا اس کے لیے اتنا سنگین خطرہ بن گیا تھا کہ سرکاری گواہ بن کر اسے پھانسی کے پھندے پر لٹکوا سکتا تھا۔ مگر رحیم داد نے دارا پر کمزوری ظاہر نہیں ہونے دی' تیوری پر بل ڈال کر

تیکھے لہجے میں بولا۔ "مجھے کوئی خطرہ شطرہ نہیں۔ اپنے دل سے یہ خیال نکال دے۔ خالی تیرے بچا
دینے سے کیا ہوتا ہے۔ تیرے سوا ڈھولہ امیر خاں میں کسی اور نے مجھے نہیں دیکھا۔ ایک بیگماں
تھی' وہ بھی اب نہیں رہی۔ اللہ داد بھی مجھے پہچان نہیں سکا۔ میں اس کے سامنے منہ پر منڈا
باندھے ہوئے تھا۔ تیری اکیلی گواہی سے کیا بنتا ہے۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔" دارا نے اس سے الجھنے کی کوشش نہیں کی۔ "ویسے بھی تو وڈا زمیں د
ہے۔ پولیسے تجھ پر آسانی سے ہتھ نہیں ڈال سکتے۔" اس نے اپنے لہجے میں اور زیادہ نرمی پیدا کر
کی کوشش کی۔ "پر پولیسے مجھے تنگ کر سکتے ہیں۔ تجھے بھی کچھ نہ کچھ پریشانی ہو سکتی ہے۔"

"تو میری فکر نہ کر۔" رحیم داد نے اپنے رویے سے خوف کی پردہ پوشی کی۔ چند لمحے خاموش کا
سوچتا رہا پھر اس نے اپنے تند و تیز لہجے میں اعتدال پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "میں تو یہ سوچ رہا ہوا
پولیس نے تجھے دوبارہ پکڑ لیا تو زبردست مار لگائے گی۔ تیری جان بھی جا سکتی ہے۔ پہلے تھانے
تجھ پر جو ظلم کیا گیا' اسے سن کر تو ایسا سوچنا غلط نہیں۔"

دارا ہاتھ جوڑ کر گڑگڑانے لگا۔ "تو نے ٹھیک ہی کہا۔ اس بار تو پولیسے مجھے جان سے مار دی
گے۔" اس نے جھک کر رحیم داد کے پیر پکڑ لیے۔ "تو میری اتنی مدد کر دے کہ میں کامل کے سا
ادھر سے نکل کر بحرین چلا جاؤں۔ تیرا بہت احسان ہو گا۔ زندگی بھر دعائیں دوں گا۔"

"سیدھا کھڑا ہو۔" رحیم داد نے ڈپٹ کر کہا۔

دارا اٹھا اور نظریں جھکا کر رحیم داد کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

رحیم داد نے جان بوجھ کر اللہ وسایا کے بارے میں کوئی بات نہیں کی۔ ملزموں کی مانند سہ
ہوئے دارا کو نظر بھر کے دیکھا اور بھاری بھرکم لہجے میں بولا۔ "دارا تو پریشان نہ ہو۔ تو نے بھی میر
مدد کی ہے۔ میں اسے بھولا نہیں ہوں۔" دارا نے نگاہیں اٹھا کر رحیم داد کی جانب دیکھا مگر زبا
سے ایک لفظ نہیں نکالا۔ رحیم داد نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔ "فکر نہ کر۔ میں تیری ضرور
کروں گا۔ تو کل سورج ڈوبنے کے بعد اسی جگہ پہنچ جانا۔ میرے پاس پنڈ میں آنے کی ہرگز کوشش
نہ کرنا۔ میں تیرے پاس خود ہی پہنچ جاؤں گا۔ دیر ہو جائے تو انتظار کر لینا۔ میں ضرور آؤں گا۔"

"جیسا تو نے کہا ہے' ویسا ہی کروں گا۔ تیری بہت بہت مہربانی۔"

"اب تو ٹر جا۔ میں کل شام تجھ سے یہیں ملوں گا۔"

دارا خاموشی سے چلا گیا۔ رحیم داد کھجور کے درخت تلے چپ کھڑا' اسے جاتے ہوئے دیکھ
رہا۔ جب وہ اندھیرے میں گم ہو کر نظروں سے اوجھل ہو گیا تو رحیم داد مڑا اور گاؤں کی سمت بڑھ

لگا۔ اندھیرا بہت بڑھ گیا تھا۔ وہ مہمان خانے میں پہنچا تو پہر رات گزر چکی تھی۔ رحیم داد کو دیر تک
نیند نہیں آئی۔ آدھی رات سے بارش شروع ہو گئی مگر صبح مطلع صاف تھا۔ سورج چمک رہا تھا۔
بھیگے ہوئے درختوں اور ہرے بھرے پودوں پر سنہری دھوپ چمک رہی تھی۔

رحیم داد کمرے سے باہر نکلا۔ تمام وقت دارا کے بارے میں سوچتا رہا۔ اس نے دیوار پر کھونٹی
سے لٹکی ہوئی بندوق کی جانب نظریں اٹھا کر کئی بار دیکھا اور ہر بار سوچا کہ شام کو جب دارا نہر کے
کنارے ملے تو اسے اندھیرے میں گولی مار کر ٹھکانے لگا دے۔ لیکن ساتھ ہی یہ خیال بھی اسے
خوف زدہ کرتا رہا کہ گولی کی آواز سن کر گاؤں والے اکٹھے ہو سکتے ہیں اور اگر ایسا نہ بھی ہوا تو وہ
اکیلا لاش کیسے چھپائے گا اور کہاں چھپائے گا؟ لاش سارا بھانڈا پھوڑ سکتی تھی۔ پولیس آتی' تفتیش
ہوتی' اللہ وسایا کو خبر پہنچتی۔ وہ لاش دیکھتے ہی دارا کو پہچان لیتا اور فوراً سمجھ جاتا کہ اسے کس نے
اور کیوں قتل کیا؟ اللہ وسایا اس کے لیے دارا سے کم خطرناک نہیں تھا۔ وہ بیگماں اور مولا داد کے
قتل کے بارے میں دارا کی زبانی پہلے ہی بہت کچھ سن چکا تھا۔

کیا وہ اللہ وسایا کو بھی قتل کر دے؟ لیکن وہ کتنے قتل کرے گا؟ خود کو بچانے کے لیے کس کس کی
جان لے گا؟ بیگماں کو اسی پردہ پوشی کی کوشش میں مولا داد کے ہاتھوں اپنی زندگی سے ہاتھ دھونا
پڑا۔ مولا داد کا قتل بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی تھا۔ بیگماں اس کی اکلوتی بہن تھی' اسے ٹوٹ کر
چاہتی تھی۔ اس کا شوہر مولا داد بھی باپ کی خفگی کے باوجود اس سے محبت اور خلوص سے ملتا۔
حالات نے اسے ایسے خطرناک راستے پر ڈال دیا کہ وہ اتنی چاہنے والی بہن کے قتل کا سبب بنا۔
بیگماں کی یاد کے ساتھ سینے میں دھواں سا اٹھا اور آنکھوں میں آنسو بن کر منڈلانے لگا۔ وہ منہ بسور
کر رونے لگا۔

دن ڈھلے تک وہ شدید الجھن میں رہا' کوئی فیصلہ نہ کر سکا۔ اسے دارا کے ساتھ ساتھ اللہ وسایا
کے بارے میں بھی فیصلہ کرنا تھا۔ اور جلد سے جلد کرنا تھا۔ وہ دارا کو پانچ سو روپے دے کر بحرین
جانے میں مدد دے سکتا تھا۔ اس طرح اس کی طرف سے جو خطرہ تھا' خود بخود ٹل جاتا۔ مگر اللہ وسایا
بھی اس کے سر پر تلوار بن کر لٹک رہا تھا۔ بہت غور و فکر کے بعد رحیم داد نے طے کیا کہ اس
معاملے میں احسان شاہ سے رجوع کرنا چاہیے۔ وہ ان خطرات سے نمٹنے میں اس کی رہنمائی کر سکتا
ہے۔

سورج غروب ہونے سے پہلے اس نے غسل کیا۔ لباس تبدیل کیا۔ دھوپ' شام کے پھیلتے اور
بڑھتے دھندلکے میں تحلیل ہو کر ختم ہو گئی۔ رحیم داد نے گھوڑی نکالی اور نہر کی جانب روانہ ہو گیا۔

اس نے دارا کو دور ہی سے دیکھ کر پہچان لیا۔ وہ کھجور کے درخت تلے سائے کی مانند نظر آرہا تھ
آس پاس کوئی نہیں تھا۔ بارش سے نہر کی سطح بلند ہوگئی تھی۔ پانی گنگناتا ہوا تیزی سے بہہ رہا تھا۔
رحیم داد نے قریب پہنچ کر کہا۔ "تو آگیا؟"
"کیسے نہ آتا' تو نے بلایا جو تھا۔" دارا نے مستعدی سے جواب دیا۔
رحیم داد گھوڑی سے نیچے نہیں اترا۔ اس نے گھوڑی پر بیٹھے بیٹھے طے کیا کہ دارا کو بھی پیرا
والہ لے جانا چاہیے۔ اس نے دارا سے کہا۔ "آ' میرے پیچھے گھوڑی پر بیٹھ جا۔"
دارا اس کے ہاتھ کا سہارا لے کر گھوڑی پر سوار ہوگیا۔ رحیم داد نے گھوڑی کو ایڑ لگائی' وہ آ
بڑھی۔
دارا حیرت زدہ تھا۔ "مجھے کہاں لے جا رہا ہے؟" اس نے بے چینی کا اظہار کیا۔
"تو نے پیراں والہ دیکھا ہے؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔
"نہیں جی! میں ادھر کبھی نہیں گیا۔" دارا نے جواب دیا۔ "میں نے اسے نہیں دیکھا۔"
"آج دیکھ لینا۔"
"ادھر جا کر کیا لینا ہے؟" دارا ابھی تک حیرت زدہ تھا۔
"تیں نوں۔ بحرین جانا ہے کہ نہیں؟" رحیم داد نے اسے جھڑک دیا۔
دارا سہم کر رہ گیا۔ رحیم داد گھوڑی سنبھال سنبھال کر دوڑاتا رہا۔ بارش سے کچے راستے پر
جگہ گڑھے پڑ گئے تھے۔ اندھیرا بھی تھا۔ رحیم داد گھوڑی پر چوکس بیٹھا تھا۔ دارا دم بخود تھا۔
رحیم داد کسی قدر پریشان تھا۔ وہ دارا کے ہم راہ پیراں والہ جا تو رہا تھا مگر کچھ دور جانے کے بعد
کے ذہن میں یہ خدشہ بھی پیدا ہوا کہ دارا نے اگر اللہ وسایا کی طرح احسان شاہ یا اس کے
ملازم کو بھی بیگماں اور مولاداد کی ہلاکت کے بارے میں بتا دیا تو اس کے لیے نئی الجھن پیدا ہو جا
گی۔ وہ احسان شاہ کو بھی اس معاملے میں اعتماد میں لینا نہیں چاہتا تھا۔
رحیم داد نے دارا کو تنبیہہ کی۔ "تجھے پیراں والہ لیے تو جا رہا ہوں پر وہاں بیگماں اور مولاداد
بارے میں کسی کو کچھ نہ بتانا۔ اپنے بارے میں بھی کچھ نہ بتانا۔ ہر ایک سے یہی کہنا' تو میرا پرانا نو
رہ چکا ہے۔ بیچ میں کسی اور زمیں دار کی نوکری کرلی تھی' اب میرے پاس واپس آگیا ہے۔ مے
بات سن رہا ہے نا؟"
"بالکل سن رہا ہوں جی!" دارا نے اونچی آواز میں کہا۔ "جیسا تو کہہ رہا ہے' ویسا ہی کروں گا
کسی کو بھی کچھ نہیں بتاؤں گا۔ تو بالکل فکر نہ کر۔ میں نے ایسی باتیں بتا کر اپنے تئیں مصیبت

نہیں ڈالنا۔"
"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ تیرے لیے تو اب یہی ٹھیک ہے' کسی کو بھی اپنے بارے میں کچھ نہ بتا۔ جلد
سے جلد پاکستان سے نکل کر بحرین پہنچ جا۔ کراچی جا کر اپنا نام بدل لینا بلکہ ابھی سے بدل لے۔"
"میں نے جی' یہ پہلے ہی سوچ رکھا ہے۔ کامل کہتا ہے' بحرین جانے کے لیے کمپنی کی طرف سے
وہ کیا ہوتا ہے جی' ہاں یاد آیا' پاسپورٹ بنایا جائے گا۔ اس پر میری تصویر بھی لگے گی۔" دارا رک
رک کر بولتا رہا۔ "داڑھی بڑھالوں گا۔ تب تصویر اتراؤں گا۔ ویسے بھی جی میرے لیے یہ ضروری
ہے۔ پولیس میری تلاش میں ہے۔"
"تو نے نیا نام کیا سوچا؟ مجھے بتا دے تاکہ پیراں والہ میں تیرا وہی نام بتاؤں۔"
"ہاشم۔ میں نے اور کامل نے یہی نام سوچا ہے۔ ٹھیک ہے نا؟"
"بالکل ٹھیک ہے۔ تو یہ طے رہا کہ پیراں والہ میں تجھے میں ہاشم کے نام سے پکاروں گا اور سب
کو تیرا یہی نام بتاؤں گا۔ یاد رکھنا۔ بھول نہ جانا۔"
"بالکل نہیں بھولوں گا۔ فکر نہ کر۔"
اندھیرا بڑھتا جا رہا تھا۔ رحیم داد گھوڑی بہت احتیاط سے دوڑا رہا تھا۔ ایک موڑ پر کیچڑ میں
گھوڑی کا پیر رپٹا' وہ لڑکھڑائی۔ دارا بھی ایک طرف جھکا۔ اس نے رحیم داد کی کمر مضبوطی سے تھام
لی اور گرنے سے بال بال بچ گیا۔ رحیم داد نے بھی نہایت ہوشیاری سے گھوڑی کو سنبھال لیا۔ اسے
بے قابو نہیں ہونے دیا۔ زیادہ محتاط ہو کر گھوڑی دوڑانے لگا۔
وہ دارا کے ہم راہ پیراں والہ پہنچا تو رات کے ساڑھے نو بج رہے تھے۔ شیدے نے دونوں کو
دیوان خانے میں پہنچا دیا۔ رحیم داد نے برآمدے میں پڑی ہوئی کرسی پر اطمینان سے بیٹھتے ہوئے
احسان شاہ کے بارے میں دریافت کیا۔
"شاہ جی کدھر ہے؟"
"وہ تو جی حویلی میں ہے۔" شیدا نے جواب دیا۔ "میں اسے تیرے آنے کی اطلاع کیے دیتا
ہوں۔ تو آرام نال بیٹھ۔"
وہ جانے کے لیے مڑا۔ رحیم داد نے اسے ٹوکا۔ "گل سن شیدے۔" اس نے قریب کھڑے
ہوئے دارا کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ میرا نوکر ہاشم ہے۔ اسے بھی یہیں ٹھیرنا ہے۔ اسے روٹی کھلا
دے۔"
شیدا نے دارا کو مخاطب کیا۔ "ہاشم! ادھر آ میرے ساتھ۔" دارا اس کے ساتھ چپ چاپ

برآمدے سے چلا گیا۔

رحیم داد کو زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑا۔ تھوڑی ہی دیر بعد احسان شاہ آگیا اور کرسی کھسکا کر
ہوئے بولا۔ "معاف کرنا چوہدری' میں روٹی کھا رہا تھا۔"

"آج اتنی جلدی روٹی کھالی؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔

احسان شاہ نے بے تکلفی سے ہنس کر کہا۔ "آج سورج ڈوبنے سے پہلے ہی پینے پلانے کا سا
شروع ہوگیا تھا۔ دو پرانے یار آگئے تھے۔ موسم بھی سہانا ہے۔ میں نے خاصی لگالی ہے۔ ویسے
رات اوکاڑے بھی جانا ہے۔"

"تیں نوں اوکاڑے جانا ہے تب تو میں نوں چلنا چاہیے۔" رحیم داد نے بے چین ہو کر
بدلا۔ "میں کل شام تیرے پاس آنے کی کوشش کروں گا۔" اسے فوراً اپنی غلطی کا احساس ہ
"پر یہ بھی تو پتہ نہیں' تو کب تک لوٹے گا۔" اس نے قدرے تامل کیا' مسکرا کر پوچھا۔ "تو
واپس آجائے گا نا؟"

"کل تو نہیں' پرسوں شام تک ضرور آجاؤں گا۔ پر تو اتنی جلدی واپس کیوں جانا چاہتا ہے؟
تو آہی گیا ہے میں گھنٹے سوا گھنٹے بعد چلا جاؤں گا۔ ایسی جلدی بھی نہیں۔ اوکاڑہ دور ہی کتنا
بارش کی وجہ سے سڑکیں خراب ہو رہی ہیں۔ ورنہ کار سے لگ بھگ گھنٹے بھر کا سفر بنتا ہے
احسان علی شاہ نے مسکرا کر رحیم داد کو دیکھا۔ "میں تو روٹی کھا چکا پر تو نے ابھی تک نہیں کھ
ہوگی۔ تھوڑی سی وہسکی لگالے۔ ساری تھکن دور ہوجائے گی۔ ایک دم تازہ اور چاک چ
ہوجائے گا۔"

رحیم داد نے انکار کردیا۔ "میں کچھ لگاؤں گا نہیں۔ روٹی بھی بعد میں کھاؤں گا۔ آج تو میں
سے بہت ضروری گل بات کرنے آیا ہوں۔"

"اللہ وسایا نے کچھ زیادہ گڑبڑ شروع کردی؟"

"ہاں۔" رحیم داد نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی۔ "تو نے ٹھیک ہی سوچا تھا۔ اس کی نیت
برائی لگتی ہے۔"

"میں نے تجھے غلط نہیں بتایا تھا۔ میرا مینیجر غلط اطلاع دے ہی نہیں سکتا۔ وہ بہت ہوشیار
ہے' وفادار بھی ہے۔" احسان شاہ گردن اونچی کرکے بول رہا تھا۔ "یہ بتا نئی گل کیا ہوئی؟"

"میں نے درخواست کے بارے میں پوچھا تو اس نے پہلے کی طرح اس بار بھی گول مول جو
دیا۔ کچھ بتانے کی بجائے آنکھیں نکال کر بولا۔ تو بار بار درخواست کے بارے میں کیوں پوچھتا

ساتھ ہی اس نے ایسی باتیں شروع کردیں جن سے لگتا ہے' وہ مجھے ڈرانا دھمکانا چاہتا ہے۔ کسی
کیس میں پھنسانا چاہتا ہے۔"

"اس کے ان ارادوں کے بارے میں مجھے بہت پہلے اندازہ ہوگیا تھا۔ تجھ سے بتا بھی چکا
ہوں۔" احسان شاہ نے لہجے میں زور پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "دیکھ' اب بھی کچھ نہیں بگڑا۔ فی الحال
تو اس نے حویلی اور زمین اپنے کنبے میں لینے کا چکر چلایا ہے۔" اس نے گہری نظروں سے رحیم داد
کو دیکھا۔ "مجھے تو ایسا نظر آرہا ہے' وہ حویلی اور زمین لینے کے بعد تیرا پورا کلیم ہی ہتھیانے کی
کوشش کرے گا۔ جس طرح اس نے پہلے دستاویزوں پر دستخط لگوالیے' کسی نئے بہانے سے ایسے
سٹامپ پیپر بھی دستخط لگوالے گا کہ تو اپنے کلیم سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ ایک روز اچانک پتہ چلے
گا تو اپنا کلیم اللہ وسایا کے ہاتھ کب کا بیچ چکا ہے۔"

رحیم داد نے پریشان ہو کر دریافت کیا۔ "کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے۔"

"کیوں نہیں ہو سکتا؟ اس نے دس مرلے زمین پر دوبارہ جو قبضہ کیا ہے' وہ جمیلہ کے نام سے
کلیم خرید کر ہی تو کیا ہے نا؟ تجھے تو ٹھیک طرح پتہ ہے۔ تیرے سامنے ہی تو کلیم کا سودا ہوا تھا۔ فرق
صرف اتنا ہوگا کہ تیرے کلیم کا سودا بھی ہوجائے گا' اللہ وسایا کے نام منتقل بھی ہوجائے گا اور تجھے
پتہ بھی نہ چلے گا۔ کاغذات اور دستاویزات میں جعل سازی اسی طرح ہوتی ہے۔ اللہ وسایا تو وکیل
کے مشورے پر ہر کام پکا کر رہا ہے۔ سچی بات یہ ہے' وہ تجھے اپنے جال میں پوری طرح جکڑ چکا
ہے۔"

رحیم داد نے بے بسی سے کہا۔ "صاف گل ایہہ جی! میرے ساتھ پہلے کبھی ایسا نہیں ہوا۔ اپنا تو
بالکل مغز کام نہیں کرتا۔" اس کے چہرے پر پریشانی برسنے لگی۔

"میں نے تو تجھے پہلے ہی کہا تھا پر تو نے میری بات مانی ہی کب۔"

"تیرا مطلب ہے' اللہ وسایا کو ختم کردیا جائے؟" رحیم داد ہچکچاتے ہوئے بولا۔ اس کے چہرے
پر چھائی ہوئی پریشانی میں اضافہ ہوگیا۔

"بالکل یہی مطلب ہے۔ اس کے سوا اللہ وسایا کے پھیلائے ہوئے جال سے بچنے کا تیرے
سامنے اور کوئی راستہ نہیں۔"

"پر یہ کام میں کیسے کرسکتا ہوں۔" رحیم داد نے مری ہوئی آواز میں کہا۔ "میں نے تو پہلے کبھی
ایسا نہیں کیا۔ ویسے بھی سارے نوکر اور مزارعے اللہ وسایا کے بندے ہیں۔ میرا تو پنڈ میں کوئی بھی
نہیں ہے۔"

"میں تو ہوں۔ تو کیوں فکر کرتا ہے؟" احسان شاہ نے اس کی حوصلہ افزائی کی۔ "ایک بار تجھ سے یاری کرلی تو پیچھے نہیں ہٹوں گا۔ ہر مشکل میں تیرا پورا ساتھ دوں گا۔ آگے تجھے خود پتہ چل جائے گا۔"

"یہ کام تو خود کرے گا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"نہیں۔" احسان شاہ نے بے نیازی سے کہا۔ "ایسے کاموں کے لیے میرے پاس کئی بندے ہیں۔" وہ لمحے بھر خاموش رہا۔ "اللہ وسایا پر تو میں دینے کو لگا دوں گا۔ وہ بہت ہوشیار اور زور آور ہے۔ تو ڈرتا ہے تو میں خود بھی موجود رہوں گا۔ تیری یاری میں ایسا بھی کرلوں گا۔"

احسان شاہ کی بات سن کر رحیم داد کو فوراً دارا یاد آگیا۔ اللہ وسایا کے قتل میں اسے بھی شریک کیا جاسکتا ہے۔ رحیم داد نے اس کے بارے میں اس پہلو سے بھی غور کیا تھا اور اسی مقصد سے وہ اسے اپنے ہم راہ پیراں والہ لایا بھی تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ اللہ وسایا کے قتل میں دارا ملوث ہوجائے گا تو وہ بیگماں اور مولاداد کے قتل کی بنیاد پر اسے خوف زدہ اور بلیک میل نہیں کرسکے گا۔ پولیس سے بچنے کے لیے سیدھا بحرین جانے کی کوشش کرے گا۔ قاتل بننے کے بعد وہ اس کے لیے اتنا بڑا خطرہ نہیں رہے گا۔ رحیم داد کو دارا اور اللہ وسایا دونوں سے شدید خطرہ تھا۔ وہ دونوں ہی سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا تھا۔ اس مقصد کے حصول کے لیے دارا کے ہاتھوں اللہ وسایا کا قتل نہایت کارگر حربہ تھا۔ مگر دارا سے ایسا خطرناک کام لینے کی اس میں ہمت نہیں تھی۔ وہ احسان شاہ کے مشورے کے بغیر ایسا کوئی قدم اٹھانا نہیں چاہتا تھا۔ اسے بخوبی علم تھا کہ ایسے کاموں کے لیے احسان شاہ نہایت تجربہ کار اور پرانا گھاگ ہے۔ اللہ وسایا کے قتل کے لیے اسی نے رحیم داد کو اکسایا بھی تھا۔

رحیم داد کو گہری سوچ میں دیکھ کر احسان شاہ نے پوچھا۔ "چوہدری! تو کس سوچ میں پڑ گیا؟"

"میں سوچ رہا تھا جی' میرے پاس بھی ایک ایسا ہی بندہ ہے۔" رحیم داد نے کھل کر بات کرنے کی کوشش کی۔ "پہلے وہ میرا نوکر ہوتا تھا۔ برسوں میرے پاس رہا۔ سال سوا سال سے اس نے ایک اور زمیں دار کی نوکری کرلی تھی۔ اب وہ کوئی سنگین جرم کرکے آیا ہے اور میرے ہی پاس چھپا ہوا ہے۔ وہ اپنے کسی یار کے ساتھ بحرین کی طرف نکل جانا چاہتا ہے۔ وہ اس کے لیے مجھ سے ۵ سو روپے مانگ رہا ہے۔ اس کا نام ہاشم ہے۔ میں اسے اپنے ساتھ لایا ہوں۔"

"یہ تو نے چنگا کام کیا کہ اسے ادھر لے آیا۔ وہ تو بہت کام کا بندہ ہے۔" احسان شاہ نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "سچ پوچھ تو سنگین واردات کرانے کے لیے ایسے ہی بندوں کو استعمال کرنا چاہیے۔ تو نے

ٹھیک ہی سوچا' اسے دینے کے ساتھ لگا دوں گا۔ وہ اللہ وسایا کو ٹھکانے لگا دے گا۔"

احسان شاہ نے شیدا کو بلایا۔ وہ آیا تو احسان شاہ نے حکم دیا۔ "دینا ابھی سویا تو نہیں ہوگا۔ سو بھی گیا ہو تو اسے جگا کر لے آ۔" شیدا چلا گیا۔

احسان شاہ رحیم داد کی جانب متوجہ ہوا۔ "چوہدری! تو اس کی فکر نہ کر' اللہ وسایا کو کس طرح صاف کیا جائے؟ کیسے اس کا کتل ہوگا؟ یہ تو مجھ پر چھوڑ دے۔" وہ اپنی بات کہتے کہتے ٹھٹکا۔ "تو نے وہ بیلا تو آتے جاتے ہوئے دیکھا ہوگا جو نہر کی پلی سے آگے پنڈ کی طرف مڑتے ہوئے رستے میں پڑتا ہے۔"

رحیم داد کو وہ مختصر جنگل یاد آگیا جس کے درمیان سے ایک راستہ پیراں والہ کو جاتا تھا۔ وہ اس راستے سے کئی بار گزرا بھی تھا۔ اس نے احسان شاہ سے کہا۔ "بیلا میں نے دیکھا تو ہے۔"

"تیرا کام صرف اتنا ہے' کسی طرح اللہ وسایا کو شام کا اندھیرا ہونے کے بعد ادھر اپنے ساتھ لے کر آجا۔ آگے کی مجھ پر چھوڑ دے۔ تو فوراً واپس چلا جانا تاکہ تجھ پر شبہ نہ ہو۔ ویسے بھی تو ایسے کام کے لیے کچا ہے۔ اللہ وسایا کا خون ہوتے دیکھ کر نہ جانے تیرا کیا حال بنے۔ تجھے تو جائے واردات پر موجود ہونا ہی نہیں چاہیے۔"

"میں اسے ادھر کسی نہ کسی بہانے لے تو آؤں گا پر تجھے اطلاع کیسے پہنچاؤں گا۔ میرے پاس تو ایسا کوئی بندہ نہیں۔ ہاشم اب ادھر ہی تیرے پاس رہے گا۔ ویسے میں اب اسے اپنے ساتھ رکھنا بھی نہیں چاہتا۔"

احسان شاہ نے دریافت کیا۔ "یہ بتا' اللہ وسایا کہاں ہے؟"

"وہ وکیل کے پاس شہر گیا ہے۔"

"تب تو اس کی واپسی کے فوراً بعد یہ کام ہونا چاہیے۔" احسان شاہ کے لہجے میں تشویش تھی۔ "اس بار وہ کام پکا کرکے لوٹے گا۔ تجھے بے دخل کرنے کی کوشش کرے گا یا کوئی نیا چکر چلائے گا؟"

"تو نے اس کا جواب نہیں دیا' میں اللہ وسایا کو بیلے میں لے آیا تو تجھے کیسے پتہ چلے گا؟"

"اللہ وسایا دو تین روز سے پہلے تو نہیں لوٹے گا' اس لیے تو اسے جلدی نہیں لا سکے گا۔ کل تو دینا بیلے میں جاکر دیکھے گا' کس جگہ اور کہاں گھات لگا کر بیٹھا جائے؟ پرسوں سے میں اس کی ڈیوٹی لگا دوں گا۔ وہ ہر شام اندھیرا ہوتے ہی اپنے بندوں کے ساتھ ادھر موجود رہے گا اور اللہ وسایا کا انتظار کرے گا۔ تو جب بھی آئے گا' دینے کو بیلے میں پائے گا۔"

"یہ ٹھیک رہے گا۔" رحیم داد نے اتفاق کیا۔

احسان شاہ نے ہنس کر کہا۔ "اطمینان رکھ' اللہ وسایا کا کانٹا جلد ہی نکل جائے گا۔ پر جمیلہ ہاتھ سے نہ نکلنے پائے۔ نرمی اور پیار سے اسے جلد سے جلد کابو کرنے کی کوشش کرنا۔" اس نے بدمعاشی سے آنکھ دبائی۔ "جمیلہ ایسی سوہنی اور پھڑک دار رن مل گئی تو زندگی کا لطف آجائے گا۔ تو ابھی سے اسے اپنی گھر والی کے روپ میں دیکھنا شروع کردے۔" وہ کھل کھلا کر ہنسا۔ "جمیلہ کے ساتھ اس کے دس مرنے بھی تو تجھے دہج میں ملیں گے۔" رحیم داد مسکرا کر رہ گیا۔

شیدا آگیا۔ اس کے ساتھ دینا بھی تھا۔ اس کی آنکھوں سے صاف ظاہر ہو رہا تھا کہ کچی نیند سے بیدار ہوا ہے۔ مگر احسان شاہ پر نظر پڑتے ہی مستعدی سے ایک طرف سر جھکا کر کھڑا ہو گیا۔

احسان شاہ نے دینا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! یہ رہا دینا۔" وہ دینا کی طرف متوجہ ہوا۔ "دینے! کل بیلے میں جا کر موکع شوکع دیکھ لینا۔ تجھے ادھر کاروائی کرنی ہے۔ کیسے کرنی ہے اور کیا کرنی ہے' یہ میں اوکاڑے سے واپسی پر بتاؤں گا۔"

"اسے ہاشم سے بھی ملانا ہے۔" رحیم داد نے احسان شاہ کو یاد دلایا۔

"سویرے ملا دینا! جی چاہے تو ابھی ملا دے۔"

"سویرے ہی ملا دوں گا۔"

"جیسے تیری مرضی۔" احسان شاہ نے شیدا کی جانب دیکھا۔ "شیدے! تو چوہدری کے لیے روٹی ٹکر کا بندوبست کر دینا۔" اس نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! تجھے اور کسی چیز کی ضرورت ہو تو بلا تکلف شیدے کو بتا دینا۔ آرام سے رات بسر کرنا۔" وہ مسکرایا۔ مڑ کر شیدا اور دینا پر نظر ڈالی۔ "اب تم دونوں جاؤ۔"

دونوں خاموشی سے چلے گئے۔

رحیم داد نے دبی زبان سے کہا۔ "شاہ جی! ایک گل اور ہے۔"

"کیا؟ وہ بھی بتا دے۔ صاف صاف بات کر۔"

"میں سوچ رہا تھا' آگے کیا ہو گا۔" رحیم داد نے کھل کر کہا۔ "پولیس بعد میں تفتیش کو آئے گی۔ مجھ سے بھی پوچھ تاچھ کرے گی۔ میں نوں ڈر لگتا ہے' جانے کیا بات زبان سے نکل جائے۔"

"میں نوں پتہ ہے' تو بہت کچا ہے۔" وہ آہستہ آہستہ ہنسنے لگا۔ "پروا نہ کر' کوئی پولیسا تیرے پاس تفتیش کے لیے نہیں آئے گا۔ ادھر کا تھانیدار اپنا بندہ ہے۔ سب کام ٹھیک ٹھاک ہو گا۔ تو اطمینان رکھ۔ میں کبھی کچا کام نہیں کرتا۔" اس نے پہلو بدلا۔ "اب تو روٹی کھا' آرام سے سو۔ برسات کی بھیگی رات ہے۔ اکیلے کیسے سوئے گا۔ کسی رن کو بلا لینا۔ شیدا پہنچا دے گا۔" احسان شاہ کھڑا

ہو گیا۔ رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا۔ وہ احسان شاہ کے ساتھ ساتھ دیوان خانے کے دروازے تک گیا۔

احسان شاہ کو رخصت کرنے کے بعد رحیم داد نے کھانا کھایا۔

☆

کمرے میں لیمپ روشن تھا۔ پلنگ پر صاف ستھرا بستر لگا تھا۔ باغ میں کھلنے والی کھڑکی سے بھیگے بھیگے جھونکے آرہے تھے۔ شیدا دہلیز پر چند لمحے خاموش کھڑا رہا پھر اس نے پوچھا۔ "اور کوئی حکم جی؟" رحیم داد اس کی بات کا مطلب سمجھ گیا۔ مگر اس نے کوئی فرمائش نہیں کی۔ وہ اکیلا ہی سونا چاہتا تھا۔ اس کا ذہن الجھا ہوا تھا۔ وہ اللہ وسایا اور دارا کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ اس نے شیدا کی حوصلہ افزائی نہیں کی' بے نیازی سے بولا۔ "نہیں' میں نوں اب کچھ نہیں چاہیے۔ اب صرف سونا ہے۔" شیدا مڑا اور برآمدے کے اندھیرے میں غائب ہو گیا۔ رحیم داد بستر پر لیٹ گیا۔ اس نے آنکھیں بند کر لیں۔

سویرے ناشتے سے فارغ ہو کر اس نے دارا کو بلوایا۔ تھوڑی دیر بعد وہ شیدا کے ہم راہ آیا۔ شیدا چلا گیا تو رحیم داد نے کہا۔ "دروازہ بند کر دے۔" دارا نے اٹھ کر دروازہ بند کر دیا۔ رحیم داد کرسی پر بیٹھا تھا۔ دارا اس کے روبرو فرش پر بیٹھ گیا۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "رات آرام نال سویا؟"

"بہت آرام نال سویا' روٹی بھی چنگی کھانے کو ملی۔ شاہ جی تو بہت وڈا زمین دار ہے۔ بہت شان ہے اس کی۔ حویلی بھی بہت شان دار ہے۔ نوکروں چاکروں کی پوری پلٹن موجود ہے۔ پر جی اس کے نام سے سب کی جان نکلتی ہے۔ بہت رعب ہے اس کا۔"

"تو نے اپنے بارے میں کچھ بتایا تو نہیں؟"

"وہی بتایا جو تو نے کہا تھا۔" دارا نے مستعدی سے جواب دیا۔ "شیدے اور دوسرے نوکروں کو یہی پتہ ہے' میرا نام ہاشم ہے اور میں تیرا پرانا نوکر ہوں۔"

رحیم داد نے دارا کو تیکھی نظروں سے دیکھا۔ لمحے بھر تک گھورتا رہا۔ "تو زمیں دار اللہ وسایا سے بھی ملا تھا؟"

دارا کچھ نہ بولا۔ اس کے چہرے پر پریشانی اور گھبراہٹ چھا گئی۔

رحیم داد نے ڈپٹ کر کہا۔ "چپ کیوں ہے؟ صاف صاف بتا؟"

"ملا تو تھا۔" اس کی آواز میں ہلکی ہلکی کپکپاہٹ تھی۔ "میں نوں تجھ سے جھوٹ نہیں بولنا۔"

"تو نے اپنے اور میرے بارے میں اسے سب کچھ بتا دیا' یہ ٹھیک ہے نا؟" رحیم داد کی تیوری پر

مل پڑ گئے۔

"میں تو جی اسے کچھ بھی بتانا نہیں چاہتا تھا۔ میں تو تجھے ڈھونڈتا ہوا پنڈ میں گیا تھا۔" دارا نے گڑگڑا کر کہا۔ "اس نے ایسے الٹے سیدھے سوال کیے کہ میں تو جی چکرا گیا۔ ویسے اس نے یہ بھی کہا تھا' وہ تجھے اپنا بھائی سمجھتا ہے۔ تب میں نے اسے بتایا' ڈھولہ امیر خاں میں میرے گھر کے اندر بیگماں اور مولا داد کا کیسے خون ہوا۔"

"تو نے اور کس کس سے یہ باتیں میرے بارے میں بتائیں؟"

"اور کسی سے بھی ایسی گل بات نہیں ہوئی۔ میں تجھ سے بالکل سچ کہہ رہا ہوں۔" دارا نے اسے یقین دلانے کی کوشش کی۔

"غلط مت بول۔ کامل سے بھی تو نے ایسی ہی باتیں کی ہیں' تو نے مجھے خود بتایا تھا۔" رحیم داد کے ہونٹوں پر زہر خند تھا۔ "اب کہتا ہے' میں نے اور کسی کو ایسی باتیں نہیں بتائیں۔"

"میں نے غلط نہیں کہا۔" دارا نے عاجزی سے کہا۔ "میری کامل سے جب تیرے بارے میں گل بات ہوئی تب تک تو مجھے تیرا نام بھی ملوم نہیں تھا۔ یہ بھی پتہ نہ تھا تو چوہدری ہے یا میاں' جاٹ ہے یا آرائیں۔" وہ بہت پریشان نظر آ رہا تھا۔ اس نے حلق تر کرنے کی کوشش کی۔ "زمیں دار اللہ وسایا سے ملنے کے بعد میری کامل سے تیرے بارے میں کوئی بات نہیں ہوئی۔" اس نے مغرب کی سمت مڑ کر دونوں ہاتھ اٹھا دیئے۔ "رب دی سونہ' ان دو کے سوا تیرے بارے میں کسی سے بھی میں نے کچھ نہیں بتایا۔"

"پر اللہ وسایا سے تو نے سب کچھ بتا دیا۔"

"ہاں جی' یہ غلطی ہو گئی۔" اس نے جھک کر رحیم داد کے پیر پکڑ لیے۔ "معافی دے دے' اب ایسی غلطی کبھی نہیں ہو گی۔"

"سیدھا بیٹھ۔" رحیم داد نے اسے ڈانٹا۔ دارا نے اس کے پیر چھوڑ دیئے اور سنبھل کر بیٹھ گیا۔ وہ بہت ڈرا سہما دکھائی دے رہا تھا۔ رحیم داد گردن جھکائے سوچتا رہا۔ کمرے میں خاموشی چھا گئی۔ رحیم داد نے گہری سانس بھری' گردن اٹھا کر دارا کو دیکھا۔ "تو نے اللہ وسایا کو میرے بارے میں بتا کر بہت خطرناک کام کیا۔ وہ جھوٹ بولتا ہے۔ مجھے کوئی بھائی شائی نہیں سمجھتا۔ میری اس کے ساتھ سخت لگتی ہے۔ حویلی میری ہے۔ میرے نام الاٹ ہو چکی ہے۔ وہ اس میں پہلے سے رہتا تھا۔ وہ اسے خالی نہیں کرنا چاہتا۔ تیں نوں کیہ پتہ' میرا اس کے ساتھ کیسا زبردست جھگڑا چل رہا ہے۔"

"تب تو جی' مجھ سے سخت غلطی ہو گئی۔" دارا نے تاسف سے کہا۔ "اب تو غلطی ہو گئی ہے' میں کیا کر سکتا ہوں۔"

"جو غلطی ہو ہی گئی' اسے ٹھیک بھی کیا جا سکتا ہے۔"

"کیسے جی؟" دارا نے حیرت سے منہ پھاڑا۔

"اللہ وسایا میرے ہی لیے نہیں' تیرے لیے بھی خطرناک بن گیا ہے۔ وہ پولیس سے مخبری کر کے دونوں کو پکڑوا سکتا ہے۔" رحیم داد نے اسے خوف زدہ کرنے کی کوشش کی۔ "اب تو ایک ہی رستہ ہے' اور وہ یہ ہے کہ اللہ وسایا کو قتل کر کے خطرہ ہی مٹا دیا جائے۔"

"پر اسے کیسے قتل کیا جا سکتا ہے۔ اسے کون قتل کرے گا؟"

"تیں نوں اسے قتل کرنا ہو گا۔" رحیم داد نے لہجے میں زور پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "تو نے غلطی کی ہے' اب تو ہی اسے مٹا بھی سکتا ہے۔"

"میں نے تو جی ایسا کام کبھی نہیں کیا۔" دارا کی آواز میں کپکپاہٹ تھی۔ "ویسے میں اکیلا اسے کیسے قتل کر سکتا ہوں۔ وہ تو مجھ سے بہت تگڑا اور زور آور ہے۔"

"فکر نہ کر' تو اکیلا نہیں ہو گا۔" رحیم داد نے اس کا حوصلہ بڑھایا۔ "تیرے ساتھ دینا ہو گا۔ اور بھی کئی بندے ہوں گے۔"

"تو جی یہ کام تو انھی سے کیوں نہیں کرا لیتا؟" دارا نے ہاتھ جوڑ دیئے۔ "مجھ سے یہ کام نہیں ہو گا۔"

"تجھے بحرین جانا ہے یا نہیں؟"

"جانا تو ہے اور ضرور جانا ہے۔ نہ گیا تو پولیس پکڑ کر اس دفعہ بالکل میری چمڑی ادھیڑ ڈالے گی۔ پتہ نہیں' کیا کیا ظلم کرے۔" دارا کا چہرہ خوف اور دہشت سے نیلا پڑ گیا۔

"حوصلے سے کام لے۔ تو پولیس کے چکر سے بھی بچ جائے گا اور بحرین جا کر کام سے بھی لگ جائے گا۔" رحیم داد نے اسے پھسلایا۔ "تو بچ سوا مانگتا ہے' میں تجھے ہزار روپے دوں گا۔"

دارا گردن جھکا کر کچھ سوچنے لگا مگر رحیم داد نے اسے زیادہ دیر سوچنے کا موقع نہیں دیا۔ "بول کیا کہتا ہے؟"

دارا نے گردن اٹھا کر رحیم داد کو دیکھا۔ "میں نے کرنا کیا ہو گا؟"

رحیم داد کے ہونٹوں پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ "یہ دینا بتائے گا۔ میں تجھے اس سے ملا دوں گا۔ یوں سمجھ لے' اب تو اس کے ساتھ ہی رہے گا۔"

"روپیہ کب ملے گا؟" دارا خوف اور دہشت کے حصار سے کسی قدر نکل چکا تھا۔ ہزار روپے کی چکاچوند نے اسے گھبراہٹ اور پریشانی سے خاصا بے نیاز کر دیا تھا۔

رحیم داد چاہتا بھی یہی تھا۔ وہ چہرے پر سنجیدگی طاری کرتے ہوئے بولا۔ "واردات کے بعد سیدھا میرے پاس حویلی کے مہمان خانے میں آنا۔ ہزار روپے لینا اور رات کے اندھیرے میں چک ۴۸ پہنچ جانا۔ کسی کو پتہ بھی نہیں چلے گا۔" رحیم داد نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں۔ "ٹھیک ہے نا؟"

"ٹھیک ہے جی!" دارا کے لہجے سے اطمینان جھلک رہا تھا۔

"دروازہ کھول اور شیدے کو میرے پاس بلا لا۔"

دارا نے اٹھ کر دروازہ کھولا اور باہر چلا گیا۔ واپس آیا تو شیدا اس کے ساتھ تھا۔ رحیم داد اسے دیکھتے ہی بولا۔ "شیدے! جا کر دینے کو ادھر لے آ۔"

تھوڑی دیر بعد شیدا کے ہم راہ دینا آگیا' ہاتھ جوڑ کر بولا۔ "کیا حکم ہے جی؟"

رحیم داد نے دارا کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "یہ ہاشم ہے' میرا پرانا نوکر۔ جو کام شاہ جی کل شام تیں نوں بتائے گا' اس میں یہ بھی تیرے ساتھ شریک رہے گا۔"

"ٹھیک ہے جی۔" دینا نے مستعدی سے جواب دیا۔

"تو اسے لے جا۔ اب یہ تیرے ساتھ ہی رہے گا۔" رحیم داد نے کہا۔

دینا' دارا اور شیدا کمرے سے چلے گئے۔ رحیم داد بھی زیادہ دیر نہیں ٹھہرا۔ سورج چڑھ کر اوپر آگیا تھا۔ ہر طرف چمکیلی دھوپ پھیلی تھی۔ رحیم داد کمرے سے نکل کر برآمدے میں آیا۔ شیدا اس کا منتظر تھا۔ رحیم داد اس کے ہم راہ حویلی کے پھاٹک پر پہنچا۔ اس کی گھوڑی تیار کھڑی تھی۔ رحیم داد سوار ہوا اور گھوڑی کو ایڑ لگا کر آگے بڑھ گیا۔

نہر سے پہلے جنگل تھا۔ جنگل میں شیشم اور سرس کے گنجان درخت تھے۔ جنگل زیادہ وسیع نہیں تھا مگر خوب گھنا تھا۔ جنگل کے درمیان سے ایک راستہ گزرتا تھا۔ رحیم داد نے گھوڑی جنگل کے اندر داخل کی اور اس کی رفتار سست کر دی۔ درختوں کے نیچے خاصا اندھیرا تھا۔ احسان شاہ کی ہدایت کے مطابق اللہ وسایا کو یہیں لانا تھا۔ رحیم داد نے گردن اٹھا کر ادھر ادھر دیکھا۔ درختوں میں پرندے چہچہا رہے تھے۔ مگر تنہائی اتنی شدید تھی کہ گھٹن محسوس ہوتی تھی۔ اس نے گھوڑی کی رفتار تیز کی اور جنگل سے نکل گیا۔ آگے کھلا میدان تھا۔ چمکیلی دھوپ پھیلی ہوئی تھی۔

وہ نہر کے قریب پہنچا۔ آگے پلیا تھی۔ رحیم داد نہر کے کنارے کنارے گھوڑی دوڑاتا کوٹلہ

ہرکشن پہنچ گیا۔ مہمان خانے میں داخل ہوا۔ احمد اس کا انتظار کر رہا تھا۔ دیکھتے ہی بولا۔

"آج واپسی میں بہت دیری کر دی۔ بتا کر بھی نہیں جاتا۔"

رحیم داد نے اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے پوچھا۔ "کیا اللہ وسایا آگیا؟"

"نہیں جی' ابھی نہیں آیا۔"

رحیم داد نے مزید بات چیت نہیں کی۔ تیز دھوپ میں سفر کرنے سے اس کا جسم شرابور ہو رہا تھا۔ وہ غسل خانے میں گھس گیا۔ نہا دھو کر نکلا تو تازگی اور فرحت محسوس کر رہا تھا۔ اس وقت وہ دھوتی باندھے ہوئے تھا اور اس کے اوپر صرف بنیان تھی۔ وہ تھکا ہوا سا بستر پر دراز ہو گیا۔

دوپہر کو وہ کھانا کھانے بیٹھا تو دھوپ غائب ہو چکی تھی۔ باہر ہلکی ہلکی بوندا باندی ہو رہی تھی۔ شام کو بارش قدرے تیز ہو گئی۔ رحیم داد کمرے سے باہر نہ جا سکا۔ رات کا کھانا بھی اس نے کمرے میں کھایا۔ پہر رات گزری تو بارش بند ہو گئی۔ آسمان پر بادل چھائے ہوئے تھے لیکن ہوا بند تھی۔ کمرے میں حبس تھا۔ رحیم داد کی ہدایت پر احمد نے پلنگ اٹھا کر صحن میں بچھا دیا۔ اس پر بستر بھی لگا دیا۔

رحیم داد بستر پر نہیں لیٹا۔ تمام دن کمرے میں پڑے رہنے سے اکتا گیا تھا۔ وہ مہمان خانے سے باہر نکلا۔ اس کا ارادہ کچھ دیر چہل قدمی کرنے کا تھا مگر دور تک نہ جا سکا۔ راستوں میں جگہ جگہ بارش کا پانی کھڑا تھا۔ کیچڑ بھی تھی اور ہر طرف تاریکی پھیلی ہوئی تھی۔ وہ واپس مہمان خانے میں آیا اور بستر پر لیٹ گیا۔ رات گئے تک اسے نیند نہیں آئی۔ وہ خاموش لیٹا اس خطرناک منصوبے کے بارے میں سوچتا رہا جو اللہ وسایا کے قتل کے لیے احسان شاہ نے تیار کیا تھا۔ اس میں اسے اہم کردار ادا کرنا تھا۔

اس کے تصور میں بار بار اللہ وسایا سامنے آکر کھڑا ہو جاتا۔ اس کے دو واضح روپ تھے۔ ایک اللہ وسایا وہ تھا' جس نے اسے سہارا دیا تھا' پناہ دی تھی۔ اگر اللہ وسایا پناہ نہ دیتا تو یقین ممکن تھا کہ وہ پولیس کے ہتھے چڑھ جاتا۔ گرفتاری کے بعد اس کے خلاف جیل سے فرار ہونے اور سیف اللہ' حکیم نذر محمد چشتی' چوہدری نورالٰہی اور مولا داد کے قتل کے الزام میں مقدمہ چلتا اور پھانسی کے پھندے پر لٹکا کر موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا۔ یہ اللہ وسایا' مہربان اور شفیق تھا۔ اس نے نہ صرف اسے سزائے موت سے بچا رکھا تھا بلکہ اپنی کوششوں سے اس کے نام حویلی کے ساتھ ساتھ دس مربعے بھی الاٹ کروائے تھے' اسے بڑا زمیں دار بنا دیا تھا۔ دوسرا اللہ وسایا وہ تھا جو دارا سے ملنے کے بعد نہایت خطرناک بن گیا تھا۔ وہ کسی بھی وقت پولیس سے مخبری کر کے اسے تختہ دار تک

پہنچا سکتا تھا۔ وہ مختلف ہتھکنڈوں سے حویلی اور زمین دوبارہ اپنے قبضے میں کرنے کے لیے کوشاں تھا۔ رحیم داد ایک بار بڑا زمیں دار بن جانے کے بعد' دست بردار ہونے کے لیے تیار نہیں تھا۔ اللہ وسایا کے ساتھ جمیلہ بھی تھی۔ اس کی دل کشی اور رعنائی سے وہ پہلے ہی روز سخت متاثر ہوا تھا۔ اسے اپنانے کی خواہش سینے میں کبھی کبھی ہوک بن کر اٹھتی' وہ بے قرار ہو جاتا۔

اس نے محسوس کیا کہ وہ دوراہے پر کھڑا ہے اور یہ فیصلہ کرنے سے قاصر ہے کہ کون سا راستہ اختیار کرے؟ اللہ وسایا کے قتل کا خیال دل سے نکال دے' کوٹلہ ہرکشن چھوڑ دے اور رات کے اندھیرے میں چھپتا چھپاتا کسی طرف نکل جائے یا احسان شاہ سے ساز باز کر کے اللہ وسایا کو راستے سے ہٹا دے' اس خطرے سے خود کو محفوظ کر لے جو اللہ وسایا کی جانب سے اسے لاحق تھا۔ اپنی زمیں داری برقرار رکھے اور جمیلہ سے نکاح پڑھوا کے اس کے بارہ مرلے بھی اپنے قبضے میں کر لے۔ عیش و آرام سے زندگی بسر کرے؟ یہی سوچتے سوچتے اس کی آنکھ لگ گئی مگر صبح ہونے سے پہلے پھر بارش شروع ہو گئی۔ احمد نے اس کا پلنگ اٹھا کر کمرے میں ڈال دیا۔ رحیم داد کچھ دیر بعد سو گیا۔

☆

برسات کی بھیگی' بھیگی صبح تھی۔

رحیم داد' کمرے سے باہر نکل کر صحن میں گیا۔ احمد موجود نہیں تھا۔ آسمان پر اودی اودی گھٹائیں تھیں۔ ہوا بھیگی ہوئی تھی۔ بار بار کوئی تیز جھونکا آتا اور سرسراتا ہوا گزر جاتا۔

موسم بڑا سہانا تھا۔ فضا میں فرحت اور شگفتگی رچی ہوئی تھی۔ حویلی کا باورچی خانہ زیادہ فاصلے پر نہیں تھا۔ ادھر سے ملی جلی آوازوں کے ساتھ پکوان کی تیز خوشبو اٹھ رہی تھی۔ وہ غسل خانے میں گیا' باہر آیا اور کمرے میں پہنچ کر اس نے لباس تبدیل کیا۔ اسے باغ کی جانب سے نسوانی قہقہوں کے ساتھ ساتھ ڈھولک کی تھاپ پر گانے کی آوازیں بھی سنائی دیں۔

وہ اس کھڑکی پر پہنچا' جو باغ کے ایک گوشے میں کھلتی تھی مگر اسے کوئی نظر نہیں آیا۔ کچھ فاصلے پر آم اور جامن کے اونچے اونچے درخت تھے۔ رحیم داد ذرا ترچھا ہو کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے دیکھا کہ درختوں میں جھولے پڑے ہیں۔ گاؤں کی نوجوان نمیاریں اونچے سروں میں لہک لہک کر گا رہی ہیں۔ ان کی سریلی آوازوں میں جمیلہ کی آواز بھی شامل تھی۔ رحیم داد نے اس کی آواز پہچان لی اور جھک کر دیکھا۔ درختوں کے جھنڈ کے نیچے اسے جمیلہ کی ایک جھلک نظر آئی۔ وہ جھولے پر لمبے لمبے پینگ لے رہی تھی' گا رہی تھی اور رک رک کر قہقہے بھی بلند کر رہی تھی۔

بادل ایک بار زور سے گرجے اور بوندا باندی شروع ہو گئی۔ بارش سے بھیگے ہوئے جھونکے کھڑکی کی راہ سے کمرے کے اندر آنے لگے۔ رحیم داد کھڑکی سے ہٹ کر کرسی پر بیٹھ گیا۔ کچھ دیر بعد احمد آ گیا مگر ناشتے میں صرف لسی کا ایک گلاس لایا۔

رحیم داد نے اسے تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "تو سویرے سے اب تک کہاں تھا؟"

وہ دانت نکال کر ہنستے ہوئے بولا۔ "زمیں دارنی نے آج ساونی منائی ہے۔" اس نے باورچی خانے کی جانب ہاتھ اٹھایا۔ "ادھر پکوان پک رہا ہے۔ تو ابھی صرف لسی پی لے ورنہ پکوان کھانے کا مزا نہیں آئے گا۔"

رحیم داد نے لسی کا گھونٹ بھر کر دریافت کیا۔ "زمیں دار ابھی تک نہیں لوٹا؟"

"نہیں جی! وہ ابھی تک تو آیا نہیں پر زمین دارنی ادھر باغ میں ساونی منا رہی ہے۔ درختوں میں جھولے ڈالے ہیں۔ گانے ہو رہے ہیں۔ آج تو جی زبردست جشن رہے گا۔"

"تو ادھر نہیں گیا؟" رحیم داد نے مسکرا کر استفسار کیا۔

"میں نوں اتھے جا کر کیہ لینا؟ ادھر تو جی سب زنانیاں ہی ہیں۔"

رحیم داد نے لسی پی کر گلاس خالی کر دیا۔ احمد نے گلاس اٹھایا اور باہر چلا گیا۔

باغ کی سمت سے گانے اور قہقہوں کی آوازیں مسلسل بلند ہو رہی تھیں۔ باورچی خانے سے اٹھتے ہوئے دھویں کے ساتھ پکوان کی تیز خوشبو فضا میں بکھرتی جا رہی تھی۔ بارش رفتہ رفتہ تیز ہو گئی۔ اب موٹی موٹی بوندیں گر رہی تھیں۔ ان کی آواز کمرے کی چھت پر صاف سنائی دے رہی تھی۔ بادل رک رک کر گرج رہے تھے۔ بارش بڑھتی جا رہی تھی۔

کہیں قریب ہی زور کے قہقہے بلند ہوئے۔ رحیم داد اٹھ کر ایک بار پھر کھڑکی پر پہنچ گیا۔ اس نے باغ میں جھک کر دیکھا۔ دائیں ہاتھ کو گل چاندنی کی گھنی جھاڑی کے پیچھے جمیلہ دبک کر چھپنے کی کوشش کر رہی تھی۔ اس نے ایک ہاتھ منہ پر رکھ لیا تھا تاکہ اس کی ہنسی نہ ابھرے۔ مگر اس کے چہرے پر شوخی اور مسکراہٹ پھیلی ہوئی تھی۔ انگ انگ تازہ مچھلی کے مانند پھڑک رہا تھا۔ جھاڑی سے کچھ ہی فاصلے پر درختوں تلے گانے کی آوازیں ابھر رہی تھیں۔ گانے والیاں اونچے سروں میں بار بار گیت کا یہ بول الاپ رہی تھیں۔

گدھے دے پیریے نی!
تیرے روپ نے پائیاں دھماں!

گیت کے اس بول کے ذریعے گانے والیاں جمیلہ سے براہ راست مخاطب تھیں۔ "اے رقص

کرنے والی حسینہ! تیرے حسن اور رعنائی نے دھاک بٹھا دی ہے۔" رحیم داد نے جمیلہ کی جانب دیکھ کر سوچا' گانے والیاں ٹھیک ہی کہہ رہی ہیں۔ جمیلہ اس وقت گہرا سبز لاچا باندھے ہوئے تھی۔ اس کے اوپر نصف آستینوں کی اودی کرتی تھی۔ گورے گورے سڈول بازوؤں پر ہاتھی دانت کا چوڑا تھا۔ پیروں میں چاندی کی پازیب تھی۔ بالوں میں ملے کا سرخ اور سنہرا پراندہ تھا جس سے اس کی چوٹی کی لمبائی بڑھ گئی تھی اور کمر کے نیچے جھول رہی تھی۔ اوڑھنی بھاگ دوڑ میں کہیں گر گئی تھی۔ رم جھم بارش میں اس کا پورا بدن پانی سے اس طرح شرابور تھا کہ لباس جسم کے ساتھ پیوست ہو گیا تھا۔ اس کے شفاف اور گلابی بدن کے پیچ و خم سنگ مرمر کے ترشے ہوئے مجسمے کے مانند ابھر کر نمایاں ہو گئے تھے۔

رحیم داد نے جمیلہ کو اس عالم میں دیکھا تو تڑپ اٹھا۔ اس نے بے قرار ہو کر سوچا' احسان شاہ ٹھیک ہی کہتا ہے' جمیلہ کو اس کے قبضے میں ہونا چاہیے۔ اس کے بغیر نہ وہ زمیں دار بن سکتا ہے نہ ہی زمیں داری کا مزا آئے گا۔

رحیم داد نے تصور میں پہلی بار اسے اپنی بیوی کی حیثیت سے دیکھا۔ اس کی سانس تیز ہو گئی' دل کی دھڑکن بڑھ گئی اور وارفتگی سی طاری ہو گئی۔ وہ مبہوت ہو کر اسے دیکھتا رہا۔ اس کے نرم اور گداز جسم کی حرارت اور خوشبو اس نے اپنے قریب' بہت قریب پائی۔ یہ لذت اس نے پہلے کبھی محسوس نہیں کی تھی۔

مگر جمیلہ اس کی بے قراری اور احساسات سے بے نیاز الھڑ دوشیزہ کی طرح شوخی سے مسکراتی گل چاندنی کے پودوں کے ساتھ چمٹی کھڑی تھی۔ اس کے دل آویز چہرے پر بکھرا ہوا تبسم دم بدم بڑھتا گیا۔ وہ کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ اس کی ہنسی کی جھنکار سنتے ہی گانے والیاں قہقہے بلند کرتی ہر طرف سے اس کی جانب بڑھیں۔ سب ہی نوجوان' تن درست اور چنچل تھیں اور بارش کے پانی سے شرابور تھیں۔ قریب پہنچ کر وہ ٹھٹھا مار کر ہنسیں۔ انھوں نے بڑھ کر جمیلہ کا بازو پکڑا' اسے آگے کھینچا۔

وہ تلملائی اور شرما کر سر جھکا لیا۔ وہ سب اس کے گرد حلقہ بنا کر پہلے چٹکیاں بجاتی رہیں پھر دونوں ہاتھ اٹھا اٹھا کر تالیاں بجانے لگیں۔ رفتہ رفتہ تالیوں میں ہم آہنگی پیدا ہوتی گئی۔ ساتھ ساتھ ان کے جسم ڈولنے اور گردش کرنے لگے۔ وہ اپنے بازو اور گردن لچکاتی' کمر کو خم دیتی اسے گھیرے میں لے کر رقص کرنے لگیں۔ رقص کرتے کرتے انہوں نے تالیوں کی تھاپ پر ایک گیت چھیڑ دیا۔

گدھا پالے نی

سون کدا کدا ونا!

اس دفعہ بھی' وہ جمیلہ سے مخاطب تھیں اور اسے خاموش پا کر شوخی سے چھیڑ رہی تھیں۔ "سکھی گدھا ناچ لے' ساون روز روز نہیں آتا۔" جمیلہ گیت کے بول سن کر ذرا دیر تو چپ چاپ کھڑی رہی' پھر وہ بھی ہاتھ اٹھا کر تالیاں بجانے لگی۔ اس نے اپنے جسم کو جھٹکے کے ساتھ لہرایا اور تالیوں کے تال پر رقص کرنے لگی۔ مینہ چھما چھم برس رہا تھا۔ ہوا فراٹے بھرتی ہوئی چل رہی تھی۔ بادل گرجتے رہے۔ رقص تیز اور تیز ہوتا گیا۔

رحیم داد کھڑکی سے لگا' دم بخود کھڑا تھا۔ اس کی بے تاب نگاہیں جمیلہ پر جمی ہوئی تھیں جس کا ترشا ہوا بدن تیز بارش سے بھیگ کر اور نمایاں ہو گیا تھا۔ وہ نوجوان نیاروں کے حلقے میں سب سے زیادہ حسین اور دل کش نظر آ رہی تھی۔ رحیم داد اسے تیکھی اور بھوکی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔ اس پر محویت طاری تھی۔ یکایک اس نے اپنے کندھے پر کسی کے ہاتھ کی حرارت محسوس کی۔ چونک کر پلٹا۔ سامنے اللہ وسایا کھڑا مسکرا رہا تھا۔ رحیم داد نے سراسیمہ ہو کر اسے دیکھا پھر سراسیمگی پر پردہ ڈالنے کی کوشش کی۔ "کب واپس آیا اللہ وسایا؟"

"تھوڑی ہی دیر پہلے لوٹا ہوں۔ سیدھا تیرے پاس چلا آیا۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "تجھے دیر سے کھڑا دیکھ رہا تھا پر تو کھڑکی سے لگا ایسا ہکا بکا کھڑا تھا کہ تجھے پتہ نہ چلا۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ "زنانیوں کو ساونی مناتے دیکھ رہا تھا۔"

رحیم داد نے اللہ وسایا کے لہجے میں ہلکا ہلکا طنز محسوس کیا۔ اس نے صفائی پیش کرنے کی کوشش کی۔ "اکیلے بیٹھے گھبرا رہا تھا۔ اٹھ کر کھڑکی پر چلا گیا۔"

اللہ وسایا نے کھڑکی سے لگ کر دیکھا۔ باغ میں جمیلہ نوجوان عورتوں کے ساتھ تالیاں بجا رہی تھی' ناچ رہی تھی' گا رہی تھی۔ قہقہے لگا رہی تھی' بارش میں بھیگ رہی تھی۔ ساون کا لطف اٹھا رہی تھی۔ اللہ وسایا نے مڑ کر رحیم داد کو دیکھا اور ہنس کر بولا۔ "جمیلہ کو دیکھ رہا ہے۔ اسے تو ایسے ہی کھیل تماشوں میں مزا آتا ہے۔ کس طرح خوشی خوشی ناچ رہی ہے۔" اس کے چہرے پر یکایک سنجیدگی چھا گئی۔ "مزارعوں کے گھروں کی زنانیاں اور نیاریں ہوں' تب بھی ٹھیک ہے۔ پر کیوں زمیں دار لاگیوں کی زنانیوں کے ساتھ ناچتے گاتے' ذرا بھی تو نہیں سوچتی کہ وہ زمیں دارنی ہے۔ اس کی ہر حرکتوں پر آس پاس کے سارے زمیں دار مجھ سے خار کھاتے ہیں۔"

"ویسے برا ماننے کی تو گل ہے جی! زمیں دارنی کو ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ کچھ تو زمیں داری کی شان رکھنا چاہیے۔"

"منع کرتا ہوں پر وہ کہاں سنتی ہے۔ ہر بار یہی کہتی ہے' تو زمیں دار ہے تو زمیں داری اور اس کی نور اپنے ساتھ رکھ' میں نوں اس سے کچھ نہیں لینا۔ چوہدری! ذرا سوچ یہ کیسے ہو سکتا ہے' میں اور وہ کوئی الگ تو نہیں ہیں۔"

اللہ وسایا کھڑکی سے ہٹ کر کرسی پر بیٹھ گیا۔ رحیم داد بھی اس کے نزدیک ہی بیٹھ گیا۔ باغ میں شوخ اور چنچل قہقہوں اور تالیوں کی آوازیں ابھر رہی تھیں۔ مینہ رم جھم رم جھم برس رہا تھا۔ بادل زور زور سے گرج رہے تھے۔ احمد دو نوکروں کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا۔ اس نے میز اٹھا کر اللہ وسایا اور رحیم داد کے درمیان رکھی اور اس پر طرح طرح کے پکوان چن دے۔ ان میں بھلے اور پکوڑے تھے۔ پوریاں تھیں۔ باجرے اور مکئی کی میٹھی روٹیاں تھیں۔ ڈوڈا تھا۔ سوجی کا حلوہ تھا۔ طرح طرح کے ساگ تھے۔ بھاجی تھی۔ اچار' رائتا' چٹنی' سبھی کچھ تھا۔ پکوان چٹ پٹا بھی تھا' نمکین بھی تھا' میٹھا بھی تھا۔ ساونی کی خاص سوغات' دودھ اور خربوزے کی کھیر بھی تھی۔ باہر سے اونچے سروں میں گانے کی آوازیں ابھر رہی تھیں۔

ساون کھیر نہ کھاری نا'
کیوں لی تمیوں اپرادھیا!

اللہ وسایا نے رحیم داد کی جانب دیکھا' مسکرا کر بولا۔ "سن رہا ہے چوہدری! باہر زنانیاں کیا گا رہی ہیں؟" اس نے کھیر کی طرف اشارہ کیا۔ "پہلے اسے کھا۔" باغ میں لک لک کر گانے والیاں بھی گیت کے بولوں میں کہہ رہی تھیں۔ "ساون میں بھی تو نے کھیر نہیں کھائی۔ ایسی زندگی کا کیا مزا۔" دونوں کھلکھلا کر بے تکلفی سے ہنسے۔ انھوں نے پہلے کھیر کھانا شروع کی۔ پکوان ڈھیر سارا تھا۔ ساتھ ہی پیتل کی بڑی بالٹی تھی جس میں اوپر تک آم بھرے تھے۔

اللہ وسایا نے کھیر کھاتے ہوئے رحیم داد سے پوچھا۔ "میرے پیچھے ادھر دارا تو نہیں آیا؟"

رحیم داد پریشان ہو گیا۔ مگر اس نے جلد ہی خود پر قابو پا لیا۔ "میں نے تو اسے دیکھا نہیں۔ آیا بھی ہو گا تو زمیں دارنی کو پتہ ہو گا۔ میرے پاس نہیں آیا۔ آئے گا بھی نہیں۔" اس کے لہجے میں تلخی کا عنصر غالب تھا۔

اللہ وسایا چند لمحے خاموش رہا۔ باغ میں قہقہے اور گانے کی آوازیں گونج رہی تھیں۔ اللہ وسایا نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ قدرے نرم لہجے میں دریافت کیا۔ "سچ سچ بتا' تو نے جس زنانی کو ڈھوک امیر خاں میں قتل کیا تھا' اس سے تیری یاری تھی؟"

"میں نے کسی کو قتل نہیں کیا۔" رحیم داد نے اللہ وسایا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر

جھنجھلائی سے کہا۔ "میں تیرے ساتھ اتنے دنوں سے ٹھیرا ہوں۔ تیں نوں پتہ ہے' میں نے ادھر کتنی زنانیوں سے یاری لگا رکھی ہے۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میں نوں پتہ ہے' تو ایسا بندہ نہیں۔ برائی زیادہ دن نہیں چھپتی' سامنے آ ہی جاتی ہے۔" اللہ وسایا نے اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا۔ "پر دارا نے تیرے بارے میں ایسی گل بات کیوں کی؟" اس نے لسی کا بڑا گھونٹ بھرا۔ "میں نوں ٹھیک ٹھیک بتا' اصلی گل کیہ ہے؟"

رحیم داد کو پورا یورا یقین تھا کہ اب اللہ وسایا سے دارا کی ملاقات کا کوئی امکان نہیں لہٰذا وہ شیر ہو کر بولا۔ "ٹھیک ٹھیک گل تو دارا کو سامنے بٹھا کر ہی ہو گی۔ تو نے بھی پہلے یہی کہا تھا نا۔ اسے آنے دے' تبھی میں اس معاملے میں گل بات کروں گا۔ تجھے بھی پوری طرح پتہ چل جائے گا' میرے بارے میں اس نے تجھ سے جو کچھ کہا ہے' اس میں کتنی سچائی ہے۔"

"ٹھیک ہے' اس کے آنے ہی پر گل بات ہو گی۔" اللہ وسایا نے بات آگے بڑھانے کی کوشش نہیں کی۔ اس کے رویئے میں کسی قسم کی تلخی یا کدورت نہیں تھی۔

دونوں اطمینان سے پکوان کھاتے رہے۔ اللہ وسایا سے زیادہ نہیں کھایا گیا۔ وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ بالٹی سے چھانٹ کر اس نے ایک آم نکالا اور چوسنے لگا۔ تھوڑی دیر بعد کھڑکی کی سلاخوں کے پیچھے جمیلہ کا چہرہ ابھرا۔ بھیگے ہوئے بالوں سے پانی کے قطرے اس کے شفاف گلابی رخساروں پر ٹپک کر بکھرتے جا رہے تھے۔

جمیلہ نے شوخ نظروں سے اللہ وسایا کو دیکھا' مسکرا کر پوچھا۔ "تو آ گیا اللہ وسایا؟"

اللہ وسایا نے مڑ کر اس کی جانب دیکھا' اس کا پانی سے شرابور جسم دیکھا۔ قدرے تیکھے لہجے میں بولا۔ "میں تو کب کا آ گیا' پر تو کب تک ساونی مناتی رہے گی؟ دیکھ تو پانی سے کتنی بھیگ گئی ہے۔ ختم کر یہ رنگ رنگلیاں۔ جا کر کپڑے بدل۔ بیمار پڑ جائے گی۔"

"ارے ارے۔" وہ ہنس کر بولی۔ "تو اپدیشک کب سے بن گیا۔" اس نے شوخی سے آنکھوں کو گردش دی۔ "ساون روز روز نہیں آتا۔ ایک روز تو جی بھر کر ساونی منا لینے دے۔"

"میں تو تیرے ہی بھلے کی کہہ رہا ہوں۔" اللہ وسایا نے پیار سے کہا۔

"میرے بھلے کی چھوڑ۔" وہ کھلکھلا کر ہنسی۔ "لا مجھے ایک آم تو دے دے۔"

اللہ وسایا نے جھٹ بالٹی میں ہاتھ ڈالا۔ ایک آم نکالا' کھڑکی کے نزدیک گیا۔ آم جمیلہ کی طرف بڑھایا۔ جمیلہ نے انکار میں گردن ہلائی۔ "یہ نہیں۔" اس نے ہاتھ آگے کیا اور اللہ وسایا کے ہاتھ سے وہ آم اچک لیا جو وہ چوس رہا تھا۔ جمیلہ نے آم چوستے ہوئے محبت سے اللہ وسایا کو دیکھا اور

آنکھیں نچا کر بولی۔ "بہت مزے دار ہے۔" وہ کھلکھلا کر ہنسی اور آم چوستی ہوئی دور چلی گئی۔
رحیم داد نے ٹھنڈی سانس بھری۔ اس کے چہرے پر نفرت اور دکھ کے ملے جلے تاثرات تھے۔
اس نے تیکھی نظروں سے اللہ وسایا کو دیکھا' جو رحیم داد کے احساسات سے بے نیاز کھڑکی کے نزدیک کھڑا جمیلہ ہی کی سمت دیکھ رہا تھا۔ وہ دیر تک اسے دیکھتا رہا۔ رحیم داد آہستہ سے کھنکارا۔ اللہ وسایا نے مڑ کر اس کی جانب دیکھا' زیر لب مسکرایا' بالٹی سے ایک آم نکال کر چوستے ہوئے بولا۔
"تو نے آم نہیں کھانے؟"
اللہ وسایا آہستہ آہستہ قریب آیا اور کرسی پر بیٹھ گیا۔ دونوں بالٹی سے آم نکال نکال کر چوسنے لگے۔ آم میٹھے اور خوش ذائقہ تھے۔ انھوں نے خوب سیر ہو کر کھائے۔ آموں سے فارغ ہو کر دونوں نے گلاس بھر بھر کر دودھ پیا۔ نوکر بچا ہوا پکوان اور کھانے پینے کی دوسری اشیا اٹھا کر لے گئے۔ اللہ وسایا پر سفر کی تھکن کا غلبہ ہوا۔ اس کی آنکھیں نیند سے بوجھل ہو گئیں۔ وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ "چوہدری میں نوں اب آرام کرنا ہے' بہت تھک گیا ہوں۔" وہ کمرے سے چلا گیا۔
رحیم داد بھی کرسی سے اٹھا اور بستر پر لیٹ گیا۔ باغ میں رم جھم برستی ہوئی بوندوں کے مدھم آہنگ کے ساتھ ساتھ نوجوان عورتوں اور لڑکیوں کے جھنکارتے قہقہے اور سریلے گیتوں کے بول ابھر رہے تھے' ڈوب رہے تھے۔ کبھی شور' کبھی خاموشی۔ شور اور خاموشی کے درمیان رحیم داد کا ذہن ڈولتا رہا' جمیلہ کی آواز ٹٹولتا رہا' پہچانتا رہا۔ پھر وہ سو گیا۔
اس کی آنکھ کھلی تو شام ہو چکی تھی۔ بارش ابھی بند نہیں ہوئی تھی۔ احمد نے کمرے میں لیمپ روشن کر دیا تھا۔ دوپہر کو اتنا کھا چکا تھا کہ رات کے کھانے کی اسے کوئی خواہش نہیں تھی۔ اس نے صرف لسی کا گلاس پیا اور کمرے سے نکل کر برآمدے میں کرسی پر بیٹھ گیا۔ صحن میں گرتی ہوئی بارش کی بوندوں کی جھالر ہوا کے تیز جھونکوں سے لہرا رہی تھی۔
رات بھر بارش ہوتی رہی۔ مینہ کی ایسی جھڑی لگی کہ دو روز تک آسمان پر بادلوں کی سرمئی چادر پھیلی رہی۔ تیسرے روز سہ پہر کو بادل ذرا چھٹے۔ ان کے درمیان سے شیشے کی طرح جھلکتا ہوا نیلا نیلا آسمان نظر آنے لگا۔ بارش بند ہو چکی تھی۔ تھوڑی دیر بعد بادلوں سے دھوپ جھانکنے لگی۔

☆

رحیم داد مسلسل بارش کے باعث کہیں جا نہیں سکا تھا۔ تمام وقت کمرے ہی میں رہا۔ اس عرصے میں اللہ وسایا سے بھی اس کی ملاقات نہیں ہوئی۔ جمیلہ سے تو اور بھی زیادہ عرصے سے نہیں مل سکا تھا۔ وہ سویرے سویرے اسکول چلی جاتی۔ دوپہر کو اپنے دونوں بچوں کے ساتھ لوٹتی تو بہت

تھکی ہوئی ہوتی۔ شام کو وہ عام طور پر اسکول یا ڈسپنسری کے سلسلے میں کسی نہ کسی سے بات چیت میں مصروف ہوتی۔ کبیر والا سے واپسی کے بعد اس نے جمیلہ کو جس وقت بھی دیکھا' وہ مصروف نظر آئی۔ ان دنوں اس پر ڈسپنسری قائم کرنے کی دھن سوار تھی۔ ڈسپنسری کی تعمیر کا کام اس نے شروع کر دیا تھا مگر بارش کے باعث ملتوی کرنا پڑا۔ رحیم داد بھی اس عرصے میں دارا کے باعث ذہنی طور پر بہت پریشان رہا۔
وہ مہمان خانے سے نکلا۔ ہر طرف پانی ہی پانی تھا اور دھوپ بہت تیز تھی۔ وہ کیچڑ اور پانی سے بچتا بچاتا کچھ دور گیا پھر واپس آ گیا۔
شام کو رحیم داد باغ میں پہنچا۔ ہرے بھرے درخت اور پودے بارش کے پانی سے دھل کر نکھر گئے تھے۔ جدھر نظر اٹھتی' ہریالی ہی ہریالی نظر آتی۔ بادل چھٹ چکے تھے۔ شام کے ہلکے ہلکے دھندلکے میں گہرے نیلے آسمان پر کہیں کہیں تارے ٹمٹمانے لگے تھے۔ رحیم داد کو باغ میں بیٹھے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ اللہ وسایا آ گیا۔
اللہ وسایا کے چہرے سے پریشانی ٹپک رہی تھی۔ وہ ایک کرسی پر نڈھال ہو کر بیٹھ گیا۔
رحیم داد بولا۔ "اللہ وسایا تیری طبیعت تو ٹھیک ہے؟ پریشان پریشان نظر آ رہا ہے۔"
"میری طبیعت تو ٹھیک ٹھاک ہے۔" اللہ وسایا نے بتایا۔ "پر جمیلہ کو سخت بخار ہے۔ ویسے طبیعت تو اس کی سویرے سے گڑبڑ تھی۔ خود ہی دوا دارو کرتی رہی۔"
"اب اس کی طبیعت کیسی ہے؟"
"بہت تیز بخار ہے۔ اس روز ساؤنی مناتی رہی اور بارش میں بھیگتی رہی۔ تیرے سامنے ہی میں نے منع بھی کیا تھا' پر وہ میری سنتی ہی کب ہے۔ اب بخار میں بھن رہی ہے۔ سر میں درد اتنا ہے کہ بار بار سر ادھر ادھر ٹپکتی ہے۔"
"اب تو شام ہو گئی۔ برکھا سے رستے بھی خراب ہو گئے ہیں۔ پاک پتن جانا اور ڈاکٹر خاں کو لانا تو بہت مشکل ہو گا۔"
"یہی میں بھی سوچ رہا ہوں۔" اللہ وسایا بولا۔ "پر کسی ڈاکٹر حکیم کو تو لانا ہی پڑے گا۔ جمیلہ کی طبیعت بہت گڑبڑ ہو رہی ہے۔" اس کے چہرے پر چھائی ہوئی پریشانی میں اضافہ ہو گیا۔ "سمجھ نہیں آتی کیا کروں۔"
"لگتا ہے' زمیں دارنی کی طبیعت زیادہ خراب ہے۔"
"ہاں جی' بالکل پیلی پڑ گئی ہے۔ بخار سے سارا بدن جل رہا ہے۔ ہائے ہائے کر رہی ہے۔"

اللہ وسایا گردن جھکا کر گہری سوچ میں ڈوب گیا۔ اس کے بشرے سے شدید پریشانی جھلک ر
تھی۔ رحیم داد بھی خاموش بیٹھا رہا۔ برسات کی بھیگی بھیگی شام سرمئی پڑ گئی تھی۔ ہوا کے
جھونکے درختوں کے درمیان سے گزرتے۔ سرسراہٹیں ابھرتیں' ہلکی ہلکی سیٹیاں بجتیں۔ سا
سلونی شام گنگنا رہی تھی۔

رحیم داد نے نظریں اٹھا کر اللہ وسایا کو دیکھا۔ چند لمحے اس کا چہرہ تکتا رہا۔ اس نے کھنکار کر
صاف کیا۔ اللہ وسایا کو اپنی جانب متوجہ کیا۔ "اللہ وسایا! ادھر عالم پور کے نزدیک ایک پنڈ
حکیم ہے۔ شکور' اس کی بہت تعریف کرتا ہے۔ ایک بار مجھے بھی اس کے پاس لے گیا تھا۔ پ
میں کچھ گڑبڑ تھی۔ بار بار سخت مروڑ اٹھتی تھی۔ رات بھی زیادہ ہو چکی تھی' درد سے نیند ہی نہ
آتی تھی۔ یہ ان دنوں کی گل ہے' جب تو شریفاں کے دیاہ میں شرکت کرنے کھبل پور گیا تھا۔ ح
کی دوائی سے میں فوراً چنگا ہو گیا تھا۔ ایسا آرام ملا کہ سویرے دیر تک سوتا رہا۔"

"کتنی دور ہے وہ پنڈ جہاں حکیم رہتا ہے؟"

"پنج چھے میل سے زیادہ دور نہ ہو گا۔"

"فاصلہ تو کوئی زیادہ نہیں۔" اللہ وسایا نے دلچسپی کا اظہار کیا۔ "پر حکیم رات کو یہاں آ
جائے گا؟"

"ضرور آجائے گا۔ ابھی تو شام ہے' ویسے وہ بہت نیک بندہ ہے۔ میں تو اس کے پاس آ
رات کو گیا تھا۔ اس نے ٹکھرا شکرا نہیں کیا۔ شکور نے ہانک لگائی تو جھٹ باہر آگیا۔ بہت پیار
حال پوچھا' نبض دیکھی اور دوائی دے دی۔"

"تو کہتا ہے تو اسی کو لے آتے ہیں ورنہ رات میں جمیلہ کی طبیعت اور زیادہ گڑبڑ ہو جائے گ
تیں نوں پتہ نہیں' میں اس کی حالت دیکھ کر کتنا پریشان ہوں۔"

"وہ تو تیرا منہ دیکھ کر ہی پتہ چل رہا ہے فکر نہ کر۔ حکیم کی دوائی سے تیری گھر والی بالکل
ہو جائے گی۔"

"حکیم کے پاس ہی چلتے ہیں۔" اللہ وسایا کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا۔ اللہ وسایا
کہا۔ "چوہدری! تو میرا انتظار کر۔ میں ذرا جمیلہ کا حال معلوم کر لوں۔ حکیم پوچھے گا تو کیا بتا
گا۔"

رحیم داد نے چونک کر اللہ وسایا کو دیکھا۔ وہ چاہتا تھا کہ جمیلہ کو یا کسی کو بھی یہ پتہ نہ چلے کہ
اس کے ساتھ گیا ہے۔ اس نے فوراً اللہ وسایا کو منع کیا۔ "زمیں دارنی کو نہ بتانا کہ تو میرے سا

حکیم کو لینے جا رہا ہے۔ یہ میں اس لیے کہہ رہا ہوں' وہ حکیم سے علاج کرانے پر راضی نہیں ہو گی۔
وہ تو ڈاکٹری علاج ہی کو مانتی ہے۔"

"کہہ تو ٹھیک ہی رہا ہے تو۔" اللہ وسایا نے اتفاق کیا۔

رحیم داد نے مشورہ دیا۔ "اسے تو یہی کہتا ہے' پاک پتن سے ڈاکٹر خان کو لینے جا رہا ہے۔"

"پر جب ڈاکٹر کی بجائے میں حکیم کو لے کر پہنچوں گا تو کیا ہو گا؟ یہ بھی تو سوچنا پڑے گا۔"

"تب کی تب دیکھی جائے گی۔" رحیم داد نے اسے اپنا ہم خیال بنانے کی کوشش کی۔ "ابھی
سے کیوں پریشان ہو رہا ہے؟ کہہ دینا' ڈاکٹر نہیں ملا۔ حکیم کو لے آیا ہوں۔ تو ابھی اس کی دوائی پی
لے۔ سویرے ڈاکٹر کو بلوا لوں گا۔ یہ بھی تو ہو سکتا ہے' حکیم حال سن کر ہی دوائی دے دے اور اسے
لانا نہ پڑے۔"

"یہ ٹھیک ہے۔ حکیم دوائی دے دے تو ٹھیک ہے۔ اسے یہاں لانے میں تو دوائی لینے اس کے
ساتھ دوبارہ جانا پڑے گا۔ ڈاکٹروں کی طرح حکیم اپنے ساتھ دوائیاں تو رکھتے نہیں۔ حکیم کو تولانے
کی بجائے حال بتا کر دوائی لینے کی کوشش کرنی چاہیے۔ آگے اس کی مرضی۔ جیسا وہ کہے گا' کیا
جائے گا۔"

اللہ وسایا حویلی کی جانب بڑھا۔ "میں جلد ہی واپس آتا ہوں۔"

"میں نہر پر تیرا انتظار کروں گا۔" رحیم داد بہت محتاط تھا۔ "میں گھوڑی لے کر اسی طرف جا رہا
ہوں۔"

"ذرا دیر صبر کر لے' میں جلد ہی آجاؤں گا۔" اللہ وسایا نے اصرار کیا۔

"میں کب کہہ رہا ہوں تو جلدی نہیں آئے گا۔" رحیم داد نے ہنس کر کہا۔ "ادھر ہی آجائے گا تو
کیا حرج ہو گا۔ یہاں اکیلے بیٹھے بیٹھے جی گھبرائے گا۔ پہلے ہی بارش کی وجہ سے کئی روز سے کمرے
میں اکیلا پڑا ہوں۔"

"جیسی تیری مرضی۔" اللہ وسایا نے ضد سے کام نہیں لیا۔ آگے بڑھ گیا۔

رحیم داد اصطبل کی جانب بڑھا' گھوڑی نکالی۔ اس پر سوار ہوا اور تیزی سے دوڑاتا ہوا نہر کی
جانب روانہ ہو گیا۔ نہر میں پانی کا بہاؤ بہت تیز تھا۔ شام کا سرمئی دھندلکا ہر طرف پھیلتا جا رہا تھا۔
رحیم داد نے نہر کے قریب پہنچ کر گھوڑی روک لی اور اللہ وسایا کا انتظار کرنے لگا۔

مگر اللہ وسایا جلدی نہیں آیا۔ اندھیرا بڑھنے لگا۔ اللہ وسایا کے آنے میں دیر ہوئی تو رحیم داد کو
تشویش ہوئی۔ پندرہ سولہ منٹ گزرے ہوں گے کہ دور سے گھوڑا دوڑنے کی آواز سنائی دی۔ ٹاپیں

رفتہ رفتہ نزدیک آتی گئیں۔ اللہ وسایا ایک جھنڈ کی آڑ سے گھوڑی دوڑاتا ہوا نکلا۔ قریب پہنچ کر اس نے معذرت کے انداز میں کہا۔

"معاف کرنا چوہدری' مجھے کچھ دیر ہوگئی۔"

"میں نوں پتہ تھا تو جلدی نہیں آئے گا۔ زمیں دارنی نے روک لیا ہوگا۔"

"تو نے ٹھیک سوچا۔" اللہ وسایا ہنسنے لگا۔ "جمیلہ نے روکے رکھا۔ بار بار کہتی تھی' اندھیرا ہوگیا اس سمے نہ جا۔ سویرے ڈاکٹر کو لے آنا۔ میں دیر تک اسے سمجھاتا رہا' تب اس نے آنے دیا۔"

رحیم داد نے دیکھا اللہ وسایا کے آگے بندوق رکھی ہے۔ اس نے مسکرا کر پوچھا۔ "تو بندوک کس لیے لے آیا؟"

"اندھیرا بھی بڑھ گیا ہے اور آگے احسان شاہ کا پنڈ ہے۔ تیں نوں پتہ ہے' اس سے میری پرانی لگتی ہے۔ اس طرف رات کو مسلح ہو کر ہی چلنا چاہیے۔" اللہ وسایا نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔

"زمیں دارنی نے بندوک لے جانے کو کہا ہوگا؟" رحیم داد نے اللہ وسایا کو ٹٹولا۔

"اسے تو میں نے بتایا ہی نہیں کہ اس طرف جاتا ہے۔" اللہ وسایا نے وضاحت کی۔ "اسے تو میں نے یہی بتایا' ڈاکٹر خاں کو لینے پاک پتن جا رہا ہوں۔"

"تو ادھر آنے کو کہتا تو وہ تجھے ضرور روک لیتی۔"

"بالکل۔" اللہ وسایا نے تائید کی۔ "رات کو تو وہ مجھے ہرگز اس طرف نہ جانے دیتی۔"

دونوں نے اپنی اپنی گھوڑی کو ایڑ لگائی اور نہر کے کنارے کنارے گھوڑیاں دوڑانے لگے۔ کچرّ اور اندھیرے کے باعث وہ بہت محتاط نظر آ رہے تھے۔ جھٹ پٹے میں دونوں آگے اور آگے بڑھتے گئے۔ سناٹا گہرا ہوتا جا رہا تھا۔ کوئی گاؤں قریب آتا تو گھروں کی روشنیاں دور سے ٹمٹماتی نظر آتیں۔ مویشیوں اور انسانوں کی ملی جلی مدھم آوازیں بھی سنائی دیتیں۔ ابھی گاؤں جاگ رہے تھے۔ نہر کا پانی گنگنا رہا تھا۔ آس پاس کے جھنگروں میں مینڈک زور زور سے ٹرا رہے تھے۔

دونوں نہر کی پلیا سے آگے بڑھے تو اللہ وسایا نے ادھر ادھر نظریں دوڑا کر دیکھا۔ وہ رحیم داد کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ اس کی جانب گردن بڑھا کر بولا۔ "چوہدری! اب چوکس رہنا ہوگا۔ یہ رستہ خطرناک ہے۔ یہاں سے احسان شاہ کا علاقہ لگتا ہے۔"

"میں تو اس رستے سے کئی بار گزرا ہوں۔ میں نے کبھی کھٹکا محسوس نہیں کیا۔" رحیم داد نے اسے مطمئن کرنے کی کوشش کی۔

"تیری بات اور ہے۔ شاہ جی تو مجھ سے خار کھاتا ہے۔"

"حوصلے سے کام لے۔ تیرے پاس تو بندوک ہے اور بھری ہوئی بھی ہوگی؟"

"بھری ہوئی تو ہے' پر ہم دو ہی ہیں اور بندوک صرف ایک ہے۔" اللہ وسایا نے صورت حال رحیم داد پر واضح کرتے ہوئے کہا۔ "احسان شاہ کے پاس تو مسلح غنڈوں کی پوری پلٹن ہے۔"

"ایسا ہے تو بندوک مجھے دے دے۔ میں آگے آگے چلتا ہوں۔" رحیم داد نے ہاتھ بڑھا کر بندوق مانگی۔ اللہ وسایا نے سادگی سے دے بھی دی' ہنس کر بولا۔ "تیری مرضی ہے تو رکھ لے۔ ویسے میں ڈرنے شرنے والا بندہ نہیں۔ پہلے بھی احسان شاہ کئی بار مجھ پر کاتلانہ حملے کرا چکا ہے پر کبھی سامنے نہیں آیا۔"

رحیم داد نے بندوق سنبھال کر آگے رکھ لی۔ گھوڑی کو ایڑ لگائی اور اللہ وسایا سے کچھ دور آگے نکل گیا۔ اللہ وسایا اس کے پیچھے پیچھے چلتا رہا۔ دونوں آگے بڑھے تو شیشم ار سرس کے درختوں کے جھنڈ نظر آنے لگے۔ یہی وہ جنگل تھا جس میں احسان شاہ کے منصوبے کے مطابق دینا کو دارا اور دوسرے مسلح افراد کے ہم راہ موجود ہونا چاہیے تھا۔ رحیم داد نے اس راہ پر گھوڑی ڈال دی جو جنگل کے درمیان سے گزرتی تھی۔ اللہ وسایا نے گھوڑی بڑھائی۔ رفتار کسی قدر تیز کی۔ رحیم داد کے قریب پہنچا اور اس کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔

دونوں گھنے درختوں کے نیچے تھے۔ شام کا مدھم اجالا شاخوں کے درمیان سے کہیں کہیں جھانک رہا تھا مگر ہر طرف ہو کا عالم تھا۔ وہ چند ہی قدم آگے بڑھے ہوں گے کہ دبی دبی آہٹیں ابھریں مگر کوئی نظر نہیں آیا۔

اللہ وسایا نے خطرے کی بو محسوس کی۔ اس نے رحیم داد سے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "چوہدری! تو نے ٹھیک راستہ نہیں پکڑا۔ یہ بہت ہی خطرناک بیلا ہے۔"

رحیم داد زور سے کھنکارا اور گھوڑی آگے بڑھاتے ہوئے اونچی آواز سے بولا۔ "اللہ وسایا حوصلے سے کام لے۔ رستہ ہی کٹتا ہے۔ ذرا دیر میں بیلے سے دونوں باہر ہوں گے۔ گھوڑی تیز کر۔"

رحیم داد گھوڑی تیزی سے دوڑاتا آگے نکل گیا۔ اللہ وسایا نے بھی رفتار تیز کی مگر چند ہی قدم چلنے کے بعد گھوڑی زور سے ہنہنائی۔ اللہ وسایا نے دھندلی روشنی میں دیکھا کہ راستے میں موٹی رسی تنی ہے۔ اس نے رکابیں سنبھال کر گھوڑی روکنے کی کوشش کی مگر اس کی رفتار اس قدر تیز تھی کہ وہ رک نہ سکی۔ رسی سے الجھی اور لڑکھڑا کر گر پڑی۔ اللہ وسایا بھی اس کے ساتھ ہی لڑھک کر نیچے آگیا۔ وہ زمین پر آتے ہی زور سے چیخا۔

"چوہدری! بندوک مجھے دے۔"

اسی وقت ایک طرف سے ٹارچ کی تیز روشنی ابھری۔ رحیم داد نے گھوڑی روک لی۔ پلٹ کر دیکھا کہ ٹارچ کی تیز روشنی میں اللہ وسایا زمین پر پڑا ہے اور ادھر ادھر نظریں دوڑا کر بے بسی سے پکار رہا ہے۔ "چوہدری! چوہدری! تو کدھر چلا گیا؟" اللہ وسایا نے اٹھنے کی کوشش کی۔ وہ سنبھلنے بھی نہ پایا تھا کہ درختوں کے نیچے سے سات آٹھ آدمی نکلے اور اللہ وسایا کی جانب تیزی سے بڑھے۔ ان کے چہروں پر ڈھاٹے بندھے ہوئے تھے۔ وہ بندوقوں' کلہاڑیوں' گنڈاسوں اور دوسرے خطرناک اسلحہ سے لیس تھے۔

انھیں دیکھ کر اللہ وسایا تڑپ کر چیخا۔ "چوہدری!" مگر وہ اور کچھ نہ کہہ سکا۔ ڈھاٹے باندھے ہوئے افراد چاروں طرف سے جھپٹے اور اللہ وسایا کو دبوچ لیا۔ ایک بار وہ زور لگا کر ان کی گرفت سے نکل گیا' تیزی سے پلٹا اور دوڑ کر فرار ہونے کی کوشش کی مگر پیچھے سے کسی نے گنڈاسے کا ایسا بھرپور وار کیا کہ اس کا تیز پھل کئی انچ اللہ وسایا کے سر کے اندر اتر گیا۔

اللہ وسایا کے حلق سے ہائے کی دل دوز چیخ نکلی۔ وہ لڑکھڑا کر گر پڑا۔ اس کا چہرہ خون سے لت پت ہو گیا تھا۔ حملہ آوروں نے تیزی سے آگے بڑھ کر اللہ وسایا کی مشکیں کس لیں۔ ٹارچ کی روشنی بجھ گئی۔ ہر طرف گہرا اندھیرا چھا گیا۔

رحیم داد نے اللہ وسایا کی بندوق وہیں پھینک دی۔ گھوڑی کی باگ موڑی۔ رفتار تیز کی اور جنگل سے باہر نکل گیا۔

گاؤں کی چہل پہل اجڑ چکی تھی۔ ہر طرف خاموشی کا راج تھا۔ گھروں سے کہیں کہیں روشنی جھلک رہی تھی۔ رات کالی کاجل بن چکی تھی۔ بادل گھر گھر کر آ رہے تھے۔ آسمان تاریک ہو گیا تھا۔ ہوا تیز اور بھیگی ہوئی تھی۔ رحیم داد گھوڑی دوڑاتا حویلی کے باڑے پر پہنچا۔ باڑے کے مویشیوں کی گردنوں میں پڑی ہوئی پیتل کی گھنٹیوں اور گھنگرالوں کی جھنکار سناٹے میں رک رک کر ابھر رہی تھی۔ باڑے کا رکھولا دروازے پر بیٹھا حقہ گڑگڑا رہا تھا۔ رحیم داد کو دیکھتے ہی جھٹ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد گھوڑی سے نیچے اترا۔ رکھوالے نے بڑھ کر راسیں سنبھال لیں۔

رحیم داد آگے بڑھا تو رکھوالے نے ٹوکا۔ "زمیں دار تیرے ساتھ نہیں لوٹا؟"

"زمیں دار؟" رحیم داد پہلے تو گھبرایا پھر سنبھل کر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے بولا۔ "وہ تو میرے ساتھ نہیں گیا تھا۔ کدھر ہے وہ؟"

"یہ تو جی میں نوں پتہ نہیں۔ تیرے جانے کے تھوڑی ہی دیر بعد وہ بھی گھوڑی لے کر نکلا تھا۔ میں سمجھا آگے تجھے مل گیا ہو گا۔ وہ بھی سوئے کی طرف گیا تھا۔"

"سوا تو سامنے ہی ہے۔" رحیم داد نے نہر کی سمت ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ "وہ ادھر تو نہیں پہنچا۔ کہیں اور گیا ہو گا۔ آتا ہو گا۔"

رحیم داد مہمان خانے کی جانب روانہ ہوا۔ رکھوالا گھوڑی کی راسیں سنبھالے اصطبل کی جانب بڑھا۔ رحیم داد مہمان خانے میں گیا۔ دروازہ کھلا تھا مگر احمد موجود نہیں تھا۔ رحیم داد نے اطمینان کی سانس لی۔ وہ اس وقت احمد سے بات کرنا نہیں چاہتا تھا۔ احمد مہمان خانے میں ہوتا تو ضرور

بات کرتا۔ عین ممکن تھا کہ اللہ وسایا کے بارے میں پوچھتا۔ رحیم داد پر گھبراہٹ اور پریشانی نے یلغار کر رکھی تھی۔ اس عالم میں نہ جانے کیا بات زبان سے نکل جاتی۔

رحیم داد نے صحن عبور کیا۔ کمرے کے آگے برآمدے میں اس کا پلنگ بچھا تھا۔ بستر بھی لگا ہوا تھا۔ اندر کمرے میں لیمپ روشن تھا۔ رحیم داد کمرے میں گیا' کپڑے اتارے دھوتی باندھی۔ لیمپ کی لو مدھم کی اور نڈھال ہو کر بستر پر دراز ہو گیا۔ اس نے رات کا کھانا کھانے کی بھی ضرورت محسوس نہیں کی۔ بھوک ہی نہیں تھی۔ وہ دم بخود لیٹا رہا۔ دور دور تک نیند کا نام و نشان نہیں تھا۔ وہ شدید ذہنی الجھن میں مبتلا تھا۔ اسے رہ رہ کر اللہ وسایا یاد آ رہا تھا' اس کا خون میں لتھڑا ہوا چہرہ یاد آ رہا تھا' اس کا تڑپ کر بار بار "چوہدری! چوہدری!" پکارنا یاد آ رہا تھا۔

اس پر خوف اور دکھ کے ملے جلے احساسات کا غلبہ تھا۔ وہ بے چین ہو کر ادھر ادھر کروٹ بدلتا مگر کسی پہلو قرار نہ آتا۔ آنکھیں بند کرتا۔ نیند کو بلانے کی کوشش کرتا مگر نیند روٹھی ہوئی تھی۔ اندھیرا کچھ اور گاڑھا ہو گیا۔ سناٹا زیادہ گہرا ہو گیا۔ رات دم بخود کھڑی تھی۔ یکایک گہری خاموشی میں مہمان خانے کے باہر کتوں کے زور زور سے رونے کی آواز ابھری۔ رحیم داد نے بدحواس ہو کر آنکھیں کھول دیں' کروٹ بدلی اور اس دروازے کی جانب دیکھنے لگا جو مہمان خانے کے باہر میدان میں کھلتا تھا۔ کتوں کے رونے کی ڈراؤنی آوازیں سناٹے میں رک رک کر ابھرتی رہیں۔

رحیم داد چپ لیٹا تھا۔ ذرا دیر بعد حویلی سے مہمان خانے میں داخلے کا دروازہ آہستہ سے چرچراتا ہوا کھلا۔ صحن میں قدموں کی آہٹ ابھری۔ رحیم داد کو گمان گزرا کہ احمد آیا ہو گا۔ اس وقت وہ اس سے بات کرنا نہیں چاہتا تھا۔ اس نے آنکھیں بند کر لیں اور مٹ مارے اس طرح خاموش پڑا رہا گویا بے خبر سو رہا ہو۔ چاپ رفتہ رفتہ قریب آتی گئی اور اس کے پلنگ کے قریب پہنچ کر رک گئی۔ رحیم داد نے آنکھیں کھولیں نہ کروٹ بدلی۔ چند لمحے خاموشی سے گزرے پھر اسے اپنے سرہانے چوڑیوں کی ہلکی ہلکی کھنک سنائی دی' ساتھ ہی آواز ابھری۔

"چوہدری! سو گیا؟"

رحیم داد نے آواز پہچان لی۔ یہ احمد کی بیوی تھی۔ رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر سوچا کہ اتنی رات گئے وہ اس کے پاس کیوں آئی ہے؟ معاً اسے خیال آیا' کہیں جمیلہ کی طبیعت زیادہ خراب تو نہیں ہو گئی؟ رحیم داد خاموش پڑا رہا۔ احمد کی بیوی زیادہ دیر چپ نہیں رہی۔ اس نے رحیم داد کا بازو پکڑ کر آہستہ سے جھنجوڑا اور کسی قدر اونچی آواز سے بولی۔

"چوہدری! چوہدری!"

اب رحیم داد کے لیے چپ رہنا ممکن نہ رہا۔ اس نے آنکھیں کھول دیں اور دونوں ہاتھوں سے انہیں ملتا ہوا اٹھ کر بیٹھ گیا۔ احمد کی نوجوان بیوی اس کے سرہانے کھڑی تھی۔ لیمپ کی مدھم روشنی اس کے چہرے پر پڑ رہی تھی۔ اس کا رنگ سانولا تھا مگر نقش و نگار تیکھے تھے۔ جسم سڈول اور صحت مند تھا۔

"میں حمدے کی گھر والی ہوں۔" وہ مسکرا کر بولی۔ "میرا نام تاراں ہے جی۔"

اس کی مسکراہٹ سے رحیم داد کو اندازہ ہو گیا کہ تشویش کی کوئی بات نہیں۔ وہ حیرت کے انداز میں بولا۔ "یہ میں نوں بھی پتہ ہے کہ تو حمدے کی گھر والی ہے' پر اتنی رات کو تو یہاں کیوں آئی ہے؟"

"وہ ایسا ہی جی' حمدے کو شام سے بخار ہے۔ اسی نے تیرے پاس بھیجا ہے۔ تو نے روٹی نہیں کھائی' بھوکا ہی سو گیا۔" تاراں ایک بار پھر الھڑپن سے مسکرائی۔ "تیرے لیے روٹی لے آؤں۔ روٹی کھا لے' فیر آرام نال سو جانا۔"

رحیم داد منہ بگاڑ کر بولا۔ "میرے پیٹ میں گڑبڑ ہے' روٹی نہیں کھاؤں گا۔"

تاراں خاموش کھڑی رہی۔ رحیم داد کا جی چاہا کہ وہ اس سے جمیلہ کی طبیعت کا حال معلوم کرے لیکن صورت حال کا تقاضا یہ تھا کہ وہ ایسی بات نہ پوچھے اور زیادہ سے زیادہ محتاط رویّہ اختیار کرے۔ وہ چپ رہا لیکن جو بات معلوم کرنا چاہتا تھا' خود بخود تاراں کی زبان پر آ گئی۔ "آج کل جی موسم بھی بہت گڑبڑ ہے۔ حمدے کو بخار ہے۔ زمیں دارنی کو بھی بخار ہے۔ پر اب تو اس کی طبیعت ٹھیک لگتی ہے۔ آرام نال سو رہی ہے۔ میں تھوڑی دیر پہلے اس کے پاس گئی تھی۔" اس کے چہرے پر ہلکی سی پریشانی چھا گئی' لہجے سے بھی تشویش جھلکنے لگی۔ "پر زمیں دار اب تک نہیں لوٹا۔ ڈاکٹر لینے گیا تھا۔"

رحیم داد نے اس کی تشویس نظر انداز کرتے ہوئے پوچھا۔ "زمیں دارنی کو کب بخار ہوا؟"

"وہ جی ایسا ہے' اس نے پچھلے دنوں ساؤنی منائی تھی۔ برکھا میں سارا دن بھیگتی رہی' ادھر ادھر بھاگ دوڑ کرتی رہی۔ جھولا جھولتی رہی۔ فیر بخار تو آنا ہی آنا تھا۔" اس نے شوخی سے آنکھوں کو گردش دی۔ "میں نے بھی جی اس کے ساتھ ساؤنی منائی تھی۔ بھیگی بھی بہت تھی' پر اپنے کو تو کچھ ہوا نہیں۔"

"تو زمیں دارنی سے بھی زیادہ جوان ہے۔" رحیم داد نے اسے چھیڑا۔

"پر اپنی زمیں دارنی ہے بہت سندر۔"

"ویسے تو بھی کم سوہنی نہیں۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "حمرے کا نصیب تگڑا ہے' اسے تیری ایسی چنگی گھروالی ملی۔"

"پر وہ میری کب پروا کرتا ہے۔" تاراں نے گلہ کیا۔ "وہ تو جی پنڈ کی ایک مٹیار کے چکر میں پڑ گیا ہے۔ اس کا نام شدو ہے۔ ویسے اس نے اور بھی کیسوں سے یاری لگا رکھی ہے۔ زبردست ٹھرکی ہے۔" اس کا لہجہ قدرے تلخ ہو گیا۔ "میں نے کتنی بار اسے منع کیا' منت سماجت کی' جھگڑا نمٹا کیا پر اسے تو جب موکع ملتا ہے' شدو کے گھر کی طرف نکل جاتا ہے۔ ایک بار تو اس کے سامنے ہی میں نے حمرے سے جھگڑا کیا پر وہ باز نہیں آتا۔ اب بکھار میں پڑا ہائے ہائے کر رہا ہے۔ مجھ پر حکم چلاتا ہے۔ سردبادے' دودھ گرم کر کے پلا دے۔ یہ کر دے' وہ کر دے۔" اس کی زبان کترنی کی طرح چل رہی تھی۔ "اب تیرے پاس بھیجا ہے' روٹی کھلا دوں۔"

تاراں سے باتیں کر کے رحیم داد کو قدرے سکون ملا۔ اس کا ذہنی کرب دب گیا۔ رحیم داد نے ذہنی خلفشار سے فرار حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اس کی جوانی نے انگڑائی لی۔ موسم بھی فتنہ انگیز تھا۔ بادل رک رک کر گرج رہے تھے۔ بوندا باندی شروع ہو گئی۔ رات اندھیری اور سنسان تھی اور تاراں اس کے قریب کھڑی تھی۔ لیمپ کی دھندلی روشنی میں اس کا چہرہ نکھرا نکھرا لگ رہا تھا۔ اسے کسی لمحے قرار نہ تھا۔

رحیم داد تیکھی نظروں سے اسے ٹٹولنے لگا۔ اب اسے اللہ وسایا کا ڈر بھی نہیں تھا۔ اب وہی گاؤں کا زمیں دار تھا۔ زمیں داری کا ٹھاٹ باٹ اور دبدبہ وہ احسان شاہ کی حویلی میں اپنی آنکھوں سے دیکھ چکا تھا اور یہ بھی جان چکا تھا کہ زمین کے ساتھ ساتھ مزارعوں اور کمیوں کی نوجوان بیویاں اور بیٹیاں بھی بڑے زمیں داروں کی ملکیت ہوتی ہیں۔ زمیں دار جب چاہے اور جسے چاہے اٹھوا لے' اپنی حویلی میں ڈال لے۔ جب تک جی چاہے' داشتہ یا رکھیل بنا کر اپنے پاس رکھے اور جب جی چاہے' کسی دوسرے زمیں دار کے ہاتھ فروخت کر دے' قیمت لے کر یا بلا قیمت واپس کر دے۔ مزارع اور کمی نہ اس کے خلاف احتجاج کر سکتا ہے' نہ قانون اس کا کچھ بگاڑ سکتا ہے۔

رحیم داد نے تاراں کی آنکھوں میں جھانک کر دیکھا۔ مسکرا کر گویا ہوا۔ "لے' اب برکھا شروع ہو گئی۔ کہاں بھیگتی ہوئی جائے گی۔ تو بھی بیمار پڑ جائے گی۔ یہیں ٹھیر جا۔ سویرے چلی جانا۔"

تاراں اس کی بھوکی نظروں کی تاب نہ لا سکی۔ اس نے شرما کر اوڑھنی کے پلو سے اپنا سر ڈھکا اور آہستہ سے بولی۔ "نہیں جی' میں نوں جانا ہے۔ حمرا بکھار میں بھن رہا ہے۔ نہ گئی تو بہت ناراض ہو گا۔"

"چلی جانا' ایسی جلدی کیا ہے۔" رحیم داد نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ "حمرے سے تو کیوں ڈرتی ہے؟ وہ تیرا کیا بگاڑ سکتا ہے۔"

"ایسی گل نہیں۔" وہ آنکھیں نچا کر بولی۔ "ناراض ہوتا ہے تو مارنے کھڑا ہو جاتا ہے۔ تیں نوں پتہ نہیں' وہ کیسا زور آور ہے۔"

"زور آور!" رحیم داد حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر ہنسا۔ "تو نے بھی حد کر دی۔ دیکھنے میں تو وہ ٹنڈا لگتا ہے۔" رحیم داد نے مڑ کر صحن کی طرف دیکھا۔ بارش کسی قدر تیز ہو گئی تھی۔ ہوا کے بپھرے ہوئے جھونکوں کے ساتھ مینہ کی ہلکی ہلکی پھوار برآمدے میں آ رہی تھی۔ تاراں قریب کھڑی تھی' اتنے قریب کہ اس کے بوسیدہ لباس سے اٹھتی ہوئی پسینے کی تیز بو اس کے نتھنوں میں داخل ہو رہی تھی۔ رحیم داد نے تاراں کو نیچے سے اوپر تک دیکھا۔ "نہا دھو کر کپڑے تو اجلے پہنا کر۔"

"حمرا مجھے کپڑے لتے لا کر دیتا ہی کب ہے۔" اس نے منہ بگاڑ کر شکوہ کیا۔ "اسے میری ذرا پروا نہیں۔"

رحیم داد نے بے تکلفی سے مسکرا کر کہا۔ "تو بھی اس کی پروا کرنا چھوڑ دے۔ میں تیرے لیے اتنے ڈھیر سے کپڑے لتے بنوا دوں گا' روز نئے نئے پہننا۔ فکر نہ کر' حمرا تجھ پر اب ناراض نہیں ہو گا۔" اس نے لہجے میں دبدبہ پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "میں نوں بھی دیکھتا ہے' وہ کیسے ناراض ہوتا ہے۔ میں اس کی چمڑی ادھیڑ ڈالوں گا۔" رحیم داد نے گردن اونچی کی' مونچھوں پر ہاتھ پھیرا اور تاراں کو بھرپور نظروں سے دیکھا۔

وہ خاموش رہی۔ اس نے سہمی ہوئی نظروں سے حویلی میں کھلنے والے دروازے کی جانب دیکھا۔ دبی زبان سے کہا۔ "حمرا میرا انتظار کرتا ہو گا۔ وہ ابھی سویا نہیں۔" وہ آگے بڑھی۔

رحیم داد نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ "کہاں چلی؟" اس نے مسکرا کر رحیم داد کو دیکھا۔ "میں نوں اب جانے دے۔ حمرا سو جائے گا تو تیرے پاس آ جاؤں گی۔" وہ تیز قدموں سے صحن میں پہنچی اور بارش سے بچتی بچاتی حویلی کی سمت بڑھی' ذرا دیر بعد اندھیرے میں غائب ہو گئی۔

رحیم داد بستر پر لیٹ گیا اور مڑ مڑ کر بے چین نگاہوں سے وہ دروازہ تکنے لگا' جس سے گزر کر تاراں نظروں سے اوجھل ہوئی تھی۔ رم جھم ہوتی رہی۔ رات دھیرے دھیرے اپنا سفر طے کرتی رہی مگر تاراں نہیں آئی۔ رحیم داد انتظار کرتے کرتے سو گیا۔

☆

رات آدھی سے زیادہ گزر چکی تھی۔ رحیم داد کی آنکھ آہٹ سے کھل گئی۔ مہمان خانے کے

بیرونی دروازے پر آہستہ آہستہ آہٹ ہو رہی تھی۔ بارش اب تھم گئی تھی۔ رحیم داد خاموش رہا اور چوکنا نظروں سے دروازہ تکتا رہا۔ دروازے پر کوئی رک رک کر ہولے ہولے دستک دے رہا تھا۔ رحیم داد اٹھ کر بیٹھ گیا۔ وہ زور سے کھنکارا' پلنگ سے نیچے اترا۔ آگے بڑھا۔ صحن فرش بارش سے تربتر تھا۔ ہر طرف پانی تھا' کیچڑ تھی۔ وہ سنبھل سنبھل کر قدم رکھتا ہوا دروازے پہنچا اور چند لمحے حیران و پریشان کھڑا رہا۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر کنڈی کھولی اور ایک پٹ آہستہ کھینچا۔ اندھیرے میں کوئی سائے کی مانند کھڑا تھا۔ اس نے فوراً سرگوشی کی۔

"چوہدری! میں دارا ہوں۔"

رحیم داد نے اسے پہچان لیا۔ دھیمے لہجے میں بولا۔ "اندر آجا۔"

دارا اندر آگیا۔ رحیم داد نے جھٹ زنجیر چڑھا دی۔ برآمدے کی سمت ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "ادھر چل۔" دارا برآمدے کی طرف چلا۔ رحیم داد آہستہ آہستہ حویلی کی جانب بڑھا قریب پہنچا' دروازے کی کنڈی لگائی اور واپس برآمدے میں آیا۔ لیمپ کی ہلکی ہلکی روشنی میں دارا خاموش کھڑا تھا۔ اس کے پیر کیچڑ میں لت پت تھے۔ لباس بھی بھیگا ہوا تھا۔ رحیم داد بستر پر پیر لٹکا بیٹھ گیا۔ اس نے دھڑکتے دل سے پوچھا۔

"اللہ وسایا کا کیا بنا؟"

"اسے تو تیرے جاتے ہی ختم کر دیا گیا تھا۔" دارا نے بتایا۔

رحیم داد لرز کر رہ گیا۔ اس کے ذہن میں غبار منڈلانے لگا۔ سینے سے دھواں اٹھا۔ وہ خاموش بیٹھا خود پر قابو پانے کی کوشش کرتا رہا۔ اس نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔

"اسے کس نے ختم کیا؟"

"میں نے کیا۔" دارا نے سینے پر ہاتھ مارا اور تن کر کھڑا ہو گیا۔ اس کی آنکھوں سے سرخی جھلک رہی تھی۔ چہرے پر وحشت طاری تھی۔ وہ بار بار اپنے خشک ہونٹوں پر زبان پھیر رہا تھا۔

"چوہدری! پانی پلا دے۔ میں نوں تو جیسے بھڑکی لگ گئی۔ رستے بھر نہر سے پانی پیتا رہا۔ پر پیاس نہیں بجھی۔"

رحیم داد نے کمرے کی جانب ہاتھ اٹھا کر کہا۔ "اندر چلا جا۔ میز پر جگ میں پانی بھرا ہے۔ گلاس بھی پاس رکھا ہے۔ جتنا جی چاہے' پی لے۔"

دارا کمرے میں چلا گیا۔ وہ پانی پی کر آیا تو کسی قدر پرسکون نظر آرہا تھا۔ وہ رحیم داد کے سامنے فرش پر بیٹھ گیا۔ رحیم داد نے دریافت کیا۔ "گولی چلائی تھی یا کلہاڑی سے قتل کیا تھا؟"

"ایک نہیں' دو گولیاں چلائی تھیں۔" دارا نے بتایا۔ "دونوں ٹھیک نشانے پر بیٹھیں۔ پہلی سینے میں لگی' دوسری سر میں۔ تیں نوں پتہ ہے' میں بھی زمیندار رہ چکا ہوں۔ بہت شکار کھیلا ہے۔ نشانہ بہت سچا ہے۔ پہلی گولی کھا کر' وہ زور سے تڑپا پر دوسری پر نہ سنبھل سکا۔ اس نے دم توڑ دیا' پانچ منٹ میں سارا کھیل ختم ہو گیا۔"

"دینے نے گولی نہیں چلائی؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"نہیں جی۔ جب اللہ وسایا نے نکل بھاگنے کی کوشش کی تو اس پر دینے نے ہی گنڈاسا چلایا تھا' سر پر لگا تھا۔ اس چوٹ کے ساتھ ہی وہ گر پڑا۔ تو اس وکھت تو موجود ہی تھا۔"

"دینے نے گولی نہیں چلائی' یہ تو اچنبھے کی گل ہے۔"

"شاہ جی سے پوچھ لے۔ وہ تو موجود ہی تھا۔" دارا نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "دونوں بار گولی میں نے ہی چلائی تھی۔"

"شاہ جی وہاں کب پہنچا تھا؟"

"لگتا ہے تیں نوں کچھ پتہ نہیں۔" دارا نے تفصیل بیان کی۔ "ہوا یہ کہ سورج ڈوبتے ہی دینا' میں اور دوسرے بندے بیلے میں پہنچ گئے۔ ساری سکیم تو پہلے ہی سے تیار تھی۔ دو بندے نہر کی پلی سے کچھ آگے لگا دیئے گئے تھے۔ انھوں نے جیسے ہی تم دونوں کی گھوڑیاں دوڑنے کی آواز سنی' فوراً بھاگتے ہوئے آئے اور اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی سب گھات لگا کر اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے۔ شاہ جی بھی اسی وکت پہنچا تھا۔ ویسے اس کا ادھر آنے کا بالکل پروگرام نہیں تھا۔ دینے نے یہی بتایا تھا۔ جانے وہ کیوں آگیا؟ اسی نے سب کی ڈیوٹی لگائی۔" دارا نے رحیم داد کا پریشان چہرہ غور سے دیکھا۔ "شاہ جی تو جی' ایک نمبر خرانٹ لگتا ہے۔ سارا کام اس طرح کرایا کہ ذرا بھی گڑبڑ نہیں ہوئی۔"

"پر یہ سارا کام ہوا کیسے؟" رحیم داد نے مزید تفصیل معلوم کرنے کی غرض سے استفسار کیا۔ وہ خود کو زیادہ سے زیادہ باخبر رکھنا چاہتا تھا۔ "میں جب وہاں سے چلا تھا' اللہ وسایا چوٹ کھا کر زمین پر پڑا تھا۔"

"تیرے جانے کے بعد وہی رسی کام میں لائی گئی جسے رستے میں تان کر اس کی گھوڑی کو گرایا گیا تھا۔" دارا نے بتایا۔ "وہ ایسے ہوا جی' اللہ وسایا کو زمین سے اٹھایا گیا اور ایک درخت کے ساتھ رسی سے باندھ دیا گیا۔ شاہ جی نے بندوک مجھے دے دی۔ اس نے رسی سے بندھے ہوئے اللہ وسایا پر ٹارچ سے روشنی ڈالی۔ میں نے دیکھا اس کے کپڑے لتے کیچڑ سے گندے ہو گئے تھے۔ پگ ایک طرف پڑی تھی۔ اس کی گردن جھکی ہوئی تھی۔ سر کے بال بکھر کر منہ پر پھیل گئے تھے۔ ان

میں بھی کیچڑ اور مٹی لگی ہوئی تھی۔ "اس نے لمبی سانس بھری۔ "اللہ وسایا نے گردن اٹھا کر مجھے دیکھا۔ اس کا منہ خون سے لتھڑا ہوا تھا۔ وہ زور زور سے ہانپ رہا تھا۔" دارا کے چہرے پر دکھ کا ہلکا غبار پھیل گیا۔

"سچی گل ایسہ ہے جی' مجھے اس پر اتنا ترس آیا کہ میں بندوک تان کر نشانہ باندھے کھڑا رہا۔ پر سے گولی نہیں چلائی گئی۔ تب شاہ جی نے ناراض ہو کر زور سے ڈانٹا' گولی چلا۔ اس کی ڈانٹ کے ساتھ ہی میں نے گولی چلا دی۔ دوسری بھی اس کے کہنے پر چلائی۔"

"اللہ وسایا کی لاش کا کیا بنا؟"

"وہ دینے نے ٹھکانے لگا دی ہوگی۔ جیسا شاہ جی نے کہا ہوگا' اس نے ویسا ہی کیا ہوگا۔" دارا نے جواب دیا۔ "گولی مارنے کے بعد شاہ جی نے مجھ سے کہا' تیرا کام ختم ہوگیا۔ اب تو نس جا۔ میں فوراً ادھر آنے کے لیے بیلے سے باہر آگیا۔ آگے کیا ہوا' میں نوں کچھ پتہ نہیں۔"

"اللہ وسایا کی گھوڑی کہاں گئی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"میں نے تو سنا ہے جی! شاہ جی زبردست رسہ گیر ہے۔ اللہ وسایا کی گھوڑی کو چھپانے کے لیے اس نے اپنے بندوں کے ذریعے فوراً اہر میں پہنچا دیا ہوگا۔" وہ بے ڈھنگے پن سے مسکرایا۔ "وہ اتنی زبردست گھوڑی کیسے چھوڑ سکتا ہے۔ میرا تو جی ایسا ہی خیال ہے۔"

"تو نے ٹھیک ہی سوچا ہے۔" رحیم داد نے اس کے خیال سے اتفاق کیا۔ "پر تو یہاں اتنی دیر میں کیسے پہنچا؟ اب تیرا کیا ارادہ ہے؟"

"تیں نوں تو سب کچھ پتہ ہی ہے۔ میں نے تیرا کام ٹھیک ٹھاک طرح سے کر دیا۔ شاہ جی تجھے خود بتا دے گا۔ اب اپنا وعدہ پورا کر۔ مجھے ہزار روپے دے دے۔ میں کامل کے پاس جاؤں۔ کئی روز ہوگئے چک ۴۸ سے آئے ہوئے۔ کامل پریشان ہوگا۔ میں نوں اس کے پاس اب پہنچ جانا چاہیے۔"

"میں نے جو وعدہ کیا ہے' پورا کروں گا۔ ویسے سچی گل پوچھ تو مجھے شاہ جی سے ملنے کے بعد ہی تجھے روپیہ دینا چاہیے۔ ایسے معاملوں میں ایسا ہی ہوتا ہے۔"

دارا بے چین ہو کر بیچ میں بول اٹھا۔ "اس کا مطلب یہ ہوا' تیں نوں میری بات کا اعتبار نہیں۔"

"تو نے پوری گل بات ہی نہیں سنی۔ میں نے کب کہا' مجھے تجھ پر اعتبار نہیں۔ میں تجھے ابھی اور اسی وکت ہزار روپے دے دوں گا۔" رحیم داد نے کہا۔ دارا کا چہرہ خوشی سے کھل اٹھا۔ لمحے بھ

پہلے اس کے چہرہ پر جو کدورت نظر آرہی تھی' مٹ گئی۔ "تو مجھے یہ بتا' ادھر سے نکل کر بحرین جانے کے لیے تو کراچی جائے گا کیسے؟ یہ سمجھ لے' پولیس تیری تاک میں ہے۔ جو کچھ کرنا ہے' بہت ہی سوچ سمجھ کر کرنا ہے۔" رحیم داد نے اسے خبردار کیا۔ "اب تو پہلے سے زیادہ سنگین جرم کر چکا ہے۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے چوہدری!" دارا کی آنکھوں سے خوف جھلکنے لگا۔ شاید اسے پہلی بار اپنے جرم کی سنگینی کا احساس ہوا۔ اس نے رحیم داد کو بتایا۔ "اپنا تو جی یہ ارادہ تھا کامل کے ساتھ اونٹوں پر بیٹھ کر بھاول پور کی طرف نکل جاؤں۔ ریاستی بولی اچھی طرح بول سکتا ہوں۔ برسوں بولتا رہا ہوں۔ کپڑے لتے بھی بھاول پوری پہن لوں گا۔ کسی کو ذرا شبہ نہ ہوگا۔ ریاست میں پہنچ کر کسی چھوٹے سٹیشن سے کراچی کی گڈی پکڑ لوں گا۔" اس نے رحیم داد کی جانب سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ "یہ ٹھیک نہ ہو تو جیسا تو بتا' ویسے کروں؟"

"پروگرام تو تیرا ٹھیک ہی لگتا ہے۔" رحیم داد نے اختلاف نہیں کیا۔ "یہ بتا کامل تیری اتنی مدد کرنے کو تیار ہو جائے گا؟"

"وہ تو جی پہلے ہی سے تیار ہے بلکہ ساری سکیم ہی میں نے اس کے ساتھ بیٹھ کر تیار کی ہے۔" دارا نے رحیم داد کو یقین دلایا۔ "چوہدری! وہ میرا بہت گہرا یار ہے۔ سچ پوچھ' میں نوں تو صرف روپے کا بندوبست کرنا تھا۔ اسی کی فکر تھی۔ ورنہ پروگرام تو بہت دنوں سے بنا رکھا تھا۔ روپیہ پاس ہو تو کیا نہیں ہو سکتا۔ کوئی مصیبت بھی پڑ جائے تو کچھ دے دلا کر جان چھڑائی جا سکتی ہے۔"

رحیم داد اس کی باتوں سے خاصا مطمئن ہوگیا۔ وہ اٹھا' کمرے میں گیا۔ لیمپ کی لو اونچی کی۔ اسے ہاتھ میں سنبھالے کوٹھری کے دروازے پر پہنچا۔ اس پر تالا لگا تھا۔ رحیم داد نے کنجی سے تالا کھولا۔ لیمپ اٹھائے کوٹھری میں گیا۔ دروازہ اندر سے بند کیا۔ ٹرنک کھولا۔ ہزار روپے کے نوٹ نکال کر گنے۔ انھیں دھوتی کے ڈب میں رکھا' باہر آکر کوٹھری کے دروازے میں پھر تالا ڈالا۔

وہ برآمدے میں واپس پہنچا۔ دارا بے چین بیٹھا تھا۔ رحیم داد نے ڈب سے ہزار روپے نکال کر بڑھائے۔ نوٹ لیتے ہوئے دارا کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔ اس نے کپکپاتے ہاتھوں سے نوٹ گنے اور نہایت احتیاط سے اپنی دھوتی کے ڈب میں رکھ لیے۔

رحیم داد نے کہا۔ "تو ابھی چک ۵۸ جائے گا نا؟"

"ہاں جی ابھی چلا جاؤں تو ٹھیک رہے گا۔" وہ کھڑا ہوگیا۔ "میرا یہاں ٹھیرنا ٹھیک نہیں۔ ویسے میرا چک یہاں سے بہت زیادہ دور بھی نہیں۔ فکر نہ کر۔ میں آرام کے ساتھ سویرا ہونے سے پہلے

وہاں پہنچ جاؤں گا۔"

"اب تیرا چک ۴۸ میں زیادہ ٹھیرنا ٹھیک نہیں۔" رحیم داد نے مشورہ دیا۔ "ہو سکے تو کل اندھیرا ہوتے ہی نکل جانا اور راتوں رات ریاست کی سرحد میں داخل ہو جانا۔"

"بالکل ایسا ہی کروں گا جی۔ روپیہ پاس ہوتا تو میں پہلے ہی نکل جاتا۔"

رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا۔ وہ آگے بڑھا۔ دارا اس کے ساتھ ساتھ چلا۔ دونوں نے صحن عبور کیا دروازے پر پہنچے۔ رحیم داد نے دروازہ کھولا۔ دارا نے جھک کر رحیم داد کے گھٹنے کو ہاتھ لگایا اور چپ چاپ باہر چلا گیا۔

رحیم داد نے دروازے کی کنڈی ایک بار پھر چڑھا دی۔ آگے بڑھا' حویلی میں کھلنے والے دروازے پر پہنچا اور اس کی کنڈی کھول دی۔ برآمدے میں واپس پہنچ کر وہ بستر پر لیٹ گیا۔

☆

یہ ایک گرم صبح تھی۔ زرد زرد چمکیلی دھوپ دیواروں سے نیچے اتر رہی تھی۔ فضا میں حبس تھا۔ رحیم داد نہا دھو کر اجلا لباس پہن چکا تھا۔

تاراں ناشتا لے کر آئی تو رحیم داد کرسی پر بیٹھا تھا۔ تاراں نے جھک کر ناشتا میز پر لگا دیا۔

رحیم داد نے کوئی بات نہیں کی' نہ اس کی جانب متوجہ ہوا۔ خاموشی سے ناشتا کرنے لگا۔ تاراں اس کے سامنے خاموش کھڑی رہی۔ ذرا دیر بعد اس نے خود ہی خاموشی توڑی' معذرت کے انداز میں بولی۔ "معاف کرنا جی! رات حمے نے آنے ہی نہیں دیا۔ اسے بہت زور کا بکھار ہے۔ رات بھر نہیں سویا۔ ہائے ہائے کرتا رہا۔"

رحیم داد نے اس کی جانب دیکھے بغیر پوچھا۔ "اب کیسی ہے اس کی طبیعت؟"

"اب تو جی ٹھیک ہی لگتی ہے۔ کہتا تھا' زمیں دارنی سے دوائی لے کر کھاؤں گا۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "زمیں دارنی اب کیسی ہے؟"

"میں سویرے سویرے اس کے پاس گئی تھی۔" تاراں نے بتایا۔ "اب تو وہ بالکل چنگی لگتی ہے پر بکھار سے اس کا چہرہ پیلا پڑ گیا ہے۔ ویسے وہ پریشان بھی ہے۔ زمیں دار شام کا گیا' اب تک نہیں لوٹا۔"

"آتا ہی ہو گا۔" رحیم داد نے بے نیازی کا مظاہرہ کیا۔ "رات بھر بارش ہوتی رہی' آتا کیسے۔ پڑوس کے کسی زمیں دار کے پاس ٹھیر گیا ہو گا۔"

"پر اب تو سویرا ہوئے بہت دیر ہو گئی' اسے اب تک آجانا چاہیے تھا۔ زمیں دارنی تو اداس

ہلی ہے۔"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ ناشتے سے فارغ ہو کر کھڑا ہو گیا۔ تاراں نے برتن اٹھائے اور کمرے سے چلی گئی۔ رحیم داد کھڑکی کے قریب جا کر کھڑا ہو گیا۔ باغ میں گھاس اور پودوں پر بارش کی بوندیں جھلملا رہی تھیں۔ ایک کیاری کے پاس بوڑھا مالی سر جھکائے کھرپی سے جنگلی بوٹیاں اور گھاس پھوس کھود کھود کر نکال رہا تھا۔ آسمان پر بکھرے ہوئے بادلوں کے سفید سفید گالے تیزی سے دوڑ رہے تھے۔ ان کے پیچھے گہرا نیلا آسمان کہیں کہیں سے جھانک رہا تھا۔ بادل کا ٹکڑا گزرا تو سورج بھی چمکتا نظر آیا۔ بھیگے ہوئے درختوں پر دھوپ پھیل گئی۔ دھوپ کی تیزی اور چمک دمک دیکھ کر رحیم داد نے اندازہ لگایا کہ پہر دن گزر چکا ہے۔ وہ پریشان ہو گیا۔ اسے اللہ وسایا یاد آگیا۔ وہ سوچنے لگا' احسان شاہ نے اللہ وسایا کی لاش نہ معلوم کس طرح ٹھکانے لگائی۔

اس کے چہرے پر پریشانی بکھر گئی۔ وہ کھڑکی سے ہٹ کر پھر کرسی پر بیٹھ گیا۔ مہمان خانے میں اس کے سوا کوئی نہیں تھا۔ تاراں بھی دوبارہ نہیں آئی۔ وہ خوف اور تشویش میں مبتلا چپ بیٹھا تھا۔ اسی اثنا میں حویلی کے اندر سے رونے اور بین کرنے کی آوازیں ابھریں اور رفتہ رفتہ اونچی ہوتی گئیں۔

رحیم داد فوراً تاڑ گیا کہ اللہ وسایا کی ہلاکت کی خبر حویلی میں پہنچ گئی ہے۔

رحیم داد کی پریشانی میں مزید اضافہ ہو گیا۔ اسی وقت تاراں صحن میں داخل ہوئی اور سینے پر دوہتڑ مار کر زور سے چیخی۔ "ہائے ربا میں مر گئی۔ زمیں دار کو قتل کر دیا گیا۔"

رحیم داد تیزی سے آگے بڑھا۔ قریب پہنچا۔ گھبرائے ہوئے لہجے میں پوچھا۔ "تیں نوں کیسے پتہ چلا' زمیں دار کو قتل کر دیا گیا؟"

"اس کی لاش نہر میں پڑی ہوئی ملی ہے۔" وہ سسکیاں بھرتے ہوئے بولی۔ "پڑوس کے چک کے دو مزارعوں نے لاش پہچان لی۔ وہی ادھر آئے تھے۔ بتاتے تھے' زمیں دار قتل کر دیا گیا۔"

رحیم داد گھبرایا ہوا حویلی کی جانب بڑھا۔ تاراں اس کے ساتھ ساتھ چلی۔ دونوں دروازے سے گزر کر حویلی کے اندر پہنچے۔ وہاں ہر طرف کہرام برپا تھا۔ رحیم داد نے ادھر ادھر نظریں دوڑا کر جمیلہ کو تلاش کیا مگر وہ کہیں نظر نہ آئی۔ البتہ اس کے دونوں معصوم بچے طویل دالان کے ایک گوشے میں چپ کھڑے تھے۔ وہ حیرت سے ایک ایک کا منہ تک رہے تھے۔ رحیم داد کی ان پر نظر پڑی تو تڑپ اٹھا۔ آہستہ آہستہ چلتا ہوا قریب گیا۔ دونوں کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اس کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں اور ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔ نہ نینا نے کچھ کہا' نہ گڈو بولا۔ دونوں بچے گم صم رحیم داد کو منہ اٹھائے دیکھ رہے تھے۔

دالان اور صحن میں گاؤں کی عورتیں اور حویلی کی خادمائیں اداس اور غم زدہ کھڑی تھیں۔ چاکر حیران و پریشان ادھر ادھر آتے جاتے نظر آرہے تھے۔ ایک کونے میں احمد دیوار سے لگائے' منہ لٹکائے بیٹھا تھا۔ رحیم داد نے نزدیک جاکر دریافت کیا۔

"جمعے! زمیں دارنی کدھر ہے؟"

وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولا۔ "وہ تو جی لاش دیکھنے نہر کی طرف گئی ہے۔"

"اسے گئے کتنی دیر ہوگئی؟" رحیم داد نے پوچھا۔ "اکیلی ہی چلی گئی؟"

"وہ اکیلی کیسے جاسکتی ہے۔ اسے تو کئی روز سے بخار بھی ہے۔" احمد کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔ "وہ تانگے میں گئی ہے۔ نوکر بھی ساتھ گئے ہیں۔ اسے گئے ہوئے دیر ہوگئی۔ اب تو وہاں پہنچ بھی گئی ہوگی۔"

"لاش نہر میں کہاں پائی گئی؟"

"یہاں سے چھ سات میل ادھر حویلی روڈ پر ڈیرا ممیراں کے پاس ملی ہے۔" احمد نے مشرق کی سمت ہاتھ اٹھا کر بتایا۔ "لاش نہر کی پلی کے ساتھ پڑی ہے۔"

رحیم داد خاموشی سے حویلی کے پھاٹک کی جانب بڑھا۔ احمد کی باتوں سے اسے یہ سراغ مل گیا تھا کہ احسان شاہ نے قتل کے بعد لاش راتوں رات اپنے علاقے سے میلوں دور نہر میں ڈلوادی۔ اس کا گاؤں' پیراں والہ تحصیل دیپالپور میں واقع تھا اور مغرب کی سمت تھا۔ لاش تحصیل دیپال پور کی حدود سے باہر تحصیل پاک پتن کی سرحد پر ڈلوائی تھی تاکہ پولیس کو مغالطے میں ڈال دیا جائے اور قتل کا مقدمہ درج کرنے کے معاملے میں دونوں تحصیلوں کے تھانوں میں تنازع پیدا ہوجائے اور ابتدائی مرحلے ہی میں تفتیش التوا میں پڑجائے۔

رحیم داد حویلی سے نکل کر باہر گیا۔ پھاٹک کے سامنے میدان میں درختوں تلے گاؤں کے بہت سے بوڑھے اور جوان جمع تھے۔ جواب تک نہیں پہنچ سکے تھے' وہ کھیتوں اور گھروں سے نکل نکل کر حویلی کی سمت آرہے تھے۔ مرد بھی تھے' عورتیں بھی تھیں۔ سب کے چہرے سوگوار اور آنکھیں ویران تھیں۔ کچھ زار و قطار رو رہے تھے' کچھ سرجھکائے غم سے نڈھال کھڑے تھے۔ عورتیں اونچی آواز سے بین کر رہی تھیں۔ رحیم داد کو اس حقیقت کا بخوبی اندازہ ہوا کہ گاؤں کے سبھی رہنے والے اللہ وسایا سے پرستش کی حد تک محبت کرتے ہیں۔ ان کی گریہ وزاری اور بے قراری یہی بتاتی تھی۔

رحیم داد کو دیکھ کر پھاٹک کے سامنے کھڑے ہوئے لوگوں نے اونچی آواز سے سلام کیا۔ رحیم دا

آگے بڑھا اور سرجھکا کر ان کے قریب ہی کھڑا ہوگیا۔ حویلی کے ایک نوکر نے جھٹ چارپائی لاکر ڈال دی۔

رحیم داد بیٹھ گیا۔ بادلوں کے درمیان سے جھانکتا ہوا سورج اب بہت بلندی پر پہنچ گیا تھا۔ وقت آہستہ آہستہ گزر رہا تھا۔ رحیم داد سوچتا رہا کہ اسے کیا کرنا چاہیے۔ آیا وہ گھوڑی پر بیٹھ کر وہاں جائے جہاں لاش پڑی ہے یا حویلی کے باہر پرسے کے لیے آنے والوں کے درمیان بیٹھا رہے اور لاش آنے کا انتظار کرے؟ وہ اسی تذبذب میں افسردہ بیٹھا تھا کہ نہر کی جانب سے ایک نوجوان سائیکل دوڑاتا ہوا درختوں کی آڑ سے نکلا۔ رحیم داد نے اسے پہلی ہی نظر میں پہچان لیا۔ وہ اللہ وسایا کا ملازم نام دار تھا۔ تمام نظریں اس کی جانب اٹھ گئیں۔ وہ اطلاع ملتے ہی سائیکل پر لاش دیکھنے چلا گیا تھا' اب واپسی ہوئی تھی۔

نام دار قریب آیا تو سب اس کے چاروں طرف حلقہ بنا کر کھڑے ہوگئے۔ ہر طرف سے سوالات کی بوچھار شروع ہوگئی۔ رحیم داد نے اسے اپنے پاس بلایا۔

"نام دار کیا خبر لایا۔ پتہ چلا' لاش کس کی ہے؟"

اس نے منہ بسور کر بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔ "لاش تو جی اپنے زمیں دار ہی کی ہے۔ زمیں دارنی بھی پہنچ گئی ہے۔ اس نے بھی لاش پہچان لی ہے۔"

یہ سنتے ہی امید کی ہلکی سی رمق بھی مٹ گئی۔ مجمع میں کہرام مچ گیا۔ کچھ لوگ تو اس قدر دل گرفتہ ہوئے کہ دھاڑیں مار مار کر رونے لگے۔ سوگوار چہرے اور دھندلے پڑگئے۔ ویران آنکھیں اشک بار ہوگئیں۔ آہوں اور سسکیوں سے فضا دھواں دھواں ہوگئی۔

آہ وزاری کا طوفان ذرا تھما تو رحیم داد نے نام دار سے دریافت کیا۔ "زمیں دارنی کب تک آئے گی؟"

"پتہ نہیں جی لگتا ہے' وہ تو دیر ہی سے لوٹے گی۔"

"پولیسے بھی پہنچے کہ نہیں؟"

"کیوں نہیں پہنچے جی۔" نام دار نے مستعدی سے جواب دیا۔ "تھانے دار دو کانسٹیبلوں کے ساتھ سویرے سویرے پہنچ گیا تھا۔ اسی نے لاش نہر سے باہر نکلوائی۔ میں پہنچا تو لاش نہر کے پاس ریت پر چادر سے ڈھکی ہوئی پڑی تھی۔ تھانے دار ان بندوں سے پوچھ تاچھ کر رہا تھا جنھوں نے سب سے پہلے لاش نہر کی پلی کے نیچے پڑی دیکھی تھی۔ وہ پاس کے پنڈ کے رہنے والے ہیں۔"

"تیں نوں پتہ ہے' لاش کب تک آئے گی؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"میں کیا بتا سکتا ہوں جی!" نام دار نے سادگی سے کہا۔ "ابھی تو جی تھانے دار بیانات شیانات لکھ رہا ہے۔ بعد میں اپنی کارروائی ڈالے گا۔" اس نے رحیم داد کی جانب غور سے دیکھا۔ "تیں نوں پتہ ہی ہوگا۔ کارروائی ختم ہونے کے بعد تھانے دار لاش کو' وہ کیا کہتے ہیں جی!" وہ بولتے بولتے اٹکا۔ "یاد آیا' پوسٹ مارٹم کے لیے شہر لے جائے گا۔ زمیں دارنی کہتی تھی' وہ بھی لاش کے ساتھ شہر جائے گی اور اسے اپنے ساتھ ہی لے کر آئے گی۔" رحیم داد نے اور کچھ نہیں پوچھا۔ نام دار آگے بڑھا اور تعزیت کے لیے آنے والوں کے ہجوم میں مل گیا۔

رحیم داد چارپائی پر خاموش بیٹھا تھا۔ کتنے ہی مزارعے اور کمی اس کی چارپائی کے اردگرد فرش پر بیٹھے تھے۔ سب اللہ وسایا کی موت پر رنج والم کا اظہار کر رہے تھے۔ سرگوشیوں میں قتل کے بارے میں قیاس آرائیاں کر رہے تھے۔ رحیم داد نے نہ کسی کو ٹوکا' نہ کسی کے سامنے اپنی رائے ظاہر کی۔ وہ غم زدہ بھی تھا اور خوف زدہ بھی۔

آسمان پر بادل منڈلا رہے تھے۔ کبھی دھوپ نکل آتی' کبھی سایہ ہو جاتا۔ وقت گزرتا رہا۔ دوپہر ہوگئی' سہ پہر ہوگئی۔ دن ڈھلنے لگا۔ نہ کوئی اپنے گھر گیا نہ کھیتوں پر۔ کسی نے بھی اللہ وسایا کے سوگ میں کچھ نہیں کھایا۔ پیاس لگتی تو وہ ایک درخت کے نیچے رکھے ہوئے مٹی کے بڑے مٹکے سے پیالے میں پانی نکال کر پی لیتے۔ رحیم داد بھی ان کے ساتھ بھوکا بیٹھا رہا۔ البتہ پانی بار بار پیتا رہا۔

سورج غروب ہونے سے کچھ دیر پہلے سرکاری اسپتال کی ایمبولنس گاؤں میں داخل ہوئی۔ اسے دیکھتے ہی ہلچل مچ گئی۔ ایمبولنس حویلی کے پھاٹک کے سامنے پہنچ کر رک گئی۔ دروازہ کھلا۔ جمیلہ ایک نوکر کے ہم راہ اتری۔ اس کی آنکھیں روتے روتے سوج گئی تھیں۔ بال بکھر کر پریشان ہوگئے تھے۔ پھول کی مانند شگفتہ چہرہ مرجھا کر مٹیالا پڑ گیا تھا۔ اللہ وسایا کی لاش اسٹریچر پر ڈال کر نیچے اتاری گئی۔ مرد بے قرار ہو کر لاش کی طرف بڑھے۔ عورتیں بھی حویلی سے باہر آگئیں۔ زبردست ماتم ہونے لگا۔ رحیم داد لرز کر رہ گیا۔

لاش اسٹریچر سے اٹھا کر اس چارپائی پر لٹا دی گئی جس پر کچھ دیر پہلے رحیم داد بیٹھا تھا۔ لاش پر اسپتال کی سفید چادر پڑی تھی' اسے جلد ہی ہٹا کر دوسری چادر ڈال دی گئی۔ ڈرائیور اور اسپتال کے دوسرے ملازمین نے' جو لاش کے ساتھ ہی آئے تھے' چادر اور اسٹریچر اٹھا کر ایمبولنس میں رکھا۔ اس میں دوبارہ سوار ہوئے۔ ایمبولنس کا انجن اسٹارٹ ہوا۔ ذرا دیر بعد ایمبولنس گاؤں کی حدود سے نکل گئی۔ لاش کچھ دیر پھاٹک کے سامنے میدان میں رکھی رہی' پھر حویلی کے اندر پہنچا دی گئی۔ جمیلہ پہلے ہی اندر جا چکی تھی۔

رحیم داد مزارعوں اور کمیوں کے درمیان باہر کھڑا رہا۔ لاش پہنچنے کی اطلاع ملتے ہی آس پاس کے گاؤں اور چکوں کے لوگ بھی پرسے کو پہنچنے لگے۔ مجمع بہت بڑھ گیا تھا۔ حویلی سے عورتوں کے بین کرنے اور زور زور سے رونے کی آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ سورج غروب ہو چکا تھا۔ برسات کی ملگجی شام آہستہ آہستہ در و دیوار سے نیچے اتر رہی تھی۔ دھندلکا پھیل کر تاریک ہوگیا۔ گاؤں کی مسجد سے اذان بلند ہوئی۔ رحیم داد دوسرے لوگوں کے ساتھ مسجد کی جانب روانہ ہوا۔

حویلی کی بیرونی دیوار کے ساتھ ٹین کی چھت کا طویل سائبان تھا۔ اس میں کبھی حویلی کے تانگے کھڑے ہوتے تھے۔ مگر فرقہ وارانہ فسادات کے دنوں میں جب تانگے بان دونوں تانگے لے کر چمپت ہوگئے تو سائبان عرصے تک اجاڑ پڑا رہا۔ پھر اللہ وسایا نے اسے صاف کرایا۔ وہ اکثر شام کو وہاں کچہری لگاتا اور چارپائی پر بیٹھ کر مزارعوں کے ساتھ بات چیت کرتا۔ زمین داری کے مسائل طے کرتا۔ اب اندھیرا بڑھ گیا تھا۔ ایک پیٹرومیکس روشن کر کے سائبان کے نیچے اسٹول پر رکھ دیا گیا تھا۔

سائبان کے نیچے اور سامنے کے میدان میں دریاں اور چٹائیاں بچھا دی گئی تھیں۔ پرسے کے لیے آنے والے چٹائیوں اور دریوں پر بیٹھتے جا رہے تھے۔ سائبان کے قریب ہی ایک درخت کے نیچے گاؤں کا درزی چٹائی پر بیٹھا کفن تیار کر رہا تھا۔ رحیم داد نماز سے فارغ ہو کر مسجد سے سیدھا سائبان کے نیچے پہنچا اور دیر تک پرسا دینے والوں کے درمیان دری پر بیٹھا رہا۔

رات اداس اور تاریک تھی۔ ہوا سسکیاں بھر رہی تھی۔ رحیم داد سائبان کے نیچے سے نکلا اور حویلی میں چلا گیا۔ دالان میں بھی پیٹرومیکس روشن تھا۔ اس کی تیز روشنی میں چارپائی پر اللہ وسایا کی میت رکھی تھی۔ اس پر چادر پڑی تھی۔ جمیلہ چارپائی کے سرہانے بیٹھی تھی۔ اس نے نظریں اٹھا کر رحیم داد کو دیکھا۔ تڑپ کر زور سے چیخی۔ "چوہدری! میں لٹ گئی۔ ہائے ربا میں کیا کروں۔" اس نے اپنے دونوں ہاتھ چارپائی کی پٹی پر زور سے مارے۔ کلائیوں میں پڑی ہوئی شیشے کی چوڑیاں چھناکے سے ٹوٹ کر دور تک بکھر گئیں۔ وہ بلک بلک کر رونے لگی۔ اس کے دونوں بچے قریب ہی بیٹھے تھے۔ ماں کی آہ وزاری دیکھ کر گڈو سہمی سہمی نظروں سے اس کا منہ تکنے لگا۔ نینا نے رونے کے لیے منہ بسورا۔ چارپائی کے اردگرد بیٹھی ہوئی عورتیں بھی اونچی آواز سے رونے لگیں۔

رحیم داد کی آنکھوں میں بھی آنسو آگئے۔ وہ سر جھکائے جمیلہ کے قریب چپ کھڑا رہا اور آہستہ آہستہ سسکیاں بھرتا رہا۔ اس نے آنسو پونچھے اور جمیلہ کو تسلی دینے لگا۔ "زمیں دارنی! صبر کر۔ اللہ کی یہی مرضی تھی۔" اس کی آواز گلوگیر ہوگئی۔ آنکھوں میں دوبارہ آنسو امڈ آئے۔ وہ مڑا اور جمیلہ

سے کچھ فاصلے پر ایک گوشے میں بیٹھ گیا۔

عورتیں مسلسل پھوٹ پھوٹ کر رو رہی تھیں۔ جمیلہ نے ایک بار پھر بے قرار ہو کر چیخ ماری۔ "ہائے وے شیر جوانا۔" اس نے اپنا سر چارپائی کی پٹی پر رکھ دیا اور سسکیاں بھرنے لگی۔ یکایک گریہ وزاری کی دردناک آوازوں کے درمیان ایک اونچی آواز ابھری۔ یہ حویلی کی میراثن کی آواز تھی۔ اس نے جواں مرگ اللہ وسایا کی پٹی پر الاہنی شروع کی۔ اس کی آواز کے ساتھ ہی ساری آوازیں دھیمی پڑ گئیں۔ میراثن سوز کے انداز میں بین کرنے لگی۔

موت چکیندی آئی بیٹھی پاوا تل' ہائے وے شیر جوانا!!

گھنن نہ دیندی ساہ' کرن نہ دیندی گل' ہائے ے شیر جوانا

الاہنی کے بول پر عورتیں سینے پر دوہتڑ مارتیں۔ اونچی آواز سے تڑپ کر کہتیں۔ "ہائے ہا' ہائے ہا۔"

لیکن جمیلہ پٹی پر اپنی پیشانی ٹکائے صرف سسکیاں بھر رہی تھی۔ میّت کے سرہانے عود لوبان سلگ رہا تھا۔ اس کے بل کھاتے' لہراتے مرغولوں میں سارے سوگوار چہرے دھواں دھواں نظر آرہے تھے۔ فضا پر موت کا سایہ منڈلا رہا تھا۔ میراثن درد بھری آواز میں نوحہ کر رہی تھی۔

پانی تاتا کرایا شرطاں نال نہوایو!!

کھپن منگوایو زری دا' لاڑے نو پوایو!

چونہ جنیساں رل چکیو' منزلو منزل پچایو!

جنگل آئی رات' اوس بنیر کدی نہ مایو

ہائے وے شیر جوانا' ہائے وے شیر جوانا!

ساون کی کالی کلوٹی رات دم بخود تھی۔ آسمان پر بادل چھائے ہوئے تھے۔ ہوا کے جھونکے سوز کی لے میں گھل مل کر میراثن کے ساتھ بین کر رہے تھے۔

پانی گرم کرایا گیا

میت کو رواج کے مطابق غسل دیا گیا

زری کا کفن منگوایا گیا' دولھا کو پہنایا گیا

چار آدمیوں نے مل کر جنازے کو کندھا دیا

اسے آخری منزل تک پہنچایا گیا

آج اس کی زندگی کی شام ہے

جنگل کی رات ہے اور تاریکی نے ڈیرا ڈال رکھا ہے

اس اندھیری قبر میں کوئی نہ جائے

ہائے جواں مرگ شیر' ہائے جواں مرگ شیر!

میراثن دھیمے سر میں الاہنی کے بول الاپتی رہی' بین کرتی رہی۔ ہوا کی سسکیاں ابھرتی رہیں۔ جنازے کے پاس بیٹھی ہوئی عورتیں سینہ کوبی کرتی رہیں۔ بے قرار ہو کر ہائے ہا' ہائے ہا کی دل دوز صدائیں بلند کرتی رہیں۔ عود لوبان کا دھواں لہراتا اور پھیلتا رہا' دکھ کا سایہ بن کر فضا میں منڈلاتا رہا۔ ساری آوازیں سو گئی تھیں۔ صرف ایک آواز جاگ رہی تھی۔ یہ الاہنی کے بولوں کی شکل میں موت کی آواز تھی۔

رات گزرتی جا رہی تھی۔ اندھیرا گہرا ہو گیا تھا۔ رحیم داد خاموشی سے اٹھا اور حویلی سے باہر آگیا۔ سائبان کے نیچے پہنچ کر اس نے گاؤں کے بڑے بوڑھوں سے مشورہ کیا اور یہ طے کیا گیا کہ لاش اب زیادہ دیر رکھنا ٹھیک نہیں۔ اسے عشاء کے بعد دفنا دیا جائے۔ یہ فیصلہ کرنے کے بعد رحیم داد نے مسجد کے ملّا کو بلایا اور اس کے ہم راہ دوبارہ حویلی میں گیا۔ جمیلہ ابھی تک چارپائی کی پٹی پر سر رکھے سسکیاں بھر رہی تھی۔ دو عورتوں نے اسے سنبھالا۔ ہولے سے کھینچ کر چارپائی کے قریب سے اٹھایا۔ چارپائی میت کے ساتھ اٹھا کر صحن کی پڑچھتی میں پہنچا دی گئی۔ ملا نے میّت کو غسل دیا۔ درزی نے کفن تیار کر دیا تھا۔ میّت کفنا کر اس پر سیاہ چادر ڈال دی گئی اور چارپائی پر رکھ کے آخری دیدار کے لیے ایک بار پھر اسے دالان میں رکھ دیا گیا۔ دالان میں ہر سو کافور کی تیز بو پھیل گئی۔

کچھ دیر بعد جنازہ حویلی سے باہر لے جایا گیا۔ جمیلہ چیخ چیخ کر روتی ہوئی پھاٹک تک گئی۔ کئی عورتیں اسے سنبھالے ہوئے تھیں۔ مردوں نے بڑھ کر جنازہ اٹھایا۔ ایک بار پھر زبردست کہرام مچ گیا۔ رونے کی آوازیں رات کے سناٹے میں گونجنے لگیں۔ جنازہ مسجد کے دروازے تک پہنچایا گیا۔ نماز عشاء کے بعد نماز جنازہ ہوئی۔ جنازہ دوبارہ کندھوں پر اٹھایا گیا اور گاؤں کے قبرستان میں پہنچا دیا گیا۔ قبر پہلے ہی سے تیار تھی۔ میت قبر میں اتاری گئی۔ مٹی ڈال کر قبر بھر دی گئی۔ مسجد کے ملّا نے فاتحہ خوانی کی۔ ہاتھ اٹھا کر اللہ وسایا کے لیے مغفرت کی دعا کی۔ سب لوگ واپس حویلی پہنچ گئے۔

کوڑا وٹایا کڑوی روٹی مزارعے لائے تھے۔ اللہ وسایا یا جمیلہ کا کوئی ایسا رشتہ دار یا شریکا نہ تھا جو کوڑا وٹا لاتا۔ مزارعے یہ جانتے بھی نہیں تھے۔ وہ اللہ وسایا کے غم میں بری طرح دل گرفتہ تھے۔

اس روز گاؤں کے کسی گھر میں کھانا نہیں پکا۔ کسی باورچی خانے سے دھواں نہ اٹھا۔ کھانے سے فارغ ہو کر لوگ ایک ایک کر کے رخصت ہو گئے۔ البتہ گاؤں کی کئی عورتیں حویلی میں موجود رہیں۔

رحیم داد نے بھی سب کی ساتھ ہی کھانا کھایا تھا۔ کھانے کے بعد وہ حویلی میں گیا۔ مہمان خانے پہنچا۔ احمد کی طبیعت ابھی ٹھیک نہیں تھی۔ مگر وہ بھی مہمان خانے میں تھا۔

☆

صبح رحیم داد نہا دھو کر بیٹھا ہی تھا کہ احمد نے آکر اطلاع دی کہ تھانے دار ایک کانسٹیبل کے ساتھ آیا ہے۔ رحیم داد کا چہرہ فق ہو گیا۔ احمد اطلاع دے کر چلا گیا۔ رحیم داد کی پریشانی اور گھبراہٹ اس قدر بڑھی کہ اس نے گھوڑی پر سوار ہو کر احسان شاہ کے پاس جانے کا ارادہ کیا۔ مگر اس ڈر سے نہیں گیا کہ گاؤں سے باہر جانے پر شک و شبہ پیدا نہ ہو۔ اس نے اپنی گھبراہٹ پر قابو پانے کی کوشش کی اور تھانے دار کا انتظار کرنے لگا۔

رحیم داد کی نظریں ہر آہٹ پر بیرونی دروازے کی جانب اٹھ جاتی تھیں۔

پہر دن گزر گیا۔ سورج چڑھ کر اوپر آگیا۔ مگر تھانے دار مہمان خانے میں نہیں آیا' صرف احمد آیا۔ رحیم داد نے پرسے کے لیے آنے والوں کے بارے میں ادھر ادھر کی بات کی پھر اٹکتے ہوئے دریافت کیا۔

"پولیسے ابھی تک حویلی میں ہیں؟"

"وہ تو جی کب کے چلے گئے۔ انھوں نے صرف زمیں دارنی سے پوچھ تاچھ کی تھی۔"

"کیا پوچھتے تھے؟"

"پتہ نہیں۔" احمد نے جواب دیا۔ "زمیں دارنی ہی کو معلوم ہو گا' پر جی وہ کیا گل بات کر سکتی ہے۔ اس سے تو بولا بھی نہیں جاتا۔ چپ بیٹھی رہتی ہے یا رونے لگتی ہے۔ اس کا تو جی بہت برا حال ہے۔ کئی بار تو بے ہوش ہو چکی ہے۔"

رحیم داد مہمان خانے سے نکلا' سائبان کے نیچے پہنچا۔ وہاں سویرے سویرے پھوہڑی بچھا دی گئی تھی۔ پرسے کے لیے آنے والے اس پر بیٹھے تھے۔ رحیم داد بھی دیوار سے ٹیک لگا کر پھوہڑی پر بیٹھ گیا۔

مردوں سے زیادہ عورتیں تھیں۔ عورتیں حویلی کے اندر چلی جاتیں۔ دالان میں بھی پھوہڑی بچھی تھی۔ یہ دریوں کا فرش تھا' جن پر چھپی ہوئی چادریں پڑی تھیں۔ جمیلہ دالان کے ایک ستون

کے سہارے پھوہڑی پر نڈھال بیٹھی تھی۔ ہر ایسی عورت جو پہلی بار پاس پڑوس کے کسی گاؤں سے آتی یا اللہ وسایا کے کنبے برادری سے اس کا کوئی رشتہ ناتا ہوتا' وہ جمیلہ کے گلے سے لگ کر زور زور سے روتی۔ جمیلہ کے گرد نیم دائرے میں بیٹھی دوسری عورتیں بھی رونے لگتیں۔ سینے پر دوہتڑ مارتیں اور ہائے ہا! کے نعرے بلند کرتیں۔

حویلی کے اندر سے عورتوں کی آہ وزاری سن کر باہر پھوہڑی پر بیٹھے ہوئے مرد اونچی آواز سے کلمہ پڑھتے۔ دوپہر کو تعزیت کرنے والوں کی تعداد گھٹ کر بہت کم رہ گئی۔ وہ کھانا کھانے یا اپنے ضروری کام کاج کرنے کے لیے چلے گئے تھے۔ مگر شام ہوتے ہوتے تعزیت کرنے والوں کی تعداد میں پھر اضافہ ہو گیا۔ اندھیرا بڑھا تو پیٹرومیکس روشن کر دیا گیا۔ کچھ ہی دیر بعد تاراں خوان پوش سے ڈھکا ہوا تھال سر پر رکھے حویلی سے نکلی اور سنبھل سنبھل کر قدم رکھتی ہوئی مسجد کی طرف روانہ ہو گئی۔ وہ ملّا کے لیے فاتحہ کا توشہ لے کر جا رہی تھی۔ یہ بیج کڑ کا تھا۔

تیسرے روز تیجا تھا۔ اس روز بھی گاؤں کے سارے مرد اور عورتیں حویلی پہنچے۔ مسجد کے ملّا نے فاتحہ خوانی کی۔ سب نے کھانا کھایا۔ کھانے کے ساتھ گیہوں کی گھنگنیاں بھی تھیں۔ رحیم داد ڈرا سہما ہوا تھا۔ اس کی نظریں بار بار اس راستے کی طرف اٹھ جاتیں جو شہر کی سمت جاتا تھا۔ اسے پولیس کے آنے کا دھڑکا تھا۔ وہ رات گئے تک پریشان رہا مگر کوئی پولیس والا نہیں آیا۔

تیجے کے چند روز بعد ایک پولیس انسپکٹر دو کانسٹیبلوں کے ہم راہ آیا۔ دوپہر کا وقت تھا۔ رحیم داد مہمان خانے میں کھانا کھا رہا تھا۔ اسے احمد سے پولیس کے آنے کی اطلاع ملی۔ وہ ایک بار پھر سراسیمہ ہو گیا۔ اس کے لیے کھانا دوبھر ہو گیا۔ لیکن اس روز بھی کوئی پولیس والا اس کے پاس نہیں آیا۔ مگر جب تک انسپکٹر اور کانسٹیبل حویلی میں موجود رہے' اس پر خوف طاری رہا۔ بعد میں اسے احمد کی زبانی معلوم ہوا کہ پولیس نے جمیلہ کا بیان لیا' حویلی کے بعض نوکروں سے پوچھ گچھ کی۔ دن ڈھلے پولیس والے ضابطے کی کارروائی مکمل کر کے چلے گئے۔

دن گزرتے رہے۔ سات روز تک مسجد میں ہر شام ملّا کے لیے بیج کڑ کا بھیجا گیا۔ خیرات دی گئی۔ فاتحہ خوانی ہوئی۔ پرسے کے لیے اکٹھا ہونے والوں نے بھی فاتحہ کے بعد کھانا کھایا۔

تیرہ روز تک حویلی کے اندر اور باہر پھوہڑی بچھی رہی۔ صبح سے شام تک پرسا دینے والے آتے رہے۔ رحیم داد سائبان میں ان کے ساتھ بیٹھتا۔ بات چیت کرتا۔ اس تمام عرصے میں نہ اس نے جمیلہ کو دیکھا' نہ اس سے ملاقات ہوئی۔ عورتیں ہر وقت حویلی میں جمیلہ کے گرد اکٹھا رہتیں۔ رات گئے تک اس کے ساتھ بیٹھی رہتیں۔ اس کی دل جوئی کرتیں' تسلی دیتیں۔

رحیم داد نہ حویلی میں گیا نہ اس نے جمیلہ سے ملنے کی کوشش کی۔ وہ ایسا کر بھی نہیں سکتا تھا۔ جمیلہ عدّت میں تھی۔ وہ حویلی کی چار دیواری سے باہر نہیں جاسکتی تھی نہ کسی نامحرم کے سامنے آسکتی تھی۔ مسجد کے ملّا نے یہی بتایا تھا۔ رحیم داد بھی نامحرم تھا لہٰذا وہ جمیلہ سے نہیں ملا۔ نہ احسان شاہ کی حویلی گیا اور نہ اس سے کوئی رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی۔

تیرھویں روز شام کو پھوہڑی اٹھا دی گئی اور رسمی طور پر اللہ وسایا کا سوگ ختم کردیا گیا۔ البتہ عورتوں کی حد تک تعزیت کرنے کا سلسلہ چلتا رہا۔ گاؤں کی عورتیں جمیلہ کی دل جوئی کے لیے آتی رہیں۔ جمیلہ بات بات پر رونے لگتی۔ اللہ وسایا کی موت سے جو رنج و غم مسلط ہوا تھا' وہ اس سے ہنوز نہیں سنبھلی تھی۔

رحیم داد پھوہڑی اٹھنے کے بعد مہمان خانے ہی میں رہتا۔ بارش نہ ہوتی تو شام کو باغ میں جاکر بیٹھ جاتا۔ ایک شام وہ تنہا بیٹھا تھا کہ جمیلہ نے اسے حویلی میں بلوایا۔ رحیم داد گیا۔ جمیلہ دالان کے ایک گوشے میں پیڑھ موڑے کرسی پر بیٹھی تھی۔ وہ سفید چادر اوڑھے ہوئے تھی۔ اس نے پلو سے بکل مار کر اپنا پورا چہرہ چھپا رکھا تھا۔ قریب ہی فرش پر پھاتاں بیٹھی تھی۔ رحیم داد دونوں سے ذرا ہٹ کر ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ جھٹ پٹے میں حویلی پر ویرانی برس رہی تھی۔ ہر طرف خاموشی تھی۔ کچھ دیر بعد جمیلہ کی آواز ابھری۔

"چوہدری! میں نے تجھے اس لیے بلایا ہے' کل کبیر والا سے چوہدری اکرم کا چچیرا اور بھرجائی آئے تھے۔ ویسے تو اللہ وسایا کے پرسے کو آئے تھے پر چلتے چلتے انھوں نے بتایا کہ اکرم نے اپنی وہمی کا رشتہ تیرے ساتھ توڑ دیا۔" جمیلہ نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "میں تو رانڈ ہوگئی چوہدری' پر میرے رانڈ ہونے سے تیرا گھر کیوں نہ بس سکا؟ لگتا ہے' اللہ وسایا کی موت کو اکرم نے بدشگونی سمجھا اور رشتہ ختم کردیا۔"

"زمیں دارنی! تیرے رانڈ ہونے سے میرے ویاہ کا کیا ناتا۔ تو خاما خا اپنا دل میلا نہ کر۔ میرا تو پہلے بھی ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ تیں نوں پتہ ہی ہے' رشتہ جوڑنے والا تو اللہ وسایا ہی تھا۔ اس کے ساتھ ہی رشتہ بھی ختم ہوگیا۔ اب چوہدری اکرم کچھ ہی کہے' سچ پوچھ تو میں خود اسے توڑنے والا تھا۔ ذرا سوچ' ابھی اللہ وسایا کو گزرے دو ہی ہفتے ہوئے ہیں۔ میں کیسے ویاہ شیاہ کے بارے میں سوچ سکتا ہوں۔" رحیم داد نے جمیلہ کی دل جوئی کرنے کی کوشش کی۔ "زمیں دارنی! میری فکر نہ کر۔ اللہ وسایا کے بعد مجھے کچھ چنگا نہیں لگتا۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے چوہدری!" جمیلہ نے گلوگیر لہجے میں کہا۔ "اللہ وسایا کے بنا ایسا لگتا ہے جیسے

حویلی اجڑ گئی' کچھ بھی نہ رہا۔ مجھ ابھاگن کو وہ اس حویلی میں اکیلا چھوڑ کر چلا گیا۔"

جمیلہ سسکیاں بھر کر رونے لگی۔ رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ پھاتاں نے جمیلہ کو روتے دیکھا تو خود بھی رونے لگی۔ چند لمحے فضا بے حد سوگوار رہی پھر پھاتاں نے دوپٹے کے پلو سے آنسو پونچھتے ہوئے دل گرفتہ آواز میں کہا۔ "بھین جی! اس طرح کب تک روتی رہے گی۔ مجھے دیکھ' سات سال پہلے میرا گھر والا بھی ایسے ہی چھوڑ کر اپنے رب کے پاس چلا گیا۔ تاجاں تو ان دنوں ذرا سی چھوہری تھی۔"

"پھاتاں!" جمیلہ کی بھرائی ہوئی آواز ابھری۔ "اب تاجاں حویلی میں نہیں رہ سکتی۔ تو اسے اپنے گھر لے جا' میں ٹھیری رانڈ۔ میرا تو اس پر سایہ بھی نہیں پڑنا چاہیے۔ اب تو ساگنیں مجھ سے دور بھاگیں گی۔ تاجاں تو ساہا بندھی کڑی ہے۔ مہینے دو مہینے بعد وہ بھی ساگن بن جائے گی۔ اسے اب میرے ساتھ نہیں رہنا چاہیے۔"

"بھین جی! تو کیسی گل کر رہی ہے۔" پھاتاں نے کہا۔ "تو رانڈ ہے تو میں کون سی ساگن ہوں' میں بھی تو رانڈ ہوں۔ تاجاں اسی رانڈ کے سائے میں پل کر جوان ہوئی ہے۔ یہ تو سوچ' وہ تیرے پاس نہیں رہ سکتی تو میرے پاس کیسے رہے گی؟"

"تیری بات دوسری ہے۔ تو اس کی ماں ہے۔ یہ سوچ تیرے کنبے برادری والے کیا کہیں گے؟ رانڈ بیوہ کو تو بدشگونی سمجھا جاتا ہے۔ ویسے میں تو چاہتی تھی تاجاں میرے ساتھ رہے اور یہیں سے ویاہ کر اپنے گھر والے کے سنگ جائے پر کیا کیا جائے' رانڈ کو برا سمجھا جاتا ہے۔ دنیا کی یہی ریت ہے۔"

پھاتاں نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "بھین جی! میں نوں کسی کی پروا نہیں کرنی۔ سات سال سے ساری بدشگونیاں دیکھ رہی ہوں اور سن رہی ہوں۔ میرے لیے یہ نئی گل نہیں۔ تو کچھ ہی کہے' تاجاں یہیں رہے گی اور تیرے ہی نال رہے گی۔ اس کا ویاہ بھی تو کرے گی اور جب چاہے تب کرے گی۔"

"سوچ لے۔" جمیلہ آہستہ سے بولی۔ "کنبے برادری والوں کے طعنے سننے پڑیں گے۔"

"پہلے بھی بہت سن چکی ہوں اور سن لوں گی۔ میں نوں کنبے برادری سے کیہ لینا۔" پھاتاں اپنی بات پر اڑی رہی۔ "ویسے دوسروں کے منہ میں زبان ہے تو میں بھی گونگی نہیں۔ تو بالکل فکر نہ کر۔ تاجاں حویلی سے جائے گی تو ویاہ کر ہی جائے گی' ایسے نہیں۔ اب وہ میری نہیں' تیری امانت ہے۔ میں نے تو اسے تیرے حوالے کردیا۔ اب تو جانے اور تیری تاجاں جانے۔ ساہے کے بعد تو نے بھی

تو یہی گل کہی تھی۔ اپنی ہی گل اور اپنا ہی وعدہ بھول گئی۔"

رحیم داد آہستہ سے کھنکارا اور جمیلہ کو مخاطب کرتے ہوئے بولا۔ "زمیں دارنی! سنا ہے' پولیس تفتیش کو آئی تھی۔ تجھ سے پوچھ تاچھ بھی کی تھی۔ اللہ وسایا کے قتل کے بارے میں بھی پولیس سے کچھ پتہ چلا؟"

"پولیس نے کیا بتانا۔ اس نے تو اب تک کچھ نہیں کیا۔" جمیلہ کے لہجے میں تلخی تھی۔ "پہلے وہ تھانے دار آیا جس نے رپورٹ درج کی تھی۔ تفتیشی ٹیم کے ساتھ جائے واردات کا معائنہ کیا تھا۔ نہر سے لاش نکلوائی تھی۔ مشیرنامہ تیار کیا تھا۔ ضروری لکھا پڑھی کی تھی اور لاش پوسٹ مارٹم کے لیے پولیس سرجن کے پاس بھجوائی تھی۔ وہ دیر تک مجھ سے الٹے سیدھے سوال کرتا رہا۔ اس کی باتوں سے تو ایسا لگتا تھا مانو اللہ وسایا کو میں نے ہی قتل کرایا ہے۔"

"یہ کیسے ہو سکتا ہے۔" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔ "تیں نوں کیسے پتہ چلا' اسے تجھ پر شبہ ہے؟"

"کہتا تھا' ہر قتل کے پیچھے کسی رن کا ہاتھ ہوتا ہے اور اگر قتل کے گھر میں مقتولہ رن ہو' تب تو قتل کا سبب عام طور پر وہی ہوتی ہے۔" جمیلہ نے جھنجلائے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "اس کے بعد وہ مجھ سے ایسی گلاں کرنے لگا کہ میرا جی چاہا' اس کا منہ نوچ لوں۔ پر میں نے دھیرج سے کام لیا۔ رو کر صرف اتنا کہا' قتل کی وجہ پرانی دشمنی بھی ہو سکتی ہے۔ زمیں داروں کے قتل تو عام طور پر پرانی دشمنی ہی کے کارن ہوتے ہیں۔ میں نے تو یہی سنا ہے۔ اخباروں میں پڑھا بھی ہے۔"

"یہ بات سن کر وہ کیا بولا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"پہلے تو اس نے کہا کہ اب تک کی کارروائی سے تو کوئی ایسا سراغ ملا نہیں۔ فیر اس نے پوچھا' مجھے کس کس پر شبہ ہے۔ میں نے صاف صاف کہہ دیا' اللہ وسایا کی صرف احسان شاہ سے دشمنی تھی۔ میں نے اسے دشمنی کی ساری وجہ بھی بتا دی۔" اس نے قدرے تامل کیا۔ "مجھ سے گل بات کرنے کے بعد اس نے حویلی کے نوکروں سے بھی پوچھ تاچھ کی۔ فیر دوبارہ آنے کا کہہ کر چلا گیا۔"

"وہ دوبارہ پوچھ تاچھ کرنے آیا تھا؟"

"وہ تو نہیں آیا۔ آنا بھی نہیں چاہیے تھا اسے۔ میں نے اپنے وکیل عثمان رندھاوا کو بلوایا۔ اسے ساری بپتا سنائی۔ وہ فوراً تھانیدار سے ملا اور جب اسے بھی اندازہ ہو گیا کہ تھانیدار کیس دبا دینا چاہتا ہے تو اس نے اعلیٰ حکام کو درخواستیں بھیجیں۔ اس کی دوڑ بھاگ اور کوشش کا یہ نتیجہ نکلا کہ ایک نئے انسپکٹر کو تفتیش کے لیے لگایا گیا۔ اس نے نئے سرے سے تفتیش شروع کی۔"

جمیلہ آہستہ آہستہ بولتی رہی۔ "وہ پچھلے دنوں میرے پاس آیا تھا پر اس نے پہلے تھانے دار کی طرح الٹے سیدھے سوال نہیں کیے۔ میرا بیان لکھا' مجھے تسلی دی کہ قاتلوں کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ اس نے بھی حویلی کے نوکروں سے پوچھ تاچھ کی۔ وہ تیرے بارے میں بھی پوچھتا تھا۔"

"میرے بارے میں؟" رحیم داد نے حیران و پریشان ہو کر کہا۔ "میرے بارے میں کیوں پوچھتا تھا؟"

"پولیس کے بندوں کو تو جانتا ہی ہے وہ ہر ایک پر شبہ کرتے ہیں۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔ "پر اس نے جھٹ اس کا شبہ دور کر دیا۔ اسے صاف صاف کہہ دیا' چوہدری تو میرے بھائی سمان ہے۔ اس کے بارے میں تو کسی شک و شبہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ میری باتوں سے وہ ایسا مطمئن ہوا کہ تیرے پاس پوچھ تاچھ کے لیے بھی نہ گیا۔" اس نے قدرے تامل کیا۔ "اس کے جانے کے بعد اب تک کوئی تفتیش کو نہیں آیا۔"

"تیں نوں تو یہ بھی پتہ نہیں ہو گا کہ دونوں تھانے داروں کی تفتیش کا کیا نتیجہ نکلا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"جب کوئی آیا ہی نہیں تو کیسے پتہ چلتا۔" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "میں نے وکیل کو فیر بلوایا ہے۔ وہ پتہ لگا کر بتائے گا' پولیس نے اب تک ضابطے کی کیا کارروائی کی ہے۔"

وکیل کے آنے کی اطلاع سے رحیم داد پریشان ہو گیا۔ مگر اس نے خود کو سنبھالا۔ جمیلہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے بولا۔ "لگتا ہے' پولیس کیس میں زیادہ دلچسپی نہیں لے رہی اور جب پولیس ہی دلچسپی نہ لے تو مجرموں کو کیسے پکڑا جا سکتا ہے۔ پر یہ تو بالکل طے ہے اللہ وسایا کو قتل کیا گیا ہے۔"

"یہ تو سبھی کو پتہ ہے۔ پولیس بھی مانتی ہے۔ تھانے دار کہتا تھا' پوسٹ مارٹم رپورٹ مل گئی ہے' اس مین بتایا گیا ہے اللہ وسایا کو گولی مار کر قتل کیا گیا۔ ایک گولی اس کی چھاتی میں لگی' دوسری سر میں۔ پر کس نے قتل کیا' کیوں کیا؟ اس کا اب تک کوئی سراغ نہیں ملا۔" جمیلہ نے گہری سانس بھری۔ "وہ جو بھی ہو اس نے مجھے برباد کر دیا۔ ہائے ربا یہ کیا ہو گیا۔" جمیلہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ رحیم داد اسے تسلی دیتا رہا۔ صبر کی تلقین کرتا رہا۔

کچھ دیر بعد رحیم داد حویلی سے اٹھ کر مہمان خانے میں آ گیا۔ احمد موجود نہیں تھا لیکن کمرے کا لیمپ روشن تھا۔ رحیم داد مہمان خانے میں نہیں ٹھہرا۔ جمیلہ سے ملنے کے بعد وہ شدید ذہنی الجھن میں مبتلا ہو گیا تھا۔ اسی عالم میں وہ باغ میں پہنچا۔ وہاں گہرا سناٹا تھا۔ رحیم داد وہاں بھی نہیں

رکا۔ باغ سے نکل کر نہر کی سمت چلنے لگا۔ کچھ ہی دور گیا ہوگا کہ ماکھا اندھیرے سے نکل کر اس کے سامنے آگیا۔ رحیم داد ششدر رہ گیا۔ اس نے تیوری پر بل ڈال کر غصے سے پوچھا۔

"ماکھے! تو اس طرح اندھیرے میں کیوں چھپا کھڑا ہے؟"

"میں تو شام سے تیرا انتظار کر رہا تھا۔" ماکھا گڑگڑا کر بولا۔ "کئی بار باغ کی طرف بھی گیا پر تو نظر نہیں آیا۔ تجھ سے ملے بنا واپس بھی نہیں جا سکتا تھا۔"

"مجھ سے ملنا کیوں ضروری تھا؟"

"ناراض نہ ہو۔" ماکھا عاجزی سے بولا۔ "شاہ جی نے کہلوایا ہے' تو کل شام تک اسے ضرور مل لے۔ کوئی ضروری گل کرنی ہوگی۔"

"ابھی تو میں اس کے پاس نہیں جا سکتا۔" رحیم داد تذبذب میں پڑ گیا۔ "شاہ جی سے کہنا' مورکھ ملا تو آجاؤں گا۔"

"میں نے تو جی' جو بتانا تھا' بتا دیا۔ آگے تیری مرضی۔"

"اب تو ٹر جا۔" رحیم داد نے بیزاری سے کہا۔

ماکھا چپ چاپ چلا گیا مگر رحیم داد کے ذہن میں تلاطم برپا کر گیا۔ وہ احسان شاہ سے ملنا تو چاہتا تھا مگر کچھ عرصے بعد۔ فی الحال وہ اس سے ملنے جلنے میں پوری احتیاط سے کام لینا چاہتا تھا۔ وہ اپنے کانوں سے سن چکا تھا کہ جمیلہ کو احسان شاہ پر شبہ ہے۔ وہ پولیس سے بھی اس کا برملا اظہار کر چکی تھی۔ گاؤں میں ہر طرف ابھی تک اللہ وسایا کے قتل کا چرچا تھا۔ ایسی صورت میں اس کا گاؤں سے باہر جانا خواہ مخواہ بدگمانی پیدا کر سکتا تھا۔ دوسری طرف اسے یہ خیال بھی رہ رہ کر پریشان کر رہا تھا کہ احسان شاہ نے کوئی اہم اور ضروری ہی بات بتانے کے لیے اسے بلایا ہوگا' ورنہ وہ ماکھا کو اس کے پاس ہرگز نہ بھیجتا۔

رحیم داد کوئی فیصلہ نہ کر سکا۔ اس نے آگے جانے کا فیصلہ ملتوی کر دیا' مڑا اور آہستہ آہستہ چلتا ہوا مہمان خانے میں پہنچ گیا۔ احمد اس کا انتظار کر رہا تھا۔ رحیم داد کے پہنچتے ہی وہ کھانا لے آیا اور میز پر چن کر خاموشی سے قریب ہی فرش پر بیٹھ گیا۔ رحیم داد چپ چاپ کھانا کھاتا رہا۔

احمد نے ہچکچاتے ہوئے پوچھا۔ "چوہدری! کچھ پتہ چلا' زمیں دار کو کس نے قتل کیا؟"

"میں کیا بتا سکتا ہوں۔" رحیم داد بے نیازی سے بولا۔ "ابھی تو کوئی گرفتاری بھی نہیں ہوئی میں نے یہی سنا ہے۔"

"قاتل تو جی پکڑے جا بھی نہیں سکتے۔"

رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔ "کیوں؟"

احمد نے ادھر ادھر چوکنا نظروں سے دیکھا اور سرگوشی کرنے کے انداز میں آہستہ سے بولا۔ "میں نوں تو جی ایسا لگتا ہے۔ اللہ وسایا کو زمیں دارنی کے بھائیوں نے قتل کرایا ہے۔ وہ تو جی قتل کر کے کب کے سرحد پار نکل گئے ہوں گے۔ اب انہیں کون پکڑ سکتا ہے۔"

رحیم داد نے چونک کر احمد کو دیکھا۔ دلچسپی لیتے ہوئے پوچھا۔ "تجھے کیسے پتہ چلا اللہ وسایا کو زمیں دارنی کے بھائیوں نے قتل کیا ہے؟"

"میں نے تو جی' یہ بات لوہار کے منڈے بابر سے سنی ہے اور اسے پٹواری کے چھوٹے بھائی نے بتائی تھی۔ وہ برابر کے پنڈ میں رہتا ہے۔ بابر سے اس کی پرانی یاری ہے۔" احمد دھیرے دھیرے بولتا رہا۔ "ویسے دیکھا جائے تو بات ٹھیک ہی لگتی ہے۔ زمیں دارنی کے بھائی اسے اپنے ساتھ سرحد پار لے جانے کے لیے سمگلروں کے ساتھ کئی بار آچکے ہیں پر وہ نہیں گئی۔ انھوں نے سوچا ہوگا' اللہ وسایا کا قصہ ہی ختم کر دو' تب تو وہ ان کے ساتھ چلی ہی جائے گی۔ اپنی سمجھ میں تو جی یہی آتا ہے۔"

"صرف بابر ایسی گل کرتا ہے یا پنڈ کے دوسرے بندے بھی ایسے ہی سوچتے ہیں؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"سچی گل تو ایسہ ہے جی' جتنے منہ اتنی باتیں۔ کوئی کچھ کہتا ہے' کوئی کچھ۔" احمد نے رحیم داد کی جانب نظریں اٹھائیں۔ "تیرا اپنا کیا وچار ہے چوہدری؟"

"تیری اور بابر کی گل سمجھ تو آتی ہے۔" رحیم داد نے اس کی حوصلہ افزائی کی۔ "ایسا بالکل ہو سکتا ہے پر زمیں دارنی کو پتہ نہ چلے۔ وہ بہت ناراض ہوگی۔ اپنے بھائیوں کے بارے میں وہ ایسی گل کیسے سن سکتی ہے۔"

"توبہ کرو جی! اسے تو بالکل پتہ نہیں چلنا چاہیے۔ ایک دم بھڑک جائے گی۔"

رحیم داد کھانے سے فارغ ہوا۔ احمد برتن اٹھا کر جانے لگا۔ مگر جاتے جاتے ٹھٹکا اور الجھتے ہوئے بولا۔ "میں جی دیر سے لوٹوں گا۔"

"ویسے بھی رات کی روٹی کھلا کر تو کب بھیتی لوٹتا ہے۔ کبھی کبھی تو ساری رات نہیں آتا۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "تو نے شدّو کے پاس جانا ہوگا؟"

"تاراں نے تجھے شکایت لگائی ہوگی۔" احمد نے مسکین سی شکل بنا کر کہا۔ "وہ تو جی ایسے ہی الٹی سیدھی باتیں سوچتی رہتی ہے۔"

"تو اسے ایسی باتیں سوچنے ہی کیوں دیتا ہے؟" رحیم داد نے کسی قدر سختی سے کہا۔ "وہ تیری گھر

والی ہے' تیرے بچوں کی ماں ہے۔ تجھے چاہیے کہ اسے خوش رکھے۔"

"میں تو جی اسے خوش رکھنے کی اپنے طور پر بہت کوشش کرتا ہوں' پر وہ تو بیکار کا بگڑا کھڑا کر دیتی ہے۔"

رحیم داد نے تاراں کا ذکر جان بوجھ کر چھیڑا تھا۔ وہ اسے احمد کے ذریعے بلانا چاہتا تھا' مگر ہمت نہ پڑی۔ احمد چلا گیا۔

رحیم داد صحن میں پڑی ہوئی کرسی پر آکر بیٹھ گیا۔ ہوا نرم اور خنک تھی۔ آسمان پر کہیں کہیں بادل بکھرے ہوئے تھے۔ بارش کا کوئی امکان نہیں تھا۔ رحیم داد زیادہ دیر خاموش نہ بیٹھ سکا' بے چین ہو کر اٹھا اور آہستہ آہستہ صحن میں ٹہلنے لگا۔ وہ ادھیڑبن میں مبتلا تھا۔ بار بار سوچ رہا تھا کہ احمد نے اللہ وسایا کے قتل کے بارے میں جس خیال کا اظہار کیا ہے' اگر اسے گاؤں میں پھیلا دیا جائے اور پولیس کے کانوں میں بھی ڈال دیا جائے تو نہ صرف تفتیش کی نوعیت بدل جائے گی بلکہ قتل کی واردات دبانا بھی آسان ہو جائے گا۔ مگر پولیس کو اس انداز سے سوچنے پر صرف احسان شاہ تیار کر سکتا ہے۔

اس نے بستر پر لیٹتے ہوئے طے کیا کہ اسے فوری طور پر احسان شاہ سے ملنا چاہیے۔ رحیم داد کو اس نے بلایا بھی تھا۔

احمد رات بھر نہیں آیا۔ مگر صبح وہ مہمان خانے میں موجود تھا۔ اس نے نہایت مستعدی سے ناشتا میز پر چنا۔ رحیم داد ناشتا کرنے لگا۔ احمد نے مسکرا کر کہا۔ "میں نے رات کو پتہ کیا' پنڈ کے کئی مزارعوں کا بھی یہی خیال ہے' اللہ وسایا کو زمیں دارنی کے بھائیوں نے قتل کیا ہے۔"

"بابر ہی نے ان سے بھی کہا ہو گا۔"

"پتہ نہیں جی! ویسے گل سمجھ بھی آتی ہے۔ وہ ایسا ہے جی' زمیں دارنی کا پیو ادھر کا بہت وڈا زمیں دار ہوتا تھا۔ اللہ وسایا اور اس کا پیو تو اس کے بہت معمولی مزارعے تھے۔ میں تو جی ان دنوں بھی اسی پنڈ میں تھا۔ جنسی لال مینیجر ہوتا تھا۔ ساری زمیں داری کی دیکھ بھال' سچ تو یہ ہے' وہی کرتا تھا۔ اس نے ناراض ہو کر اللہ وسایا اور اس کے پیو کو بے دخل کر دیا تھا۔"

رحیم داد درمیان میں بول پڑا۔ "یہ تو میں بھی جانتا ہوں۔"

احمد نے اس کے ٹوکنے پر مطلق توجہ نہ دی۔ "یہ تو سوچ' زمیں دارنی کے بھائی یہ کیسے دیکھ سکتے ہیں' ان کی بہین انھی کے معمولی مزارعے اور وہ بھی مسلمان کی گھر والی بن کر رہے۔ عزت اور شان بھی تو کوئی چیز ہوتی ہے۔ میں نے تو جی زمیں دارنی کے بھائی ہرویال کو دیکھا ہے۔ کیا اکڑ اور

آن بان تھی اس کی۔ جب پنڈ میں آتا تھا تو مزارعے اس کے سامنے چپ کر کے کھڑے رہتے تھے۔ اس کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھ سکتے تھے۔"

رحیم داد نے اسے مزید کریدنے کی کوشش نہیں کی۔ خاموش بیٹھا سوچتا رہا کہ کس طرح احسان شاہ کے پاس پہنچے۔ گھوڑی پر بیٹھ کر وہ اس کے پاس جانا نہیں چاہتا تھا۔ شک و شبہ پیدا ہونے کا خدشہ تھا۔ اس نے احسان شاہ کے پاس جانے کے لیے سڑک کا راستہ اختیار کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ طویل اور خاصے چکر کا راستہ تھا مگر محفوظ تھا۔

رحیم داد نے ناشتے کے بعد احمد سے کہا۔ "دوپہر کی روٹی کے بعد تانگا لے آنا۔"

"کہاں جانا ہے؟"

"میں نے چک بیدی جانا ہے۔ وہاں سے لاری پکڑوں گا۔ پاک پتن جاؤں گا۔"

احمد نے دریافت کیا۔ "ادھر کوئی کام ہے؟"

"نہیں۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "پاک پتن میں بابا شاہ فرید گنج شکر کے مزار پر حاضری دوں گا۔"

"وہاں جانے کا مزا تو جی عرس پر آتا ہے۔ پنج محرم کو عرس ہوتا ہے۔ دور دور سے بندے آتے ہیں۔ زبردست میلہ لگتا ہے۔"

"عرس پر بھی چلا جاؤں گا۔ پہلے بھی عرس پر جا چکا ہوں۔" رحیم داد نے لہجے میں افسردگی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "سچی گل پوچھ تو اللہ وسایا کے بعد دل بہت گھبراتا ہے۔ مزار پر حاضری دینے سے دل کو آرام ملے گا۔ اسی لیے جانا چاہتا ہوں۔"

"کب تک واپسی ہو گی؟" احمد نے پوچھا۔

"ارادہ تو رات ہی کو لوٹنے کا ہے پر مشکل لگتا ہے۔ بارشوں نے رستے خراب کر دیے ہیں۔ رات کو سفر کرنا ٹھیک نہیں۔ کل شام تک واپس آجاؤں گا۔ زمیں دارنی پوچھے تو بتا دینا۔"

"وہ تو جی کچھ نہیں پوچھے گی۔ وہ تو روتی رہتی ہے۔ نہ بولتی ہے نہ بات کرتی ہے۔ اسے تو جی زمیں دار کی موت کا بہت دکھ ہے۔ میں نوں نہیں پتہ تھا' وہ اس سے اتنا زیادہ پیار کرتی ہے۔"

رحیم داد نے بات کا رخ موڑا۔ "تاراں بھی تجھ سے اتنا ہی پیار کرتی ہے۔"

"توبہ کرو جی! وہ میری ذرا پروا نہیں کرتی۔" احمد نے گلہ کیا۔ "میں نوں کیہ پتہ' وہ مجھ سے کتنا ٹکرا کرتی ہے۔ ذرا ذرا سی گل بات پر رولا گولا کرتی ہے۔"

رحیم داد نے مزید بات چیت نہیں کی۔ احمد چلا گیا۔

رحیم داد مہمان خانے سے نکلا اور کھیتوں کی طرف چلا گیا۔ مزارعوں سے ملا' خریف کی فصل کے بارے میں ان سے ادھر ادھر کی بات چیت کی۔ اللہ وسایا کے بعد اب زمیں داری کی دیکھ بھال اسی کو کرنا تھی۔ وہ رفتہ رفتہ خود کو اس کے لیے تیار بھی کرنے لگا تھا۔ اس نے زمیں داری کے معاملات میں دلچسپی لینا شروع کر دیا تھا۔

وہ مہمان خانے میں واپس آیا تو دوپہر ہو چکی تھی۔ رحیم داد منہ ہاتھ دھو کر بیٹھا تھا کہ احمد کھانا لے کر آ گیا۔ کھانا چن کر اس نے بتایا۔ "زمیں دارنی کے پاس وکیل آیا بیٹھا ہے۔"

رحیم داد پریشان ہو گیا۔ اس نے جھٹ گلاس اٹھا کر پانی پیا اور احمد سے پوچھا۔ "وکیل کب آیا؟"

"اسے آئے تو دیر ہو گئی۔"

"تمیں نوں پتہ ہے' زمیں دارنی سے کیا گل بات کر رہا تھا؟"

"میں تو جی زمیں دارنی کے پاس گیا ہی نہیں۔"

"ایسی گل ہے تو تمیں نوں وکیل کے بارے میں کیسے پتہ چلا؟"

"تاراں نے بتایا۔ وہ زمیں دارنی کے پاس بیٹھی تھی۔"

"ادھر تو وکیل کا آنے کا ارادہ نہیں؟"

"ہاں جی' تاراں کہتی تھی' وہ تیرے پاس آنے کو بھی کہتا تھا۔"

رحیم داد پر ایک بار پھر گھبراہٹ نے حملہ کیا۔ اس نے روٹی کا لقمہ منہ میں رکھ لیا۔ گھبراہٹ پر ذرا قابو پایا تو اس نے احمد سے کہا۔ "تو میرے لیے تانگا نہ لانا۔"

"کیوں' پاک پتن نہیں جانا؟"

"وکیل سے بات چیت میں نہ جانے کتنی دیر لگ جائے۔" رحیم داد نے بات بنائی۔ "فیر کسی روز چلا جاؤں گا۔"

رحیم داد کھانے سے فارغ ہی ہوا تھا کہ وکیل محمد عثمان رندھاوا آ گیا۔ اس نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے رسمی انداز میں پوچھا۔ "چوہدری! کیا حال چال ہے؟"

رحیم داد نے اپنی گھبراہٹ اور پریشانی پر قابو پانے کے لیے چہرے پر افسردگی طاری کرنے کی کوشش کی۔ لہجے میں رقت پیدا کرتے ہوئے بولا۔ "اب کیا حال چال رہ گیا جی!" اس نے لمبی سانس بھری۔ "اللہ وسایا کے بعد کچھ بھی چنگا نہیں لگتا۔ وہ اپنے ساتھ حویلی کی ساری خوشیاں اور ساری چہل پہل لے گیا۔"

"بہت نیک بندہ تھا۔ اس کا قتل بہت الم ناک حادثہ ہے۔" وکیل نے بھی غم زدہ لہجے میں اظہار خیال کیا۔

"زمیں دارنی کیا کہتی ہے؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"وہ بے چاری کیا کہے گی۔ اسے تو کچھ پتہ نہیں۔ وہ تو حویلی کی چار دیواری کے اندر عدت میں بیٹھی ہے۔"

"ایک چھوڑ دو تھانے دار تفتیش کے لیے آئے۔ لگتا ہے' کسی نے کچھ نہیں کیا۔ زمیں دارنی تو یہی بتاتی تھی۔"

"بتاتی تو مجھ سے بھی یہی تھی۔ پر میں نے کہاں' اسے کچھ پتہ نہیں۔"

رحیم داد نے چونکنا ہو کر وکیل کو دیکھا۔ اس نے ٹوہ لگانے کی کوشش کی۔ "کاتموں کا بھی کچھ سراغ ملا؟ کوئی گرفتاری شرفتاری ہوئی؟"

"ابھی تک تو کوئی گرفتاری نہیں ہوئی۔ میں یہاں آنے سے پہلے اس سب انسپکٹر سے ملا تھا' جسے اب تفتیش پر لگایا گیا ہے۔ پہلے جو انسپکٹر تفتیش کرتا رہا تھا' اس نے نامعلوم ملزمان کے خلاف صرف کیس رجسٹر کیا تھا اور کیس بگاڑنے کے لیے ایف آئی آر میں توڑ مروڑ کر غلط حالات اور واقعات درج کر دیے۔ زمیں دارنی نے جو ابتدائی رپورٹ لکھوائی تھی' اس میں اس طرح ردوبدل کر دیا جس سے ملزمان کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔"

"یہ تو اس نے بہت گندی حرکت کی۔" رحیم داد نے منہ بگاڑ کر جھنجلاہٹ ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ "اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی؟"

"ہو تو سکتی ہے۔" وکیل نے توجیہہ پیش کی۔ "دفعہ ۱۵۴ ضابطہ فوجداری کی رو سے متعلقہ پولیس افسر پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ابتدائی رپورٹ میں کسی بھی قسم کی ترمیم یا تبدیلی نہ کی جائے۔ اگر وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے تو اس کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعہ ۲۱۸ کے تحت کارروائی ہو سکتی ہے اور جرم ثابت ہونے پر ایسے پولیس افسر کو تین سال کی قید اور جرمانے کی سزا بھی ہو سکتی ہے۔" وکیل نے قدرے توقف کیا پھر گویا ہوا۔ "مگر میں نے اس سلسلے میں قانونی چارہ جوئی کرنے سے گریز کیا۔ سوچا اس مرحلہ پر پولیس سے بگاڑنا مناسب نہیں' البتہ انسپکٹر جنرل پولیس کو میں نے جو درخواست پیش کی تھی اس میں اس قانونی پہلو پر روشنی ڈالی تھی۔ آئی جی نے اس کا ضرور نوٹس لیا ہو گا۔ چنانچہ اس کے حکم پر ایس پی نے اس کی بجائے ایک اور انسپکٹر کو تفتیشی افسر مقرر کر دیا۔ لگتا ہے' وہ کیس میں پوری دلچسپی لے رہا ہے۔"

"وہ کیا بتاتا تھا؟" رحیم داد نے دھڑکتے دل سے پوچھا۔

"اس کا خیال ہے' اللہ وسایا کا قتل پرانی دشمنی کا نتیجہ ہے۔ اللہ وسایا کی صرف ایک ہی شخص سے دشمنی تھی۔ اور وہ احسان علی شاہ ہے۔ زمیں دارنی نے بھی اپنے بیان میں اسی پر شبہ ظاہر کیا ہے۔"

"میں نے تو جی احسان شاہ کو دیکھا بھی نہیں۔ سنا ہے بھلا بندہ نہیں ہے۔" رحیم داد نے صفائی پیش کی اور وکیل کو گمراہ کرنے کے لیے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "پر میں نے ایک گل اور بھی سنی ہے۔"

وکیل رندھاوا نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ "وہ کیا گل ہے؟"

"سنا ہے' اللہ وسایا کو زمیں دارنی کے بھائیوں نے قتل کیا اور رات ہی کو سرحد پار لوٹ بھی گئے۔" رحیم داد نے مسکین سی شکل بنا کر کہا۔ "ایک بار تو آدھی رات کو زمیں دارنی کا بھائی اور چاچا اسے لینے آئے تھے۔ ان کے ساتھ مسلح بندے بھی تھے' خود ان کے پاس بھی بھرے ہوئے پستول تھے۔ پر زمیں دارنی نے ان کے ساتھ جانے سے صاف انکار کردیا۔ اللہ وسایا تو اس رات شہر گیا ہوا تھا پر میں پہنچ گیا۔ ساری گل بات میرے سامنے ہوئی تھی۔"

"چوہدری! تو نے یہ بات کس سے سنی؟"

"مجھے تو حویلی کے نوکر حمدے نے سنائی تھی اور اسے لوہار کے منڈے نے بتائی تھی۔" رحیم داد نے وضاحت کی۔

"ویسے زمیں دارنی کے کانوں تک یہ گل پہنچ چکی ہے۔"

"اس نے کیا کہا؟" رحیم داد نے دھڑکتے دل سے دریافت کیا۔

"وہ کہتی ہے' یہ بالکل جھوٹ ہے۔ اس کے بھائی اور چاچا ہرگز ایسا نہیں کرسکتے۔ وہ اللہ وسایا کو کیوں قتل کرتے؟ وہ کبھی ان کے راستے میں نہیں آیا۔ اس کا فیصلہ تو اس نے زمیں دارنی ہی پر چھوڑ دیا تھا۔ وہ خود ہی اپنے بھائیوں کے ساتھ جانا نہیں چاہتی۔" وکیل نے جیلہ کا موقف بیان کیا۔ "زمیں دارنی کا خیال ہے کہ تفتیش کو غلط راستے پر ڈالنے کے لیے یہ افواہ جان بوجھ کر پھیلائی گئی ہے۔"

"اور وکیل صاحب' تمہارا کیا خیال ہے جی؟" رحیم داد نے زور زور سے دھڑکتا ہوا دل قابو میں کرنے کی کوشش کی۔

"چوہدری! میرا بھی یہی خیال ہے۔" رندھاوا نے نہایت اعتماد سے کہا۔ رحیم داد پر گھبراہٹ

ری ہونے لگی۔ اسے وکیل سے اس رد عمل کی توقع نہ تھی۔ وہ دم بخود بیٹھا رہا۔ وکیل نے بتایا۔
میں نے تفتیش کرنے والے پولیس انسپکٹر جنجوعہ سے جو کچھ معلوم کیا ہے' اس سے اندازہ ہوتا ہے
اس نے اللہ وسایا کے قتل کا کچھ سراغ نکال لیا ہے۔ اس نے نئے سرے سے تحقیقات شروع
ی ہے۔ وہ تو بہت پرامید نظر آتا ہے۔ کہتا تھا' جلد ہی گرفتاریاں شروع ہوجائیں گی۔"

رحیم داد نے بڑی مشکل سے اپنی سراسیمگی چھپائی اور سینے پر ہاتھ مار کے جوش و خروش سے
لا۔ "اگر یہ پتہ چل جائے کہ اللہ وسایا کا خون احسان شاہ نے کرایا ہے تو میں اسے زندہ نہیں
وڑوں گا۔ چاہے جان جائے یا پھانسی ہو۔ میں اللہ وسایا کا بدلہ اس سے ضرور لوں گا۔" اس نے
یل کی جانب تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "برا نہ منانا' مجھے تو پولیس کچھ کرتی شرتی لگتی نہیں۔ تھانے
ر تو خالی پیلی باتیں کرتے ہیں۔ کچھ بھی نہیں کریں گے۔"

"ایسی بات نہیں ہے۔" وکیل نے رحیم داد کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "پولیس میں سارے
فسر برے نہیں ہیں۔ ایسے فرض شناس بھی ہیں' جن کو اپنی ذمہ داری کا پورا پورا احساس ہے۔ جو
انے دار اب تفتیش کر رہا ہے' وہ بھی ایسا ہی پولیس افسر ہے۔ وہ تیرے پاس بھی آئے گا اور
لدی آئے گا۔ پوچھ گچھ کرے گا' تیرا بیان بھی لے گا۔ تجھے جو کچھ معلوم ہو' صاف صاف بتا
یا۔"

"مان لو' کاتل اگر زمیں دارنی کے بھائی ہوئے' تب تھانے دار کیا کرے گا؟" رحیم داد نے اپنی
گھبراہٹ چھپانے کی غرض سے ایک بار پھر وکیل کو ورغلانے کی کوشش کی۔ "وہ تو اب ہاتھ آنے
سے رہے' راتوں رات سرحد پار چلے گئے ہوں گے۔ وہاں سے انھیں کیسے گرفتار کیا جاسکتا ہے۔"

"اگر ایسا ہے' تب تو قاتلوں کو گرفتار کرنا ممکن نہیں۔ مگر میرا خیال ہے' اللہ وسایا کو انھوں نے
تل نہیں کیا۔ زمیں دارنی کا بھی یہی خیال ہے اور انسپکٹر جنجوعہ کی باتوں سے بھی یہی ظاہر ہوتا
ہے۔"

"ایسا ہی ہوگا جی!" رحیم داد نے ہتھیار ڈال دیے۔

وکیل نے موضوع بدلتے ہوئے کہا۔ "چوہدری! میں تیرے پاس یہ بتانے آیا تھا کہ میں تیرے
لیم کے کاغذات جلد ہی لوٹا دوں گا۔ ابھی مجھے ان کی ضرورت پڑے گی۔"

"جب تک جی چاہے' اپنے پاس رکھیں۔ میں نوں واپس لینے کی جلدی نہیں۔ ان کے بارے
ں مجھے کوئی فکر نہیں۔"

اس درخواست کے بارے میں نہ رحیم داد نے کچھ کہا نہ وکیل نے بتایا' جس پر رحیم داد نے

دستخط کیے تھے۔ جلد ہی وکیل کھڑا ہوگیا' مسکرا کر بولا۔ "مجھے اب جانا ہے۔" رحیم داد اس کے ہم راہ بیرونی دروازے تک گیا۔

وکیل سے گفتگو کے بعد رحیم داد سخت پریشان ہوگیا۔ اسے سب سے زیادہ تشویش اس بات کی تھی کہ اگر پولیس انسپکٹر جنجوعہ تفتیش کے لیے آیا تو اسے تمام وقت یہ دھڑکا لگا رہے گا کہ کہیں وہ اسے پہچان نہ لے۔ اسی خطرے کے پیش نظر وہ کسی پولیس والے کا سامنا کرنے سے کتراتا تھا۔ وہ تفتیشی کارروائی میں کسی طور شریک ہونا نہیں چاہتا تھا۔ یہ بات وہ احسان شاہ سے بھی کہہ چکا تھا۔ احسان شاہ نے اسے یقین دلایا تھا کہ اللہ وسایا کے قتل کے معاملے میں اس سے مطلق پوچھ گچھ نہیں کی جائے گی۔ رحیم داد مطمئن بھی ہوگیا تھا اور یہ معلوم ہونے کے بعد اسے مزید اطمینان ہوگیا تھا کہ دونوں پولیس انسپکٹروں میں سے کوئی بھی اب تک اس کے پاس نہیں آیا تھا۔ مگر اب وکیل سے ملنے کے بعد اس کا اطمینان اور سکون درہم برہم ہوگیا تھا۔

دن اسی الجھن میں گزرا۔ شام بھی پریشانی میں کٹی۔ غروب آفتاب کے وقت ہلکی سی بارش ہوئی مگر اب آسمان صاف تھا۔ کہیں کہیں بادلوں کے ہلکے پھلکے ٹکڑے تیزی سے دوڑتے نظر آرہے تھے۔ رحیم داد کا پلنگ برآمدے میں بچھا تھا۔ وہ بستر پر خاموش لیٹا تھا۔ احمد بھی موجود تھا۔ رات گزرتی رہی۔ احمد اپنے بستر سے اٹھا۔ آہستہ سے کھنکارا۔ رحیم داد جاگ رہا تھا مگر خاموش لیٹا رہا۔ اس نے دیکھا کہ احمد دبے پاؤں دروازے پر پہنچا اور آہستہ سے دروازہ کھول کر باہر چلا گیا۔

☆

آدھی رات کے بعد بیرونی دروازہ دھیرے سے کھلا۔ رحیم داد ابھی تک جاگ رہا تھا اور کروٹ کے بل لیٹا ہوا تھا۔ نظریں دروازے ہی کی جانب تھیں۔ دروازہ کھلا تو اس نے سوچا کہ احمد آیا ہوگا۔ آنے والا دروازے میں داخل ہو کر آگے بڑھا تو تاروں کی دھندلی روشنی میں رحیم داد نے اس کی وضع قطع سے اندازہ لگایا کہ وہ احمد نہیں ہے۔ رحیم داد گھبرا کر اٹھ بیٹھا۔ غور سے دیکھا تو وہ دارا تھا۔ رحیم داد سخت گھبرایا۔

دارا قریب آیا تو رحیم داد نے دھیمی آواز میں پوچھا۔ "دارا! تو کیسے آیا؟" وہ کچھ کہنے ہی والا تھا کہ رحیم داد نے اسے روک دیا' دروازے کی جانب اشارہ کیا۔ "پہلے کنڈی چڑھا دے۔"

دارا نے کنڈی لگائی اور آہستہ آہستہ چلتا ہوا رحیم داد کے روبرو آکر کھڑا ہوگیا۔ رحیم داد نے تشویش کا اظہار کیا۔ "تو نے تو مجھے سخت پریشان کردیا۔ اب تک کہاں رہا؟ تیں نوں تو ریاست بھاول پور کی طرف نکل جانا تھا؟" دارا فرش پر بیٹھتے ہوئے عاجزی سے بولا۔ "بالکل یہی ارادہ تھا۔

آدھی رات کے بعد میں اور کامل بھاول پور جانے کے لیے بالکل تیار تھے۔"

"پر تو ادھر کیسے آیا؟" رحیم داد جھنجلا گیا۔

"وہ ایسا ہوا جی میں روٹی کھا کر جلد ہی سوگیا۔" دارا نے بتایا۔ "آنکھ کھلی تو کامل سامنے کھڑا ہوا تھا۔ وہ بہت گھبرایا ہوا لگتا تھا۔ اس نے بتایا پولیسے تیری تلاش میں آئے ہیں۔ تو فوراً پیچھے نکل جا۔" دارا نے دھیرے سے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "میں نے جی ایسا ہی کیا۔ دیوار پھاند کر واڑے گیا۔ ادھر مکئی کے کھیت تھے۔ میں ان میں گھس گیا اور چھپتا لکتا چک سے باہر نکل گیا۔"

"کامل نے تجھے یہ نہیں بتایا پولیسے تیری تلاش میں کیوں آئے تھے؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"یہ تو جی اس نے نہیں بتایا' وہ تو بہت ڈرا ہوا تھا۔ لگتا ہے' پولیس نے اللہ وسایا کے قتل کا راغ لگالیا ہے۔"

رحیم داد کو فوراً وکیل کی بات یاد آگئی۔ وہ خوف زدہ ہو کے دارا کو دیکھنے لگا۔ دارا نے اسے اس طرح گھورتے دیکھا تو پریشان ہو کر بولا۔ "تو مجھے اس طرح کیوں دیکھ رہا ہے؟"

"تجھے یہاں نہیں آنا چاہیے تھا۔ پولیسے پہلے ہی ادھر کے چکر کاٹ رہے ہیں۔ روز ہی تفتیش کے لیے آتے ہیں۔"

"پر جاتا کہاں۔" دارا نے مجبوری کا اظہار کیا۔ "چھپنے کا یہی ٹھکانا نظر آیا۔ تیں نوں پتہ ہے' کتنی مشکلوں سے پہنچا ہوں۔" دارا کے لہجے میں عاجزی تھی۔

رحیم داد کو غصہ تو بہت آیا مگر اس نے ضبط سے کام لیا۔ "آگے کے لیے تو نے کیا سوچا؟"

"تو مجھے کسی طرح ادھر سے نکال کر ریاست میں پہنچا دے۔ آگے کی فکر نہ کر۔ کامل رحیم یار خاں پہنچ کر میرا انتظار کرے گا۔ وہ اپنے ایک یار کے ساتھ ٹھیرے گا۔ میں نوں اس کا پتہ معلوم ہے۔ کامل کل کسی وکھت ادھر نکل جائے گا۔ میں پہلے پہنچ گیا تو رحیم یار خاں میں اس کے یار کے پاس رک کر انتظار کروں گا۔ یہ پروگرام ہم دونوں پہلے ہی بنا چکے ہیں۔ رحیم یار خاں سے ہم گڈی پکڑیں گے اور کراچی نکل جائیں گے۔"

رحیم داد کی سمجھ میں نہیں آیا کہ وہ اسے بھاول پور کیسے پہنچائے۔ کوئی ہر کشن میں اس کے اعتماد کا کوئی ایسا شخص نہیں تھا۔ لیکن اس نے اپنی مجبوری ظاہر نہیں کی۔ دارا کو تسلی دیتے ہوئے بولا۔ "تو اب سوجا۔ فکر نہ کر۔ میں کل تجھے ادھر پہنچانے کا بندوبست کردوں گا۔" اس نے دارا کو اوڑھنے کے لیے ایک چادر دے دی۔

دارا چادر لے کر برآمدے کے ایک گوشے میں فرش پر خاموشی سے لیٹ گیا۔ کچھ دیر بعد وہ

خرائے بھر رہا تھا۔ مگر رحیم داد نہیں سویا۔ وہ سخت پریشان تھا۔ دارا خطرہ بن کر بالکل اس کے قریب آگیا تھا۔ وہ خاموش لیٹا اس خطرے سے چھٹکارا پانے کی تدابیر سوچتا رہا۔ نہ وہ اسے بھاول پور پہنچا سکتا تھا نہ اپنے پاس روپوش رہنے کی اجازت دے سکتا تھا۔ وہ شدید ذہنی الجھن میں تھا۔

تھکا ہارا دارا اطمینان سے چادر اوڑھے سو رہا تھا اور رحیم داد بے چینی سے کروٹیں بدل رہا تھا۔ احمد کی طرف سے وہ مطمئن تھا کہ صبح سے پہلے اس کی واپسی ممکن نہیں۔ وہ اکثر رات گئے چپ چاپ نکل جاتا تھا اور صبح تک غائب رہتا تھا۔ رحیم داد نے سوچا' رات تو کسی نہ کسی طرح گزر جائے گی۔ صبح دارا کو کوٹھری میں چھپا کر باہر سے تالا ڈال دے گا۔

مگر وہ اسے اس طرح کب تک چھپا کر رکھ سکتا ہے؟ وہ اسے سویرا ہونے سے پہلے گاؤں سے نکل جانے کے لیے بھی کہہ سکتا تھا یا دن کو کوٹھری میں گزارنے کے بعد رات کو چلے جانے کے لیے کہتا۔ گاؤں کی حدود کے باہر نہر کے کنارے تک جا کر اسے چھوڑ بھی آتا۔ مگر اس میں خطرہ یہ تھا کہ اگر وہ پولیس کے ہتھے چڑھ گیا تو کیا ہوگا؟ رحیم داد لرز کر رہ گیا۔ اسے پھانسی کا پھندا سامنے لہراتا نظر آنے لگا۔

بہت غور و فکر کے بعد اسے دارا سے چھٹکارا حاصل کرنے کا ایک ہی راستہ نظر آیا اور وہ یہ تھا کہ دارا کا خطرہ سرے سے مٹا دیا جائے۔ اس سلسلے میں اس نے یہ منصوبہ تیار کیا کہ دن بھر دارا کو نہایت رازداری سے کوٹھری میں چھپائے رکھے گا۔ رات کا اندھیرا پھیلتے ہی احمد کو چھٹی دے دے گا۔ احمد خوشی سے چلا جائے گا۔ اس کے جانے کے بعد دارا سے کہے گا کہ وہ نہر کے کنارے پہنچ جائے اور اس کا انتظار کرے۔ بعد میں وہ بندوق لے کر جائے گا۔ دارا کو گھوڑی پر بٹھا کر دور ویرانے میں لے جائے گا۔ اور اسے گولی مار دے گا۔ لاش نہر میں ڈال دے گا۔ بارش کی وجہ سے نہر کا بہاؤ بہت تیز ہے۔ لاش بہتی ہوئی دور نکل جائے گی۔

یہ منصوبہ باندھ کر اسے کسی قدر سکون ملا۔ وہ گہری نیند سو گیا۔ صبح ہونے سے بہت پہلے اس کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے پریشان ہو کر دیکھا کہ دارا غائب ہے اور مہمان خانے کا دروازہ کھلا ہے۔

۳۰

تانگا ہچکولے کھاتا ہوا نہر کے کنارے کنارے چل رہا تھا۔ بارش کے باعث راستہ خراب تھا۔ جگہ' جگہ کیچڑ تھی' گڑھے تھے۔ کوچوان بہت احتیاط سے تانگا چلا رہا تھا۔ مگر جب کوئی پہیہ گڑھے میں چلا جاتا تو تانگا ایک طرف جھک جاتا یا الار ہو جاتا۔ رحیم داد کو بار بار پہلو بدلنا پڑتا۔ وہ بہت چوکس اور محتاط بیٹھا تھا۔

آسمان پر ابر چھایا تھا۔ نہر کی جانب سے بھیگے ہوئے جھونکے آ رہے تھے۔ فضا سہانی اور خوشگوار تھی۔ مگر رحیم داد گم صم بیٹھا تھا۔ چہرے سے تشویش جھلکتی تھی۔ تانگا چک بیدی کی سمت جا رہا تھا۔ رحیم داد سویرے سویرے کوٹلہ ہرکشن سے روانہ ہوا تھا۔ اب پہر دن گزر چکا تھا۔ تانگا نشیب سے نکل کر پلیا کی چڑھائی طے کرنے لگا تو معاً" رحیم داد کو اللہ وسایا یاد آگیا۔ اسی پلیا کے نیچے اس کی لاش نہر میں تیرتی ہوئی ملی تھی۔ اس نے سہمی ہوئی نظروں سے اس طرف دیکھا تو چہرے پر خوف اور پریشانی طاری ہو گئی۔ کوچوان اس کے احساسات سے بے نیاز گھوڑے کی پیٹھ پر سڑاک سڑاک چابکیں مار رہا تھا۔ چڑھائی پر اس کی رفتار بہت سست پڑ گئی تھی۔ چابکیں پڑیں تو گھوڑے نے تیز قدم اٹھائے۔ تانگا اوپر پہنچ گیا اور پختہ سڑک پر تیزی سے دوڑنے لگا۔

رحیم داد چک بیدی نہ گیا۔ اسے دراصل وہاں جانا بھی نہ تھا۔ چک بیدی سے پہلے فاضل پورہ کا اڈہ تھا۔ وہاں سے اسے لاری میں سوار ہونا تھا اور پاک پتن کے بجائے حویلی اسٹیشن پہنچنا تھا۔ لیکن اسے فاضل پورہ بھی نہ جانا پڑا۔ نظیر والی کے قریب حویلی اسٹیشن جانے کے لیے نیلی ٹرانسپورٹ کی لاری مل گئی۔ لاری روانہ ہونے کے لیے تیار کھڑی تھی۔

رحیم داد جھٹ تانگے سے اترا۔ کرایہ ادا کیا۔ اور لاری میں جاکر بیٹھ گیا۔ دوپہر کو وہ حویلی اسٹیشن پہنچ گیا۔ وہاں سے اسے احسان شاہ کے گاؤں' پیراں والہ جانا تھا۔ اسٹیشن سے متن والہ تک کنکر کی بنی ہوئی سڑک تھی۔ سڑک بہت دور تک آگے بھی جاتی تھی۔ اسی سڑک سے ایک پختہ سڑک پیراں والہ کو جاتی تھی۔ یہ سڑک احسان شاہ کی جاگیر میں واقع تھی۔ اسی نے بنوائی تھی اور اسی کی ملکیت سمجھی جاتی تھی۔ متن والہ کی سمت جانے والی کنکر کی سڑک شدید بارشوں سے ٹوٹ پھوٹ گئی تھی۔ لہٰذا ان دنوں اس پر بہت کم لاریاں چلتی تھیں۔

رحیم داد نے لاری کا انتظار کرنے کے بجائے تانگا لیا اور اس میں بیٹھ کر پیراں والہ کی جانب روانہ ہوگیا۔ سڑک خراب ہونے کے باوجود تانگا سورج غروب ہونے سے پہلے ہی احسان شاہ کی حویلی پر پہنچ گیا۔ احسان شاہ گھوڑی پر سوار ہوکر ہواخوری کے لیے روانہ ہونے والا تھا۔ حویلی کے پھاٹک پر رحیم داد سے اس کی مڈبھیڑ ہوگئی۔ دیکھتے ہی جھٹ گھوڑی سے نیچے اترا۔ بڑھ کر گرم جوشی سے رحیم داد کو گلے لگایا۔ ہواخوری کا ارادہ ترک کیا۔ رحیم داد کو اپنے ہم راہ دیوان خانے میں لے گیا۔

احسان شاہ ایک صوفے پر بیٹھ گیا۔ رحیم داد کو بھی قریب بٹھایا۔ مسکرا کر پوچھا۔ "چوہدری تو تانگے میں کہاں سے آرہا ہے؟"

"آتو میں کوٹلہ ہرکشن ہی سے رہا ہوں۔ آگے بھی اسی رستے سے آتا رہوں گا۔"

"پر یہ تو بہت لمبا اور چکر کا راستہ ہے۔" احسان شاہ نے حیرت کا اظہار کیا۔ "تو نے یہ راستہ کیوں پکڑا؟"

"نہر کے کنارے کا رستہ چھوٹا ہے۔ میں گھوڑی پر بیٹھ کر آرام سے آجا بھی سکتا ہوں۔ پر اس رستے کو استعمال کرنے سے شبہ پیدا ہو سکتا ہے۔ اسی لیے میں نے یہ چکر کا رستہ پکڑا۔"

"جیسی تیری مرضی۔" احسان شاہ نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "اب تجھے کس کی پروا کرنی ہے؟ میں نے تیرا راستہ بالکل صاف کردیا ہے۔ اللہ دسایا سے ڈرتا تھا' وہ تو اب رہا نہیں۔"

"یہ تو ٹھیک ہے' پر مجھے بہت خوف لگ رہا ہے۔ ہر طرف خطرہ ہی خطرہ نظر آتا ہے۔" رحیم داد نے اپنی تشویش کا اظہار کیا۔

"پروا نہ کر چوہدری۔ کوئی خطرے شطرے کی گل نہیں۔" احسان علی شاہ نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "یہ بتا تیرے پاس کوئی پولیسا تو پوچھ گچھ کے لیے نہیں آیا؟"

"ابھی تک تو کوئی نہیں آیا۔ دو تھانے دار تفتیش کے لیے آئے۔ پہلے اس تحصیل کا پنچا۔ پر ب تفتیش پاک پتن تحصیل کے تھانے دار کے حوالے کردی گئی ہے۔ وہ بھی جمیلہ اور حویلی کے وکروں سے پوچھ تاچھ کرکے اور ان کے بیانات لے کر چلا گیا۔"

"مجھے اس کا پتہ ہے۔" احسان شاہ بیچ میں بول پڑا۔ "پر تجھ سے تو کسی نے بیان شیان نہیں لیا۔ نہ تیرے پاس آیا؟"

"یہ تو ٹھیک ہے۔ پر پچھلے دنوں وکیل آیا تھا۔ بتاتا تھا اس نے زمیں دارنی کی طرف سے اوپر درخواست لگائی تھی۔ اسی درخواست پر تفتیش کا کام دوسرے تھانے دار کو دیا گیا۔ وکیل اس تھانیدار سے ملا تھا۔ کہتا تھا اس نے سراغ نکال لیا ہے۔ جلد ہی گرفتاریاں بھی ہونے والی ہیں۔"

رحیم داد کے چہرے پر سراسیمگی اور پریشانی چھاگئی۔ "وکیل نے یہ بھی بتایا' تھانے دار جلد ہی میرے پاس بھی پوچھ تاچھ کرنے آئے گا۔"

"تو گویا گل اس طرح ہے۔" احسان شاہ نے بڑبڑانے کے انداز میں آہستہ سے کہا اور گردن جھکا کر سوچنے لگا۔ "تجھے یہ اطلاع ملتے ہی فوراً میرے پاس آنا چاہیے تھا۔" احسان شاہ کے لہجے سے تشویش کا اظہار ہو رہا تھا۔ "میں نے ماکھے کو تجھے بلانے کے لیے بھیجا بھی تھا۔"

"میں تو جی وکیل سے بات کرنے کے بعد دوسرے ہی روز آنا چاہتا تھا پر کئی روز تک ایسی زبردست برکھا ہوئی کہ رکی ہی نہیں۔ رستے بھی خراب ہیں۔ میں ایسے میں کیسے آتا۔ رات کو مینہ رکا تو میں سویرے سویرے تیرے پاس آنے کے لیے نکل کھڑا ہوا۔" رحیم داد نے صفائی پیش کی۔

"اچھا کیا تو آگیا اور ساری باتیں مجھے بتادیں۔" احسان شاہ نے اسے اطمینان دلایا۔ "فکر نہ کر سب ٹھیک ہوجائے گا۔ وہ تھانے دار جواب تفتیش کر رہا ہے' اس کا نام اسلم حیات جنجوعہ ہے نا؟"

"وکیل نے اس کا یہی نام بتایا تھا۔"

"لگتا ہے جمیلہ کی درخواست پر ہی اسے ڈی۔ ایس۔ پی نے لگایا ہے۔ جنجوعہ کارگزاری دکھانے پر تلا ہوا ہے۔" احسان شاہ مسکرایا۔ "تو اس کی پروا نہ کر۔ اس کا بھی بندوبست ہوجائے گا۔"

"میں نوں تو اس سے خوف آنے لگا ہے۔ میرے پاس پوچھ تاچھ کے لیے آیا اور اس نے الٹے سیدھے سوال کیے تو ڈر ہے نہ جانے کیا زبان سے نکل جائے۔ سچ پوچھ تو میں کبھی کتل شتل کے معاملوں میں پڑا نہیں۔ اسی لیے تجھ سے میں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ ایسا بندوبست کردے کہ میں نوں پولیس کے چکروں میں نہ پڑنا پڑے۔"

احسان شاہ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "ابھی بہت کچا ہے۔ جلدی گھبرا جاتا ہے۔ ڈرتا بھی ہے۔ چوہدری! زمیں داری کرنی ہے تو وڈا دل رکھ۔ حوصلے سے کام لے۔" اس کا لہجہ بھاری بھرکم ہوگیا۔ "ایسے

چوہدری بھی آیا ہوا ہے۔"

شیدا نظریں جھکا کر بولا۔ "کرسیاں اور میز تو لگا دی ہیں جی۔ بوتل اور گلاس بھی لیے آتا ہوں۔"

احسان شاہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ "چوہدری' باہر آجا۔ وہیں گل بات ہو گی۔"

رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا۔ دونوں لان میں پہنچے اور کرسیوں پر آمنے سامنے بیٹھ گئے۔ شیدا اسکاچ کی بوتل' گلاس اور جگ میں پانی لے آیا۔ اس نے نہایت مستعدی سے دو پیگ بنائے اور گلاس احسان شاہ اور رحیم داد کے آگے رکھ دیئے۔ دونوں نے گلاس اٹھا کر وہسکی کے گھونٹ بھرے۔

رحیم داد نے بے چین ہو کر پوچھا۔ "تو نے یہ نہیں بتایا دارا اب کہاں ہے؟ اس کا کیا بنا؟"

"وہ ریاست بہاول پور کی طرف نکل جانا چاہتا تھا۔ میں نے اسی رات اسے ریاست کی حدود میں پہنچا دیا۔"

"تیں نوں ٹھیک طرح پتہ ہے' وہ ادھر پہنچ گیا؟"

"میرے کرندے ساتھ گئے تھے۔ اسے ادھر پہنچا کر مجھے انہوں نے اطلاع بھی پہنچا دی تھی۔"

احسان شاہ نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "میرا تو خیال ہے اب تک وہ کراچی پہنچ چکا ہو گا تو اس کی طرف سے بالکل فکر نہ کر۔ ویسے وہ بہت ہوشیار بندہ ہے۔ وہ جلد ہی کراچی سے بحرین کی طرف نکل جائے گا۔ مجھے تو وہیں جانے کے لیے کہتا تھا۔"

رحیم داد وہسکی کی ہلکی ہلکی چسکی لگاتا رہا۔ کچھ دیر خاموش بیٹھا رہا۔ پھر اس نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔ "شاہ جی! تجھ سے ایک گل پوچھنی تھی؟"

"ضرور پوچھ۔" احسان ہنس کر بولا۔

"اللہ وسایا کے قتل کے موقع پر تو بھی موجود تھا؟"

"ہاں!" احسان شاہ نے اعتراف کیا۔ "ویسے میں عام طور پر ایسے موقعوں پر موجود نہیں رہتا۔ ایسے کام کے لیے میرے بندے بہت ہوشیار ہیں۔ پر اللہ وسایا ادھر کا وڈا زمیں دار تھا۔ ہوشیاری سے سوچ سمجھ کر کام کرنا تھا۔ آگے کا بھی تو دھیان رکھنا پڑتا ہے۔ اس لیے میں خود پہنچ گیا۔ تجھے پتہ ہے' بیلا میری حویلی سے بہت زیادہ دور نہیں۔ نزدیک کا معاملہ تھا۔ سوچا' اپنے سامنے ہی یہ کام کرا دوں۔ بات یہ ہے' پہلے بھی کئی بار میرے بندوں نے اسے قتل کرنے کی کوشش کی۔ پر وہ بچ کر صاف نکل گیا۔ میں چاہتا تھا اس بار بچ کر نکلنے نہ پائے۔" اس نے وہسکی کا گھونٹ بھرا۔ "پر یہ بات تجھے دارا نے بتائی ہو گی۔"

"وہ یہ بھی بتاتا تھا کہ اسی نے دونوں بار گولیاں چلائیں اور انھیں کے لگنے سے وہ مرا۔" رحیم

خطرے تو آگے روز ہی آتے رہیں گے۔ کب تک ڈرتا رہے گا؟" اس نے رحیم داد کو گہری نظروں سے دیکھا۔ "پریشان نہ ہو۔ ایسا بھی وقت آئے گا اور جلد ہی آئے گا جب تجھے خطرہ' خطرہ نہ لگے گا بلکہ خطرہ مول لینے میں مزا آئے گا۔"

"میں نوں ڈر اس لیے بھی لگ رہا ہے کہ وکیل کہتا تھا' تھانے دار نے اللہ وسایا کے قتل کا پتہ چلا لیا ہے۔ لگتا ہے وہ ٹھیک ہی کہتا تھا۔ تیں نوں پتہ نہیں پولیس نے دارا کے ٹھکانے پر پچھلے دنوں رات کو چھاپہ مارا۔ وہ کسی نہ کسی طرح بچ کر نکل بھاگا۔ سیدھا میرے پاس آیا۔ میں حویلی کے مہمان خانے میں اس رات اکیلا ہی تھا۔ اسے اپنے ساتھ ٹھیرا لیا۔ پر وہ صبح ہونے سے پہلے ہی چپکے سے اٹھ کر بھاگ گیا۔ جانے کہاں ہے؟ پولیسوں کے ہاتھ لگ گیا تب تو بہت گڑبڑ ہو جائے گی۔ اس کے اس طرح فرار ہونے نے مجھے اور بھی زیادہ خوف میں ڈال دیا۔" رحیم داد کے بشرے سے پریشانی ٹپکنے لگی۔ "شاہ جی! یہ تو سوچ' وہ گرفتار کر لیا گیا تو پولیس کو پکا ثبوت مل جائے گا۔"

"تجھے اب تک یہ بھی پتہ نہیں کہ دارا کہاں ہے؟"

"میں نوں کیہ پتہ جی۔" رحیم داد نے حیرت سے کہا۔ "اس رات کے بعد سے وہ ملا ہی کب۔"

"میں تجھے بتاتا ہوں' دارا کہاں ہے۔" احسان شاہ نے بے نیازی سے مسکراتے ہوئے بتایا۔ "تیرے پاس سے وہ سیدھا ادھر آیا۔ اور یہ اس نے ٹھیک ہی کیا۔ شیدا اسے میرے پاس لایا۔ میری اطلاع یہ ہے کہ پولیس نے اللہ وسایا کے قتل کے سلسلے میں چھاپہ نہیں مارا تھا۔ وہ اسے کسی دوسرے ہی کیس میں گرفتار کرنا چاہتی تھی۔"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔ "یہ بات تجھے دارا نے بتائی؟" رحیم داد کا دل خوف سے زور زور سے دھڑکنے لگا۔

"نہیں۔" احسان شاہ نے جواب دیا۔ "نہ میں نے اس بارے میں اس سے پوچھا نہ اس نے بتایا۔ ویسے مجھے اس وقت تک کچھ پتہ بھی نہیں تھا۔ بعد میں معلوم کرنے پر یہ اطلاع ملی کہ پولیس کسی اور کیس میں اسے تلاش کر رہی ہے۔"

اب شام کا اندھیرا پھیل چکا تھا۔ دیوان خانے اور اس سے متصل برآمدے میں لیمپ روشن کر دیئے گئے تھے۔ نوکروں نے برآمدے کے آگے لان میں میز اور کرسیاں لگا دی تھیں۔ شیدا آہستہ آہستہ چلتا ہوا آیا اور ایک طرف کھڑا ہو گیا۔ احسان شاہ نے پوچھا۔ "شیدے! تو نے اب تک کچھ بندوبست نہیں کیا؟" وہ مسکرایا۔ "برسات کی یہ سوہنی شام ایسے ہی گزرتی جا رہی ہے۔

دادنے پوچھا۔ "کیا یہ سچ ہے؟"

"دارا نے ٹھیک ہی بتایا۔ میں نے جان بوجھ کر اسی سے گولیاں چلوائیں۔" احسان شاہ نے آنکھ دبا کر عیاری سے مسکرایا۔ "میں نے تیری باتوں سے اندازہ لگایا تھا کہ تو اسے کسی سنگین جرم میں پھنسا کر اپنے کابو میں رکھنا چاہتا ہے۔" وہ ہنسا۔ "میں نے غلط تو نہیں سوچا۔"

"تو نے ٹھیک ہی سوچا۔" رحیم داد انکار نہ کر سکا۔ مگر وہ پریشان ہو گیا۔ اس نے اپنی پریشانی پر قابو پانے کے لیے وہسکی کا بڑا گھونٹ بھرا۔ مسکرانے کی کوشش کی۔ "شاہ جی! تیرا ابھی جواب نہیں۔ حد کر دی تو نے۔"

"تجھے پتہ نہیں، مجھے روز ہی طرح طرح کے بندوں سے ملنا پڑتا ہے۔" احسان شاہ نے فخر سے گردن اونچی کرتے ہوئے بتایا۔ "اگر اتنی سمجھ نہ رکھتا تو کوئی میرے پاس مشورے کے لیے کیوں آنے لگا؟ ساتھ رہے گا تو تجھے خود پتہ چل جائے گا۔ ابھی تو تیرے ساتھ میرا نیا نیا ملنا جلنا ہوا ہے۔"

"یہ تو بتا شاہ جی، تھانے دار جنجوعہ کا کیا بندوبست کرنے والا ہے۔" رحیم داد نے اپنی تشویش ظاہر کی۔ "جلد ہی کچھ ہونا چاہیے۔ ورنہ وہ کسی روز میرے پاس پہنچ جائے گا۔"

"فکر نہ کر۔ وہ تیرے پاس کبھی نہیں پہنچے گا۔" احسان شاہ نے اسے اطمینان دلایا۔ "ادھر کا ایس پی فتح علی مرزا ہے۔ وہ ڈی۔ آئی۔ جی بن نے کے چکر میں لگا ہے۔ ویسے ہے بھی سینئر افسر۔ میرے پاس کئی بار آچکا ہے۔ تجھے پتہ نہیں، میرا ایک پتر کراچی میں مرکزی حکومت میں وڈا افسر لگا ہے۔ دوسرا لہور میں ہوتا ہے۔ تیسرا پنڈی میں۔ وہ دونوں بھی وڈے افسر ہیں۔ ویسے دوسرے افسروں اور اسمبلیوں کے ممبروں سے بھی یاری دوستی ہے۔ ان کے کام کراتا ہوں تو ان سے کام لیتا بھی ہوں۔" وہ نشے سے جھوم کر مسکرایا۔ "اطمینان رکھ۔ ایس۔ پی سے کہہ کر جنجوعہ کا تبادلہ کرا دوں گا۔ اور جلد ہی کرا دوں گا۔"

"ایسا ہو جائے تو بہت ٹھیک رہے گا۔ وکیل کی باتیں سن کر میں نوں خوف آنے لگا تھا۔"

"تیرے کہنے سے پہلے ہی مجھے اندازہ ہو گیا تھا، تھانے دار جنجوعہ کارگزاری دکھانے کے لیے کچھ نہ کچھ گڑبڑ ضرور کرے گا۔ میں نے اس کے تبادلے کے بارے میں سوچ رکھا تھا۔ کل ہی مرزا سے بات کروں گا۔"

شیدا پلیٹوں میں تلے ہوئے مرغ اور کباب لے کر آیا اور میز پر رکھ کر چپ چاپ چلا گیا۔ رحیم داد نے کباب اٹھا کر کھاتے ہوئے کہا۔ "شاہ جی، اس بار کسی ایسے تھانے دار کو لگوا جو کیس کو بالکل

دبا دے۔"

"پروا نہ کر۔ بالکل ایسا ہی ہو گا۔"

"ویسے میں تجھے یہ بتا دوں، جمیلہ اپنے وکیل کے ذریعے معاملہ اوپر تک لے جائے گی۔" رحیم داد نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔

"لے جانے دے۔ جتنا چاہے اوپر لے جائے۔" احسان شاہ نے پلیٹ سے تلا ہوا مرغ اٹھایا اور اس کی ایک ٹانگ نوچ کر علیحدہ کرنے لگا۔ "پر کچھ ہونے کا نہیں۔"

"باتوں میں ایسا پھنسا کہ تیں نوں ایک گل بتانا بھول ہی گیا۔ اور وہ بہت کام کی گل ہے۔"

"کیا گل ہے، صاف صاف بتا۔"

"تھانے دار کا خیال ہے اللہ وسایا کا قتل پرانی دشمنی کی وجہ سے ہوا۔" رحیم داد نے احسان کو آگاہ کیا۔ "یہ گل جمیلہ نے اسے سمجھائی۔ جمیلہ نے پچھلے دنوں مجھے بلایا تھا۔ کہتی تھی اس نے تھانے دار سے یہی کہا ہے۔ پہلا تھانے دار تو نہ مانا۔ پر اب جو تفتیش کر رہا ہے، وہ اسے مانتا ہے۔ جمیلہ نے تیرے بارے میں تھانے دار سے شبہ ظاہر کیا ہے۔ اس نے مجھے یہ بھی بتایا تھا۔"

"یہ تو بہت پہلے ہی مجھے پتہ چل گیا تھا۔" احسان شاہ کا لہجہ تیکھا تھا۔ "تو نے یہ کوئی نئی گل نہیں بتائی۔ جمیلہ کو تو یہ کہنا ہی تھا۔"

"تو نے میری پوری گل نہیں سنی۔" رحیم داد نشے کی ترنگ میں مسکرایا۔ "میں نوں تجھے یہ بتانا ہے، اللہ وسایا کی پرانی دشمنی تو جمیلہ کے بھائیوں سے بھی تھی اور تجھ سے زیادہ تھی۔ اللہ وسایا ان کا مزارع تھا۔ اپنے معمولی مزارعے، اور وہ بھی مسلمان مزارعے کے گھر میں اپنی بہین کو اس کی گھر والی کے طور پر کیسے دیکھ سکتے ہیں۔ وہ بھی تو اسے قتل کر سکتے ہیں۔"

"یہ بات تو نے سوچی ہے؟" احسان شاہ نے پوچھا۔

"نہیں مجھے حویلی کے ایک نوکر نے بتائی ہے۔" رحیم داد نے کھل کر اظہار خیال کیا۔ "وہ کہتا تھا کوٹلہ ہرکشن میں اس کا بہت چرچا ہے کہ اللہ وسایا کو جمیلہ کے بھائیوں نے قتل کیا اور رات ہی کو واردات کے بعد سرحد پار چلے گئے۔"

"نکتہ تو یہ بہت زوردار ہے۔" احسان شاہ نے اظہار پسندیدگی کیا۔ "ان پر بالکل شبہ کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح تفتیش کو ایسے رخ پر ڈالا جا سکتا ہے کہ آگے بڑھنے ہی نہ پائے۔"

"میں چاہتا ہوں تو اوپر کے پولس افسروں کے کان میں یہ بات ڈال دے۔" رحیم داد نے تجویز پیش کی۔ "نیا تھانے دار تفتیش پر لگایا جائے تو وہ اس طرح آسانی سے کیس یہ کہہ کر دبا سکتا ہے کہ

کاتل جمیلہ کے بھائی تھے جو سرحد پار جا چکے ہیں۔ ان کے خلاف کارروائی نہیں ہو سکتی۔" اس نے داد طلب نظروں سے احسان شاہ کی جانب دیکھا۔ "ویسے یہ بات پنڈ میں سب ہی جانتے ہیں کہ جمیلہ کے بھائی کئی بار اسے لینے آئے۔ ایک بار تو میرے سامنے آئے تھے پر وہ نہیں گئی۔"

"تو نے ٹھیک سوچا چوہدری۔" احسان شاہ نے قہقہہ لگایا۔ "یہ نکتہ پیدا کر کے تو نے دل خوش کر دیا۔ تو اندر سے اتنا گہرا ہے یہ مجھے پتہ نہ تھا۔"

احسان شاہ کھلکھلا کر ہنسا اور چند لمحے تک ہنستا رہا۔ وہ بہت خوش اور مگن نظر آ رہا تھا۔ رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "ویسے یہ بات جمیلہ تک بھی پہنچ چکی ہے۔ وکیل کہتا تھا' وہ یہ سن کر بہت ناراض ہوئی۔"

"اسے تو ناراض ہونا ہی تھا۔ وہ کیسے چاہے گی' اللہ وسایا کے کتل کا الزام اس کے بھائیوں پر لگے۔" احسان شاہ نے وہسکی کا گھونٹ بھرا۔ "وہ تو اسے کبھی نہیں مانے گی۔ پر اس کے ماننے نہ ماننے سے کیا فرق پڑتا ہے۔"

اس نے نشے کی جھونک میں لہرا کر رحیم داد کو خمار آلود نظروں سے دیکھا۔ "چوہدری تو نے بہت چنگا نکتہ نکالا' بہت چنگا نکتہ نکالا۔ اس بنیاد پر آسانی سے کیس دبایا جا سکتا ہے۔ شبہ بھی نہ ہو گا۔ سن نے والے اسے مان بھی لیں گے۔ جمیلہ کے مغویہ ہونے سے یہ فائدہ تو اٹھایا ہی جا سکتا ہے۔ یہ بات تو آس پاس کے علاقے میں بھی پھیلائی جا سکتی ہے۔ جلد ہی پھیل بھی جائے گی۔ یہاں سے سرحد ۳۰ میل سے زیادہ فاصلے پر نہیں۔ حویلی سٹیشن سے سرحد تک پکی سڑک جاتی ہے۔ اس سڑک پر رات تو رات' دن کو بھی سمگلروں کے اونٹ اور ٹرک دوڑتے پھرتے ہیں۔ کاتل آسانی سے واردات کے بعد فرار ہو سکتے ہیں۔"

"ایک گل تجھے اور بتانی تھی۔"

"بتا بتا' ضرور بتا۔" وہ خوش ہو کر ہنسا۔ "آج تو بہت چنگی باتیں کر رہا ہے۔"

"گل ایسہ ہے جی' کبیر والا کے جس زمیں دار کی کڑی سے میرا ویاہ ہونے والا تھا' وہ رشتہ اس نے خود ہی توڑ دیا۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "جمیلہ نے یہی بتانے کے لیے مجھے بلایا تھا۔ اس کے پاس چوہدری اکرم کا چچیرا اور بھرجائی آئے تھے۔"

"یہ تو بہت ٹھیک ہوا۔ ویسے میں تجھے پہلے ہی خبردار کر چکا تھا کہ یہ بھی اللہ وسایا کا چکر ہے۔ اب تو نے خود ہی دیکھ لیا' اس کے مرتے ہی رشتہ ٹوٹ گیا۔ چوہدری! سچی گل تو ایسہ ہے' تجھ سے حویلی اور اراضی ہتھیانے کے لیے اللہ وسایا کی یہ بھی چال تھی۔" اس نے قہقہہ بلند کیا۔ "تجھے اب

یں اور ویاہ کرنے کی کیا ضرورت۔ جمیلہ موجود ہی ہے۔ اس سے نکاح پڑھا لینا۔"

"مشکل ہی معلوم ہوتا ہے۔" رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "لگتا ہے' وہ تو اب کسی ے نکاح شکاح نہیں کرنے کی۔ تو نے اس کا سیاپا نہیں دیکھا۔ ہر دم روتی ہی رہتی ہے۔"

"رانڈ ہونے کے بعد ہر زنانی ایسے ہی سیاپا کرتی ہے۔ بعد میں سب کچھ بھول جاتی ہے۔ جمیلہ لی زنانی نہیں۔ ابھی تو وہ بھرپور جوان ہے۔" احسان شاہ نے رحیم داد کو سمجھانے کی کوشش کی۔ ر وہ نہ مانا۔ "شاہ جی' وہ اور ہی طرح کی زنانی ہے۔ تیں نوں اس کے بارے میں ٹھیک سے پتہ ں۔"

"مجھے سب پتہ ہے۔" احسان علی شاہ ہنس کر بولا۔ "تو دیکھتا جا۔ جیسا کہوں ویسا کر۔ جلد بازی کی ورت نہیں۔ ابھی تو چوٹ تازہ ہے۔ اس سے ہمدردی جتا۔ اسے تسلی دے۔ اس کا دل بہلانے کوشش کر۔ اس کے بچوں سے پیار کر۔ ہر طرح اس کا غم بھلانے اور اس کے دل میں اپنی جگہ ا کرنے کی کوشش کر۔ فیر دیکھ وہ کیسے کابو آتی ہے۔ پکے پھل کی طرح تیری جھولی میں گرے ۔"

"پر ابھی تو وہ عدّت میں ہے۔ مجھ سے گل بات کی تو منہ بکل مار کر چھپا لیا تھا۔ پیٹھ موڑ کر بیٹھی ں۔ ابھی تو وہ میرے سامنے آتی بھی نہیں۔ نہ ہی میں اس کے پاس جا سکتا ہوں۔ ملا کہتا ہے عدّت ے دنوں میں وہ نامحرم کے سامنے نہیں آ سکتی۔ میں اس کے لیے نامحرم ہی تو ہوں۔ میں اس کا کون سکا یا شیریکا لگتا ہوں۔"

"اور وہ کون سی پکی مسلمان ہے۔ مجھے پتہ ہے وہ کیسے مسلمان ہوئی اور کیوں ہوئی؟" احسان شاہ لہجہ قدرے تیکھا تھا۔ "نہ کبھی اس نے پردہ شردہ کیا نہ وڈے زمینداروں کی زنانیوں کی طرح گھر ے اندر بیٹھی۔ اس کا رہن سہن تو ہمیشہ ہندنیوں جیسا رہا۔ تو نے اسے بہت نزدیک سے دیکھا ہے۔ ب بن سنور کر ادھر سے ادھر تتلی کی طرح اڑی اڑی پھرتی تھی۔ وہ زیادہ دن ایسے بند ہو کر نہیں ے گی۔ زیادہ سے زیادہ عدّت کے دنوں میں حویلی سے باہر نہیں جائے گی۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ مگر احسان شاہ زیادہ دیر خاموش نہ رہ سکا۔ وہسکی کی چسکی لگاتے ہوئے لا۔ "چوہدری۔ آج رات ادھر ہی ٹھیر جا۔"

"آیا تو اسی ارادے سے تھا۔ واپسی کے لیے گھوڑی بھی میرے پاس نہیں۔"

"گھوڑی تو تجھے مل جائے گی پر اس سے شبہ پیدا ہو سکتا ہے۔ بلکہ آگے بھی تو گھوڑی کی بجائے ں رستے سے آیا کر جس سے آج آیا ہے۔ جمیلہ کو ہرگز پتہ نہیں چلنا چاہیے میرا تیرا میل ملاپ

ہے' ورنہ بھڑک جائے گی۔"

"میں نے یہی سوچ کر یہ رستہ پکڑا ہے۔"

"اللہ وسایا تو مزارع ہی رہا۔ اپنا تانگا بھی نہ رکھا۔ پر تو ایسا نہ کرنا۔ تانگا ضرور رکھنا۔ زمیں داری کے چکر میں روز ہی ادھر ادھر جانا پڑتا ہے۔ میرے پاس تو کار بھی تھی۔ پر اب تو پرانی ہو کر بے کار پڑی ہے۔ ویسے پچھلے دنوں میں نے ایک جیپ خرید لی ہے۔ لہور میں ہے۔ جلد ہی پہنچ جائے گی۔ اس کی مجھے سخت ضرورت تھی۔"

"شاہ جی تو ٹھیرا وڈا زمیں دار بلکہ جاگیردار۔ سواری کے لیے چاہے تو نئی موٹر بھی خرید سکتا ہے۔ پر میرے پاس اتنی رکم کہاں۔" رحیم داد نے اپنی مجبوری کا اظہار کیا۔ "اللہ وسایا کے پاس بھی کچھ نہیں تھا۔ جو کچھ تھا اس سے ۱۲ مربع کلیم خرید لیا تھا۔ وہ بھی جمیلہ نے سکول اور ڈسپنسری بنانے کے لیے بچا کر رکھا تھا۔"

"سب بکواس ہے۔" احسان شاہ نے تلخی سے کہا۔ "اس کے پاس بہت پیسہ تھا۔ یہ تو اس نے تجھ سے چھپانے کے لیے سب کچھ کیا تھا۔ اسے زمیں داری اپنے کبنے میں ہی رکھنی تھی۔ یہ دکھا کر وہ زمیں داری میں سے تجھے کچھ دینا نہیں چاہتا تھا۔" اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔

"اب تجھے زمیں داری سنبھالنی ہے اور اس طرح نہیں چلانی جیسے اب تک چلتی رہی۔ اللہ وسایا نے تو مزارعوں کے اتنے دماغ خراب کر دیئے تھے کہ سارے ہی اپنے تئیں زمیں دار بن گئے۔ سنا ہے' ویگار وہ نہیں کرتے۔ بٹائی میں بھی پورا پورا نصف حصہ لیتے ہیں۔ ایک گل ہو تو بتاؤں' تیرے پنڈ اور تیری زمیں داری کی ہر گل نرالی ہے۔" اس نے وہسکی کی چسکی لگائی۔ "سمجھ نہیں آتی تو ان بگڑے ہوئے مزارعوں اور کمیوں کے ساتھ کیسے کام چلائے گا۔"

"شاہ جی! تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے۔ پنڈ میں بالکل ایسا ہی ہوتا رہا۔ جب تک اللہ وسایا زندہ تھا میں نے زمیں داری کے معاملے میں کبھی نہ کچھ پوچھا اور نہ ہی اس میں حصہ لینے کی کوشش کی۔ ویسے میں نے جمیلہ سے بھی ابھی تک زمیں داری کے بارے میں کوئی گل بات نہیں کی۔"

"ابھی اس سے ایسی گل بات کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔" احسان شاہ نے مشورہ دیا۔ "پر آگے کے لیے تجھے ابھی سے سوچنا ہوگا۔ اور ویسے ہی زمیں داری چلانی ہوگی جیسے زمیں داری چلائی جاتی ہے۔"

"جیسا تو کہتا ہے' ویسا ہی کروں گا۔" رحیم داد نے مشورہ قبول کرتے ہوئے اسے صورت حال سے بھی آگاہ کیا۔ "شاہ جی! ویسے تو زمیندار اللہ وسایا ہی تھا۔ پر زمیں داری کے سارے معاملات

ر پر جمیلہ ہی طے کرتی رہی ہے۔ حساب کتاب تو سارا ہی اسی کے پاس رہتا ہے۔ کسی ے کو ادھار دینا ہو یا وصولی کرنی ہو' ایسا ہر کام وہی کرتی ہے۔ مزارعے اس سے خوش بھی ں۔ اسے پیار سے بھین جی کہتے ہیں۔" اس کے لہجے سے مجبوری جھلکنے لگی۔ "تو خود سوچ' ں داری کا کام اپنی مرضی سے کیسے چلا سکوں گا۔"

ر جمیلہ تو اب حویلی سے باہر نہیں جا سکتی۔ اسے تو عدت کے چار مہینے دس دن پورے کرنے اس عرصے میں تو بہت کچھ کر سکتا ہے۔" اس کا لہجہ قدرے تیکھا ہو گیا۔ "لگتا ہے تو زمین سنبھالنے کو تیار ہی نہیں۔"

ایسی گل نہیں۔ میں تو بالکل تیار ہوں۔" اس نے وہسکی کا گھونٹ بھرا۔ "ایسا ارادہ نہ ہوتا تو سایا کو اپنے رستے سے کیوں ہٹانے پر آمادہ ہوتا۔ مشکل یہ ہے زمیں داری کو کیسے اپنے ہاتھ ا جائے۔ جمیلہ سے اس معاملے میں ابھی گل بات کرنی ٹھیک نہیں۔ ڈرتا ہوں اسے شبہ نہ ے۔"

نہیں' تو جمیلہ سے ایسی بات نہ کرنا۔ میرے ذہن میں ایک تجویز ہے۔"

حیم داد نے دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے استفسار کیا۔ "وہ کیا ہے جی؟"

تو زمیں داری کی دیکھ بھال کے لیے مینجر اور منشی رکھ لے۔ اسی کے ذریعے زمیں داری کا کام نے کی کوشش کر۔ وہ تیرا تنخواہ دار بندہ ہوگا۔ جیسا تو کہے گا ویسا ہی کرے گا۔ یوں سمجھ لے اس ریعے ساری زمیں داری تیرے ہاتھ میں آجائے گی۔"

گل سمجھ تو آتی ہے۔" رحیم داد نے آہستہ آہستہ سر ہلایا۔ "پر ایسا بندہ میں لاؤں گا کہاں "

فکر نہ کر۔ اس کا بندوبست میں کروں گا۔ بلکہ میری نظر میں اس کام کے لیے پہلے ہی سے بندہ ہے۔" احسان شاہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "اس کا نام نادر خاں ہے۔ محکمہ مال میں رہ ہے۔ ڈیرہ غازی خاں کے ایک تمن دار کا کاردار بھی رہ چکا ہے۔ بہت تجربہ کار اور کام کا بندہ ۔ آج کل خالی ہے۔ پچھلے دنوں میرے پاس آیا تھا۔ ادھر رحمت والی میں اس کی سسرال ہے۔ ال وہیں ٹھیرا ہے۔"

تنخواہ کیا لے گا؟"

تنخواہ کی فکر نہ کر۔ وہ مجھ پر چھوڑ دے۔ وہ اتنا کام کا بندہ ہے کہ جتنی تنخواہ لے گا اس سے ں زیادہ تجھے فائدہ پہنچائے گا۔" احسان شاہ بے تکلفی سے کھلکھلا کر ہنسا۔ "وہ تجھے پکا زمیں

دار بنا دے گا۔ تو مہاجر ہے' ادھر کی زمیں داری کے رنگ ڈھنگ کا تجھے زیادہ پتہ نہیں۔ ایسا بند تجھے دوں گا کہ زمیں داری کا لطف آجائے گا۔"

رحیم داد کچھ کہنے ہی والا تھا کہ یکایک ہلکی ہلکی بوندیں گرنے لگیں۔ بجلی زور سے کڑکی۔ آسمان میں روشنی کی تیز لکیر دور تک پھیل گئی۔ ساتھ ہی تیز بارش شروع ہوگئی۔ دونوں لان سے اٹھ کر برآمدے میں پہنچ گئے۔ شیدا اور دوسرے نوکروں نے بھاگم بھاگ میز اور کرسیاں اٹھا کر برآمدے میں لگا دیں۔

احسان شاہ اور رحیم داد پھر وہسکی سے شغل کرنے لگے۔ باہر موسلا دھار بارش ہو رہی تھی۔ بادل زور زور سے گرجتے۔ برآمدے میں تیز ہوا کے جھونکوں کے ساتھ کبھی کبھی ہلکی سی بوچھاڑ بھی آجاتی۔ دونوں بارش سے لطف اٹھاتے رہے اور وہسکی کے نشے کو دو آتشہ بناتے رہے۔ احسان شاہ تو غٹاغٹ چڑھاتا رہا۔ مگر رحیم داد بھی اس رات حد سے تجاوز کر گیا۔ احتیاط کے باوجود کچھ زیادہ ہی پی گیا۔ وہ بے تکلفی سے قہقہے لگاتا۔ بات کرتا تو زبان کسی قدر لڑکھڑاتی۔ بہک کر کہیں سے کہیں نکل جاتا۔ احسان شاہ بھی نشے کے ریلے میں بار بار بہہ جاتا۔ دونوں ہی سرخوشی کے عالم میں تھے۔

دس بجے سے کچھ دیر پہلے دونوں اٹھے اور ڈگمگاتے قدموں سے کھانے کی میز پر پہنچے۔ کھانا پر تکلف اور خوش ذائقہ تھا۔ رحیم داد مزا لے لے کر خاموشی سے کھانا کھاتا رہا۔ مگر احسان شاہ زیادہ دیر خاموش نہ رہ سکا۔ اس نے ایک طرف ادب سے کھڑے ہوئے شیدا کو دیکھا۔ اشارے سے قریب بلایا۔

شیدا نزدیک آیا تو احسان شاہ نے کہا۔ "چوہدری' آج رات یہیں ٹھیرے گا۔ کمرہ ٹھیک ٹھاک کرا دے۔" اس نے اپنی مخمور آنکھیں بند کرلیں۔ چند لمحے اسی حالت میں بیٹھا رہا۔ اس نے آنکھیں کھول کر شیدا کی جانب دیکھا۔ "ناجو کو چوہدری کے کمرے میں پہنچا دے۔"

شیدا خاموش رہا۔ کچھ نہ بولا۔ احسان شاہ نے اسے تیکھی نظروں سے دیکھا۔ ڈپٹ کر پوچھا۔ "چپ کر کے کیوں کھڑا ہے؟"

شیدا نے دبی زبان سے کہا۔ "ناجو تو جی۔" وہ بات کہتے کہتے رک گیا۔

احسان شاہ نے اونچی آواز سے کہا۔ "کیا ہو گیا ناجو کو؟ صاف صاف بتا۔ کوٹ سے نکل کر بھاگ تو نہیں گئی؟"

"نہیں جی ایسی کوئی گل نہیں۔" شیدا بدستور خوف زدہ تھا۔

"فیر کیہ گل ہے؟ ٹھیک ٹھیک بتا۔ کیا کہنا چاہتا ہے؟"

"وہ ایسا ہے جی۔" وہ ایک بار پھر اٹکا۔ لمحہ بھر خاموش رہ کر آہستہ سے بولا۔ "اے تو جی ہوئے شاہ جی نے اپنے کمرے میں بلا رکھا ہے۔"

"اس کھوتی کے جنے نے یہ بھی نہ سوچا ناجو عمر میں اس سے کتنی بڑی ہے۔" وہ غصہ سے نکھیں نکال کر بولا۔ مگر جلد ہی نرم پڑ گیا۔ آہستہ سے ہنسا۔ رحیم داد کی جانب مڑ کر دیکھا۔ "یہ انی بھی بہت ظالم ہوتی ہے۔ نہ جوڑ دیکھے نہ بے جوڑ۔ اندھا بنا دیتی ہے۔" اس نے زور کا قہقہہ یا۔ "چلو یہ بھی اچھا ہوا۔ جاڑے میں اس کا ویاہ کرنے والا ہوں۔ ناجو اسے سارے گر بتا دے ں۔ بہت زوروں کی رن ہے۔"

رحیم داد بے نیازی سے بریانی کی پلیٹ سے لقمے اٹھا اٹھا کر کھاتا رہا۔ شیدا سر جھکائے چپ کھڑا ہا۔ احسان شاہ آنکھیں بند کر کے ایک بار پھر مراقبے میں چلا گیا۔ چند لمحوں بعد گردن اٹھا کر شیدا ں جانب متوجہ ہوا۔ "شیدے!" وہ بات کہتے کہتے بھٹکا۔ "ٹھیک ہے' ٹھیک ہے۔ بلو کیسی رہے گی؟ الکل ٹھیک۔ اسے پہنچا دے۔ وہ نکھرا نکھرا بھی نہیں کرے گی۔ چوہدری کو تو ایسی ہی رن اہیے۔" اس نے رحیم داد کی سمت دیکھا۔ "کیوں چوہدری کیا خیال ہے تیرا؟ اگر تجھے تیز اور گرم اہیے تو بتا دے۔"

"میں نوں تو جی نہ گرم چاہیے نہ ٹھنڈی۔ میں تو ایسے ہی سو جاؤں گا۔ میری فکر نہ کر۔"

"چوہدری تو زنانیوں کی طرح شرما کیوں رہا ہے؟ داڑھی رکھ کر تو بالکل ملاں بن گیا۔" وہ ٹھٹھا مار رہنسا۔ "ملاں بن کر زمین داری نہیں چل سکتی۔ اور ملاں بے چارے کو تو زنانی ملتی ہی کہاں ہے؟ تو صرف اس کے خواب دیکھتا ہے۔ اور تو' تو۔" وہ ایک بار پھر بہکا اور دوسری طرف نکل گیا۔ جمیلہ بھی بہت زوروں کی رن ہے۔ جب اللہ وسایا اسے اٹھا کر لایا۔ یہ کوئی اٹھ سال ادھر کی گل ہے۔ میں اسے دو ہزار دیتا رہا کہ میری حویلی میں بھیج دے۔ پر وہ نہ مانا۔" اس نے پلٹ کر شیدا کی انب دیکھا جو سر جھکائے بت بنا کھڑا تھا۔ "تو ابھی گیا نہیں۔ جا' جا کر چوہدری کے ٹھیرنے کا ندوبست کر۔ بلو کو پہنچا دے۔" احسان شاہ نے رحیم داد کو پھر چھیڑا۔ "چوہدری! ساون کی یہ گرجتی ستی کالی راتیں روز روز نہیں آتیں۔ کیا سمجھا؟"

شیدا جانے کے لیے مڑا۔ احسان شاہ نے اسے ٹوکا۔ "ٹھیر! میں آج باڑی والے کمرے میں ہوں گا۔ رانی اور دلاراں' دونوں کو بھیج دے۔ جو ٹھیک لگے گی اسے روک لوں گا۔ اب تو ٹرجا ر فٹافٹ سارا بندوبست کر دے۔"

شیدا چلا گیا۔ رحیم داد اطمینان سے کھانا کھانے میں جٹا تھا۔ احسان شاہ نے اسے مخاطب کیا۔

"چوہدری! یہ اپنا شیدا' بہت کام کا بندہ ہے۔ تجھے بھی ایسے ہی بندے کی ضرورت پڑے گی۔ فکر نہ کر۔ نادر خاں تیرا مینجر لگ گیا تو تیرے لیے کسی ایسے ہی بندے کا انتظام کردے گا۔"

"ٹھیک ہے' ٹھیک ہے۔" رحیم داد نے بے نیازی سے کہا۔ پانی کا گلاس اٹھایا۔ اس کا ہاتھ ڈگمگایا۔ گلاس چھوٹ کر میز پر گرا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بکھر گیا۔ پانی میز پر دور تک پھیل گیا۔ رحیم داد نے چونک کر احسان شاہ کی جانب دیکھا۔ خفیف ہو کر بولا۔ "معاف کرنا شاہ جی۔"

"کوئی گل نہیں۔" احسان شاہ نے اسے احساس ندامت میں مبتلا نہ ہونے دیا۔ "پانی کے بجائے تو لسی پی لے۔ نشے کی تیزی ذرا کم ہو جائے گی۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "آج تو نے بھی جام کر لگائی ہے۔" احسان شاہ نے میز پر رکھے ہوئے جگ سے لسی ایک گلاس میں انڈیلی اور گلاس رحیم داد کی جانب بڑھایا۔

رحیم داد نے زبان سے ایک لفظ نہ نکالا۔ لسی سے بھرا ہوا گلاس سنبھالا اور غٹا غٹ چڑھا گیا۔

☆

بارش کا زور اب ٹوٹ چکا تھا۔ بپھری ہوئی ہوا بھی مدھم پڑھ گئی تھی۔ مگر بوندا باندی کا سلسلہ جاری تھا۔ کچھ دیر بعد شیدا آگیا۔ اس کے پہنچتے ہی رحیم داد اور احسان شاہ اٹھ کر کھڑے ہو گئے۔ احسان شاہ باڑی کی طرف چلا گیا۔ رحیم داد نے شیدا کی رہنمائی میں آگے قدم بڑھائے۔ اس کے قدم بہکے بہکے تھے۔ نظریں کسی قدر دھندلی پڑ گئیں تھیں۔ دونوں راہداری سے گزر کر برآمدے میں پہنچ گئے۔

شیدا آگے آگے تھا۔ رحیم داد اس کے پیچھے چل رہا تھا۔

شیدا ایک کمرے کے سامنے جا کر ٹھہر گیا۔ اس نے کمرے کا بند دروازہ کھول دیا۔ اندر لیمپ روشن تھا۔ برآمدے کے آگے باغیچے میں سرس کے دو اونچے اور گھنے درخت تھے۔ درختوں تلے اندھیرا تھا۔ اندھیرا میں کوئی دھندلے سائے کی مانند چپ چاپ کھڑا تھا۔ شیدا نے مڑ کر ادھر دیکھا اور آہستہ سے کہا۔

"اتھے آجا۔"

درختوں کے نیچے آہٹ ابھری۔ ذرا دیر بعد برآمدے کی سیڑھیاں طے کر کے ایک نوجوان عورت اندھیرے سے نکل کر سامنے آگئی۔ رحیم داد نے دیکھا' کمرے کے اندر سے پھوٹتی ہوئی لیمپ کی ہلکی ہلکی روشنی میں وہ شیدا کے قریب گم صم کھڑی ہے۔ اس کی عمر تیئس چوبیس سال کے لگ بھگ تھی۔ وہ چھینٹ کی شلوار قمیص پہنے تھی۔ سر پر لہریا دوپٹہ تھا۔ اس کا جسم قدرے پھیلا ہوا

ا۔ چہرہ بھی چوڑا نکلا تھا۔ رنگ کھلتا ہوا گندمی تھا۔ آنکھوں میں گہرا کاجل تھا۔ اسے دیکھ کر پہلی ں نظر میں اندازہ ہو جاتا تھا کہ ذرا ہی دیر پہلے اس نے تیل ڈال کر سر کے بال سنورے ہیں' نکھوں میں کاجل لگایا ہے۔ اس کا لباس شوخ اور اجلا تھا۔ مگر وہ خود سہمی ہوئی نظر آرہی تھی۔

شیدا نے اس کی جانب اشارہ کرتے ہوئے رحیم داد سے کہا۔ "یہ بلو ہے جی۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ خاموشی سے کمرے کے اندر چلا گیا۔ شیدا نے بلو کا بازو پکڑ کر ہولے سے گھسیٹا اور اس کے ہم راہ کمرے کے اندر داخل ہو گیا۔ اس نے دہلیز کے پاس رک کر کہا۔ 'چوہدری! دروازہ اندر سے بند کر لینا۔ میں نوں شاہ جی کے پاس جانا ہے۔" وہ دروازے کے دونوں ٹ بھیڑ کر چلا گیا۔

کمرے کا دروازہ بند تھا۔ برآمدے میں گہرا سناٹا چھایا تھا۔ رات کالی اور بھیگی ہوئی تھی۔ کمرے کی کھڑکی سے نرم اور خنک جھونکے اندر آرہے تھے۔ باغ میں بارش کی بوندیں پتوں پر جل ترنگ جا رہی تھیں۔ رحیم داد نے بلو کو گہری نظروں سے دیکھا۔ نشے کا ایک زوردار ریلا آیا۔ بلو ٹوٹ ہوٹ کر بکھر گئی' دھندلی پڑ گئی۔ ریلا گزر گیا تو وہ اور نکھر کر سامنے آگئی۔ رحیم داد کی آنکھوں میں چراغ جل رہے تھے' بجھ رہے تھے۔ بلو اوجھل ہو جاتی' نئی چھب دکھا کر سامنے آجاتی۔ ہوا کا تیز جھونکا آیا اور لیمپ بجھ گیا۔

سویرے سویرے جب رحیم داد کمرے سے نکلا تو بلو موجود نہ تھی۔ اس وقت بھی بوندا باندی ہو رہی تھی۔ رحیم داد نے نہا دھو کر ناشتا کیا۔ ناشتے پر اس کے ساتھ احسان شاہ بھی موجود تھا۔ اس کی آنکھیں نشے کے خمار سے اب تک سرخ تھیں۔ ناشتے پر وہ خاموش رہا۔

رحیم داد نے ناشتے سے فارغ ہو کر واپس جانے کا اظہار کیا۔

احسان شاہ نے پوچھا۔ "چوہدری! اب تو کب آئے گا؟"

"میں خود ہی آجاؤں گا۔" رحیم داد نے دبی زبان سی کہا۔ "پر تو ماکھے کو میرے پاس نہ بھیجنا۔ س کے آنے جانے سے شبہ پیدا ہو سکتا ہے۔" اس نے اپنا خدشہ ظاہر کرنے کی کوشش کی۔

"تو کہتا ہے تو اسے تیرے پاس نہیں بھیجوں گا۔ پر تجھ سے ملاقات ہوتی رہنی چاہیے۔"

رحیم داد نے کہا۔ "میں جلد ہی تیرے پاس آنے کی کوشش کروں گا۔ ویسے بھی ادھر اکیلے میں ت جی گھبراتا ہے۔" وہ بے تکلفی سے ہنسا۔

"پر تو جلدی نہ آنا۔" احسان شاہ نے کہا۔ "میں ہفتہ بھر کے لیے لہور جا رہا ہوں۔ کچھ ضروری کام کرنے ہیں۔ دس باراں روز بعد آنا۔ میں اس بیچ میں نادر خاں کو بھی بلوالوں گا۔ کام کا بندہ

ہے۔ کہیں اور لگ گیا تو ایسا مینجر ملے گا نہیں۔ تیرے لیے تو وہ بہت ضروری ہے۔ تجھے ادھر کی زمیں داری کا کچھ اتا پتا نہیں۔ نادر تیرے ساتھ لگ گیا تو زمیں داری ایسی چمکا دے گا کہ تیرا بالکل جی نہ گھبرائے گا۔" اس نے قہقہہ بلند کیا۔ "حد ہو گئی جی' زمیں دار کا اپنی ہی زمیں داری میں دل گھبرائے۔"

رحیم داد نے اس کی باتیں سنیں اور صرف مسکرا کر رہ گیا۔ کچھ دیر بعد وہ احسان شاہ سے رخصت ہوا۔ اسی کے ذاتی تانگے سے حویلی اسٹیشن پہنچا۔ جس راستے سے آیا تھا اسی راستے سے کوٹلہ ہرکشن واپس گیا۔ پچھلی رات کی موسلا دار بارش نے سڑکیں اور راستے اس قدر خراب کردیئے تھے کہ جب وہ مہمان خانے میں داخل ہوا تو شام ہو چکی تھی۔ احمد اس کا بے چینی سے منتظر تھا۔ دیکھتے ہی بولا۔

"چوہدری! تو نے بہت دیر لگا دی۔ میں تو رات سے تیرا انتظار کر رہا تھا۔"

"تیرا مغز تو نہیں چل گیا۔" رحیم داد نے جھنجلائے ہوئے انداز میں اسے ڈانٹا۔ "رات بھر بارش ہوتی رہی۔ میں ایسے میں کیسے سفر کر سکتا تھا۔"

احمد اس کے بگڑے ہوئے تیور دیکھ کر خاموش ہو گیا۔ جلدی سے صحن میں کرسی لا کر ڈال دی۔ رحیم داد اس پر بیٹھ گیا۔ احمد کمرے کے اندر سے دھوتی اور سلیپر نکال کر لایا۔ اس نے رحیم داد کے جوتے اتارے' پگڑی سنبھالی اور ایک طرف کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد نے کپڑے اتار کر دھوتی باندھی اور غسل خانے میں چلا گیا۔ نہا کر آیا۔ اجلا لباس پہنا۔ مہمان خانے سے نکل کر باغ میں چلا گیا۔ ہوا رکی ہوئی تھی۔ فضا میں حبس تھا۔ آسمان پر بادل چھائے تھے۔

رحیم داد دن بھر کا بھوکا تھا۔ احسان شاہ کی حویلی میں ناشتا کرنے کے بعد اس نے راستے میں کچھ نہیں کھایا تھا۔ باغ میں پہنچتے ہی اس نے احمد سے کھانا لانے کو کہا۔ کھانا آیا تو اس نے سیر ہو کر کھایا۔ رات گئے تک باغ میں بیٹھا رہا۔ جب سناٹا گہرا ہو گیا تو وہ مہمان خانے میں گیا۔ دن بھر کا تھکا ہوا تھا۔ بستر پر لیٹتے ہی سو گیا۔

☆

ساون بھادوں مل رہے تھے۔ کالے کالے بادل گھر گھر کر اٹھتے رہے۔ زور زور سے گرجتے رہے' برستے رہے۔ پانچ روز تک مینہ کی جھڑی لگی رہی۔ ایسا محسوس ہوتا تھا' بادل اب برس کر نہ رکیں گے۔ آسمان سرمئی چادر بن گیا تھا۔ چھلنی کی مانند پانی برستا تھا۔ خدا خدا کر کے مینہ برسنا بند ہوا۔ ہر طرف جل تھل ہو گیا تھا۔ جدھر نظر اٹھتی پانی ہی پانی نظر آتا۔ گاؤں کے گلی کوچوں میں جگہ

جگہ پانی کھڑا تھا یا کیچڑ تھی۔

پہر دن گزر چکا تھا۔ رحیم داد کمرے میں تھا۔ وہ باہر نکلنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ کمرے کا دروازہ کھلا اور وکیل محمد عثمان رندھاوا اندر داخل ہوا۔

آسمان پر بادلوں کا ہلکا ہلکا غبار چھایا تھا۔ ہوا بھیگی ہوئی تھی۔ موسم خوش گوار تھا۔ مگر وکیل کا چہرہ خلاف معمول زیادہ ہی سنجیدہ نظر آتا تھا۔ وہ بجھا بجھا لگتا تھا۔ جمیلہ سے وہ پہلے ہی مل چکا تھا۔

رحیم داد نے اس کا اترا ہوا چہرہ دیکھا تو اظہار ہمدردی کے طور پر پوچھا۔ "وکیل صاحب! کیا بات ہے جی۔ بہت پریشان نظر آ رہے ہو؟"

"پریشانی کی بات ہی ہے۔ اندھیر ہے' سراسر اندھیر ہے۔" وکیل نے شکوہ کیا۔

"کیا ہو گیا جی؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا۔

"ہونا کیا تھا' پولیس' اللہ وسایا کے قتل کو دبانے کی ہر طرح کوشش کر رہی ہے۔" اس کے لہجے میں تلخی تھی۔

"پچھلی بار تو کہا تھا تھانے دار نے کتل کا پتہ چلا لیا ہے۔ جلد ہی ملزموں کی گرفتاریاں شروع ہو جائیں گی۔ اب کیا ہو گیا؟"

"اب کچھ بھی نہیں ہو گا۔" وکیل نے جھنجلائے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "انسپکٹر محمد حیات جنجوعہ پوری تن دہی اور دلچسپی سے تفتیش کر رہا تھا۔ اچانک اس کا تبادلہ کر دیا گیا۔"

"اس کا تبادلہ کر دیا گیا۔ کیوں؟ کوئی تو وجہ ہو گی۔"

"یہ تو افسران بالا ہی کو علم ہو گا۔ میں تو یہ جانتا ہوں پچھلے دنوں اس کا تبادلہ کر کے دوسرا تفتیشی افسر لگا دیا گیا۔" وکیل محمد عثمان رندھاوا نے بتایا۔ "یہاں آنے سے پہلے میں اس سے ملا تھا۔ کہتا تھا اللہ وسایا کو اس کی گھر والی کے بھائیوں نے رات کے اندھیرے میں قتل کیا اور سرحد پار نکل گئے۔ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہو سکتی۔"

"اس کا مطلب یہ ہے کہ پولیس نے اپنی تفتیش ختم کر دی۔ آگے کوئی کارروائی نہیں ہو گی۔"

"ایسا ہی لگتا ہے۔" رندھاوا نے کہا۔ "چوہدری! تجھے تو پتہ ہے۔ ایسی افواہ تو پہلے ہی سن نے میں آ رہی تھی۔ تو نے بھی مجھ سے یہی بات بتائی تھی۔ زمیں دارنی کو بھی اس کا پتہ چلا تھا۔ وہ اسے سن کر خفا بھی ہوئی تھی۔" اس کا لہجہ تلخ ہو گیا۔ "میں تو کہتا ہوں ایسی افواہ جان بوجھ کر پھیلائی گئی تاکہ کیس دبانے میں آسانی ہو۔ اسی لیے انسپکٹر جنجوعہ کا تبادلہ ہوا۔ مجھے تو اللہ وسایا کے قتل کے پیچھے گہری سازش نظر آتی ہے۔"

"آگے کچھ نہیں ہو سکتا؟" رحیم داد نے ٹوہ لگانے کی کوشش کی۔

"زمیں دارنی 'گورنر' وزیر اعلیٰ اور آئی۔ جی پولس کو درخواستیں بھیجنے کو کہتی تھی۔ درخواستیں میں اس کے کہنے پر لگا دوں گا پر اب کچھ ہوتا نظر نہیں آتا۔ کیس تفتیش کے ابتدائی مرحلے پر خراب کر دیا جائے تو اس کے بعد کچھ نہیں ہوتا۔ میں نے یہی دیکھا ہے۔"

"اس کا مطلب تو صاف یہ ہوا تفتیش آگے نہیں چلے گی۔"

"فی الحال تو تفتیش کا کام ختم کر کے کیس دبا دیا گیا۔ حالانکہ پولیس کے پاس زمیں دارنی کے بھائیوں کو ملزم ٹھیرانے کا کوئی ٹھوس ثبوت نہیں۔ تھانے دار نے خانہ پری کے لیے اپنے گلے بندھے گرگوں کی شہادت کا سہارا لیا ہے اور یہ پولس کا پرانا حربہ ہے۔ کوئی نئی گل نہیں۔" وکیل نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "کچھ دنوں بعد سن لینا پولس نے کیس داخل دفتر کر دیا۔"

"یہ تو جی بہت اندھیر گردی ہے۔"

"ہے تو۔" وکیل نے موضوع بدلتے ہوئے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! میں تیرے پاس اس لیے آیا تھا کہ اللہ وسایا کے مرنے کے بعد مختار نامہ تو خود بخود ختم ہو گیا۔ اب کلیم کے ہر معاملے سے تجھے خود نمٹنا پڑے گا۔"

"میں نوں کیہ نمٹنا ٹمٹنا جی۔" رحیم داد نے اپنے ردعمل کا اظہار کیا۔ "جیسا کہو گے ویسا کروں گا۔ پر ابھی تو کچھ نہیں کرنا۔"

"بات یہ ہے چوہدری! تیرے کلیم میں کچھ گڑبڑ ہے۔ اللہ وسایا نے اس کے بارے میں تجھے بتایا بھی ہو گا۔"

"اس نے تو جی مجھے کچھ نہیں بتایا۔" رحیم داد نے اپنی پریشانی کا اظہار کیا۔ "گھبرانے کی تو کوئی گل نہیں؟"

"معاملہ ویسے تو پیچیدہ ہے۔ پر میں کوشش کر رہا ہوں کہ ٹھیک ہو جائے۔" وکیل نے اسے آگاہ کیا۔ "مگر اس کے لیے پیسے کی ضرورت ہے۔ میں نے زمیں دارنی سے ذکر کیا تو اس نے ہزار روپے خرچ کے لیے دیئے۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "ویسے اس کے پاس پیسہ بالکل نہیں۔ سب کچھ تو ۱۲ مربع اراضی کے کلیم کی خریداری میں دے دیا۔ ابھی اسے اللہ وسایا کا چالیسواں بھی کرنا ہے۔"

"تمہارا مطلب چاہلیا کرنے سے ہے؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"ہاں میرا یہی مطلب ہے۔" وکیل نے جواب دیا۔ "زمیں دارنی اسے اپنی حیثیت کے مطابق

ہی کرے گی۔ ایسا تو کرنا ہی پڑتا ہے۔ میں ابھی تو ہزار روپے سے کام چلانے کی کوشش کروں گا۔"

اس نے رحیم داد کو نظر بھر کر دیکھا۔ "اگر معاملہ زیادہ الجھ گیا تو ٹھوڑی رقم کھلائے بغیر کام نہیں بنے گا۔ مہینے' دو مہینے کے اندر کم از کم چار ہزار کا بندوبست کرنا ہو گا۔ ویسے یہ بات میں نے زمیں دارنی سے نہیں کہی۔ وہ اور پریشان ہو جاتی۔ پر اب تم کو ہی زمیں داری کی دیکھ بھال کرنی ہے اور اس کلیم کا تو براہ راست تعلق اس جائیداد سے ہے جو تم کو الاٹ ہوئی ہے۔"

رحیم داد نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔ "پر وکیل صاحب میں تو ابھی کچھ نہیں کر سکتا۔ زمین کا الاٹمنٹ ہوئے دن ہی کتنے ہوئے ہیں۔ خریف کی فصل تیار ہو تو کچھ رکم ہاتھ آئے۔ تیں نوں پتہ ہی ہے' پہلے بھی سب کچھ اللہ وسایا اور اس کی گھر والی ہی نے خرچ کیا تھا۔ زمیں داری کی اب تک دیکھ بھال بھی وہی دونوں کر رہے تھے۔ میں نے تو اس بارے میں ابھی کچھ سوچا بھی نہیں۔"

"اسی لیے میں نے تم کو دو مہینے دیئے ہیں۔ اس عرصہ میں رقم کا بندوبست کرنا ہو گا۔ جی چاہے تو زمیں دارنی سے بات کر لو۔ میں نے پہلے سے آگاہ کر دیا۔"

رحیم داد گم صم بیٹھا رہا۔ وکیل اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ چلتے چلتے اس نے خبردار کیا۔ "چوہدری! رقم کا انتظام کرنا بہت ضروری ہے۔ ورنہ الاٹمنٹ منسوخ ہونے کا بھی امکان ہو سکتا ہے۔" وکیل مڑا اور کمرے سے چلا گیا۔

وکیل محمد عثمان رندھاوا سے گفتگو کے بعد رحیم داد کو یہ تو اطمینان ہو گیا کہ تھانے دار جنجوعہ کا تبادلہ کر دیا گیا ہے اور نئے تھانے دار نے ملزموں کو مفرور قرار دے کر تحقیقات ختم کر دی ہے۔ اللہ وسایا کا قتل اب اس کے لیے باعث تشویش نہ رہا تھا۔ احسان شاہ نے اس سلسلے میں جو کچھ کہا تھا بالکل ویسا ہی ہوا۔ رحیم داد اس کے اثر و رسوخ سے بہت متاثر ہوا۔ مگر اس تشویش سے نجات حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ وہ ایک نئی پریشانی میں مبتلا ہو گیا۔ یہ کلیم اور اس کی بنیاد پر الاٹ ہونے والی اراضی اور جائیداد کا مسئلہ تھا۔ وکیل کی باتوں سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ کلیم میں کوئی گڑبڑ ہے۔ ہر چند کہ وہ بہت معمولی زمین دار رہ چکا تھا مگر ہر زمیں دار کی طرح زمین اور جائیداد اس کی بھی بہت بڑی کمزوری تھی۔ وہ ہر قیمت پر کوٹلہ ہرکشن کے دس مربعے اور حویلی اپنے قبضے میں رکھنا چاہتا تھا۔ بلکہ جیلہ کے بارہ مربعوں پر بھی اس کی نظر تھی۔ اللہ وسایا کے قتل میں احسان شاہ کا آلہ کار بن نے کی ایک بنیادی وجہ یہ بھی تھی۔

رحیم داد مہمان خانے سے نکل کر کھیتوں کی طرف چلا گیا۔ اس نے فصلوں کو دیکھا۔ مزارعوں سے ان کے بارے میں بات چیت کی۔ وہ بہت دیر تک مزارعوں کے ساتھ ہی رہا۔

اب اس کا یہ معمول ہو گیا کہ دن میں کسی وقت کھیتوں کی طرف چلا جاتا اور مزارعوں کے ساتھ کچھ وقت گزارتا۔ وہ زمیں داری کے کاموں میں ذاتی طور پر دلچسپی لینے لگا تھا۔ شام کو وہ باغ میں بیٹھتا۔ وہاں بھی مزارعوں کو بلا لیتا۔ ان کے ساتھ موسم اور فصلوں کے علاوہ بیماری اور شادی بیاہ کے بارے میں بھی باتیں ہوتیں۔ مگر گھوم پھر کر اللہ وسایا کا ذکر ضرور ہوتا۔ اور ایک بار اس کا ذکر چھڑ جاتا تو دیر تک چلتا رہتا۔ رحیم داد کو ان کے رویّے سے بخوبی اندازہ ہو گیا کہ وہ اللہ وسایا اور جمیلہ' دونوں سے بہت محبت کرتے ہیں اور اس حد تک کرتے ہیں کہ اللہ وسایا مرحوم کے بارے میں گفتگو کرتے کرتے ان کے چہرے اداس اور غم زدہ ہو جاتے۔ وہ دل گرفتہ ہو کر رو پڑتے۔ کبھی کبھی رحیم داد کو ان کا یہ رویّہ بڑا شاق گزرتا۔

اللہ وسایا مر کر بھی زندہ تھا۔ اور جب تک وہ کسی نہ کسی روپ میں زندہ تھا' رحیم داد کو زمیں داری کے معاملات میں اپنا سکہ بٹھانے کا موقع نہیں مل رہا تھا۔ اس مقصد کے لیے اسے ایک ایسے تجربہ کار اور قابلِ اعتماد آدمی کی ضرورت تھی جو مزارعوں کے ذہنوں میں جھلملاتا ہوا اللہ وسایا کی یادوں کا چراغ بجھا کر رحیم داد کی شخصیت کا چراغ روشن کر سکے۔ ایسا آدمی احسان شاہ نے مہیا کرنے کا وعدہ کیا تھا مگر وہ اب تک پہنچا نہیں تھا۔ رحیم داد بھی احسان شاہ کے پاس جا نہ سکا تھا۔ موقع ہی نہ ملا۔

☆

کئی روز سے بارش نہ ہوئی تھی۔ ہوا بھی بند تھی۔ آسمان پر بادل چھائے رہتے۔ مگر کھل کر نہ برستے۔ کبھی کبھار ہلکا سا چھینٹا پڑتا۔ اس کے بعد حبس اور بڑھ جاتا۔ دن بھر سخت تپش رہتی۔ جسم پسینے سے شرابور ہو جاتا۔ سورج کبھی بادلوں کے پیچھے روپوش ہو جاتا کبھی نکل کر سامنے آجاتا۔ اس کی چمک دمک بہت تیز ہوتی۔ دھوپ میں اس قدر تمازت اور چبھن ہوتی کہ بدن پگھلتا ہوا محسوس ہوتا۔

انھی دنوں اللہ وسایا کا چالیسواں ہوا۔ جمیلہ نے اس سلسلے میں رحیم داد سے کوئی مشورہ نہ کیا۔ صرف اتنا کیا کہ ایک شام جب وہ مہمان خانے سے باغ میں جانے کا ارادہ کر رہا تھا تو احمد حویلی کے دروازے سے نکل کر آیا اور اسے مطلع کیا۔

"چوہدری! زمیں دارنی نے کہا ہے' اللہ وسایا کا چالیا ہونے والا ہے۔"

"کب ہو رہا ہے چالیا؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔

"کل ہے جی۔" احمد نے بتایا۔

"اللہ وسایا تو ایسا نیک اور چنگا بندہ تھا کہ اس کا چالیا تو اکٹھ کہلانا چاہیے۔" رحیم داد نے ٹھنڈی سانس بھری۔ چہرے کو افسردہ بنانے کی کوشش کی۔ "وکھت کتنی جلدی گزر جاتا ہے۔ کل اللہ وسایا کی موت کو ۴۰ دن ہو جائیں گے۔ اس کا چالیا اور اکٹھ ہو گا۔ سال بھر بعد وڈا اکٹھ ہو گا۔ دوسرے سال دور ھیا' تیسرے سال تور ھیا اور چوتھے سال چور ھیا ہو گا۔ وکھت دھیرے دھیرے ایسے دھوپ چھاؤں کی طرح گزر جاتا ہے' کچھ پتہ نہیں چلتا۔"

احمد کچھ نہ بولا۔ خاموشی سے رحیم داد کا چہرہ ٹکر ٹکر تکتا رہا۔ رحیم داد کچھ دیر گم صم کھڑا رہا پھر آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا مہمان خانے سے باہر چلا گیا۔ اس کے چہرے پر افسردگی کے ہلکے ہلکے سائے پھیلے تھے۔ آنکھیں بجھی بجھی تھیں۔

جمیلہ نے چالیسویں کے لیے بڑے اہتمام سے کھانا پکوایا۔ گاؤں کے تمام ہی مزارعے اور کمی' مرد اور عورتیں حویلی کے باہر اور اندر جمع ہوئے۔ پاس پڑوس کے گاؤں اور چکوں سے بھی لوگ آئے۔ مسجد کے ملّا نے فاتحہ خوانی کی۔ وہ نیا لباس پہنے ہوئے تھا جو جمیلہ نے اللہ وسایا کے نام پر اسے خیرات میں دیا تھا۔ فاتحہ کے بعد سب نے کھانا کھایا اور اللہ وسایا کے لیے دعائے مغفرت کی۔ رحیم داد اس روز بہت مصروف رہا۔ رات گئے تک حویلی کے باہر سائبان کے نیچے چالیسویں کی فاتحہ میں شریک ہونے والوں کی ساتھ رہا۔

حویلی کے اندر اور باہر خاصی چہل پہل رہی۔ مگر چالیسویں کے بعد حویلی اور زیادہ اجاڑ اور سنسان نظر آنے لگی۔ رحیم داد کی بیشتر شامیں تنہا گزرتیں۔ جمیلہ سے بھی اس کی ملاقات نہ ہوئی۔ نہ اس نے بلایا اور نہ ہی بلائے بغیر وہ اس کے پاس جا سکتا تھا۔ شام کو وہ باغ میں مزارعوں سے ادھر ادھر کی باتیں کرتا یا اکیلا بیٹھا رہتا۔

☆

یہ ایک اداس اور بے کیف شام تھی۔ رحیم داد باغ میں خاموش بیٹھا تھا۔ آس پاس کوئی نہ تھا۔ دونوں وقت مل رہے تھے۔ ہر طرف خاموشی تھی۔ شام کا دھندلکا دھیرے دھیرے فضا میں گھل رہا تھا۔

شام کی اس خاموشی میں دفعتہ درختوں تلے قدموں کی آہٹ ابھری۔ رحیم داد نے گردن کو خم دے کر اس طرف دیکھا' درختوں کے نیچے سے ایک شخص نکل کر آہستہ آہستہ اس کی جانب بڑھ رہا ہے۔ رحیم داد نے اسے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ وہ اس کے لیے قطعی اجنبی تھا۔ وہ نظریں جھکائے آگے بڑھ رہا تھا۔ رحیم داد کے سامنے پہنچ کر وہ ٹھہر گیا۔ اس کی عمر پچپن سے تجاوز کر چکی تھی۔ مگر

جسم ابھی تک مضبوط اور صحت مند تھا۔ چہرے پر ہلکی ہلکی مونچھیں تھیں۔ سر پر پگڑی بھی ڈھیلی ڈھالی تھی۔ آنکھوں پر عینک تھی۔ وہ قمیض اور شلوار پہنے تھا۔ گرمی اور حبس کے باوجود کوٹ بھی پہنے ہوئے تھا۔

رحیم داد نے اسے غور سے دیکھا۔ پہچان نے کی کوشش کی۔ مگر پہچان نہ سکا۔ اجنبی نے نظریں جھکالیں۔ ادب سے خاموش کھڑا رہا۔ رحیم داد نے پوچھا۔ "تیں نوں کسے ملنا ہے؟"

"میں نے جی چوہدری نورالٰہی سے ملنا ہے۔" اس کا لہجہ نرم اور محتاط تھا۔ "میرا نام نادر خاں ہے۔ مجھے سید احسان علی شاہ نے بھیجا ہے۔"

"تجھے شاہ جی نے بھیجا ہے۔" رحیم داد نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "یاد آیا' شاہ جی نے تیرے بارے میں مجھ سے پچھلے دنوں بات کی تھی۔"

نادر خاں نے' جو اب تک رحیم داد کے روبرو کھڑا تھا' نہایت ادب سے کرسی پر بیٹھنے کی اجازت چاہی۔ "بیٹھ سکتا ہوں جی؟"

"بیٹھ جا' ضرور بیٹھ جا۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "شاہ جی آج کل پیراں والہ ہی میں ہوتا ہے نا؟ لہور سے تو لوٹ آیا ہوگا۔"

"یہ تو جی میں نوں پتہ نہیں۔" نادر خاں کرسی پر بیٹھتے ہوئے گویا ہوا۔ "شاہ جی نے پرسوں مجھے بلوایا تھا۔ دیر تک تیرے بارے میں باتیں کرتا رہا۔ سمجھاتا رہا مجھے کیا کیا کام یہاں کرنے ہوں گے۔ شام ہونے سے پہلے پہلے وہ اپنی جیپ لے کر ادھر آیا تھا اور نہر کے پاس مجھے چھوڑ کر آگے چلا گیا۔"

"اس کا مطلب یہ ہوا کہ شاہ جی لہور سے جیپ بھی لے آیا۔"

"اس کے لیے ضروری بھی تھی۔ زمیں داری چلانے کے لیے جیپ یا کم از کم اپنی سواری بہت ضروری ہے۔ اب خالی گھوڑی سے کام نہیں چلتا۔ ویسے گھوڑی اور سیکل تو اب ہر چھوٹے موٹے زمیندار کے پاس بھی ہے۔"

رحیم داد نے اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے دریافت کیا۔ "کب سے کام شروع کرنے کا ارادہ ہے؟"

"حکم کریں جی۔ میں کل ہی سے کام شروع کردوں گا۔ میں تو آیا ہی اسی ارادے سے ہوں۔" نادر نے مستعدی سے جواب دیا۔

رحیم داد نے نادر کو ناقدانہ نظروں سے دیکھا جو اس کے سامنے کرسی پر سکڑا سکڑایا' قدرے

گے جھکا ہوا ادب سے بیٹھا تھا۔ رحیم داد کی گردن کچھ اور تن گئی۔ اس نے لہجے میں رعب داب یدا کرتے ہوئے پوچھا۔

"تیرے بال بچے بھی ہیں؟"

"ہیں تو جی۔" نادر نے مسکین سی شکل بنا کر جواب دیا۔ "میں جی انھیں بعد میں لے آؤں گا۔ بھی ایسی جلدی بھی نہیں۔" اس نے اپنی مستعدی اور فرض شناسی سے رحیم داد کو متاثر کرنے کی وشش کی۔ "میں نے تو جی سب سے پہلے گھوم پھر کر پنڈ کا جائزہ لینا ہوگا۔ فصلوں کو دیکھنا ہوگا۔ زارعوں سے ملنا ہوگا۔ پٹواری کے پاس جانا ہوگا۔ اس کے بعد میں رپورٹ پیش کروں گا۔ فیر جو بھلہ آپ نے کرنا ہے اسے سامنے رکھ کر کام کرنا ہوگا۔"

"ٹھیک ہے۔" رحیم داد کی آواز گونج دار تھی۔ "آج رات ادھر ہی ٹھیر جا۔ سویرے سے کام شروع کردے۔ تیری تنخواہ وغیرہ کا معاملہ شاہ جی سے ملنے کے بعد طے ہوگا۔ میں اسے جلد ہی ملنے کی کوشش کروں گا۔"

"جیسی مرضی جی۔" نادر نے اس کی ہاں میں ہاں ملائی۔ "شاہ جی نے بھی مجھ سے ایسی ہی گل بات کی تھی۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ نادر گردن جھکائے ادب سے بیٹھا رہا۔ شام کا اندھیرا ہر طرف پھیل گیا تھا۔ نوکر نے لیمپ روشن کیا اور احتیاط سے اسٹول پر رکھ دیا۔ نادر نے لیمپ کی روشنی میں رحیم داد کے چہرے پر نظر ڈالی۔ زیر لب مسکرایا۔ "چوہدری! تیں دیکھنے میں بلوچ سردار یا تمن دار لگتے ہو۔ ڈیرے جات میں تو پہلے نہیں رہے۔" اس کے انداز میں خوشامد کا پہلو نمایاں تھا۔

رحیم داد اس کے رویے سے خوش بھی ہوا۔ اس نے ڈاڑھی پر ہاتھ پھیرا اور مونچھوں کی نوکوں کو مروڑتے ہوئے بولا۔ "نہیں جی' میں ادھر نہیں گیا۔"

"حیرت کی گل ہے۔" نادر نے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔ "میں تو پہلی نظر میں یہ سمجھا تیں کھوسہ تمن دار ہو؟"

رحیم داد خاموش رہا۔ مگر نادر زیادہ چپ نہ بیٹھ سکا۔ وہ ٹھہر ٹھہر کر اپنی پچھلی ملازمتوں کے بارے میں باتیں کرتا رہا۔ اس نے رحیم داد کو بتایا کہ محکمہ مال کی ملازمت سے سبکدوش ہونے کے کچھ ہی عرصے بعد وہ ڈیرہ غازی خاں کے ایک دریشک تمن دار کی جاگیر کا کاردار مقرر ہوگیا تھا۔ اس ملازمت کے دوران اس نے کیا کیا کارگزاری دکھائی اور کیسے کیسے کارنامے انجام دیئے؟ انھیں وہ تفصیل سے سناتا رہا۔ اس نے تمن داروں اور سرداروں کے رعب ودبدبے کے ساتھ ان کی

دہشت گردی کی ہولناک داستانیں بھی سنائیں۔ مزاریوں اور لغاریوں کی رقابتوں اور ان کے مسلح تصادم کی واردات بیان کیں۔ باتوں باتوں میں وہ مزارعوں کو قابو میں رکھنے اور زمین داری پھیلانے اور بڑھانے کے ہتھکنڈے اور گر بھی بتاتا رہا۔ سرکاری افسروں سے تعلقات پیدا کرنے' ان سے کام نکالنے اور انہیں خوش رکھنے کے طور طریقے بھی بتاتا رہا۔

نادر خاں کا لہجہ شہری تھا۔ سرکاری نوکری کے سلسلے میں وہ برسوں لاہور اور دوسرے شہروں میں رہ چکا تھا۔ جاگیرداروں اور رئیسوں کی ملازمت میں رہنے کے باعث خاصا مزاج شناس بھی بن گیا تھا۔ نادر خاں نے اپنی دلچسپ اور لچھے دار باتوں سے جلد ہی رحیم داد کے دل میں جگہ پیدا کرلی۔ وہ نادر خاں کے تجربے اور سوجھ بوجھ سے بہت متاثر ہوا۔ وہ اسے کام کا آدمی نظر آیا۔ دیر تک خاموش بیٹھا توجہ اور انہماک سے اس کی باتیں سنتا رہا۔

جب وہ خاموش ہوا تو رحیم داد نے پوچھا۔ "نادر! تو نے تمن داروں کی نوکری کیوں چھوڑی؟"

"وہ ہوا یہ جی کہ میری پہلی گھر والی گزر گئی۔" نادر نے بتایا۔ "کچھ عرصے بعد ادھر رحمت والی میں دوسرا ویاہ کرلیا۔ چھ سات مہینے تو وہ میرے ساتھ ڈیرہ غازی خاں میں رہی۔ فیر اس کا دل ایسا اچاٹ ہوا کہ کسی طور وہاں رہنے کو تیار نہ ہوئی۔ مجبوراً مجھے ملازمت چھوڑنی پڑی۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "ملازمت نہ چھوڑتا تو گھر والی کو چھوڑنا پڑتا۔ اس طرح میں نوکری چھوڑ چھاڑ ادھر آگیا۔ کچھ مدت تک آڑھت کا کاروبار کیا۔ وہ چل نہ سکا تو اسسٹنٹ کمشنر کے دفتر میں عرائض نویسی کرنے لگا۔ اس کے ساتھ ساتھ کلیم بنوانے اور الاٹمنٹ کروانے کا دھندا بھی کرتا رہا۔ مگر اس دھندے میں اب پہلی سی بات نہیں رہی۔ ایسی اندھیر گردی مچی ہے کیا بتاؤں۔ اوپر سے نیچے تک ہر جگہ رشوت کا بازار گرم ہے۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "چار پانچ مہینے ہوئے عرائض نویسی کا کام ختم کرکے رحمت والی آگیا۔ اس دوران سردار عزیز اللہ دریشک نے راجن پور بلوایا بھی پر گھر والی کسی طور راضی نہیں ہوئی۔"

"شاہ جی سے تیری کب سے جان پہچان ہے؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

نادر خاں نے بتایا۔ "ویسے تو جی کوئی سال بھر سے اوپر ہوا لمور میں پہلی بار شاہ جی سے ملا تھا۔ لیکن جب میں رحمت والی آگیا تو ان سے اکثر ملتا رہا۔"

رحیم داد نے سلسلہ گفتگو منقطع کردیا۔ نوکر سے کھانا لانے کو کہا۔ تھوڑی دیر میں کھانا چن دیا گیا۔ رحیم داد نے نادر خاں کو بھی کھانے میں شریک ہونے کی دعوت دی۔ مگر اس نے انکساری اور حفظ مراتب کا مظاہرہ کرتے ہوئے انکار کردیا۔ "میری یہ حیثیت نہیں جی کہ آپ کے ساتھ بیٹھ کر

روٹی کھاؤں۔ میں نے تو صرف یہ معلوم کرنا ہے' مجھے کہاں ٹھیرنا ہوگا۔ اس کا انتظام کون کرے گا؟ آگے میرے بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔"

رحیم داد نے احمد کو بلوایا۔ وہ آیا تو رحیم داد نے نادر کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "یہ مہمان خانے میں ٹھیرے گا۔ اسے اپنے ساتھ لے جا۔ اس کے ٹھیرنے اور روٹی ٹکر کا بندوبست کردے۔"

نادر خاں نے احمد کی طرف دیکھا اور سر جھکا کر اس کے ہم راہ چلا گیا۔ رحیم داد نے کھانا کھایا مگر وہ مہمان خانے میں نہ گیا۔ باغ میں بیٹھا رہا۔ پھر اٹھ کر ٹہلنے لگا۔ رات گئے وہ مہمان خانے میں گیا۔ دیکھا صحن کے ایک گوشے میں نادر خاں چارپائی پر گہری نیند سو رہا ہے۔ البتہ احمد جاگ رہا تھا۔ رحیم داد نے اس سے کوئی بات چیت نہ کی۔ کمرے میں گیا۔ کپڑے تبدیل کیے۔ رات گرم تھی۔ آسمان صاف تھا۔ مگر حبس تھا۔ احمد نے رحیم داد کا بستر چھت پر پلنگ بچھا کر لگا دیا تھا۔ رحیم داد نے دھوتی باندھی۔ بندوق اٹھائی اور چھت پر چلا گیا۔ اس نے بندوق سرہانے رکھی اور بستر پر لیٹ گیا۔

سویرے وہ چھت سے اتر کر صحن میں آیا۔ نادر خاں کا بستر خالی تھا۔ احمد نے بتایا کہ وہ تاروں کی چھاؤں میں اٹھ کر باہر چلا گیا۔ رحیم داد نے ناشتا کیا مگر نادر خاں ابھی واپس نہ آیا تھا۔ وہ دن بھر نظر نہ آیا۔ غروب آفتاب کے وقت جب رحیم داد باغ میں بیٹھا تھا نادر خاں اسکول کی سمت سے باغ کی طرف آتا ہوا نظر آیا۔ وہ آہستہ آہستہ قریب آتا گیا۔ اس کا لباس گرد و غبار سے اٹا تھا۔ وہ بہت تھکا ہوا نظر آرہا تھا۔

وہ سامنے آکر کھڑا ہوا تو رحیم داد نے کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کیا۔ نادر خاں بیٹھ گیا۔ رحیم داد نے بہت سے پوچھا۔ "سویرے سویرے کہاں چلا گیا تھا؟ دوپہر کی روٹی بھی نہیں کھائی۔"

"کیا' کیا جائے جی' کام جو کرنا ہوا۔ ایک نہیں' کئی کام کرنے ہیں اور جلد سے جلد کرنے ہیں۔" اس نے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

رحیم داد اس کی کارکردگی اور فرض شناسی سے متاثر بھی ہوا۔ مسکرا کر بولا۔ "شاہ جی ٹھیک ہی کہتا تھا۔ تو لگتا تو محنتی بندہ ہے۔ کیا کر آیا آج؟"

"یہ میں بعد میں بتاؤں گا جی۔" اس نے ہاتھ باندھ کر انکساری سے کہا۔ "مجھے چند روز کی مہلت دیں۔ ہر معاملے کی جانچ پڑتال کرنے کے بعد ہی میں اپنی رپورٹ پیش کروں گا۔" اس نے ٹلنے کے لیے پہلو بدلا۔ "اس وکھت تو جی مجھے اجازت دی جائے۔ میں نے ابھی جا کر نہانا ہے۔"

روٹی کھانی ہے۔ جلد ہی سو بھی جاؤں گا۔ کل بھی میں نے سویرے سے پنڈ کا راؤنڈ لگانا ہے۔ مزارعوں سے ملنا ہے۔ فصل کے بارے میں کل بات کرنی ہے۔ اور بھی کئی ضروری کام کرنے ہیں۔"

وہ اٹھا اور مہمان خانے کی سمت روانہ ہوگیا۔ اس کے بعد کئی روز تک رحیم داد سے نادر خاں کی ملاقات نہ ہوئی۔ رحیم داد جب سو کر اٹھتا تو نادر خاں کا بستر خالی ہوتا۔ پہر رات گئے وہ باغ سے واپس آتا تو نادر خاں گہری نیند سویا ہوتا۔ وہ کھانا کھا کر جلد ہی سو جاتا اور فجر کی اذان سے پہلے ہی بیدار ہو جاتا۔

☆

دوپہر کو بارش کا چھینٹا پڑا تھا۔ دن ڈھلے موسم خوشگوار تھا۔ آسمان پر سرمئی بادل چھائے تھے۔ ہوا فراٹے بھرتی ہوئی چل رہی تھی۔ رحیم داد باغ میں اجلا لباس پہنے 'زمیں دارانہ طمطراق کے ساتھ بیٹھا تھا۔ اس نے دیکھا نادر خاں پہلے روز کی طرح خاک دھول سے اٹا اس کی جانب آ رہا ہے۔ وہ قریب آیا تو رحیم داد نے بیٹھنے کا اشارہ کیا۔

وہ کرسی پر بیٹھ گیا تو اس کا بگڑا ہوا حلیہ دیکھ کر رحیم داد نے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے مسکرا کر کہا۔ "نادر! تو نے اپنی کیا حالت بنا رکھی ہے؟"

"کام کرنا جو ہوا جی۔" نادر خاں نے بے نیازی کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی۔ "ہر چیز کو جب تک اپنی نظر سے دیکھا نہ جائے تب تک نہ کوئی مسئلہ سمجھ آتا ہے اور نہ اس کا حل۔"

"یہ بتا' اتنے دنوں میں تو نے کیا کیا دیکھا' کیا معلوم کیا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔ اس کے رویے سے صاف جھلکتا تھا کہ وہ زمیں داری کے معاملات جاننے کے لیے بہت بے چین ہے۔

"ایسا لگتا ہے جی' جیسے یہاں کا کوئی زمیں دار ہی نہیں۔ ہر مزارع خود کو زمیں دار سمجھتا ہے۔ کیوں تک کے دماغ آسمان پر ہیں۔" نادر خاں کا لہجہ قدرے نرم پڑ گیا۔ "اللہ وسایا مر گیا۔ اب اس کی کیا برائی کرنی جی۔ خدا اسے جنت نصیب کرے۔ پر اسے زمیں داری چلانے کا ذرا تجربہ نہ تھا۔ مزارعوں کے مزاج ایسے بگاڑ دیئے کہ وہ تو جی سیدھے منہ بات بھی نہیں کرتے۔ جو جس کا جی کرتا ہے' کر رہا ہے۔ کوئی پوچھنے والا نہیں۔"

"ویسے فصل تو ٹھیک لگتی ہے۔ پچھلے دنوں میں بھی کھیتوں پر جاتا رہا۔"

"یہ تو ٹھیک ہے۔" نادر خاں نے رحیم داد کی رائے سے اتفاق کیا۔ "خاص طور پر کماد اور مکئی کی فصل بہت چنگی جا رہی ہے۔ پھٹی بھی ٹھیک ٹھاک جان پڑتی ہے۔ پر پھٹی کی کاشت کا رقبہ بڑھانے

کی ضرورت ہے۔ اصلی کمائی تو آج کل کپاس کی فصل سے ہے۔ ادھر اب تک کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ کوریا کی جنگ کی وجہ سے باہر کے ملکوں میں پاکستانی کپاس کی مانگ بہت بڑھ گئی ہے۔ کپاس کے ایکسپورٹرز کے تو وارے نیارے ہو گئے۔ انھوں نے دبا کے کمائی کی۔"

نادر خاں نے اپنی معلومات سے رحیم داد کو مرعوب کرنے کی کوشش کی اور وہ مرعوب بھی ہو گیا۔ "تو جن باتوں کو سمجھتا ہے اللہ وسایا نہیں جانتا تھا۔ تب ہی تو اس نے پھٹی کا نہ رقبہ بڑھایا نہ کمائی کر سکا۔ اب تو بتا پھٹی کی فصل کا رقبہ کیسے بڑھایا جائے؟"

"بہت سی زمین پڑیلی پڑی ہے۔ جگہ جگہ ڈھنڈل اور جھلن ہیں۔ نہر کے نزدیک کا اپنا بہت سا رقبہ جھنگر بن گیا ہے۔ اتنی بہت سی زمین ادھلاپی پر آسانی سے کابل کاشت بنائی جا سکتی ہے۔" نادر خاں سنبھل سنبھل کر بولتا رہا۔ "اپنی زمین پر آم اور مالٹے کے باغ لگائے جا سکتے ہیں۔ فارم بنائے جا سکتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے جی' اتنی بہت ساری زمین بیکار دیکھ کر مجھے بہت دکھ پہنچا۔"

"پر اس میں بہت سی تو شاملات کی زمین ہے۔" رحیم داد نے نادر خاں کو آگاہ کیا۔

"چوہدری تسیں کیسی باتیں کر رہے ہو۔" نادر نے مسکرا کر کہا۔ "تحصیل دار اور پٹواری کس لیے ہیں۔ ان کی مٹھی گرم کی جائے تو ساری زمین آسانی سے اپنے کھاتے میں منتقل ہو جائے گی۔ ویسے بھی جی شاملات واملات کی کون پروا کرتا ہے۔ زمیں دار کا رعب اور دبدبہ ہو تو کوئی چوں بھی نہیں کر سکتا۔"

رحیم داد نے دبی زبان سے اپنی مجبوری کا اظہار کیا۔ "پر تحصیل دار اور پٹواری شواری کی مٹھی گرم کرنے کے لیے پیسہ کہاں سے آئے گا؟ اب تک ساری زمیں داری کی دیکھ بھال تو اللہ وسایا کرتا تھا۔ اس نے کچھ بھی نہ چھوڑا۔ جمیلہ کے پاس جو کچھ تھا وہ اس نے اللہ وسایا کی فاتحہ اور چالیا پر خرچ کر دیا۔"

نادر نے چند لمحے خاموش رہ کر کہا۔ "جو کچھ ہونا تھا جی وہ ہو چکا۔ اب تو آگے کی سوچنا ہے۔ میں نے پتہ کیا ہے۔ مزارعوں پر اللہ وسایا مرحوم بہت ادھار چھوڑ گیا ہے۔ اس کی فوری وصولی ہونی چاہیے۔ کچھ تو ابھی مل ہی جائے گا۔ ورنہ کماد کی فصل سے کرضہ وصول کیا جا سکتا ہے۔"

"کماد کی فصل ہی سے کیسے کرضہ وصول کیا جا سکتا ہے؟" رحیم داد نے حیرت سے دریافت کیا۔

"وہ اس طرح جی کہ کٹائی کے بعد کماد کو شکر مل پہنچانے اور وزن کروانے کی پوری ذمہ داری تو زمیں دار ہی کی ہوتی ہے نا۔ ویسے تو تول ہی میں خاصی گنجائش نکل سکتی ہے۔" وہ عیاری سے مسکرایا۔ "میرا مطلب تسیں سمجھ گئے نا؟"

"بالکل سمجھ گیا۔ آگے بتا۔" رحیم داد نے دلچسپی لیتے ہوئے کہا۔

"اس کے علاوہ کماد کی سپلائی بھی زمیں دار ہی کرتا ہے۔" نادر خاں نے بتایا۔ "اس میں سے کماد سپلائی کرنے کا نصف کرایہ بھاڑا مزارعے کے حصے سے کٹتا ہے۔ آبیانہ اور چری کی فصل کی کیمت بجرا کر کے ہر مزارعے کو رسید دے دی جاتی ہے۔ کانون تو یہی ہے پر کون زمیں دار اس پر عمل کرتا ہے۔" اس نے رحیم داد کی طرف دیکھا۔ اس کا لہجہ نرم پڑ گیا۔ "معاف کرنا جی۔ شاہ جی ٹھیک ہی بتاتا تھا۔ اللہ وسایا تو زمیں دار تھا ہی نہیں اور نہ اس نے کبھی زمیں دار بن نے کی کوشش کی۔ وہ تو پیدائشی مزارع تھا۔ مرتے دم تک مزارع ہی رہا۔"

"اس نے کون سی غلطی کی؟"

"ایک غلطی ہو تو بتاؤں۔" نادر خاں نے مستعدی سے جواب دیا۔ "شکر مل کو کماد کی سپلائی کا معاملہ ہی لے لیں۔ اللہ وسایا ہر مزارعے کو پابندی سے رسید دیتا تھا۔ اسے ہرگز ایسا نہیں کرنا چاہیے تھا۔ تب ہی تو وہ مزارعوں سے اپنا کرض وصول نہ کر سکا۔"

"رسید دینے سے کرض کی وصولی کا کیا واسطہ؟"

"بہت اہم واسطہ ہے اور وہ اس طرح ہے کہ مزارعوں کو کماد کی سپلائی میں سے ان کی پیداوار کی رکم کا جو بھی حصہ دیا جائے' پہلے اس میں سے کرض کی رکم کاٹ لی جائے۔ اس کے بغیر کرض ادھار آسانی سے وصول نہیں ہوتا۔ سارے ہوشیار زمیں دار ایسا ہی کرتے ہیں۔ مزارعوں کو رسید دینے کی صورت میں ادھار کی رکم نہیں کاٹی جا سکتی۔ رسید کو سامنے رکھ کر ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔"

"بات تو تیری سمجھ آتی ہے۔" رحیم داد نے اظہار پسندیدگی کیا۔

"آگے یہ رسید کا چکر ختم کرنا ہو گا۔"

"پر اس میں ایک خطرہ ہے۔" رحیم داد نے اپنے اندیشے کا اظہار کیا۔

"وہ کیا ہے جی؟" نادر نے حیرت سے دریافت کیا۔

"اب تک ایسا ہوا نہیں۔ مزارعے ناراض ہوں گے۔ کوئی گڑبڑ پیدا نہ ہو۔"

"فکر نہ کریں جی' کوئی گڑبڑ شڑبڑ نہیں ہو گی۔"

"مان لے انھوں نے کوئی گڑبڑ نہیں ڈالی' پر وہ جمیلہ کے پاس جا کر فریاد کریں گے۔ وہ ان کی بات ضرور مان لے گی۔ میں نوں پتہ ہے وہ ضرور ایسا کرے گی۔"

"اس کا تو مجھے بھی چند ہی دنوں میں اندازہ ہو گیا۔" نادر نے رحیم داد سے اتفاق کیا۔

"مزارعوں کا تو جی یہ حال ہے وہ ہر معاملے میں اللہ وسایا کا حوالہ دیتے ہیں۔ بار بار اس کا ذکر

کرتے ہیں یا جمیلہ کا۔" اس نے رحیم داد کو نظر بھر کر دیکھا۔ لمحہ بھر کے لیے بات کہتے کہتے ٹھٹکا۔ "سچی گل تو ایسہ ہے جی۔ اللہ وسایا کے بعد پوری زمیں داری جمیلہ ہی کی سمجھتے ہیں۔ تجھے تو وہ زمیں دار مانتے ہی نہیں۔ ان کی باتوں سے صاف پتہ چلتا ہے۔"

"یہ تو میں نوں بھی پتہ ہے۔" رحیم داد نے اعتراف کیا۔ "اسی لیے تو تجھے لگایا ہے۔"

"شاہ جی نے بھی مجھ سے یہ گل بتائی تھی۔ پر فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ اللہ وسایا تو اب رہا نہیں۔ جمیلہ بھی ان دنوں عدت میں بیٹھی ہے۔ نہ وہ حویلی کی چار دیواری سے باہر جا سکتی ہے نہ مزارعوں سے مل سکتی ہے۔ یہ اچھا موکع ہے۔ اس سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔"

"کیا کرے گا تو؟" رحیم داد نے کریدکر پوچھا۔

"جمیلہ کا اثر ختم کر کے مزارعوں پر تیری دھاک بٹھانی ہو گی۔ اس کے لیے زمیں داروں کا آزمودہ حربہ استعمال کرنا ہو گا۔"

"وہ کیا ہوتا ہے؟" رحیم داد بیچ میں بول پڑا۔

"وہ یہ ہوتا ہے کہ مزارعوں کے درمیان پھوٹ پیدا کرنی ہو گی۔ ہر زمیں داری میں مزارعوں کے درمیان چھوٹے موٹے جھگڑے تو ہوتے ہی ہیں۔ اس پنڈ کے مزارعوں میں بھی ہیں۔ ایسے جھگڑوں کو بڑھانا ہو گا۔ کچھ کی طرف داری کرنی ہو گی اور انھیں رعائتیں دے کر اپنے ساتھ ملانا ہو گا۔" نادر زیر لب مسکرایا۔ "جو اپنے ساتھ نہ آئیں ان پر طرح طرح کے دباؤ ڈال کر تنگ کرنا ہو گا۔ فیر ایسا وکھت بھی آئے گا جب سارے ہی مزارع تیرے بندے ہوں گے۔ جو کہے گا وہی کریں گے۔ تجھے ہی پنڈ کا اصلی زمیں دار مانیں گے۔"

"تیری گل ویسے تو ٹھیک ہی لگتی ہے۔ میں نوں پسند بھی آئی پر اتنا دھیان رکھنا جب اللہ وسایا زندہ تھا تب بھی جمیلہ زمیں داری کے معاملوں میں برابر حصہ لیتی تھی۔ بلکہ سچ پوچھ تو زمیں داری وہی چلاتی تھی۔" رحیم داد نے نادر خاں کو خبردار کیا۔ "تو نے یہ بھی اندازہ کر لیا ہو گا سارے ہی مزارعے اس کی بہت عزت کرتے ہیں۔ پیار سے اسے بھین جی کہتے ہیں۔ وہی ضرورت پڑنے پر انھیں ادھار دیتی ہے۔ سارا حساب کتاب اسی کے پاس رہتا ہے۔ مجھے ڈر ہے مزارعوں کو اپنا طرف دار بنانے میں جمیلہ ناراض نہ ہو جائے۔ تیں نوں پتہ ہے اس کے تو زمیں داری میں باراں مرنبے ہیں۔"

"میں نوں اس کا پتہ ہے جی۔"

"مزارعوں سے کرض ادھار کی وصولی میں سختی کی گئی یا انھیں تنگ کیا گیا تو جمیلہ میرے گلے پڑ

جائے گی۔ بہت ناراض ہوگی۔ میں اسے ناراض نہیں کرنا چاہتا۔ میں چاہتا ہوں آگے بھی زمین داری اس طرح چلائی جائے' نہ جمیلہ ناراض ہو اور نہ ہی کسی طرح ایسا ظاہر ہو کہ اس کی اور میری زمین داری الگ الگ ہے۔" رحیم داد نے زور دے کر کہا۔ "زمین داری تو پوری پوری ساتھ ساتھ ہی چلانی ہوگی۔ تمیں نوں اسے سامنے رکھ کر کام کرنا ہوگا۔"

"ایسا ہی ہوگا جی۔ فکر نہ کریں۔" نادر نے اسے اطمینان دلایا۔ "میں نے سب کچھ سمجھ لیا ہے۔ آگے ہر معاملے میں احتیاط سے کام لوں گا۔ جمیلہ کو شکایت کا موقع نہ دوں گا۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ وہ نظریں جھکا کر گہری سوچ میں ڈوب گیا۔ نادر خاں نے چند لمحے خاموش رہ کر دریافت کیا۔ "کس سوچ میں پڑ گئے جی؟"

"سوچ رہا تھا تو نے زمین داری بڑھانے اور پھیلانے کے بارے میں کہا ہے۔ ہونا تو ایسا چاہیے پر اس کے لیے روپے کی ضرورت ہوگی۔" رحیم داد نے اپنی مالی مشکلات کا ایک بار پھر اظہار کیا۔ "خریف کی فصل کی واڈھی میں تو ابھی کئی مہینے رہتے ہیں۔ مزارعوں سے کماد کی پیداوار میں کرض کی وصولی بھی تب ہی ہوگی۔ اب کیسے کام چلایا جائے۔"

"مزارعوں سے کچھ نہ کچھ وصولی تو ابھی ہو سکتی ہے۔" نادر نے تجویز پیش کی۔

رحیم داد نے اس کی حوصلہ افزائی نہیں کی۔ "جمیلہ سے پہلے مشورہ کرنا ہوگا۔ اس سے بات کیے بنا اس معاملے میں کچھ نہ کرنا۔ تو نہیں سمجھتا یہ بہت ضروری ہے۔"

"ایک تجویز اس سلسلے میں سمجھ آتی ہے۔"

"وہ کیا ہے؟" رحیم داد نے بے چین ہو کر پوچھا۔ اسے دراصل اس رقم کی فکر تھی جس کے بارے میں وکیل نے سختی سے تاکید کی تھی۔ اس کے پاس لالی کی رقم میں سے وارا کو ایک ہزار دے کر اب دو ہزار سے کچھ اوپر روپے رہ گئے تھے۔ مگر وکیل زیادہ رقم مانگتا تھا۔ رحیم داد اس سلسلے میں نادر کو ابھی اعتماد میں لینا نہ چاہتا تھا۔

نادر نے گردن آگے بڑھا کر رازداری کے انداز میں کہا۔ "شاہ جی سے بھی کرض ادھار مل سکتا ہے۔ مجھے یقین ہے وہ ضرور مدد کرے گا۔ وہ تیری بہت تعریف کرتا ہے اور مانتا بھی بہت ہے۔ وہ اتنا وڈا زمیں دار ہے چار پانچ ہزار روپے ادھار دینا اس کے لیے معمولی بات ہے۔"

"امید تو ہے وہ میری مدد کرے گا۔" رحیم داد نے نادر کی تائید کی۔ "پر میں چاہتا ہوں تو پہلے اس سلسلے میں گل بات کر۔"

"کرلوں گا جی۔ مجھے اسے ملنا بھی ہے۔"

"اور دیکھ کسی سے، ہرگز یہ نہ بتانا تجھے شاہ جی نے ادھر بھیجا ہے اور نہ ہی کسی کو یہ پتہ چلے تیرا اس کے پاس آنا جانا ہے۔" رحیم داد نے تنبیہہ کی۔ "اور نہ کسی کو یہ بتانا میرا اس کے ساتھ میل جول ہے۔" اس کا لہجہ اور مدھم پڑ گیا۔ اس نے چوکنا نظروں سے ادھر ادھر دیکھا۔ "کسی کو ادھر بالکل پتہ نہیں میں اس کے پاس آتا جاتا ہوں۔"

"شاہ جی نے مجھے یہاں آنے سے پہلے ہی اس بارے میں خبردار کر دیا تھا۔ تب ہی تو میں نے کسی سے یہاں ایسی بات نہیں کی۔ اشارہ تک نہ دیا۔" نادر خاں نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "پر تمیں نوں بھی سخت احتیاط کرنی چاہیے۔"

"وہ تو میں کرتا ہی ہوں۔"

"مجھے تو مہمان خانے کا نوکر احمد بھی اعتبار کا بندہ نہیں لگتا۔ وہ باتیں بہت کرتا ہے اور پیٹ کا بھی ہلکا ہے۔ اس پر بالکل بھروسہ نہیں کیا جا سکتا۔ اسے ہٹا کر اپنے بھروسے کا بندہ رکھنا ہوگا۔ ویسے بھی جی نوکر تو اعتبار ہی کا ہونا چاہیے جیسے شاہ جی کے پاس شیدا ہے۔ مجھے تیرے لیے بھی ایسا بندہ تلاش کرنا ہوگا جس پر پورا پورا بھروسہ ہو اور جس سے ہر طرح کا کام لیا جا سکے۔"

"مجھے بھی احمد ایسا بندہ نہیں لگتا جس پر بھروسہ کیا جا سکے۔ اسی لیے میں نے کبھی اس سے کوئی ایسی گل بات نہیں کی۔ شاہ جی کے پاس بھی جاتا ہوں تو اسے اشارہ تک نہیں دیتا۔ اسے پتہ لگ جائے تو جھٹ جا کر جمیلہ سے بتا دے گا۔ وہ ایسا ہی بندہ ہے۔"

"تب تو اسے جلد سے جلد ہٹانا چاہیے۔ فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ میں جلد ہی ایسا اعتبار کا بندہ تلاش کرلوں گا۔ یہاں نہ ملا تو اپنے پنڈ سے لیتا آؤں گا۔"

"ٹھیک ہے' اب نہا کر کپڑے بدل لے۔" رحیم داد نے نادر خاں کا میلا کچیلا لباس غور سے دیکھا۔ "تیرے کپڑے لتے بہت گندے ہو گئے ہیں۔"

"کپڑے لتے تو جی میں اپنے ساتھ لایا نہیں۔ اپنے پاس تو یہی کپڑے ہیں۔ دوبارا انھیں دھو بھی چکا ہوں۔" نادر نے بتایا۔ "بات یہ ہے جی' میں یہاں ٹھیرنے کے ارادے سے تو آیا نہیں تھا۔ ورنہ کپڑے لتے لے کر تیاری سے آتا۔ برا نہ منائیں تو جی میں آج ہی اپنے پنڈ چلا جاؤں۔ کل شام نہیں تو پرسوں ضرور واپس آجاؤں گا۔"

"اس وکت کیسے جائے گا۔" رحیم داد نے گردن گھما پھرا کر بڑھتے ہوئے اندھیرے کو دیکھا۔ "پہلے ہی بہت تھکا ہوا ہے۔ کس طرح جا سکے گا؟"

"فکر نہ کریں جی۔" نادر نے مسکرا کر بتایا۔ "سورج ڈوبے زیادہ دیر نہیں ہوئی۔ میں آرام سے

چلا جاؤں گا۔"

"تو پیدل جائے گا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"حویلی میں نوکروں کے لیے دو سیکلیں ہیں۔ ایک مل جائے تو اس پر چلا جاؤں گا۔ جلد ہی اپنے پنڈ پہنچ جاؤں گا۔ ورنہ رات بہت دیر سے پہنچوں گا۔"

رحیم داد نے ایک نوکر کو بلایا اور اس سے سائیکل منگوائی۔ وہ سائیکل لینے چلا گیا۔ رحیم داد نے کہا۔ "نادر! تو جلد ہی آجانا۔ ویسے میرا ارادہ بھی شاہ جی کی طرف کل جانے کا ہے۔ تیں نوں پتہ ہے وہ اپنے پنڈ میں ہے؟"

"ہاں جی! وہ پیراں والہ ہی میں ہے۔" نادر نے جواب دیا۔ "جہاں تک میرا خیال ہے اس کا فی الحال پنڈ سے باہر جانے کا کوئی پروگرام بھی نہیں۔"

نوکر سائیکل لے کر آگیا۔ رحیم داد کی ہدایت پر اس نے سائیکل نادر خاں کے حوالے کردی۔ سائیکل سنبھال کر وہ کھڑا ہوگیا۔ آہستہ سے بولا۔ "مہمان خانے میں جا کر روٹی کھالوں۔ اس کے بعد رحمت والی چلا جاؤں گا۔ اب واپسی ہی پر حاضر ہو سکوں گا۔"

نادر خاں چلا گیا۔ رحیم داد نے باغ ہی میں کھانا کھایا اور دیر تک بیٹھا ان باتوں پر غور کرتا رہا جو نادر خاں نے پچھلے چند روز کی بھاگ دوڑ کے بعد رپورٹ کی صورت میں اس کے سامنے پیش کی تھیں۔ یہ باتیں رحیم داد کے لیے قطعی نئی تھیں اور معلومات افزا بھی تھیں۔ اسے کو ئی ہرکشن کے متعلق بحیثیت زمیں دار بہت کم بلکہ کچھ بھی معلوم نہ تھا۔ پہلے بھی وہ نام کا زمیں دار رہ چکا تھا۔ صرف گیارہ ایکڑ زمین اس کی ملکیت تھی۔ بنیادی طور پر وہ کاشت کار تھا۔ اس کا شمار چھوٹے کھاتے داروں میں ہوتا تھا۔ بڑے زمیں داروں کے ہتھکنڈوں اور طور طریقوں سے وہ بڑی حد تک ناواقف تھا۔ نادر خاں نے اس کے سامنے جو تجاویز رکھیں تھیں وہ اسے پسند آئیں اور اس قدر زیادہ پسند آئیں کہ انھیں عملی جامہ پہنانے کے بارے میں سنجیدگی سے غور کرنے لگا۔

رات کو بستر پر لیٹا تو نادر خاں اس کے ذہن پر چھایا ہوا تھا۔ وہ اسے بے حد ہوشیار اور تجربہ کار آدمی نظر آیا۔ اسے زمیں داری چلانے کے لیے ایسے ہی آدمی کی ضرورت تھی۔ اسے ایسا محسوس ہوا کہ نادر خاں سے ملنے سے پہلے وہ بالکل اندھیرے میں تھا۔ اسے کچھ خبر نہ تھی کہ مزارعے کس انداز سے سوچ رہے ہیں؟ کتنے خود سر اور بے لگام ہوگئے ہیں؟ انھیں قابو میں لانے کے لیے کیا کیا جائے اور کیسا رویہ اختیار کیا جائے؟ یہ کام وہ نادر خاں کی مدد ہی سے کر سکتا تھا۔

۴

رحیم داد نے نائی بلوایا۔ حجامت بنوائی۔ غسل کیا۔ صاف ستھرا لباس پہنا۔ وہ احسان شاہ کے س جا رہا تھا۔ احمد اس وقت مہمان خانے میں موجود تھا۔ اس نے مسکرا کر کہا۔ "چوہدری آج ح تو نہیں ہے؟"

"نہیں۔" رحیم داد نے حیرت سے کہا۔ "تیں نوں پتہ نہیں آج تو منگل وار ہے۔"

"لگتا ہے تو کہیں جا رہا ہے۔"

"میں نوں تو کہیں نہیں جانا۔" رحیم داد نے صاف انکار کردیا۔ وہ اسے کچھ بتانا نہ چاہتا تھا۔ س نے اس روز تانگا بھی نہ بلوایا۔

احمد خاموش ہوگیا۔ رحیم داد کچھ دیر بعد مہمان خانے سے نکلا اور اس راستے پر چل دیا جو کرمان پورہ جاتا تھا۔ کرمان پورہ تین میل کے فاصلے پر تھا۔ وہاں سے ایک نیم پختہ سڑک گزرتی تھی۔ کرماں پورہ موضع تھا۔ وہاں تانگوں کا اڈا بھی تھا۔ گاؤں سے کہیں دور جانا ہوتا تو کرمان پورہ ہی سے تانگا بلوایا جاتا تھا۔

راستے کے دونوں جانب سائے دار درخت تھے۔ کسی زمانہ میں یہ کنکر کی بنی ہوئی پختہ سڑک تھی جسے جمیلہ کے باپ لالہ کرشن دیال نے بنوایا تھا۔ وہ جب گاؤں آتا تو ہمیشہ کار میں آتا اور اسی سڑک سے آتا تھا۔ ہرویال اور جمیلہ کے دوسرے بھائی بھی جیپ یا کار سے اسی سڑک سے آتے جاتے تھے۔ مگر اب یہ سڑک ٹوٹ پھوٹ چکی تھی۔ بارش نے جگہ جگہ گڑھے ڈال دیئے تھے جن میں پانی بھرا تھا۔

سڑک کے نشان دھندلے پڑ چکے تھے۔ وہ کچا راستہ بن کر رہ گئی تھی۔ رحیم داد اس پر چلتا رہا
آسمان پر بادل چھائے تھے۔ ہوا بھی چل رہی تھی۔ پہر دن گزرا تو رحیم داد کرمان پورہ پہنچ چکا تھا
اس نے تانگا لیا اور اس میں سوار ہو کر حویلی روڈ کی جانب روانہ ہو گیا۔

حویلی روڈ پر اسے زیادہ دور نہ جانا پڑا۔ پہلے ہی اڈے پر لاری مل گئی۔ اس نے تانگا چھورا
کوچوان کو کرایہ ادا کیا اور لاری کے اندر داخل ہو گیا۔ لاری مسافروں سے کھچا کھچ بھری تھی
رحیم داد کو کھڑے ہو کر سفر کرنا پڑا۔ مگر لاری نے میل سوا میل فاصلہ طے کیا تھا کہ ایک بستی آگئی
کئی مسافر اتر گئے۔ رحیم داد کو بیٹھنے کی جگہ مل گئی۔

رحیم داد اطمینان سے بیٹھ گیا۔ لاری سڑک پر ہچکولے کھاتی ہوئی دوڑتی رہی۔ باہر ہلکی ہلکی پھوار
پڑ رہی تھی۔ موسم سہانا ہو گیا تھا۔ رحیم داد نے مسافروں پر ایک نظر ڈالی۔ مگر ایک مسافر پر نظر
پڑتے ہی اس کے ہوش اڑ گئے۔ وہ جمال دین تھا اور آنکھیں بند کئے اونگھ رہا تھا۔ اس کے ساتھ ہی
نوراں بیٹھی تھی۔

دونوں بچے 'کریما اور زینو' بھی ماں کے ساتھ بیٹھے تھے۔ رحیم داد نے اپنی بیوی' بیٹے اور بیٹی کو
دیکھا۔ وہ خوف زدہ بھی ہو گیا اور اسے دکھ بھی ہوا۔ نوراں کا رنگ روپ دھندلا گیا تھا۔ لباس
بوسیدہ اور میلا کچیلا تھا۔ بچوں کا لباس اس سے بھی زیادہ پھٹا پرانا تھا۔ نوراں' بچوں کے ساتھ
داہنے ہاتھ کی اگلی نشست پر بیٹھی تھی۔

رحیم داد دم بخود بیٹھا نوراں اور بچوں کو دیکھتا رہا۔ یکایک نوراں نے گردن موڑی۔ رحیم داد
کھڑکی سے باہر جھانکنے لگا۔ چند لمحے بعد اس نے ہچکچاتے ہوئے نوراں کی طرف جھجکتی ہوئی نظر
ڈالی۔ وہ بغور اسے دیکھ رہی تھی۔ رحیم داد نے فوراً نظریں موڑ لیں اور خود بھی اس قدر مڑا کہ اس
کا چہرہ دوسری طرف ہو گیا۔

رحیم داد بہت پریشان تھا۔ وہ خود کو خطرے میں گھرا ہوا محسوس کر رہا تھا۔ جمال دین یا نوراں
اسے پہچان لیتے تو وہ سخت مصیبت میں مبتلا ہو جاتا۔ اگلا اڈا آنے سے پہلے ہی وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔
اس نے باہر نکلتے ہوئے سرسری نظروں سے دیکھا۔ جمال دین ابھی تک آنکھیں بند کئے اونگھ رہا
تھا۔

نوراں خاموش بیٹھی تھی۔ وہ بدحال اور اجڑی اجڑی نظر آرہی تھی۔ اس کے چہرے کا نکھار
میلا پڑ گیا تھا۔ آنکھیں بجھی بجھی تھیں۔ اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ دل میں کسک اور چبھن
محسوس کی۔ نوراں نے ایک بار پھر گردن موڑی۔ اسی لمحے لاری ٹھہر گئی۔ رحیم داد لاری سے اتر کر

لا گیا۔
ہر ہلکی ہلکی بوندا باندی ہو رہی تھی۔ رحیم داد لاری کی جانب پیٹھ موڑ کر کھڑا ہو گیا۔ لاری سے
ور مسافر اترے کچھ سوار ہوئے۔ انجن اسٹارٹ ہی تھا۔ ذرا دیر میں لاری پھر سڑک پر مڑی
لمروں سے اوجھل ہو گئی۔

حیم داد کے سینے میں دھواں سا اٹھا۔ آنکھیں نم ناک ہو گئیں۔ اس نے احسان شاہ کے پاس
کا ارادہ ترک کر دیا۔ وہ اس وقت بہت غم زدہ اور دل گرفتہ تھا۔ کچھ دیر بعد مخالف سمت سے
اری آگئی۔ وہ اس میں داخل ہو گیا۔

☆

حیم داد کوٹلہ ہرکشن واپس پہنچا۔ مہمان خانے میں گیا۔ آسمان پر بادل چھائے تھے۔ بوندا
جاری تھی۔ رحیم داد کے کپڑے بارش سے بھیگ گئے تھے۔ اس نے گیلے کپڑے اتار کر دھوتی
ن۔ غسل خانے میں جا کر نہایا۔ اجلا لباس پہنا۔ دوپہر کا کھانا تاخیر سے کھایا۔ سہ پہر کا وقت
دبستر پر لیٹ کر سفر کی تکان دور کرنے لگا۔

راں' کریما اور زینو ابھی تک اس کے ذہن پر چھائے ہوئے تھے۔ کریما اس کا پہلوٹی کا بیٹا تھا
بولاڈلی بیٹی تھی۔ ایک زمانہ وہ بھی تھا جب کریما یا زینو میں سے کوئی بیمار پڑتا یا کسی تکلیف میں
تا تو وہ تڑپ اٹھتا' بے قرار ہو جاتا۔

ج اس نے دونوں کو طویل مدت کے بعد دیکھا تھا۔ ان کے چہروں پر برستی ہوئی محرومی دیکھی
ان کے لاغر اور گندے جسم دیکھے تھے۔ ان کا پھٹا پرانا لباس دیکھا تھا۔ مگر وہ ان کے سر پر
ے ہاتھ بھی نہ پھیر سکا۔ ان کے رخسار چومنے اور انھیں سینے سے لگانے کے بجائے انھیں
ڈر گیا تھا' سہم گیا تھا۔ ایسا محسوس ہوا گویا بھیانک خواب دیکھ رہا ہے۔ حالات نے اسے کیا
بنا دیا تھا؟

اں' جس کی محبت سے سرشار ہو کر اس نے اپنے حقیقی چچا کو دشمن بنا لیا تھا۔ اس کی بیٹی'
کا رشتہ ٹھکرا کر نوراں کو بیاہ کر اپنے گھر لے آیا تھا اور اکلوتی بہن' بیگماں سے اس طرح جدا
ا کہ اس کے گھر کے دروازے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے اس پر بند ہو گئے تھے اور جب وہ چھپ کر
ے گاؤں ڈھولہ امیر خاں پہنچا اور اس سے ملا تو چوری چھپے کی یہ ملاقات بیگماں اور اس کے
ولاداد کی ہلاکت کا سبب بن گئی۔ اسے دونوں کو خون میں لت پت تڑپتے اور دم توڑتے دیکھنا

چند ہی گھنٹے پہلے وہی چہیتی نوراں اسے نظر آئی تو وہ خوف اور دہشت سے لرز کر رہ گیا تھا۔ وہ
اس کے لیے شدید خطرہ بن گئی تھی۔ جب تک وہ لاری میں رہا' اسے رہ رہ کر یہ اندیشہ ستاتا رہا
کہیں وہ اسے پہچان نہ لے۔

اسے نوراں کا اجڑا ہوا چہرہ اور اس پر پھیلی ہوئی ویرانی دیکھ کر دکھ بھی ہوا اور سخت نفرت بھی
ہوئی۔ وہ اپنے آشنا' جمال دین کے ساتھ بیٹھی تھی جو کبھی اس کا گہرا دوست تھا۔ ہر وقت کا ساتھی
اور رفیق تھا۔ نوراں کی بے وفائی یاد کر کے وہ غصے سے تلملا اٹھا۔ اس نے بے چین ہو کر کروٹ
بدلی اور ہانپنے کے انداز میں گہری گہری سانسیں بھرنے لگا۔

وہ اسی بے چینی کے عالم لیٹا تھا کہ تاراں کمرے میں داخل ہوئی۔ اس کے ہونٹوں پر ہمیشہ کی
طرح اس وقت بھی ہلکی ہلکی شوخ مسکراہٹ تھی۔ رحیم داد نے بستر پر لیٹے لیٹے بے نیازی سے
پوچھا۔

"حمیرا کدھر ہے؟"

"میں نوں پتہ نہیں جی وہ کدھر ہے۔" اس نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "شدو کے چکر میں گئی
ہو گا۔"

"تو کیسے آئی؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"زمیں دارنی نے تجھے بلایا ہے۔ وہ حویلی میں تیرا انتظار کر رہی ہے۔"

رحیم داد اٹھ کر بیٹھ گیا۔ پلنگ سے نیچے اترا۔ سر پر پگ رکھی۔ پیروں میں جوتے پہنے اور تاراں
کے ہم راہ بوندا باندی سے بچتا بچاتا حویلی کے اندر چلا گیا۔ جمیلہ اس وقت گول کمرے میں پرانی
وضع کے چوڑے چکلے صوفے پر بیٹھی تھی۔ اسی کمرے میں کبھی جمیلہ کا بڑا بھائی' لالہ ہردیال کچہری
لگاتا تھا۔ زمیں داری کے معاملات طے کرتا تھا۔ سرکاری افسروں' بڑے زمیں داروں اور
جاگیرداروں سے ملاقات کرتا تھا۔

کمرے میں دبیز قالین کا فرش تھا جس کے نقش و نگار قدرے دھندلے پڑ گئے تھے۔ دروازوں پر
پڑے ہوئے پردوں کے رنگ بھی اڑ گئے تھے۔ کمرے کا فرنیچر پرانا تھا مگر قیمتی تھا۔ کمرے کی آرائش
سے جاگیردارانہ آن بان ابھی تک جھلکتی تھی۔

جمیلہ اس وقت سفید ململ کا کرتا اور لٹھے کی شلوار پہنے ہوئے تھی۔ دوپٹہ بھی سفید ہی تھا۔ وہ
اس کے اوپر سیاہ چادر اوڑھے ہوئے تھی۔ اس نے چادر سے سر اور چہرے کو ہلکا مار کر بڑی حد
تک چھپا رکھا تھا۔ اس کی گوری گوری کلائیاں بالکل خالی تھیں۔ چہرہ جو کبھی تازہ پھولوں کی مانند

ہ اور دل کش نظر آتا تھا' اب پچھلی رات کا زرد اور ملیالا چاند بن گیا تھا۔

رحیم داد کمرے میں داخل ہوا۔ جمیلہ نے ہاتھ کے اشارے سے قریبی صوفے پر بیٹھنے کا اشارہ
اور اپنا چہرہ دیوار کی جانب موڑ لیا۔ تاراں اس کے قدموں کے قریب قالین پر بیٹھ گئی۔ اب
کا چہرہ نظر نہ آتا تھا۔ کمرے میں گہری خاموشی چھائی تھی۔ چند لمحے بعد جمیلہ کی آواز ابھری۔
نے رحیم داد سے دریافت کیا۔

'چوہدری! میں نے سنا ہے' تو نے زمیں داری کی دیکھ بھال کے لیے مینجر رکھ لیا ہے۔" اپنی بات
کہتے وہ ٹھٹکی۔ "کیا یہ سچ ہے؟"

'ہاں جی۔" رحیم داد کے لہجے سے صاف جھلکتا تھا کہ وہ اس سوال کے لیے پہلے سے ذہنی طور پر
ہے۔ اس نے بلا جھجک جواب دیا۔ "تو نے ٹھیک ہی سنا۔"

میلہ چند لمحے تک گم صم بیٹھی رہی۔ اس نے گہری سانس بھری۔ شکوہ کرنے کے انداز میں
۔ "تو نے اتنا بڑا فیصلہ کر لیا اور مجھ سے پوچھا بھی نہیں۔"

'کیسے پوچھتا۔ تجھ سے ملنا ہی کب ہوا؟" رحیم داد نے بات بنائی۔ "فیر یہ بھی تو ہے' تو اللہ وسایا
سیاپے میں اتنی کھوئی ہوئی ہے کہ ایسے میں تجھ سے کیا گل بات کی جائے۔"

میلہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "پر تو نے یہ تو سوچا ہوتا' ہمارے پاس کل ۲۲ مربع زمین ہے۔
میرے پتا کے پاس ۲۲ سو مربعے سے اوپر اراضی تھی تب اس کے پاس مینجر ہوتا تھا۔" اس
ھنڈی سانس بھری۔ "پاکستان بنا تو سو سے بھی زیادہ مربعے احسان علی شاہ نے دبا لیے۔ کچھ پر
ے زمیں داروں کے ساتھ مزارعوں نے بھی قبضہ کر لیا۔ ۲۲ مربعے بھی اللہ وسایا نے زورا
ں دکھا کر بچا لیے۔ اب اتنی سی زمیں داری کے لیے مینجر یا کاردار کی کیا ضرورت ہے؟" جمیلہ
لہجے میں تلخی تھی۔

حیم داد اس کے لہجے میں رچی ہوئی تلخی نظر انداز کرتے ہوئے بولا۔ "ضرورت تو ہے اور بہت
ہے۔ تو عدت میں بیٹھی ہے۔ حویلی کی چار دیواری سے باہر نہیں جا سکتی۔ اور مجھے یہاں کے
ت کا کچھ اتا پتا نہیں۔ زمیں داری کی دیکھ بھال کے لیے کوئی تو ہونا چاہیے۔ اس طرح کب
ام چلے گا؟"

جیسے پہلے چل رہا تھا۔" جمیلہ اپنی بات پر اڑی رہی۔ "ہمارے مزارعے جان لڑا کر محنت کرتے
جب ہی تو فصل چنگی ہوتی ہے۔ تو نے ربیع کی فصل دیکھی تھی۔ اب خریف کی فصل تیرے
ہے۔ ایمان نال بتا کیسی فصل ہے؟"

"فصل تو ویسے چنگی اور ٹھیک ٹھاک ہی لگتی ہے۔" رحیم داد نے اعتراف کیا۔ "پر تو نے بھی بھی سوچا کتنی زمین پڑیلی ہے۔ کہیں ڈھلل اور جھلن ہے کہیں جھنگر۔ یہ ساری غیر مزروعہ زمین ز کاشت لائی جاسکتی ہے۔ اس طرح زمین کے ساتھ ساتھ پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا۔ زمیں دار کو بھی بڑھایا جاسکتا ہے۔"

"مگر اس میں سے بہت سی زمین تو شاملات کی ہے۔ وہ تو سارے پنڈ کی مشترکہ ملکیت ہے۔ جمیلہ نے وضاحت کی۔ "ہاں یہ ٹھیک ہے' ہماری ایسی پڑیلی اور بنجر زمین بھی ہے جسے کھیتی باڑی کے لیے ٹھیک ٹھاک کیا جاسکتا ہے۔ پر میں اور اللہ وسایا' دونوں غافل نہیں تھے۔ احسان شاہ نے ایک کے بعد دوسرا کیس چلا کر مکدمہ بازی میں ایسا پھنسایا اللہ وسایا کو اتنی مہلت ہی نہ ملی کہ وہ اس سے کار اور بنجر زمین کی طرف دھیان دیتا۔" اس کا لہجہ پھر تلخ ہوگیا۔ "تجھے پتہ ہے احسان شاہ نے یہ پکی کچی زمین بلکہ حویلی تک ہمارے کہنے سے نکلوا دی تھی۔ وہ تو ہم کو بالکل تباہ کردینا چاہتا تھا۔"

اسی وقت کمرے کے باہر تاراں کی بچی کے زور زور سے رونے کی آواز ابھری۔ تاراں نے چینی سے فوراً پہلو بدلا۔ جمیلہ نے کہا۔ "تاراں! دیکھ تو تیری چھوہری کیوں بلک بلک کر رو رہی ہے؟" تاراں خاموشی سے اٹھی اور تیز قدم اٹھاتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی۔

رحیم داد نے چند لمحے خاموش رہ کر کہا۔ "جو ہونا تھا جی وہ تو ہوگیا۔" اس کے لہجے میں قدرے اکھڑپن تھا۔ "صاف بات یہ ہے جی' اب تو میں نے نادر خاں کو مینجر لگا ہی دیا۔ وہ جلد ہی کام شروع کردے گا۔" رحیم داد کے رویئے سے صاف ظاہر تھا کہ نادر خاں کے سلسلے میں وہ اپنی رائے بدلنے پر آمادہ نہیں۔

"جب تو نے فیصلہ کر ہی لیا تو اب بات کرنے سے کیا فائدہ۔ تجھے خرچ ہی بڑھانا ہے تو ضرور بڑھا۔ جو مرضی میں آئے کر۔ میں کیا کہہ سکتی ہوں؟" جمیلہ کے انداز میں جھنجلاہٹ تھی۔

رحیم داد نے بھی اس جھنجلاہٹ کو محسوس کیا۔ فوراً نرم پڑگیا' اپنا رویہ بدلا۔ "تو فکر نہ کر۔ جتنا خرچہ بڑھے گا' اس سے زیادہ ہی فائدہ ہوگا۔ اپنی سمجھ میں تو یہی آتا ہے۔ یہی سوچ کر نادر خاں کو لگانے کا بھی فیصلہ کیا تھا۔ میرا مطلب تو صرف اتنا ہے کہ زمیں داری کو بڑھایا جائے۔ ٹھیک ٹھاک طور پر چلایا جائے۔"

"مجھے اس معاملے میں تجھ سے زیادہ پتہ ہے۔" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "ہمارا مینجر بنسی لال تھا۔ تنخواہ تو کیول اس کی اسّی روپے تھی۔ وہ بھی سولاں' ستاراں برس کی نوکری کے بعد ہوئی تھی۔ پر ہیرا پھیری اور گڑبڑ کرکے اس نے لودھراں میں اپنے پتر کے نام سے اتنی زمین خرید لی تھی

کہ اس کا شمار تحصیل کے وڈے زمیں داروں میں کیا جاتا تھا۔ زمیں داری کی دیکھ بھال کے لیے اس نے اپنا منشی بھی لگا رکھا تھا۔" اس نے قدرے تامل کیا۔ "ایسا بھی نہیں تھا کہ چاچی یا ہردیال کو پتہ نہ تھا۔"

رحیم داد نے حیرت زدہ ہوکر استفسار کیا۔ "جب انھیں معلوم تھا تو انھوں نے بنسی لال کو کیوں رکھ چھوڑا تھا؟"

"اسے ہٹانا آسان نہ تھا۔ اصلی بگیردار تو سمجھو بنسی لال ہی تھا۔" جمیلہ نے بتایا۔ "سب کچھ وہی کرتا تھا۔ ہر کام اسی کی مرضی سے ہوتا تھا۔ وہ تو ہر فصل پر ایک مکررہ رکم دے دیتا تھا۔ چاچی اور ہردیال ہر بکھیڑے سے بچے رہتے۔ نہ بھاگ دوڑ کی ضرورت' نہ مزارعوں کے ساتھ بک بک جھک۔ انھیں برس کے برس اتنی رکم مل جاتی جتنی وہ چاہتے تھے۔ بنسی لال خوشامد اور چاپلوسی الگ کرتا تھا۔ جب بھی دیپال پور ہمارے گھر آتا' ماتا جی کے لیے طرح طرح کی سوغات اور تحفے لے کر ضرور آتا۔"

"پر یہ تو زمیں داری نہ ہوئی' ٹھیکیداری ہوئی۔"

"عام طور پر ایسا ہی ہوتا ہے۔" جمیلہ نے اپنی بات کی وضاحت کی۔ "جب مینجر زمیں داری پر پوری طرح چھا جاتا ہے تو وہ ایک طرح سے ٹھیکے ہی پر زمیں داری چلانے لگتا ہے۔"

"تیری گل سمجھ نہیں آئی۔" رحیم داد نے مزید وضاحت چاہی۔

"بات یہ ہے چوہدری! زیادہ تر وڈے زمیں دار یا بگیردار شہر میں کوٹھیاں بنگلے بنوا کر رہتے ہیں۔ وہاں عیش کرتے ہیں اور زمیں داری مینجر' کاردار اور منشی چلاتے ہیں۔ ایسے ہی زمیں داروں کو انگریزی میں ابسنٹیز لینڈلارڈز کہا جاتا ہے۔"

"ایسا تو بہت ہوتا ہے۔ میں کئی زمیں داروں کو جانتا ہوں' وہ لہور میں کوٹھیوں میں رہتے ہیں۔ ان کے مینجر اور کاردار زمیں داری چلاتے ہیں۔ اس میں برائی کیا ہے۔ زمینداروں کا تو کوئی نکسان نہیں ہوتا۔ انھیں فصل سے جتنا ملنا چاہیے وہ تو مل ہی جاتا ہے۔"

"پر اس طرح کی زمیں داری میں بے چارے مزارعے بالکل تباہ ہوجاتے ہیں۔" جمیلہ نے رحیم داد کو سمجھانے کی کوشش کی۔ "انھیں زمیں دار کے ساتھ ساتھ فصل میں سے مینجر کا حصہ بھی دینا پڑتا ہے۔ اگر ایسا نہ کریں تو انھیں بے دخل کردیا جاتا ہے۔ بے دخل کرنے کے لیے انھیں جھوٹے مکدموں میں پھنسایا جاتا ہے۔ ڈھور ڈنگر اٹھوا لیے جاتے ہیں۔ جوان گھر والیوں اور کڑیوں کو اٹھوالیا جاتا ہے۔ گھر بار جلوا دیا جاتا ہے۔ واڈھو فصلیں کاٹ لی جاتی ہیں۔ ان پر ہر ظلم اور

ارادہ ہوتا ہے۔ انھیں طرح طرح سے تنگ کیا جاتا ہے۔ بنسی لال نے اللہ وسایا اور اس کے
کو اسی طرح بے دخل کیا تھا۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "اللہ وسایا اور میں نے اس پنڈ
کبھی ایسا نہیں کیا۔ کسی مزارعے کو نہ تنگ کیا نہ بے دخل۔ مجھے ڈر ہے' آگے چل کر یہاں بھی ا
ہی ہونے لگے گا۔"

"ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔" رحیم داد نے جیلہ کو یقین دلایا۔ "زمیں دارنی! جو تو کہے گی وہی ہوگا
تیری مرضی کے خلاف کچھ نہیں ہوگا۔ اپنے دل سے ایسا شبہ بالکل نکال دے۔ پہلے بھی تو نے زمی
داری چلائی ہے۔ آگے بھی تیں نوں ہی چلانی ہے۔"

"میرا کیا ہے۔ میں تو اب کچھ بھی نہیں رہی۔" جیلہ نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "اللہ وسایا کے
ساتھ میرا سب کچھ چلا گیا۔ سب کچھ اجڑ گیا۔"

اس کی آواز بھرا گئی۔ وہ آگے نہ بول سکی۔ اس کی آنکھیں بھر آئیں۔ آنسو پلکوں سے ڈھلک
ڈھلک بکھرنے لگے۔ کمرے میں گہرا سکوت پھیل گیا۔ جیلہ سر جھکائے خاموشی سے روتی رہی۔

☆

بوندا باندی کا سلسلہ ہنوز جاری تھا۔ کمرے میں بھیگے ہوئے جھونکے آرہے تھے۔ ہوا کی
سرسراہٹ خاموشی میں رک رک کر ابھر رہی تھی۔ تاراں ابھی تک واپس نہیں آئی تھی۔ وقت
آہستہ آہستہ گزرتا رہا۔

رحیم داد نے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے رقت آمیز لہجے میں کہا۔ "زمیں دارنی! میں نوں پتہ
نہیں تھا' تجھے اللہ وسایا سے اتنا زیادہ پیار ہے۔"

"پیار!" جیلہ نے چادر کے پلو سے آنسو پونچھتے ہوئے کہا۔ "نہیں چوہدری! مجھے کسی سے پیار
نہیں۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "پیار تو وہ کرتا ہے جسے اپنے سے پیار ہو۔ مجھے اپنے جیون
سے' اپنی ذات سے کوئی پیار نہیں۔ ہو بھی نہیں سکتا۔ تو اس گل کو نہیں سمجھ سکتا۔"

رحیم داد واقعی اس کی بات کا مطلب نہ سمجھ سکا۔ ہونق کی طرح آنکھیں پھاڑے اس کی طرف
دیکھتا رہا۔ کمرے میں ایک بار پھر خاموشی چھا گئی۔ چند لمحوں بعد خاموشی میں گہری سانس بھرنے کی
مدھم آواز ابھری۔ جیلہ بڑبڑانے کے انداز میں آہستہ آہستہ کہنے لگی۔ "کبھی ایسا بھی تھا جب مجھے
اپنے سے پیار تھا۔ یہ بیتے دنوں کی گل ہے۔ پر اب تو اسے ایک جگ بیت گیا۔ اس سے میں پاروتی
تھی اور کالج میں پڑھتی تھی۔ تب میں نے کسی سے پیار کیا تھا۔ اب تو وہ ساری ہی باتیں ایسی لگتی
ہیں جیسے کوئی سانا سپنا دیکھا ہو۔" اس کے لہجے میں درد کی کسک تھی۔ "ہاں وہ سپنا ہی تھا۔ ایک

رکھنا۔"

"کون تھا وہ؟" رحیم داد نے نہایت بھونڈے پن سے پوچھا۔

جیلہ نے چونک کر گردن موڑی۔ رحیم داد کو دیکھا۔ حیرت سے اس کے چہرے کو تکتی رہی پھر
نے سر جھکا لیا۔ اس کا افسردہ چہرہ اور مرجھا گیا۔

رحیم داد نے گھبرا کر کہا۔ "لگتا ہے تو نے میری گل کا برا منایا۔"

"ایسی گل نہیں۔" وہ مدھم لہجے میں بولی۔ "چوہدری! تجھے سب ہی کچھ پتہ ہے۔ تجھ سے اب
چھپا رہ گیا۔ تو اس کے بارے میں نہیں جانتا' وہ بھی جان لے۔" جیلہ کی آواز میں درد گھلا ہوا
۔ "اس کا نام ویرندر تھا۔ وہ لہور کے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج میں پڑھتا تھا۔"

"تیرا اس سے میل جول کیسے ہوا۔ تو بھی اسی کالج میں پڑھتی تھی؟"

"نہیں' میں تو کینڈ کالج میں پڑھتی تھی۔" جیلہ نے بتایا۔ "جب تک مجھے ہوسٹل میں رہنے کو
۔ نہ ملی میں ویرندر کے پتا کی کوٹھی میں ٹھیری رہی۔ وہ میرے پتا جی کے بہت پرانے دوست تھے۔
ت کے کھتری تھے اور کنہ بھی تھے۔ ویسے تو میں ویرندر کو پہلے سے جانتی تھی۔ پر جب ایک ہی
ٹھی میں ساتھ ساتھ رہنا ہوا تو میل ملاپ بڑھ گیا۔ میں ہوسٹل چلی گئی۔ تب بھی اسے ملتی رہی۔
ب ہمارا میل جول زیادہ بڑھا تو بات بڑوں تک پہنچی۔"

"تب تو گڑبڑ پیدا ہوئی ہوگی؟" رحیم داد نے اس کی باتوں میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے
یافت کیا۔

"نہیں' ویرندر کے پتا مجھے اپنی نوہ بنانا چاہتے تھے۔ پر ماں جی نے صاف انکار کر دیا۔"

"ماں جی نے ایسا کیوں کیا؟" رحیم داد بیچ میں بول پڑا۔

"بات یہ تھی کہ ماں جی نے ہرویال کا رشتہ ویرندر کی بھین سے بہت پہلے دیا تھا۔ پر ویرندر کی ماتا
نے انکار کر دیا۔ اس کا کارن یہ تھا ہرویال ان دنوں شراب پی کر گانا سن نے اور ناچ دیکھنے
نریوں کے چوباروں پر جاتا تھا۔" جیلہ دھیمے لہجے میں بتاتی رہی۔ "ماں جی کو آشا تھی ہرویال کا
ہ ہو جائے تو وہ ٹھیک ہو جائے گا۔ کنجریوں کے پاس جانا چھوڑ دے گا۔ پر ویرندر کی بھین کا ہرویال
ے ویاہ نہ ہو سکا۔"

"یہ تو دتے سنے کا ویاہ ہوا۔"

"ہاں کچھ ایسا ہی تھا۔" جیلہ بولی۔ "ویرندر کی بھین کے ساتھ ہرویال کا رشتہ نہ ہو سکا۔ اسی
ے ویرندر کے ساتھ میرے ویاہ کا معاملہ بھی کھنڈت میں پڑ گیا۔ ہم دونوں کو بہت دکھ ہوا۔ ہرویال

کو کسی طرح اس کا پتہ چل گیا۔ ہوا یہ کہ ایک روز اس نے مجھے روتے ہوئے دیکھ لیا۔ ان دنوں میں دیپال پور میں اپنے گھر ہی پر تھی۔ اس نے کوشش کر کے ماں جی کو راضی کر لیا۔ پتا جی تو پہلے ہی تیار تھے۔ کچھ سے بعد شبھ گھڑی دیکھ کر سگن ہو گئی۔ اور یہ طے ہوا کہ اگلی پورن ماشی کو ویریندر کے ساتھ میری سگائی ہو جائے گی۔ میڈیکل کالج میں ویریندر کا آخری سال تھا اور اس کے بعد ہی ہمارا ویاہ ہونے والا تھا۔"

جمیلہ نے اپنی بات ادھوری چھوڑ دی۔ وہ یادوں کی اونچی نیچی لہروں پر ڈولتی نہ جانے کہاں سے کہاں نکل گئی۔ وہ گم صم بیٹھی تھی اور سامنے کی دیوار تک رہی تھی۔

بارش کا سلسلہ ابھی تک ختم نہ ہوا تھا۔ بھیگی ہوا مدھم سروں میں گنگنا رہی تھی۔ کمرے میں روشنی کم تھی اور سکوت گہرا تھا۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "فیر کیا ہوا؟"

"فیر پاکستان بن گیا۔" جمیلہ بدستور دیوار کو تکتی رہی۔ "اس کے بعد مجھ پر جو کچھ بیتی وہ تجھے پتہ ہی ہے۔ مجھے اللہ وسایا کسی نہ کسی طرح ولیا کے گھر سے نکال کر حویلی میں لے آیا۔" جمیلہ نے صوفے پر پہلو بدلا۔

"ادھر ویریندر لہور سے بچ بچا کر اوکاڑے پہنچ گیا۔ وہاں اس کے چاچا کا گھر تھا۔ میں دیپال پور ہی میں تھی تو مجھے اس کے اوکاڑے پہنچنے کی خبر ملی تھی۔ بعد میں اس پر کیا بیتی مجھے کچھ پتہ نہ تھا۔ پر اسے پتہ چل گیا میں کوٹلہ ہرکشن میں ہوں۔"

"اسے کیسے پتہ چل گیا تو یہاں ہے؟"

"مجھے نہیں معلوم۔" جمیلہ نے نہایت سادگی سے کہا۔ "مجھے تو یہ بھی پتہ نہ تھا وہ زندہ ہے یا فسادات میں اوروں کی طرح مارا گیا۔ وہ ایسا سمے تھا' کسی کو کسی کا کچھ پتہ نہ تھا۔ چاروں اور ہاہاکار مچی تھی۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "میں اسے بھول چکی تھی۔ سب ہی کچھ بھول چکی تھی۔ یہ بھی بھول چکی تھی کہ میں کبھی پاروتی تھی۔ جیون مانو ڈراؤنا سپنا بن گیا تھا۔"

"تیری فیر ملاکات نہیں ہوئی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"بہت دنوں بعد کی گل ہے۔" جمیلہ نے بتایا۔ "ان دنوں مردولا سارابائی' مغویہ اور اغوا زنانیوں کا کھوج لگانے اور ان کی واپسی کے لیے پنجاب کا دورہ کر رہی تھیں۔ ایک روز وہ ادھر بھی آ گئیں۔ ان کے ساتھ ویریندر بھی تھا۔ وہ لوگ فوجی گاڑیوں میں آئے تھے۔ دونوں طرف کے سرکاری افسر بھی ان کے ساتھ تھے۔ اس روز اللہ وسایا بھی موجود نہ تھا۔ وہ ملتان گیا تھا۔ مجھے جیسے

ان لوگوں کے پنڈ میں پہنچنے کی خبر ملی' میں جھٹ حویلی سے نکلی اور کھیتوں میں گھس گئی۔ خریف کی فصل تیار کھڑی تھی۔ میں کماد کی اونچی اونچی فصلوں کے اندر چھپ کر بیٹھ گئی۔"

جمیلہ خاموش ہو گئی۔ رحیم داد بھی چپ بیٹھا رہا۔ جمیلہ نے مڑ کر دروازے کی سمت دیکھا مگر وہاں کوئی نہ تھا۔ دالان خالی تھا اور صحن میں مینہ کی ہلکی ہلکی بوندیں آہستہ آہستہ گر رہی تھیں۔ کمرے کی خاموشی میں جمیلہ کی آواز ابھری۔ وہ کہہ رہی تھی۔ "کماد کے بوٹوں کی اوٹ میں سے ویریندر کو کئی دنوں بعد پہلی بار دیکھا تھا۔ وہ بالکل پہلے ہی جیسا تھا۔ وہی ہلکے گھونگھریالے بال۔ وہی آنکھوں پر سنہری فریم کا چشمہ اور ان کے پیچھے چمکتی ہوئی اس کی موٹی موٹی کالی آنکھیں۔ رنگ روپ بھی پہلے ہی جیسا تھا۔ بلکہ دھوپ میں اس کا چہرہ اور گلابی ہو گیا تھا۔ پر اب وہ کچھ دبلا ہو گیا تھا۔ سوٹ کی بجائے کھادی کا سفید کرتا' پائجامہ اور نہرو کٹ اونی جیکٹ پہنے تھا۔" جمیلہ نے ایک بار پھر گہری سانس بھری۔ "وہ سب سویرے سویرے آئے تھے پر دوپہر تک میرا کھوج نکالنے کی کوشش کرتے رہے۔ حویلی تو انھوں نے پوری طرح چھان ہی ڈالی ہو گی پنڈ کے بھی ایک ایک گھر کی تلاشی لی۔"

"کماد کی فصل میں تلاشی نہیں لی؟"

"اس میں بھی بار بار جھانکا۔ پر میں ایسی دبکی بیٹھی تھی کسی کو نظر ہی نہ آئی۔ اس سمے میں دبلی بھی تھی۔ میں نے دیکھا ویریندر بہت بے کل تھا۔ کبھی ادھر جاتا کبھی ادھر۔ نومبر کا مہینہ تھا۔ پر بھاگ دوڑ سے اس کا سارا بدن پسینے سے بھیگ گیا تھا۔ وہ بار بار ماتھے سے پسینہ پونچھتا۔ فیر میں نے یہ بھی دیکھا' جب مردولا سارابائی اور ان کے ساتھ کے تمام بندے واپس جا رہے تھے تو ویریندر کا چہرہ بیماروں کی طرح مرجھایا ہوا لگ رہا تھا۔ وہ دور تک پیچھے مڑ مڑ کر دیکھتا رہا اور میں کماد کی فصل کے اندر بیٹھی اسے چپ چاپ تکتی رہی۔ میرا جی چاہا کہ پھوٹ پھوٹ کر روؤں۔ ایسا لگا میں اسے بھول کر بھی بھول نہ سکی تھی۔"

"جب ایسی گل تھی تو کماد کی فصل میں کیوں چھپ کر بیٹھ گئی تھی؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر دریافت کیا۔ "اس کے ساتھ چلی کیوں نہ گئی؟"

"کیسے چلی جاتی۔" جمیلہ نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "ان دنوں نینا میرے پیٹ میں تھی۔ وہ میرے پھولے ہوئے پیٹ کو دیکھ کر جانے کیا سوچتا۔ اسے دکھ ہی ہوتا۔ میں نے سوچا ایسی حالت میں وہ مجھے کیسے اپنے ساتھ لے جائے گا۔ ویسے بھی لاج کے مارے میں اس کے سامنے جانے کے لیے کہاں سے حوصلہ لاتی؟ میں تو ان میں سے کسی کے بھی سامنے جانا نہ چاہتی تھی۔ میں نے بار بار اٹھ کر باہر نکلنا چاہا پر ایسا لگا مانو پیروں میں اٹھنے کی شکتی نہ رہی۔"

"اس کے بعد وہ دوبارہ نہیں آیا؟" رحیم داد نے ویرندر کے ذکر میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

"آیا تھا اور بالکل اکیلا آیا تھا۔" جمیلہ نے بتایا۔ "جاڑے کی ٹھنڈی رات تھی۔ اور میں گھر میں بالکل اکیلی تھی۔ ان دنوں میں اور اللہ وسایا نیچے ہی کے کمروں میں رہتے تھے۔ اس روز بھی اللہ وسایا موجود نہ تھا۔ دوپہر کو عارف والا گیا تھا اور واپس نہ آیا تھا۔ میں اس کے انتظار میں جاگ رہی تھی۔ اچانک دروازہ کھلا۔ میں نے دیکھا' ویرندر دروازے کے بیچوں بیچ کھڑا ہے۔ اس کے کندھے پر اسٹین گن لٹک رہی تھی۔ اب وہ زیادہ ہی دبلا ہو گیا تھا۔ گالوں کی ہڈیاں ابھری ہوئی تھیں۔ رنگ بھی کم پڑ گیا تھا۔ سر کے بال خشک اور بکھرے ہوئے تھے۔ لیمپ کی پیلی پیلی روشنی میں وہ بیمار بیمار لگ رہا تھا۔ اسے دیکھ کر میں بھونچکا رہ گئی۔ گھبرا کر اٹھ بیٹھی۔"

"وہ تیرے کمرے تک پہنچا کیسے۔ حویلی کے راکھے اور نوکر چاکر اسے نہ دیکھ سکے۔ کسی نے اسے نہ روکا۔"

"پتہ نہیں وہ کیسے آیا۔ نہ میں نے پوچھا نہ اس نے بتایا۔ پر اتنا ضرور ہے۔ اس رات کہر بہت زیادہ تھی۔ چاروں اور گہری دھند کی چادر تنی تھی۔ کچھ نظر نہ آتا تھا۔ لگتا ہے وہ مہمان خانے کی اور سے آیا تھا جو ان دنوں بالکل خالی تھا۔" جمیلہ نے آہستہ آہستہ بتایا۔ "ہم دونوں ذرا دیر چپ چاپ ایک دوسرے کو تکتے رہے۔ پھر وہ آگے بڑھا۔ نزدیک آیا۔ مسکرا کر بولا۔ پارو! میں تجھے لینے آیا ہوں۔ میں نے کوئی جواب نہ دیا اور بستر پر سوتی ہوئی نینا کو ایک ہاتھ سے ہولے ہولے تھپکنے لگی۔ وہ اس سے سال بھر سے کچھ اوپر تھی۔"

"نینا کو دیکھ کر تو وہ پریشان ہو گیا ہو گا؟"

"نہیں! وہ میرے پاس آ کر کھڑا ہو گیا اور نینا کو دیکھنے لگا۔ کچھ دیر خاموش رہ کر اس نے پوچھا۔ پارو' یہ تیری بچی ہے؟ میں نے گردن ہلا کر ہاں کی۔ اس نے زبان سے کچھ نہ کہا۔ آہستہ سے میرے نزدیک بستر پر بیٹھ گیا۔ اس نے نینا کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرا۔ مسکرا کر بولا۔ کتنی سوہنی ہے' بالکل تیری طرح۔ وہ جھکا اور نینا کا گال چوم لیا۔"

"حد کر دی جی اس نے۔" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر فوری رد عمل کا اظہار کیا۔ "عجب بندہ تھا۔"

"ہاں وہ عجب ہی بندہ تھا۔" جمیلہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "میں نے چاہا وہ چلا جائے پر میں اسے یہ بات کہہ نہ سکی۔ خاموش بیٹھی رہی۔ وہ چپ نہ رہا۔ میرے منہ کی اور دیکھ کر بولا۔ تو نے میری بات کا جواب نہیں دیا۔ میں نے نظریں جھکا لیں۔ اس کی بات کا جواب دینے کی بجائے

پوچھا۔ تو اب تک کہاں تھا؟ کہنے لگا کیا کرے گی جان کر۔ ویسے میں ایک بار پہلے بھی تیری کھوج میں ادھر آیا تھا پر تو نہیں ملی۔ لگتا ہے اللہ وسایا تجھے اپنے ساتھ کہیں اور لے گیا تھا۔ کسی نے پہلے ہی مخبری کر دی ہو گی۔ میں نے کچھ نہ کہا۔ چپ کر کے بیٹھی رہی۔"

"اس نے اپنے بارے میں تجھے کچھ نہیں بتایا؟"

"بتایا تھا۔ کہتا تھا جب فسادات کی آگ بھڑکی تو اس کے ماتا پتا اور ایک بھائی لہور ہی میں مارے گئے۔ وہ دو مہینوں کے ساتھ نکل کر کسی نہ کسی طرح چاچا کے پاس اوکاڑے پہنچ گیا۔ لیکن اس کے پہنچنے کے چند ہی روز بعد بلوائیوں نے ہلا بول دیا۔ ویرندر کے چاچا کا نام نریندر ناتھ تھا۔ اس کے پاس اپنے بچاؤ کے لیے صرف ایک شاٹ گن تھی اور دو درجن کے لگ بھگ کارتوس تھے۔ وہ اپنی حویلی کی چھت پر چڑھ گیا اور بلوائیوں کو گولی چلا کر روکنے کی کوشش کرنے لگا۔ ویرندر اس کی مدد کرتا رہا۔ دوسری اور گھر کی زنانیوں نے دیکھا کہ بلوائیوں نے گھر کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور دروازے کا دروازہ توڑ ڈالا تو جن کے بچے تھے انھوں نے بچوں کو چھاتی سے لگا کر دودھ پلایا۔ گھر میں مٹی کے تیل کے دو کنستر موجود تھے۔ چاچی نے سب پر تیل چھڑکا اور اپنے اوپر بھی ڈالا اور آگ لگا لی۔ آگ کے شعلے بھڑکے تو چاچا نیچے بھاگا۔ اس کی بندوک میں صرف ایک کارتوس رہ گیا تھا۔ ویرندر دیوار پھاند کر برابر والے مکان کی چھت پر چلا گیا اور اس پر جھکے ہوئے ایک پیڑ پر چڑھ کر شاخوں میں چھپ کر بیٹھ گیا۔ چاچا کے گھر سے گوشت کے جلنے کی تیز بو ابھر رہی تھی۔ بلوائی لوٹ مار کرنے کے بعد چلے گئے تو رات کے اندھیرے میں وہ درخت سے اتر کر گھر میں گیا۔ دیکھا ساری زنانیاں جل کر مر چکی ہیں۔ ان کی لاشوں کے نزدیک ہی چاچا خوں میں ڈوبا ہوا پڑا تھا۔ اس نے گولی چلا کر خودکشی کر لی تھی۔"

"ویرندر وہاں سے کیسے نکلا؟" رحیم داد نے پریشان ہو کر پوچھا۔

"وہ سویرا ہونے سے پہلے نکل کر اپنے چاچا کے ایک دوست سردار جسونت سنگھ کے پاس پہنچ گیا۔ وہ اپنے کنبے کے ساتھ سرحد پار جانے والے تھے۔ انھوں نے ایک ٹرک کا بندوبست بھی کر لیا تھا۔" جمیلہ دھیمے لہجے میں بتاتی رہی۔ "ویرندر بھی ان کے کنبے کے ساتھ ٹرک میں بیٹھ گیا۔ سردار جسونت سنگھ کے ساتھ اس کے دو پتر بھی تھے۔ ان کے علاوہ گھر والی تھی۔ جوان بہو بیٹیاں تھیں۔ رات کا اندھیرا ہوتے ہی ٹرک روانہ ہوا۔ دیپال پور ہی کے رستے سے گزرا تھا۔"

"ویرندر تیرے گھر نہیں پہنچا۔ تو بھی تو ان دنوں دیپال پور میں تھی؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"اس نے کوشش تو کی تھی' پر ڈرائیور تیار نہ ہوا۔ میرا گھر رستے سے تین میل دور تھا۔ ادھر گڑبڑ بھی بہت تھی۔ فیرو بیندر کو یہ بھی پتہ نہ تھا میں دیپال پور ہی میں ہوں۔ ان دنوں کچھ پتہ نہ تھا کون کہاں ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "ٹرک دیپال پور سے گزرتا ہوا چک بیدی کے رستے حویلی روڈ پر بڑھا۔ یہی سڑک سرحد پار جاتی تھی۔ پرانک پورہ سے آگے درختوں کو کاٹ کر سڑک پر رکاوٹ کھڑی کردی گئی تھی۔ اس سے ڈرائیور آرام کر رہا تھا اور ٹرک سردار جسونت سنگھ کا پتر چلا رہا تھا۔ اس نے سڑک پر دور سے رکاوٹ دیکھ لی۔ جھٹ ٹرک کو کچے راستے پر ڈال دیا پر چند ہی میل جانے کے بعد پٹرول ختم ہوگیا۔ سب نے دھکا لگا کر ٹرک ایک جھنگر میں چھپا کر کھڑا کردیا۔ پروگرام یہ تھا کہ دن جھنگر میں گزار کر رات کو پیدل سفر کیا جائے۔ دن ٹھیک ٹھاک گزر گیا۔ شام ہوئی تو آگے جانے کے لیے اندھیرا ہونے کا انتظار ہونے لگا۔ نہ جانے کدھر سے ایک بوڑھا مسلمان اپنی بچ ہنکاتا ہوا ادھر سے گزرا۔ اس نے سب کو دیکھا تو بچ چھوڑ کر بھاگا۔ اس کا پنڈ نزدیک ہی تھا۔ اس نے نہ صرف اپنے پنڈ بلکہ آس پاس جتنے بھی پنڈ تھے' سب کو خبر کردی۔ اندھیرا بڑھنے کے ساتھ دور سے شور سنائی دینے لگا۔ مشعلوں کی روشنی بھی دکھائی دی۔ بلوائی حملہ کرنے کے لیے ان کی طرف بڑھ رہے تھے۔"

"سردار اور اس کے پتروں کے پاس کوئی ہتیار شتیار نہیں تھا؟"

"ویرندر بتاتا تھا ان کے پاس ریوالور کے علاوہ ایک تھری ناٹ تھری رائفل اور ایک سٹین گن بھی تھی؟"

"تب تو ان کے پاس اتنا اسلحہ تھا کہ بلوائیوں کو بھگایا جاسکتا تھا۔" رحیم داد نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔

"پر بلوائی بہت زیادہ تھے۔ ان کے پاس بھی اسلحہ تھا۔ وہ ہوائی فیر چھوڑتے ہوئے آگے بڑھ رہے تھے۔ سردار جسونت سنگھ کے دونوں پتر رائفل اور سٹین گن کے ساتھ مورچے سنبھال کر بیٹھ گئے۔ ادھر سردار جسونت سنگھ نے اپنے تبر کی زنانیوں کو تین لائینوں میں پاس پاس بٹھادیا۔ ہر ایک کی آنکھ پر اس کی اوڑھنی سے پٹی باندھ دی۔ سردار کی ایک نوہ اپنے ننھے کاکے کو چھاتی سے لگا کر دودھ پلانے لگی۔ بیچ میں وڈی سردارنی تھی۔ اس کے دائیں بائیں جوان کڑیاں تھیں۔ تینوں آگے کی لائن میں تھیں۔ ان کے پیچھے پتروں کی گھر والیاں اور پوتیاں تھیں۔ سردار جی نے ہولسٹر سے بھرا ہوا ریوالور نکالا اور گورو گرنتھ صاحب کے وار ملہار اشوک کے ان شبدوں کا اونچی آواز سے جاپ شروع کردیا۔

پنلھل بسیار دنیا پھانی
کالو بے اکل من گور نہ مانی
من کہین کمترین تو دریاؤ کھدایا
ایک پنچ مجھے دے اور جر پنچ نہ بھایا

سردار جی کی زبان پر گورو گرنتھ صاحب کا جاپ تھا اور آنکھوں سے آنسو ٹپکتے تھے۔"

رحیم داد نے جمیلہ کی بات کاٹ کر کہا۔ "زمیں دارنی تجھے گورو گرنتھ صاحب کے شبد کیسے یاد رہ گئے؟" اس کے لہجے میں حیرت کا عنصر نمایاں تھا۔

"میں بچپن میں خالصہ سکول میں پڑھتی تھی۔ وہاں گورو گرنتھ صاحب کے اشلوکوں کا ہر صبح جاپ کرایا جاتا تھا۔ مجھے ان اشلوکوں کے اب تک بہت شبد یاد ہیں۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔

"میں نے تو یہ بات ایسے ہی پوچھ لی تھی۔ تو سردار جسونت کے بارے میں بتا رہی تھی۔ اس کا کیا بنا؟"

"میں بتا رہی تھی' سردار جی گورو گرنتھ صاحب کے شبدوں کا جاپ کر رہے تھے۔ ریوالور ان کے ہاتھ میں تھا اور سامنے زمیں پر ان کے گھر کی ملائیں تین لائینوں میں زمین پر بیٹھی تھیں۔ بلوائیوں کا شور بڑھتا جا رہا تھا' نزدیک ہوتا جا رہا تھا۔"

"سردار نے یہ سب کیوں کیا تھا؟" رحیم داد نے بے چینی سے پوچھا۔

"سیدھی سی گل ہے۔ وہ نہیں چاہتا تھا اس کے گھر کی زنانیوں اور کڑیوں کو بلوائی اٹھا کر لے جائیں۔ ان کی عزت آبرو لوٹیں۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "پر بلوائیوں کا شور جب بالکل نزدیک آگیا اور روشنی درختوں کی اوٹ سے صاف نظر آنے لگی تو سردار جسونت سنگھ نے ریوالور ویرندر کے ہاتھ میں دے دیا۔ جیب سے سفید رومال نکالا اور ویرندر سے کہا۔ میں رومال ہلا کر تین تک گنتی گنوں گا۔ جب میں تین کہوں تو ریوالور سے سامنے بیٹھی ہوئی زنانیوں پر گولیاں چلنی شروع ہوجائیں۔"

"یہ کام تو سردار خود بھی کرسکتا تھا؟"

"کر تو سکتا تھا پر اس لیے کرنا نہ چاہتا تھا کہ آخری سے شاید اس سے گولی نہ چلائی جائے۔ کوئی بھی اتنا کٹھور نہیں ہوسکتا کہ اپنے ہی بال بچوں کو اپنے ہی ہاتھوں قتل کردے۔ سردار اسی لیے یہ کام ویرندر سے کرانا چاہتا تھا۔ شور بہت نزدیک آگیا تو سردار جی نے رومال ہلا کر ایک کہا۔ ذرا دیر بعد دوسری بار رومال ہلایا اور دو کہا۔ اس نے رومال ہلانے کے لیے تیسری بار ہاتھ اٹھایا تو دور

سڑک پر تیز روشنی ابھری۔"

"یہ بھی مشالوں کی روشنی تھی؟"

"نہیں' ٹرک کی روشنی تھی اور تیزی سے نزدیک آتی جا رہی تھی۔ ویرندر نے روشنی دیکھی تو مدد کے لیے اس طرف بڑھا۔ سردار جی نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ اونچی آواز سے کہا۔ اگر وہ مسلے ہوئے تو کیا ہوگا؟ پر ویرندر نہ رکا۔ اس نے سردار جسونت سنگھ کو سمجھایا۔ بلوائی بھی تو مسلے ہی ہیں۔ ہو سکتا ہے۔ آنے والے ہندو یا سکھ ہوں۔ وہ تیز تیز چلتا ہوا سڑک پر پہنچ گیا۔ دیکھا سامنے سے ایک ٹرک آرہا ہے۔ ویرندر نے ہاتھ ہلا کر اسے روکا۔ ٹرک رک گیا۔"

"اس میں کون سوار تھا؟" رحیم داد نے سراپا استجاب بن کر دریافت کیا۔

"وہ مسلمان فوجی تھے۔"

"مسلمان فوجی تھے۔" رحیم داد حیرت سے چونک کر بولا۔ "تب تو بہت مشکل پڑی ہوگی۔"

"کوئی مشکل پڑی نہ کٹھنائی۔" جمیلہ نے نرم لہجے میں کہا۔ "ویرندر نے ان کی منت کی۔ وہ نیک اور بھلے بندے تھے۔ فوراً مدد کرنے پر تیار ہوگئے۔ انھوں نے ویرندر کے ساتھ سردار جسونت سنگھ کے پورے کنبہ کو اپنے فوجی ٹرک میں بٹھالیا۔ بلوائی شور مچاتے نزدیک پہنچ چکے تھے۔ پر جب انھوں نے فوجیوں کو برین گنیں اور رائفلیں سنبھالے دیکھا تو لوٹ گئے۔ فوجیوں نے ویرندر اور جسونت سنگھ کے بال بچوں کو آرام سے سرحد پار پہنچا دیا۔"

"یہ تو نے عجب گل سنائی۔" رحیم داد نے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔ "ویرندر سرحد پار جا کر کیا کرتا رہا؟"

"بتاتا تھا' اس نے آگرہ جا کر میڈیکل کالج میں کسی نہ کسی طرح اپنی پڑھائی پوری کی اور ڈاکٹرین گیا۔ اس سنسار میں اس کا کوئی نہ رہا تھا۔ سب مارے جا چکے تھے۔ وہ اکیلا بچا تھا۔ وہ غریبوں اور ضرورت مندوں کے مفت علاج کے لیے اسپتال بنانا چاہتا تھا۔ اس کی آشا تھی کہ اس نیک کام میں' میں اس کی مدد کروں۔ دونوں مل جل کر اسپتال چلائیں۔"

"تو نے اس کی گل سن کر کیا جواب دیا؟"

"میں چپ بیٹھی رہی۔ وہ بولتا رہا۔ میں سنتی رہی۔ سر جھکائے پاس لیٹی ہوئی نینا کو ہولے' ہولے تھپکتی رہی۔ ویرندر نہ جانے اور کیا کیا کہتا۔ اچانک کمرے کے باہر چاپ ابھری۔ میں نے پریشان ہو کر دروازے کی اور دیکھا' اللہ وسایا کمرے میں داخل ہو رہا ہے۔ اس نے ویرندر کو میرے برابر بستر پر بیٹھے ہوئے دیکھا تو ٹھٹک کر دہلیز پر رہ گیا۔"

"اللہ وسایا اسے تیرے ساتھ اس طرح بیٹھے دیکھ کر غصے سے پاگل ہو گیا ہوگا۔" رحیم داد کے ہے میں استجاب تھا۔

"نہیں' وہ چپ کر کے کھڑا ہم دونوں کو دیکھتا رہا۔" جمیلہ نے نہایت اطمینان سے بتایا۔ "ذرا دیر پ رہنے کے بعد اس نے ویرندر کی اور ہاتھ اٹھا کر پوچھا۔ یہ کون ہے؟ کس لیے آیا ہے؟ تیرا ئی بھی نہیں لگتا۔ میں تو خاموش بیٹھی رہی پر ویرندر اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے بتایا۔ میرا نام لڑ ویرندر ناتھ کنہ ہے۔ میرا اس کا کیا ناتا ہے؟ یوں سمجھ لے' میں اس کا منگیتر ہوں اور اسے نے آیا ہوں۔ یہ کہتے کہتے اس نے جھٹ کندھے سے سٹین گن اتاری۔ اسے اللہ وسایا کی سمت ن کر بولا۔ میں اسے آج اپنے ساتھ لے جاؤں گا۔ میرا رستہ کوئی نہیں روک سکتا۔ اللہ وسایا تو ہا نہیں چاہتا تو میرے رستے سے ہٹ جا۔ اس کی آنکھیں غصے سے لال ہو رہی تھیں۔"

"اللہ وسایا تو نہتا تھا۔ ڈر کر اس کے سامنے سے ہٹ گیا ہوگا۔" رحیم داد نے اپنا خیال ظاہر یا۔

"نہیں! وہ بالکل نہیں ڈرا۔ اسی طرح ویرندر کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے کھڑا رہا۔ وہ بہت ر اور حوصلے والا تھا۔" جمیلہ فخر سے گردن اونچی کرتے ہوئے بولی۔ "کچھ دیر تو وہ چپ رہا پھر اس نے میری اور ہاتھ اٹھا کر ویرندر سے کہا۔ یہ تیرے ساتھ جانا چاہتی ہے تو خوشی سے جا سکتی ہے۔ سے پوری طرح پتہ ہے' میں نے کبھی اس کا رستہ نہیں روکا اور اگر یہ نہیں جانا چاہتی تو ڈاکٹر یرندر تو اسے صرف میری لاش کے اوپر سے گزر کر ہی لے جا سکتا ہے۔ وہ آہستہ آہستہ آگے بڑھا۔ یرندر کی سٹین گن کی نالی ایک ہاتھ سے کھسکا کر بولا۔ اسے ہٹا۔ اس نے مڑ کر میری اور دیکھا' چھا۔ جمی لے! تو کیا کہتی ہے؟ وہ تن کر میرے سامنے کھڑا ہو گیا۔"

"تو نے کیا جواب دیا؟ اللہ وسایا نے تجھے کڑی آزمائش میں ڈال دیا تھا۔"

"تو نے ٹھیک ہی سوچا۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "مجھے سمجھ نہیں آئی' کیا کہوں؟ میں خاموش بیٹھی رہی پر ویرندر خاموش نہ رہا۔ کہنے لگا۔ اس نے کیا کہنا ہے۔ یہ میرے ساتھ جائے گی۔ یہ کہہ ر اس نے ہاتھ بڑھایا اور میرا بازو مضبوطی سے تھام لیا۔ تب اللہ وسایا نے اسے گھور کر دیکھا۔ ے سے بولا۔ ڈاکٹر اس کا بازو چھوڑ دے۔ تو اسے اس طرح یہاں سے نہیں لے جا سکتا۔ اللہ سایا اس سے بالکل سٹین گن کی نالی کے سامنے کھڑا تھا۔"

"ویرندر نے تیرا بازو چھوڑ دیا؟"

"نہیں! اس نے میرا بازو اسی طرح پکڑے رکھا۔ اس نے اللہ وسایا کی اور نہیں دیکھا۔ میرا بازو

ہولے ہولے جھنجوڑ کر بولا۔ تجھے میرے ساتھ چلنا ہے؟ صاف صاف بتا دے۔ تجھے پورا وشواس ہے تو انکار نہیں کر سکتی۔ اس کی آواز میں منت تھی۔ آنکھوں میں جیسے آنسو جھلملا رہے تھے۔ میں الجھن میں پڑ گئی۔ ایسا لگا میں جیلہ سے فیر پاروتی بن گئی ہوں۔ بھولے بسرے سپنے جاگ اٹھے تھے اور ان سپنوں میں بسنے والا ویریندر میرے سامنے کھڑا تھا۔ ہاں وہی تھا۔ وہی الجھے ہوئے بال' وہی سنہری چشمے کے پیچھے سے جھانکتی ہوئی موٹی موٹی کالی آنکھیں۔ وہ سرحد پار سے مجھے لینے آیا تھا۔" جیلہ خود فراموشی کے عالم میں ٹھہر ٹھہر کر بول رہی تھی۔ "میں بالکل چپ تھی۔ کھوئی کھوئی بیٹھی رہی۔"

"اللہ وسایا بھی چپ کر کے کھڑا رہا۔ وہ کچھ نہ بولا؟"

"نہیں اس نے اونچی آواز سے کہا تھا۔ بول' بولتی کیوں نہیں؟ تیں نوں اس کے ساتھ جانا ہے؟ اس کی آواز سے نینا کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے رونا شروع کر دیا۔ نینا کو روتا دیکھ کر میں چونک پڑی۔ مڑ کر نینا کو دیکھا۔ اسے دیکھتے ہی مجھے یاد آ گیا' میں پاروتی نہیں جیلہ ہوں۔ اللہ وسایا کی گھر والی اور اس کی دھی' نینا کی ماں ہوں۔ میں بے کل ہو گئی۔ تڑپ کر میں نے نینا کو اٹھا کر چھاتی سے لگا لیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔" جیلہ نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "میں نے آنسو بہاتے ہوئے ویریندر کی اور دیکھا' اسے کہا۔ ڈاکٹر ویریندر تو جس پاروتی کو لینے آیا تھا وہ تو کب کی مر چکی ہے۔ میں جیلہ ہوں اور جیلہ تیرے ساتھ نہیں جا سکتی۔ تو جا۔ میرا تیرا کوئی سنبدھ نہیں۔"

"تیری یہ بات سن کر ویریندر کیا بولا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"وہ اپنی بات پر اڑا رہا۔" جیلہ نے جواب دیا۔ "اس نے مجھے گھور کر دیکھا۔ کہنے لگا تو جیلہ ہو یا شمیلہ' میرے لیے تو پاروہی ہے۔ میں آج یہ طے کر کے آیا ہوں کہ اکیلا واپس نہیں جاؤں گا۔ تجھے ساتھ لے کر جاؤں گا۔ اس نے سٹین گن کی نالی کا رخ اللہ وسایا کی اور کر دیا اور میری طرف مڑ کر تیزی سے بولا۔ میں نے یہ سوچ کر ہی سرحد پار کی تھی کہ تجھے اپنے ساتھ لے کر ہی لوٹوں گا۔ جو میرا رستہ روکے گا اسے ختم کر دوں گا یا خود ختم ہو جاؤں گا۔ میں آج سردھڑ کی بازی لگانے آیا ہوں۔ بول تجھے کیا کہنا ہے۔ اس کی آواز کپکپا رہی تھی۔"

"تو نے کیا کیا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔ "تو ڈر گئی ہو گی۔ ویریندر تو صاف صاف کہہ چکا تھا وہ تیرے بنا نہیں جائے گا۔"

"میں بالکل نہیں ڈری۔ میں نے بھی اسے صاف صاف کہہ دیا۔ تیری پارو مر گئی۔ وہ زندہ نہیں ہو سکتی۔ میں اب صرف جیلہ ہوں۔ تو جیلہ کو قتل کر کے اس کی لاش اپنے ساتھ لے جا۔ میں زندہ

ے ساتھ نہیں جا سکتی' ہرگز نہیں جا سکتی۔ یہ کہہ کر میں نینا کو چھاتی سے لگا کر رونے لگی۔

ندر خاموش کھڑا رہا۔"

"تیری گل سن کر تو اسے چلا جانا چاہیے تھا۔" رحیم داد نے تبصرہ کیا۔

"نہیں۔" جیلہ نے بتایا۔ "اس نے درد میں ڈوبی ہوئی آواز میں مجھے کہا۔ ایک بار فیر سوچ ۔ میں دوبارہ کبھی نہیں آؤں گا۔ وہ ٹکٹکی باندھے مجھے تکتا رہا۔" جیلہ نے لمبی سانس بھری۔ ں نے سسکیاں بھرتے ہوئے اسے کہا۔ میں چاہتی بھی یہی ہوں تو دوبارہ یہاں نہ آئے۔ اس کے ر وہ کچھ نہ بولا۔ سٹین گن کندھے پر لٹکائی اور میری اور دیکھے بنا دروازے کی طرف بڑھا۔ اللہ ایا بھی اس کے ساتھ ہی مڑا' آگے بڑھا۔ دونوں چپ چاپ کمرے سے باہر چلے گئے۔"

"تو نے اللہ وسایا کو اس کے ساتھ جانے دیا۔ روکا کیوں نہیں؟"

"میرا جی تو یہی چاہتا تھا' اللہ وسایا کو اس کے ساتھ جانے نہ دوں پر مجھ سے یہ بات کہی نہ گئی۔ نوں پر جیسے تالا لگ گیا۔ میں نینا کو چھاتی سے چمٹائے خاموش بیٹھی روتی رہی۔" جیلہ نے بتایا۔

"اللہ وسایا دیر تک نہ لوٹا۔ میں اس کا انتظار کرتی رہی۔ وہ صبح تک نہ آیا۔"

"اللہ وسایا کہاں چلا گیا تھا؟"

"وہ ویریندر کے ساتھ سرحدی چنڈ شامار کے گیا تھا۔ دوپہر کو واپس آیا تو بہت تھکا ہوا اور اداس ا۔ اس نے مجھے بتایا' ویریندر جیپ میں بیٹھ کر یہاں آیا تھا۔ اس کے ساتھ دو سنگلر تھے۔ وہ بھی وری طرح مسلح تھے۔ ویریندر اصرار کر کے اللہ وسایا کو اپنے ساتھ سرحد تک لے گیا تھا۔"

"اور اللہ وسایا اس کے ساتھ چلا بھی گیا۔" رحیم داد حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر بولا۔ "اسے یریندر اور اس کے ساتھ آنے والے مسلح سنگلروں سے ڈر بھی نہ لگا۔"

"وہ ڈرنے والا بندہ نہیں تھا۔ سدا کا نڈر اور جیالا تھا۔" جیلہ نے اپنے لہجے میں زور پیدا کرتے وئے کہا۔ "تب ہی تو وہ بے دھڑک ویریندر کے ساتھ جیپ میں بیٹھ کر چلا گیا۔ رات انھوں نے نامار کے میں گزاری۔ سویرے بہت تڑکے پہلے ویریندر اٹھا۔ وہ رات بھر سویا نہیں تھا۔ اس نے للہ وسایا کو جگایا اور اس کے ساتھ ستلج کی اور چلا۔" جیلہ نے رحیم داد کی جانب دیکھے بغیر اسے ناطب کیا۔ "چوہدری! تجھے پتہ ہے ستلج پار فیروز پور کی سرحد لگتی ہے اور فیروز پور اب ہندوستان یں ہے۔" جیلہ نے لمحہ بھر خاموش رہ کر ٹھنڈی سانس بھری۔ "جب دونوں ستلج پر پہنچے تو ویریندر نے اللہ وسایا ک گرم جوشی کے ساتھ گلے لگا لیا۔ اس کے ماتھے کو چوما اور چپ چاپ آگے بڑھ گیا۔"

"سرحد پار چلا گیا ہو گا؟" رحیم داد نے بے چین ہو کر استفسار کیا۔

"نہیں وہ ستلج کے اس پار نہ گیا۔ جہاں دونوں ملکوں کی سرحدیں ملتی تھیں وہاں ٹھیر گیا۔ اس نے اچانک کندھے پر لٹکی ہوئی سٹین گن اتاری اور کنپٹی پر رکھ کر چلا دی۔"

"تب تو وہ مر گیا ہو گا؟" رحیم داد کے لہجے میں کپکپاہٹ تھی۔

"ہاں! اسی سمے اس کی مرتی ہو گئی۔ اس کی لاش سرحد کے بیچوں بیچ پڑی تھی۔ ادھر پاکستان تھا ادھر ہندوستان۔" جمیلہ نے رسان سے کہا۔ اس کی آواز میں درد کی کسک تھی۔ "مرنے سے پہلے اس نے اللہ وسایا کو سونے کی ایک انگوٹھی دی۔ اسے بتایا' وہ انگوٹھی 'کڑمائی پر مجھے پہنانا چاہتا تھا پر وہ دن ہی نہ آیا' کڑمائی ہوتی اور وہ اپنی منگ کے طور پر مجھے انگوٹھی پہناتا۔ اس کی آشا تھی میں اس کی نشانی سمجھ کر اسے پہن لوں۔ ویرندر اس رات مجھے لینے اور کڑمائی کی انگوٹھی پہنانے ہی کے لیے آیا تھا۔"

"اس انگوٹھی کا کیا بنا؟"

"یہ رہی وہ انگوٹھی۔" جمیلہ نے اپنا ہاتھ رحیم داد کے سامنے کر دیا۔ اس کی ایک انگلی میں سونے کی انگوٹھی تھی جس میں جڑا ہوا ہیرے کا سرخ نگینہ جھلملا رہا تھا۔ "میں نے انگوٹھی اسی سمے پہن لی تھی۔ اور آج تک نہیں اتاری۔"

"اللہ وسایا نے اس کا برا نہیں منایا؟"

"نہیں!" جمیلہ نے آہستہ آہستہ انکار میں گردن ہلائی۔ "انگوٹھی اس نے خود اپنے ہاتھ سے پہنائی تھی۔ اس سمے اس کی آنکھوں میں آنسو امڈ رہے تھے۔ انگوٹھی پہنا کر وہ رونے لگا تھا۔"

"اللہ وسایا بھی عجب بندہ تھا۔"

"ہاں! وہ بہت عجب بندہ تھا۔" جمیلہ کے لہجے میں دکھ کی چبھن تھی۔ "اسے تو یہ بھی پتہ تھا' میں ڈسپنسری' ڈاکٹر ویرندر ہی کی یادگار کے طور پر بنانا چاہتی ہوں۔ میں نے اسے جب اپنی اس آشا سے آگاہ کیا تو اس نے ذرا بھی برا نہ منایا۔ صرف مسکرا کر رہ گیا۔ چوہدری! سچ پوچھ تو ویرندر کی موت پر اللہ وسایا بھی نراش اور دکھی تھا۔ بار بار کہتا تھا' تو اس کے ساتھ چلی جاتی تو وہ کبھی خودکشی نہ کرتا۔"

"اللہ وسایا ٹھیک ہی تو کہتا تھا۔ تو چلی جاتی تو وہ یوں جان نہ دیتا۔"

"پر میں اس کے ساتھ کیسے جا سکتی تھی۔" جمیلہ نے اپنی مجبوری کا اظہار کیا۔ "میں ویرندر کے ساتھ سرحد پار چلی جاتی تو زمیں داری اللہ وسایا کے ہاتھ سے نکل جاتی۔ وہ زمیں دار سے فیر مزارع

ن جاتا۔ جانے کیا ہوتا۔ میری نینا کا کیا بنتا۔ پتہ نہیں ادھر والے اس کے ساتھ کیسا سلوک لرتے؟ ایک نہیں' کتنی باتیں تھیں جو زنجیر بن کر میرے پیروں سے چمٹ گئی تھیں۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اللہ وسایا کو چھوڑ کر ویرندر کے ساتھ جانا آسان نہ تھا۔ میرے تو بھاگ ڈھے تھے' مجھے اللہ وسایا کے روپ میں ایسا نیک بندہ مل گیا تھا۔ اس کا من بہت اجلا تھا۔ وہ بہت ا بھلا بندہ تھا۔"

رحیم داد نے جمیلہ سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا۔ "پر زمیں دارنی تیرے ساتھ بہت ظلم ا۔"

"میں اکیلی اس ظلم اور اپرادھ کا نشانہ نہیں بنی۔" جمیلہ نے غم زدہ لہجے میں کہا۔ "تجھے بھی ری طرح پتہ ہے' ادھر اور ادھر' دونوں طرف لاکھوں نیاریں اور زنانیاں اٹھائی گئیں اور اپنا ب کچھ لٹا کر مطویہ کہلائیں۔ میری طرح انھوں نے بھی آئندہ کے لیے جانے کیسے کیسے سانے نے دیکھے ہوں گے۔ ان میں خوشیاں تھیں۔ چمکتی دمکتی آشائیں تھیں۔ زندہ رہنے اور سندر جیون نے کی امنگیں تھیں۔" اس کا لہجہ اور غم زدہ ہو گیا۔ "فیر ایک روز اچانک سب کچھ ملیا میٹ گیا۔ جیون ڈراؤنا سپنا بن گیا۔ تجھے کیا پتہ ان پر کیا کیا نہ بیتی اور اب تک بیت رہی ہے۔"

رحیم داد نے ٹھنڈی سانس بھری مگر خاموش رہا۔

☆

آسمان پر گہرا برچھایا تھا۔ ہوا تیز نہ تھی مگر بوندا باندی کا سلسلہ جاری تھا۔ حویلی پر سناٹا چھایا تھا۔ رے میں رحیم داد اور جمیلہ صوفوں پر بیٹھے تھے۔ دونوں خاموش تھے اور دل گرفتہ نظر آ رہے ۔ ان کے چہروں پر دکھ کے سائے پھیلے ہوئے تھے۔ رحیم داد زیادہ دیر خاموش نہ رہا۔ بجھے ہوئے ے میں گویا ہوا۔

"زمیں دارنی تو ٹھیک کہہ رہی ہے۔ فسادات میں زنانیوں کے ساتھ بہت ہی ظلم ہوا۔"

"نہ پوچھ' کیا کیا ظلم نہیں ہوا۔" جمیلہ نے تڑپ کر کہا۔ "کالج میں میری ایک کلاس فیلو ہوتی ۔ اس کا نام چترا کپور تھا۔ لگتی بھی سندر چتر کی طرح تھی۔ اسے اپنی سندرتا پر مان بھی تھا۔ تھی ا چترکار۔ میں نے اس کی بنائی ہوئی کئی پینٹنگ دیکھیں۔ اچھی خاصی سندر تصویریں بنا لیتی تھی۔ کے ہاتھوں کی انگلیاں پتلی پتلی تھیں اور لمبی لمبی' بہت کومل اور بہت سوہنی تھی۔ میرے ساتھ کی بہت گہری دوستی تھی۔ وہ بی۔ اے کرنے کے بعد پینٹنگ سیکھنے بمبئی جانا چاہتی تھی۔ جے۔ سکول آف آرٹس میں داخلہ لینے کا ارادہ تھا۔ اسے پینٹنگ سے دیوانگی کی حد تک لگاؤ تھا۔

ویسے بھی بات چیت' کپڑے لتے' رہن سہن' ہر انداز سے آرٹسٹ لگتی تھی۔"

"کسی اچھے ہی گھر کی کڑی ہوگی؟"

"ہاں!" جمیلہ نے بتایا۔ "اس کا پتا انجینئر ہوتا تھا۔ میں اس کے پتا سے کئی بار ملی بھی تھی۔ اس میں ذرا بھی اکڑفوں نہ تھی۔ پر چترا میں ایسی اکڑ تھی' سب اسے گھمنڈی کہتے تھے۔ پر پیار بھی بہت کرتے تھے۔ اس میں بات ہی ایسی تھی۔ بادام کی سی لمبی کالی کالی آنکھیں۔ اور رنگت ایسی اجلی جیسے صبح کی ہنستی ہوئی دھوپ۔ جب وہ اپنی سوہنی گردن' راج ہنس کی طرح اٹھانے' ماتھے پر بکھری ہوئی بالوں کی لٹوں کو بار بار جھٹکتی ہوئی گزرتی تو دیکھنے والے دیکھتے ہی رہ جاتے۔ مجھے اب تک یاد ہے ان دنوں وہ کتنی سوہنی اور شاندار لگتی تھی۔"

"پر اس کا بنا کیا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"یہ نہ پوچھ چوہدری۔" جمیلہ نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "دو اڑھائی برس ادھر کی گل ہے۔ میں پڑوس کے ایک زمیں دار کے پتر کی جنج کے ساتھ پکھیالہ گئی۔ اللہ وسایا' نینا اور گڈو بھی ساتھ تھے۔ جنج کئی روز پکھیالہ میں ٹھیری۔ ستمبر کا مہینہ تھا۔ موسم بہت خوش گوار تھا۔ ورکھا ختم ہو چکی تھی۔ ہر طرف ہریالی ہی ہریالی تھی۔ خریف کی فصلیں سجھو تیار ہی کھڑی تھیں۔ کپاس کے کھیتوں میں سفید سفید تونبے پھوٹنے لگے تھے۔ ایک روز میں نینا کی انگلی تھامے ٹہلتی ہوئی پنڈ کی ایک گلی میں چلی گئی۔"

"یہ پکھیالہ کہاں ہوا جی؟"

"پکھیالہ' ضلع شیخوپورہ کی تحصیل فیروزوالا میں ہے۔ اچھا وڈا موضع ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "ہاں تو میں کہہ رہی تھی۔ گلی سے گزرتے ہوئے میں نے دیکھا ایک زنانی دونوں ہاتھوں میں گوبر اٹھا اٹھا کر دیوار پر پاتھیاں تھاپ رہی تھی۔ اس کے ہاتھ سدھے ہوئے تھے اور تیز تیز چل رہے تھے۔ دیوار پر تھپ تھپ پاتھیاں بنتی جا رہی تھیں۔ گوبر کے ڈھیر کے پاس دو گندے اور مریل سے بالک بیٹھے تھے۔ ان کے کپڑے میلے کچیلے تھے۔ وہ ٹانگوں سے بالکل ننگے تھے۔" اپنی بات کہتے کہتے وہ لمحہ بھر کے لیے رکی۔

"مجھے ایسا لگا جیسے میں نے اسے کہیں دیکھا ہے۔ اس میں مجھے چترا کی جھلک نظر آئی۔ پر مجھے اپنی آنکھوں پر وشواس نہ آیا۔ اسے اچنبھے سے دیکھتی دھیرے دھیرے آگے بڑھی۔ وہ بالکل بے خبر اپنی دھن میں مگن پاتھیوں کی تھپائی میں لگی تھی۔"

"دیکھنے میں کیسی نظر آتی تھی؟" رحیم داد نے دلچسپی کا اظہار کیا۔

"وہ بالکل بدل چکی تھی۔" جمیلہ نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اس کے گندے اور الجھے ہوئے بال بار بار بکھر کر منہ پر پھیل جاتے اور وہ ہاتھوں کو چلاتے ہوئے بار بار ایک خاص انداز سے گردن جھٹک کر بالوں کو پیچھے لے جاتی۔ یہ انداز چترا کپورہی کا تھا۔ میں اس کے نزدیک پہنچ گئی۔ غور سے دیکھا تو وہ چترا ہی تھی۔ نہ اب اس کا پہلا سا رنگ روپ رہا تھا نہ سندرتا ہی رہی تھی۔ کالی کالی جگ مگ جگ مگ کرتی آنکھیں بجھ کر دھندلی پڑ گئی تھیں۔ کپڑے لتے پھٹے پرانے تھے۔ ان پر گوبر اور کیچڑ کے جگہ جگہ داغ دھبے تھے۔ اس کے بدن سے جو کبھی چنبیلی کی سندر کلیوں کی مانند لچکتا تھا' سکتا تھا' اس سے گوبر اور پسینے کی تیز بو کے بھبکے اٹھتے تھے۔ صورت سے وہ ادھیڑ اور بیمار لگتی تھی۔ یں دکھ اور خوف سے کپکپا کے رہ گئی۔"

"کیا وہ سچ مچ چترا کپورہی تھی؟" رحیم داد نے یقین نہ آنے کے انداز میں جمیلہ سے دریافت کیا۔

"ہاں وہی تھی۔" جمیلہ نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی۔ "پر اب وہ چترا سے سکینہ بن چکی تھی۔ یں نے پاس جا کر پوچھا' تو چترا کپور ہے نا؟ اس نے چونک کر میری اور دیکھا۔ پر کچھ نہ بولی۔ اس کی آنکھوں میں گھڑی بھر کے لیے دیوے جگمگائے اور بجھ گئے۔ میں نے غور کیا' اس کے ہاتھوں کی لمبی ہی اور کومل انگلیاں بھدی اور کھردری پڑ گئی تھیں۔ اسے ان کی ذرا چنتا نہیں تھی۔ اسے تو اپنی بھی کوئی چنتا نہ تھی۔ وہ مڑی اور اس کی انگلیاں ہاتھوں کے ساتھ ساتھ تیزی سے چلنے لگیں۔ وہ برابر تھپائی کرتی رہی۔"

"اس نے تجھے پہچان لیا تھا؟"

"ہاں' اس نے مجھے پہچان لیا تھا۔ پر مجھے مل کر وہ ذرا خوش نہ ہوئی۔ اس کے اجڑے ہوئے چہرے پر بکھری ہوئی جھنجلاہٹ اور نفرت صاف نظر آ رہی تھی۔ ہونٹ اس طرح سکڑ گئے تھے مانو کڑوے پڑ گئے ہوں۔ وہ پیٹھ موڑے جھک جھک کر گوبر اٹھا رہی تھی۔"

"تو نے اس سے کل بات نہیں کی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"کی تھی۔" جمیلہ نے بتایا۔ "میں نے اپنی آواز میں نرمی اور مٹھاس پیدا کرتے ہوئے اس سے کہا۔ چترا رانی! میں اسے پیار سے چترا رانی ہی کہتی تھی۔ وہ تب بھی خوش نہ ہوئی۔ بگڑ کر بولی۔ کون چترا' کیسی چترا؟ میں کسی چترا شترا کو نہیں جانتی۔ میرا نام سکینہ ہے۔ میں نے اس کے ناراض ہونے کا برا نہ منایا۔ خاموش کھڑی رہی۔"

"بس اتنی ہی کل بات ہوئی؟"

"نہیں! میں نے کچھ دیر چپ رہنے کے بعد آہستہ سے پوچھا۔ یہ تجھے کیا ہو گیا۔ تیری اندر کی

آرٹسٹ اور اس کا آرٹ کہاں چلا گیا؟ اس نے میری طرف دیکھے بنا گوبر کی تھاپی دیوار پر مارتے ہوئے جواب دیا۔ یہ آرٹ دیکھ رہی ہے؟ اس نے دیوار پر تھپی ہوئی پاتھیوں کی سمت اشارہ کیا۔ یہ بھی تو آرٹ ہی ہے نا۔ دیوار کو کینوس سمجھ لے۔ اور پاتھیوں کو گل بوٹے۔ دیکھ کیسا شاندار لینڈ سکیپ بن گیا۔ وہ پلٹی' مجھے تیز اور تیکھی نگاہوں سے دیکھا اور گوبر کے ڈھیر کے پاس بیٹھے ہوئے بالکوں کی اور ایک ہاتھ اٹھا کر بتایا' یہ میرے آرٹ کے زندہ شاہکار ہیں۔ وہ ٹھٹھا مار کر پاگلوں کی طرح ہنسی۔ تجھے میرا یہ آرٹ پسند آیا؟ اس نے گوبر پر تیزی سے ہاتھ مارا۔ گوبر کے ڈھیر پر بیٹھی ہوئی مکھیاں اڑیں اور بھنبھناتی ہوئی ادھر ادھر بکھر گئیں۔ میں ہاتھ ہلا کر انھیں منہ پر سے اڑانے لگی پر چترا نے ان پر کوئی دھیان نہ دیا۔ وہ آرام سے دیوار پر پاتھیاں تھوپتی رہی۔ وہ بیمار اور مریل دکھائی دینے کے ساتھ ساتھ پگلی بھی لگ رہی تھی۔ عجیب بہکی بہکی باتیں کرتی تھی۔"

"اسے واپس لینے کوئی نہ آیا؟ اس کا بھی کوئی نہ کوئی تو ہو گا۔"

"پتہ نہیں۔ نہ میں نے اس بارے میں پوچھا نہ اس نے بتایا۔ اس کے ساتھ زیادہ بات چیت کا موقع ہی نہ ملا۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔ "میرے پہنچنے کے کچھ ہی دیر بعد گھر کا دروازہ کھلا۔ اندر سے ایک بوڑھی بڑبڑاتی ہوئی نکلی اور چترا کو چیخ چیخ کر کوسنے لگی۔"

"وہ اس سے اتنی ناراض کیوں تھی۔ کوئی تو وجہ ہو گی؟"

"وہ اس لیے اتنے غصے میں تھی کہ چترا نے پاتھیاں تھوپنے میں دیر لگا دی تھی اور گھر والے کے لیے کھیت پر بھتا نہ پہنچا سکی تھی۔ بوڑھی اصل میں چترا کی ساس تھی۔ بہت کڑوی اور کٹھور لگتی تھی۔"

"چترا نے اس کے رولا گولا کرنے پر کچھ نہ کہا؟"

"نہیں' وہ خاموشی سے دیوار پر پاتھیاں تھوپتی رہی۔ اس کے ہاتھ اور تیزی سے چلنے لگے۔ بوڑھی کھڑی چیخ ہی رہی تھی کہ گلی میں ایک ادھکڑ بندا داخل ہوا۔ اس نے چترا کو دیکھتے ہی ننگی ننگی گالاں نکالنی شروع کر دیں۔ وہ سخت غصے میں تھا۔"

"چترا کا گھر والا ہو گا۔" رحیم داد نے قیاس آرائی کی۔

"ہاں جی' وہ اس کا گھر والا ہی تھا۔ وہ چھوٹے کد کا بھدا اور بے ڈول بندہ تھا۔ یہ لمبے لمبے تو اس کے دانت تھے۔ پیلے پیلے اور گندے۔" جمیلہ نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "ساس اونچی آواز سے کوستی رہی۔ چترا ساس کے کوسنے اور گھر والے کی گالیاں آرام سے سنتی رہی۔ زبان سے کچھ نہ بولی۔ پر اس شور شرابے سے گھبرا کر اس کے دونوں بالک منہ پھاڑ کر زور زور سے رونے لگے۔ چترا

ہوئی تو پہلے ہی تھی۔ بالکوں کے رونے پر اور جھلا گئی۔ تیزی سے ایک پر جھپٹی اور اس کی پٹائی ع کر دی۔ وہ بلبلا کر زیادہ زور سے رونے لگا۔ یہ دیکھ کر چترا کا گھر والا اور بھڑک اٹھا۔ وہ گالاں نا ہوا اس کی اور تیزی سے بڑھا۔ اسے بالوں سے پکڑ کر زور سے دھکا دیا۔ وہ دور جا کر گری۔ ملنے بھی نہ پائی تھی' گھر والا اس کے سر پر پہنچ گیا اور لگا لاتیں اور ٹھڈے مارنے۔ چترا کی دھوتی ی گئی۔ ٹانگیں ننگی ہو گئیں۔ تب بھی وہ چپ کر کے پڑی رہی۔ نہ روئی' نہ چیخی۔ آنکھیں کھولے ر والے کو گھورتی رہی۔" جمیلہ نے گہری سانس بھری۔ "لگتا تھا لاج کے ساتھ ساتھ اس کے ر کی نار بھی مر گئی تھی۔"

"تو بھی چپ کھڑی رہی۔ کچھ نہ بولی؟" رحیم داد نے شکوہ کرنے کے انداز میں تبصرہ کیا۔

جمیلہ اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے گویا ہوئی۔ "اس کا گھر والا مارتے مارتے تھک گیا۔ پنے لگا اور چپ کر کے کھڑا ہو گیا۔ چترا اٹھ کر بیٹھ گئی۔ اس کے ہونٹوں سے خون بہہ رہا تھا۔ اس نے پونچھا بھی نہیں۔ سر جھکائے بیٹھی رہی۔ اس کا گھر والا آنکھیں نکال کر چیخا۔ اٹھ اندر چل' پر نہ اٹھی اور نہ ہی زبان سے کچھ کہا۔ جیسے بیٹھی تھی ویسے ہی بیٹھی رہی۔ اس بار گھر والے نے چترا کو وں سے پکڑ کر گھسیٹا۔ دروازے کی اور بڑھا۔ میں اب چپ نہ رہ سکی۔ اس کے سامنے گئی۔ سے غیرت دلائی۔ غصے سے کہا' تیں نوں ایک کمزور زنانی پر ایسے ظلم کرتے شرم نہیں آتی۔ تو کیسا رہ ہے؟ اس نے پلٹ کر مجھے لال لال آنکھوں سے گھورا۔"

"تجھ پر بھی وہ ناراض ہوا ہو گا۔"

"بالکل ناراض ہوا۔ غصے سے بولا۔ تو ہمارے بیچ میں بولنے والی کون ہوتی ہے؟ یہ میرا اور میری ھر والی کا معاملہ ہے۔ چل اپنا رستہ پکڑ۔ وہ چترا کو بالوں سے فیر گھسیٹنے لگا۔ میں کچھ بولنے ہی والی ی کہ پیچھے سے آواز آئی۔ کیہ کل اے جی لے؟ میں نے پلٹ کر دیکھا۔ سامنے اللہ وسایا کھڑا ہے۔ وہ مجھے ڈھونڈتا ہوا وہاں پہنچ گیا تھا۔ میں نے چترا کی اور اشارہ کیا۔ یہ چترا کپور ہے۔ میرے ساتھ کالج میں پڑھتی تھی۔ فیر میں نے گتے کی اور ہاتھ اٹھا کر کہا۔ یہ اس کا گھر والا لگتا ہے۔ چترا کو رتا تھا۔ میں نے روکا تو میرے گلے پڑ گیا۔ مجھے اس سے بہت غصہ تھا۔"

"تیری باتیں سن کر اللہ وسایا کیا بولا؟" رحیم داد نے بے چینی سے پہلو بدلا۔

"وہ چپ رہا۔ پر چترا کا گھر والا تیوری پر بل ڈال کر بولا۔ ہاں' میں نے اسے مارا ہے۔ ابھی اور روں گا۔ یہ کہہ کر اس نے بالوں سے پکڑ کر چترا کو اٹھایا اور اس کے منہ پر زور زور سے تھپڑ' ارنے لگا۔ اللہ وسایا نے اسے روکا۔ بس کر۔ وہ ناراض ہو کر اللہ وسایا پر چیخا۔ اوئے تو کون ہے؟

تیں نوں کیہ۔ لینا؟ تو تھانے دار لگا ہے؟ اس نے اور زور سے چترا کے گال پر ایک چپیڑ مارا۔ جمیلہ کا لہجہ تیکھا ہو گیا۔

"اللہ وسایا ایک دم ویسا ہی بن گیا' جیسے میں نے برسوں پہلے اسے ولیا کے گھر میں دیکھا تھا۔ بہت عرصے بعد وہ مجھے اتنا غصے میں نظر آیا۔ زور سے چیخا۔ بکواس بند کر۔ ساتھ ہی تیزی سے جھپٹا۔ گٹے کی کمر پر اس زور سے لات ماری' وہ دور تک لڑھکتا چلا گیا۔ پر اللہ وسایا کا غصہ کم نہ ہوا۔ وہ نزدیک پہنچا اور اسے گردن سے پکڑ کر اوپر اٹھالیا۔ وہ اس کے ہاتھ میں جھولنے لگا۔ اس کی آنکھیں ابل پڑیں۔ منہ پھاڑ کر ہائے ہائے کرنے لگا۔"

"لگتا ہے اللہ وسایا کو بہت ہی زیادہ غصہ آگیا تھا۔"

"ہاں' وہ بہت غصے میں تھا۔ چترا پہلے تو چپ کر کے کھڑی رہی پھر گڑگڑا کر اللہ وسایا کی منت کرنے لگی' اسے چھوڑ دے۔ اللہ وسایا نے اسے چھوڑ دیا۔ چترا بہت سہمی ہوئی تھی۔ اس کا گھر والا منہ پھاڑ کر زور زور سے سانس بھر رہا تھا۔ چترا کی بوڑھی ساس نے چیخ چیخ کر سارا پنڈ اکٹھا کرلیا۔ نمبردار بھی آگیا۔"

رحیم داد نے پوچھا۔ "نمبردار کیا بولا؟"

"اس نے بھی چترا کے گھر والے کو شرم دلائی۔ ناراض بھی ہوا۔ اللہ وسایا کو سمجھا بجھا کر اپنی حویلی میں لے گیا۔ رستے میں اس نے بتایا' چترا کے گھر والے کا نام کرم دین ہے۔ وہ معمولی زمین دار تھا۔ اس کے پاس ۷ اکلا خود کاشت زمین تھی۔ اس نے چترا کو جو پہلے ہی سکینہ بن چکی تھی' ایک کانسٹیبل کے ذریعے چھے سو روپے میں خریدا تھا۔ وہ پہلے ایک جواری کے پاس تھی۔ وہ شیخوپورہ میں جوئے کا اڈہ چلاتا تھا۔ چرسیا بھی تھا۔ اس نے چترا کو بھی اپنے رستے پر لگا دیا تھا۔ وہ چرس اور گانجا پینے لگی تھی۔ جواریوں کی سنگت میں کنجریوں کا سا جیون گزارتی تھی۔ فیر ایسا ہوا اس کا جواری گھر والا جوا خانہ چلانے کے جرم میں پکڑا گیا۔ اسے جیل ہو گئی۔ چترا بالکل اکیلی رہ گئی اور ایک کانسٹیبل کے ہتھے چڑھ گئی۔ اس نے رکھیل بنا کر اپنے پاس رکھا۔ جب اس کا جی چترا کی طرف سے بھر گیا تو اس نے کرم دین کے ہاتھ اسے بیچ دیا۔"

"تجھے جب وہ ملی تب بھی چرس پیتی تھی؟"

"مجھے ٹھیک سے پتہ نہیں۔" جمیلہ نے بے نیازی سے کہا۔ "نمبردار سے نہ میں نے پوچھا اور نہ ہی اس بارے میں اس نے بتایا۔ پر میرا وچار ہے ان دنوں وہ چرس شرس نہیں پیتی تھی۔ ملتی ہی نہ ہوگی۔ کرم دین ظالم اور کٹھور ہونے کے ساتھ ساتھ چترا کی کڑی نگرانی بھی کرتا تھا۔ نمبردار یہی

تا تھا۔ اس نے یہ بھی بتایا' چترا کو بخار رہتا ہے۔ منہ سے خون آتا ہے۔ اسے ٹی۔ بی ہو گئی ں۔"

رحیم داد نے گہری سانس بھری۔ وہ چترا کے بارے میں جمیلہ سے مزید بات چیت کرنا چاہتا تھا ی اثناء میں احمد ٹرے میں چائے لے کر آگیا۔ چائے کے ساتھ سوجی کا گرم گرم حلوہ بھی تھا۔ احمد نے چائے کی پالیاں اور حلوے کی پلیٹیں جمیلہ اور رحیم داد کے سامنے میز پر رکھ دیں۔

جمیلہ نے احمد سے پوچھا۔ "تو اب تک کدھر رہا؟"

"میں تو جی باہر دروازے پر دیر سے بیٹھا ہوں۔" احمد نے جواب دیا۔

جمیلہ مسکرا کر خاموش ہو گئی۔ احمد فوراً ہی واپس چلا گیا۔

رحیم داد نے حلوہ کھاتے ہوئے دکھ بھرے لہجے میں کہا۔ "زمین دارنی تو نے بہت دردناک بات نائی۔"

"ایسی تو ان گنت دردناک اور دکھ بھری کہانیاں ہیں۔" جمیلہ کے لہجے میں درد کی کسک تھی۔ ہر مغویہ اپنی جگہ ایک دکھ بھری کہانی ہے۔"

"چترا سے تیرا دوبارہ ملنا نہیں ہوا؟" رحیم داد نے پوچھا۔ ابھی تک اس کے ذہن پر چترا چھائی وئی تھی۔

"نہیں! وہ مجھے بعد میں کبھی نہیں ملی۔ میں دوبارہ پکھیالہ نہیں گئی۔ کسی سے اس کے بارے ں بات بھی نہیں ہوئی۔" جمیلہ نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا۔ "جانے اب تک زندہ بھی ہے کہ مر گئی۔"

☆

یکایک بادل زور سے گرجے۔ بارش تیز ہو گئی۔ کمرے میں خاموشی پھیلی تھی۔ دونوں ہی خاموش تھے اور اپنی اپنی جگہ سوچ میں ڈوبے ہوئے تھے۔ رحیم داد نے چائے کی پیالی ختم کی۔ کھنکار کر گلا صاف کیا۔ ہچکچاتے ہوئے جمیلہ سے پوچھا۔ "زمین دارنی' تیری باتوں سے لگتا ہے۔ تیں نوں اللہ وسایا سے پیار نہ تھا۔ تو اس سے پیار کرنے پر مجبور ہو گئی تھی۔ حالات ہی ایسے ہو گئے تھے۔ میں نے غلط تو نہیں سوچا؟" رحیم داد نے جمیلہ کی طرف دیکھا۔ مگر وہ منہ موڑے دیوار کی سمت دیکھ رہی تھی۔

"تو نے اپنے تئیں ٹھیک ہی سوچا۔" جمیلہ نے چند لمحے خاموشی اختیار کرنے کے بعد جواب دیا۔ "اور یہ بھی ٹھیک ہے مجھے اللہ وسایا سے ویسا پیار نہ تھا جیسا دیرینہ سے تھا۔ یہ بات اللہ وسایا بھی

پوری طرح جانتا تھا۔ پر اس نے اتنا بہت سا پیار دیا کہ اگر وہ مجھے اتنا پیار نہ دیتا تو جانے کب کی میں مرکھپ چکی ہوتی۔ اس نے اپنے پیار سے میرا من جیت لیا۔"

"اس کا نصیب بھی تو چنگا تھا' تیری ایسی سوہنی اور بھاگ بھری گھر والی ملی جس نے مزارعے سے اسے وڈا زمیں دار بنا دیا۔" رحیم داد نے جمیلہ کی خوش نودی حاصل کرنے کی کوشش کی۔

مگر وہ متاثر نہ ہوئی۔ بے نیازی سے بولی۔ "چوہدری! تجھے پتہ نہیں' شروع شروع میں تو مجھے اپنے سے گھن آتی تھی۔ جی چاہتا تھا موت آجائے۔ ان دنوں تو میں کئی کئی روز بے حال پڑی رہتی۔ نہ نہاتی' نہ کپڑے بدلتی' نہ روٹی کھانے کو جی کرتا نہ بات کرنے کو۔ پر اللہ وسایا نے کبھی برا نہ منایا۔ جو میں نے کہا' اس نے وہی کیا۔ وہ مجھے خوش دیکھتا تو خوش ہو جاتا۔ نراض پاتا تو خود بھی نراض ہو جاتا۔"

"تو بھی تو اس کی ہر بات مانتی تھی۔ اس کے لیے تو نے اپنے بھائی اور چاچا کے ساتھ جانے سے صاف انکار کر دیا تھا۔"

"یہ تو ٹھیک ہے' پر اللہ وسایا نے اپنی بات منوانے کے لیے کبھی ضد نہ کی۔ زمیں دار بن کر بھی وہ کبھی زمیں دار نہ بنا۔ جیون بھر اپنے تئیں مزارع اور مجھے اپنے زمیں دار کی پتری سمجھتا رہا۔ بلکہ مجھے ہی زمیں دار سمجھتا رہا۔ میں نے بہت چاہا' پر وہ زمیں دار نہ بنا۔ بہت لاڈ آتا تو مجھے زمیں دارنی کہہ کر پکارتا۔ یہی اس کا پیار تھا۔" جمیلہ کو اللہ وسایا کی خوبیاں بیان کرنے میں لذت محسوس ہو رہی تھی۔ وہ روانی سے بولتی رہی۔ "ایسا پیار کرتا تھا' مجھے پریشان یا بیمار دیکھتا تو گھبرا جاتا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔

"تجھے شاید پتہ نہیں' آخری بار جب وہ مجھ سے بدا ہوا تو مجھے تیز بخار تھا۔ سرہانے بیٹھ کر دیر تک میرا سر دباتا رہا۔ فیر یہ کہہ کر چلنے کے لیے کھڑا ہو گیا' جمی لے! میں تیرے لیے ڈاکٹر بلا کر لاتا ہوں۔ میں نے روکا بھی۔ پر وہ نہ رکا۔ ایسا گیا کہ لاش ہی واپس آئی۔"

جمیلہ کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ آنکھیں چھلک پڑیں۔ رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ باہر مینہ کی بوندیں جل ترنگ بجاتی رہیں۔ ہوا چلتی تو ایسا محسوس ہوتا سسکیاں بھر رہی ہے۔ بادل رک رک کر گرجے بارش تیز اور تیز ہوتی گئی۔

رحیم داد نے کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا۔ "اس طرح کب تک روتی رہے گی۔" اس نے لمبی سانس بھری۔ "اللہ کی یہی مرضی تھی' جو ہونا تھا ہو گیا۔ اب تو اگے کی سوچ۔"

"کیا سوچوں۔ میرا تو مغز بھی کام نہیں کرتا۔"

رحیم داد ایک بار پھر خاموش ہو گیا۔ موسلا دھار بارش ہوتی رہی۔ جمیلہ سر جھکائے کسی گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی نظر آ رہی تھی۔ رحیم داد نے اس عالم میں دیکھا تو ٹوہ لگانے کی غرض سے دریافت کیا۔ "کیا سوچ رہی ہے؟"

جمیلہ نے کوئی جواب نہ دیا۔

رحیم داد نے چند لمحے چپ رہنے کے بعد اٹکتے ہوئے کہا۔ "ایک بات پوچھوں۔ برا تو نہیں منائے گی؟"

"کیا کہنا چاہتا ہے؟" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں پوچھا۔

رحیم داد نے اس کے لہجے کی کاٹ محسوس کی۔ اس نے خود کو سنبھالا۔ جو کہنا چاہتا تھا' کہہ نہ سکا۔ اتنی جرات ہی نہ ہوئی۔ صرف اتنا کہا۔ "تو نے اللہ وسایا کے قتل کے بارے میں اب تک کچھ نہیں کیا۔"

"میں کیا کر سکتی ہوں؟ حویلی کی چار دیواری سے باہر بھی نہیں نکل سکتی۔" جمیلہ نے اپنی مجبوری بیان کرنے کے ساتھ ساتھ شکوہ بھی کیا۔ "پر چوہدری' تو نے اس بارے میں کیا کیا؟"

رحیم داد خفیف ہو کر صفائی پیش کرنے لگا۔ "تو ٹھیک کہہ رہی ہے۔ میں نے کچھ نہیں کیا۔ پر تیں نوں یہ بھی پتہ ہے میں تو ادھر کسی کو جانتا بھی نہیں۔ نہ میرا کبھی قتل شتل کے کسی کیس سے کوئی واسطہ پڑا۔ وکیل جب بھی آیا میں نے اس سے گل بات کی۔ پولیس کی تفتیش کے بارے میں پوچھا۔ تھانے دار کو میں بالکل نہیں جانتا۔ تیں نوں پتہ ہی ہے کبھی اس سے ملا ہی نہیں۔ تو کہہ تو وکیل کے پاس چلا جاؤں۔ اس کے ساتھ تھانے دار سے مل کر پتہ کروں اس نے اب تک کیا کیا؟ کوئی گرفتاری شرفتاری بھی کی کہ نہیں؟"

"میں نے تو ویسے ہی ایک بات کہی تھی۔" جمیلہ نے اس کی صفائی سے متاثر ہو کر کہا۔ "مجھے پتہ ہے تیری ادھر کسی سے جان پہچان نہیں۔ ایسے میں تو کیا کر سکتا ہے؟" اس کا لہجہ دل گرفتہ ہو گیا۔ "ویسے اب کیا بھی کیا جا سکتا ہے۔ جس تھانے دار نے کیس میں دلچسپی لی اور تفتیش کا کام آگے بڑھایا' اس کا تبادلہ کر دیا گیا۔ دوسرے نے کیس دبا دیا۔ تفتیش ختم کر دی۔ اسے لگایا ہی اس لیے گیا تھا۔"

"وکیل نے مجھے یہ باتیں بتائی تھیں۔ وہ بھی پریشان تھا۔" رحیم داد نے دبی زبان سے کہا۔ "وہ بتاتا تھا' تفتیش کے لیے جو نیا تھانے دار لگایا گیا ہے' اس نے قتل کا الزام تیرے بھائیوں اور

شریکوں پر لگایا ہے۔"

"تفتیش ختم کرنے اور کیس داخل دفتر کرنے کے لیے وہ یہی کر سکتا تھا۔" جمیلہ نے گہری سانس بھری۔ "یہ اصلی ملزموں کو چھپانے کی کوشش ہے۔ اسی لیے پہلے ہی سے ایسی افواہیں پھیلا دی گئیں تھیں۔ میرے بھائی آخر اللہ وسایا کا کتل کیوں کرتے؟ اس نے مجھے ان کے ساتھ جانے سے کب روکا؟ تجھے پتہ ہے میں خود ہی نہیں گئی۔"

"اوپر درخواست نہیں لگائی جا سکتی؟" رحیم داد نے ٹوہ لگانے کی کوشش کی۔

"اوپر درخواست لگانے سے بھی کیا ہوگا۔ درخواست بھی دبا دی جائے گی۔"

"لگتا تو ایسا ہی ہے۔" رحیم داد نے مزید زور نہ دیا۔ وہ چاہتا بھی یہی تھا۔ "تو اس کا مطلب یہ ہوا' اب کچھ نہیں ہو سکتا۔ اللہ وسایا کے کاتل کبھی نہیں پکڑے جائیں گے۔"

"نظر تو یہی آرہا ہے۔ لگتا ہے اللہ وسایا کو پہلے سے سوچی سمجھی سکیم کے تحت کتل کیا گیا۔ وکیل کا بھی یہی وچار ہے۔" جمیلہ کی آواز بھرا گئی۔ آنکھوں میں آنسوؤں کا سیلاب امڈا۔ وہ منہ پھیر کر چادر کے پلو سے آنسو پونچھنے لگی۔

رحیم داد نے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا۔ "بہت ظلم ہوا جی۔"

جمیلہ نے کچھ نہ کہا۔

رحیم داد چند لمحے خاموش رہا پھر اس نے لہجے میں اور نرمی پیدا کی۔ "پر تو اس طرح کب تک اللہ وسایا کے لیے روتی رہے گی؟"

"جب تک آنکھوں میں رونے کے لیے آنسو ہیں۔" جمیلہ نے بھرائی ہوئی آواز میں کہا۔

رحیم داد ایک بار پھر خاموش ہو گیا۔ بارش اب تھم گئی تھی مگر ہوا تیز تھی۔ رحیم داد نے بے چین ہو کر پہلو بدلا۔ رسان سے بولا۔ "اب آگے کے بارے میں سوچنا چاہیے۔"

"کیا سوچوں۔ کچھ سمجھ نہیں آتی۔" وہ بے بسی سے بولی۔

"کچھ نہ کچھ تو سوچنا ہی پڑے گا۔ تیرے دونوں بچے ابھی بہت چھوٹے ہیں۔" رحیم داد آہستہ سے بولا۔ "تو ابھی جوان ہے۔ ایسے کس طرح کام چلے گا۔"

"تو کہنا کیا چاہتا ہے؟ میں تیری بات کا مطلب نہیں سمجھی۔" اس کا لہجہ تیکھا تھا۔

رحیم داد نے اس کے لہجے کی تیزی اور کاٹ محسوس کی۔ مگر اس نے خاموشی اختیار کرنے کے بجائے جرات سے کام لیا۔ بہت سنبھلے ہوئے انداز میں کہا۔ "میں یہ کہنا چاہتا ہوں جس طرح تو دیرندر کو بھول گئی' تجھے اللہ وسایا کو بھی اسی طرح بھولنا ہوگا۔ حوصلے سے کام لے۔ تو بہت حوصلے

ہے۔ پہلے تجھ پر کم ظلم نہیں ہوا۔ پر تو نے اسے جھیل لیا۔ بھول بھی گئی۔" رحیم داد کے لہجہ خوشامد کا پہلو نمایاں تھا۔ "تیرا دل بہت وڈا ہے۔ تو' تو یہ بھی بھول گئی کہ کبھی تو پاروتی ہوتی ۔ غلط کہہ رہا ہوں میں؟"

"نہیں تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے۔" جمیلہ کے رویئے سے اندازہ ہوتا تھا' رحیم داد کی باتوں نے متاثر کیا تھا۔

"تیری طرح مجھ پر بھی ظلم ہوا۔ سب کچھ تباہ ہو گیا۔ ہال بچے' گھر بار' کچھ بھی نہ رہا۔ فیر بھی زندہ ۔" اس نے جمیلہ کی ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کی' آواز میں رقت پیدا کی۔ "کیا کیا ے جب زندگی ملی ہے تو زندہ رہنا ہی پڑتا ہے۔ پر میرا جو دکھ ہے وہ میں ہی جانتا ہوں۔" اس نے ری سانس بھری۔ "تو میرے دکھ کو سمجھ سکتی ہے تو بھی تو ایسے ہی دکھوں کی ماری ہوئی ہے۔"

"ہاں چوہدری! تیرے ساتھ بہت ظلم ہوا۔" جمیلہ کے رویئے سے ہمدردی کا پہلو عیاں تھا۔ نیم داد کی حوصلہ افزائی ہوئی تو اس نے کھل کر کسی قدر اپنا مدعا بیان کرنے کی کوشش کی۔ جاتے ہوئے بولا۔

"تو چاہے تو ہم دونوں ایک دوسرے کا دکھ بانٹ سکتے ہیں۔ میرا مطلب ہے۔"

جمیلہ نے پلٹ کر اس کی جانب دیکھا۔ اسے آگے نہ بولنے دیا۔ "میں تیرا مطلب سمجھتی ں۔"

اس کا لہجہ تیز اور تیکھا تھا۔ مگر رحیم داد خاموش نہ رہا۔ لہجے میں زیادہ نرمی اور حلاوت پیدا رتے ہوئے گویا ہوا۔ "اس میں ہم دونوں کا بھلا ہے۔ پوری زمیں داری بھی اپنے پاس رہے گی۔ سے پھیلانے اور بڑھانے میں دونوں مل جل کر کام کریں گے۔ تو پہلے ہی کی طرح پورے پنڈ کی میں دارنی رہے گی۔ ہر کام تیری مرضی سے ہوگا۔"

جمیلہ نے کوئی جواب نہ دیا۔ اس نے سر جھکا لیا۔ آنکھوں سے آنسو ڈھلک ڈھلک کر رخساروں پر گرنے لگے۔ رحیم داد چپ بیٹھا رہا۔ وہ جمیلہ کا ردعمل جاننا چاہتا تھا۔ مگر وہ نہ بولی۔ رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ "میں نوں اب چلنا ہے۔" وہ آگے بڑھا' ٹھٹکا۔ مڑ کر جمیلہ کی جانب دیکھا۔ آہستہ سے بولا۔

"میں نے جو گل کی ہے' اس پر آرام نال سوچ لے۔ ابھی سوچنے کے لیے بہت وکت پڑا ہے۔ مجھے جلدی بھی نہیں۔ پر یہ ضرور کہنا چاہتا ہوں' میں نے یہ بات بہت سوچ بچار کر اور اپنے اور تیرے فائدے کو سامنے رکھ کر کہی ہے۔"

جمیلہ نے کچھ نہ کہا۔ دونوں ہاتھ اٹھا کر چہرے پر رکھ لیے اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ رحیم داد دروازے کی سمت بڑھا۔ اسے اپنے عقب میں جمیلہ کی سسکیاں صاف سنائی دے رہی تھیں۔

☆

رحیم داد کمرے سے نکل کر دالان میں پہنچا۔ صحن میں پانی تھا۔ کیچڑ تھی۔ بارش رکی ہوئی تھی۔ آسمان پر بادل چھائے تھے۔ رحیم داد سنبھل سنبھل کر قدم اٹھاتا ہوا مہمان خانے میں پہنچ گیا۔ وہ برآمدے میں پڑی ہوئی کرسی پر خاموشی سے بیٹھ گیا۔

اندھیرا گہرا ہوتا گیا۔ برسات کی بھیگی ہوئی شام نے تاریکی کا ڈیرا ڈال دیا تھا۔ احمد نے لیمپ روشن کر دیا اور رحیم داد کے پاس خاموشی سے کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد گم صم بیٹھا رہا۔ اس نے احمد کی جانب مطلق توجہ نہ دی۔ احمد آہستہ سے صحن میں اترا اور حویلی میں چلا گیا۔

رحیم داد خاموش بیٹھا ان باتوں پر غور کرتا رہا جو اس نے کچھ دیر پہلے جمیلہ سے کہی تھیں۔ وہ پہلے سے کوئی منصوبہ بنا کر نہیں گیا تھا۔ گفتگو کچھ اس ڈھب سے چلی کہ دل کی بات زبان تک آ گئی۔ اب رہ رہ کر یہ خیال پریشان کر رہا تھا' اس نے جلد بازی سے کام لیا۔ نہ جانے جمیلہ نے اس کے بارے میں کیا سوچا؟ اس نے جمیلہ کی آنکھوں سے آنسو بہتے دیکھے تھے اور اس کی سسکیاں بھی سنی تھیں۔

اس کے ذہن میں کھلبلی مچی تھی۔ الجھن اور خلفشار سے گھبرا کر وہ کھڑا ہو گیا اور برآمدے میں آہستہ آہستہ ٹہلنے لگا۔ احمد واپس آیا۔ اس نے کمرے میں میز پر کھانا چن دیا۔ برآمدے میں پہنچ کر اس نے رحیم داد سے کہا۔

"چوہدری' روٹی کھالے۔"

رحیم داد نے ہاتھ دھوئے اور کمرے میں جا کر چپ چاپ کھانا کھانے لگا۔ احمد دہلیز کے پاس فرش پر بیٹھا تھا۔ رحیم داد نے کھانا کھاتے کھاتے نظریں اٹھا کر احمد کو دیکھا۔ آہستہ سے پوچھا۔

"آج حویلی میں کچھ زیادہ ہی سناٹا لگ رہا ہے۔"

"ہاں جی' اب تو حویلی میں سناٹا ہی رہتا ہے۔" احمد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "زمیں دار اللہ وسایا کے بعد تو حویلی بالکل اجڑ گئی۔" اس نے مڑ کر حویلی کی جانب دیکھا۔ "دیکھ کیسی ویرانی برس رہی ہے۔"

"برسات میں رات کو ویسے بھی سناٹا کچھ زیادہ ہی لگتا ہے۔" رحیم داد نے بے نیازی سے کہا۔

"کچھ یہ بات بھی ہے۔" احمد نے اس کی تائید کی۔

رحیم داد اپنی بے چینی پر زیادہ دیر قابو نہ رکھ سکا۔ دبی زبان سے پوچھا۔ "زمیں دارنی کا کیا حال ہے؟"

"اس کا حال احوال کیا ہونا ہے جی۔" احمد نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "وہ تو جی گپ چپ رہتی ہے یا روتی رہتی ہے۔" اس نے رحیم داد کی جانب نظریں اٹھا کر غور سے دیکھا۔ "تجھ سے تو آج تک باتیں کرتی رہی۔"

"ابھی تک کمرے میں بیٹھی ہے؟"

"نا جی' وہ تو تیرے جانے کے بعد ہی اٹھ گئی تھی۔"

رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔ "اب کیا کر رہی ہے؟"

"میں تو جی اس کے پاس گیا نہیں۔ تاراں روٹی لے کر گئی تھی۔ کہتی تھی اس نے روٹی بھی نہیں کھائی' نہ بات کی۔ وہ تو چادر سے منہ ڈھانکے رو رہی تھی۔ تاراں دیر تک بیٹھی رہی۔ پر اس نے مڑ کر بھی نہ دیکھا۔"

رحیم داد گھبرا گیا۔ اس نے گلاس اٹھا کر پانی پیا اور مونچھوں اور ڈاڑھی پر سے پانی کے قطرے پونچھتے ہوئے بولا۔ "مجھ سے بھی بات کرتے کرتے کئی بار روئی۔"

اسی اثنا میں تاراں آ گئی۔ اس نے تیکھی نظروں سے احمد کو دیکھا۔ اس کے چہرے پر جھنجلاہٹ تھی۔ مگر اس نے احمد سے کچھ نہ کہا۔ رحیم داد سے مخاطب ہوئی۔

"یہ مجھے بہت تنگ کرتا ہے جی۔"

رحیم داد نے احمد کو ڈانٹا۔ "تو اسے کیوں تنگ کرتا ہے؟"

"میں نے تو جی کچھ نہیں کیا۔ یہ تو ایسے ہی میرے گلے پڑ جاتی ہے۔" احمد مسکین سی صورت بنا کر بولا۔

"بتاؤں تو کیا کرتا ہے؟" تاراں نے دھمکی دی۔

رحیم داد نے اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے دریافت کیا۔ "تو زمیں دارنی کے پاس سے آ رہی ہے نا۔ کیسی طبیعت ہے اس کی؟"

"تیرے جانے کے بعد کمرے سے نکلی تو رو رہی تھی۔ اب تک اس کے آنسو نہیں تھمے۔ آج تو بہت زیادہ اداس لگتی ہے۔"

رحیم داد تو خاموش رہا۔ مگر احمد بول پڑا۔ "جب سے زمیں دار کی موت ہوئی ہے تب سے اس کے آنسو ہی کہاں رکے ہیں۔ جب دیکھو روتی ہی رہتی ہے۔"

"بات تو یہی ہے۔" تاراں نے اتفاق رائے کیا۔ "دونوں میں بہت پیار تھا۔ وہ بھی تو زمیں دار
کو کتنا چاہتا تھا۔ اس کے لیے ڈاکٹر لانے ہی تو نکلا تھا' نہ جانے کس نے اسے کتل کردیا۔"

رحیم داد کھانے سے فارغ ہو چکا تھا۔ اس نے دونوں کو مزید بات چیت کا موقع نہ دیا۔ احمد سے مخاطب ہو کر کہا۔ "حمدے! برتن اٹھا اور واپسی میں دیر نہ کرنا۔"

احمد نے برتن اٹھائے اور تاراں کے ساتھ چلا گیا۔ رحیم داد کمرے سے نکل کر برآمدے میں پہنچا۔ صحن میں ہلکی ہلکی پھوار پڑ رہی تھی۔ وہ باہر نہ جاسکا۔ برآمدے میں پڑی ہوئی کرسی پر پھر بیٹھ گیا۔

وہ اس وقت بھی جمیلہ ہی کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ اسے پہلے ہی خدشہ تھا' جمیلہ نے اس کی بات پسند نہیں کی۔ اسے شدید صدمہ پہنچا تھا۔ تاراں کی باتوں سے نہ صرف اس کی تصدیق ہو گئی تھی بلکہ اس کے اندیشے اور وسوسے سوا ہو گئے۔ وہ اپنی جلد بازی پر پشیماں تھا۔ سمجھ میں نہیں آرہا تھا' اس نے جو بے موقع قدم اٹھایا ہے اس کی تلافی کس طرح کرے؟ جمیلہ کے دل سے کدورت کیوں کر اور کیسے رفع کرے؟

وہ بستر پر لیٹ کر بھی اسی مسئلہ پر غور کرتا رہا۔ بہت سوچ بچار کے بعد اس نے طے کیا کہ جمیلہ سے جلد سے جلد ملنے کی کوشش کرے گا۔ معذرت کرے گا اور ایسا رویہ اختیار کرے گا کہ جمیلہ کی خفگی اور آزردگی کسی نہ کسی طرح دور ہو جائے۔

صبح اٹھ کر اس نے احمد کے ذریعے جمیلہ سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ مگر وہ شام تک واپس نہ آیا۔ دوپہر کا کھانا حویلی کا ایک اور نوکر لے کر آیا۔

رحیم داد نے اس سے احمد کے بارے میں کچھ نہ پوچھا۔ وہ احمد کا انتظار کرتا رہا۔ شام کا اندھیرا پھیلنے کے بعد احمد آیا۔

رحیم داد نے شکوہ کرنے کے انداز میں پوچھا۔ "حمدے! تو دن بھر کہاں رہا؟"

"مجھے جی' زمیں دارنی نے ایک ضروری کام سے پڑوس کے چک بھیجا تھا۔"

"تو نے زمیں دارنی سے میرے بارے میں بات کی تھی؟" رحیم داد کے انداز سے بے چینی جھلک رہی تھی۔

"تو نے جو کہا تھا وہ میں نے اسے کہہ دیا۔ پر وہ کچھ نہ بولی۔ چپ کر کے بیٹھی رہی۔"

"لگتا ہے اس کی طبیعت ٹھیک نہیں۔" رحیم داد نے بات بنائی۔ "میں بھی اس کی طبیعت ہی کے بارے میں پوچھنا چاہتا تھا۔ کل شام تاراں کی باتیں سن کر میں نے یہی اندازہ لگایا تھا۔"

"ہاں جی اس کی طبیعت گڑبڑ ہی لگتی ہے۔"

"تو میری طرف سے اس کی طبیعت پوچھنا۔ کہنا میں نے زمیں داری کے بارے میں کچھ ضروری گل کرنی ہے۔" رحیم داد نے جمیلہ سے ملاقات کرنے کا بہانہ تلاش کیا۔

"اب تو جی کل ہی اس سے گل ہو گی۔"

"کوئی حرج نہیں' کل ہی گل کر لینا۔"

دوسرے روز رحیم داد بے چینی سے احمد کا انتظار کرتا رہا۔ صبح کے ناشتے کے بعد وہ دوپہر کا کھانا لے کر آیا تو رحیم داد نے دریافت کیا۔ "حمدے! تو نے زمیں دارنی سے بات کی تھی؟"

"ہاں جی! میں نے تیری بات اسے پہنچا دی تھی۔"

"کیا کہا اس نے؟" رحیم داد اپنی بے چینی چھپا نہ سکا۔ احمد بھانپ گیا۔ "تو اس سے ملنا چاہتا ہے۔ کوئی ضروری کام ہو گا۔ پر ایسا لگتا ہے وہ تجھ سے ملنا نہیں چاہتی۔"

"تو نے کیسے سمجھا وہ ملنا نہیں چاہتی؟"

"میری گل سن کر وہ پہلے کی طرح چپ کر کے بیٹھی رہی۔" میں نے دوبارہ کہا تو منہ بگاڑ کر بولی۔ "مجھے زمیں داری سے کیا لینا؟ چوہدری سے کہنا جو اس کا جی چاہے کرے۔ بس جی اس نے اتنا ہی کہا۔"

رحیم داد نے احمد سے مزید استفسار نہ کیا۔ خاموشی سے کھانا کھانے لگا۔ مگر رغبت سے کھانا نہ کھا سکا۔ اس کی پریشانی اور بڑھ گئی۔ دن ڈھلا' شام ہوئی' رات ہو گئی۔ مگر رحیم داد کی ذہنی الجھن کم نہ ہوئی۔ اسی عالم میں وہ سو گیا۔

☆

رحیم داد سویرے بیدار ہوا تو اس کا بدن ٹوٹ رہا تھا۔ ہاتھ پیروں میں اینٹھن کے ساتھ ساتھ سر میں درد تھا۔ ہلکا ہلکا بخار بھی تھا۔ دوپہر کو دو چار لقمے کھانے کے بعد ہاتھ کھینچ لیا۔ کھانا کھایا ہی نہ گیا۔ طبیعت اس قدر مضمحل اور گری گری تھی کہ وہ کمرے سے نکل کر برآمدے میں بھی نہ گیا۔ صحن میں چھما چھم بارش ہو رہی تھی۔

رحیم داد بستر پر لیٹا بوندوں کا جل ترنگ سنتا رہا۔

شام ہوتے اسے جوڑی چڑھی۔ جسم کپکپانے لگا۔ اس نے کیس اچھی طرح لپیٹی اور بدن سکیڑ کر گٹھری بن گیا۔ اب بخار تیز ہو گیا تھا۔ احمد کھانا لے کر آیا تو رحیم داد نے جوڑی سے کپکپاتے ہوئے کہا۔ "حمدے کمبل لا کر مجھ پر ڈال دے۔" احمد نے اس کی پیشانی چھو کر بخار کی شدت کا

اندازہ لگایا اور خاموشی سے چلا گیا۔

رحیم داد کا جسم بخار کی تپش سے بھن رہا تھا۔ وہ آنکھیں بند کیے سکڑا سکڑایا بے سدھ پڑا رہا۔ اسے کچھ خبر نہ ہوئی کہ احمد کب واپس آیا۔ کب اس کے تھرتھراتے بدن پر اس نے کمبل ڈالا اور کب کمرے سے باہر گیا۔

رحیم داد پر گہری غنودگی طاری تھی۔ آنکھیں سلگ رہی تھیں۔ وہ رک رک کر سانس لے رہا تھا اور آہستہ آہستہ کراہ بھی رہا تھا۔

رات نہ معلوم کتنی گزر چکی تھی۔ باہر چھاجوں پانی برس رہا تھا۔ یکایک رحیم داد نے اپنی تپتی ہوئی پیشانی پر ٹھنڈک محسوس کی۔ یہ کسی کا نرم اور گداز ہاتھ تھا۔ اس نے لمبی سانس بھری اور آنکھیں کھول دیں۔ دیکھا' جمیلہ اس پر جھکی ہوئی ہے۔ اس کا ایک ہاتھ رحیم داد کی پیشانی پر تھا۔

رحیم داد کو یقین نہ آیا۔ اس نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر اسے پہچاننے کی کوشش کی۔ ہاں وہ جمیلہ ہی تھی۔ وہی ستاروں کی مانند روشن آنکھیں' وہی گلابی ہونٹ' وہی تابندہ پیشانی۔ لیمپ کی زرد زرد روشنی میں اس کا چہرہ سوگوار اور بجھا بجھا ہونے کے باوجود دلکش نظر آرہا تھا۔

وہ آنکھیں کھولے حیران و پریشان نظروں سے جمیلہ کے خوب صورت چہرے کو تکتا رہا۔ اس کے خشک ہونٹ آہستہ آہستہ لرز رہے تھے۔ وہ بولنا چاہتا تھا مگر بول نہ سکا۔ اسے ایسا محسوس ہوا گویا خواب دیکھ رہا ہے۔

جمیلہ بستر کے قریب پڑے ہوئے مونڈھے پر بیٹھتے ہوئی بولی۔ "چوہدری تجھے تو بہت تیز بخار ہے۔ ملیریا لگتا ہے۔ جوڑی چڑھی تھی؟"

"ہاں!" رحیم داد نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی اور ہانپنے کے سے انداز میں گہری گہری سانسیں بھرتے ہوئے کہا۔ "طبیعت تو سویرے ہی سے گڑبڑ تھی۔ شام کو جوڑی چڑھی' پھر ایسا تیز بخار ہوگیا کہ میں نوں بالکل سدھ بدھ نہ رہی۔"

"چنتا نہ کر۔ کل پرسوں تک چنگا ہوجائے گا۔ تجھے ملیریا ہوگیا ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کو تشفی دی۔ مڑ کر دروازے کے پاس کھڑے ہوئے احمد کی جانب دیکھا۔ ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ احمد نے بڑھ کر میز پر رکھا ہوا لکڑی کا بکس اٹھایا اور جمیلہ کو دے دیا۔ جمیلہ نے بکس کھولا۔ تھرمامیٹر نکالا۔ اسے ہاتھ میں دبا کر جھٹکا دیا۔ رحیم داد سے کہا۔

"چوہدری! منہ کھول۔"

رحیم داد نے چپ چاپ منہ کھول دیا۔ جمیلہ نے تھرمامیٹر اس کے منہ میں لگا دیا اور کلائی پر

بندھی ہوئی گھڑی جھک کر توجہ سے دیکھنے لگی۔

جمیلہ نے تھرمامیٹر رحیم داد کے منہ سے نکالا۔ لیمپ کی روشنی میں ہاتھ اٹھا کر دیکھا۔ اس کے چہرے پر پریشانی پھیل گئی۔ آہستہ سے بولی۔ "تجھے تو ۱۰۴ ٹمپریچر ہے۔" اس نے تھرمامیٹر دھو کر حفاظت سے بکس میں رکھ دیا۔ احمد سے گلاس میں پانی منگوایا۔ بکس کے اندر سے کونین کی ٹکیہ نکالی۔ احمد نے جمیلہ کی ہدایت پر رحیم داد کو تکیے کے سہارے بٹھا دیا۔ رحیم داد گہری گہری سانس بھر کر آہستہ آہستہ ہانپتا رہا۔

جمیلہ اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ رحیم داد کو مخاطب کرتے ہوئے نرم لہجے میں بولی۔ "چوہدری! یہ دوائی کھالے۔ آرام آجائے گا۔" رحیم داد نے ایک بار پھر منہ کھولا۔ جمیلہ نے جھک کر کونین کی ٹکیہ اس کے حلق میں ڈال دی۔ گلاس اٹھا کر رحیم داد کے ہونٹوں سے لگایا۔ رحیم داد پانی کے ساتھ ٹکیہ نگل گیا۔ دوا کھلانے کے بعد جمیلہ بولی۔

"اب تو آرام سے لیٹ جا۔"

رحیم داد چپ چاپ ٹانگیں پھیلا کر لیٹ گیا۔ جمیلہ نے ایکبار پھر اس کی پیشانی چھو کر دیکھی۔ احمد سے کٹورے میں ٹھنڈا پانی منگوایا۔ احمد کمرے سے چلا گیا۔

کمرے میں خاموشی چھائی تھی۔ جمیلہ کرسی پر گم صم بیٹھی تھی۔ باہر موسلا دھار بارش ہو رہی تھی۔ رحیم داد آنکھیں بند کیے نڈھال لیٹا رہا۔ وہ چند لمحے اسی حالت میں پڑا رہا۔ پھر اس نے کراہتے ہوئے گردن موڑی۔ جمیلہ کی جانب دیکھا۔ رک رک کر کہنے لگا۔

"زمیں دارنی! میں نے پچھلے دنوں تجھ سے ایسی بات کہی تھی' جس پر تو نے برا منایا۔ سسکیاں لے کر رونے لگی۔ مجھے ایسی بات نہیں کہنی چاہیے تھی۔ زمیں دارنی تو۔"

جمیلہ نے اسے مزید بولنے کا موقع نہ دیا۔ بات کاٹ کر بولی۔ "چپ کر کے لیٹا رہ۔ تجھے بہت تیز بخار ہے۔ سویرے سے تیری طبیعت اتنی گڑبڑ ہے۔ تو نے مجھے بتایا کیوں نہیں؟ احمد تو یہیں تھا۔ مجھے پتہ چل جاتا تو اسی سے دوائی کھلا دیتی۔ اتنا تیز بخار نہ چڑھتا۔"

"میں نے تجھے اس لیے خبر نہ کی تو عدت میں ہے۔ سوچا تو یہاں کیسے آسکتی ہے؟" رحیم داد نے جمیلہ کی جانب دیکھے بغیر ٹھہر ٹھہر کر کہا۔

"ایسے ہی آسکتی تھی جیسے اب آئی ہوں۔ دکھی بیماری کی تو بات ہی الگ ہے۔" جمیلہ نے بتایا۔ "میں نے مسجد کے ملّا کو بلا کر پوچھ لیا تھا۔"

احمد کمرے میں داخل ہوا۔ اس کے ہاتھ میں پانی سے بھرا ہوا بڑا کٹورہ تھا۔ احمد نے کٹورہ میز پر

رکھ دیا اور میز اٹھا کر جمیلہ کے سامنے رکھ دی۔ جمیلہ نے پانی میں انگلیاں ڈبوئیں۔ پانی ٹھنڈا تھا۔ اس نے بکس کھولا۔ اندر سے ململ کا اجلا ٹکڑا نکالا۔ اسے پانی میں ڈال کر تر کیا۔ تہہ کر کے اس کی چار انگل چوڑی پٹی بنائی اور بھیگی ہوئی پٹی رحیم داد کی تپتی ہوئی پیشانی پر رکھ دی۔ رحیم داد کو اس کی ٹھنڈک سے بڑا سکون ملا۔

رحیم داد نے ایک بار پھر آنکھیں کھولیں۔ آہستہ سے بولا۔ "زمیں دارنی' بچ تیرا دل بہت وڈا ہے۔ تو۔"

جمیلہ نے اسے ٹوکا۔ "چوہدری چپ کر کے پڑا رہ۔ تجھے آرام کی ضرورت ہے۔"

رحیم داد نے آنکھیں بند کر لیں اور آہستہ آہستہ سانس بھرنے لگا۔

جمیلہ اس کی پیشانی پر پٹی رکھتی رہی۔ گرم ہو جاتی تو دوبارہ کٹورے کے ٹھنڈے پانی میں تر کرتی اور پیشانی پر رکھ دیتی۔ بخار کی تیزی دھیرے دھیرے کم ہوتی گئی۔ رحیم داد کو ایسا سکون ملا کہ وہ سو گیا۔ اسے یہ بھی خبر نہ ہوئی کہ جمیلہ کتنی دیر اس کے سرہانے بیٹھی رہی اور کب اٹھ کر چلی گئی

۵۰

دن ڈھلے ایک تانگا حویلی کے مہمان خانے کے دروازے پر رکا۔ نادر خاں تانگے سے نیچے اترا۔ اس بار وہ اپنے ساتھ بستر اور ٹرنک لے کر آیا تھا۔ وہ سائیکل بھی تانگے میں رکھی تھی' جس پر وہ رحمت والی گیا تھا۔ اس نے تانگے والے کو کرایہ ادا کیا۔ سامان احمد کے سپرد کیا اور سیدھا رحیم داد کے پاس پہنچا۔

رحیم داد اس وقت کمرے کے باہر برآمدے میں کرسی پر بیٹھا تھا۔ صحن میں دھوپ پھیلی تھی۔ مگر اس کی تمازت میں تیزی نہ تھی۔ ہوا فراٹے بھرتی ہوئی چل رہی تھی۔ درخت جھوم رہے تھے۔ آسمان پر بکھرے ہوئے بادلوں کے سفید سفید ٹکڑے سرپٹ بھاگتے نظر آتے تھے۔

نادر خاں کو دیکھتے ہی رحیم داد نے تیکھے لہجے میں پوچھا۔ "تونے تو دوسرے روز آنے کا وعدہ کیا تھا' اتنے دن کہاں غائب رہا؟ بیمار تو نہیں پڑ گیا تھا؟" اس نے نادر خاں کا چہرہ غور سے دیکھا۔ "ویسے تو بیمار شمار لگتا نہیں۔"

"نہیں جی' بیمار تو نہیں رہا۔" نادر خاں سر جھکا کر معذرت کرنے لگا۔ "معاف کرنا جی' وہ ایسا ہوا کہ مجھے ملتان جانا پڑا۔"

"ملتان کیوں گیا تھا؟ تیں نوں یہاں پہنچنا تھا۔"

"آنا تو جی میں نے یہیں تھا پر کچھ ایسی مجبوری ہوئی کہ اچانک ملتان جانا پڑ گیا۔"

نادر خاں کے لہجے میں عاجزی تھی۔

"کیا مجبوری ہوئی؟ تو کچھ پریشان پریشان دکھائی پڑ رہا ہے۔" رحیم داد نرمی سے بولا۔ "کھڑا کیوں

ہے؟ بیٹھ جا۔ آرام سے بتا' بات کیا ہے؟"

نادر خاں نے قریب پڑے ہوئے مونڈھے پر بیٹھتے ہوئے بتایا۔ "وہ ایسا ہے جی' میری گھر والی کا چھوٹا بھائی ملتان ڈسٹرکٹ جیل میں ہے۔"

"جیل میں ہے؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔ "وہ جیل کیسے چلا گیا؟"

"کتل کے ایک مکدمے میں پھنس گیا تھا۔ سال بھر سے اوپر ہو گیا جیل کاٹتے ہوئے۔" نادر خاں نے رحیم داد کو آگاہ کیا۔ "میں یہاں سے رحمت والی گیا۔ دیکھا' گھر والی بہت پریشان ہے۔ کسی نے اطلاع دی کہ اس کا بھائی سخت بیمار ہے۔ ایک ہی بھائی ہے اس کا۔ روتے روتے برا حال کر لیا تھا اس نے۔ اس کی حالت مجھ سے دیکھی نہ گئی۔ اسے تسلی دی اور فوراً ملتان چلا گیا۔"

"اب وہ کیسا ہے؟ ٹھیک ٹھاک ہے نا؟"

"اسے تو جی میں مل ہی نہ سکا۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "بات یہ ہے جی۔ اس بار تو اوپر سخت بارش ہوئی ہے۔ چناب میں زبردست سیلاب آگیا۔ بستیاں کی بستیاں اجڑ گئیں۔ خریف کی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ بھکری سے آگے لوپ بند ٹوٹ گیا۔ جلال آباد اور شیر شاہ کو شدید خطرہ ہے۔ نہروں میں شگاف پڑ گئے ہیں۔ ریلوے لائن پانی کے تیز ریلے سے بہہ گئی ہے۔ جگہ جگہ سے اکھڑ گئی ہے۔ جدھر نظر جاتی ہے پانی ہی پانی نظر آتا ہے۔"

"اس بار تو بہت تباہی مچا دی سیلاب نے۔" رحیم داد نے تشویش کا اظہار کیا۔ "پر یہ تو بتا تیری گھر والی کے بھائی کا کیا بنا؟"

"ہوا یہ جی کہ لوپ بند کی مرمت کے لیے ڈسٹرکٹ جیل کے کیدیوں کو بھی لگا دیا گیا۔ ان میں میرا سالا بھی ہے۔ میں ملتان پہنچا تو پتہ چلا کیدی بند کی مرمت کا کام ختم کر کے جلد ہی واپس آجائیں گے۔ میں انتظار کرنے لگا۔ دو ہفتے سے اوپر ہو گئے پر کیدی واپس جیل نہ آئے۔ بند کی مرمت کا کام ختم ہی نہ ہوا تھا۔"

"پر تیری گھر والی نے تو کہا تھا اس کا بھائی سخت بیمار ہے۔ تو اور ہی گل سنا رہا ہے۔ یہ کیا چکر ہے؟" رحیم داد نے مسکرا کر نادر خاں سے پوچھا۔

"اطلاع ٹھیک نہیں ملی تھی جی۔" نادر خاں نے وضاحت کی۔ "بات سچی یہ ہے جی بند کی مرمت کرنے والے کئی کیدیوں نے رات کے اندھیرے میں فرار ہونے کی کوشش کی۔ بلکہ کچھ تو فرار بھی ہو گئے۔" نادر نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "پر جب وہ فرار ہونے لگے تو ان کی نگرانی کرنے والے پہرے داروں کو پتہ چل گی۔ انھوں نے بھاگتے ہوئے کیدیوں کا پیچھا کیا۔ گولی بھی چلائی۔"

"کئی تو جان سے مارے بھی گئے ہوں گے۔" رحیم داد نے لقمہ دیا۔

"نہیں جی مرا تو کوئی بھی نہیں۔ پر چار زخمی ضرور ہوئے۔ زخمی کیدیوں کو سرکاری ہسپتال میں داخل کر دیا گیا۔ میری گھر والی کو اطلاع ملی تھی کہ ان میں اس کا بھائی بھی شامل ہے۔ پر وہ ان میں نہیں تھا۔ میں نے اسپتال جا کر خود معلوم کیا تھا۔ جیل کے افسروں سے پوچھ گچھ کرنے پر پتہ چلا' میرے سالے نے فرار ہونے کی کوشش ہی نہیں کی تھی۔ وہ دوسرے کیدیوں کے ساتھ بند کی ابھی تک مرمت کر رہا ہے۔"

قیدیوں کے فرار ہونے کی اطلاع سے رحیم داد قدرے پریشان ہو گیا۔ اسے فوراً لالی کا خیال آیا۔ ساتھ ہی یہ بھی یاد آیا کہ اللہ وسایا اور جمیلہ کے ہم راہ کبیر والا جاتے ہوئے منٹگمری اسٹیشن پر اچانک شاداں سے اس کی مڈھ بھیڑ ہو گئی تھی۔ وہ اسے پہچان تو نہ سکی' لیکن اس کی زبانی یہ معلوم ہو گیا تھا کہ لالی بھی ڈسٹرکٹ جیل' ملتان میں ہے۔ وہ اس سے ملنے ملتان جا رہی تھی۔ رحیم داد سوچنے لگا' اگر لالی بھی بند کی مرمت کرنے والے قیدیوں میں شامل ہو گا تو اس نے ضرور نکل بھاگنے کی کوشش کی ہو گی اور کامیاب بھی ہو گیا ہو گا۔ وہ ایسے معاملات میں بڑا ہوشیار اور منجھا ہوا تھا۔ وہ ضرور فرار ہو گیا ہو گا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ کسی روز کوٹ ہرکشن بھی پہنچ سکتا ہے۔ یہ سوال ذہن میں ابھرتے ہی رحیم داد کو تشویش ہوئی۔ مگر دوسرے ہی لمحے اس نے اپنے خدشات اور وسوسوں پر قابو پا لیا۔

رحیم داد کو معاً خیال آیا کہ لالی کو کوٹ ہرکشن کیسے پہنچ سکتا ہے؟ اسے تو یہی معلوم تھا کہ رحیم داد مر چکا ہے۔ پولس پارٹی کے ساتھ لاش کی شناخت بھی اسی نے کی تھی۔ اسے تو یہ بھی خبر نہ تھی کہ رحیم داد نام بدل کر چوہدری نورالٰہی کی حیثیت سے کوٹ ہرکشن میں مقیم ہے۔ ویسے بھی رحیم داد کی وضع قطع اور حلیہ اس قدر تبدیل ہو چکا تھا کہ لالی اسے اب پہچان بھی نہ سکتا۔

وہ خاموش بیٹھا لالی کے بارے میں سوچتا رہا۔ نادر نے اسے خاموش پایا تو دریافت کیا۔

"چوہدری! تو کس سوچ میں پڑ گیا؟"

رحیم داد نے جھٹ بات بنائی۔ "میں شاہ جی کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ بہت دنوں سے اس کے پاس گیا نہیں۔ ایک تو مینہ کی جھڑی لگی رہی۔ اوپر سے میں بیمار بھی پڑ گیا۔"

"اوہو' تبھی پچھلے دنوں بیمار بھی رہے۔" نادر نے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا۔ "جب ہی تو کچھ کمزور' کمزور دکھائی دے رہے ہو۔ چہرہ بھی مرجھایا ہوا لگتا ہے۔ کس ڈاکٹر سے علاج کرایا تھا؟"

"ایسی زبردست برسات میں ڈاکٹر کہاں سے آتا۔ ہر طرف پانی ہی پانی تھا۔ رستے بند تھے۔ جمیلہ

نے دوائی دی تھی۔ اسی سے چنگا ہو گیا۔"

"زمیں دارنی ویسے تو بہت پڑھی لکھی ہے پر مجھے یہ پتہ نہ تھا وہ ڈاکٹری بھی کر لیتی ہے۔"

رحیم داد نے مسکرا کر بتایا۔ "ڈاکٹری شاکٹری تو اس نے نہیں پڑھی۔ پر چھوٹی موٹی بیماریوں کا علاج کر لیتی ہے۔ چوٹ یا زخم آجائے تو مرہم پٹی بھی کر لیتی ہے۔ اس کے پاس دوائیوں سے بھرا ہوا بکسا ہے۔ اس میں دوا دارو کا ہر طرح کا سامان رہتا ہے۔ پنڈ میں کوئی بھی بیمار پڑے۔ چاہے مزارع ہو یا کمی' وہ جھٹ دوائیوں کا بکسا سنبھال' اس کے پاس پہنچ جاتی ہے۔ اس معاملے میں اس کا دل بہت نرم ہے۔ آس پاس کے کسی پنڈ یا چک میں بھی کوئی بیمار پڑ جائے تو پتہ لگتے ہی وہاں پہنچ جاتی ہے۔ اپنے ہاتھ سے دوائی کھلاتی ہے۔ خود ہی مرہم پٹی کرتی ہے۔" رحیم داد کو جمیلہ کی دردمندی اور خوبیاں بیان کرنے میں لذت محسوس ہو رہی تھی۔

نادر خاں نے ہچکچاتے ہوئے پوچھا۔ "پر آج کل تو جی وہ عدّت میں ہے۔ حویلی سے باہر نہیں جا سکتی۔ تیں نوں دوائی دینے ادھر کیسے چلی آئی؟ ویسے تو اسے تیرے سامنے بھی نہیں آنا چاہیے۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے تو۔ بات تو ایسی ہی ہے۔" رحیم داد نے اس سے اتفاق کرتے ہوئے کہا۔ "میں نے بتایا تھا نا کہ اس کا دل بہت نرم ہے۔ وہ کسی کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی۔ جیسے ہی اسے پتہ چلا' مجھے بہت تیز بخار ہے' فوراً دوائیوں کا بکسا لے کر آگئی۔ ویسے یہ مہمان خانہ بھی حویلی سے الگ کہاں ہے۔" اس نے وضاحت کی۔ "وہ میرے سامنے کب آتی ہے۔ چادر کے پلو سے بکل مار کر منہ اس طرح چھپا لیتی ہے کہ آنکھیں بھی مشکل سے دکھائی پڑتی ہیں۔ عام طور پر تو منہ موڑ کر دوسری طرف کر لیتی ہے۔ اس معاملے میں اس نے پنڈ کے ملّا سے بات کر رکھی ہے۔"

رحیم داد نے اپنی بات ختم ہی کی تھی کہ احمد کھانا لے کر آگیا۔ اس نے کھانا میز پر لگا دیا۔ رحیم داد نے نادر خاں کی طرف دیکھا۔ "تو نے روٹی کھالی؟"

"کھالوں گا جی۔ میں نے تو ابھی نہا دھو کر کپڑے بدلے ہیں۔"

نادر خاں اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور احمد کے ہم راہ کمرے سے چلا گیا۔ رحیم داد اطمینان سے کھانا کھانے لگا۔ کھانے سے فارغ ہو کر حسب معمول وہ بستر پر لیٹ کر آرام کرنے لگا۔

دن ڈھلے رحیم داد کمرے سے باہر گیا۔ غسل کیا۔ لباس تبدیل کیا۔ سورج غروب ہو رہا تھا۔ رحیم داد مہمان خانے سے نکل کر باغ میں پہنچا۔ نوکروں نے پہلے ہی کرسیاں لگا دی تھیں۔ رحیم داد ایک کرسی پر جا کر بیٹھ گیا۔ برسات کی سہانی شام تھی۔ مشرق میں شفق کا الاؤ دہک رہا تھا۔ فضا گل

رنگ تھی۔ ہوا مسکی ہوئی تھی۔ رحیم داد تنہا بیٹھا موسم کی رنگینی سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ اچانک اس کی نظر تاجاں پر پڑی۔ وہ مہمان خانے کے عقب سے نکل کر مویشیوں کے باڑے کی جانب جا رہی تھی۔

تاجاں کی عمر سولہ سترہ برس کے لگ بھگ تھی۔ مگر وہ صحت مند اور بھرپور جوان تھی۔ حویلی ہی میں رہتی تھی۔ مگر اس کی حیثیت نوکرانیوں اور خادماؤں سے قدرے مختلف تھی۔ جمیلہ اس پر بہت مہربان تھی۔ ہمیشہ محبت اور شفقت سے پیش آتی تھی۔ اسے اپنے پاس ہی رکھتی تھی۔ تاجاں کا باپ مر چکا تھا۔ پھاتاں اس کی بیوہ ماں تھی۔ اس نے تاجاں کو جمیلہ کی سپردگی میں دے دیا تھا۔ پچھلے چھے سال سے وہ حویلی میں تھی۔ وہیں پلی بڑھی اور جوان ہوئی۔ کھانے کو اچھی غذا اور رہنے کو بہتر ماحول ملا تو اس کا رنگ روپ نکھر گیا۔ صحت بھی اچھی رہی۔ کام کاج اور محنت سے جسم بھی سڈول اور خوبصورت ہو گیا۔ جمیلہ اسے اس قدر عزیز رکھتی تھی کہ اس نے خود تاجاں کا رشتہ طے کیا تھا۔ شادی کی تاریخ بھی مقرر ہو چکی تھی۔

رحیم داد نے تاجاں کو حویلی میں پہلے بھی دیکھا تھا۔ مگر اس وقت وہ اسے زیادہ ہی خوب صورت اور پرکشش نظر آئی۔ وہ ہلکے گلابی رنگ کی شلوار اور اسی رنگ کا کرتا پہنے ہوئے تھی۔ سر پر گہرا دھانی دوپٹہ تھا۔ یہی لباس ایک بار رحیم داد نے جمیلہ کے جسم پر بھی دیکھا تھا۔ مگر اللہ وسایا کی موت کے بعد جمیلہ صرف سفید لباس پہنتی تھی۔ اس نے اپنے رنگین کپڑے لتے نوکرانیوں کو دے دیئے تھے۔ مگر سب سے زیادہ تاجاں کے حصے میں آئے۔ گلابی لباس میں رحیم داد کو تاجاں میں جمیلہ کی جھلک نظر آئی۔

شفق کی گہری نارنجی روشنی میں تاجاں کا چہرہ نکھر کر زیادہ ہی شگفتہ اور زیادہ ہی گلابی ہو گیا تھا۔ رحیم داد نے اسے دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا۔ تاجاں آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہی تھی۔ رحیم داد چپ چاپ بیٹھا وزدیدہ نگاہوں سے اسے دیکھتا رہا۔ تاجاں قریب' اور قریب آتی گئی۔ چلتے چلتے اس نے نظریں اٹھا کر رحیم داد کو دیکھا۔ ہاتھ اٹھا کر خاموشی سے سلام کیا۔ رحیم داد مسکرایا۔ انگلی کے اشارے سے اسے بلایا۔ وہ جھجکی۔ چند لمحے خاموش کھڑی رہی پھر سر کو دوپٹے سے ڈھکتی' شرماتی' لجاتی آگے بڑھی اور رحیم داد کے روبرو نظر جھکا کر کھڑی ہو گئی۔

رحیم داد نے نرم لہجے میں پوچھا۔ "تو پھاتاں کی دھی ہے نا؟"

"ہاں جی!" اس نے رحیم داد سے نظریں ملائے بغیر رسان سے جواب دیا۔ "میرا ناں تاجاں ہے جی۔"

"تو' تاجاں ہے!" رحیم داد نے مسکرا کر بے نیازی سے کہا۔ "پر تو اس وکت کہاں جا رہی ہے؟ تو سا ہے بند ھی نیار ہے۔ حویلی سے باہر کیسے آ گئی؟ میں تو تیرے سگن میں بھی شریک ہوا تھا۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ لہجے سے بے تکلفی جھلکنے لگی۔ "تیری سسرال سے آئی ہوئی مٹھائی بھی میں نے کھائی تھی۔ یہیں باغ میں تو سگن کی ساری رسماں رچاں ہوئی تھیں۔ پر تیں نوں ان کے بارے میں کیسہ پتہ؟"

تاجاں اور شرما گئی۔ اس کے چہرے کے گلاب اور دہکنے لگے۔ آنکھوں میں چراغ جل اٹھے۔ وہ نظریں جھکا کر دوپٹے کا آنچل انگلی میں لپیٹتے ہوئے بولی۔ "وہ ایسا ہے جی۔ بھین جی نے حمدے کو بلایا ہے۔ کوئی کام ہے۔ حویلی میں کوئی بھی نہ تھا۔ مجھے بھیج دیا۔ پر حمدا تو مہمان خانے میں نہیں ہے ڈھارے پر ہو گا۔ ادھر ہی جا رہی تھی۔" اس نے نگاہیں اٹھا کر رحیم داد کی جانب نہ دیکھا۔

"ایسے ادھر ادھر نہ گھوما کر۔" رحیم داد نے لہجے میں دبدبہ پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "تیری سسرال والوں کو پتہ چل گیا تو برا منائیں گے۔" یہ کہتے کہتے وہ زیر لب مسکرایا۔ "پنڈ کے کسی گبھرو کی نظر پڑ گئی تو تجھے اٹھا لے جائے گا۔"

"نہیں جی' میں ایسی نہیں ہوں۔" وہ گھبرا کر الجھن سے بولی۔ "میں تو جی حویلی سے کبھی باہر نہیں جاتی۔"

"ٹھیک ہی کرتی ہے۔" رحیم داد نے دبی زبان سے اسے ٹٹولا۔ "تو ہے بھی تو سوہنی نیار۔ ان ریشمی کپڑے لتوں میں تو زیادہ ہی سوہنی لگتی ہے۔"

"پر جی یہ تو مجھے بھین جی نے دیئے ہیں۔"

"میں نوں پتہ ہے۔" رحیم داد آہستہ سے ہنسا۔ "یہ کپڑے لتے تجھے زمیں دارنی ہی نے دیئے ہیں۔ پر انھیں پہن کر تو رانڈ چھاتاں کی دھی نظر نہیں آتی۔ زمیں دارنی لگتی ہے۔"

تاجاں نے کوئی جواب نہ دیا۔ وہ نظریں نیچی کئے چپ چاپ کھڑی رہی۔ اس کے چہرے پر گھبراہٹ بکھری تھی۔ شفق کی سرخی کا الاؤ ٹھنڈا پڑتا جا رہا تھا۔ شام کا دھندلکا فضا میں گھلنے لگا تھا۔ رحیم داد کچھ دیر اور تاجاں سے باتیں کرنا چاہتا تھا۔ اسی اثناء میں نادر خاں جامن کے ایک پیڑ کی آڑ سے نکل کر سامنے آ گیا۔ رحیم داد نے چاپ سن کر اس کی جانب دیکھا۔

نادر اس کی طرف بڑھا۔ رحیم داد تاجاں کی سمت مڑا۔ اسے مخاطب کیا۔ "تاجاں! حویلی میں جا۔ اندھیرا بڑھ گیا ہے۔ میں حمدے کو زمیں دارنی کے پاس بھیج دوں گا۔ تو اسے بتا دینا۔"

تاجاں نے اس کی جانب دیکھے بغیر دھیمے لہجے میں کہا۔ "ٹھیک ہے۔" وہ مڑی اور آہستہ آہستہ

قدم اٹھاتی ہوئی حویلی کی جانب چل دی۔

نادر خاں قریب پہنچا۔ اس نے گردن کو خم دے کر تاجاں کی سمت دیکھا اور رحیم داد کے روبرو نظریں جھکا کر ادب سے کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد نے سر کو خفیف سی جنبش دی بے نیازی سے بولا۔

"بیٹھ جا نادر۔"

نادر نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے ایک بار پھر تاجاں کی جانب دیکھا۔ وہ درختوں کے نیچے پھیلتے ہوئے شام کے دھندلکے میں گم ہوتی جا رہی تھی۔ نادر خاں نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ دبی زبان سے بولا۔

"سوہنی نیار ہے۔ کون ہے جی یہ؟"

"تاجاں نام ہے اس کا۔ حویلی ہی میں رہتی ہے۔ حمدے کو بلانے ادھر آئی تھی۔"

نادر خاں نے مسکین سی صورت بنا کر کہا۔ "میں نے تو جی حویلی کو اب تک دیکھا ہی نہیں۔"

"دیکھ لینا' ضرور دیکھ لینا۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "تجھے جیلے سے بھی ملانا ہے۔ وہ حویلی کے اندر ہی ملے گی۔" اس نے نظر بھر کر نادر کو دیکھا۔ "پر وہ تجھ سے خوش نہیں ہے۔ یہ سوچ لے۔"

"مجھے پہلے ہی اندازہ تھا۔ پر ایک بار میں اس سے مل لوں۔ فیر وہ مجھ سے ناراض نہیں رہے گی۔"

رحیم داد نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "تو اسے جانتا نہیں۔ وہ اور ہی طرح کی زنانی ہے۔ بہت تیز اور ہوشیار ہے۔"

"میں نے بھی یہی سنا ہے جی۔" نادر خاں نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "پر ہے تو وہ وڈے جگیردار کی دھی۔ ویسے خود بھی چھوٹی موٹی جگیردارنی ہی ہے۔ میں جگیرداروں کے مزاج بہت اچھی طرح سمجھتا ہوں۔ برسوں ان کی ملازمت میں رہا ہوں۔ کتنے ہی ٹیڑے اور اونچے طرّوں والے جگیرداروں اور وڈے زمیں داروں سے اپنا واسطہ رہا ہے۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر انگلیوں سے کان چھوا۔ "اللہ کے فضل سے کوئی مجھ سے ناراض نہیں رہا۔"

"تو کہتا ہے تو جلد ہی تجھے اس سے ملوا دوں گا۔"

"میں نے اس سے کئی کام لینے ہیں۔" نادر خاں نے ذرا آگے جھک کر آہستہ سے کہا۔ "اور وہ کام میں ہی کرا سکتا ہوں جی۔ میں نے اس سے زمیں داری کے کاغذات لینے ہیں۔ مزارعوں سے کرض ادھار کی وصولی کے لیے رجسٹر اور بہی کھاتے لینے ہیں۔ اور بھی ایسی ہی کئی دستاویزات ہیں جو اس کے پاس ہیں۔ ان کا اب تیری تحویل میں ہونا بہت ضروری ہے۔"

"کہتا تو ٹھیک ہی ہے۔" رحیم داد نے اس کا مشورہ قبول کرتے ہوئے کہا۔ "پر اتنا دھیان رکھنا' وہ ناراض ہو تو چپ کر جانا۔ بات یہ ہے میں اسے ناراض کرنا نہیں چاہتا۔" اس کا لہجہ نرم پڑ گیا۔ "ویسے وہ دل کی بری نہیں۔ اب یہی دیکھ۔ میں بیمار پڑا تو عدّت میں ہوتے ہوئے بھی گھبرا کر جھٹ چلی آئی۔ دوائی کھلائی۔ صبح تک میرے بستر کے پاس بیٹھی رہی۔ جب تک میں چنگا نہیں ہو گیا روز ہی آتی رہی۔ وہ جتنی خوب صورت اور سوہنی ہے اتنی ہی دل کی چنگی بھی ہے۔"

"سنا تو میں نے بھی یہی ہے کہ زمیں دارنی بہت حسین اور خوب صورت ہے۔"

"اپنی آنکھوں سے دیکھ لینا۔ ویسے اللہ وسایا کی موت کے بعد سے وہ مرجھا کر رہ گئی ہے۔ پر اب بھی بہت شاندار لگتی ہے۔"

"ویسے تو جی تاجاں بھی بہت زوردار مٹیار ہے۔" نادر خان نے ٹوہ لگانے کی کوشش کی۔

مگر رحیم داد نے حوصلہ افزائی نہ کی۔ اس کی بات صاف نظر انداز کر گیا۔ کہنے لگا۔ "نادر! تو دو چار روز آرام کر۔ مزارعوں کے پاس تیرا ابھی جانا ٹھیک نہیں۔ پرسوں جمعرات ہے۔ جمیلہ' جمعرات کو اللہ وسایا کی نذر نیاز میں لگی رہتی ہے۔ جمعے یا ہفتے کو تجھے اس کے پاس لے چلوں گا۔" وہ گردن اٹھا کر سوچنے لگا۔ پھر نادر خاں کی جانب متوجہ ہوا۔ "ہفتہ ہی ٹھیک رہے گا۔"

نادر خاں نے رحیم داد کی تجویز سے اتفاق کیا۔ تھوڑی ہی دیر بعد نوکروں نے کھانا لگا دیا۔ نادر بھی کھانا کھانے مہمان خانے کی جانب روانہ ہو گیا۔ رحیم داد کھانے سے فارغ ہوا تو دو مزارعے آ گئے۔ وہ ان کے ساتھ دیر تک بیٹھا سیلاب اور شدید بارش کی تباہ کاریوں کے بارے میں باتیں کرتا رہا۔

☆

ہفتے کی صبح ناشتا کرتے ہوئے رحیم داد نے احمد کو جمیلہ کے پاس بھیجا اور اس کی خواہش کا اظہار کیا کہ وہ اس سے ملنا چاہتا ہے۔ تھوڑی دیر بعد احمد نے واپس آ کر بتایا کہ جمیلہ اس کا انتظار کر رہی ہے۔ رحیم داد نے نادر خاں کو بھی بلوا لیا۔ دونوں احمد کے ہم راہ حویلی میں گئے۔ جمیلہ بڑے کمرے میں صوفے پر بیٹھی تھی۔ وہ اس وقت بھی سفید لباس پہنے ہوئے تھی۔ اس نے بکل مار کر چادر سے اپنا چہرہ چھپا رکھا تھا۔ دونوں نے اونچی آواز سے سلام کیا۔ جمیلہ نے پہلو بدلا اور ترچھی ہو کر اس طرح بیٹھ گئی کہ اس کا منہ دیوار کی طرف ہو گیا۔ رحیم داد قریب پڑے ہوئے صوفے پر بیٹھ گیا۔ مگر نادر خان نہ بیٹھا۔ نظریں نیچی کیے خاموش کھڑا رہا۔

جمیلہ نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر سرسری نگاہ سے نادر کی جانب دیکھا۔ رحیم داد کو مخاطب

کرتے ہوئے پوچھا۔ "چوہدری! یہ نادر خاں تو نہیں ہے؟"

"ہاں جی' یہ نادر ہی ہے۔" رحیم داد نے یہ کہتے ہوئے نادر خاں کو دیکھا۔ "بیٹھ جا نادر۔"

نادر خاں دونوں سے ذرا ہٹ کر صوفے کے بجائے ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ اس کی نظریں بدستور جھکی ہوئی تھیں۔ اس نے جمیلہ کی جانب دیکھنے کی کوشش نہ کی۔ جمیلہ نے چند لمحے خاموش رہنے کے بعد دریافت کیا۔ "چوہدری! تو اسے میرے پاس کیوں لایا ہے؟" اس کے لہجے سے خفگی صاف عیاں تھی۔

رحیم داد نے جمیلہ کے لہجے کی ترشی محسوس کی۔ نرمی سے بولا۔ "زمیں دارنی! میں نے سوچا اسے بھی تجھ سے ملوا دوں۔ اسے کام تو تیری ہی مرضی سے کرنا ہے۔"

"میری مرضی کیا ہے۔" جمیلہ نے بے رخی سے کہا۔ "تیرا مینجر ہے۔ تو جانے اور یہ جانے۔ مجھے اس سے کیا لینا۔" اس کا لہجہ اور تلخ ہو گیا۔ "تو نے اسے مجھ سے پوچھ کر رکھا ہے؟"

"تیری مرضی نہیں تو میں اسے نہیں رکھتا۔ ناراض کیوں ہوتی ہے؟" رحیم داد نے ایک بار پھر مڑ کر نادر کی جانب دیکھا۔ "سن لے بھئی نادر۔"

نادر خاں نے کوئی جواب نہ دیا۔ چپ بیٹھا رہا۔

"چوہدری! تو کیا چاہتا ہے؟" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں پوچھا۔ "میرے سامنے ایسی بات کیوں کر رہا ہے؟ تجھے پتہ ہے' اس کے بارے میں تجھ سے میں پہلے ہی کل بات کر چکی ہوں۔"

"تب ہی تو میں اسے تیرے پاس لایا ہوں۔" رحیم داد کے لہجے میں عاجزی تھی۔ "زمین دارنی جو تو کہے گی وہی ہو گا۔ یہ بات میں اسے صاف صاف کہہ چکا ہوں۔" رحیم داد نے پہلو بدلا۔ نادر خاں کی طرف متوجہ ہوا۔ "یہی کل ہے نا' نادر؟ خاموش کیوں بیٹھا ہے۔ بولتا کیوں نہیں؟"

"میں نے کیا بولنا جی۔" نادر خاں نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "چوہدری! تو مجھے یہ بات نہ بھی بتاتا تب بھی میں نوں پتہ تھا کہ جو زمیں دارنی کی مرضی ہو گی وہی ہو گا۔ یہ بات تو اس پنڈ ہی کی نہیں' پورے مونجے کو معلوم ہے۔" اپنی بات کہتے کہتے وہ خوشامد پر اتر آیا۔ "میں نوں پتہ ہے یہ بہت وڈے زمیں دار کی دھی ہے اور میں نے یہ بھی سنا ہے جی کہ اس کا دل بھی وڈا ہے۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "میں تو جی بال بچے دار ہوں۔ پریشان ہوں۔ سوچتا تھا زندگی کے جو دن رہ گئے ہیں' اس حویلی کی خدمت کرتے گزار دوں گا۔ زمیں دارنی کی مرضی نہیں تو میں یہی سمجھوں گا' میرا نصیبہ ہی خراب ہے۔"

"مجھے کیوں دوش دیتا ہے۔" مگر اس دفعہ جمیلہ کا لہجہ قدرے نرم تھا۔

"تجھے کیوں دوش دینے لگا۔ میں تو اپنی بد نصیبی کی گل کر رہا ہوں۔" نادر خاں نے خوشامد کے ساتھ ساتھ لہجے میں رقت پیدا کرنے کی بھی کوشش کی۔

جمیلہ پر اس کوشش کا خاطر خواہ اثر بھی ہوا۔ اس نے آہستہ سے پوچھا۔ "تیرا کوئی پتر نہیں؟"

"نہیں زمیں دارنی' اب کوئی نہیں رہا۔ وڈا پتر پچھلی جنگ عظیم کے دوران فوج میں بھرتی ہو کر ملک سے باہر چلا گیا تھا۔ افریکہ میں الامین کے محاذ پر تھا۔ واپس نہ آیا۔ صرف مرنے کی اطلاع ملی۔" نادر نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "دوسرا سال ہی بھر بعد ایک جھگڑے میں مارا گیا۔ یہی دو پتر تھے۔ دونوں ہی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ ان کی موت سے میری کمر ٹوٹ گئی۔ گھر والی تو ان کے غم کو برداشت ہی نہ کر سکی۔ روتے ہی روتے ایک روز چل بسی۔" اس کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اپنی بات کہتے کہتے اس کی آنکھیں چھلک پڑیں گی۔

"تب تو تو بالکل اکیلا رہ گیا۔" جمیلہ نے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے پوچھا۔ "کوئی بھی نہ رہا؟"

"نہیں زمیں دارنی' ایسا نہیں ہے۔" نادر خاں نے بتایا۔ "پاکستان بن نے کے کچھ ہی دنوں بعد میں نے ادھر رحمت والی میں دوسرا ویاہ کر لیا تھا۔ اس سے تین اولادیں ہیں۔ پر ان میں پتر کوئی نہیں۔ تینوں ہی چھوہریاں ہیں۔ لگ بھگ سال بھر سے بے روزگار ہوں۔ زندگی بھر نوکری کی۔ وہی کر سکتا ہوں۔ اور کوئی کام نہ آتا ہے نہ کر سکتا ہوں۔"

تیر ٹھیک نشانے پر بیٹھا۔ جمیلہ اس کی پریشان حالی سے بہت متاثر ہوئی۔ تڑپ کر بولی۔ "نادر خاں! تو بہت دکھی ہے۔ تیری باتوں سے ایسا ہی لگتا ہے۔ تجھے دکھ پہنچا کر مجھے کیا لینا۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "میں تو خود دکھ جھیلتے جھیلتے راکھ ہو گئی۔ اللہ وسایا تھا' وہ بھی مجھے دکھ سہنے کے لیے اکیلا چھوڑ گیا۔" اس کی آواز بھرا گئی۔ آنکھوں کے آبگینے چھلک پڑے۔ فضا میں غم کی پرچھائیاں منڈلانے لگیں۔ کمرے میں گہری خاموشی چھا گئی۔ سب چپ بیٹھے تھے۔ باہر ملگجی دھوپ پھیلی تھی۔ آسمان پر بادلوں کا غبار تھا۔

جمیلہ نے چادر کے پلو سے آنسو پونچھے اور رحیم داد کی جانب متوجہ ہوئی۔ "چوہدری! اب تو نے اسے رکھ ہی لیا ہے تو نگاہ رہنے دے۔ اپنی مرضی میں میری مرضی بھی شامل کر لے۔"

"ایسا نہ کہہ۔ مرضی تو تیری ہی چلے گی زمیں دارنی۔" رحیم داد نے جمیلہ کی خوش نودی حاصل کرنے کے لیے چاپلوسی سے کام لیا۔ "تیں نوں ٹھیک طرح پتہ ہے۔ نہ میں نے پہلے کبھی اپنی مرضی چلائی نہ آگے چلاؤں گا۔ نادر خاں کے معاملے میں یہ بھول ہو گئی کہ جو گل بات آج تیرے سامنے ہوئی ہے' پہلے ہو جاتی تو ٹھیک تھا۔"

جمیلہ نے رحیم داد کو نظر انداز کیا۔ نادر خاں کو مخاطب کیا۔ "نادر! سچی بات یہ ہے کہ ہمیں مینجر کی ضرورت نہیں۔ اپنی اتنی زمیں داری نہیں۔ اور نہ ہی ہمیں مزارعوں کی چمڑی اتارنی ہے۔ بات چوہدری جانتا ہے۔ میں چاہتی ہوں تو بھی جان لے۔"

"میں نے کیا کرنا ہے جی' جیسا حکم ہو گا ویسا ہی کروں گا۔" نادر نے نہایت مستعدی سے اسے یقین دلایا۔ "پر ایک گل میں توں ضرور کہنی ہے۔"

"وہ کیا ہے؟" جمیلہ نے دریافت کیا۔

"اگر پڑیلی' جھنگر یا غیر مزروعہ زمین کو کابل کاشت بنانے کی کوشش کی جائے' اس میں تو کوئی حرج نہیں؟ میرا مطلب یہ ہے جی' تنخواہ لوں تو اس کے بدلے کچھ کارگزاری بھی دکھاؤں۔ میں نے تجھ سے خیرات تو لینی نہیں۔" نادر نے نظریں اٹھا کر جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "پچھلے دنوں میں نے گھوم پھر کر زمیں داری کا جائزہ لیا تھا۔ مجھے بہت سی زمین غیر مزروعہ اور بے کار پڑی نظر آئی۔"

جمیلہ نے بتایا۔ "ایسی غیر مزروعہ زمین کو اللہ وسایا بھی کابل کاشت بنانا چاہتا تھا پر مکدمے بازی نے اس طرف دھیان دینے کی اسے مہلت ہی نہ دی۔ کئی بار پروگرام بنایا اور ہر بار کوئی نہ کوئی رکاوٹ کھڑی ہو گئی۔"

"ایک گل اور بھی تجھ سے پوچھنی ہے۔"

"وہ بھی پوچھ لے۔"

"کتنے ہی مزارعوں پر برسوں سے ادھار چلا آرہا ہے۔ ان کی وصولی کی ٹھیک طرح کبھی کوشش نہیں کی گئی۔" نادر خاں نے تجویز پیش کی۔ "یہ ادھار فصل کی واڈھی پر' خاص طور پر کماد کی پیداوار سے آسانی کے ساتھ وصول کیا جا سکتا ہے۔"

"ایسے نہیں۔" جمیلہ نے اس کی تجویز سے اتفاق نہ کیا۔ "تو روز ناشتے کے بعد میرے پاس آجا۔ میں سارے رجسٹر اور کاغذات تیرے سامنے رکھ دوں گی۔ تجھے بتاتی جاؤں گی' کس سے اگلی فصل کی واڈھی پر کتنا ادھار وصول کیا جا سکتا ہے۔ مجھے سب کا پتہ ہے۔ جو ادھار ادا کر ہی نہ سکتا ہو اس سے زبردستی تو وصولی نہیں کی جا سکتی۔"

نادر خاں انگلی سے گدی کے بال کھجاتے ہوئے بولا۔ "زمیں دارنی! اس طرح تو ادھار وصول کرنا مشکل ہو گا۔"

"ہوا کرے۔" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "میں نے اپنے کسی مزارعے کو بھوکا نہیں مارنا اور نہ ہی بے دخل کرنا ہے۔ یہ بات میں تجھے صاف صاف کہہ دینا چاہتی ہوں۔ تو نے اپنی کارگزاری

دکھانے کے چکر میں مزارعوں کو تنگ کرنے کی کوشش کی تو یہ ٹھیک نہیں ہوگا۔ تو خود پریشان ہے ویسے ہی دوسروں کی پریشانیوں کا وچار کر۔"

"نہیں جی' جیسا کہے گی زمیں دارنی ویسا ہی ہوگا۔ میں نوں تیرے حکم کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کرنی۔" نادر خاں نے جھٹ پینترا بدلا۔ "ویسے بھی میں روز کے روز تجھے کام کی رپورٹ پیش کرتا رہوں گا۔ جو بھی اگلی کارروائی کرنی ہوگی تجھ سے اس کے بارے میں مشورہ کرلوں گا۔"

"زمیں داری کا سارا بوجھ مجھ پر ڈالنے کی بجائے تو چوہدری کو کیوں نہیں ذمہ داری میں شریک کرتا؟ یہ کب تک زمیں داری کے کاموں سے دور دور اور الگ الگ رہے گا۔" جمیلہ نے بات کہتے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ اسے براہ راست مخاطب کیا۔ "چوہدری! ایسے کام نہیں چلے گا۔ تجھے بھی اب کچھ نہ کچھ ذمہ داری سنبھالنی ہی ہوگی۔ بلکہ ساری ہی سنبھال لے۔"

"جلدی نہ کر۔ تو جو کہے گی ویسا ہی کروں۔" رحیم داد نے اسے باور کرانے کی کوشش کی۔ "پہلے نادر کو زمیں داری کے معاملات سمجھ لینے دے۔ تو کہہ تو میں بھی اس کے ساتھ آجایا کروں' ابھی تو مجھے کچھ پتہ نہیں۔"

"ضرور آجایا کر۔ تجھے یہاں آنے سے کس نے روکا ہے۔" جمیلہ نے اس کی حوصلہ شکنی نہ کی۔

"چوہدری! جب تو نے اپنی مدد کے لیے نادر کو مینیجر رکھ ہی لیا ہے تو زمیں داری کی دیکھ بھال بھی تجھے ہی کرنی چاہیے۔ میں کہاں تحصیل دار اور گرداور کے دفتروں اور کچہریوں کے چکر کاٹتی پھروں گی۔ زمیں داری تو سچ پوچھ اسی کا نام ہے۔ ورنہ زمیں دار کون سا ہل چلاتے ہیں۔ نہ بوائی کرتے ہیں نہ فصل کی واڈھی۔ پر تو پیداوار سے آدھا حصہ وصول کرلیتے ہیں۔ عام طور پر تو اس سے بھی زیادہ لیتے ہیں۔ ویسے بھی پیداگیری کے لیے زمیں داروں کے اور بھی نہ جانے کتنے دھندے اور ہتھکنڈے ہیں۔ طرح طرح کے ٹیکس اور ابواب ہیں۔"

نادر خاں نے دبی زبان سے اختلاف کیا۔ "زمیں داری میں تو جی ایسا کرنا ہی پڑتا ہے۔ ورنہ زمیں دار کا کام کیسے چلے۔ میں تجھ سے کیا بتاؤں زمیں دارنی' ان آنکھوں سے میں نے کیا کیا دیکھا ہے۔"

"ضرور دیکھا ہوگا۔" جمیلہ نے بے زاری سے کہا۔ "مجھے بھی تھوڑا بہت پتہ ہے۔ تب ہی تو میں ہیرا پھیری کے چکر میں پڑنا نہیں چاہتی۔ میں تو سچ پوچھ' اب سکول اور ڈسپنسری پر پوری طرح دھیان دینا چاہتی ہوں۔ عدت میں ہونے کے کارن سکول بھی نہیں جاسکتی۔ ڈسپنسری کا کام بھی ٹھیک سے شروع نہ ہوسکا۔" اس کا لہجہ قدرے تیکھا ہوگیا۔ "پر میں سکول میں پڑھائی بند نہیں کرسکتی۔ اب تو ایک ہی ٹیچر رہ گیا ہے۔ وہ بھی روز روز بیمار رہتا ہے۔ چھٹی بھی مانگ رہا تھا۔ تب ہی تو بالکوں نے

ل جانا چھوڑ دیا۔ پہلے تو دور دور کے پنڈ سے بچے بالک پڑھنے آتے تھے۔" اس کے رویئے سے لاہٹ جھلکنے لگی۔ "میں سکول بند نہیں ہونے دوں گی۔ میں زیادہ دنوں تک اس طرح حویلی میں نہیں رہ سکتی۔"

"ماں جی سے پوچھ لے۔" رحیم داد نے مشورہ دیا۔

"اس سے بھی پوچھ لوں گی۔" جمیلہ کا لہجہ بدستور تیز اور تیکھا تھا۔ "ویسے سکول' حویلی کے منے ہی تو ہے۔ سو' سوا سو گز دور ہوگا۔ اور اس میں کیول بالک ہی تو ہوتے ہیں۔"

کمرے میں خاموشی چھا گئی۔ رحیم داد چپ بیٹھا رہا۔ مگر نادر خاں زیادہ دیر چپ نہ رہ سکا گا۔ اس کہا۔ "اچھا جی یہ تو طے ہوگیا' میں کل سویرے سے زمیں دارنی کے پاس پابندی سے آتا رہوں زمیں داری کے معاملات سمجھوں گا۔ آگے جو کرنا ہوگا وہ زمیں دارنی ہی کے حکم اور مشورے کروں گا۔"

رحیم داد نے کہا۔ "میں بھی تیرے ساتھ آتا رہوں گا۔ مہمان خانے میں خالی پڑے پڑے دل آگیا ہے۔ کچھ نہ کچھ تو کرتے ہی رہنا چاہیے۔"

"چوہدری! تجھے تو اب بہت کچھ کرنا ہے۔" جمیلہ بولی۔ "تو نے بہت دن آرام کرلیا۔ تو ضرور کے ساتھ آنا۔ میں تو پہلے ہی یہ کہہ چکی ہوں۔"

بات چیت کا سلسلہ منقطع ہوگیا۔ محفل برخاست ہوگئی۔ دونوں جمیلہ سے رخصت ہوکر باہر ۔ واپسی پر وہ بہت مطمئن اور خوش نظر آتے تھے۔ وہ جو کچھ چاہتے تھے اور جیسا چاہتے تھے وہی ۔ جمیلہ ان کی راہ میں حائل نہ ہوئی۔ وہ بغیر کسی تگنی اور جھک جھک کے سب کچھ ان کے لے کرنے پر رضامند ہوگئی تھی۔

☆

مہمان خانہ خالی تھا۔ احمد موجود نہ تھا۔ رحیم داد اور نادر خاں کمرے میں جاکر کرسیوں پر بیٹھ ۔ نادر خاں نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "میں تو جی ڈر رہا تھا' زمیں دارنی گڑبڑ کرے گی۔ آسانی ، نہ مانے گی۔ جھگڑا کھڑا کرے گی۔ پر اس نے تو کچھ بھی نہ کہا۔ شروع میں ذرا اکھڑی اکھڑی ا۔ بعد میں تو بالکل پٹڑی پر آگئی۔"

"میں نے تجھے پہلے ہی کہا تھا' وہ دل کی بری نہیں۔ پر ایک بات ہے۔ تو ہے بہت ہوشیار۔ ایسے بھرے انداز میں اپنے بارے میں اسے بتایا کہ میرا دل بھی ڈوبنے لگا۔ جمیلہ تو اس معاملے میں ے ہی بہت کمزور اور نرم دل ہے۔ وہ کسی کو تکلیف اور دکھ میں تو دیکھ ہی نہیں سکتی۔"

"پر چوہدری' میں نے اسے جو کچھ کہا' ٹھیک ہی کہا تھا۔" نادر خاں نے صفائی پیش کی۔ "یہ
بات ہے' میں نے اپنے بارے میں جو کچھ بتایا' اسے اس طرح بیان کیا کہ وہ موم کی طرح پگھل
تیرا خیال بالکل ٹھیک ہے۔ وہ دل کی بری نہیں۔ اور جی یہ بھی سچی گل ہے وہ دل کی جتنی بھلی
اتنی ہی خوبصورت اور سوہنی بھی ہے۔ رانڈ ہونے کے بعد بھی اس کا چہرہ اب بھی ایسا دمکتا ہے
نظر نہیں ٹھیرتی۔ جب رنگین ریشمی کپڑے پہن کر' سنگھار کیے ہوتی ہوگی تب تو اس کی اور ہی
ہوتی ہوگی۔"

"تو نے جمیلہ کو ان دنوں نہیں دیکھا۔" رحیم داد نے اتنا ہی کہا تھا کہ باہر صحن میں قدموں
آہٹ ابھری۔ رحیم داد خاموش ہوگیا۔ گردن بڑھا کر کمرے سے باہر دیکھا۔ وکیل' مہمان خا
کے ملازم احمد کے ہم راہ صحن عبور کرکے برآمدے میں داخل ہو رہا تھا۔

وکیل محمد عثمان رندھاوا کمرے کے اندر آگیا۔ احمد واپس چلا گیا۔ رحیم داد نے اٹھ کر وکیل
مصافحہ کیا۔ کرسی پر بٹھایا۔ خیریت پوچھی۔ ہنس کر آنے کا مقصد معلوم کیا۔

"آج کیسے ادھر آنا ہوا؟"

"چوہدری! میں تیرے کلیم کے بارے میں بات کرنے آیا تھا۔" وکیل بات کہتے کہتے ٹھٹکا۔ پلٹ
کر نادر خاں کو مشتبہ نظروں سے دیکھا۔

رحیم داد فوراً بھانپ گیا۔ مسکرا کر بولا۔ "یہ نادر خاں ہے۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر نادر خاں کی
طرف اشارہ کیا۔ "میں نے اسے زمیں داری کے لیے مینجر لگایا ہے۔ اپنا ہی بندہ ہے۔ بے فکر ہو کر
گل بات کرو جی۔"

"یہ تیرا مینجر ہے۔" وکیل نے نادر خاں کو بھرپور نظروں سے دیکھا۔ "ویسے میں نے اسے پہلی
بار یہاں دیکھا ہے۔"

"اسے زیادہ دن نہیں ہوئے۔" رحیم داد نے بتایا۔ "کچھ ہی دیر پہلے اسے زمیں دارنی کے پاس
بھی لے گیا تھا۔ اس نے بھی اسے پہلی ہی بار دیکھا تھا۔" اس نے بات کا رخ بدلا۔ "تو کیسں زمیں
دارنی سے نہیں ملے؟"

"نہیں' میں اس کے پاس نہیں گیا۔ اس معاملے میں تجھ سے ہی بات کرنی ہے۔ زمیں دارنی تو
عدت میں ہے۔ ویسے بھی وہ کیا کر سکتی ہے۔"

"میں تو جی ابھی تک یہی نہیں سمجھ سکا' چکر کیا ہے۔ مجھے تو اس بارے میں کسی نے بھی کچھ نہیں
بتایا۔" رحیم داد نے اللہ وسایا کے قتل کی تفتیش کے بارے میں بھی پوچھا۔ "اور جی اللہ وسایا کے

بنا؟ کوئی گرفتاری شرفتاری ہوئی؟"

نے بجھے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "اب تک کچھ نہیں ہوا۔ لگتا ہے پولس نے کیس بالکل دبا
نے جب بھی پوچھا' یہی جواب ملا' قاتلوں کا کوئی سراغ نہیں لگا۔ پولس کا خیال ہے' اللہ
زمیں دارنی کے بھائیوں نے کرایا ہے۔ قاتل سرحد پار سے آئے اور واردات کے فوراً
کے اندھیرے میں نکل گئے۔"

د خاموش رہا۔ مگر نادر خاں بول پڑا۔ "وکیل صاحب! یہ بات سمجھ نہیں آئی۔ زمیندار
کے قتل کو اڑھائی مہینے سے اوپر ہی ہوگئے ہوں گے۔ اگر زمیں دارنی کے بھائیوں نے
کرایا ہوتا تو وہ اب تک زمیں دارنی کو اٹھا کر اپنے ساتھ لے جاتے۔"

نے بھی پولس سے یہی سوال کیا تھا۔" وکیل نے بتایا۔

واب ملا؟" نادر خاں نے دریافت کیا۔

ں کا کہنا ہے' واردات کے بعد سے اس علاقے کی کڑی نگرانی شروع کردی گئی۔ زمیں
بھائیوں کو کسی نے یہ اطلاع پہنچا دی ہے۔ اس لیے انھوں نے ابھی ادھر آنے کی کوشش
کی۔"

ں تو کہتا ہوں جی' زمیں دارنی ان کے ساتھ جائے گی بھی نہیں۔" رحیم داد نے اپنی رائے
۔ "وہ جانا چاہتی تو اللہ وسایا کی زندگی ہی میں جا سکتی تھی۔ پر اس نے ایسا نہیں کیا۔ وہ تو
نا چاہتی ہے۔ سچی بات یہ ہے جی' وہ جمیلہ سے دوبارہ پاروتی بننا نہیں چاہتی۔ ایک بار
ہونے کے بعد وہ کیسے ہندنی بن سکتی ہے۔"

ں نے بھی اس کی باتوں سے یہی اندازہ لگایا ہے۔" وکیل نے رحیم داد کی تائید کی۔ "وہ یہاں
ز نہیں جائے گی۔"

یم داد نے گفتگو کا رخ بدلتے ہوئے دریافت کیا۔ "اچھا جی' اب یہ تو معلوم ہونا چاہیے کہ اپنے
ں کیا گڑبڑ ہے؟"

للہ وسایا تو یہ بات بتانا نہیں چاہتا تھا پر میں تجھے بتاتا ہوں۔" وکیل نے ہچکچاتے ہوئے بتایا۔
یہ ہے چوہدری' کسی نے اوپر درخواست لگائی ہے کہ تیرا کلیم جعلی ہے۔ لہٰذا اس کلیم کی بنیاد
جو اراضی اور جائیداد الاٹ ہوئی ہے' منسوخ کی جائے۔" اس نے قدرے تامل کیا۔ "اللہ
تجھے اسی لیے کچھ بتانا نہ چاہتا تھا کہ تو پریشان ہوگا۔"

پریشانی کی تو جی بات ہی ہے۔ پر درخواست لگانے والا ہے کون؟"

"اس کا نام محمد بشیر ہے۔ وہ بھی خود کو ضلع گورداسپور کا مہاجر بتاتا ہے۔" وکیل نے رحیم دا
مطلع کیا۔

"میں تو کسی محمد بشیر کو نہیں جانتا۔" رحیم داد بدستور پریشان تھا۔ "پر اسے میرے خلا
درخواست لگانے سے کیا ملے گا؟"

"اگر درخواست درست ثابت ہوئی تو اسے انعام مل سکتا ہے۔" وکیل نے نہایت سنجیدگی
کہا۔ "حکومت نے جعلی کلیموں کا سراغ بتانے والوں کے لیے انعام دینے کا اعلان کیا ہے
بات تو تجھے بھی معلوم ہوگی۔"

"میں نوں تو جی کچھ پتہ نہیں۔" رحیم داد نے سادگی سے اپنی بے خبری کا اعتراف کیا۔ "پر ا
درخواست کا بنا کیا؟"

"اس پر انکوائری کا حکم دیا جاچکا ہے۔" وکیل نے کھل کر بتایا۔ "کلیم دوبارہ تصدیق کے
بھیجا جاسکتا ہے۔ اور اس وقت تک کے لیے تیری الاٹمنٹ بھی معطل ہو سکتی ہے۔"

"تو فیر اپنی طرف سے کیا کارروائی کی گئی؟ میں نوں تو کچھ بھی علوم نہیں۔" رحیم داد کے بشر
سے پریشانی صاف جھلک رہی تھی۔ اس نے خود پر قابو پانے کی کوشش کی۔ وکیل کو باور کرانے
لیے زور دے کر کہا۔ "ویسے جی' یہ درخواست بالکل جھوٹی ہے۔ میرے کلیم میں ذرا بھی گڑ
نہیں۔"

"چوہدری! تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے۔" وکیل نے اسے تسلی دی۔ "لیکن جعلی کلیموں کا کارو
آج کل اتنا بڑھ گیا ہے کہ سرکار کو ذرا بھی شبہ ہوتا ہے تو فوراً کارروائی کی جاتی ہے۔ محکمہ تا
کاری بہت چوکنا اور چوکس ہے۔ ہر درخواست پر جھٹ انکوائری کا حکم جاری کردیا جاتا ہے۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "کیا بنا انکوائری شنکوائری کا؟"

"اللہ وسایا کے مشورے پر میں نے انکوائری رکوا دی تھی' اس طرح اس وقت معاملہ دب گ
تھا۔ پر اب اطلاع ملی ہے دوبارہ انکوائری شروع ہونے والی ہے۔ اس سے بچنے کی یہی صورت ہے
کہ فائل ایک بار پھر دبوا دی جائے۔ پہلے ہزار روپے دیئے تھے' اب دو ہزار دینے پڑیں گے۔"

"اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ دو ہزار روپے دے کر ایک باز فیر معاملہ دبا بھی دیا گیا تب بھی آگے
کسی وقت اٹھ سکتا ہے۔"

"بالکل اٹھ سکتا ہے۔" وکیل نے اعتراف کیا۔ "اور یہ بھی سمجھ لے کہ انکوائری اگر ایک بار
شروع ہوگئی تو تیری الاٹمنٹ بھی منسوخ ہوجائے گی۔ یہی سب سے بڑا خطرہ ہے اور اسی سے بچنے

لیے پہلے بھی معاملے کو دبا دیا گیا تھا۔"

"یہ تو بہت پریشانی کی گل ہے۔" رحیم داد کا چہرہ فق ہوگیا۔ اس کے چہرے پر پسینے کے قطرے
ملکنے لگے جن کو وہ بار بار پونچھتا۔

"اس خطرے سے مکمل طور پر بچنے کی ایک ہی صورت ہے۔"

"وہ کیا ہے؟" رحیم داد نے بے قرار ہو کر پوچھا۔

"جو کلیم افسر انکوائری کر رہا ہے۔" وکیل نے بتایا۔ "وہ پانچ ہزار روپے مانگتا ہے۔ کہتا ہے کہ
درخواست کے ساتھ پوری فائل ہی تیرے سامنے پھاڑ کر جلا دے گا۔"

"ایسا ہوجائے تو سب ٹھیک ٹھاک ہوجائے گا۔" رحیم داد کے چہرے سے قدرے اطمینان
ملکنے لگا۔ مگر جلد ہی پھر پریشانی چھاگئی۔ الجھے ہوئے لہجے میں بولا۔ "پر سوال تو یہ ہے کہ پنج ہزار
روپے آئیں گے کہاں سے؟ اتنا روپیہ نہ میرے پاس ہے نہ زمیں دارنی کے۔"

"سوچ لے چوہدری! اس کے بغیر کام نہیں چلے گا۔ میں زیادہ سے زیادہ یہ کرسکتا ہوں کہ افسر
تحقیقات سے کچھ دنوں کی مہلت لے لوں۔"

"کتنے دنوں کی مہلت مل جائے گی؟" رحیم داد نے وکیل سے پوچھا۔

"میرے کہنے پر وہ مہینہ بھر انتظار کرسکتا ہے۔ اس سے زیادہ کی گنجائش نہیں۔" وکیل اٹھ کر
کھڑا ہوگیا۔ "مجھے اب جانا ہے۔ چوہدری! تو جلد سے جلد روپے کا بندوبست کرلے ورنہ الاٹمنٹ
یک بار معطل یا منسوخ ہوگئی تو دوبارہ حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ بات اصلی یہ ہے جی کلیم ہولڈر
ست زیادہ تعداد میں ہیں اور متروکہ جائیداد اب اتنی کم رہ گئی ہے کہ کلیم ہولڈر چھپی ہوئی متروکہ
جائیداد کا پتہ لگانے کے لیے روپیہ بھی خرچ کر رہے ہیں اور بھاگ دوڑ میں بھی مصروف ہیں' تاکہ
عالیہ سرکاری احکامات کی رو سے اس خدمت کے صلے میں انھیں اس کی الاٹ منٹ مل جائے۔"

"تیں نوں زمیں دارنی سے نہیں ملنا؟" رحیم داد نے اسے ٹوکا۔

"میں دوبارہ آؤں گا۔ اس سے بھی ملوں گا اور تجھے صحیح صورت حال بتاؤں گا۔ اس عرصے میں
رقم کا بندوبست کرنے کی کوشش کر۔"

وکیل عثمان رندھاوا چلا گیا۔ کمرے میں سکوت پھیل گیا۔ رحیم داد کے چہرے پر پریشانی چھائی
تھی۔ نادر خاں نے اسے اس قدر پریشان پایا تو دل جوئی کی کوشش کی۔

"چوہدری! فکر کرنے کی کوئی گل نہیں۔ ویسے تو شاہ جی سے مل کر پانچ ہزار روپے کا بندوبست
بھی کیا جاسکتا ہے۔ مجھے پورا پورا بھروسہ ہے وہ انکار نہیں کرے گا۔ تیری ہر طرح مدد کرے گا۔"

اس نے نظر بھر کر رحیم داد کے چہرے کو دیکھا۔ "پر میں سمجھتا ہوں اس سے کم میں بھی کام ہو سکتا ہے۔ آباد کاری کے محکمے میں اپنی بہت جان پہچان ہے۔ آئندہ وکیل آئے تو اس سے کلیم کے کاغذات واپس لے لینا۔ آگے کی تو مجھ پر چھوڑ دے۔" وہ زیرلب مسکرایا۔ "ایک فائل ہی تو غائب کرانی ہے۔ اس کے لیے پانچ ہزار کی رقم بہت زیادہ ہے۔ میں بہت کم میں کام کرادوں گا۔ ہو سکتا ہے ہزار روپے میں کام ہو جائے۔ میری تو یہی کوشش ہوگی۔"

"صرف ہزار روپے میں!" رحیم داد حیرت زدہ ہو کر بولا۔ "نہیں جی۔ ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟"

نادر نے گردن اونچی کی۔ مستعدی سے بولا۔ "چوہدری! تو نے مجھے مینیجر لگایا ہے۔ اب مجھے اپنی کارگزاری دکھانے کا موقع بھی تو دے۔ یہ تو کوئی ایسا مشکل کام نہیں۔ وقت آنے پر تو خود دیکھ لے گا میں کتنے کام کا بندہ ہوں اور کیسی کیسی خدمت انجام دے سکتا ہوں؟ تو مجھ پر پورا پورا اعتماد کر سکتا ہے۔" اس نے ایک بار پھر رحیم داد کو تسلی دی۔ "فکر کرنے یا پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

دونوں کچھ دیر اس مسئلہ پر بات کرتے رہے۔ رحیم داد اپنے کلیم کے بارے میں بہت پریشان اور گھبرایا ہوا تھا۔ اسے اپنی زمیں داری نکل جانے کا خطرہ رہ رہ کر ڈرا رہا تھا۔ لیکن نادر خاں نے اس طرح تسلی دی اور اس اعتماد کے ساتھ حوصلہ بڑھایا کہ وہ بہت حد تک مطمئن ہو گیا۔ نادر اب اس کی ایک اہم ضرورت بن گیا تھا۔

☆

رحیم داد اور نادر خاں پروگرام کے مطابق جمیلہ کے پاس پہنچے۔ وہ گول کمرے میں دونوں کا انتظار کر رہی تھی۔ ان کے پہنچتے ہی اس نے زمیں داری کے کاغذات اور رجسٹر منگوائے۔ وہ انھیں دیکھتی رہی اور ضروری تفصیلات بتاتی رہی۔ نادر خاں بیچ بیچ میں سوالات کرتا جاتا۔ جمیلہ ان کے جواب دیتی' وضاحت کرتی۔ جو بات نادر خاں کی سمجھ میں نہ آتی اسے دوبارہ بیان کرتی۔ رحیم داد خاموش بیٹھا ان کی باتیں سنتا رہا اور زمیں داری کے متعلق اپنی معلومات میں اضافہ کرتا رہا۔

کئی روز تک یہ سلسلہ چلتا رہا۔ نادر خاں ایک ایک دستاویز اور کاغذ دیکھتا۔ رجسٹروں کے اوراق الٹتا پلٹتا۔ ہر تحریر کو توجہ سے پڑھتا۔ جو پوچھنا ہوتا بے دھڑک پوچھتا۔ کہیں کہیں اپنی رائے کا بھی اظہار کرتا۔ مشورہ بھی دیتا جاتا۔ تبصرہ بھی کرتا۔ اس طرح وہ جمیلہ پر اپنے تجربے اور معلومات کی دھاک بٹھانا چاہتا تھا۔ اور اس میں وہ کامیاب بھی رہا۔ جمیلہ اس کی باتوں سے خاصی متاثر نظر آتی تھی۔

انھی دنوں کا ذکر ہے۔ ایک شام رحیم داد باغ میں بیٹھا تھا۔ نادر بھی موجود تھا۔ ان کے سروں پر صاف شفاف نیلا آسمان جھلک رہا تھا۔ سورج غروب ہو رہا تھا۔ ہوا میں نرمی اور شگفتگی تھی۔ برسات کے آخری ایام کی یہ دم بہ دم رنگ بدلتی شام بڑی سہانی اور خوشگوار تھی۔ رحیم داد فضا کی رنگینی سے کچھ اس قدر متاثر ہوا کہ اس کا چہل قدمی کو جی چاہا۔ وہ اٹھا تو نادر خاں بھی اس کے ساتھ ساتھ چلا۔ دونوں ٹہلتے ہوئے نہر کی طرف نکل گئے۔

سورج کی الوداعی کرنیں درختوں کی بلندیوں پر سونا بکھیر رہی تھیں۔ شام کا دھندلکا ہولے ہولے فضا میں تحلیل ہو رہا تھا۔ روشنی مدھم پڑتی جا رہی تھی۔ رحیم داد اور نادر خاں واپسی کا ارادہ کر ہی رہے تھے کہ دور سے شیدا آتا نظر آیا۔ نادر خاں نے اسے فوراً پہچان لیا۔ کہنے لگا۔ "چوہدری! یہ تو شاہ جی کا ملازم' شیدا نظر آتا ہے۔ لگتا ہے اسے شاہ جی نے تیرے پاس بھیجا ہے۔" دونوں ٹھہر گئے۔ ذرا دیر میں شیدا قریب آگیا۔

رحیم داد نے مسکرا کر پوچھا۔ "شیدے! تو آج ادھر کیسے آگیا؟"

"شاہ جی نے تجھے بلوایا ہے۔ کہا ہے کل شام اس کی جیپ یہاں پہنچ جائے گی۔ وہ تیرا انتظار کرے گا۔"

"شاہ جی سے بولنا' جیپ ادھر نہ بھیجے۔" رحیم داد نے تاکید کی۔ "میں کل نہیں' پرسوں شام تک اس کے پاس پہنچ جاؤں گا۔" وہ لمحہ بھر کے لیے خاموش رہا۔ پھر کچھ سوچ کر پوچھا۔ "کوئی بہت ضروری کام تو نہیں؟"

"پتہ نہیں جی۔" شیدے نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ "کوئی کام ہی ہوگا۔ تب ہی تو بلوایا ہے۔"

رحیم داد نے مزید بات نہ کی۔ صرف اس قدر کہا۔ "اب تو جا۔ شاہ جی سے کہنا' میں ضرور آؤں گا۔"

شیدا چلا گیا۔ رحیم داد اور نادر گاؤں کی طرف واپس ہوئے۔ رحیم داد نے چلتے چلتے نادر سے کہا۔ "میں شاہ جی سے خود بھی ملنا چاہتا تھا۔ ضروری بات چیت کرنی تھی۔ اب تو اس نے خود ہی بلوایا ہے۔ جانا ہی پڑے گا۔"

"شاہ جی' تیں نوں بہت مانتا ہے۔ جب بھی میرے سامنے ذکر آیا اس نے ہمیشہ محبت اور پیار سے یاد کیا۔ کہنے کو تو وہ ادھر کا بہت وڈا جاگیردار ہے پر یاروں کا یار ہے۔ وقت پر کام آنے والا۔ ایک بار جو وعدہ کرے گا اسے پورا کرنے کی ہر طرح کوشش کرے گا۔ بڑے لوگوں کی یہی تو خوبی ہوتی ہے۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ اس نے نادر خاں کی باتوں پر کسی ردعمل کا اظہار نہ کیا۔ کچھ دور تک خاموش چلتا رہا' پھر اس نے مڑ کر نادر خاں کی جانب دیکھا۔

"نادر! تو جمیلہ سے زمیں داری کے معاملات جلد سے جلد سمجھ نے کی کوشش کر۔"

"وہ تو جی میں کر ہی رہا ہوں۔"

"یہ تو میں بھی دیکھ رہا ہوں۔ پر اب میں تیرے ساتھ جمیلہ کے پاس نہ جاسکوں گا۔ شاہ جی کے پاس جانا ضروری ہے۔ اس نے بلایا بھی ہے۔ مہمان خانے میں خالی پڑے پڑے دل بھی گھبراتا ہے۔ شاہ جی کے ساتھ اچھا وکھت گزرے گا۔"

"چوہدری! میں تو کہتا ہوں اس دفعہ شاہ جی کے ساتھ ہفتہ دس روز گزار۔ ذرا طبیعت بہل جائے گی۔" نادر نے مشورہ دیا۔ "ادھر کی فکر نہ کر۔ میں زمیں دارنی سے سارا حساب کتاب سمجھ لوں گا۔ اگر اس نے کاغذات اور رجسٹر دے دیئے تو انہیں اپنی تحویل میں لے لوں گا۔ شاہ جی کے ساتھ آرام سے وکت گزار۔ ادھر مجھے جس کام پر لگایا ہے اسے ہمیتی نال پورا کرلوں گا۔"

"کہتا تو ٹھیک ہی ہے۔" رحیم داد نے اس کا مشورہ قبول کرنے کا عندیہ دیا۔ "جمیلہ کے پاس جاکر میں کرتا بھی کیا ہوں۔ چپ کرکے بیٹھا ہی رہتا ہوں۔ تم دونوں کی باتیں سنتا رہتا ہوں۔ زمینداری کے بارے میں میں نوں جو کچھ سمجھنا تھا سمجھ لیا۔ اب تو تیرے سمجھنے اور جاننے کی باتیں ہیں۔ تو انھیں سمجھ ہی لے گا۔ کاغذات اور رجسٹر جمیلہ آسانی سے دے سکے تو انھیں ضرور اپنی تحویل میں لینے کی کوشش کرنا۔"

"وہ تو جی میں کر ہی لوں گا۔ امید تو ہے وہ کاغذات اور رجسٹر میرے حوالے کردے گی۔" نادر خاں نے اپنے اعتماد کا اظہار کیا۔ "پر ایک گل سمجھ نہیں آرہی۔"

"وہ کیا ہے؟" رحیم داد نے بے چین ہوکر پوچھا۔

"چوہدری! تیں اتنے دن پنڈ سے غیر حاضر رہنے کا زمیں دارنی سے کیا بہانہ بناؤ گے؟" نادر خاں نے اپنی الجھن بیان کی۔

"یہ تو مجھ پر چھوڑ دے۔" رحیم داد نے مسکرا کر بے نیازی سے کہا۔

دونوں باتیں کرتے ہوئے باغ میں واپس پہنچ گئے۔ شام کا اندھیرا اب ہر طرف پھیل گیا تھا۔ گاؤں کے گھروں سے چولہوں کا دھواں اٹھ رہا تھا۔ جگہ جگہ چراغ جھلملاتے نظر آتے تھے۔ باغ کے ایک گوشے میں نوکروں نے لیمپ روشن کردیا تھا۔ رحیم داد تھکا ہوا ایک کرسی پر بیٹھ گیا مگر نادر خاں نہ ٹھہرا۔ وہ رحیم داد سے اجازت لے کر مہمان خانے کی سمت چلا گیا۔

صبح ناشتے کے بعد معمول کے مطابق دونوں جمیلہ کے پاس پہنچے۔ نادر دیر تک جمیلہ سے زمیں داری کے بارے میں تبادلہ خیالات کرتا رہا۔ ضروری باتیں پوچھتا رہا۔ وہ اسے بتاتی رہی۔ ہر بات سمجھانے کی کوشش کرتی رہی۔ لگ بھگ سات سال کا حساب تھا۔ کچھ رجسٹروں میں درج تھا' کچھ رسیدوں اور کاغذ کے پرزوں پر متفرق شکل میں تھا۔ دستاویزات بھی اسی طرح منتشر اور بے ترتیب تھیں۔ نادر خاں ہر بات اور ہر تفصیل سمجھنا چاہتا تھا۔

جمیلہ حافظے اور یادداشت سے کام لیتی۔ بار بار الجھتی اور جب کسی معاملے میں زیادہ الجھن میں پڑ جاتی تو بات ادھوری چھوڑ کر دوسرے روز بتانے کا وعدہ کرتی۔ اس روز بھی ایسا ہی ہوا۔ نادر ایک پرانے بیع نامے کے بارے میں جاننا چاہتا تھا۔ جمیلہ کو صحیح طور پر اس کی نوعیت کا علم نہ تھا۔ اس نے بار بار ذہن پر زور دیا مگر کچھ یاد نہ آیا۔ آخر اس نے زچ ہوکر بے زاری سے کہا۔

"نادر! میں اس کے بارے میں کل سوچ کر بتاؤں گی۔ آج مجھے یاد نہیں آرہا۔ اللہ وسایا کے مرنے کے بعد مجھے بھولنے کی عادت پڑ گئی ہے۔ پہلے ایسی نہ تھی۔ دماغ پر ذرا زور دیا فوراً یاد آجاتا تھا۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "جانے مجھے کیا ہوگیا۔" اس نے کھوئی کھوئی نظروں سے نادر کو دیکھا۔ "اب تو جا۔ تجھ سے کل سویرے گل بات ہوگی۔"

نادر خاں نے کسی قسم کا اصرار نہ کیا۔ مودب ہوکر بولا۔ "ٹھیک ہے زمیں دارنی! جیسی تیری مرضی۔ کل بات ہوجائے گی۔" اس نے میز پر بکھرے ہوئے کاغذات سمیٹے۔ مسلیں اکٹھا کیں انھیں تہہ کرکے رجسٹروں پر رکھا اور بستہ باندھ کر جمیلہ کے سامنے بڑھا دیا۔ وہ رخصت ہونے کے لیے اٹھا۔ جمیلہ سے پوچھا۔

"مجھے اجازت ہے جی۔ میں کل صبح آجاؤں گا۔"

رحیم داد' جو دیر سے چپ بیٹھا تھا۔ نادر کو مخاطب کرتے ہوئے بولا۔ "نادر! تو جا۔ میں نوں زمیں دارنی سے کچھ ضروری گل بات کرنی ہے۔"

نادر خاں خاموشی سے چلا گیا۔

جمیلہ نے رحیم داد سے دریافت کیا۔ "چوہدری! تجھے ایسی کیا ضروری گل بات کرنی ہے۔ کوئی خاص بات ہے؟"

"خاص بات تو نہیں۔" رحیم داد نے رسان سے کہا۔ "تیں نوں یہ بتانا تھا' میں کل بھاول نگر جا رہا ہوں۔ اب تجھ سے واپسی پر ہی مل سکوں گا۔"

جمیلہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر دریافت کیا۔ "چوہدری! تو بھاول نگر جا رہا ہے؟"

"جانا تو مجھے تخت محل ہے۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "پہلے پاک پتن جاؤں گا۔ وہاں سے بھاول نگر کے رستے تخت محل چلا جاؤں گا۔"

"پر تیں نوں وہاں کس لیے جانا ہے؟ پہلے تو کبھی بتایا نہیں۔" جمیلہ ابھی تک حیرت زدہ تھی۔

"کل شام ایسا ہوا میں ٹہلتا ہوا نہر کی طرف چلا گیا۔ اچانک ادھر اپنا ایک پرانا یار مل گیا۔ وہ بھی مہاجر ہے۔ اس کا نام سلامت ہے۔ رہنے والا تو وہ ہوشیار پور کا ہے پر جب ہم مہاجر بن کر لہور پہنچے تو دونوں والٹن کیمپ میں اکٹھے تھے۔ مجھے خوشاب بھیجا گیا تو وہ بھی میرے ساتھ ہی تھا۔ برسوں ہم اکٹھے رہے۔ کئی سال بعد کل اس سے ملاقات ہو گئی۔"

"وہ کہاں رہتا ہے؟" جمیلہ نے پوچھا۔

"آج کل وہ اوکاڑے میں ہوتا ہے۔ پچھلے دنوں بھاول نگر گیا تھا۔ واپسی پر دیپال پور جا رہا تھا۔ اس سے یہ پتہ چلا میری گھر والی اور بچے تخت محل کے نزدیک ایک پنڈ میں ہیں۔ جب سے یہ سنا ہے 'دل چاہتا ہے پنچھی نال وہاں پہنچ جاؤں۔"

"یہ تو بہت ہی چنگی خبر ہے۔" جمیلہ خوشی سے مسکرانے لگی۔ "چوہدری! تو آج ہی کیوں نہ چلا گیا؟"

"تیں نوں بھی تو یہ اطلاع پہنچانی تھی۔ اچانک چلا جاتا تو جانے میرے بارے میں کیا سوچتی۔" رحیم داد بھی مسکرانے لگا۔ "اس کے علاوہ یہ بات بھی ہے سلامت کل دوپہر تک پاک پتن پہنچے گا۔ وہاں میرا انتظار کرے گا۔ میں ایک روز پاک پتن میں اس کے ساتھ ہی ٹھیروں گا۔ اسے اپنے کاروبار کے سلسلے میں ادھر کچھ ضروری کام ہے۔ دوسرے روز وہ مجھے تخت محل لے جائے گا۔"

"چوہدری! تو نے سلامت کو یہیں بلا لیا ہوتا۔ اس کے ساتھ ہی پاک پتن چلا جاتا۔"

"میں نے تو یہی کہا تھا پر وہ تیار نہ ہوا۔ اسے کچھ بہت ضروری کام کرنے ہیں۔ وہ مجھے پاک پتن ہی میں ملنے کو کہہ گیا ہے۔" رحیم داد نے لہجے میں رقت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "زمیں دارنی! دعا کر' مجھے میرے بچھڑے ہوئے بال بچے مل جائیں۔ یوں سمجھ' مجھے سب کچھ مل جائے گا۔ اپنی کھوئی ہوئی ساری خوشیاں پالوں گا۔"

"میں نوں پتہ ہے چوہدری تو ان سے بچھڑ کر کتنا دکھی ہے۔" جمیلہ نے اظہار ہمدردی کیا۔ "وہ تجھے مل جائیں تو نہ پوچھ مجھے کتنی خوشی ہوگی۔ میں انھیں اپنے ساتھ یہیں حویلی کے اندر ہی ٹھیرا لوں گی۔"

"نہیں زمیں دارنی! ان کے یہاں رہنے سے تجھے تکلیف ہوگی۔"

"کوئی تکلیف شکلیف نہیں ہوگی۔" جمیلہ نے زور دے کر کہا۔ "تو چنتا نہ کر۔ میرے پاس رہنے کو اوپر کی منزل پر کئی کمرے ہیں۔ چوہدری! ویسے یہ حویلی تو اب تیری ہی ہے۔ میں تو صرف دن کے سے نیچے رہتی ہوں۔ سارے ہی کمرے خالی پڑے ہیں۔"

رحیم داد خاموش رہا مگر جمیلہ خاموش نہ رہی۔ اس نے چند ہی لمحے سکوت کے بعد دریافت کیا۔ "چوہدری! تجھے پورا وشواس ہے کہ اطلاع بالکل صحیح ہے۔"

"میں نوں تو پکا لیکن ہے۔" رحیم داد نے جمیلہ کو باور کرانے کی کوشش کی۔ "سلامت جھوٹا لپاڑی نہیں ہے۔ اسے مجھ سے ہمدردی بھی ہے۔ ویسے بھی اس نے ہمیشہ میری مدد کی ہے۔"

جمیلہ کے چہرے پر مسرت سے سرخی پھیل گئی۔ "چوہدری! تو تخت محل جا کر فوراً انھیں یہاں لے آ۔ میں تیرے اور تیرے تبر کے رہنے کے لیے حویلی کے نچلے حصے میں بندوبست کرائے دیتی ہوں۔ تو واپس آئے گا تو تجھے سب کچھ بالکل ٹھیک ٹھاک ملے گا۔ تو ان کے ساتھ آرام سے رہے گا۔"

رحیم داد نے جمیلہ کی بات مان لی۔ یہ وعدہ کیا کہ بیوی بچوں کو لے کر وہ حویلی ہی میں آئے گا اور یہیں قیام کرے گا۔ جمیلہ بہت خوش ہوئی۔ بات بات پر مسکراتی۔ اسے اس قدر خوش دیکھ کر رحیم داد نے اطمینان کی سانس لی۔ اسے یقین ہو گیا کہ پچھلے دنوں اس کے بارے میں جمیلہ کے ذہن میں جو شک و شبہ پیدا ہو گیا تھا' اس اطلاع سے پوری طرح رفع ہو جائے گا۔ رحیم داد زیادہ دیر جمیلہ کے پاس نہ ٹھہرا۔ اٹھ کر مہمان خانے میں آ گیا۔

☆

رحیم داد نے تانگا بلوایا۔ اس میں سوار ہوا۔ بس اسٹینڈ پہنچا اور لاری سے حویلی اسٹیشن کے راستے سہ پہر تک احسان شاہ کے پاس پیراں والہ پہنچ گیا۔ احسان شاہ اس کا انتظار ہی کر رہا تھا۔ حسب معمول بہت گرم جوشی سے ملا۔

دونوں باغ میں گئے اور ایک گھنے درخت کے سائے میں پڑی ہوئی کرسیوں پر جا کر بیٹھ گئے۔ آسمان پر بادل تیزی سے دوڑ رہے تھے۔ کبھی سورج نکل آتا کبھی سایہ پھیل جاتا۔ ڈھلتے دن کی دھوپ میں تمازت کم ہو چکی تھی۔ مگر ہوا ٹھیری ہوئی تھی۔ امس اور گھٹن بڑھ گئی تھی۔ رحیم داد لمبے سفر سے آیا تھا۔ اس کا جسم پسینے سے بھیگا ہوا تھا۔ چہرے اور کپڑوں پر گرد جمی تھی۔

احسان شاہ نے اس کی یہ حالت دیکھی تو ہنس کر بولا۔ "چوہدری! تو بہت تھکا ہوا نظر آ رہا ہے۔ پہلے نہا دھو لے' فیر آرام سے گل بات ہوگی۔ تجھ سے تو بہت ضروری باتیں کرنی ہیں۔ تو آج رات

یہیں ٹھہرے گا۔"

"اس بار تو میں تیرے ساتھ زیادہ ہی دن ٹھہرنے کے ارادے سے آیا ہوں۔ کپڑے لتے بھی لایا ہوں۔ مہمان خانے میں خالی پڑے پڑے دل بہت گھبراتا تھا۔"

"تیرا ہی گھر ہے۔ چوہدری! جب تک جی چاہے ٹھہر۔" احسان شاہ نے قہقہہ بلند کیا۔ "یہ بھی کوئی پوچھنے کی گل ہے۔ مجھے تو خوشی ہوگی۔ تیرے ساتھ اچھا وکت کٹ جائے گا۔ اب تو غسل خانے میں جاکر فٹافٹ نہالے۔ شام کو تیرے ساتھ محفل جمے گی۔"

احسان شاہ نے شیدا کو بلایا۔ رحیم داد اس کے ہم راہ چلا گیا۔ شیدا نے اس کے ٹھہرنے کے لیے پہلے ہی ایک کمرے میں بندوبست کردیا تھا۔ رحیم داد نے غسل کیا۔ کمرے میں آیا۔ ٹرنک سے اجلے کپڑے نکال کر پہنے۔ تروتازہ ہوکر دوبارہ باغ میں پہنچا۔ شام دبے قدموں درختوں کی بلندی سے نیچے اتر رہی تھی۔ احسان شاہ باغ کے ایک گوشے میں بیٹھا تھا۔ سامنے میز پر اسکاچ وہسکی کی بوتل اور دو گلاس رکھے تھے۔

رحیم داد بھی ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ مسکرا کر بولا۔ "شاہ جی! تو شام ہونے سے پہلے ہی شروع ہوجاتا ہے۔" احسان شاہ نے وہسکی کا گھونٹ بھر کر گلاس میز پر رکھا۔ بھیگی ہوئی مونچھوں کو ہاتھ سے صاف کیا۔ ہنس کر گویا ہوا۔ "چوہدری! اس کے بغیر زندگی میں کوئی لطف نہیں۔ ایسا لگتا ہے جیسے سو رہا ہوں' تھک گیا ہوں۔ طبیعت بجھی بجھی رہتی ہے۔ پر دو ڈبل لگاتے ہی نہ سستی رہتی ہے نہ تھکن۔ انگ انگ چہکنے لگتا ہے۔ ایمان لگتی گل ایسہ اے چوہدری۔" اس نے بوتل کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ بھی کیا زوردار چیز ہے۔ وہ کیا کہا ہے' کسی شاعر نے۔

ظالم شراب ہے' ارے ظالم شراب ہے

اس مصرعے کو اپنی بھونڈی آواز میں گنگناتے ہوئے اس نے میز پر رکھے ہوئے دوسرے گلاس میں وہسکی انڈیلی۔ پانی ڈالا اور ایک بڑا پیگ بنا کر بولا۔ "چوہدری! اب تو بھی شروع ہوجا۔"

رحیم داد نے گلاس اٹھایا۔ گھونٹ بھرا۔ چند لمحے خاموش رہا۔ وہسکی کی تلخی کا احساس کم ہوا تو بولا۔ "پچھلے دنوں بہت گڑبڑ معاملہ ہوگیا تھا۔"

"کیا ہوگیا۔ کوئی خاص گل بات؟"

"خاص ہی گل بات کہہ لے۔" رحیم داد نے بتایا۔ "وہ ایسا ہوا جی میں ایک روز جمیلہ کے پاس گیا۔ اس نے باتوں باتوں میں اپنے بارے میں پچھلی باتیں سنائیں۔ سب ہی کچھ بتادیا۔ کچھ بھی نہ چھپایا۔ اس کی باتیں سن کر طبیعت میں ایسی ایل اٹھی کہ میں نے دل کی بات کہہ دی۔"

"دل کی بات کہہ دی؟" احسان شاہ نے چونک کر حیرت سے پوچھا۔ "صاف صاف بتا۔"

"پہلے تو میں نے گول مول بات کی۔ فیر دبی زبان سے کہا کہ وہ میری گھروالی بن جائے۔" رحیم داد نے بڑا گھونٹ بھرا۔

"کیا بولی وہ؟" احسان شاہ نے دریافت کیا۔

"بولی تو وہ کچھ نہیں۔ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ خوب ٹسوے بہائے۔ اس نے میری بات کو پسند نہیں کیا۔ اس کے اس طرح رونے پر میں نے یہی اندازہ لگایا۔"

"تو نے جلدی کی چوہدری۔" احسان شاہ کے لہجے میں تشویش کا پہلو نمایاں تھا۔ "ابھی ایسی بات کہنے کا وکت نہیں آیا۔ تجھے صبر سے کام لینا تھا۔ ایسی باتیں اس طرح نہیں کی جاتیں۔ تیں نوں اسے یہ بات کہنی ہی تھی تو کسی اور کے ذریعے کہلواتا۔ یہ جاننے کی کوشش کرتا کہ وہ کیا چاہتی ہے۔ تیرے بارے میں کیا رائے رکھتی ہے؟" وہ لمحہ بھر سر جھکائے سوچتا رہا۔ پھر گردن اٹھا کر قدرے تیکھے لہجے میں بولا۔ "تو نے سارا معاملہ گڑبڑ کردیا۔ اب...."

"گڑبڑ تو ہوگیا تھا۔" رحیم داد اس کی بات کاٹ کر بولا۔ "پر بعد میں سب ٹھیک ٹھاک ہوگیا۔"

"وہ کیسے؟" احسان شاہ نے تعجب سے پوچھا۔

"بس ہوگیا۔ شاہ جی تو فکر نہ کر۔" رحیم داد نے احسان شاہ کو اطمینان دلایا۔ "اب اس کے دل میں میری طرف سے کوئی شک وشبہ نہیں رہا۔"

"تجھے یقین ہے؟" احسان شاہ نے استفسار کیا۔

"بالکل یقین ہے۔" رحیم داد نے مسکرا کر جواب دیا۔ "واپس جاؤں گا تو مہمان خانے کی بجائے حویلی کے اندر ہی ٹھیروں گا۔ وہ اوپر کی منزل پر رہے گی اور میں نیچے کے حصے میں۔ اس نے خود ہی کہا۔ بلکہ زور دے کر کہا۔ میں تو انکار کرتا رہا۔"

"چوہدری! تو نے کیا چکر چلایا۔ حویلی میں اس کے ساتھ رہا تو وہ آسانی سے تیرے ہاتھ آجائے گی۔" احسان شاہ کھلکھلا کر ہنسا۔ "پر اب جلد بازی نہ کرنا ورنہ کام خراب ہوجائے گا۔"

رحیم داد نے مزید تفصیل نہ بتائی۔ یہ بھی نہ بتایا کہ وہ تخت محل جاکر اپنے بچھڑے ہوئے بیوی بچوں کو لانے کا بہانہ کرکے پیراں والہ آیا ہے۔ وہ خاموشی سے وہسکی کی چسکی لگاتا رہا۔

احسان شاہ نے پوچھا۔ "نادر کیسا چل رہا ہے؟"

"وہ تو جی بہت کام کا بندہ ہے۔" رحیم داد نے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔ "اس نے جمیلہ کو ایسا رام کیا کہ وہ ساری زمین داری اور اس کی دستاویزات میرے حوالے کرنے پر خود ہی راضی ہوگئی۔

آج کل وہ نادر کو زمیں داری کے بارے میں ایک ایک بات سمجھا رہی ہے۔ ہر کاغذ اور ہر
کے بارے میں بتا رہی ہے۔ ویسے شاہ جی وہ دیکھنے میں جتنی ہوشیار اور تیز لگتی ہے اتنی ہے نہ
اس کا دل بہت نرم ہے۔ پہلے تو وہ نادر سے بہت ناراض تھی۔ اسے مینیجر لگانے کے بہت خلا
تھی۔ پر جب نادر نے اپنی پریشانی اور بے روزگاری کا حال سنایا تو ایک دم موم کی طرح پگھل
اسے رکھنے پر فوراً تیار ہوگئی۔ سچی گل تو ایسے اے وہ کسی کو تکلیف اور پریشانی میں نہیں
سکتی۔"

"مجھے جمیلہ کے بارے میں زیادہ پتہ نہیں۔ سنا ہی سنا ہے۔ پر نادر بہت اونچی چیز ہے۔ وہ تیر
لیے بہت کار آمد ثابت ہوگا۔ اب تجھے فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ وہ زمیں داری ایسے چلا۔
کہ تجھے بھی زمیں داری کا مزا آجائے گا۔ ابھی تک تو کو ئلہ ہر کشن میں مزارعوں کی چل رہی تھی
تجھے پتہ ہے اللہ وسایا تو مزارع تھا اور مزارع ہی رہا۔ اس نے مزارعوں کا ناس مار دیا تھا۔ ان
دماغ خراب کر دیا تھا۔"

"ان کا دماغ تو اب تک خراب ہی ہے۔" رحیم داد نے اس کی ہاں میں ہاں ملائی۔

"اس کا اثر آس پاس کے زمیں داروں پر بھی پڑا۔ وڈے زمیں دار، جن کے پاس مزارعوں
تعداد بہت زیادہ تھی، بہت پریشان رہتے تھے۔" احسان شاہ نے اللہ وسایا مرحوم کے خلاف اپ
نفرت اور کدورت کا اظہار کیا۔ "تجھے معلوم نہیں اللہ وسایا کے کتل پر ادھر کے سارے ہی وڈے
زمیں دار کتنے خوش ہوئے۔ سب اس سے خار کھاتے تھے۔"

"خطرہ تو اس کی طرف سے مجھے بھی تھا۔"

"بالکل تھا۔" احسان شاہ نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! تیرے رستے کا کانٹا صاف ہوگیا۔ ک
کہتا ہوں اگر اللہ وسایا کا صفایا نہ ہوتا تو وہ کب کا تجھے صاف کر چکا ہوتا۔ وہ تیری جائیداد پر قبضہ
کرنے کی پوری تیاری کر چکا تھا۔ اس کے ارادے بہت خطرناک تھے۔"

رحیم داد نے اس کی باتیں سنیں۔ مگر کسی رد عمل کا اظہار نہ کیا۔ چپ بیٹھا وہسکی کی چسکی لگاتا
رہا۔ احسان شاہ کو اس کی خاموشی ناگوار گزری۔ تیکھے لہجے میں بولا۔

"چوہدری، تجھے میری باتوں کا یقین نہیں؟"

رحیم داد ہڑبڑا کر بولا۔ "ہے، بالکل ہے۔" اس نے اپنی صفائی پیش کرنے کے لیے بات بنائی۔
"وہ ایسا ہے جی۔ میں جمیلہ کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ شاہ جی وہ بری زنانی نہیں ہے۔"

"میں نے کب کہا کہ وہ بری ہے۔ وہ تو ایسی زوردار چیز ہے کہ تیرے تو بیش ہو جائیں گے۔ پر

پہلے جو غلطی کر چکا ہے اب اسے نہ دھرانا۔ اسے دھیرے دھیرے رستے پر لانا ہوگا، سمجھا؟"

"سمجھ گیا، بالکل سمجھ گیا۔" رحیم داد گردن ہلا کر بولا۔

احسان شاہ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ رحیم داد بھی ہنسنے لگا۔ احسان شاہ نے ترنگ میں آکر رحیم داد کے گلاس سے اپنا گلاس ٹکرایا۔ وہسکی کا بڑا گھونٹ بھرا۔

"شاہ جی، میں نے ایک خوش خبری تو سنائی نہیں۔"

"سنا، ضرور سنا۔" احسان شاہ لہرا کر بولا۔

"یہ تو تیں نوں پہلے ہی بتا چکا ہوں، جمیلہ تھوڑے دنوں بعد زمیں داری کے سارے کاغذات اور دستاویزات نادر کے حوالے کر دے گی۔" رحیم داد نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ "وہ تو زمیں داری سے بالکل الگ ہونا چاہتی ہے۔ کہتی تھی، میں نے زمیں داری سے کیا لینا۔ تو پوری ذمہ داری سنبھال لے میں نے تو اب سکول چلانا اور ڈسپنسری بنانا ہے۔"

احسان شاہ کے چہرے پر مسرت کے بجائے جھنجلاہٹ بکھر گئی۔ نفرت سے منہ بگاڑ کر بولا۔ "یہ سکول شکول کا چکر ختم کر۔ اسے تو اللہ وسایا کے ساتھ ہی ختم ہو جانا چاہیے تھا۔ کیا تو یہ چاہتا ہے کہ مزارعوں اور کمیوں کے بچے پڑھ لکھ کر ہمارے بچوں کی برابری کریں؟ کانون اور انصاف کی باتیں کریں؟ زمیں داروں کو طرح طرح سے تنگ کریں۔ ان کے خلاف گڑبڑ پھیلائیں؟"

"بالکل ٹھیک کہہ رہا ہے شاہ جی، پر جمیلہ اس کے لیے تیار نہیں ہوگی۔" رحیم داد نے احسان شاہ کی خفگی رفع کرنے کی غرض سے اپنی مجبوری بھی بیان کی۔ "تیں نوں پتہ ہے، میں ابھی اسے ناراض نہیں کر سکتا۔ ورنہ سارا معاملہ گڑبڑ ہو جائے گا۔"

"میں فوری طور پر سکول بند کرانے کو نہیں کہہ رہا۔ پر تجھے آگے چل کر ایسا کرنا پڑے گا۔" احسان شاہ نے رحیم داد کی مجبوری محسوس کرتے ہوئے کہا۔ "پر تجھے یہ بات ضرور دھیان میں رکھنا چاہیے کہ زمیں داری شان سے چلانی ہے تو مزارعوں کو ان پڑھ رکھنا ہوگا۔ یہ بہت ضروری ہے۔ ہر وڈا زمیں دار اور جاگیردار اس معاملے میں چوکس رہتا ہے۔ میں اس سلسلے میں تجھے سردار سر امام بخش مزاری کا واسطہ بطور مثال سناتا ہوں۔"

"کون تھا وہ؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"وہ ڈیرہ غازی خاں کی تحصیل راجن پور میں روجھاں کے مزاریوں کا تمن دار تھا۔ بہت وڈا جاگیردار ہوتا تھا۔ میرے پیو کا گہرا یار تھا۔ ۱۸۵۷ء کے غدر میں جب بلوچوں نے بغاوت کی تو اسے دبانے میں سردار امام بخش نے بھی انگریزوں کی بہت مدد کی۔" احسان شاہ نے وہسکی کا گھونٹ بھرا۔

سرخوشی کے عالم میں قہقہہ بلند کیا۔ "انگریزوں کی بھی کیا بات تھی۔ اپنے دشمنوں کو کچلنے میں جتنے سخت تھے' دوستوں کے لیے اتنا ہی وڈا دل رکھتے تھے۔ سردار امام بخش نے ان کی بھرپور مدد کی تو اس کے صلے میں انھوں نے اسے آنریری مجسٹریٹ بنادیا۔ جب رابرٹ سنڈیمن' ڈپٹی کمشنر لگا تو سردار امام بخش نے انگریزوں کی ہر طرح خدمت کی۔"

"یہ فورٹ سنڈیمن اسی رابرٹ سنڈیمن کے نام پر رکھا گیا؟"

"ہاں جی' یہ وہی سنڈیمن تھا۔ اپنے زمانے کا بہت نامور افسر ہوتا تھا۔ بلوچوں نے بار بار بغاوت کی۔ ان میں بگٹیوں کے علاوہ مزاری بلوچ بھی شامل تھے۔ پر سردار امام بخش کی مدد نے ان کی بغاوتوں کو دبانے میں زبردست کام کیا۔" احسان شاہ ٹھہر ٹھہر کر بولتا رہا۔ "اس خدمت پر انگریز بہت خوش ہوئے۔ پہلے اسے نواب' فیر سر اور فیر صوبائی درباری بنادیا۔ خطابات کے ساتھ بہت وڈی جگیر بھی دی۔ انگریز اس پر ایسے مہربان ہوئے کہ پنجاب اسمبلی کا ممبر بھی بنادیا۔ ویسے سردار امام بخش ان کا بہت وفادار بندہ تھا۔ بہت ہوشیار اور سمجھ دار بھی تھا۔"

تمیں اس کے بارے میں کوئی واکھ سنانا چاہتے تھے۔" رحیم داد نے احسان شاہ کو یاد دلایا۔

"ہاں' میں تجھے یہ بتانا چاہتا تھا کہ سردار امام بخش مزاری کتنا ہوشیار تھا۔ ہمیشہ آگے کی سوچتا تھا۔ سچ پوچھ تو دریشکوں نے مزاریوں کو کب کا مٹادیا ہوتا۔ ان کے ساتھ مزاریوں کی مسلسل لڑائیاں ہوتی رہیں۔ دونوں قبیلوں کے درمیان زبردست دشمنی رہی ہے۔"

"دشمنی ہوئی کس بات پر؟" رحیم داد نے جھوم کر پوچھا۔

"ان دنوں مزاری' خانہ بدوش گلے بان اور چرواہے ہوتے تھے۔ اپنی بھیڑ بکریاں اور چوکھر گنڈاری کی پہاڑیوں پر چرایا کرتے تھے۔ دریشک بھی خانہ بدوش ہوتے تھے۔ وہ مزاریوں کے چوکھر اور مویشی اٹھا کر لے جاتے۔ تب جمال خاں مزاریوں کا سردار ہوتا تھا۔ اس نے دریشکوں پر چڑھائی کردی اور کوئی پندرہ دریشک مار ڈالے۔ اس کے بعد دونوں قبیلوں نے ایک دوسرے پر حملے کرنے شروع کردیئے۔ دریشکوں کے ایک حملے میں سردار جمال خاں کی گھروالی بھی ماری گئی اور سردار کی ماں بھی زخمی ہوگئی۔ مزاریوں کے لیے یہ بہت بے عزتی کی بات تھی۔ اس بے عزتی کو وہ برسوں نہ بھولے۔ اس کا بدلہ لینے کے لیے دریشکوں سے لڑائیاں لڑتے رہے۔" احسان شاہ نے اچانک قہقہہ بلند کیا۔ "پر اب مزاری اور دریشک تمن داروں نے مل کر لغاریوں' لنڈ اور کھتران تمن داروں کے خلاف مورچہ لگا رکھا ہے۔"

"تیرا مطلب ہے مزاریوں اور دریشکوں کی پرانی دشمنی ختم ہوگئی؟"

"ختم ہی ہوگئی۔ پر جب تک دونوں میں دشمنی رہی بہت خون خرابہ ہوا۔" احسان شاہ نے اب دیا۔ "ویسے رنجیت سنگھ کے زمانے میں سکھوں نے بھی مزاریوں کو بہت تنگ کیا۔ دیوان ساون مل کا نام تو سنا ہی ہوگا تونے۔ وہ رنجیت سنگھ کی طرف سے حاکم لگا ہوا تھا۔ اس نے مزاریوں سات ہزار فوج کے ساتھ چڑھائی کردی۔ ان کے مال مویشی چھین لیے۔ انھیں بھاگ کر پہاڑیوں پناہ لینے پر مجبور کردیا۔ آخر لغاریوں کے سردار رحیم خاں نے سکھوں کے ساتھ مزاریوں کی صلح کرا دی۔ ساون مل نے ملتان میں دربار لگایا جس میں مزاریوں کا سردار بہرام خاں خود حاضر ہوا۔ ساون مل نے اسے جگیر کے ساتھ خلعت بھی دی۔"

"یہ عجب گل سنائی۔ لغاری پہلے مزاریوں کے دوست ہوتے تھے اور اب دشمن ہیں۔" رحیم داد آہستہ آہستہ ہنسنے لگا۔ "یہ سردا بہرام خاں کیا سردار امام بخش کا پیو ہوتا تھا؟"

"ہاں' پر بہرام خاں کا پتر دوست علی خاں بھی تھا۔ بہرام خاں کے مرنے پر وہی مزاریوں کا سردار بنا۔ اس کے زمانے میں مزاریوں کا سکھوں سے دوبارہ جھگڑا شروع ہوا۔ سکھوں نے مزاریوں کی بغاوت کو کچل دیا۔ انھیں سندھ کی جانب بھگا دیا۔ ادھر دیوان ساون مل بھی کچھ عرصہ بعد ایک لڑائی میں مارا گیا۔ اس کے پتر مول راج نے اس کی جگہ سنبھالی اور مزاریوں سے صلح کرلی۔ پر سردار دوست علی خاں بری عادتوں میں پڑ گیا تھا۔ اس لیے اسے ہٹا کر اس کے چھوٹے بھائی امام بخش خاں کو مزاریوں کے سردار کی حیثیت سے جرگے میں منتخب کرلیا گیا۔"

احسان شاہ نشے کی جھونک میں بہک کر اصل موضوع سے ہٹ کر دوسری طرف نکل گیا۔ رحیم داد بھی نشے کی دھن میں بھول چکا تھا کہ بات کہاں سے شروع ہوئی؟ سردار امام بخش کا نام دوبارہ سن کر وہ چونکا۔ اس نے احسان شاہ کو ٹوکا۔

"شاہ جی! اس واکھ کا کیا بنا؟ وہی سردار امام بخش والا جسے تو سنانا چاہتا تھا۔"

"یاد آگیا' بالکل یاد آگیا۔" احسان شاہ خجل ہو کر بولا۔ "بات کدھر سے نکل کر کدھر چلی گئی۔" وہ بے تکلفی سے مسکرایا۔ "وہ ایسا ہوا کہ جن دنوں سردار امام بخش اسمبلی کا ممبر ہوتا تھا اسے کسی کام سے کراچی جانا پڑا۔ سٹیشن سے باہر نکل رہا تھا تو ریلوے کا ایک بابو دوڑ کر آگے بڑھا۔ جھک کر سردار کے پیروں کو چھوا اور ہاتھ باندھ کر ادب سے اس کے سامنے کھڑا ہوگیا۔ سردار اسے پہچان نہ سکا۔"

"وہ بندہ تھا کون؟" رحیم داد نے بے چینی سے پوچھا۔

"وہ سردار امام بخش مزاری کے ایک مزارعے کا پتر تھا۔ بچپن میں گھر سے بھاگ کر کراچی پہنچ گیا

تھا۔ وہاں کسی پارسی کا نوکر لگ گیا۔ اس نے اسے اتنا پڑھا لکھا دیا کہ جوان ہو کر ریلوے میں گیا۔ دیاہ بھی کرلیا تھا۔ بچے بھی تھے۔ اس نے خود ہی سردار کو بتایا۔ سردار میں تیرے بانے کا ہوں۔ فیر اس نے اپنا اور اپنے پیو کا نام بتایا۔"

"کیا نام تھا اس کا؟" رحیم داد نے نشے سے لڑا کر پوچھا۔

"یہ تو مجھے پتہ نہیں۔" احسان شاہ نے جواب دیا۔ "سردار امام بخش خاں نے اسے غور دیکھا۔ کچھ سوچا اور سوچ کر پوچھا۔ ادھر تجھے کتنی تنخواہ ملتی ہے؟ اس نے بتایا اسے ریلوے سے روپے تنخواہ ملتی ہے۔ سردار بولا۔ میں تجھے سو روپے تنخواہ دوں گا۔ ادھر کی نوکری چھوڑ اور میرے ساتھ روجھاں چل۔ وہ تیار ہوگیا۔ سردار امام بخش مزاری اسے اپنے ساتھ روجھاں لے آیا۔" رحیم داد نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر دریافت کیا۔ "شاہ جی' بات سمجھ نہیں آئی۔ سردار امام بخش مزاری اسے دگنی تنخواہ پر کراچی سے اپنے ساتھ کیوں لے آیا؟"

"یہی تو اصلی گل ہے جو میں تجھے بتانا چاہتا ہوں۔" احسان شاہ نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "سردار مینجر کو اس کے بارے میں پتہ چلا تو وہ بھی تیری طرح بہت حیران ہوا۔ اسے یہ بات پسند بھی آئی۔ ایک روز باتوں باتوں میں اس نے سردار سے اس کے بارے میں گلہ کیا۔ سردار ایسا بندہ تو روپے سے بھی کم میں مل جائے گا۔ تو اسے سو روپے تنخواہ دے رہا ہے۔ مینجر نے اسے بالکل بیکار اور بہت منگا ثابت کرکے نوکری سے نکلوانے کی کوشش کی۔ مگر سردار تیار نہ ہوا۔" احسان شاہ نے رحیم داد کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا۔ "چوہدری! تجھے پتہ ہے۔ سردار نے مینجر سارا گلہ شکوہ سن کر کیا جواب دیا؟"

"کیا جواب دیا اس نے؟" رحیم داد نے دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے دریافت کیا۔

"سردار نے اپنے مینجر سے ہنس کر کہا۔ تو اس راز کو نہیں سمجھ سکتا۔ وہ سو روپے مہینے میں بھی بہت سستا ہے۔ اور اس لیے سستا ہے کہ وہ کراچی میں رہتا تو اس کے بال بچے بھی پڑھتے لکھتے ادھر روجھاں میں اپنے رشتے دار مزارعوں کو ملنے آتے تو ان کے دماغ خراب کرتے۔ انہیں طرح طرح سے بھڑکاتے۔ میں نے وہ رستہ ہی بند کردیا۔ یہاں رہ کر وہ ان پڑھ کے ان پڑھ ہی رہیں گے۔ کبھی خطرہ بن کر سامنے نہیں آئیں گے۔ یہ بات سردار امام بخش مزاری نے میرے پیو کو سنائی تھی۔ اور میں نے اپنے پیو سے سنی۔" احسان شاہ نے وہسکی کا گھونٹ بھرا۔ "چوہدری! غور کر سردار امام بخش مزاری کتنا ہوشیار اور سمجھ دار تھا۔ تب ہی تو مزاریوں کا تمن دار اور اتنا وڈا سردار تھا۔ اسے خطابات ملے' جاگیر ملی۔ بہت عزت ملی۔ انگریز اسے بہت مانتے تھے۔ اپنا دوست وفادار

سمجھتے تھے۔"

"سردار امام بخش نے اپنے بال بچوں کو تو بالکل پڑھایا لکھایا نہیں ہوگا؟"

"چوہدری! تو بھی کیسی بچوں کی سی گل کرتا ہے۔" احسان شاہ ٹھٹھا مار کر زور سے ہنسا۔ "امام بخش خاں اپنے کنبے کا سردار تھا۔ بہت وڈا جاگیردار تھا۔ اس کے بال بچے بھی سردار اور جاگیردار بال بچے تھے۔ کسی مزارعے کے تو نہیں تھے۔ وہ کیوں نہ پڑھتے؟ انہیں تو تعلیم دلانے کے لیے نے لندن بھیجا' امریکہ بھیجا۔ بہت پڑھایا لکھایا۔ وہ اور ان کے پتر بھی وڈے وڈے سرکاری لگے۔ انگریزی راج نہ رہا جی تو کیا فرق پڑتا ہے۔ وہ آج بھی وڈے جاگیردار ہیں' سردار اور دار ہیں اور سرکاری افسر بھی لگے ہوئے ہیں۔ یہ سب سردار سر امام بخش کی زبردست خدمات صلہ ہے۔" اس کا لہجہ سنجیدہ ہوگیا۔ "سردار امام بخش مزاری کی طرح کے دور اندیش اور سمجھ جاگیردار نہ ہوتے تو اب تک کتنی ہی جاگیریں کب کی ختم ہو چکی ہوتیں۔ بلکہ جاگیرداری اور ں داری ہی سرے سے ختم ہو جاتی۔ ایسے ہی جیسے ہندوستان میں ہوا اور مشرقی بنگال میں ہو رہا ۔"

☆

شیدا اندھیرے سے نکل کر سامنے آگیا اور ادب سے سر جھکا کھڑا ہوگیا۔" احسان شاہ نے چھا۔ "شیدے' تو نے کچھ کہنا ہے؟"

"ہاں جی' میں نے یہ بتانا ہے' سردار مراد خاں شاہانی آیا ہے۔"

"وہ اپنا بھکروالا شاہانی؟" احسان شاہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔ "کدھر ہے وہ؟ کب یا؟" وہ اٹھ کھڑا ہوگیا اور شیدے کے ہم راہ چلا گیا۔

رحیم داد خاموش بیٹھا وہسکی سے شغل کرتا رہا۔ تھوڑی دیر بعد احسان علی شاہ واپس آیا۔ رحیم دنے برآمدے میں رکھے ہوئے لیمپ کی روشنی میں دیکھا' مراد خاں شاہانی اس کے ہم راہ ہے۔ اہانی کا قد اونچا تھا۔ جسم مضبوط اور صحت مند تھا۔ خوب گھیردار بڑی سی شلوار اور ڈھیلی ڈھالی ل گھوڑا بوسکی کی قمیص میں وہ کچھ زیادہ ہی قوی ہیکل لگ رہا تھا۔ رنگت گندمی تھی۔ ڈاڑھی اف تھی۔ مونچھیں زیادہ گھنی نہ تھیں۔ مگر چہرے پر رعب اور دبدبہ تھا۔ اس کی سرخ سرخ کھیں چمک رہی تھیں۔ عمر میں وہ احسان شاہ سے بہت چھوٹا تھا۔ رحیم داد اس کی بھاری بھرکم فصیت سے خاصا مرعوب ہوا۔ وہ احسان شاہ کے ساتھ بے تکلفی سے ہنستا' قہقہے لگاتا آگے بڑھا در رحیم داد کے قریب ہی ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ احسان شاہ نے رحیم داد کی طرف اشارہ کرتے

ہوئے شاہانی سے تعارف کرایا۔

"یہ اپنا یار چوہدری نورالٰہی ہے۔ کوٹلہ ہرکشن میں اس کی زمیں داری ہے۔ گورداسپور کا
ہے۔ میں پہلے بھی تجھ سے اس کا ذکر کر چکا ہوں۔"

مراد خاں شاہانی نے مسکراتے ہوئے رحیم داد سے کہا۔ "سیں چوہدری! تو ہے تو جاٹ پ
ایسا بنا رکھا ہے کہ پہلی نظر میں بلوچ سردار لگتا ہے۔" اس نے احسان شاہ کی جانب دیکھا۔ "
میں نے غلط تو نہیں سوچا؟"

"پتہ نہیں چوہدری نے یہ داڑھی کیوں رکھ چھوڑی ہے۔" احسان شاہ نے قہقہہ لگایا۔ "
بھی نہیں ہے۔ ہو بھی نہیں سکتا۔ ورنہ مسجد کا حجرہ چھوڑ کر یہاں کیوں بیٹھا ہوتا؟"

"شاہ جی' تو نے چوہدری کو میرے بارے میں تو کچھ بتایا ہی نہیں۔"

"تجھے کون نہیں جانتا۔" احسان شاہ بولا۔ اس نے مسکراتے ہوئے رحیم داد کی طرف و
"چوہدری! یہ بھکر میں بیٹ کے علاقے کا وڈا زمیں دار ہے۔ بیٹ میں تین ہی تو زمیندار خا
ہیں۔ شاہانی' نوانی اور ڈھانڈلے۔" اس نے گلاس میں وہسکی ڈالی۔ "زمیں داری کیا ان کی تو
اپنی حکمرانی ہے۔ جو چاہیں کریں کوئی پوچھنے والا نہیں۔ ان سے تو پولس اور حکومت بھی
ہے۔" "احسان شاہ نے پیگ بنا کر شاہانی کی جانب بڑھایا۔ "لے میں نے تیرے لیے ڈبل
بنایا ہے۔ آیا بھی تو دیر سے ہے۔ ہمارا ساتھ کیسے دے گا۔ ہم دونوں تو شام سے لگے ہوئے ہیں

شاہانی نے گلاس سنبھالا۔ ہونٹوں سے لگایا اور ایک ہی سانس میں غٹاغٹ آدھا گلاس
گیا۔ احسان شاہ نے دریافت کیا۔ "شاہانی! تو اچانک کیسے آگیا؟"

"سیں' بال بچوں کے ساتھ لہور آیا تھا۔" شاہانی نے بتایا تھا۔ "لہور آکر تیرے پاس نہ
کیسے ہو سکتا ہے؟ میں نے بال بچوں کو واپس بھکر بھیجا اور خود تیرے پاس آگیا۔ لہور سے ایک
کی گاڑی مل گئی تھی۔ اچھا سفر گزرا۔" اس نے گلاس اٹھایا۔ "پر ادھر تو بارشوں کا کوئی خاص
دکھائی نہیں دیتا۔"

"سنا ہے بیٹ کے علاقے میں سیلاب نے بہت تباہی مچائی۔" احسان شاہ نے کہا۔ "بہت
جھوک اور پنڈ سیلاب کی زد میں آگئے۔ بستیاں کی بستیاں ویران ہو گئیں۔"

"شاہ جی' وستیاں تو اجڑتی ہی رہتی ہیں۔" شاہانی نے بے نیازی سے کہا۔ "برکھا میں ہمیشہ
چڑھتا ہے اور سال کے سال اپنا بھینٹ اور صدقہ بھی لیتا ہے۔ پر منجی کی فصلوں کو خوب پ
کرتا ہے۔ اگر دریا نہ چڑھے تو بیٹ کے علاقے میں منجی کے بوٹے سوکھ کر زرد پڑ جائیں۔ یو

اپنا تو ناس مار دے۔" رحیم داد خاموش نہ رہ سکا۔ "پر سیلاب سے کسان اور مزارعے تو برباد
ہو جاتے ہوں گے۔ کتنے تو مر بھی جاتے ہوں گے۔"

"مرتے بھی رہتے ہیں۔ بے گھر بھی ہوتے ہیں۔" مراد خاں کی بے نیازی میں فرق نہ آیا۔
"سیلاب کا ریلا وستیوں میں داخل ہوتا ہے تو مال مویشی سب بہا کر لے جاتا ہے۔ جس کا جدھر منہ
اٹھتا ہے نکل بھاگتا ہے۔ پر سیلاب کے اترتے ہی سب واپس آجاتے ہیں اور راضی باضی ہو کر
اپنے اپنے کاموں میں لگ جاتے ہیں۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "چوہدری! تو میری طرف کے
مزارعوں کو نہیں جانتا۔ بہت صابر و شاکر بندے ہیں۔ کئی تو ایسے سیدھے سادھے ہیں کہ ہوائی جہاز
اڑتا ہوا اوپر گزرتا ہے تو ڈر کر کھٹ کے نیچے چھپ جاتے ہیں۔ آج بھی بہت سے ایسے بندے تجھے
ملیں گے جنھوں نے ریل تک نہیں دیکھی۔"

"اچھا جی' تیرے علاقے میں ایسے بندے بھی ہیں؟" رحیم داد نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر
کہا۔ "یہ تو بہت انوکھی گل سنائی تو نے۔"

شاہانی نے اس دفعہ احسان شاہ کو مخاطب کیا۔ "شاہ جی' ایسا کر۔ تو میرے ساتھ چل۔ چوہدری کو
بھی لے لے۔ یہ اپنا علاقہ دیکھ لے گا۔ تیرا اچھا وکت کٹے گا۔"

"تیری طرف جانے کا یہ زمانہ نہیں۔ ابھی تک ادھر سیلاب کی تباہی مچی ہوگی۔" احسان شاہ
رضامند نہ ہوا۔ شاہانی نے مطلع کیا۔ "شاہ جی' تجھے پتہ نہیں۔ سیلاب تو کب کا اتر گیا۔ اب تو بہت
عمدہ موسم ہے۔"

"جاڑے میں تیرے پاس آؤں گا۔ چوہدری کو بھی ساتھ لیتا آؤں گا۔" احسان شاہ نے یہ کہہ کر
قہقہہ لگایا۔ "ویسے تیرے علاقے میں چنگی رن نہیں ملتی۔"

"میری جگیر میں رن نہیں ملتی۔ ایسی گالہ نہ کر شاہ جی۔" مراد خاں شاہانی نے گردن اونچی کی۔
سگریٹ کا لمبا کش لگایا۔ "بیٹ میں تو مزارع' سردار کی اجازت کے بغیر دھی کا پرنا بھی نہیں
کر سکتا۔" وہ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "تو کہہ تو شاہ جی ریل کی ویگن بھر کر رناں بھیج دوں۔"

"ویگن سے اپنا کیا بنے گا۔ پوری سپیشل ٹرین بھیجنی ہوگی۔" احسان شاہ بھی ہنسنے لگا۔ "ویسے
تیرے علاقے کی رن ٹھنڈی ہوتی ہے۔ گوشت تو اس کے بدن پر ہوتا ہی نہیں۔ تو انھیں کھانے کو
روٹی نہیں دیتا۔"

"یہ بات نہیں شاہ جی۔ تیرا علاقہ ماجھے کی سرحد پر ہے' بلکہ ماجھے ہی میں ہوتا ہے۔" شاہانی نے
وضاحت کی۔ "تجھے تو ماجھے کی جٹیاں مل جاتی ہیں۔ مکھن کی طرح چکنی اور ملائم۔ ہاتھ رکھو تو پھسل

جائے۔"

"کھلا پلا کر تیار کرتا ہوں انھیں۔ ایسے ہی چکنی اور ملائم نہیں بن جاتیں۔" احسان شاہ۔ بڑے فخر سے کہا۔ "جب انھیں اٹھواتا ہوں تو کئی تو کھائی کے کھونٹے پر باندھنے والی رسّی کی مار سے کمزور اور مریل ہوتی ہیں۔ دو چار ہفتے یہاں رہنے کے بعد ان کا رنگ روپ نکھرتا ہے۔ ایسی جوان چڑھتی ہے کہ روکھی سوکھی روٹی سے ایک دم گرما گرم پکوان بن جاتی ہیں۔ کیا سمجھا؟"

"میں سمجھتا ہوں' خوب سمجھتا ہوں۔" شاہانی نے گھونٹ بھرا۔ "تیرے پاس تو باکاعدہ حرم ہے۔ ایک سے ایک فسٹ کلاس دانا چھانٹ کر رکھا ہے۔" وہ بے تکلفی سے ہنسا۔ "اپنا حرم ا دکھا۔ میرا مطلب تیرے کوٹ سے ہے۔ بہت عرصہ ہوا اسے دیکھے ہوئے۔ کچھ نیا تازہ مال آیا کوئی نئی رن' کوئی نئی ڈال؟"

"وہ تو آتی ہی رہتی ہیں۔" احسان شاہ نے بے نیازی سے کہا۔ "تو تھوڑی سی اور لگالے' پھر تجھے کوٹ میں لے چلوں گا۔" اس نے شیدا کو بلایا۔ وہ آیا تو احسان شاہ نے اسے مطلع کیا۔ "میں کوٹ میں آ رہا ہوں۔ شاہانی اور چوہدری بھی میرے ساتھ ہوں گے۔ تو اندر خبر کر دے۔ میں پہنچوں تو سب ٹھیک ٹھاک ہونا چاہیے۔ سمجھ گیا؟"

شیدے نے سر کو ذرا سا جھکا کر نہایت ادب سے کہا۔ "سب ٹھیک ہی ٹھاک ملے گا جی۔"

شیدا چلا گیا۔ احسان شاہ' سردار مراد خاں شاہانی اور رحیم داد وہسکی سے شغل کرتے رہے۔ ہنس ہنس کر بے تکلفی سے باتیں کرتے رہے۔

پہر رات گزر چکی تھی۔ تینوں نشے میں جھومتے جھامتے کوٹ کی جانب بڑھے۔ شیدا ان کے پیچھے چل رہا تھا۔ حویلی کے پچھواڑے مختصر سا کھلا میدان تھا۔ اس میں ببول اور بیری کی جھاڑیاں تھیں۔ میدان کی دوسری طرف کوٹ تھا۔ یہ حویلی کی فصیل نما چار دیواری کے اندر اونچی اونچی دیواروں کا ایک اور حصار تھا۔ دونوں میں فرق صرف اس قدر تھا کہ حویلی کی فصیل پختہ اینٹوں کی بنی ہوئی تھی اور کوٹ کی دیواریں بلندی میں تو اتنی ہی تھیں مگر کچی تھیں۔ کوٹ کا دروازہ خاصا اونچا اور مضبوط تھا۔

کوٹ کی ڈیوڑھی میں لالٹین روشن تھی۔ اس کی روشنی میں مسلح پہریدار دروازے کے سامنے فرش پر بیٹھے حقہ گڑگڑا رہے تھے۔ قریب ہی دیوار کے سہارے ان کی بندوقیں رکھی تھیں۔ شیدا بڑھ کر جھٹ ان کے سامنے پہنچا۔ پہریداروں نے جھپاک جھپاک اپنی بندوقیں سنبھالیں اور نظریں جھکا کر ادب سے ایک طرف کھڑے ہو گئے۔

۴

ڈیوڑھی کے آگے دور تک پھیلا ہوا وسیع آنگن تھا۔ آنگن کے تین طرف سلسلے وار کوٹھریاں تھیں۔ کوٹ کی فصیل نما اونچی چاردیواری کی طرح کوٹھریوں کی دیواریں بھی کچی اینٹوں کی بنی ہوئی تھیں۔ کسی کوٹھری میں نہ کھڑکی تھی نہ روشن دان۔ آمد و رفت کے لیے صرف ایک دروازہ تھا۔ کوٹھریوں کے آگے پھوس کی چھت کا طویل برآمدہ تھا۔ برآمدہ آنگن کی سطح سے ڈیڑھ دو فٹ اونچا تھا اور اتنا کشادہ تھا کہ چارپائی بچھانے کے بعد بھی اتنی جگہ بچ جاتی تھی کہ برآمدے میں گزرنے والوں کے لیے کوئی دشواری پیدا نہ ہوتی۔ آنگن کا فرش بھی کچا تھا۔ اس میں کہیں کہیں نیم اور جنڈ کے گھنے درخت تھے۔ برآمدے میں کوٹھریوں کے آگے جگہ جگہ چارپائیاں بچھی ہوئی تھیں۔ ہر کوٹھری میں چراغ روشن تھا۔

احسان شاہ' رحیم داد اور سردار مراد خاں شاہانی کے ہم راہ کوٹ کے صدر دروازے سے ڈیوڑھی میں داخل ہوا۔ شیدا تیزی سے آگے بڑھا اور اس دروازے کو کھولا جو آنگن میں کھلتا تھا۔ کوٹ میں عورتوں اور بچوں کی ملی جلی آوازوں کا ہلکا ہلکا شور ابھر رہا تھا۔ مگر احسان شاہ کے داخل ہوتے ہی کوٹ کے صدر دروازے پر لٹکے ہوئے پیتل کے گھنٹے پر گھڑیالی نے چوٹ لگائی۔ رات کے سناٹے میں گھڑیال کی آواز گونجی۔ کوٹ کے اندر تمام آوازیں اچانک اس طرح گہری خاموشی میں ڈوب کر گم ہو گئیں جیسے سوئچ دبانے سے بجلی کی روشنی بجھ جاتی ہے۔

احسان علی شاہ گردن اٹھائے نہایت رعب اور دبدبے کے ساتھ ڈیوڑھی سے نکل کر آنگن میں پہنچا۔ آگے بڑھا۔ شاہانی اور رحیم داد اس کے ساتھ ساتھ چل رہے تھے۔ شیدا' تینوں سے چند قدم

آگے تھا۔ اس کے ایک ہاتھ میں لالٹین لٹک رہی تھی۔

آنگن سے گزرتے ہوئے وہ برآمدے میں پہنچے۔ شیدا ایک کوٹھری کے دروازے پر رکا۔ چراغ روشن تھا۔ سامنے مونج کی چٹائی پر ایک نوجوان عورت پھسکڑا مارے بیٹھی تھی۔ اس آنکھوں میں کاجل تھا۔ بالوں میں خوشبودار تیل چمک رہا تھا۔ وہ بھڑک دار لباس پہنے ہوئے چراغ کی ہلکی زرد روشنی میں اس کا چہرہ اجلا اجلا نظر آرہا تھا۔ احسان شاہ کو دیکھتے ہی وہ اپنا ریشمی سنبھالتی ہوئی جھٹ اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔

شیدا نے لالٹین اٹھا کر اس کے سامنے رکھ دی۔ احسان شاہ نے اسے غور سے دیکھا۔ شیدا پوچھا۔ "کیا نام ہے اس کا؟"

مگر شیدا کے کچھ کہنے سے پہلے ہی وہ خود بول پڑی۔ "میرا نام جیداں ہے جی۔"

جیداں کا جسم چھریرا تھا۔ ناک نقشہ تیکھا اور سبک تھا۔ عمر بیس سال سے کچھ ہی اوپر تھی۔ اس کی شادی کو تین سال بھی پورے نہیں ہوئے تھے۔ صرف ایک بچی تھی اور وہ بھی اس کے ساتھ تھی۔ جیداں سہمی ہوئی چپ چاپ کھڑی تھی۔ نظریں جھکی تھیں۔ سردار مراد خاں خمار آلود نظر سے قصائی کی طرح جیداں کے بدن کا انگ انگ تول رہا تھا' پرکھ رہا تھا۔

احسان شاہ نے شاہانی کی بھوکی نظروں پر توجہ نہ دی۔ مڑ کر شیدا کو دیکھا۔ "شیدے! یہ اتنی دبلی پتلی کیوں ہے؟ تو اسے کھانے کو روٹی نہیں دیتا۔"

شیدا نے دبی زبان سے بتایا۔ "اسے آئے ہوئے جی' دو ہی مہینے ہوئے ہیں۔ میں رمتے سے کہوں گا' اسے کھانے کو ٹھیک طرح روٹی ٹکر دے۔ وہی ان کی انچارج ہوتی ہے جی۔"

"رمتے کہاں ہے؟" احسان شاہ نے ڈپٹ کر پوچھا۔ "وہ کیوں نہیں آئی۔ کدھر ہے وہ؟"

"شاہ جی!" شیدا گڑگڑانے لگا۔ "اس کے سر میں شام ہی سے سخت درد ہے۔ اوپر چوبارے میں پڑی ہائے ہائے کر رہی ہے۔" شیدا نے زینے کے اوپر بنی ہوئی ممٹی کی طرف اشارہ کیا۔ "میں پہلے اسی کے پاس گیا تھا۔ پر اسے تو بخار بھی ہے۔"

احسان شاہ نے رمتے کے بارے میں مزید پوچھ گچھ نہ کی۔ وہ آگے بڑھنے لگا۔ لیکن شاہانی اپنی جگہ جما کھڑا رہا۔ احسان شاہ کو آگے بڑھتے دیکھ کر اس نے ٹوکا۔ "شاہ جی! ذرا اسے ٹھیک سے دیکھ لینے دے۔" وہ جیداں کو چبھتی ہوئی نظروں سے گھور رہا تھا۔ مسکرا کر احسان علی شاہ کی طرف متوجہ ہوا۔

"یس شاہ جی! میں تو کہتا ہوں' آج رات یہی چلے گی۔"

"تو یہیں پسر گیا۔ اسی کو بلوا لینا۔ پر آگے چل کر تو دیکھ۔ تو کوٹ میں میرا حرم دیکھنے آیا ہے ناں؟ اور بہت مدت کے بعد ادھر آیا ہے۔ پوری طرح دیکھ بھال لے۔ فیر طے کرنا۔"

شاہانی نے اصرار نہ کیا۔ تینوں آگے بڑھ کر دوسری کوٹھری پر پہنچے۔ اس کوٹھری میں بھی ایک نوجوان عورت خوب سنگھار کیے بیٹھی تھی۔ وہ انھیں دیکھ کر کھڑی ہوئی تو اس کا پھولا ہوا پیٹ صاف نظر آنے لگا۔

مراد خاں شاہانی ہنس کر بولا۔ "یس! یہ تو پہلے ہی گبھن ہے۔ اس سے کیا لینا۔ آگے بڑھ شاہ جی۔"

احسان شاہ آگے بڑھا۔ شاہانی اور رحیم داد اس کے ساتھ ساتھ چلے۔ شیدا بھی ان کے ہم راہ لالٹین سنبھالے آگے آگے چل رہا تھا۔ تیسری کوٹھری میں جو عورت تھی' وہ بھی بھرپور جوان تھی مگر اس کے چہرے پر زردی چھائی تھی۔ وہ بیمار تھی۔ ماتھے کے گرد دوپٹہ لپیٹے ہوئے تھی۔ اس کے سر میں شدید درد تھا جس کا اظہار آنکھوں میں منڈلاتی ہوئی بے چینی اور اضمحلال سے ہوتا تھا۔

احسان شاہ کے چہرے سے جھنجلاہٹ برسنے لگی۔ اس نے قہر آلود نظروں سے شیدا کو دیکھا۔ تیکھے لہجے میں پوچھا۔ "نوری کدھر ہے؟"

"وہ آگے ہے جی۔" شیدا نے خوف زدہ ہو کر آہستہ سے بولا۔

"اور رانو کہاں ہے؟"

"تو یہیں پسر گیا۔ اسی کو بلوا لینا۔ پر آگے چل کر تو دیکھ۔ تو کوٹ میں میرا حرم دیکھنے آیا ہے ناں؟ اور بہت مدت کے بعد ادھر آیا ہے۔ پوری طرح دیکھ بھال لے۔ فیر طے کرنا۔"

شاہانی نے اصرار نہ کیا۔ تینوں آگے بڑھ کر دوسری کوٹھری پر پہنچے۔ اس کوٹھری میں بھی ایک نوجوان عورت خوب سنگھار کیے بیٹھی تھی۔ وہ انھیں دیکھ کر کھڑی ہوئی تو اس کا پھولا ہوا پیٹ صاف نظر آنے لگا۔

مراد خاں شاہانی ہنس کر بولا۔ "یس! یہ تو پہلے ہی گبھن ہے۔ اس سے کیا لینا۔ آگے بڑھ شاہ جی۔"

احسان شاہ آگے بڑھا۔ شاہانی اور رحیم داد اس کے ساتھ ساتھ چلے۔ شیدا بھی ان کے ہم راہ لالٹین سنبھالے آگے آگے چل رہا تھا۔ تیسری کوٹھری میں جو عورت تھی' وہ بھی بھرپور جوان تھی مگر اس کے چہرے پر زردی چھائی تھی۔ وہ بیمار تھی۔ ماتھے کے گرد دوپٹہ لپیٹے ہوئے تھی۔ اس کے سر میں شدید درد تھا جس کا اظہار آنکھوں میں منڈلاتی ہوئی بے چینی اور اضمحلال سے ہوتا تھا۔

احسان شاہ کے چہرے سے جھنجلاہٹ برسنے لگی۔ اس نے قہر آلود نظروں سے شیدا کو دیکھا۔ تیکھے لہجے میں پوچھا۔ "نوری کدھر ہے؟"

"وہ آگے ہے جی۔" شیدا نے خوف زدہ ہو کر آہستہ سے بولا۔

"اور رانو کہاں ہے؟"

ریختہ

شیدا نے مستعدی سے جواب دیا۔ "وہ بھی آگے ہے جی۔"

مراد رخاں شاہانی نے ہنس کر کہا۔ "سیں شاہ جی! جلدی کیا ہے۔ انھیں بھی دیکھ لیں گے۔"

احسان شاہ کچھ نہ بولا۔ اس کا چہرہ غصے اور جھنجلاہٹ سے تمتمایا ہوا تھا۔ تینوں آہستہ آہستہ آگے بڑھے اور ہر کوٹھری پر رکتے رہے۔ انھوں نے آٹھ کوٹھریاں دیکھیں مگر کوئی عورت احسان شاہ کی نظروں میں نہ جچی۔ اس کی آنکھوں سے بے قراری جھلک رہی تھی۔ شاہانی کی نگاہوں میں ابھی تک جیداں گھوم رہی تھی۔ کسی اور میں اس نے دلچسپی اور رغبت کا اظہار نہ کیا۔

انھوں نے مزید کوٹھریاں دیکھیں۔ مگر احسان شاہ کی چہرے پر چھائی ہوئی خشونت کم نہ ہوئی بے چینی سے کسی نوجوان عورت کو تلاش کر رہا تھا۔ اور وہ ہنوز نظر نہ آئی تھی۔ ایک کے دوسری کوٹھری کا دروازہ آتا اور ہر دروازے کی دہلیز کے پاس بناؤ سنگھار کیے ہوئے کوئی نوجوان عورت نظر آتی۔

احسان شاہ آہستہ آہستہ آگے بڑھتا ہوا ایک دروازے پر ٹھٹکا اور جم کر کھڑا ہو گیا۔ اس کا کھل اٹھا۔ ہونٹوں پر تبسم بکھر گیا۔ سامنے چراغ کی روشنی میں ایک عورت پتھر کے ترشے ہوئے مجسمے کی مانند استادہ تھی۔ کھلتی ہوئی سرمئی رنگت' آنکھیں روشن' بال گھنے اور چمکیلے' کولہے چوڑے۔ وہ بھرپور جوان تھی۔ جسم بھرا بھرا اور گداز تھا۔ ناک میں فیروزے کا کوکا تھا۔ ہونٹ قدرے موٹے تھے اور ان کے بالائی حصے پر پسینے کے ننھے ننھے قطرے جھلملا رہے تھے۔

احسان شاہ نے نشے میں ڈوبی ہوئی آواز میں مراد خاں شاہانی سے کہا۔ "لے بھئی شاہانی! یہ رہا رانو۔" وہ کوٹھری کے اندر داخل ہو گیا۔ لڑکھڑاتے قدموں سے رانو کے پاس گیا۔ ہولے سے اس کے رخسار میں چٹکی بھری۔ رانو نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر مسکراتے ہوئے احسان شاہ کو ایک خاص ادا سے دیکھا۔

احسان شاہ نے اونچی آواز سے شاہانی کو مخاطب کیا۔ "شاہانی! بول کیا کہتا ہے؟"

"کہنا کیا ہے' ایک دم فسٹ کلاس ہے۔" شاہانی نے قہقہہ لگایا۔

احسان شاہ کوٹھری سے باہر نکلتے ہوئے بولا۔ "آگے بھی دیکھ لے۔"

تینوں آگے کی کوٹھریوں کی جانب بڑھے۔ وہ ہر کوٹھری میں بیٹھی ہوئی عورت کو دیکھتے' پرکھتے آگے بڑھتے گئے۔ ایک کوٹھری کے دروازے پر رک کر احسان شاہ نے شیدا سے پوچھا۔

"شیدے! یہ نوراں ہے ناں؟"

نوراں کا نام سن کر رحیم داد ٹھٹکا۔ اسے اپنی بیوی نوراں یاد آ گئی۔ اس نے دھڑکتے دل اور سہمی

ہوئی نظروں سے کوٹھری میں مونج کی چٹائی پر بیٹھی ہوئی عورت کو دیکھا۔ وہ فوراً اپنا لاچا سنبھالتی ہوئی اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ مگر وہ رحیم داد کی نوراں نہ تھی۔ اس کی بیوی کی طرح خوبصورت اور طرح دار بھی نہ تھی۔ مگر یہ نوراں بھی بری نہ تھی۔ رنگت اجلی تھی۔ آنکھیں بڑی بڑی اور گہری سیاہ تھیں۔ لیکن رحیم داد کو اس کا کسا ہوا سڈول جسم زیادہ پسند آیا۔

رحیم داد نے زبان سے کچھ نہ کہا۔ خاموش کھڑا نوراں کو دیکھتا رہا۔ جب تینوں اس کوٹھری کے دروازے سے آگے بڑھے تو رحیم داد نے چلتے چلتے مڑ کر نوراں کو ایک بار پھر دیکھا۔ اس کے ہونٹوں پر ہلکی ہلکی مسکراہٹ تھی۔ نشے میں ڈوبی ہوئی آنکھوں میں چراغ جھلملا رہے تھے۔

احسان شاہ نوری کی کوٹھری پر رکا۔ اندر گیا۔ نوری کے رخسار میں اس نے پیار سے چٹکی بھری۔ مسکرایا اور باہر آ گیا۔ آگے بڑھا۔ اس نے نوری کے بجائے اپنے لیے رشماں کو پسند کیا۔ اسے تین سال قبل اٹھوا کر کوٹ میں لایا گیا تھا۔ یہیں اس کے دو بچے بھی ہوئے۔ دو پہلے بھی تھے جو اس کے شوہر کے پاس تھے۔ لیکن رشماں پر چار بچوں کی ماں ہونے کے باوجود بچپن تھا۔ اس کا لاچا نیلا تھا اور قمیص گہری سرخ تھی۔ ہونٹوں پر سرخی تھی اور آنکھوں میں کاجل تھا۔ احسان شاہ کو دیکھتے ہی اس نے اپنا لاچا اشتعال انگیز انداز میں ایک ہاتھ سے سنبھالا اور گردن کو ذرا سا خم دے کر کھڑی ہو گئی۔ اس نے ترچھی نظروں سے احسان شاہ کو دیکھا۔ مسکرا کر اس طرح شرمائی کہ احسان شاہ تڑپ اٹھا۔ جھومتا جھومتا اس کی جانب جھپٹا۔ قریب گیا اور رشماں کو سینے سے لگا کر شیدا کی جانب دیکھا۔

"شیدے! اسے میرے کمرے میں پہنچا دے۔"

تینوں نے ۲۱ عورتیں دیکھیں۔ کچھ کوٹھریوں کے دروازے بند تھے۔ کچھ خالی تھیں۔ ان میں رہنے والی عورتیں حویلی میں کام کاج کر رہی تھیں یا اس حالت میں نہیں تھیں کہ نہا دھو کر اور بن سنور کر احسان شاہ اور اس کے مہمانوں کے سامنے آ سکیں اور ان کے خلوت کدوں کی زینت بن سکیں۔

کوٹ کی کوٹھریوں کا معائنہ کرنے کے بعد احسان شاہ نے چلتے چلتے رحیم داد سے دریافت کیا۔

"چوہدری! تو نے اپنے لیے کوئی رن پسند نہیں کی؟"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ خاموش رہا۔

احسان شاہ مسکرایا' اصرار کیا۔ "چوہدری! ایسے کام نہیں چلے گا۔ کھل کر بتا۔ کسے اپنے پاس بلانا چاہتا ہے؟"

رحیم داد اب چپ نہ رہ سکا۔ نشے سے جھوم کر بولا۔ "نوراں میرے لیے ٹھیک رہے گی۔"

"نوراں!" احسان شاہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر پوچھا۔ "وہ کون سی تھی؟" نشے کی جھو میں نوراں کا نام احسان شاہ کے ذہن سے نکل گیا تھا۔

"شاہ جی! تجھے تو سب کے نام بھی یاد نہیں۔" شاہانی ہنس کر بولا۔ "یاد پڑتا ہے ان میں نورا بھی تھی اور تو نے ہی اسے پہچانا بھی تھا۔"

"ہوگی' ضرور ہوگی۔" احسان شاہ کھلکھلا کر زور سے ہنسا۔ "کس کس کے نام یاد رکھوں سوچتا ہوں' ان کے لیے رجسٹر رکھنا پڑے گا۔" اس نے قہقہہ بلند کیا۔ شیدا کی جانب متوجہ ہوا "نوراں کو چوہدری کے کمرے میں پہنچا دینا۔" اس نے مڑ کر مراد خاں شاہانی کی طرف دیکھا "تو نے تو رانو کو پسند کیا ہے نا؟"

"پر جیداں کو ایک بار اور دیکھ لینے دے۔" شاہانی نے نشے کی ترنگ میں لہرا کر کہا۔

مراد خاں شاہانی آگے بڑھا۔ احسان شاہ نے اسے ٹوکا۔ "گل سن۔" مگر شاہانی سنی ان سنی کر ہوئے جیداں کی کوٹھری کی جانب بڑھنے لگا۔ احسان شاہ نے شیدا کو اشارہ کیا۔ وہ ہاتھ میں لالٹین سنبھالے شاہانی کے ساتھ ساتھ چلا۔ دونوں جیداں کے پاس پہنچے۔ وہ دروازے کی جانب پیٹھ موڑے چراغ کی دھندلی روشنی میں مونج کی چٹائی پر گم صم بیٹھی تھی۔

قدموں کی آہٹ سن کر جیداں نے مڑ کر دیکھا۔ دہلیز پر شاہانی کھڑا تھا۔ اس کے ہم راہ شیدا بھی تھا۔ جیداں ہڑبڑا کر اپنا چالا سنبھالتی ہوئی اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ اس کا چہرہ مرجھایا ہوا تھا اور آنکھوں کا کاجل پھیل گیا تھا۔

شاہانی نے حیرت سے کہا۔ "لگتا ہے تو رو رہی ہے۔"

جیداں خاموش کھڑی رہی۔ اس نے زبان سے کچھ نہ کہا۔ اس کی آنکھوں میں آنسو جھلملا رہے تھے اور پلکیں صاف بھیگی ہوئی نظر آرہی تھیں۔ شاہانی نے اسے خمار آلود نظروں سے دیکھا۔ جھوم کر بولا۔ "تو ضرور رو رہی تھی۔ صاف صاف بتا۔ تو رو رہی تھی نا؟"

"ہاں جی۔" جیداں نے آہستہ آہستہ سر ہلایا۔ "مجھے اپنی نکی یاد آرہی ہے۔" اس کی آنکھوں میں آنسو امڈے اور چھلک پڑے۔

شاہانی بڑھ کر اس کے قریب پہنچ گیا۔ پوچھا۔ "کہاں ہے تیری نکی"؟"

"میرے گھر والے کے پاس ہے۔" وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔ "مجھے میری نکی سے ملوا دے۔" اس کی آنکھوں سے آنسو ٹپک کر رخساروں پر بکھرنے لگے۔ شاہانی نے اس کی پیٹھ تھپکتے

ہوئے کہا۔ "ضرور ملوا دوں گا بلکہ اسے تیرے ہی پاس منگوا دوں گا۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "لے' اب تو ہنس دے۔"

جیداں مسکرائی اور جلدی جلدی آنسو پونچھنے لگی۔

احسان شاہ بھی رحیم داد کے ہم راہ جیداں کی کوٹھری کے دروازے پر پہنچ گیا۔ شاہانی کو جیداں کے قریب کھڑے ہوئے دیکھا۔ ہنس کر بے تکلفی سے بولا۔ "لگتا ہے' تجھے یہ زیادہ ہی پسند آگئی۔"

"بس شاہ جی! اسی کو میرے پاس بھجوا دے۔" اس نے احسان شاہ کی جانب بڑھتے ہوئے کہا۔

احسان شاہ نے مڑ کر شیدا کی جانب دیکھا۔ جیداں کی طرف اشارہ کیا۔ "کیا نام ہے اس کا؟"

شیدا نے مستعدی سے جواب دیا۔ "جیداں۔"

"جیداں' جیداں۔" احسان شاہ نشے کی ترنگ میں جیداں کے نام کی گردان کرنے لگا۔ پھر وہ مسکرایا۔ شیدا کو مخاطب کیا۔ "شیدے! اسے شاہانی کے کمرے میں پہنچا دینا۔"

"پہنچا دوں گا جی' بالکل پہنچا دوں گا۔" شیدا نے احسان شاہ کو یقین دلایا۔

احسان شاہ خاموش رہا۔ اس نے نہ جیداں کے مرجھائے ہوئے چہرے کو دیکھا اور نہ ہی اس کی آنکھوں کے پھیلے ہوئے کاجل کی جانب توجہ دی۔ اس نے شاہانی کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔ آہستہ آہستہ تھپ تھپایا اور اس کے ساتھ ساتھ آگے بڑھا۔ رحیم داد بھی آگے بڑھا۔

تینوں برآمدے سے اتر کر آنگن میں پہنچے۔ اسے عبور کیا۔ ڈیوڑھی میں داخل ہوئے۔ کوٹ کی اونچی اونچی فصیلوں سے باہر نکلے۔ پہریدار صدر دروازے پر سر جھکائے ادب سے کھڑے تھے۔ تینوں نے پہریداروں کی جانب مطلق توجہ نہ دی۔ لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے آہستہ آہستہ دیوان خانے کی جانب بڑھنے لگے۔

☆

شیدا' ڈیوڑھی کے دروازے ہی پر ٹھہر گیا۔ اسے ابھی کئی اہم کام انجام دینا تھے۔ رحیماں' جیداں اور نوراں کو علیحدہ کوٹھری میں اکٹھا کرنا تھا اور وہاں سے انھیں احسان شاہ' مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کے کمروں میں پہنچانا تھا۔ ان کی اس وقت تک کڑی نگرانی بھی کرنا تھی جب تک وہ مقررہ ٹھکانوں پر نہ پہنچ جائیں۔ اسے ڈر تھا' کہیں ایسا نہ ہو کہ تینوں عورتوں میں سے کسی کو احسان شاہ کا کوئی بیٹا پہلے ہی اچک لے جائے۔ احسان شاہ کے ایک دو نہیں پورے دس بیٹے تھے۔ دو سرکاری ملازمتوں میں تھے اور اعلیٰ افسر تھے۔ ایک انگلستان میں بیرسٹری کی تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ اس سے چھوٹا لاہور میں پڑھ رہا تھا۔ حویلی میں چھ بیٹے تھے مگر تین جوان ہو چکے تھے اور سن و

سال کے اعتبار سے کچھ پہلے ہی جوان ہو گئے تھے۔

احسان شاہ کے یہ تمام بیٹے صرف دو نکا ستابیویوں سے تھے۔ ویسے اس نے چار عورتوں باقاعدہ نکاح کیا۔ پہلی ٹائیفائیڈ میں مبتلا ہو کر انتقال کر گئی۔ اس سے احسان شاہ کی کوئی اولاد نہ تیسری سے چار بیٹیاں ہوئیں۔ وہ اولاد نرینہ کے لیے سخت پریشان رہتی تھی۔ چھپ چھپ درگاہوں اور مزاروں پر حاضری دیتی۔ منتیں مانتی۔ گڑگڑا کر دعائیں مانگتی۔ بیٹے کے ارمان میں وقت سرگرداں رہتی۔ اسی ارمان میں وہ ایک پیر کے چکر میں آگئی۔ پیر کے ہجرے میں جاتی تو گھنٹ اس کے ساتھ خلوت میں رہتی۔ حویلی کی ایک خادمہ 'فیروزہ اس کی محرم راز تھی۔ مگر وہ احسان کی بھی منظور نظر تھی۔ اس نے احسان شاہ کو ایک روز تنہائی میں سب کچھ بتا دیا۔

اسے بیوی کی ان حرکتوں کا علم ہوا تو غصے سے دیوانہ ہو گیا۔ یہ اس کی عزت و ناموس کا سو تھا۔ اس نے ایک رات برافروختہ ہو کر بیوی کا اس طرح گلا گھونٹا کہ وہ مر گئی۔ احسان شاہ۔ رازداری سے لاش ٹھکانے بھی لگا دی۔ لیکن پیر سے باز پرس کرنے یا انتقام لینے کی اسے جرات ہوئی۔

اب اس کی دو منکوحہ بیویاں رہ گئیں تھیں۔ ان کے تین جوان بیٹے حویلی ہی میں رہتے تھے مزارعوں اور کمیوں کی لڑکیوں اور بیویوں کے بارے میں ان کا رویہ اپنے باپ سے مختلف نہ تھا احسان شاہ جن عورتوں کو اٹھوا کر کوٹ میں قید رکھتا' وہ اس کے تصرف میں بھی رہتیں اور اس کے نوجوان بیٹوں کے شبستانوں کی بھی زینت بنتیں۔

شیدا حویلی کے ہر راز سے واقف تھا۔ وہ احسان شاہ کا نہایت قابل اعتماد اور منہ چڑھا ملازم تھا۔ مگر اس کے غصے اور خونخوار مزاج سے خائف بھی رہتا۔ کوشش کرتا کہ ہر کام احسان شاہ کی مرضی کے مطابق ہو۔ اگر اس رات احسان شاہ کا کوئی بیٹا ر -شماں' جیداں یا نوراں میں سے کسی کو بھی اپنے کمرے میں لے جاتا تو احسان شاہ بیٹے سے تو کچھ نہ کہتا مگر شیدا کی شامت آجاتی۔ لہٰذا شیدا پوری طرح چوکنا اور چوکس تھا۔ اس نے کوٹ سے باہر قدم ہی نہ نکالا۔ وہ ر -شماں' جیداں اور نوراں کو جلد سے جلد احسان شاہ' مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کے کمروں میں پہنچانے کے بندوبست میں لگا رہا۔

☆

احسان علی شاہ کوٹ سے نکل کر شاہانی اور رحیم داد کے ہم راہ ایک بار پھر دیوان خانے میں پہنچا۔ تینوں باغ میں نہ بیٹھے۔ اب وہاں خنکی تھی۔ اوس بھی پڑ رہی تھی۔ وہ باغ سے ملحقہ

برآمدے میں کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ رات کسی قدر گہری ہو چکی تھی۔ ہوا کے نرم نرم جھونکے سرسراتے ہوئے چلتے تھے۔ انھوں نے کچھ دیر وہسکی سے اور شغل کیا۔ اس عرصے میں نوکروں نے کھانا لگا دیا۔ تینوں شراب نوشی سے فارغ ہوئے تو کھانے پر جٹ گئے۔ کھانا کھا کر وہ اپنے اپنے کمروں کی جانب چلے گئے۔

رحیم داد نے کمرے کا دروازہ آہستہ سے کھولا۔ دیکھا نوراں وہاں موجود ہے۔ وہ بستر کے ایک کونے پر پیر نیچے لٹکائے خاموش بیٹھی تھی۔ رحیم داد نے خمار آلود نگاہوں سے اسے دیکھا اور لمحہ بھر تک ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔ اسے ایسا محسوس ہوا کہ اس کی بیوی 'نوراں' اپنے آشنا' جمال دین' کو چھوڑ کر واپس آگئی ہے۔ وہ ڈگمگاتے قدموں سے آگے بڑھا۔ اور نوراں کے قریب جا کر بیٹھ گیا۔

وہ کچھ نہ بولی۔ نہ پہلو بدلا نہ کسمسائی۔

رحیم داد بھی خاموش رہا۔ کئی لمحے گزر گئے۔ کمرے میں گہرا سکوت چھایا تھا۔

آخر رحیم داد نے خاموشی سے اکتا کر بات چھیڑی۔ "تیرا نام نوراں ہے ناں؟"

"اخوجی!" اس نے مختصر جواب دیا۔

پھر خاموشی چھا گئی۔ ایک بار پھر رحیم داد نے خاموشی کو توڑا' دریافت کیا۔ "تیرا گھر والا ہے؟"

وہ رحیم داد کی جانب نظریں اٹھائے بغیر بولی۔ "ہے تو جی۔"

"بچے بھی ہیں؟"

"دو ہیں جی۔" نوراں نے بتایا۔

رحیم داد نے اجنبیت کا احساس زائل کرنے کی غرض سے بات آگے بڑھائی۔ "تو اسی پنڈ کی رہنے والی ہے؟"

"نہیں جی' میرا پنڈ تو ادھر ماڑی کبوہ کے پاس ہے۔" اس نے مغرب کی سمت ہاتھ اٹھا کر بتایا۔ "میرا زمیں دار تو میاں رحمان وٹو ہے۔"

"تو شاہ جی کے کوٹ میں کیسے آئی؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر دریافت کیا۔ "شاہ جی تو تیرا زمیں دار بھی نہیں۔ فیر تو کیسے ادھر پہنچی؟"

"یہ تو میں نوں بھی پتہ نہیں۔" نوراں نے سادگی سے بتایا۔ "میں نوں تو جی اتنا یاد ہے۔ سویرے بہت تڑکے ٹٹی کرنے نیا ئین گئی تھی۔ زمین پر بیٹھنے کے لیے جھکی تو کسی نے پیچھے سے ہاتھ بڑھا کر میرا منہ دبا لیا۔ وہ ۵ تھے۔ منہ پر منڈاسے باندھے ہوئے تھے۔ مجھے اٹھا کر زمیں دار کی ماڑی میں لے گئے۔ کئی مہینے میں وٹو کی ماڑی میں رہی۔ فیر ایک رات اس نے مجھے شاہ جی کے پنڈ پہنچا دیا۔ تب

سے جی میں یہاں ہوں۔"

"کتنے دن ہو گئے تیں نوں یہاں آئے ہوئے؟"

"اگلے جاڑوں میں جی پورے دو سال ہو جائیں گے۔" وہ بجھے ہوئے لہجے میں بولی۔ "میرے گھر والے کو تو سال بھر بعد پتہ چلا' میں ادھر پیراں والہ میں ہوں۔ وہ ایک بار یہاں آیا بھی تھا۔"

"تجھے ملا تھا؟" رحیم داد نے اس کی باتوں میں دلچسپی لیتے ہوئے پوچھا۔

"نا جی ناں۔ شاہ جی نے مجھے اس سے بالکل ملنے نہ دیا۔ اسے چار روز حویلی میں کیدی بنا کر رکھا۔ چھت سے الٹا لٹکا کر بہت پٹائی کی۔ فیر پتہ نہیں دوبارہ آیا' میں نوں تو یہ بھی پتہ نہیں کہ وہ کہاں ہے' کیسا ہے؟ بچوں کے بارے میں بھی کچھ پتہ نہیں۔"

"یاد تو آتے ہوں گے۔" رحیم داد نے غیر شعوری طور پر اس کے زخموں کو چھیڑ دیا۔

نوراں تڑپ کر بولی۔ "کیوں نہیں یاد آتے۔ جب بہت یاد آتے ہیں تو چپکے چپکے رو لیتی ہوں۔" اس کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ آنکھوں میں آنسوؤں کے قطرے جھلملانے لگے۔ رحیم داد نے اس کی جانب نہ دیکھا۔ بستر پر خاموش بیٹھا رہا۔

باغ میں کھلنے والی کھڑکی سے ہوا کے بے قرار جھونکے اندر آ رہے تھے۔ رحیم داد اٹھا اور کھڑکی کے ایک پٹ کا سہارا لے کر کھڑا ہو گیا۔ باغ میں گہرا سناٹا تھا۔ قریب ہی پھولوں سے لدی رات کی رانی مہک رہی تھی۔

گیارہ بجے کا عمل تھا۔ سونے والے سو رہے تھے' رات جاگ رہی تھی۔ خوشبو میں بسے ہوئے جھونکے بار بار امنڈتی لہروں کی مانند آتے۔ رحیم داد گہری سانس بھرتا۔ نشے کا ریلا رک رک کر آتا۔ رحیم داد کا سر ہر ریلے کے ساتھ جھومتا۔ قدم ڈگمگاتے۔ آنکھوں میں چراغ جلتے بجھتے۔ سیاہ پردے لہراتے۔ وہ دیر تک کھڑکی کا سہارا لیے جھومتا رہا۔ کھڑکی کا پٹ ساتھ نہ دے سکا تو اس نے چوکھٹ کو مضبوطی سے تھام لیا۔

رحیم داد نے پلٹ کر نوراں کو دیکھا اور ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔ نوراں نے بھی نظریں اٹھا کر اس کی جانب دیکھا۔ دونوں کی نظریں ملیں۔ رحیم داد نے مسکرا کر پوچھا۔

"تو نوراں ہی ہے ناں؟"

وہ منہ سے کچھ نہ بولی۔ آہستہ آہستہ گردن ہلانے لگی۔ رحیم داد کا چہرہ دمکنے لگا۔ آنکھیں نشے سے مدہوش ہو گئیں۔ وہ وارفتگی کے عالم میں جھومتا جھامتا نوراں کی طرف بڑھا۔ اب وہ تند اور تیز بگولہ تھا جو امڈنے اور امڈ کر بکھرنے کے لیے بے تاب تھا۔

سویرے رحیم داد کی آنکھ کھلی تو نوراں موجود نہ تھی۔

☆

سردار مراد خاں شاہانی اب جا چکا تھا۔

وہ پیراں والہ میں پانچ روز قیام کرنے کے بعد لاہور چلا گیا۔ مگر پانچ ہی روز میں وہ رحیم داد سے بہت گھل مل گیا تھا۔ وہ بیٹ کے علاقے کا خاندانی جاگیردار تھا۔ لیکن رحیم داد نے اس میں خاندانی جاگیرداروں والا طنطنہ اور طمطراق نہ پایا۔ وہ یاروں کا یار تھا۔ ہنس مکھ اور فراخ دل تھا۔ رخصت ہوتے وقت اس نے زور دے کر رحیم داد کو اپنی جاگیر میں آنے اور چند روز قیام کرنے کی دعوت دی۔

مراد خاں شاہانی کے جانے کے بعد رات کی محفلیں قدرے سونی پڑ گئیں۔ بات یہ تھی کہ شاہانی بڑا زندہ دل اور یارباش تھا۔ بات بات پر قہقہے لگاتا۔ دبا کے شراب پیتا مگر مطلق نہ بہکتا جاگیرداروں اور بڑے زمیں داروں کی عام روایت کے مطابق عورت اس کی بھی کمزوری تھی اور اس حد تک تھی کہ اسے ہر عورت گوارہ تھی۔ اپنی اس کمزوری کو وہ چھپاتا بھی نہ تھا۔ نہایت دھڑلے سے بتاتا تھا۔ لاہور روانہ ہونے سے ایک روز قبل رات کو معمول کے مطابق وہسکی کا دور چل رہا تھا۔ شاہانی عورتوں کے بارے میں اپنے تجربات ہنس ہنس کر سنا رہا تھا۔ بات کہتے کہتے اس نے زور کا قہقہہ بلند کیا اور ایک آنکھ دبا کر بولا۔

"مرد کے بڑھاپے کی پہچان تو یہ ہے سئیں' جب وہ بڈھی اور جوان' خوبصورت اور بدصورت عورت میں فرق محسوس کرنے لگے تو سمجھو وہ بڈھا ہو گیا۔"

رحیم داد اس کی یہ منطق سن کر چونکا۔ حیرت سے بولا۔ "نہیں جی یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" وہ بھی اس وقت نشے کی ترنگ میں تھا۔ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "ایسہ گل اے تو یہ بتا تو رحمتے کے ساتھ سو سکتا ہے؟"

"سو سکتا ہوں' ضرور سو سکتا ہوں۔" مراد خاں شاہانی اپنی بات پر اڑا رہا۔ "آزما کے دیکھ لے۔"

احسان شاہ نے مداخلت کی۔ وہ سردار شاہانی کے مزاج سے بخوبی واقف تھا۔ مدت سے شناسائی تھی۔ اس نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! اس سے اڑی نہ کر۔" وہ کھلکھلا کر زور سے ہنسا۔ "یہ بہت خنزیر ہے۔" اس نے بے تکلفی سے شاہانی کے کندھے پر ہاتھ مارا۔ "تو اسے نہیں جانتا۔ یہ رحمتے کے ساتھ بھی سو جائے گا۔"

رحیم داد کو پھر بھی یقین نہ آیا۔ کہنے لگا۔ "نہیں شاہ جی! ایسا نہیں ہو سکتا۔" اس نے شاہانی کی طرف مڑ کر دیکھا۔ "شاہانی! تو نے رحمتے کو دیکھا ہے؟" یہ کہہ کر وہ احسان شاہ کی جانب متوجہ ہوا۔

"شاہ جی! رحمتے کو بلوا لے۔ تب دیکھوں گا یہ اس کے ساتھ سو سکتا ہے کہ نہیں۔"

"شاہ جی' بلوا لے' اسے ابھی بلوا لے۔" شاہانی کے رویئے میں مطلق فرق نہ آیا۔ وہ زندہ دلی سے مسکراتا رہا۔

احسان شاہ نے منع بھی کیا۔ مگر شاہانی باز نہ آیا۔ اپنی ضد پر اڑا رہا۔ اس نے اصرار کیا۔ "میرے شاہ جی! تو رحمتے کو بلوا لے۔ میری خاطر بلوا لے۔"

احسان شاہ نے شیدا کو بلایا۔ اس سے کہا۔ "رحمتے کو یہاں لے آ۔"

شیدا خاموشی سے مڑا اور برآمدے سے چلا گیا۔ واپس آیا تو رحمتے اس کے ساتھ تھی۔ وہ ڈھلتی عمر کی پستہ قد عورت تھی۔ جسم پھیلا ہوا تھا۔ رنگت گہری سانولی تھی۔ چہرہ چوڑا چکلا اور گوشت سے بھرا ہوا تھا۔ ناک بھونڈی اور آنکھیں چھوٹی چھوٹی تھیں۔ ایک رخسار پر بڑا سا مسا تھا۔ بال خوب گھنے اور سیاہ تھے۔ جن میں کہیں کہیں سے سفیدی جھلکتی تھی۔ وہ کم رو بھی تھی اور سن بھی چالیس سے اوپر ہی تھا۔ وہ اس وقت میلے کچیلے کپڑے پہنے تھی جن سے پسینے کی تیز بو اٹھتی تھی۔

سردار شاہانی نے نظر بھر کر رحمتے کو دیکھا۔ قہقہہ مار کر ہنسا۔ احسان شاہ کو مخاطب کیا۔ "شاہ جی! تو نے یہ سانول دانا کہاں چھپا رکھا تھا۔" یہ کہتا ہوا وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ وہسکی سے بھرا ہوا گلاس ہونٹوں سے لگایا اور غٹاغٹ چڑھا گیا۔ اس نے خالی گلاس میز پر رکھا۔ رحمتے کی طرف بڑھا۔ قریب پہنچا اور اس کے روبرو کھڑا ہو گیا۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر رحمتے کے پھولے پھولے گالوں کو انگلیوں سے پکڑ کر ہولے ہولے ہلایا۔ بے تکلفی سے ہنسا۔

"میں صدقے ونجاں۔" اور رحمتے کے بازو میں بازو ڈال کر بولا۔ "ادھر آ دل جانی۔"

رحمتے اس کے پہلو میں کسمسائی۔ شاہانی نے قہقہہ بلند کیا۔ "نخرا شکرا چھوڑ۔ رناں دے چالے نہ کر۔ سدھی سدھی چل۔" شاہانی نے ہولے سے ٹھوکا دیا اور رحمتے کے سہارے ڈگمگاتے قدموں سے چلتا ہوا اپنے کمرے کی جانب بڑھنے لگا۔

رحیم داد حیرت سے آنکھیں پھاڑے اسے دیکھتا رہا۔ احسان شاہ بے نیازی سے بیٹھا وہسکی کی چسکی لگاتا رہا۔

اس واقعے کے دوسرے ہی روز شاہانی چلا گیا۔ مگر رحیم داد ٹھہرا رہا۔ تیسرے روز تحصیل دار آ گیا۔ وہ سرکاری دورے پر نکلا تھا۔ لیکن اس کا قیام احسان شاہ کی حویلی میں رہا۔ تحصیل دار جب

پہنچا تو شام گہری ہو چکی تھی۔ احسان شاہ اور رحیم داد باغ کے ایک گوشے میں بیٹھے تھے۔ وہسکی کا دور چل رہا تھا۔ احسان شاہ تحصیل دار کو دیکھتے ہی اٹھا اور بڑی گرم جوشی سے بغل گیر ہوا۔

دونوں کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ احسان شاہ نے تحصیل دار کی طرف ہاتھ اٹھا کر رحیم داد سے کہا۔ "یہ اپنی تحصیل کے تحصیل دار' منور خاں ہیں۔" تحصیل دار کو اپنے روبرو بیٹھے دیکھ کر رحیم داد بدکا' گھبرایا بھی۔ لیکن احسان شاہ اس کی گھبراہٹ اور پریشانی سے بے نیاز کہتا رہا۔

"اور جی یہ کوٹلہ ہرکشن کا زمیں دار' اپنا یار' نورالٰہی ہے۔"

شیدا نے جھٹ گلاس میز پر رکھا۔ احسان شاہ نے گلاس میں وہسکی ڈالی۔ ہلکا قہقہہ لگایا۔ "جان پہچان کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔" اس نے باری باری تحصیل دار اور رحیم داد کو دیکھا۔ "جو کمی رہ گئی ہے وہ تم دونوں ابھی خود ہی پوری کر لو گے۔" اس نے پیگ بنا کر تحصیل دار کے سامنے رکھا اور بے تکلفی سے بولا۔ "یار منور خاں! اب تو شروع ہو جا۔" تحصیل دار نے گلاس اٹھا کر ہاتھ بلند کیا۔ مسکرایا' گلاس ہونٹوں سے لگایا اور فوراً شروع ہو گیا۔

تحصیل دار بھی بڑا یار باش اور زندہ دل تھا۔ رحیم داد کا ہم عمر بھی تھا۔ اس نے سردار مراد خاں شاہانی کی کمی پوری کر دی۔ ایک ہی رات میں وہ رحیم داد سے اس قدر مانوس اور بے تکلف ہو گیا کہ عورت کا انتخاب بھی اس نے رحیم داد کی مرضی پر چھوڑ دیا۔ رحیم داد نے گریز کیا تو وہ سر ہو گیا۔ نشے میں جھوم کر بار بار شیدا سے کہتا۔ "شیدے! میرے لیے تو وہی آئے گی جسے چوہدری کہے گا۔" احسان شاہ بے نیازی سے گھونٹ گھونٹ وہسکی پیتا رہا۔

اس کی ضد کے سامنے رحیم داد کو ہتھیار ڈالنا پڑے۔ شیدا سے کہا۔ "تحصیل دار کے لیے رانو کو لے آ۔"

شیدا تھوڑی دیر بعد رانو کو لے آیا۔ اسے دیکھ کر تحصیل دار منور خاں بہت خوش ہوا اور اس قدر خوش ہوا کہ رانو کے بجائے بڑھ کر رحیم داد کا منہ چوم لیا۔ اس وقت وہ نشے میں دھت تھا۔ چڑھا بھی زیادہ گیا تھا۔

تحصیل دار سویرے ہی سویرے دورے پر نکل گیا اور شام تک نہ لوٹا۔ احسان شاہ اور رحیم داد حسب معمول وہسکی سے شغل کر رہے تھے۔ شام کی رنگت کالی ہوئی اور اندھیرا بڑھا تو تحصیل دار بھی آ گیا۔ سیدھا باغ کے اس گوشے میں پہنچا جہاں احسان شاہ اور رحیم داد بیٹھے تھے۔ تحصیل دار منور خاں کے ہم راہ علاقے کا تھانے دار بھی تھا۔ وہ اس وقت وردی میں تھا۔

تھانے دار کو دیکھتے ہی رحیم داد کے اوسان خطا ہو گئے۔ اس کا ہاتھ لرز کر رہ گیا۔ گلاس بھرا ہوا

نہ تھا ورنہ جھلک پڑتا۔ لیکن تھانے دار نے رحیم داد پر کوئی توجہ نہ دی۔ بیٹھتے ہی ڈکیتی کی ایک واردات کا ذکر چھیڑ دیا جس میں گاؤں والوں نے جم کر ڈاکوؤں سے مقابلہ کیا تھا۔ اور انھیں فرار ہونے پر مجبور کر دیا تھا۔ مگر گاؤں کا ایک نوجوان ڈاکوؤں کی اندھا دھند فائرنگ سے ہلاک بھی ہوا تھا۔ تھانے دار اسی واردات کی تفتیش کے بعد لوٹا تھا۔

تھانے دار ڈاکے کی واردات کے بارے میں ایک ایک تفصیل احسان شاہ کو سناتا رہا اور رحیم داد سہما ہوا خاموش بیٹھا رہا۔ احسان شاہ نے تحصیل دار اور تھانے دار کے سامنے بوتل کے ساتھ گلاس بھی رکھ دیے۔ دونوں نے خود ہی اپنے لیے پیگ تیار کیے اور گلاس ہونٹوں سے لگا کر ایک ایک گھونٹ بھرا۔

وہسکی کا دور چلتا رہا۔ اس کے ساتھ ساتھ ادھر ادھر کی باتیں بھی ہونے لگیں۔ حجابات اٹھنے لگے۔ تکلفات مٹتے گئے۔ قہقہے بلند ہونے لگے۔ نشہ چڑھا اور تیز ہوا تو سب ایک ہی رنگ میں رنگے گئے۔ فاصلے قربتوں میں بدل گئے۔ رحیم داد کے ذہن پر چھایا ہوا خوف اور خطرے کا احساس رفتہ رفتہ زائل ہوتا گیا۔ وہ بھی گفتگو میں حصہ لینے لگا اور پھر ایسا مرحلہ آگیا کہ احسان شاہ اور تحصیل دار منور خاں کی طرح وہ تھانے دار سے بھی مانوس اور بے تکلف ہو گیا۔

شغل بادہ نوشی سے جب چاروں فارغ ہوئے تو رات بھیگ چکی تھی۔ رحیم داد اور تھانیدار ایک دوسرے کے اس قدر زیادہ قریب آچکے تھے کہ ہنس ہنس کر بے دھڑک باتیں کرتے تھے۔ مگر رحیم داد نے نشے میں چور ہونے کے باوجود تھانے دار سے اللہ وسایا کے قتل کے بارے میں کوئی بات نہیں کی۔ احسان شاہ نے بھی اس سلسلے میں اجتناب برتا اور تھانے دار نے بھی اس کا ذکر نہ چھیڑا۔

☆

تھانے دار نے صرف رات بھر حویلی میں قیام کیا۔ وہ سویرے اٹھ کر چلا گیا۔ البتہ تحصیل دار منور خاں چار روز ٹھہرا۔

رحیم داد نے دو ہفتے سے بھی زیادہ عرصے تک قیام کیا۔

دن کا بیشتر حصہ وہ سو کر گزارتا۔ شام ہوتے ہی احسان شاہ کے ساتھ مے نوشی کرتا۔ ہر رات نوراں کو اپنے کمرے میں بلوا لیتا۔ وہ رحیم داد سے خوش بھی تھی۔ ہر رات خوب بن سنور کے اس کے پاس آتی۔ رحیم داد نشے سے جھومتا جھومتا کمرے میں داخل ہوتا تو وہ ہنستی مسکراتی اٹھ کر کھڑی ہو جاتی۔ آگے بڑھتی اور جھٹ رحیم داد کا بازو تھام لیتی۔ اسے سہارا دے کر بستر پر لاتی اور اس کے پہلو میں سمٹ کر بیٹھ جاتی۔

رحیم داد کبھی اس کے بالوں میں انگلیوں سے کنگھی کرتا۔ کبھی ہولے سے رخسار میں چٹکی بھرتا۔ کبھی پیار سے اس کا سر اپنے سینے سے لگا لیتا' چھیڑ چھاڑ کرتا۔ ہنستا' قہقہے لگاتا اور ہر رات نوراں کو پانچ روپے دیتا۔ کبھی وہ روٹھ جاتی تو مناتا۔ مضمحل اور پریشان نظر آتی تو اس کی دل جوئی کرتا۔

نوراں میں رحیم داد کی بڑھتی ہوئی دلچسپی دیکھ کر ایک شام وہسکی کا گھونٹ بھرتے ہوئے احسان شاہ نے مسکرا کر بے تکلفی سے کہا۔

"چوہدری! تجھے نوراں بہت پسند ہے تو اسے ساتھ لے جا۔"

مگر رحیم داد آمادہ نہ ہوا۔ "شاہ جی! میں تو یہ بھی نہیں چاہتا کہ جمیلہ کو یہ پتہ چلے' میں تیرے پاس ٹھیرا تھا۔ نوراں پہنچ گئی تو جمیلہ کو سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔ تیں نوں پتہ ہی ہے' میں ہمیشہ اس سے چھپ کر تیرے پاس آتا ہوں۔"

"جیسی تیری مرضی۔" احسان شاہ بے نیازی سے بولا۔ "پر جمیلہ سے تو اس طرح کب تک ڈرتا رہے گا؟"

"شاہ جی! تو نے ہی تو مشورہ دیا تھا کہ جلد بازی سے کام نہ لے۔" رحیم داد نے ہنس کر کہا۔ "اب خود ہی کہہ رہا ہے کہ ڈرنے سے کام نہیں چلے گا۔ میں تیری کون سی گل ٹھیک سمجھوں۔"

"میرا کہا مان' تو یہاں سے جاتے ہی جمیلہ کو کابو کرنے کی کوشش کر۔" احسان شاہ نے آنکھ مار کر کہا۔ "وہ رن ہے اور جوان بھی ہے۔ میں نے تو نہ جانے کتنی ٹیڑھی زنانیوں کو سیدھا کر دیا۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "جمیلہ تیرے کابو نہ آئے تو میرے پاس بھیج دے۔ منہ زور اور اڑیل گھوڑی کو جیسے سدھایا جاتا ہے' ویسے ہی اسے بھی ٹھیک ٹھاک کر دوں گا۔ ایک دم لائن پر آجائے گی۔ کیا سمجھا؟"

مگر رحیم داد نے اس کی بات سمجھ کر بھی سمجھنے کی کوشش نہ کی۔ اس کی حوصلہ افزائی سے گریز کیا۔ نہایت سنجیدگی سے بولا۔ "فکر نہ کر شاہ جی' وہ کابو آجائے گی اور تو دیکھ لینا جلد ہی آجائے گی۔ میں نے اسے رکھیل بنا کر نہیں رکھنا۔ گھر والی بنا کر رکھوں گا۔ ملاں کو بلا کر باقاعدہ نکاح پڑھواؤں گا۔"

"یہ ضروری بھی ہے۔" احسان شاہ نے رحیم داد کی تائید کی۔ ساتھ ہی مشورہ بھی دیا۔ "پوری زمیں داری اب تیرے ہی پاس ہونی چاہیے۔ ویسے بھی تو جوان ہے۔ تجھے ایک زنانی کی ضرورت بھی ہے۔ جمیلہ بہتے چڑھ گئی تو عیش ہو جائیں گے تیرے۔" احسان شاہ نے قہقہہ لگایا۔ رحیم داد بھی بے تکلفی سے ہنسنے لگا۔

اسی طرح ہنستے، قہقہے لگاتے اور وہسکی کی چسکی لگاتے سترہ روز گزر گئے۔

☆

رحیم داد حویلی اسٹیشن کے راستے واپس کوٹلہ ہرکشن پہنچا۔ وہ اسی راستے سے احسان شاہ پاس پیراں والہ آیا تھا۔ گاؤں میں پہنچ کر اس نے تانگا حویلی کے پھاٹک پر رکوایا۔ نوکروں سامان اتروایا اور سیدھا حویلی کے اندر چلا گیا۔ احمد اسے ایک کمرے میں لے گیا۔ کمرہ صاف تھا اور کشادہ بھی تھا۔ کمرے میں دو پلنگ بچھے تھے۔ ان پر اجلے بستر لگے تھے۔ دروازوں اور کھڑکیو پر ہلکے سبز رنگ کے پردے لہرا رہے تھے۔ وسط میں بڑی سی گول میز تھی۔ اس پر رکھے ہوئے گ دان میں تازہ پھول مہک رہے تھے۔

احمد نے بتایا کہ کمرے کی صفائی اور اس کی آرائش جمیلہ نے اپنی نگرانی میں کرائی ہے۔ اسی ہدایت پر ہر صبح گل دان میں تازہ پھول لگائے جاتے۔ جھاڑ پونچھ کی جاتی۔ وہ ہر روز بے چینی رحیم داد کی واپسی کا انتظار کرتی۔ مگر وہ اس وقت اسکول میں تھی۔ رحیم داد کے جانے کے چند روز بعد اس نے اسکول میں بچوں کو پڑھانا شروع کر دیا تھا۔

مہمان خانے کی طرح اس کمرے کے ساتھ بھی کوٹھری تھی۔ رحیم داد نے کوٹھری کا دروا کھولا۔ دیکھا، اس کا سامان مہمان خانے سے لاکر کوٹھری میں حفاظت کے ساتھ رکھ دیا گیا ہے کمرے کا ایک دروازہ ملحقہ کمرے میں کھلتا تھا۔ رحیم داد اس کمرے میں گیا۔ اس میں بھی دو پلنگ بچھے تھے۔ ان پر بھی بستر لگے تھے۔ دروازے اور کھڑکیوں پر پردے بھی پڑے تھے۔ یہ کمرہ دیکھتے رحیم داد سمجھ گیا کہ وہ بچوں کے قیام کے لیے ہے۔ اس کی صفائی اور آرائش بھی جمیلہ کی نگرانی میں کی گئی تھی۔

رحیم داد کمرے میں پڑی ہوئی ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ دن ڈھل رہا تھا۔ رحیم داد سفر کی تکان سے نڈھال ہو رہا تھا۔ کپڑے گرد آلود تھے۔ چہرے پر وحشت برس رہی تھی۔ مگر اس نے غسل نہ کیا چپ چاپ بیٹھا جمیلہ کا انتظار کرنے لگا۔

شام کا اندھیرا پھیلتے ہی جمیلہ کمرے میں داخل ہوئی۔ لیکن دہلیز ہی پر رک گئی۔ اس نے گھبرا ہوئے لہجے میں دریافت کیا۔ "چوہدری! تو بھابی کو نہیں لایا۔ بچے کدھر ہیں؟"

رحیم داد نے پہلے سے سوچے منصوبے کے تحت کوئی جواب نہ دیا۔ منہ لٹکائے خاموش بیٹھا رہا جمیلہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی رحیم داد کے قریب ایک کرسی پر بیٹھ گئی۔ وہ حیران و پریشان نظر آرہی تھی۔ چند لمحے خاموش رہنے کے بعد اس نے دبی زبان سے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔

"کیا اس بار بھی تیری گھر والی اور بچے نہیں ملے۔ سلامت نے تجھے غلط اطلاع دی تھی؟"

"نہیں، اس نے ٹھیک ہی اطلاع دی تھی۔" رحیم داد نے چہرے پر افسردگی طاری کرنے کے ساتھ ساتھ لہجے میں بھی رقت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "میری گھر والی، رابعہ، تخت محل ہی میں ہے۔ بچے بھی اس کی ساتھ ہیں۔"

"پر وہ تیرے ساتھ آئی کیوں نہیں؟"

رحیم داد کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ "وہ اب میرے پاس نہیں آسکتی۔"

"وہ تیرے پاس کیوں نہیں آسکتی؟" جمیلہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر پوچھا۔ "ایسا کیوں ہے؟ صاف صاف بتا۔"

"صاف گل سننا چاہتی ہے تو وہ بھی سن لے۔" رحیم داد نے ٹھنڈی سانس بھری۔ چند لمحے نظریں اٹھائے چپ چاپ دیوار کو تکتا رہا۔ اس نے جمیلہ کی طرف نہ دیکھا۔ کھوئے کھوئے انداز میں آہستہ سے کہا۔ "وہ اب کسی اور کی ہو چکی ہے۔ اس نے ایک پنواری سے ویاہ کرلیا ہے اور اس بات کو بھی تین سال سے اوپر ہو چکے ہیں۔ پنواری سے اس کے دو بچے بھی ہیں۔" اس نے مڑ کر افسردہ نگاہوں سے جمیلہ کو دیکھا۔ "زمیں دارنی! تو ہی بتا، اب وہ میرے ساتھ کیسے رہ سکتی ہے۔"

"پر اس نے ایسا کیوں کیا؟ تیرا انتظار بھی نہ کیا۔" جمیلہ کا لہجہ بھی دکھ بھرا تھا۔

"پانچ سال تک رابعہ میرا انتظار کرتی رہی۔" رحیم داد نے بوجھل لہجے میں رک رک کر بتایا۔ "وہ بچوں کو ساتھ لیے جگہ جگہ مجھے ڈھونڈتی رہی۔ زیور بیچ بیچ کر اور گھروں میں کام کاج کرکے کسی نہ کسی طرح اپنا اور بچوں کا پیٹ پالتی رہی۔" رحیم داد بانپنے کے انداز میں گہری گہری سانسیں بھر رہا تھا۔ "جب بہت پریشان ہو گئی اور میرے ملنے کی کوئی آس نہ رہی، تب یہ سوچ کر کہ میں بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح فسادات میں مارا گیا، اس نے مجبور ہو کر پنواری سے نکاح پڑھوالیا۔ وہ اس کی دوسری گھر والی ہے۔ پہلی مدت ہوئی مر گئی۔"

"تجھے یہ ساری گل بات کیسے معلوم ہوئی؟"

رحیم داد نے بتایا۔ "میں دو ہفتے تک تخت محل میں سلامت کے ایک یار کے ساتھ ٹھہرا رہا۔ رابعہ سے کسی نہ کسی طرح ملنے کی کوشش کرتا رہا۔ ایک رات جب پنواری بھاول نگر گیا تھا میں چپکے سے اس کے گھر میں گھس گیا۔ رابعہ نے مجھے دیکھا تو حیران رہ گئی۔ دیر تک اسے یقین ہی نہ آیا کہ میں زندہ ہوں۔"

"جب اسے وٹواس ہوگیا تو اس کا گھر والا چوہدری نور الٰہی ہے' تب اس نے کیا کیا؟" جمیلہ اس کی باتوں میں دلچسپی لیتے ہوئے استفسار کیا۔

"وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ دیر تک آنسو بہاتی رہی۔" رحیم داد نے گردن اٹھا کر دیکھا۔ ہولے سے آہ بھری۔ "اس نے رو رو کر مجھے اپنی بپتا سنائی۔" اپنی بات کہتے کہتے وہ ٹھ "کیا' کیا جائے اپنے نصیب ہی میں اس طرح مل کر بچھڑنا لکھا تھا۔ مگر گھر ایسا اجڑا کہ اب اس دوبارہ بسنے کی کوئی امید نہیں۔"

"ہاں تیری طرح نہ جانے کتنوں کے گھر اسی طرح اجڑ گئے۔" جمیلہ کی آواز بھرا گئی۔ رحیم خاموش بیٹھا رہا۔ جمیلہ بھی چپ ہوگئی۔ اس نے آنکھوں میں امڈتے ہوئے آنسوؤں کو روکنے کوشش کی۔ دل گرفتہ ہو کر بولی۔ "تو اپنے بچوں سے بھی ملا؟"

"نہیں۔" رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "انھیں صرف نزدیک سے دیکھا تھا۔ وہ ا وکت سو رہے تھے۔ میں نے انھیں جگانے کی کوشش نہیں کی۔ اب تو اتنے دن بیت گئے کہ وہ پہچان بھی نہ پاتے۔" اس نے جمیلہ کی طرف غم زدہ نظروں سے دیکھا۔ "زمیں دارنی! ویسے انھیں یکی پتہ ہے ان کا پیو مرچکا ہے۔ ماں نے ان کو یہی بتا رکھا ہے۔" رحیم داد نے ایک بار پھر ٹھنڈ سانس بھری۔ "اٹھ سال میں سب کچھ بدل گیا۔ بچے بڑے ہوگئے۔ ایک بیٹی تو جوان ہو چکی ہے۔

"چوہدری! تو ایسا کر جوان دھی کو یہاں لے آ۔" جمیلہ نے مشورہ دیا۔ "یہاں رہے گی تو تجھے آرام ملے گا۔ ٹھیک ٹھاک ور مل جائے تو اس کا ویاہ کر دینا۔"

"رابعہ اس کے لیے تیار نہ ہوگی۔" رحیم داد نے فوراً بات بتائی۔

"کیوں نہیں تیار ہوگی؟" جمیلہ نے قدرے تیکھے لہجے میں کہا۔

"میں تو صرف ایک بیٹی کو نہیں' سب بچوں کو اپنے ساتھ لانا چاہتا تھا۔" رحیم داد نے بتایا۔

"میری یہ بات سن کر رابعہ رونے لگی۔ سسکیاں بھر کر بولی۔ انھیں مجھ سے الگ نہ کر۔ میں نے بہت دکھ جھیل کر انھیں پالا پوسا ہے۔ انھی کے سہارے تو میں اب تک زندہ رہی۔ تیں نوں ان سے کیا لینا۔ تو انھیں بھی میری طرح مرا ہوا سمجھ کر صبر کر چکا تھا۔ آگے بھی صبر کر لے۔ اس کی باتیں سن کر میں چپ ہوگیا۔ کر بھی کیا سکتا تھا۔ چوری سے چھپ کر تو اس کے گھر میں گیا تھا۔"

"پر یہ تو کوئی گل بات نہ ہوئی۔" جمیلہ اپنی بات پر بدستور اڑی رہی۔ "سب نہیں' وڈی کڑی کو تو وہ دے ہی سکتی ہے۔ اس میں اس کا بھی لابھ ہے۔ کبھی نہ کبھی تو رابعہ کو بیٹی کا ویاہ کرنا ہی ہوگا۔ وہ ہر طرح کی چنتا سے بچ جائے گی۔"

"وہ یہ بات نہیں سمجھتی۔"

"تو مجھے رابعہ کے پاس لے چل۔ میں اسے راضی کر لوں گی۔"

"نہیں زمیں دارنی' تیرا وہاں جانا ٹھیک نہیں۔ ویسے بھی تو عدت میں ہے۔ تو کیسے تخت محل ا سکتی ہے؟" رحیم داد نے ٹالنے کی کوشش کی۔ "میں نے تیرے بارے میں رابعہ کو کچھ نہیں ایا۔ تجھے دیکھ کر جانے وہ کیا سوچے۔"

"سوچنے دے۔ اس کے سوچنے سے کیا ہوتا ہے۔" جمیلہ نے بے نیازی سے کہا۔ "تو اپنی بتا۔ تیری کیا مرضی ہے؟"

"پہلے مجھے کوشش کر لینے دے۔ فیر تو کوشش کرنا۔" رحیم داد نے جمیلہ کو دلاسا دیا۔ "میں کچھ نوں بعد دوبارہ تخت محل جاؤں گا۔"

"جیسی تیری مرضی۔" جمیلہ نے مزید اصرار نہ کیا۔ وہ اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ رحیم داد سے مخاطب ہو کر بولی۔ "چوہدری! اب تو اشنان کر لے۔ تھکا ہوا بھی ہے۔ روٹی کھا کر آرام سے سوجا۔"

جمیلہ چلی گئی۔ رحیم داد بہت خوش اور مطمئن تھا کہ جمیلہ نے اس کی ہر بات پر یقین کر لیا۔ کسی بھی حیلے بہانے پر اس نے مطلق شک وشبہ کا اظہار نہ کیا۔ وہ جمیلہ کی ہمدردی حاصل کرنے میں پوری طرح کامیاب رہا تھا۔ ساتھ ہی احسان شاہ کے پاس جانے اور اس کی حویلی میں گل چھرے اڑانے کا موثر بہانہ بھی ہاتھ آگیا تھا۔

سویرے رحیم داد نے حویلی کے نائی کو بلوایا۔ ویسے اسے نائی کو بلوانے کی ضرورت پیش نہ آتی تھی۔ ہر جمعہ کی صبح' وہ نہایت باقاعدگی سے رحیم داد کی حجامت بنانے پہنچ جاتا۔ مگر پچھلے سترہ روز کی غیر حاضری نے اس معمول میں خلل پیدا کر دیا تھا۔ نائی آیا اس نے رحیم داد کی ڈاڑھی اور سر کے بال تراشے۔ تیل ڈال کر دیر تک سر کی مالش کی۔ رحیم داد نے اس روز بالوں کی تراش خراش اس طرح کرائی کہ ڈاڑھی ہلکی اور قدرے مختصر ہوگئی۔

حجامت سے فارغ ہونے کے بعد اس نے غسل کیا۔ اجلے کپڑے پہنے۔ ڈاڑھی اور سر کے بالوں میں کنگھی کی۔ اور جب بن سنور کر حویلی کے بڑے کمرے میں پہنچا تو نادر خاں وہاں پہلے سے موجود تھا۔ رحیم داد کو دیکھتے ہی وہ ادب سے اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ رحیم داد کو غور سے دیکھا' مسکرا کر بولا۔ "چوہدری! سچی بات یہ ہے کہ اب تو تجھ پر بہت شان آگئی ہے۔" اس نے رحیم داد کی خوش نودی کے لیے خوشامد سے کام لیا۔ مگر اس خوشامد میں بڑی حد تک صداقت بھی تھی۔ رحیم داد اس وقت خاصا وجیہ اور باوقار نظر آرہا تھا۔ اس کی رنگت نکھر کر اجلی ہوگئی تھی۔ رخساروں سے سرخی جھلکتی

تھی۔ وہ قدر آور جوان تھا۔ دبلے پتلے لمبے جسم پر گوشت چڑھنے اور بڑھنے سے زیادہ ہی جچنے لگا تھا۔ رحیم داد نے صوفے پر بیٹھتے ہوئے نادر خاں کو بیٹھنے کا اشارہ کیا اور خاموشی سے اپنی مونچھوں پر انگلیاں پھیرنے لگا۔ اس کے چہرے پر سنجیدگی اور دبدبہ تھا۔ عینک کے شیشوں کے پیچھے اس کی آنکھیں سوچتی ہوئی نظر آرہی تھیں۔ احسان شاہ کی صحبت میں رہ کر وہ جاگیرداروں اور رئیسوں کے طور طریق کسی قدر سیکھ گیا تھا اور انھیں اپنا بھی چکا تھا۔

نادر خاں زیادہ دیر خاموش نہ رہا۔ دبی زبان سے بولا۔ "اجازت ہو تو جی ایک بات کہوں؟"

"کہہ کیا کہنا چاہتا ہے؟" رحیم داد ٹانگ پر ٹانگ رکھتے ہوئے بولا۔

"چشمے کا یہ فریم ٹھیک نہیں لگتا جی۔" نادر نے رحیم داد کی آنکھوں پر لگی ہوئی عینک کی طرف اشارہ کیا۔ "اسے تو بدل دینا چاہیے۔"

"اس میں تیں نوں کیہہ خرابی نظر آئی ہے؟ ویسے تیرے خیال میں کیسا فریم ہونا چاہیے؟"

"چوہدری! یہ تو مجھ پر چھوڑ دے۔ ویسے تو یہ کپڑے بھی تیری شان کے مطابق نہیں لگتے۔ لہ سے میرا ایک بھتیجا آیا ہے۔ شام کو واپس جا رہا ہے۔ وہاں ایک راشن ڈپو پر نوکری کرتا ہے۔ لہور سے تیرے لیے عمدہ فریم کا چشمہ بنوا کر اور نئے کپڑے سلوا کر لے آئے گا۔ مجھے اپنا چشمہ او ناپ کے لیے ایک جوڑا کمیص اور شلوار دے دینا۔ وہ جلدی واپس آجائے گا۔ دیر نہیں لگے گی۔"

"اس پر خرچ کتنا آئے گا؟"

"اس کی فکر نہ کر، تیری غیر حاضری میں مزارعوں سے میں نے کچھ وصولی کی ہے۔ وہ میرے پاس موجود ہے۔ چوہدری! تیرا حکم ہو تو میں نئے چشمے اور کپڑوں کے لیے کچھ روپے اپنے بھتیجے کو دے دوں؟"

"دیدے پر یہ بتا مزارعوں سے وصولی کیسے ہوئی اور کتنی ہوئی؟" رحیم داد نے قدرے تیکھی نظروں سے نادر خاں کو دیکھا۔ "تو پہلے تو کہتا تھا مزارعے ادھار ادا کرنے کو تیار نہیں۔"

"ویسے تو جی کوئی خاص وصولی نہیں ہوئی۔ باراں سو کے لگ بھگ روپیہ ہے۔ ادھار تو زیادہ ہی وصول ہو جاتا۔ پر زمیں دارنی بار بار اڑچن ڈال دیتی تھی۔ جو مزارع اس کے پاس پہنچ کر فریاد کرتا اسے معاف کر دیتی۔ میں نے اسے کہا بھی یہ طریقہ ٹھیک نہیں۔ وہ ایک دم بھڑک اٹھی۔ میں اس کی ناراضی سے ڈر گیا۔ تو نے بھی یہی حکم دیا تھا کہ اسے ناراض نہ کیا جائے۔"

"ٹھیک ہی کیا تو نے۔" رحیم داد نے سنجیدگی سے کہا۔ "جتنی بھی وصولی ہو گئی ٹھیک ہے۔ خریف کی فصل تو اب تیار ہی ہونے والی ہے۔ اس کی واڈھی پر اپنی سکیم کے مطابق ادھار وصول

کر لینا۔"

"مجھے ڈر ہے، فصل کی واڈی پر بھی زمیں دارنی اڑنگا ڈالے گی۔"

"تو فکر نہ کر۔ میں اسے سمجھا بجھا لوں گا۔ پیسے کی تو سچ پوچھ اسے بھی ضرورت ہے۔ وصولی کی رکم کے بارے میں تو نے زمیں دارنی کو بتا دیا تھا؟"

"بالکل بتا دیا تھا جی۔" نادر خاں نے مستعدی سے جواب دیا۔ "ایک ایک پیسے کا اسے حساب دے دیا تھا۔"

"اس نے وصولی کی رکم تجھ سے مانگی تو نہیں؟"

"میں نے اسے کہا بھی تھا۔ پر اس نے رکم نہ لی۔ کہنے لگی اپنے ہی پاس رکھ۔ چوہدری کو بتا دینا۔ رجسٹر میں اسے وصولی کی مد میں لکھ لے۔ جو خرچ ہو وہ بھی روز کے روز رجسٹر میں لکھ لیا کر۔"

"جیسا اس نے بتایا تو ویسا ہی کر رہا ہے ناں؟"

"بالکل ویسا ہی کر رہا ہوں جی۔ ویسے میں نے کاغذات دیکھ کر اور مزارعوں سے ملنے جلنے کے بعد زمیں داری چلانے کے لیے آگے کا ایک پروگرام بنایا ہے۔ اس کے مطابق ہی کام کرنا ہو گا جی۔ ایسے تو زمیں داری نہیں چل سکتی۔"

"تو نے زمیں دارنی کو بھی اپنا پروگرام بتایا؟"

"نہیں جی۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "میں تیری واپسی کا انتظار کر رہا تھا۔ تو جب موجود ہو گا تو تیرے سامنے ہی زمیں دارنی سے اس کے بارے میں گل بات کروں گا۔ مجھے اس کی ناراضی سے خوف آتا ہے۔"

رحیم داد نے نادر سے وعدہ کیا کہ وہ جلد ہی اس سلسلے میں جمیلہ سے ملنے اور بات کرنے کی کوشش کرے گا۔

کئی روز گزر گئے مگر جمیلہ سے رحیم داد کی ملاقات نہ ہو سکی۔ وہ منہ اندھیرے چادر سے اپنے جسم کو پوری طرح چھپائے ہوئے اسکول چلی جاتی۔ دوپہر کا کھانا بھی وہیں منگوا لیتی۔ اور جب شام کا دھندلکا ہر سو پھیل جاتا تو وہ بچوں کے ہم راہ اسکول سے واپس آتی۔ ان دنوں وہ اسکول کی ترقی اور ڈسپنسری کی تعمیر کے کاموں میں الجھی ہوئی تھی۔ اس کا ارادہ تھا کہ خریف کی فصل کی کٹائی سے رقم حاصل ہو تو تعمیر کا کام پوری سرگرمی سے شروع کیا جائے۔

☆

اتوار کو اسکول میں چھٹی تھی۔ جمیلہ حویلی کی بالائی منزل پر تھی۔ اس کا تمام وقت اب اسکول یا

اوپر کی منزل کے کمروں کے ہی میں گزرتا تھا۔ وہیں وہ گاؤں کی عورتوں سے ملتی جلتی تھی۔
سے رحیم داد کا قیام حویلی میں شروع ہوا تھا' اس نے یہی معمول بنا لیا تھا۔

اس روز رحیم داد نے تاراں کے ذریعے جمیلہ کو حویلی کے بڑے کمرے میں بلوایا اور نادر
کے ہم راہ اس سے بات چیت کرنے کی غرض سے پہنچا۔ کچھ دیر تک اسکول اور ڈسپنسری کے بار
میں باتیں ہوتی رہیں۔ جمیلہ نہایت جوش و خروش سے اپنا منصوبہ بتاتی رہی۔ رحیم داد اور نا
خاموشی سے سنتے رہے۔ رحیم داد کوئی بات پوچھتا۔ جمیلہ اس کا جواب دیتی۔ اپنے منصوبے
تفصیل سے آگاہ کرتی۔

جمیلہ نے اسکول اور ڈسپنسری کا ذکر ختم کیا تو رحیم داد نے نادر خاں کی طرف دیکھا۔ اسے مخاط
کیا۔ "نادر! تو آگے کے لیے زمیں داری چلانے کی کل بات کرنا چاہتا تھا۔ اب زمیں دارنی
سامنے اسے بتا۔"

نادر خاں نے رحیم داد کے بجائے جمیلہ ہی کو مخاطب کیا۔ "زمیں دارنی! میں نے کاغذات او
حسابات کے رجسٹر ایک بار نہیں' کئی بار دیکھے۔ انھیں دیکھ کر میں تو جی اسے نتیجے پر پہنچا کہ
زمینداری اسی طرح چلتی رہی تو حویلی کا خرچ بھی پورا نہیں ہو سکے گا۔ تمیں سکول کو بڑھانا او
ترکی دینا چاہتی ہو۔ ڈسپنسری لگانا چاہتی ہے۔ یہ سب کچھ کیسے ہو گا؟ کل بادی مرنے کی تو زمیں داری
ہے۔ اسے بھی اب تک ٹھیک سے نہیں چلایا گیا۔"

"تو کہنا کیا چاہتا ہے؟ صاف صاف کل کر۔" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں نادر خاں سے کہا۔

"برا نہ منائے زمیں دارنی تو میں نے صاف ہی صاف کل بات کرنی ہے۔" نادر خاں نے لہجے
میں نرمی اور عاجزی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ وہ سہما ہوا نظر آ رہا تھا۔

"میں ہر بات صاف ہی صاف سننا چاہتی ہوں۔"

"اپنی زمیں داری کا حال تو یہ ہے جی' نہ مزارعوں سے ویگار لی جاتی ہے' نہ خرچہ' نہ منشیانا اور
نہ کمیلہ ہی وصول کیا جاتا ہے۔" اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "دوسرے سارے ہی وڈے زمیں
دار تو مزارعوں سے گھر میں نیا دروازہ یا کھڑکی بنانے پر بھی دروازہ ٹیکس اور کھڑکی ٹیکس وصول کرتے
ہیں۔ مزارع نئی نئی خریدے تو نئی ٹیکس' گنڈاپالے تو ٹکڑ ٹیکس تک وصول کرتے ہیں۔ زمیں دار کے
یہاں موت ہو جائے یا زچگی ہو' مونڈن ہو یا ختنہ' سب ہی کا ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔"

"کہہ تو ٹھیک ہی رہا تو۔" رحیم داد نے نادر خاں کی تائید کرتے ہوئے کہا۔ "سارے ہی وڈے
زمیں دار یہی کرتے ہیں اور جی سدا سے کر رہے ہیں۔"

"پر اپنی زمیں داری میں ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا۔" نادر خاں نے لہجے میں افسردگی پیدا کرنے کی
کوشش کی۔ "اپنے زمیں دار اللہ وسایا کا انتقال ہوا۔" اس نے جمیلہ کو مخاطب کیا۔ "زمیں دارنی!
اس کا کفن دفن' تیجا' چالیسواں' سب تو نے اپنے ہی ڈب سے کیا۔ مزارعوں نے کچھ بھی نہ دیا۔ اپنی
زمیں داری میں تو مزارعوں کو بٹائی کا حصہ بھی نصفا نصف دیا جاتا ہے جب کہ دوسرے زمیں دار ۷۵
بلکہ ۸۰ فی صد سے بھی اوپر حصہ وصول کرتے ہیں۔"

"نادر خاں تو کیسی گل کر رہا ہے؟ جب ۱۹۵۲ء کے کانون میں زمیں دار کا حصہ پیداوار میں ۴۰ فی
صد مکرر کیا گیا ہے تو ہم اس سے زیادہ کیسے وصول کر سکتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ نصفا نصف بٹائی بھی
غلط ہی ہے۔ پتہ نہیں اب تک مزارعوں نے چپ کیوں سادھ رکھی ہے۔"

"زمیں دارنی! تو تو آدھی سے بھی زیادہ بٹائی دینے کی گل کر رہی ہے۔ لگتا ہے' میری باتوں کا تو
الٹا ہی اثر ہوا۔" نادر نے جمیلہ کی جانب نظریں اٹھا کر دیکھا۔ "میں تو جی ان ٹیکسوں کی گل بات کر
رہا تھا جو وصول نہیں کیے جاتے۔ میرا مطلب ہے۔"

"میں تیرا مطلب ٹھیک طرح سمجھتی ہوں۔" جمیلہ اس کی بات کاٹ کر تیکھے لہجے میں بولی۔
"تیری یہ طرح طرح کے ٹیکسوں والی گل سمجھ نہیں آتی۔ تجھے پتہ نہیں' میں نے تو اللہ وسایا کو
نمبردار بھی بننے نہ دیا۔ اسے بار بار نمبرداری پیش کی گئی۔ پر میں نے ہر بار اس کی تندا کی۔"

"تو نے یہ ٹھیک نہیں کیا زمیں دارنی۔ نمبرداری سے زمیں داری کی شان اونچی ہو جاتی ہے۔
اسے حاصل کرنے کے لیے تو ٹکڑی رشوت چلتی ہے۔ سفارشیں پہنچائی جاتی ہیں۔ افسروں کی منت
سماجت کی جاتی ہے۔" نادر خاں نے دبی زبان سے احتجاج کیا۔ "برا نہ منانا زمیں دارنی' جب ہی تو
اپنی زمیں داری بڑھنے کی بجائے سکڑتی جا رہی ہے۔"

"میں نے زمیں داری بڑھانی بھی نہیں۔" جمیلہ نے تیکھی نظروں سے نادر خاں کو دیکھا۔
"میرے پتا کی پانچ ہزار ایکڑ سے بھی اوپر زمیں داری تھی۔ اسے اپنے پیو کی طرف سے ترکے میں
اتنی وڈی زمیں داری نہیں ملی تھی۔ میرا پتا جات کا کراڑ تو نہیں تھا پر اس کا ساہوکارے کا بھی
کاروبار تھا۔ اور بہت پھیلا ہوا تھا۔ سچ پوچھ تو اس نے اپنے ساہوکارے ہی سے اتنی وڈی زمیں
داری بنائی تھی۔"

"وہ کیسے؟" رحیم داد نے حیرت سے دریافت کیا۔

"وہ زمین اور جائیداد رہن رکھتا تھا۔ اگاہی پر زمیں داروں اور کسانوں کو ادھار دیتا تھا۔ جب
ادھار بیاج کے ساتھ بہت بڑھ جاتا تو وہ وصولی کے لیے عدالت میں نالش کرتا۔ زمیں دار اور

کرضائی کے خلاف ڈگری نکلواتا۔ ان کے گھربار' ڈھور ڈنگر' زمیں کرک کراتا۔ انھیں بے و
کرکے زمین ہتھیاتا۔ اس طرح وہ اپنی زمیں داری بڑھاتا رہا۔" جمیلہ کا لہجہ تلخ ہو آگیا۔ "تجھے
پتہ' اس کے مینم اور کرندے زمیں سے بے دخلی کے لیے کیسا کیسا ظلم اور اپرادہ کرتے۔ گھرو
کرکی بٹھاتے۔ فصلیں اٹھوالے جاتے۔ پولیس کو رشوت دے کر گرفتاریاں کراتے۔" اس
آواز رفتہ رفتہ تیز اور اونچی ہوتی گئی۔ "زمیں داری کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے کارن جو
ڈھایا گیا۔ اس کا کیا نتیجہ نکلا؟"

جمیلہ نے اپنی بات ادھوری چھوڑ دی۔ رحیم داد اور نادر کی جانب دیکھا۔ دونوں خاموش بیٹھے
رہے۔ جمیلہ نے گہری سانس بھری۔ "یہ فسادات اور بلوے کیا تھے؟ کراڑوں اور ساہوکاروں
اپرادہ اور لوٹ مار کے خلاف کرض ادھار میں جکڑے ہوئے مسلمان کسانوں اور زمیں داروں
نفرت ہی تو تھی۔ میں نے تو کتابوں میں پڑھا ہے۔ ۱۹۲۶ء میں بھی ملتان' مظفر گڑھ' جھنگ اور
دوسرے ضلعوں میں اسی طرح کراڑوں اور ساہوکاروں کے خلاف مسلمان کسان اور زمین دار
کھڑے ہوئے تھے۔ کسان دوردہیوں نے ہندو ساہوکاروں کے گھروں پر ہلہ بول دیا۔ ان کے گھ
لوٹ لیے۔ آگ لگائی۔ بہت خون خرابہ کیا۔ اتنی گڑبڑ مچائی کہ دوردہی کسانوں پر کابو پانے کے لی
انگریزوں کو فوج لگانی پڑی۔ جگہ جگہ دوردہیوں اور فوج کے درمیان زبردست لڑائیاں ہوئیں۔
گڑبڑ تھوڑے دنوں نہیں' سال ڈیڑھ سال تک چلتی رہی۔"

"پر زمیں دارنی ۱۹۴۷ کے فسادات اور بلووں میں تو ہزاروں کتل ہوئے۔ پورے پورے پنڈا
گئے۔ بستیاں کی بستیاں لوٹ لی گئیں۔ بہت زبردست تباہی ہوئی۔ بہت خون خرابہ ہوا۔" نادر نے
جمیلہ کی طرف دیکھا اور اس کی خوش نودی حاصل کرنے کی کوشش کی۔ "تو نے ٹھیک ہی کہا
فسادات اور بلوے ہندو بنیوں اور ساہوکاروں کے ظلم و ستم اور ان کی دھاندلیوں کے خلاف
مسلمان کسانوں اور دوسرے کرض داروں کی نفرت کا اظہار تھا۔ مگر فسادات کی صرف یہی ایک
وجہ تو نہیں تھی۔"

"اور بھی وجہ تھی۔ کئی طرح کی باتیں تھیں۔" رحیم داد نے نادر خاں کی تائید کی۔

"پنڈی' ملتان' منٹگمری' لہور اور نہ جانے کتنی جگہ تو یہ بھی ہوا کہ ہندوؤں اور سکھوں کا مال
اسباب لوٹنے' ان کی زمینوں اور املاک پر کبضہ کرنے کی غرض سے سیاسی لیڈروں اور وڈے زمیں
داروں نے باکاعدہ منصوبے کے تحت مسلمانوں کو طرح طرح سے اشتعال دلایا۔ اپنے بندوں کے
ذریعہ فسادات اور بلوے کرائے۔ لوٹ مار اور خون خرابہ کرایا۔" نادر خاں نے اپنی بات کہتے کہتے

ایک بار پھر نظریں اٹھا کر جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "زمیں دارنی! یہ تو تمیں نوں پتہ ہی ہے' ایک بار جب
نفرت اور غصے کی آگ سلگ جاتی ہے تو فیر ہر طرف پھیلنے لگتی ہے۔ سوال صرف چنگاری لگانے کا
ہے۔ میں نے ان گنہگار آنکھوں سے دیکھا ہے کہ لہور میں کس طرح لیڈروں اور وڈے لوگوں نے
مختلف ہتھکنڈوں سے فسادات کی آگ بھڑکائی۔"

جمیلہ تو خاموش رہی' مگر رحیم داد خاموش نہ رہا۔ اس نے پوچھا۔ "فسادات کے دنوں میں تو
ادھر ہی ہوتا تھا؟"

"میں ان دنوں لہور میں تھا۔ پر مجھے امرتسر بھی جانا پڑا تھا۔"

"مسلمان بھاگ کر ادھر آنے کی کوشش کر رہے تھے۔ تو کیوں امرتسر چلا گیا؟ وہاں تو اس وقت
ہر طرف مسلمانوں کا خون بہایا جا رہا تھا۔ گھربار لوٹے جا رہے تھے۔ تجھے اس جلتی آگ میں جانے
کی کیا سوجھی؟"

"وہ ایسا ہوا جی' میرا وڈا بھرا' منظور خاں' امرتسر کی ایک کپڑا مل میں سپروائزر لگا تھا۔" نادر خاں
نے بتایا۔ "جب اس نے حالات بگڑتے دیکھے اور آنے والے خطرے کی بو محسوس کی تو گھروالی کو
بچوں کے ساتھ لہور بھیج دیا۔ خود نوکری کی خاطر امرتسر میں رہا۔ جب امرتسر اور مشرکی پنجاب کے
دوسرے حصوں سے مسلمانوں کے خون خرابے اور لوٹ مار کی خبریں ادھر پہنچنے لگیں تو میری بھابی
نے گھر والے کے لیے رو رو کر برا حال کرلیا۔ گڑگڑا کر میری منت کی۔ مجھ سے اس کا یہ دکھ دیکھا نہ
گیا۔ ویسے بھی منظور میرا سگا بھرا تھا۔ آخر اسے لینے مجھے امرتسر جانا ہی پڑا۔ یہ نہ پوچھ کیسے وہاں
پہنچا۔"

"حد کردی تو نے۔" رحیم داد کے لہجے میں استعجاب تھا۔ "تو وہاں سے نکل کر ادھر پہنچا کیسے؟
منظور تجھے مل گیا تھا؟"

"ہاں جی! وہ مجھے مل گیا تھا۔ وہ کٹڑا کنھیاں میں اپنے ایک ہندو جاننے والے' گنیش پرشاد' کے
گھر میں چھپا ہوا تھا۔ میں امرتسر پہنچنے کے بعد مسجد غزنویہ میں ٹھہر گیا۔ مسجد کے ساتھ مدرسہ بھی
تھا۔ اس کے مہتمم سے میری جان پہچان تھی۔ تب ہی تو میں وہاں ٹھیر سکا تھا۔ دوسرے محلوں اور
علاقوں کے مسلمان بھی بھاگ بھاگ کر شریف پورہ یا مسجد غزنویہ پہنچ رہے تھے۔ میں نے منظور کو
کسی نہ کسی طرح اپنے پہنچنے کی اطلاع بھجوائی اور اسے کہا کہ وہ بھی کوشش کرکے مسجد غزنویہ پہنچ
جائے۔ مسجد غزنویہ ان دنوں بہت محفوظ جگہ تھی۔ فیر جی ایسا ہوا کہ ایک رات منظور مسجد غزنویہ
پہنچ ہی گیا۔ اس نے ایسا بھیس بنایا تھا کہ پہلی نظر میں تو میں اسے ہندو سمجھا۔ دوسرے بھی یہی سمجھے

اور اسے پکڑ کر میرے پاس لائے۔ وہ مجھے دیکھتے ہی گلے سے لپٹ گیا اور پھوٹ پھوٹ کر رو
لگا۔" نادر خاں نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "وہ تو جی سمجھو موت کے منہ سے نکل کر آیا تھا۔ ان دنو
مسجد میں اور اس کے آس پاس بہت مسلمان اکٹھے تھے اور روز بروز ان کی تعداد بڑھتی ہی جا رہ
تھی۔"

"میں نے تو سنا ہے امرتسر کی مسجد غزنویہ میں مسلمانوں کا بہت خون بہا۔ بہت تباہی ہوئی۔
رحیم داد نے دریافت کیا۔ "میں نے غلط تو نہیں سنا؟"

"تو نے ٹھیک ہی سنا چوہدری۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "میں نوں اب تک وہ بھیانک رات
یاد ہے۔" اس کے چہرے پر دکھ کے سائے پھیلنے لگے۔ "میں بھولا نہیں۔ ایک ایک بات یاد ہے
رمضان کا مہینہ تھا۔ مسجد میں دن رات کلام پاک کی تلاوت ہوتی' وعظ ہوتا۔ دعائیں مانگی جاتیں
۱۴ اگست کو جب پاکستان بننے کا اعلان ہوا تو ہم دونوں بھائی مسجد غزنویہ ہی میں تھے۔ رمضان کی ۲۷
تاریخ تھی۔ نہ پوچھ کیسی خوشی منائی گئی۔ ایک دوسرے کو مبارک باد دیتے تھے۔ گرم جوشی سے
گلے ملتے تھے۔"

"اس وقت تک مسجد محفوظ رہی ہوگی؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"ہاں جی۔ پر تباہی بھی اس روز ساتھ ہی آئی۔" نادر خاں نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "عید
سے تین روز پہلے کا ذکر ہے۔ مجھے ٹھیک طرح یاد ہے۔ مسجد کے صحن میں اور اس کے آس پاس
پڑے ہوئے مسلمان رات کو بھی جاگ ہی رہے تھے۔ ہر طرف سے تلاوت کی آوازیں آ رہی
تھیں۔ اچانک آدھی رات کو زبردست شور اٹھا۔ پتہ چلا' ریاستی اور گورکھا فوج نے مسجد پر دھاوا
بول دیا۔"

"فیر کیا ہوا جی؟" رحیم داد نے بے قرار ہو کر پوچھا۔

"ہونا کیا تھا۔ نہتے مسلمان فوج کے مسلح سپاہیوں کا کس طرح مقابلہ کر سکتے تھے۔ ڈر کے ادھر
ادھر چھپنے کی کوشش کرنے لگے۔ ہم دونوں بھائی بھی مدرسے کے ایک حجرے میں چھپ گئے۔ رات
کے اندھیرے میں ہر طرف چیخ پکار مچی تھی۔ کچھ سمجھ نہیں آتی تھی کیا ہو رہا ہے۔ بہت دیر بعد
جب شور شرابہ رکا اور یہ اطلاع ملی کہ حملہ آور فوجی قتل غارت گری کر کے چلے گئے تو منظور کے
ساتھ میں حجرے سے نکل کر مسجد میں پہنچا۔ دیکھا صحن میں ہر طرف لاشیں بکھری ہیں کچھ سسک
رہے تھے۔ کچھ دم توڑ رہے تھے۔ کچھ زخموں سے تڑپ رہے تھے۔ کوئی مرہم پٹی کرنے والا بھی نہ
تھا۔ مسجد میں جدھر نظر جاتی' خون ہی خون نظر آتا۔"

"زنانیاں اور مٹیاریں نہیں تھیں؟" جمیلہ بہت دیر بعد بولی۔

"بہت تھیں جی۔" نادر خاں نے بتایا۔ "کچھ کی تو ننگی لاشیں مسجد کے صحن میں خون میں لتھڑی
پڑی تھیں۔ کسی کا پیٹ چاک تھا کسی کی چھاتیاں کٹی ہوئی تھیں۔ کچھ کو حملہ آور فوجی اور بلوائی اٹھا
کر لے گئے۔ کچھ نے اپنی آبرو بچانے کے لیے مسجد کے کنوئیں میں چھلانگیں لگائیں اور ڈوب کر
مر گئیں۔ ان کی لاشیں پانی پر تیرتی دکھائی دے رہی تھیں۔"

"بہت ظلم اور اپرادھ ہوا۔" جمیلہ نے دکھ بھرے لہجے میں اپنے رد عمل کا اظہار کیا۔

رحیم داد نے نادر خاں سے دریافت کیا۔ "تو اور منظور اس خون خرابے کے بعد مسجد ہی میں
ٹھیرے رہے؟"

"نہیں جی' بلوچ رجمنٹ کی نگرانی میں دوسرے مسلمانوں کے ساتھ ہم دونوں کو بھی شریف پورہ
کے ریلیف کیمپ میں پہنچا دیا گیا تھا۔" نادر نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "ایک روز ایسا ہوا کہ علاقہ
مجسٹریٹ میجر پورن سنگھ' شریف پورہ کیمپ کے مسلمان پناہ گزینوں کا حال احوال معلوم کرنے آیا۔
اس سے فریاد کی گئی۔ ظلم و ستم کا حال بتایا گیا۔ میجر پورن سنگھ بہت متاثر ہوا۔ اس نے شہر کے
معائنے کا ارادہ کیا۔ ساتھ ہی کئی مسلمانوں کو بھی لیا۔ ان میں 'میں بھی شامل تھا۔"

"تو بھی معائنے پر مجسٹریٹ کے ساتھ گیا تھا۔" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر کہا۔ "کیا حال تھا شہر
کا؟"

"حال کی کیا پوچھتے ہو جی۔" نادر نے رقت انگیز آواز میں کہا۔ "مسلمان محلوں میں تو ہر طرف
تباہی نظر آتی تھی۔ جدھر نظر اٹھتی جلے ہوئے مکانات اور کھنڈر دکھائی دیتے۔ شہر کے گلی کوچوں
میں رستوں اور سڑکوں پر خون نظر آتا۔ لاشیں پڑی سڑتی تھیں۔ کسی کا سر کٹا ہوا' ہاتھ اور کسی کے
پیر۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "کوچہ رنگریزاں سے معائنہ ٹیم میجر پورن سنگھ کے ساتھ باہر نکلی
تو ایک مکان کے پرنالے سے لال لال اور تازہ خون بہہ رہا تھا۔ میجر کے ساتھ مکان کی چھت پر جا کر
دیکھا کہ ایک نوجوان زنانی اور اس کا ننھا سا بچہ خون میں ڈوبے پڑے ہیں۔ زنانی کے بدن کے
ٹکڑے ہو گئے تھے۔ پر بچہ اس نے چھاتی سے لگا رکھا تھا۔ دونوں ہی مر چکے تھے اور انھیں مرے
ہوئے زیادہ دیر بھی نہ گزری تھی۔ کچھ ہی فاصلے پر ایک جلتے ہوئے مکان کی چھت کے جنگلے کی
سلاخوں سے ایک زنانی کی جلی ہوئی بے جان ٹانگیں نیچے جھول رہی تھیں۔ ہر طرف گوشت کے
جلنے کی بو پھیلی تھی اور مردہ زنانی کی جھولتی ہوئی ٹانگوں سے چربی پگھل پگھل کر نیچے گر رہی تھی۔"

"بس کر نادر۔" جمیلہ نے پریشان ہو کر نادر خاں کو منع کیا۔ "تو ٹھیک کہہ رہا ہے۔ بہت ظلم اور

اپرادہ ہوا۔ کہتے ہیں سب پاگل ہوگئے تھے۔ پر سوال یہ ہے' وہ پاگل کیوں ہوگئے تھے؟ اس کا کوئی کارن تو ضرور ہی ہوگا؟ ایسے ہی تو کوئی پاگل نہیں ہوجاتا۔ میں تجھے یہی بتانا چاہتی تھی پاگل پن کیوں ہوا؟ کیسے ہوا؟"

نادر خاں نے کہا۔ "ایک گل اور بھی ہے۔ فسادات اور بلوؤں کے بعد ہندو بنے اور سا چلے گئے۔ پر ان کی جگہ مسلمان ساریوں اور زمیں داروں نے لے لی۔ وہ بھی اگاہی پر کرض ا دیتے ہیں۔ سود اور بیاج کھاتے ہیں۔ فرک کیا پڑا جی۔"

"تیرا مطلب ہے مزارعوں سے دیگار لی جائے۔ منشیانا اور کمالیہ لیا جائے۔ زبردستی طرح کے ٹیکس وصول کئے جائیں۔" جمیلہ کے چہرے پر جھنجلاہٹ بکھر گئی' لہجہ تلخ ہوگیا۔ "تو یہ چاہتا ہے ناں؟" اس نے صاف انکار کردیا۔ "مجھے اس طرح زمیں داری نہیں بڑھانی۔"

"برا نہ منا۔" نادر خاں کے لہجے میں عاجزی تھی۔ "زمیں دارنی! تو اپنا سکول وڈا بنانا چاہتی۔ ڈسپنسری بھی لگانی چاہتی ہے۔ میں کہتا ہوں ضرور ایسا کر۔ مزارعوں سے کوئی اور ٹیکس وصول نہ پر سکول اور ڈسپنسری ٹیکس تو فصل کی واڈھی پر وصول کرنا ہی چاہیے۔"

"کیوں وصول کرنا چاہیے؟" وہ آنکھیں نکال کر بولی۔

"اس لیے کہ سکول اور ڈسپنسری تو انھیں کے لیے ہوں گے نا؟" نادر خاں نے جمیلہ کی خفگی انداز کرتے ہوئے اپنے مشورے پر زور دیا۔

"نہیں نادر! مجھے سکول اور ڈسپنسری کے لیے کوئی ٹیکس نہیں لینے۔" جمیلہ کا لہجہ بدستور تیکھا تھا۔ "مجھے ٹیکس کے چکروں میں نہ ڈال۔ ایک بار ٹیکسوں کا سلسلہ شروع ہوگیا تو نت نئے شروع ہوجائیں گے۔ فیر بے دخلیاں ہوں گی۔ ظلم ہوگا' اپرادہ ہوگا۔ مجھے اس سے خوف ہے۔" اس نے انکار میں ہاتھ ہلایا۔ "میں نے تجھے بتایا نا کہ میرے پتا کی بہت وڈی زمیں دار تھی۔ میں نے وہ زمیں داری دیکھی ہے۔ مزارعوں سے طرح طرح کے ٹیکس وصول ہوتے ہو۔ بھی دیکھے ہیں اور ان کے ہل بوتے پر زمیں داری کے ٹھاٹھ باٹ بھی دیکھے ہیں۔ میں نے بہت کچھ دیکھا۔" اس نے بڑے جوش سے اپنے سینے پر ہاتھ مارا۔ "فسادات اور بلوے دیکھے۔ بھلے چنگے بندوں کو پاگل اور وحشی ہوتے دیکھا۔ اور اس پاگل پن کا شکار بھی ہوئی۔ تجھے کیا پتہ وہ پاگل پن کیا بھیانک تھا۔ ایک ڈراؤنا سپنا۔ ہاں' اب تو سپنا ہی لگتا ہے۔" اس کی آواز بھرا گئی۔ آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے۔ "مجھے اس ہیسکر کلپنا کی یاد نہ دلا۔"

رحیم داد اور نادر خاں دم بخود بیٹھے رہے۔ جمیلہ نے چادر کے پلو سے قطرہ قطرہ ٹپکتے ہوئے آنسو

پونچھے۔ اٹھ کر کھڑی ہوگئی۔ نادر خاں بھی کھڑا ہوگیا۔ جمیلہ نے مڑ کر اس کی سمت دیکھا۔ "نادر! میں بہت ابھاگن اور دکھی ہوں۔ ایسا نہ کر کہ مجھے اور دکھ پہنچے۔" اس کی آواز میں زخمی دل کی فریاد پنہاں تھی۔

"نہیں زمیں دارنی' تو ایسا نہ سوچ۔" نادر خاں نے مستعدی سے جواب دیا۔

رحیم داد بھی اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ اس نے جمیلہ کو یقین دلانے کی کوشش کی۔ "تو جیسا کہے گی بالکل ویسا ہی ہوگا۔ فکر نہ کر۔ تیری مرضی کے خلاف کچھ نہیں ہوگا۔"

"چوہدری! مجھے تجھ سے یہی امید تھی۔" جمیلہ مطمئن ہو کر بولی۔ "تو بھی تو کم دکھی نہیں۔ تو نے بھی بہت ظلم اور اپرادہ اٹھایا ہے۔ تو جانتا ہے اور ٹھیک طرح جانتا ہے کہ ظلم اور اپرادہ کیا ہوتا ہے؟"

جمیلہ آگے بڑھی۔ کمرے سے نکل کر دالان میں گئی۔ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی اوپر کی منزل کے زینے پر پہنچی اور سیڑھیاں طے کرنے لگی۔

اس ملاقات کے بعد جمیلہ سے پھر بات چیت نہ ہوئی۔ نہ رحیم داد نے کوشش کی اور نہ ہی جمیلہ نے۔

☆

رحیم داد نے زمیں داری کے معاملات میں پوری توجہ کے ساتھ دلچسپی لینا شروع کردی تھی۔ وہ روزانہ نادر خاں کے ساتھ کھیتوں کی طرف نکل جاتا۔ فصلوں کو دیکھتا۔ کپاس کے پودوں میں ڈوڈے پھوٹنے لگے تھے۔ مکئی کے لمبے لمبے پتوں کے درمیان گڈیاں اور سٹے ہوا کے جھونکوں سے ہولے ہولے جھومتے اور کماد کے اونچے اونچے پودوں پر پاندے پھیلتے جا رہے تھے۔

رحیم داد مزاروں سے ملتا۔ بات چیت کرتا۔ فصلوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے نجی معاملات میں بھی دلچسپی کا اظہار کرتا۔ ان سے نرمی اور ہمدردی کا اظہار کرتا۔ دوپہر تک اس کا وقت عام طور پر کھیتوں کے درمیان گھومتے پھرتے اور مزاروں سے باتیں کرتے ہوئے گزرتا۔ دوپہر کا کھانا کھا کر وہ سو جاتا۔ شام کو پابندی سے باغ میں جا کر بیٹھ جاتا۔ وہاں بھی مزارعوں سے ملتا۔ مگر حویلی کے باہر کے اس سائبان کے نیچے وہ کسی روز نہیں بیٹھا جہاں اللہ دسایا مزارعوں سے اکثر و بیشتر ملتا تھا اور گھنٹوں بیٹھا ان کے ساتھ بات چیت کرتا رہتا تھا۔ رحیم داد کبھی کبھی ٹہلتا ہوا گاؤں میں چلا جاتا یا نہر کی طرف نکل جاتا۔ نادر ہمیشہ اس کے ہم راہ ہوتا۔

زمیں داری کی مصروفیات سے اکتا جاتا تو وہ دل بہلانے کے لیے احسان شاہ کے پاس چلا جاتا۔

دو تین روز ٹھیرتا۔ شام کو وہسکی کی چسکی لگاتا۔ رات کو کبھی نوراں اور کبھی کسی اور نوجوان عورت کو کوٹ سے بلوالیتا۔ مگر احسان شاہ کی حویلی میں اس کا قیام اب طویل نہ ہوتا۔ چند ہی روز ٹھیرنے کے بعد واپس کوٹ ہرکشن آجاتا۔

احسان شاہ کی حویلی میں قیام کرنے اور اس کے ساتھ وقت گزارنے کا رحیم داد کو سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ سرکاری افسروں اور بڑے زمیں داروں سے ملنے اور تعلقات پیدا کرنے کا پورا پورا موقع ملا۔ اس کے ذہن میں پولیس کے افسروں کی طرف سے جو خوف و خطرے کا احساس تھا وہ بھی رفتہ رفتہ زائل ہوچکا تھا۔ وہ سب سے بے دھڑک ملتا۔ لیکن وہ احسان شاہ کے پاس ہمیشہ چوری چھپے جاتا اور تخت محل جانے کا بہانہ کرتا۔

موسم دھیرے دھیرے بدلتا جا رہا تھا۔ دوپہر کو کسی قدر گرمی ہو جاتی مگر صبح خوش گوار اور سہانی ہوتی۔ شام کو ہلکی ہلکی خنکی ہوتی۔ یہی وجہ تھی کہ رحیم داد نے اب شام کو باغ میں بیٹھنے کا سلسلہ بند کردیا تھا۔

☆

جمیلہ سے پچھلے کئی ہفتوں سے رحیم داد کی ملاقات نہ ہوئی تھی۔ وہ ان دنوں رحیم داد کو نظر ہی نہ آتی۔ عدّت میں ہونے کے باعث اس نے پھاتاں کے مشورے سے تاجاں کی شادی کی تاریخ بڑھا دی تھی۔ سسرال والوں نے بھی اس عذر کو قبول کرلیا تھا۔ جمیلہ نے جیسا کہا انھوں نے ویسا ہی کرنے پر رضامندی کا اظہار کیا۔ نہ حجت کی نہ اصرار کیا۔

عدّت ختم ہونے میں اب تھوڑی ہی مدت رہ گئی تھی۔ خریف کی فصل تیار ہوچکی تھی۔ جمیلہ فصل کی کٹائی کے بعد ہی تاجاں کی شادی کردینا چاہتی تھی۔ دونوں طرف سے شادی کی تیاریاں ہو رہی تھیں۔ جمیلہ اسکول کی مصروفیات کے ساتھ ساتھ شادی کی تیاریوں میں الجھی ہوئی تھی۔

نادر خاں نے بھی اب اپنی بیوی کو بلالیا تھا۔ بیوی اور تینوں بچیوں کے ساتھ وہ مہمان خانے ہی کے ایک حصے میں مقیم تھا۔ مگر وہاں مستقل رہنا نہ چاہتا تھا۔ رحیم داد بھی یہی چاہتا تھا۔ نادر کا ارادہ تھا کہ فصل کی کٹائی کے بعد ڈسپنسری کی تعمیر شروع ہو تو بھٹے سے آنے والی اینٹوں سے مہمان خانے کے قریب ہی اپنی رہائش کے لیے مکان بنوالے۔ اپنی اس خواہش کا اظہار وہ رحیم داد سے کرچکا تھا۔ اور رحیم داد نے اسے مکان بنانے کی اجازت بھی دے دی تھی۔

نادر کی بیوی کا نام جنت بی بی تھا۔ وہ خوب صورت تو نہ تھی مگر رنگ صاف تھا۔ جسم گداز اور بھرا بھرا تھا۔ عمر ۳۵ برس کے لگ بھگ تھی۔ نادر خاں بھی اس کا دوسرا شوہر تھا۔ پہلے شوہر سے

اس نے طلاق لے لی تھی۔ اس سے دو بچے بھی تھے جو باپ کے ساتھ ہی قصور میں رہتے تھے۔

جنت گھر کے کام کاج سے فارغ ہو کر روزانہ جمیلہ کے پاس چلی جاتی۔ شام کو تو اس کا بیشتر وقت جمیلہ ہی کے پاس گزرتا۔ وہ رفتہ رفتہ جمیلہ سے قریب ہوتی جا رہی تھی۔ جمیلہ کا رویہ بھی اس کے ساتھ خوش گوار اور مشفقانہ تھا۔ تاجاں کی شادی کی تیاریوں میں اس نے جنت کو بھی شریک کرلیا تھا۔ اس طرح وہ جمیلہ سے اور قریب ہوگئی۔ شادی بیاہ کی رسم و رواج کے سلسلے میں وہ جمیلہ کو مشورے بھی دیتی۔ جمیلہ ان کو مان بھی لیتی۔ وہ ہندو گھرانے میں پیدا ہوئی تھی اور اسی ماحول میں پروان چڑھ کر جوان ہوئی تھی۔ لہٰذا مسلمانوں کی رسوم اور روایات سے پوری طرح اسے واقفیت نہ تھی۔ جنت اس سلسلے میں اس کی اچھی مشیر ثابت ہوئی۔

جنت بی بی ایک بار عدّت کی مدت بھی گزار چکی تھی۔ اس معاملے میں وہ تجربہ کار بھی تھی۔ جمیلہ کی عدّت ختم ہونے کو آئی تو اس نے نادر کو بتایا کہ عدّت کے خاتمہ پر کیا کیا ہونا چاہیے۔ وہ چاہتی تھی کہ عدّت جس روز ختم ہو رحیم داد کی جانب سے جمیلہ کو نیا جوڑا اور چوڑیاں بھیجی جائیں۔ ویسے جوڑا اور چوڑیاں میکے سے آنا چاہیے تھیں۔ مگر جمیلہ کا کوٹ ہرکشن میں بیٹھا ہی کون تھا جو اس فرض کو ادا کرتا۔

نادر خاں نے رحیم داد سے اس سلسلے میں بات کی۔ وہ اس وقت رحیم داد کے کمرے میں بیٹھا تھا۔ نادر کی بات سن کر رحیم داد بولا۔ "ایسا کر نادر تو جمیلہ سے بھی پوچھ لے۔"

"اس سے کیا پوچھنا ہے جی۔" نادر نے مستعدی سے جواب دیا۔ "ویسے تو یہ زمیں دارنی کے کسی رشتے ناتے دار کی طرف سے ہونا چاہیے تھا۔ لیکن تیں نوں پتہ ہی ہے ادھر اس کا کوئی بھی نہیں۔ اب تیری ہی طرف سے اس کا بندوبست ہونا چاہیے۔ اس معاملے میں جمیلہ سے بات کرنا مناسب نہیں لگتا۔ یہ رسم اسی طرح ہوتی ہے۔"

رحیم داد نے کوئی حجت نہ کی۔ صرف اتنا کہا۔ "کسی کو آج ہی لہور بھیج کر کپڑا منگوالے۔ مگر کپڑا ریشمی ہو۔" وہ چند لمحے نظریں جھکائے سوچتا رہا۔ "رنگ گلابی ہونا چاہیے۔ جمیلہ کو یہ رنگ بہت پسند ہے۔ چوڑیاں بھی عمدہ ہوں۔" وہ زیرلب مسکرایا۔ "میں تو کہتا ہوں تو خود ہی چلا جا۔ کپڑا لاکر اپنی گھر والی کو دے دینا۔ وہ ناپ لے کر خود ہی تیار کروالے گی۔ یہ زنانیوں کا کام ہے۔ اس کا نہ تجھے پتہ ہے اور نہ مجھے۔ ایسے سارے ہی کام ہمیشہ زنانیوں ہی کے لیے چھوڑ دینے چاہئیں۔" وہ بے تکلفی سے ہنسنے لگا۔

دوسرے ہی روز نادر خاں لاہور چلا گیا۔ دوپہر کو رحیم داد بھی احسان شاہ کے گاؤں' پیراں والہ

چلا گیا۔ مگر رحیم داد نے وہاں صرف رات بھر کے لیے قیام کیا۔ سویرے اٹھ کر حویلی اسٹیشن راستے پاک پتن پہنچا۔ بازار گیا۔ بھاول پوری چوڑی گروں کے بنائے ہوئے ہاتھی دانت چوڑے خریدے۔ باہوں میں پہن نے کے لیے باہیں خریدیں۔ بھاول پوری لہریا ریشمی لنگی، گل بوٹوں کا کڑھا ہوا دوشالہ، چاندی کے کرن پھول، مندریاں اور چھلوں کے علاوہ ناک میں نے کا قیمتی بھاول پوری پوپا اور سونے کے کنگن خریدے۔ وہ اسی شام واپس آگیا۔ نادر خاں دو بعد لاہور سے لوٹا۔

عدّت کی مدت کے چار مہینے دس دن پورے ہونے سے پہلے ہی جنت نے ریشمی جوڑا سلوالیا تھ جس روز عدّت ختم ہوئی۔ جمیلہ نے صبح اٹھ کر غسل کیا۔ جنت نے اصرار کیا تو اس نے گلابی ریش جوڑا پہن لیا۔ کلائی میں چوڑیاں بھی ڈال لیں۔ مگر اس کی آنکھیں چھلک پڑیں۔ اللہ وسایا اسے بار یاد آیا۔ اس نے آنسو پونچھے۔ کسی نہ کسی طرح خود کو سنبھالا۔ جنت نے کنگھی سے جمیلہ کے سنوارے۔ آنکھوں میں کاجل لگایا۔ پھر وہ حویلی کی چند خادماؤں کے ہم راہ جمیلہ کو مسجد لے گئ مسجد کے دروازے پر پہنچ کر جمیلہ نے ہاتھ اٹھا کر سلام کیا۔ جنت نے جمیلہ ہی کے ہاتھ سے مسجد ملا کو پانچ روپے دلوائے۔

اب جمیلہ پر حویلی سے بے دھڑک باہر جانے اور کسی نامحرم کے سامنے آنے کی پابندی اٹھ گ تھی۔ مگر جمیلہ مسجد سے واپس آنے کے بعد سیدھی اوپر کی منزل پر گئی اور اپنے کمرے میں تنہا بی رہی۔ رحیم داد بڑے کمرے میں بیٹھا اس کا انتظار کرتا رہا۔ مگر وہ نیچے نہ اتری۔

دن ڈھلنے لگا۔ رحیم داد غسل خانے میں گیا۔ نہا دھو کر ڈبل گھوڑا بوسکی کی نئی قمیص اور شلوا پہنی۔ آنکھوں پر سنہری فریم کا نیا چشمہ لگایا۔ یہ لباس اور چشمہ نادر خاں کا بھتیجا لاہور سے خرید لایا تھا۔ کپڑے تبدیل کرنے کے بعد رحیم داد نے سر کے بال خوشبو دار تیل ڈال کر جمائے ڈاڑھی کو کنگھی سے سنوارا۔ آنکھوں میں سرمہ ڈالا۔ عطر لگایا۔ اور آئینہ کے سامنے کھڑے ہو دیر تک اپنی سج دھج دیکھتا رہا۔ وہ اس وقت وجیہہ اور باوقار لگ رہا تھا۔ چہرے پر تازگی تھی رخساروں پر سرخی جھلکتی تھی۔ آنکھوں میں طراوٹ اور تابندگی تھی۔

اس نے احمد کی بیوی تاراں کو بلوایا اور وہ تمام سازو سامان، جو اس نے چند روز قبل پاک پتن سے خریدا تھا ایک طشت میں رکھ کر جمیلہ کے پاس بھجوایا۔ وہ کچھ دیر اپنے کمرے میں بیٹھا رہا۔ پھ حویلی سے باہر جانے کے ارادے سے نکلا تو تاراں کی زبانی یہ پیغام ملا کہ جمیلہ نے اسے اپنے کمرے میں بلایا ہے۔

☆

یہ گلابی جھاڑوں کی ہنستی مسکراتی شام تھی۔ فضا میں خنکی تھی۔ کہر کا ہلکا نیل گول دھند لکا ڈوبتے سورج کی نارنجی شعاعوں میں گھلتا جا رہا تھا۔ رحیم داد کی آنکھوں میں سنہرے خواب جاگ رہے تھے۔ اس نے دھڑکتے دل سے سیڑھیاں طے کیں۔ اوپر پہنچا۔ زینے کی ممٹی کے سامنے کھلی چھت تھی۔ چھت کے ایک سرے پر تین کمرے تھے۔ دو کمروں کے آگے برآمدہ تھا۔ تیسرے کی صرف کھڑکیاں چھت کی جانب کھلتی تھیں۔ اس میں آمد و رفت کے لیے دروازہ ملحقہ کمرے ہی میں کھلتا تھا۔

رحیم داد نے دیکھا، بائیں ہاتھ کے کمرے کا دروازہ کھلا ہے۔ اس کمرے میں وہ ایک بار پہلے بھی آچکا تھا۔ دروازے کے قریب پہنچ کر اس نے کمرے کے اندر نظر دوڑائی۔ لیمپ کی گہری زرد روشنی میں جمیلہ مونڈھے پر بیٹھی تھی۔ وہ گلابی لباس میں پھول کی مانند شگفتہ اور دل کش نظر آرہی تھی۔ سامنے میز پر طشت میں وہ تمام اشیاء اسی طرح رکھی تھیں جس طرح رحیم داد نے تاراں کے ہاتھ بھجوائی تھیں۔

رحیم داد کو دیکھ کر جمیلہ نے کہا۔ "چوہدری! اندر آجا۔" اس نے ایک کرسی کی طرف اشارہ کیا۔ "بیٹھ جا۔"

وہ خاموشی سے بیٹھ گیا۔ جمیلہ نے سامنے رکھے ہوئے طشت کی جانب ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ "تو نے یہ سب کچھ کس لیے بھیجا ہے؟"

"تیرے ہی لیے بھیجا ہے۔" رحیم داد نے مسکرانے کی کوشش کی۔ "سوچا تیری عدّت تو ختم ہو چکی ہے۔ تجھے ان کی ضرورت ہوگی۔ اب تو انھیں پہن سکتی ہے۔" وہ بے تکلفی سے کھل کر مسکرایا۔ "میں نے غلط تو نہیں سوچا؟"

"ہاں، اب میں انھیں پہن سکتی ہوں۔ تو نے ٹھیک ہی سوچا۔"

"ہوا یہ کہ تخت محل سے واپسی پر میں بھاول نگر گیا تھا۔" رحیم داد نے بتایا۔ "بازار گیا تو تیرے لیے یہ چیزیں خرید لیں۔ پہلے بھی خرید لیتا۔ پر تب تو انھیں پہن نہیں سکتی تھی۔"

"لایا تو بہت شاندار چیزیں ہے۔" جمیلہ نے طشت سے کنگن اٹھائے۔ دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ہاتھی دانت کے چوڑے دبائے۔ "بھاول پوری چوڑی گروں کے ہاتھ کے بنے ہوئے ہیں ناں؟ بہت سندر ہیں۔"

"تیری کلائیوں اور باہوں پر بہت شان دار لگیں گے۔" رحیم داد خوش ہو کر بولا۔ "انھیں پہن

لے۔"

"نہیں! میرے پہن نے کا سے بیت گیا۔" وہ اچانک سنجیدہ ہوگئی۔ "یہ راجلو گنے پاتے ہیں۔ تاجاں کے دھیج کے لیے ٹھیک رہیں گے۔ وہ ڈیڑھ دو مہینے بعد مائیاں بیٹھ جائے گی۔"

"اس کی دھیج کے لیے اور لے آؤں گا۔" رحیم داد نے اصرار کیا۔ "میری خوشی ہے تو انھیں ابھی میرے سامنے پہن لے۔" اس نے جمیلہ کی آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش کی۔ "تو تاجاں کی فکر نہ کر۔"

"نہیں۔ میں انھیں نہیں پہنوں گی۔" جمیلہ نے صاف انکار کردیا۔

مگر رحیم داد نا امید نہ ہوا۔ ہنس کر پوچھا۔ "کیوں نہیں پہنے گی؟"

"میرا من نہیں چاہتا۔" جمیلہ کے چہرے پر دکھ کا غبار بکھرنے لگا۔ "مجھے مجبور نہ کر۔"

رحیم داد نے اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بھرپور نظروں سے دیکھا۔ اور ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔

جمیلہ نے نگاہیں نیچی کرلیں۔ رحیم داد نے آہ بھرنے کے انداز میں گہری سانس بھری۔ آہستہ سے کہا۔

"جمی لے!"

جمیلہ نے چونک کر اسے دیکھا۔ رحیم داد نے پہلی بار اللہ وسایا کے پیار بھرے انداز سے اسے مخاطب کیا تھا۔ وہ تڑپ کر بولی۔ "کہہ 'کیا کہنا چاہتا ہے؟'"

"برا نہ منا۔" رحیم داد موم کی طرح پگھل گیا۔ اس کے لہجے میں عاجزی کے ساتھ ساتھ لگاوٹ بھی تھی۔ "تیں نوں پتہ نہیں 'تو کتنی سوہنی ہے۔ اور جوان بھی ہے۔ کب تک اللہ وسایا کو یاد کرتی رہے گی۔ وہ اب واپس آنے سے تو رہا۔"

"میں نوں پتہ ہے وہ واپس نہیں آسکتا۔" جمیلہ نے بہت سنبھلے ہوئے انداز میں کہا۔ "سچ پوچھ تو اب مجھے اس کی ضرورت بھی نہیں۔ بہت دن بیتے جب مجھے ایک سہارے کی ضرورت تھی۔ اللہ وسایا کے روپ میں مجھے وہ سہارا مل بھی گیا تھا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اب میرا سہارا نینا اور گڈو ہیں۔ مجھے کسی اور سہارے کی ضرورت نہیں۔ میں کیول ان دونوں کے لیے زندہ رہنا چاہتی ہوں۔"

"تو ضرور ان کے لیے زندہ رہ پر کچھ اپنا بھی تو خیال کر۔" رحیم داد نے لہجے میں رقت پیدا کی۔ "تیں نوں کسی کے سہارے کی ضرورت ہو یا نہ ہو۔ پر مجھے تیرے سہارے کی ضرورت ہے۔ میں تو

تے چاہتا ہوں۔"

"میں نوں پتہ ہے تو کیا چاہتا ہے؟" جمیلہ اس کی بات کاٹ کر بولی۔ "پر جو تو چاہتا ہے وہ نہیں ہو سکتا۔ اس وچار کو اپنے من سے نکال دے۔ اسے بھول جا۔"

"کیسے بھول جاؤں۔" رحیم داد نے چہرے پر افسردگی طاری کرنے کی کوشش کی۔ عاجزی سے بولا۔ "میں بھی تیری طرح دکھی ہوں۔ اجڑا ہوا ہوں۔ برباد ہوا ہوں۔" اس نے بجھی بجھی نظروں سے جمیلہ کو دیکھا۔ "اجڑ کر ایک بار فیر سنبھلنے کا موکع ملا تھا۔ تیں نوں پتہ ہے 'اب وہ بھی نہ رہا۔ سب کچھ ختم ہوگیا۔ رابعہ دوسرے کی ہوچکی ہے۔ اس نے منت کرنے پر بھی بیٹی کو میرے ساتھ نہ آنے دیا۔"

جمیلہ نے کسی ردعمل کا اظہار نہ کیا۔ چپ بیٹھی رہی۔

رحیم داد چند لمحے خاموش رہنے کے بعد غم زدہ لہجے میں گویا ہوا۔ "مجھے سمجھنے کی کوشش کر۔ میرا دکھ تو جانتی ہے۔"

"میں تجھے اور تیرے دکھ کو ٹھیک طرح جان چکی ہوں۔" جمیلہ کے لہجے میں تلوار کی کاٹ تھی۔ "صاف صاف سن نا چاہتا ہے تو سن لے۔" وہ ہانپنے کے انداز میں تیز تیز سانسیں بھرنے لگی۔ "تو مجھ سے بہانہ کرکے احسان شاہ کے پاس جاتا رہا۔ اس کی حویلی میں ٹھیرتا اور ہر بار مجھ سے جھوٹ بولتا رہا۔"

رحیم داد سخت سٹ پٹایا۔ بدحواس ہو کر بولا۔

"تجھے یہ کس نے بتایا؟ یہ بالکل غلط ہے۔" وہ اپنی بات کہتے کہتے الجھا۔ "کسی نے تجھے بہکا دیا۔ ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟"

"چوہدری! چپ کر۔ زیادہ بکواس نہ کر۔" جمیلہ نے اسے غصے سے ڈانٹا۔ "احسان شاہ کا پنڈ' پیراں والہ یہاں سے دور ہی کتنا ہے۔ چند میل کا تو فاصلہ ہی ہے۔ تو نے یہ نہ سوچا یہ بات کب تک چھپی رہے گی۔ کسی پنڈ میں کوئی نیا بندہ آجائے تو آس پاس کے ہر پنڈ میں اس کی خبر پھیل جاتی ہے۔ تو' تو بہت دنوں سے احسان شاہ کے پاس جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ کئی کئی روز ٹھیرتا رہا ہے۔"

جمیلہ ابھی کچھ اور کہنا چاہتی تھی کہ اسی اثنا میں تاراں دروازے پر نمودار ہوئی۔ وہ کھانا لے کر آئی تھی۔ جمیلہ نے تاراں کو دیکھتے ہی کہا۔

"چوہدری' اب تو جا۔"

رحیم داد خاموشی سے اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔

وہ کمرے سے باہر آیا۔ رات درو دیوار سے نیچے اتر رہی تھی۔ سناٹا گہرا ہوگیا تھا۔ ہر طرف اندھیرا چھایا تھا۔ کہر کی دھند میں لپٹی ہوئی حویلی اونگھ رہی تھی۔

۴۳

حویلی کے شمال میں گاؤں کارڑ تھا۔ رڑ کے اس پار دور تک کھیت پھیلے ہوئے تھے۔ خریف کی فصل تیار ہو چکی تھی۔ مکئی اور کماد کے پودے خوب اونچے ہوگئے تھے۔ ان کے لمبے لمبے پتے کہیں کہیں سے زرد پڑ گئے تھے۔ مکئی کے سٹوں سے ادھر ادھر نکلے ہوئے بلوں کے سفید اور باریک سوت بکھرے ہوتے تو جھالر بن کر لہراتے۔ سمٹ کر گتھ جاتے تو پھندنے معلوم ہوتے۔ کماد کے بعض پودے اتنے زیادہ پک گئے تھے کہ پتوں پر آگری نکل آئی تھی۔

کپاس کے پودے گھنے اور چھوٹے تھے۔ ان کے ڈوڈوں سے روئی کے سفید سفید تونبے پھوٹ کر باہر نکل آئے تھے۔ یہ پھٹی تھی۔ مکئی، چری اور کماد کے پودوں کی کٹائی کے ساتھ پھٹی کی چنائی بھی شروع ہونے والی تھی۔

رحیم داد ناشتا کر چکا تھا۔ وہ اپنے کمرے کی کھڑکی سے رڑ کے اس پار کھیتوں کو دیکھ رہا تھا۔ کھیتوں پر ابھی تک پالا پڑ رہا تھا۔ دھند کی ہلکی ہلکی سرمئی تہہ دور تک پھیلی ہوئی تھی۔ پچھلے کئی روز سے وہ کھیتوں کی طرف نہیں گیا تھا۔ اس کا بیشتر وقت کمرے کے اندر ہی گزرتا۔ دن ڈھلے کبھی کبھار نہر کی طرف نکل جاتا۔ مگر نہ احسان شاہ کے گاؤں پیراں والہ گیا نہ اس کا ایسا ارادہ تھا۔

نادر خاں سے اس کی ملاقات ان دنوں عام طور پر صبح کے وقت ہوتی۔ نادر نے اس کی خلاف معمول بڑھی ہوئی عزلت پسندی اور خاموشی محسوس کی۔ ایک روز کرید کر سبب معلوم کرنے کی کوشش بھی کی۔ لیکن رحیم داد نے اس کی مطلق حوصلہ افزائی نہ کی۔ نہ کچھ بتایا نہ اعتماد میں لینے کی کوشش کی۔ اس نے جیلہ سے اپنی ملاقات تک کا اس سے ذکر نہیں کیا۔ البتہ زمیں داری کے

بارے میں وہ ہر روز نادر خاں سے بات چیت کرتا اور اکثر دیر تک کرتا۔

رحیم داد خاموش بیٹھا نادر خاں کا انتظار کر رہا تھا۔ اسی اثنا میں سیڑھیوں پر قدموں کی آہٹ ابھری۔ رحیم داد نے اندازہ لگالیا کہ جمیلہ اوپر کی منزل سے نیچے آرہی ہے۔ چاپ رفتہ رفتہ قریب آتی گئی۔ پچھلے سات آٹھ روز سے جمیلہ سے اس کی بات چیت نہیں ہوئی تھی۔ نہ رحیم داد نے کوشش کی اور نہ ہی جمیلہ نے اس کی جانب کوئی توجہ دی۔ جمیلہ ہر صبح اوپر سے نیچے آتی۔ رحیم داد کے کمرے کے سامنے سے چپ چاپ گزرتی اور اپنے دونوں بچوں کے ہم راہ اسکول چلی جاتی واپسی پر بھی وہ بے نیازی سے اوپر چلی جاتی۔ اسکول کے علاوہ اس کا زیادہ وقت اوپر کی منزل گزرتا۔ کوئی ملنے آتا تو اسے بھی وہ اوپر ہی بلوالیتی۔

جمیلہ ذرا دیر بعد رحیم داد کے سامنے پہنچ گئی۔ گڈو اس کی انگلی پکڑے ہوئے تھا۔ اور نینا ساتھ ساتھ چل رہی تھی۔ ان کے پیچھے تاجاں تھی۔ وہ بچوں کے بستے' سرخ اون کا بڑا سا گولا اور اس میں پھنسی ہوئی بنائی کی سلائیاں اٹھائے ہوئے تھی۔ جمیلہ کا لباس سفید اور صاف ستھرا تھا۔ وہ ہلکی اونی شال اوڑھے ہوئے تھی۔ سیاہ شال پر سنہری بوٹیوں کی کشیدہ کاری تھی۔ زری کے کام کے ساتھ سبز اور سرخ ریشمی دھاگوں کی کڑھائی بھی تھی۔ وہ گردن اونچی کیے چل رہی تھی۔ رحیم داد اسے بجھی بجھی نظروں سے دیکھتا رہا۔

جمیلہ چلتے چلتے ٹھٹکی' دہلیز پر رکی۔ گردن کو خم دے کر اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ رحیم داد جھٹ کھڑا ہوگیا۔ جمیلہ نے اسے مخاطب کیا۔ "چوہدری! تو آج کل کھیتوں کی اور نہیں جاتا۔ خریف کی فصل تیار ہے۔ اس کی داڈھی کا بھی بندوبست کرنا ہے۔"

"زمیں دارنی! میری طبیعت پچھلے کئی روز سے گڑبڑ رہتی ہے۔" رحیم داد نے معذرت کے انداز میں رسان سے کہا۔ "فکر نہ کر۔ نادر خاں ہر کام کی پوری طرح دیکھ بھال کر رہا ہے۔"

"کیا دیکھ بھال کر رہا ہے؟" جمیلہ کا لہجہ تیز اور تیکھا تھا۔ "اسے تو یہ بھی پتہ نہیں کہ پھٹی پر لال سونڈی لگ گئی ہے۔ کئی بوٹوں پر چست تیلا اور سفید مکھی بھی نظر آئی۔ ڈوڈے سکڑ کر رہ گئے ہیں۔ کئی کھیتوں میں تو ڈوڈوں سے تونبے پھوٹے ہی نہیں۔ مجھے کل ہی رحمان نے بتایا۔ میں خود دیکھنے گئی تھی۔ اپنی آنکھوں سے پھٹی کے بوٹوں میں سونڈی اور دوسرے کیڑے دیکھے۔" اس کے چہرے پر ہلکی ہلکی جھنجلاہٹ ابھرنے لگی۔ "اس طرح کیسے کام چلے گا؟ کپاس کی ساری فصل تباہ ہوجائے گی۔"

"ابھی نادر آتا ہوگا۔ میں اس سے بات کروں گا۔" رحیم داد نے کرسی کی جانب اشارہ کیا اور

لہجے میں عاجزی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "ذرا دیر یہاں ٹھیر جا۔ نادر سے بات کرلے۔ جو کچھ کرنا ہے اسے سمجھادے۔" وہ اپنی بات کہتے کہتے لمحے بھر کے لیے رکا اور سر کے بال انگلی سے کریدنے لگا۔

"سمجھ نہیں آتی پھٹی میں سونڈی کیسے لگ گئی اور نادر نے اس کے بارے میں کیوں نہیں بتایا؟ روز سویرے میرے پاس آتا ہے۔ پہلے مجھ سے گل بات کرتا ہے۔ بعد میں کھیتوں کی طرف جاتا ہے۔"

"مجھے کیا پتہ' وہ کیا کرتا ہے اور تجھے کیا بتاتا ہے؟" وہ بے زاری سے بولی۔

"تو ذرا دیر کے لیے بیٹھ تو جا۔" رحیم داد نے نرمی سے اصرار کیا۔ "نادر آنے ہی والا ہے۔ میں چاہتا ہوں تیرے سامنے ہی اس سے گل بات ہو۔ بلکہ میں تو چاہتا ہوں تو خود پوچھ تاچھ کر۔ تنخواہ لیتا ہے مفت تو کام نہیں کرتا۔"

"میں نے تو اب سکول جانا ہے۔" جمیلہ نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی دیکھی۔ "پہلے ہی دیر ہو چکی ہے۔ تو خود ہی نادر سے گل کرنا۔ ویسے بھی زمیں داری تجھے ہی سنبھالنی ہے۔ میں نے اس سے کیا لینا؟"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے جمیلہ کی سمت دیکھا۔ لہجے میں اور زیادہ نرمی پیدا کی۔ "زمیں دارنی! ایسی بات نہ کر۔ یہ بتا' میں نوں نادر سے کیا کہنا ہے؟"

"کیا کہنا ہے؟" اس دفعہ جمیلہ کے رویے میں جھنجلاہٹ کے بجائے سنجیدگی کا پہلو نمایاں تھا۔ "اس سے کہہ کہ پھٹی کے بوٹوں پر فوراً کیڑے مار دوا کا سپرے کرائے۔ ورنہ کپاس کی فصل کا ستیاناس ہوجائے گا۔"

ننھے گڈو نے ماں کے کرتے کا دامن کھینچا اور مچلنے کے انداز میں بولا۔ "ماں جی! سکول نہیں جانا۔ میں نے پڑھائی کرنی ہے۔"

"چلتی ہوں' ابھی چلتی ہوں۔" جمیلہ نے پیار سے گڈو کا رخسار تھپ تھپایا پھر رحیم داد کی جانب متوجہ ہوئی۔ "چوہدری! میں تو سکول جارہی ہوں۔ تو نادر سے بات کرلینا۔ بات کیا کرنی ہے۔ یہ کام تو تجھی کو کرنا ہوگا اور ترنت کرنا ہوگا۔ آج ہی بوٹوں پر دوائی چھڑکنے کا بندوبست کر۔ پہلے ہی بہت خرابی ہو چکی ہے۔" جمیلہ آگے بڑھی۔

"ٹھیک ہے' جیسا تو کہتی ہے وہی کروں گا۔" رحیم داد رسان سے بولا۔ "نینا اور گڈو کو سکول جانے دے' تو تھوڑی دیر ٹھیر جا۔"

"اب مجھے ٹھیر کر کیا کرنا ہے؟ جو گل بات نادر سے کرنی تھی وہ میں نے تجھے سمجھا ہی دی۔ ا
مجھے کیوں روک رہا ہے؟"

"میں نوں تجھ سے کچھ اور ضروری گل کرنی ہے۔" رحیم داد کے لہجے میں التجا تھی۔

جمیلہ کچھ نہ بولی۔ آگے بھی نہ بڑھی۔ وہ گردن اٹھائے کچھ سوچتی رہی۔ پھر اس کی آواز ابھری
"میں دوپہر کو واپسی پر تیرے پاس آؤں گی۔" اس نے رحیم داد کی جانب نہ دیکھا' خاموشی سے آ
بڑھ گئی۔ دونوں بچے بھی اس کے ساتھ چلے۔ تاجاں بھی ان کے پیچھے پیچھے بڑھی۔

رحیم داد نظریں اٹھائے جمیلہ کو جاتے ہوئے دیکھتا رہا۔ اس کی چال میں وہی پہلی سی تمکنت تھی۔ وہی بانک پن تھا۔ سادگی کے باوجود اس کے گلابی چہرے کے تیکھے نقش و نگار دل کش او حسین نظر آ رہے تھے۔ جمیلہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی نظروں سے اوجھل ہو گئی۔ رحیم داد مضمحل ہو گیا۔ اس نے گہری سانس بھری' پلٹا اور کرسی پر جا کر بیٹھ گیا۔ وہ نڈھال اور تھکا ہوا لگ رہا تھا۔

رحیم داد کمرے سے باہر نہیں گیا۔

پہر دن گزر گیا۔ سورج چڑھ کر بلندی پر پہنچ گیا۔ مگر نادر نہیں آیا۔ رحیم داد نے حویلی کے ملازم نام دار کو بلایا۔ اسے نادر خاں کی تلاش میں بھیجا۔ وہ جلد ہی واپس آ گیا۔ اس نے بتایا کہ نادر کسی ضروری کام سے نزدیک کے چک میں گیا ہے۔ وہ سویرے سویرے نکل گیا تھا۔ دوپہر تک لوٹے گا۔ یہ اطلاع نادر کی بیوی جنت بی بی نے دی تھی۔ رحیم داد نے نام دار سے مزید بات نہیں کی۔ وہ چلا گیا۔

رحیم داد بے قراری سے جمیلہ کا انتظار کرنے لگا۔

☆

وقت زخمی سانپ بن گیا۔ آہستہ آہستہ رینگتا رہا۔ رحیم داد کی بے قراری بڑھتی گئی۔ سورج آسمان کے بیچوں بیچ پہنچ گیا۔ حویلی کے وسیع صحن میں دور تک پھیلی ہوئی چمکیلی دھوپ کی تمازت بڑھ گئی۔ دوپہر ہو گئی۔ جمیلہ واپس ہوئی۔ دونوں بچے اس کے ہم راہ تھے۔ اس دفعہ ان کی کتابیں احمد اٹھائے ہوئے پیچھے پیچھے چل رہا تھا۔ قدموں کی آہٹ سن کر رحیم داد کی دھڑکن تیز ہو گئی۔

جمیلہ کمرے کے سامنے پہنچی اور آہستہ آہستہ چلتی ہوئی بے نیازی سے آگے بڑھ گئی۔ اس نے رحیم داد کے کمرے کی جانب نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھا۔ رحیم داد کا دل ایک بار زور سے دھڑکا۔ پھر ٹھہر کر گویا سرد پڑ گیا۔ وہ بجھ کر رہ گیا۔ اس نے کرسی کی پشت سے گردن ٹکا کر آنکھیں بند کر لیں۔

اس عالم میں وہ نہ جانے کتنی دیر بیٹھا رہا۔ یکایک چاپ ابھری۔ رحیم داد نے آنکھیں کھول

دیں۔ دیکھا' دہلیز پر جمیلہ کھڑی ہے۔ رحیم داد چند لمحے ٹکٹکی باندھے اسے دیکھتا رہا پھر ہڑبڑا کر کھڑا ہو گیا۔ الجھے ہوئے لہجے میں گویا ہوا۔ "میں تو سمجھا تھا' آج تو نہیں آئے گی۔"

جمیلہ نے کچھ نہیں کہا۔ خاموشی سے کرسی پر بیٹھ گئی۔ اس کے ہاتھوں میں ایک فائل دبی تھی۔

رحیم داد بھی چپ چاپ قریب ہی ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔

جمیلہ نے چند لمحوں کے سکوت کے بعد پوچھا۔ "بتا' تو نے کون سی ضروری گل بات کہنے کے لیے مجھے بلایا ہے؟" اس کے لہجے سے بے زاری صاف ظاہر تھی۔

"تجھ سے کسی نے غلط بتایا میں احسان شاہ کے پاس جاتا ہوں۔" رحیم داد نے صفائی پیش کرنے کی ایک بار پھر کوشش کی۔ "اس روز بہت ناراض تھی۔ اس لیے میں تجھے ٹھیک سے سمجھا نہ سکا۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔"

"مجھے پتہ ہے تو کیا کہنا چاہتا ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کو آگے بولنے کا موقع نہیں دیا۔ "چوہدری! مجھے بہت پہلے ہی پتہ چل گیا تھا کہ تو احسان شاہ کے پنڈ پیراں والہ جاتا ہے۔ اس کی حویلی میں کئی کئی روز ٹھیرتا ہے۔ پر میں نے وشواس نہ کیا۔ ہر بار یہی سوچ کر من کو سمجھا لیا کہ تو ایسا نہیں ہو سکتا۔"

"اب تو نے کیسے وشواس کر لیا؟" رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔

"یہ بھی سننا چاہتا ہے تو سن لے۔" جمیلہ کا لہجہ تیکھا ہو گیا۔ "پچھلے دنوں اپنا وکیل محمد عثمان رندھاوا آیا تھا۔ تو اس روز احسان شاہ کے پاس گیا تھا۔" جمیلہ نے رحیم داد کی جانب تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "تجھے پتہ نہیں' رندھاوا نے لہور میں پریکٹس شروع کر دی ہے۔ آج کل وہ تیرے اور احسان شاہ کے یار' سردار مراد خاں شاہانی کے ایک کیس میں پیروی کر رہا ہے۔ شاہانی نے احسان شاہ کے ساتھ تیرے میل ملاپ کے بارے میں جو کچھ بتایا' اس کے بعد میرے وشواس نہ کرنے کی کوئی گنجائش نہیں رہی۔" جمیلہ نے ہاتھ میں دبی ہوئی فائل رحیم داد کی جانب بڑھا دی۔ "یہ تیرے کلیم کے کاغذات ہیں۔ وکیل انھیں واپس دے گیا ہے۔ کلیم میں جو گڑبڑ ہے وہ تجھے خود ٹھیک کرانی ہو گی۔ وکیل اب یہ کام نہیں کرے گا۔"

رحیم داد نے گھبرا کر کہا۔ "میں کلیم شلیم کو کہاں ٹھیک کراتا پھروں گا؟" اس نے کاغذات کی فائل سنبھال لی۔

"یہ مجھے نہیں پتہ تو نے کیا کرنا ہے۔" وہ تلخی سے بولی۔ "میں تو کیول یہی کاغذات واپس کرنے آئی تھی۔ ورنہ میں نوں پتہ تھا' تو نے مجھ سے کیا کہنا ہے۔"

رحیم داد نظریں جھکائے پریشان بیٹھا رہا۔ کمرے پر سکوت طاری ہوگیا۔ جمیلہ نے بے چینی پہلو بدلا۔ رحیم داد نے اس کی بے چینی شدت سے محسوس کی۔ دبی زبان سے پوچھا۔

"وکیل کب آیا تھا؟"

جمیلہ نے تیکھے لہجے میں بتایا۔ "جن دنوں تو تخت محل جانے کا بہانہ کرکے احسان شاہ کی میں ٹھہرا ہوا تھا۔"

"تیرا مطلب ہے' میں تخت محل نہیں گیا تھا؟" رحیم داد نے ہڑبڑا کر تردید کی کوشش کی۔ نہیں میرے بارے میں تونے ایسی باتیں کہاں سے سن رکھی ہیں؟"

"چوہدری! خاما خاہٹ دھرمی نہ کر۔" جمیلہ نے اسے ناگواری سے دیکھا۔ "مجھے ایک ایک کا پتہ ہے۔ میں نوں پتہ ہے تو کبھی تخت محل نہیں گیا اور نہ تخت محل میں تیرے بال بچے ہیں۔ نے کھوج لگایا تو معلوم ہوا تخت محل کے پٹواری کی گھروالی کا نام رابعہ نہیں' نسیم بی بی ہے۔ وہ کی پہلی گھروالی ہے۔ پچھلے سولاں سال سے اس کے ساتھ ہے۔ وہ بھاول نگر ہی کی رہنے والی۔ کبھی گورداس پور نہیں گئی۔ اس کی کوئی جوان دھی نہیں۔ پتر سب سے وڈا تھا' پچھلے سال مر اور کچھ جاننا چاہتا ہے' وہ بھی بتادوں؟"

رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ اس کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ جمیلہ نے گہری سا بھری۔ اس کے لہجے کی تلخی افسردگی میں بدل گئی۔ "میں نے تو یہ بھی سنا ہے' اللہ وسایا کے قتل تو بھی احسان شاہ کے ساتھ شریک تھا۔"

اب رحیم داد خاموش نہ رہ سکا' اس نے احتجاج کیا۔ "یہ بالکل جھوٹ ہے۔" رحیم داد تلملاتے ہوئے کہا۔ "میں نوں تو یہ بھی پتہ نہیں' اللہ وسایا کو کس نے قتل کیا اور کیسے کیا؟ تو اتنا نیچ اور کمینہ سمجھتی ہے۔ میں تو کبھی ایسا سوچ بھی نہیں سکتا۔"

"شاید تو ٹھیک کہہ رہا ہو۔" جمیلہ نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ اس کے چہرے کے تاثرا ظاہر کر رہے تھے کہ رحیم داد نے اپنی باتوں سے اسے خاصا متاثر کیا ہے۔ جمیلہ نے دل گرفتہ ہ کہا۔ "میں تجھے دوش نہیں دیتی' کسی کو بھی نہیں دیتی۔ میرے بھاگ ہی میں یہ دکھ جھیلنا لکھا تھ اب ان باتوں میں الجھنے سے کیا ملے گا۔ جو ہونا تھا ہوگیا۔"

اس کی آواز بھرا گئی۔ آنکھوں میں آنسو امڈے اور پلکوں پر لرزنے لگے۔ رحیم داد نے لہجے رقت پیدا کرتے ہوئے دھیمی آواز میں کہا۔ "زمیں دارنی! تیرے ساتھ بہت ظلم ہوا۔ میں نوں ہے تو بہت دکھی ہے۔ اس طرح نہ رو۔" اس نے جمیلہ کی دل جوئی کے ساتھ ساتھ اپنی صفائی پ

کرنے کی بھی کوشش کی۔ "میرے بارے میں تونے جو کچھ سنا ہے' اس میں کتنا سچ ہے کتنا جھوٹ میں نوں اب کچھ نہیں کہنا۔" اس نے آواز میں مزید افسردگی پیدا کی اور آخری حربے کے طور پر جمیلہ کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے۔ "اب تو میرے لیے ایک ہی رستہ رہ گیا ہے۔ کہ تو میں یہاں سے چلا جاؤں۔"

"نہیں چوہدری! تجھے یہاں سے جانے کی ضرورت نہیں۔" جمیلہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "میں اپنے دونوں بچوں کو لے کر خود یہاں سے چلی جاؤں گی۔ اب یہ حویلی میری نہیں رہی' یہ پنڈ میرا نہیں رہا۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "میں نے بہت پہلے یہ بات سوچ لی تھی۔ تجھے چنتا کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔"

"یہ نہیں ہو سکتا۔" رحیم داد منت سماجت پر اتر آیا۔ عاجزی سے بولا۔ "مجھے معاف کردے زمیں دارنی! جو کہے گی ویسا ہی ہوگا۔ سچ کہتا ہوں' ویسا ہی ہوگا۔ تو مجھے آزما لے۔"

"دیکھ چوہدری! میں اب یہاں نہیں رہ سکتی۔ یہ ہم دونوں کے لیے بہتر ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کو سمجھانے کی کوشش کی۔ "میں نے تو اب یہاں سے چلا ہی جانا ہے۔"

"سرحد پار اپنے گھروالوں کے پاس جائے گی؟" رحیم داد نے الجھتے ہوئے اپنے شبے کا اظہار کیا۔

"نہیں۔" جمیلہ نے سختی سے انکار کیا۔ اس کے چہرے پر جھلاہٹ آگئی۔ "ان کے پاس جانا ہوتا تو پہلے کس نے میرا ہاتھ پکڑ رکھا تھا؟ اب تو میرے وہاں جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔"

"تو کہیں بھی جا۔ پر یہاں سے جا کر کیا کرے گی؟" رحیم داد نے نرمی سے کہا۔ "ایسا خیال دل سے نکال دے۔ یہ تو سوچ' تو یہاں سے جا کر کہاں رہے گی؟ کیا کرے گی' کس کے پاس رہے گی؟"

"چنتا نہ کر چوہدری!" جمیلہ نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "میں اتنی پڑھی لکھی ہوں' آرام سے کسی سکول میں لگ جاؤں گی۔ رہ گئی زمیں داری' تو مجھے نہ پہلے اس سے کوئی دلچسپی تھی نہ اب ہے۔ میں تو اپنے گڈو کو بھی زمیں دار نہیں بنانا چاہتی۔ میں نے اسے ڈاکٹر بنانا ہے۔ تجھے پتہ ہے میں اسے کیوں ڈاکٹر بنانا چاہتی ہوں۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "ایسا کرکے میں ویرندر کی آتما کو آنند پہنچانا چاہتی ہوں۔"

"تو یہاں رہ کر بھی گڈو کو ڈاکٹری پڑھا سکتی ہے۔"

"چوہدری! مجھے روکنے کی کوشش نہ کر۔ میں یہاں زیادہ دن نہیں رہوں گی۔" جمیلہ نے دو ٹوک جواب دیا۔ "میں تو پہلے ہی یہاں سے چلی جاتی پر اب تک اس کارن نہیں گئی کہ میری آشا ہے کہ تاجاں کا ویاہ کروں۔ اسے گلے لگا کر بدا کروں۔ میں نے اس کی ماں پھاتاں کو جو وچن دیا ہے اسے

پورا کرنا چاہتی ہوں۔" اس کا لہجہ دل گرفتہ ہوگیا۔ "چوہدری! تو اگر مجھے سکھ پہنچانا چاہتا ہے۔ مجھے سکھی دیکھنا چاہتا ہے تو اس کام میں میری مدد کر۔ میرا ارادہ ہے فصل کٹنے کے بعد تاجاں کا ویا کردوں۔ اس کے بعد نینا اور گڈو کے ساتھ لہور چلی جاؤں گی۔"

"مجھ سے ناراض ہو کر جا رہی ہے' یہ میں برداشت نہیں کر سکتا۔ ایسا نہیں ہوگا۔" رحیم داد نے جوش و خروش سے کہا۔

اسی وقت نادر خاں کمرے میں داخل ہوا۔ وہ نڈھال اور تھکا ہوا نظر آ رہا تھا۔ اسے دیکھتے ہی رحیم داد نے جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "لے زمیں دارنی! اب تو نادر آ ہی گیا۔ تیں نوں پھٹی کے بارے میں جو کچھ کہنا ہے' خود اس سے کہہ دے۔"

"میں نے اسے کچھ نہیں کہنا۔ سب کچھ تجھے بتا چکی ہوں۔ تو اسے بتا دینا۔" وہ کھڑی ہوگئی۔ "میں نے جا کر اب روٹی کھانی ہے۔"

رحیم داد نے اسے روکنے کی کوشش نہیں کی۔ وہ کمرے سے چلی گئی۔ نادر نے اس کے جانے کے بعد پوچھا۔ "زمیں دارنی کو مجھ سے کیا گل بات کہنی تھی؟" وہ پریشان اور گھبرایا ہوا لگ رہا تھا۔

"بیٹھ جا۔ آرام سے بات ہوگی۔" رحیم داد نے کرسی کی طرف اشارہ کیا۔

نادر خاں خاموشی سے کرسی پر بیٹھ گیا۔ ذرا دیر چپ رہ کر بولا۔ "پریشانی کی تو کوئی گل بات نہیں؟"

"پریشانی ہی کی گل ہے۔" رحیم داد نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "پھٹی میں سونڈی لگ گئی اور تیں نوں پتہ ہی نہ چلا؟ میں پوچھتا ہوں تو کرتا کیا ہے؟" رحیم داد کے چہرے سے جھنجلاہٹ ٹپکنے لگی۔

"گلاں تو وڈی وڈی کرتا ہے۔ یہ کروں گا جی وہ کروں گا جی۔ اور کیا کرایا کچھ نہیں۔" اس نے قہر آلود نظروں سے نادر کو دیکھا۔ "اس طرح تو نے مینجری کی تو اپنی زمیں داری کا تو بیڑا ہی غرق ہو جائے گا۔ میں نوں پتہ ہے' خریف کی فصل کی تو اصل کمائی کپاس سے ہوتی ہے۔ اور تو نے اسی پر دھیان نہیں دیا۔"

نادر نے گردن جھکا کر نرم لہجے میں کہا۔ "چوہدری! ٹھیک کہہ رہا ہے۔ مجھے اس سے انکار نہیں کہ پھٹی میں سونڈی لگ گئی ہے۔ پر بہت تھوڑے سے بوٹوں میں لگی ہے۔ جیسے ہی مجھے پتہ چلا خود جا کر وہ بوٹے دیکھے۔"

"پر تو نے مجھے کچھ نہیں بتایا جب کہ تو روز میرے پاس آتا رہا۔"

"میں نے تجھے اس لیے نہیں بتایا کہ خامخا پریشان ہوگا۔" نادر خاں نے اسے مطمئن کرنے کی

کوشش کی۔ "فکر کی کوئی گل نہیں۔ میں نے سونڈی لگے بوٹوں پر کرم کش دوائی چھڑکنے کا بندوبست کر لیا ہے۔ اسی سلسلے میں سویرے سویرے نکل گیا تھا۔ آج ہی بوٹوں پر سپرے کر دیا جائے گا۔ پریشانی کی کوئی گل بات نہیں۔ سب ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا۔ پروا نہ کر۔ کپاس کی پیداوار اس دفعہ پہلے سے کم نہیں زیادہ ہوگی۔"

"تیرے آنے سے پہلے زمیں دارنی سے بات ہوئی تھی۔" رحیم داد کا لہجہ بدلا ہوا تھا۔ وہ نادر خاں کی باتوں سے مطمئن ہو گیا تھا۔ "وہ پھٹی میں سونڈی لگنے سے بہت پریشان نظر آتی ہے۔ تو اسے بھی سمجھا دینا۔"

"اطمینان رکھیں جی۔ میں اسے آج ہی سب کچھ بتا دوں گا۔ تو کہہ تو ابھی اس کے پاس چلا جاؤں؟"

"ابھی جانے کی ضرورت نہیں۔" رحیم داد نے اسے منع کر دیا۔ "بوٹوں پر کیڑے مار دوائی چھڑک جائے تب جمیلہ سے بات کرنا۔" اس نے اپنی بات پر زور دے کر پوچھا۔ "سپرے آج ہی ہو جائے گا ناں؟ اس میں بالکل دیر نہیں ہونی چاہیے۔"

"آج ہی سپرے ہو جائے گا۔ بالکل ہو جائے گا۔ فکر نہ کریں جی۔" نادر خاں نے اعتماد کا اظہار کیا۔ "میں فصل کی واڈھی کی تیاری میں پھنسا رہا۔ پھٹی کی طرف پوری طرح دھیان ہی نہ دے سکا ورنہ سونڈی لگتے ہی دوائی چھڑکنے کا کب کا بندوبست ہو چکا ہوتا۔ تیں نوں پتہ نہیں چوہدری' میں نے تو پھٹی کی چنائی کے لیے چوگیوں سے بات چیت بھی کر لی ہے۔"

"پر ابھی تو اپنی فصل پوری طرح تیار نہیں ہوئی۔ تین چار ہفتے تو لگ ہی جائیں گے۔"

"یہ تو ٹھیک ہے پر کہیں کہیں خریف کی واڈھی شروع بھی ہو چکی ہے۔ اپنی فصل کچھ دیر میں تیار ہوئی۔ پر واڈھی کی تیاری تو پہلے ہی کر لینی چاہیے۔ یہ تو تیں نوں بھی پتہ ہے۔"

رحیم داد نے وہ فائل نادر خاں کی طرف بڑھائی جو جمیلہ نے اسے دے گئی تھی۔ نادر خاں نے فائل سنبھالتے ہوئے پوچھا۔ "یہ کیا ہے؟" وہ حیرت زدہ نظر آ رہا تھا۔

"یہ میرے کلیم کے کاغذات ہیں۔ جمیلہ واپس دے گئی ہے۔ آگے جو کچھ کرنا ہے تیں نوں ہی کرنا ہوگا۔ وکیل کا نتھا بیچ سے نکل گیا۔"

"یہ تو ٹھیک ہی ہوا جی۔ فکر نہ کریں جلد ہی سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا۔ آبادکاری کے محکمے میں اپنی جان پہچان کے بہت بندے ہیں۔ خوشی سے اپنا کام کر دیں گے اور تھوڑی رشوت لے کر کر دیں گے۔"

"ویسے تو کام جلد ہی کرانے کا ہے۔ پر تو ابھی کہیں نہ جانا۔ میری طبیعت ادھر ٹھیک نہیں رہتی۔ سوچتا ہوں کچھ دنوں کے لیے شاہ جی کے پاس چلا جاؤں۔"

"ضرور چلا جا۔" نادر نے اس کی حوصلہ افزائی کی۔ "میں نے غور کیا ہے' چوہدری تو کچھ عرصے سے پریشان پریشان نظر آتا ہے۔ لگتا ہے جیسے بیمار ہو۔ شاہ جی کے پاس چلا جائے گا تو وہاں طبیعت بالکل چنگی ہو جائے گی۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "ادھر کی فکر نہ کر۔ ہر کام بالکل ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا۔ پھٹی پر سپرے تو آج ہی ہو جائے گا۔ آبادکاری کے محکمے میں کچھ روز بعد چلا جاؤں گا۔" اس نے رحیم داد کا چہرہ غور سے دیکھا۔ "شاہ جی کے پاس کب تک جانے کا ارادہ ہے؟"

"آہستہ بول۔" رحیم داد نے چوکنا نظروں سے کمرے کے باہر دیکھا۔ "ارادہ تو آج ہی جانے کا تھا پر اب تو دیر ہو گئی۔ کل چلا جاؤں گا۔ تو جمیلہ سے آج ہی ملنے کی کوشش کرنا۔ وہ آج نہ ملے تو کل میرے جانے کے بعد ضرور ملنا۔ بلکہ کل ہی تیرا ملنا ٹھیک رہے گا۔ اس کو پھٹی کے بوٹوں پر سپرے اور فصل کی واڈھی کے بارے میں ہدایات اس طرح بتا دینا کہ وہ بالکل مطمئن ہو جائے۔ سمجھ گیا نا؟"

"بالکل سمجھ گیا۔" نادر نے نہایت مستعدی سے جواب دیا۔ "پروا نہ کر۔ میں زمیں دارنی کو پوری طرح مطمئن کر دوں گا۔ پر تیرے بارے میں اگر وہ پوچھے تو کیا کہوں؟"

"ویسے تو ہو سکتا ہے وہ یہ بات پوچھے ہی نہ۔ پر تو خود اس کے کان میں ڈال دینا کہ میں کلیم کے چکر میں ملتان گیا ہوں۔" رحیم داد نے نادر خاں کو سمجھایا۔

نادر خاں نے اسے باور کرایا۔ "جیسا کہتا ہے وہی کروں گا۔ بالکل بے فکر ہو کر شاہ جی کے پاس جا۔ واپسی پر تجھے ہر کام ٹھیک ٹھاک ملے گا۔" اس نے پہلو بدلا۔ "اجازت ہو تو جی گھر جا کر روٹی کھالوں؟"

"ضرور روٹی کھا۔"

نادر خاں چلا گیا۔ رحیم داد نے کھانا منگوایا۔ کھانا کھانے کے بعد آرام کرنے لیٹ گیا۔ شام کو کچھ دیر کے لیے ٹہلتا ہوا نہر کی طرف چلا گیا۔ واپسی پر وہ جمیلہ کا انتظار کرنے لگا۔

جمیلہ کچھ ہی دیر قبل پھاٹاں کے ہم راہ حویلی سے باہر گئی تھی۔ رحیم داد نے اسے جاتے ہوئے دیکھا تھا۔

☆

رحیم داد چاہتا تھا کہ احسان شاہ کے پاس جانے سے قبل جمیلہ سے ایک بار اور مل لے۔ اس کی

کدورت دور کرنے کی کوشش کرے۔

جمیلہ واپس آئی تو خاموشی سے رحیم داد کے کمرے کے سامنے سے گزر گئی۔ اس نے نگاہ اٹھا کر کمرے کے دروازے کی جانب دیکھا بھی نہیں۔ رحیم داد بے چین بیٹھا انتظار کرتا رہا کہ وہ اس کی طرف دیکھے تو بات کرنے کی کوشش کی جائے۔ مگر جمیلہ نے یہ موقع ہی نہیں دیا۔ رحیم داد دل برداشتہ ہو کر دیر تک کرسی پر بیٹھا رہا پھر بستر پر لیٹ کر سو گیا۔

سویرے جمیلہ اپنے دونوں بچوں کے ساتھ سکول چلی گئی۔ اس وقت بھی رحیم داد کی جانب اس نے مطلق توجہ نہ دی۔ گردن اٹھائے بے نیازی سے اس کے کمرے کے سامنے سے گزر گئی۔

پہر دن گزر گیا۔ رحیم داد نے تانگا منگوایا۔ اس میں ضرورت کا سفری ساز و سامان رکھوایا اور احسان شاہ کے گاؤں کے لیے روانہ ہو گیا۔ اس دفعہ بھی وہ ہفتے بھر سے زیادہ ٹھیرنے کے ارادے سے چلا تھا۔ ۔۔ پہر کو وہ احسان شاہ کی حویلی پر پہنچ گیا۔ شیدا پھاٹک ہی پر مل گیا۔ اس کی زبانی اطلاع ملی کہ احسان شاہ گاؤں سے باہر گیا ہے۔ رحیم داد کو سخت کوفت ہوئی۔

رحیم داد واپسی کا ارادہ کر رہی رہا تھا کہ شیدا بولا۔ "چوہدری! تو سردار مراد خاں شاہانی سے تو مل لے۔ وہ کئی روز سے ادھر ہی ٹھیرا ہے۔"

رحیم داد نے واپس کوٹلہ ہرکشن جانے کا ارادہ ترک کر دیا۔ شیدا کے ہم راہ حویلی کے دیوان خانے میں پہنچا۔ شاہانی کچھ ہی دیر پہلے سو کر اٹھا تھا۔ رحیم داد کو دیکھتے ہی اس نے زور کا قہقہہ بلند کیا۔ بڑھ کر گرم جوشی سے گلے لگایا۔ "سیں چوہدری! تو بہت موکے سے آیا۔ میں اکیلا یہاں گھبرا رہا تھا۔ تیرے ساتھ چنگی شام گزرے گی۔ سویرے میں لہور چلا جاؤں گا۔"

"چند روز ٹھیر نہیں سکتا؟ چلا جائے گا تو میرا کیا بنے گا۔ میں تو یہاں ہفتے دو ہفتے ٹھیرنے کے ارادے سے آیا تھا۔"

"چوہدری' ٹھیک ٹھیک بتا تو یہاں کب تک ٹھیرنا چاہتا ہے؟"

"شاہ جی سے مل کر ہی جاؤں گا۔ آیا تو یہی سوچ کر ہوں۔ اس سے ملنا ضروری بھی ہے۔"

"پر شاہ جی کا تو جلد لوٹنے کا کوئی پروگرام نہیں۔ پتہ نہیں کب تک آئے۔ تو کہاں تک انتظار کرے گا؟" شاہانی نے اسے صورت حال سے آگاہ کیا۔ "ایسا کر' پہلے نہا دھو کر کپڑے بدل۔ جانے کس رستے سے آیا ہے۔ ذرا اپنا حلیہ تو دیکھ' کپڑوں پر کتنی خاک دھول ہے۔ تھکا ہوا بھی نظر آ رہا ہے۔ میں بھی نہانے ہی جا رہا ہوں۔ تو بھی تیار ہو جا۔ فیر محفل جمے گی۔"

سردار شاہانی غسل کرنے چلا گیا۔ رحیم داد بھی اس کمرے میں پہنچا جس میں شیدا نے اس کے

قیام کا بندوبست کیا تھا۔ رحیم داد نے کمرے میں پہنچتے ہی ٹرنک سے اجلے کپڑے نکالے اور نہ کے لیے غسل خانے میں گھس گیا۔ پانی گرم تھا۔ رحیم داد کو غسل کرنے میں لطف آیا۔ وہ دیر نہاتا رہا۔ غسل کرنے کے بعد طبیعت تروتازہ ہوگئی۔ اس نے لباس تبدیل کیا اور بن سنور کر میں پہنچ گیا۔ مراد خاں شاہانی پہلے ہی سے موجود تھا۔ وہ رحیم داد کا انتظار کر رہا تھا۔

شام دبے قدموں حویلی کی اونچی اونچی فصیل نما دیواروں سے نیچے اتر رہی تھی۔ اندھیرا آہستہ فضا میں گھلتا جا رہا تھا۔ شیدا نے لیمپ روشن کیا اور کونے میں رکھے ہوئے اونچے اسٹو رکھ دیا۔ کمرے کے باہر برآمدے میں پیٹرومکس بھی جل رہا تھا۔ اس کی تیز روشنی باغ میں دور پھیلی ہوئی تھی۔ باغ سنسان تھا۔ درختوں پر پالا پڑ رہا تھا۔

شیدا نے وہسکی کی بوتل مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کے سامنے پڑی ہوئی میز پر رکھ دی۔ کے ساتھ طشت میں گلاس تھے اور پانی سے بھرا ہوا جگ تھا۔ وہسکی کے دو پیگ پہلے شیدا ہی بنائے۔ شاہانی اور رحیم داد کو پیش کیے۔ وہ چند لمحے ان کے قریب ادب سے سر جھکائے کھڑا رہا۔ آہستہ آہستہ چلتا ہوا دور چلا گیا۔

مراد خاں شاہانی نے رحیم داد کے گلاس سے اپنا گلاس ٹکرایا۔ ہاتھ اونچا کیا اور مسکرا کر ہ گھونٹ بھرا۔ رحیم داد نے بھی گھونٹ بھرا۔ ذرا دیر تک دونوں چپ بیٹھے مے نوشی کرتے رہے شاہانی کی آواز ابھری۔ اس نے پوچھا۔ "چوہدری! تیں نوں یہاں کتنے روز ٹھیرنا ہے؟"

"اب یہاں ٹھیر کر کیا کروں گا۔ تو نے ہی تو بتایا تھا' شاہ جی کی واپسی کا کچھ ٹھیک سے پتہ نہیں جانے کب آئے۔ میں کب تک اس کا یہاں انتظار کروں گا۔"

"تو کیا تو بھی کل صبح یہاں سے چلا جائے گا؟"

"کل صبح نہیں۔" رحیم داد کھل کر مسکرایا۔ "دو تین روز ٹھیر کر ہی جاؤں گا۔"

"نوراں کے لیے ٹھیرنا چاہتا ہے؟" مراد خاں شاہانی نے آنکھ مار کر قہقہہ بلند کیا۔ "پر نورا اب یہاں ہے نہیں۔ پچھلے دنوں جہان آباد سے ملک منصور خاں ٹوانہ ادھر آیا تھا۔ نوراں ا اتنی پسند آئی کہ وہ اسے لے گیا۔ شاہ جی بھی منصور خاں کے ہم راہ گیا ہے۔"

"تجھے یہ اطلاع کیسے ملی؟" رحیم داد کا چہرہ اتر گیا۔ نوراں کے جانے کی خبر سن کر اسے ملال ہوا

"شاہ جی اور ملک منصور ٹوانہ کل ہی دوپہر کو یہاں سے گئے ہیں۔ مجھے حویلی میں ٹھیرے ہو ۵ روز ہو گئے۔"

"شاہ جی نے بتایا نہیں کب تک لوٹے گا؟"

"اس کا لما ہی پروگرام ہے۔ جہاں آباد سے وہ کچھ دنوں کے لیے ملک خضر حیات خاں ٹوانہ کے پاس کالرا اسٹیٹ جائے گا۔" شاہانی نے وہسکی کی چسکی لگائی۔ "ویسے اس کا ارادہ ٹوانوں کے علاوہ لوگوں سے بھی ملنے کا ہے۔ وہ سردار پور نون' نور پور اور بہلوال شہر جانے کو کہتا تھا۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "سیں! مجھے تو یہ اس کا سیاسی دورہ لگتا ہے۔ تیں نوں پتہ ہے۔ شاہ جی سیاست بھی تو لڑاتا ہے اور بہت اونچی سیاست لڑاتا ہے۔"

رحیم داد نے اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے دریافت کیا۔ "تو اس کے ساتھ ہی لہور کیوں نہیں چلا گیا؟"

"چلا تو جاتا۔ ارادہ بھی یہی تھا۔ پر زینت کے لیے ایک رات اور رک گیا۔"

"زینت کون؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا۔

"بہت زوردار رن ہے۔ ایک دم پوپٹ۔ دیکھے تو دیکھتا ہی رہ جائے گا۔" شاہانی نے ہنس کر بتایا۔ "پچھلے ہی ہفتے شاہ جی اسے اٹھوا کر کوٹ میں لایا ہے۔" اس نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ "ایک بات اور بھی ہے اس میں۔" سردار شاہانی نے بات ادھوری چھوڑ دی۔

"وہ کیا بات ہے؟" رحیم داد نے بے چین ہو کر دریافت کیا۔

"پہلے وہ ہندنی ہوتی تھی۔ فسادات کے دنوں میں ایک مسلمان کمہار کے ہتھ چڑھ گئی۔" شاہانی نے وہسکی کی چسکی لگاتے ہوئے بتایا۔ "میں اس بار یہاں آیا تو شاہ جی نے زینت کا ذکر اس طرح کیا کہ میں نے زور دے کر اسی رات اسے اپنے کمرے میں بلوایا۔ مجھے اتنی پسند آئی کہ روز ہی اسے بلوا لیتا ہوں۔ دو روز تو چپ چپ رہی۔ پوچھنے پر بھی نہ بولی۔ بعد میں اس نے اپنے بارے میں سب کچھ بتا دیا۔"

"کیا کیا بتاتی تھی؟" رحیم داد نے دلچسپی کا اظہار کیا۔

"کہتی تھی پہلے اس کا نام نکہتا ہوتا تھا۔ پیو ملتان میں ڈاکٹری کرتا تھا۔" مراد خاں شاہانی ٹھہر ٹھہر کر بتاتا رہا۔ "فسادات اور بلوؤں میں اس کا سارا ہی تبر تتر ہو گیا۔ وہ اکیلی رہ گئی تو ہندوؤں کے ساتھ سرحد پار جانے کے ارادے سے چیچہ وطنی پہنچی۔ وہیں ان کے کارواں پر رات کے اندھیرے میں حملہ ہوا۔ بلوائیوں میں ایک کمہار بھی تھا۔ وہ اسے اٹھا کر اپنے گھر لے گیا۔ اسی نے اسے مسلمان بنایا۔ نکہتا سے اس کا نام زینت بی بی رکھا۔"

"اب تک وہ کمہار ہی کے گھر میں تھی؟"

"نہیں!" شاہانی نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "وہ کمہار کے گھر میں لگ بھگ تین سال رہی۔ ایک

نکا بھی پیدا ہوا۔ بعد میں کمہار نے اسے بیچ دیا۔ اس بار اسے رکن پور کے ایک سکول ماسٹر کی
والی بننا پڑا۔ زینت مجھے بتاتی تھی۔ ماسٹر بہت نیک بندہ تھا اس کے پاس وہ بہت آرام سے تھی
سے بھی ایک بچہ ہوا۔ دوبارہ حاملہ تھی کہ مغویہ عورتوں کی بازیابی کرنے والی ایک فوجی پارٹی
اس کا کھوج نکال لیا اور اپنے ساتھ فیروز پور لے گئی۔" شاہانی نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ "
پور میں اس کا ایک چاچا ہوتا تھا۔ زینت کو اس کے سپرد کر دیا گیا۔ وہ زینت بی بی سے ایک
نکتہ بن گئی۔"

"پر وہ واپس کیسے آگئی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

شاہانی ہنس کر بولا۔ "جو ذال تین سال سے بھی اوپر مسلمانوں کے پاس رہ چکی ہو۔ دو بچے
جن چکی ہو اور تیسرا پیٹ میں ہو' اسے ہندو کیسے کبول کر لیتے؟ کہتی تھی خود اس کا چاچا اور
اس کے ساتھ اچھوتوں کا سا برتاؤ کرتے تھے۔ اپنے کھانے پینے کے برتن تک اسے چھونے نہ
تھے۔ زینت کے دو چچیرے بھی تھے۔ وہ اس کے دونوں بچوں کو مار ڈالنے کی گھات میں تھے۔
کو اس کا پتہ چل گیا۔ بہت پریشان ہوئی۔ آخر ایک رات وہ گھر سے چھپتی چھپاتی نکلی۔ دونوں
ساتھ تھے۔ سرحد کے نزدیک ایک مسلمان سمگلر مل گیا۔ اس نے اپنے سارے زیور اور روپیہ
کو دے دیا۔ اس نے زینت اور اس کے بچوں کو کسی نہ کسی طرح سرحد پار پہنچا دیا۔ وہ دوبارہ
پور گئی۔"

"وہاں تو اسے اپنا گھر والا سکول ماسٹر مل ہی گیا ہو گا؟"

"یس اس کا نصیبہ ہی خراب تھا۔ سکول ماسٹر کا رکن پور سے دیپال پور تبادلہ ہو گیا تھا۔"
خاں شاہانی نے رحیم داد کو بتایا۔ "وہ اس کی تلاش میں دیپال پور جا رہی تھی کہ رستے میں شا
ایک مزارع' سلامو' اسے مل گیا۔ اس نے زینت کو اکیلا پایا تو ڈرا دھمکا کر زبردستی اپنے گھ
گیا۔"

"اور سلامو کے گھر سے اسے شاہ جی نے اٹھوالیا۔" رحیم داد نے ہنس کر اپنے فوری رد
اظہار کیا۔ "لگتا ہے زینت بہت سوہنی زنانی ہو گی۔"

"سوہنی ہے۔ بھرپور جوان ہے اور پڑھی لکھی بھی ہے۔ گھر والے نے اسے ایک سکول
پڑھانے پر بھی لگوا دیا تھا۔ پر دوسری مسلمان استانیاں ہندنی کہہ کر اتنا تنگ کرتی تھیں کہ اس
سکول کی نوکری چھوڑ دی۔" شاہانی نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "میں کہتا ہوں زینت اتنی سوہنی ہے کہ
اس سے جلتی ہوں گی۔ خار کھاتی ہوں گی۔"

"پر تجھے تو سوہنی اور جوان رن پسند نہیں۔" رحیم داد نے مراد خاں شاہانی کو مسکرا کر چھیڑا۔
"تیں نوں تو رنتے پسند ہے۔"

"چوہدری! تو اس رمز کو نہیں سمجھ سکتا۔ اناڑی جو ٹھیرا۔" وہ کھل کھلا کر ہنسا۔ "کبھی کبھی تو
رنتے بھی مزا دے جاتی ہے۔ پر روز روز نہیں۔" اس نے گلاس اٹھا کر وہسکی کی چسکی لگائی۔
"تو نے زینت کو دیکھا نہیں۔ تین شوہروں کے پاس رہ چکی ہے۔ بچے بھی جن چکی ہے پر اب تک
اس کا بدن ریشم کی طرح ہے۔ نرم اور ملائم۔ چہرہ تو ایسے دمکتا ہے جیسے صبح کی اجلی دھوپ۔"

"لگتا ہے زینت تجھے کچھ زیادہ ہی پسند آگئی ہے۔" رحیم داد نے شوخی سے کہا۔ "ساتھ لے
جانے کا تو ارادہ نہیں؟"

"شاہ جی راضی ہو جائے تو ضرور لے جاؤں گا۔" شاہانی نے نشے میں جھوم کر کہا۔ "پر وہ زینت
کو ابھی اپنے کوٹ سے کہیں جانے نہ دے گا۔ زینت اسے بھی پسند ہے۔"

اس دفعہ رحیم داد نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ شاہانی بھی چپ رہا۔ دونوں کچھ دیر خاموش بیٹھے
رہے اور رک رک کر وہسکی کے گھونٹ بھرتے رہے۔ آخر رحیم داد نے خاموشی ختم کی۔

"شاہانی! میں نوں ایک گلہ ہے تجھ سے۔"

"مجھ سے گلہ ہے؟" شاہانی نے حیران و پریشان ہو کر پوچھا۔ "کس بات کا گلہ؟"

"محمد عثمان رندھاوا تیرا وکیل ہوتا ہے ناں؟"

"بالکل ہوتا ہے۔" مراد خاں شاہانی ہنوز حیرت زدہ تھا۔ "پر تجھے اس سے کیا لینا؟"

"تیں نوں پتہ ہے' وہ اللہ وسایا کا بھی وکیل ہوتا تھا۔"

"یہ تو رندھاوا ہی نے مجھے بتایا تھا۔" شاہانی نے وضاحت کی۔ "میں تو کبھی اللہ وسایا سے نہیں
ملا۔ شاہ جی سے کبھی کبھار اس کا ذکر ضرور سنا تھا۔ رندھاوا نے اللہ وسایا کے بارے میں بات
کرتے کرتے تیرا بھی تذکرہ کیا تھا۔ ویسے صاف صاف بات یہ ہے چوہدری' میں رندھاوا کو زیادہ
عرصے سے نہیں جانتا۔ میں نے پہلی بار اپنے کیس کی پیروی کے لیے اسے کھڑا کیا ہے۔"

"پر تو اتنے جلدی اس پر ایسا مہربان ہو گیا کہ میرے بارے میں اسے سب کچھ بتا دیا۔ یہ بھی بتا دیا
کہ میں شاہ جی سے برابر ملتا جلتا رہتا ہوں۔ اس کے ساتھ گہری یاری ہے اور اس کی حویلی میں کئی
کئی روز ٹھیرتا بھی ہوں۔"

"میں نے جھوٹ تو نہیں کہا۔" مراد خاں شاہانی نہایت سادگی سے بولا۔ "اس میں برا ماننے کی
کون سی گالہ ہے۔"

رحیم داد جل کر بولا۔ "بیڑا گرک کر دیا اپنا۔ اوپر سے پوچھتا ہے اس میں برا منانے کی کون
گل ہے؟" نشے کی ایک تیز لہر اٹھی۔ رحیم داد غصے سے بھڑک اٹھا۔ مگر اس نے فوراً خود کو سنبھا
لیا۔ وہ شاہانی سے خواہ مخواہ الجھنا نہ چاہتا تھا۔ صرف اتنا شکوہ کرنے پر اکتفا کیا۔ "رندھاوا سے گ
بات کرنے سے پہلے مجھ سے تو پوچھ لیا ہوتا۔"

"صاف صاف بتا۔ گالہ کیہ اے؟" شاہانی نے سنجیدگی سے دریافت کیا۔ "تیری باتیں اس
تک بالکل سمجھ نہیں آئیں۔ تو کہنا کیا چاہتا ہے؟"

"صاف بات یہ ہے جی! میں یہ نہیں چاہتا جمیلہ کو یہ معلوم ہو کہ میں شاہ جی سے ملتا ہوں۔
رحیم داد نے وضاحت کی۔ "میں اس سے چھپ کر یہاں آتا ہوں۔"

"یہ جمیلہ تو اللہ وسایا کی رانڈ ہے نا؟"

"ہاں وہی ہے۔" رحیم داد نے بتایا۔ "اور تجھے یہ بھی پتہ ہے۔ زمیں داری میں وہ میرے ساتھ
ساجھے دار بھی ہے۔"

شاہانی نے کسی قدر بے نیازی سے کہا۔ "پر میں جمیلہ کے بارے میں زیادہ نہیں جانتا۔ تو نے بھ
نہیں بتایا۔" اس نے صفائی پیش کرنے کی کوشش کی۔ "مجھے کیا پتہ تو اس سے چھپ کر یہاں آ
ہے۔ میں نے تو ایسے ہی باتوں باتوں میں وکیل سے تیرا ذکر کیا تھا۔" اس نے قہقہہ لگایا۔ "جمیلہ
اس کا پتہ چل گیا تو کیا ہوگا۔ وہ تیرا کیا بگاڑ سکتی ہے؟"

"تجھے کیا پتہ' اپنا تو سارا کھیل بگڑ گیا۔ جمیلہ مجھ سے سخت ناراض ہے۔"

"اسے گھر والی بنانے کا تو ارادہ نہیں تیرا؟" شاہانی نے مسکرا کر بے تکلفی کا اظہار کیا۔ "سنا
جمیلہ بہت سوہنڑی ہے۔ مجھ سے دل کی صاف صاف بات بتا؟"

"دل کی بات پوچھتا ہے تو سن لے۔ جمیلہ مجھے نہ صرف پسند بلکہ بہت پسند ہے۔ میں اس سے
ویاہ کرنا چاہتا ہوں۔ شاہ جی کی بھی یہی رائے ہے۔" رحیم داد نے کھل کر بات کی۔ "پر تو نے وکیل
سے میرے اور شاہ جی کے میل ملاپ کے بارے میں بات کر کے سارا معاملہ گڑبڑ کر دیا۔ جب سے
اسے اس کا پتہ چلا ہے' بہت روٹھی ہوئی ہے۔ سمجھ نہیں آتی اب کیا کروں؟" رحیم داد نے جلدی
سے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ "سچ پوچھ تو میں اسی سلسلے میں شاہ جی کے پاس مشورہ کرنے آیا تھا۔
وہ یہاں ہے نہیں۔ یہ بھی پتہ نہیں کب تک لوٹے گا۔"

"معاف کرنا چوہدری' مجھے اس بارے میں کچھ پتہ نہیں تھا۔ ورنہ میں وکیل سے کیوں ایسی گالہ
کرتا۔" شاہانی نے معذرت کرتے ہوئے کہا۔ "ایسا کر' تو میرے ساتھ لہور چل۔ وہاں سے دونوں

بھکر چلیں گے۔ تو کچھ روز میرے ساتھ بھکر میں رہ کر یہاں آجانا۔ تب تک شاہ جی بھی واپس
آجائے گا۔" شاہانی نے اصرار کیا۔ "اب تو میرے ساتھ تجھے ضرور چلنا ہوگا۔ بھکر میں تیرا دل بہل
جائے گا۔ یہاں اکیلا پڑا پڑا کیا کرے گا۔ اپنے پنڈ جائے گا تو وہاں بھی پریشان ہی رہی گا۔" اس نے
پیار سے رحیم داد کو ڈانٹا۔ "دیکھ چوہدری' انکار نہ کرنا۔ جیسا کہہ رہا ہوں ویسا کر۔ جو ہونا تھا
ہو گیا۔" اس نے رحیم داد کو نظر بھر کر دیکھا۔ "شاہ جی سے ضرور مل لے۔ وہ بہتر ہی مشورہ دے گا۔
فکر نہ کر سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

رحیم داد نے شاہانی کی بات مان لی۔ اس کے ہم راہ جانے پر رضامند ہو گیا۔

دونوں نے کھانا کھایا اور اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے۔

رحیم داد کمرے میں داخل ہوا تو میداں پہلے سے موجود تھی۔ وہ چھریرے بدن کی خوش شکل
عورت تھی۔ عمر بھی زیادہ نہیں تھی وہ اسے احسان شاہ اور مراد خاں شاہانی کے ساتھ کوٹ کی ایک
کوٹھری میں پہلے ہی دیکھ چکا تھا۔ وہ اسے اچھی بھی لگی تھی۔ میداں کو دیکھ کر اس کی ساری
کدورت رفع ہو گئی۔

☆

پہر دن چڑھے رحیم داد اور شاہانی لاہور چلے گئے۔ سہ پہر تک دونوں لاہور پہنچ گئے۔ رات
انھوں نے لارنس روڈ پر واقع ایک کوٹھی میں بسر کی۔ دوسرے روز دوپہر کی ٹرین سے سرگودھا کے
راستے بھکر روانہ ہو گئے۔

سرگودھا شہر سے گزر کر ٹرین خوشاب کی حدود میں داخل ہوئی۔ ہڈالی سے آگے مٹھانوانہ ریلوے
اسٹیشن تھا۔ ٹرین مٹھانوانہ پہنچی تو رحیم داد نے وہاں اترنے کی خواہش ظاہر کی۔ وہ جہان آباد جا کر
احسان شاہ سے ملنا چاہتا تھا۔ اسے بھکر سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ مگر مراد خاں شاہانی آمادہ نہیں
ہوا۔ اس نے مخالفت کرتے ہوئے کہا۔

"چوہدری! یہ بھی تو ٹھیک سے پتہ نہیں کہ شاہ جی جہان آباد میں ہے یا کالرا اسٹیٹ میں۔"

رحیم داد نے اصرار کیا۔ "جہان آباد سے یہ تو معلوم ہو جائے گا' شاہ جی کہاں ہے۔ اس کے
سارے پروگرام کا پتہ چل جائے گا۔"

سردار مراد خاں نے رحیم داد سے اتفاق نہیں کیا۔ "خامخا پریشان ہوگا۔ اول تو شاہ جی سے ملنا
ہی مشکل ہے۔ مل بھی گیا تو ٹھیک سے بات نہیں ہوگی۔ اسے تو واپسی پر ملنا۔ اس کی حویلی ہی میں
ٹھیک سے بات ہو سکتی ہے۔"

رحیم داد نے کوشش بھی کی مگر شاہانی کو آمادہ نہ کر سکا۔ مراد خاں شاہانی سیدھا کندیاں پہنچنا چاہتا تھا۔ وہاں اسے ضروری کام تھا جو فوری طور پر نمٹانا تھا۔ چنانچہ سفر جاری رہا۔ کندیاں پہنچ کر دونوں اسٹیشن سے نکلے۔ انھوں نے میاں شاہ علی کی حویلی میں قیام کیا۔ شاہ علی بڑا زمیں دار اور شاہانی کا گہرا یار تھا۔ مگر کندیاں میں دونوں صرف ایک روز ٹھہرے۔

کندیاں سے وہ بھکر کی جانب ٹرین میں چلے۔ تھل سے گزرے۔ راستے میں دور دور تک بنجر اور ریتلے ٹیلے نظر آتے تھے۔ اس قدر خاک دھول اڑی کہ بھکر پہنچتے پہنچتے دونوں گرد سے اٹ گئے۔

بھکر میں شاہانی کی خاندانی حویلی تھی۔ اس کے آس پاس بھی شاہانیوں کے مکانات اور حویلیاں تھیں۔ مگر مراد خاں دوسرے محلے میں رہتا تھا۔ اس کی یہ حویلی دو منزلہ تھی اور کسی زمانے میں دیوان لنڈا مل کے خاندان کے ایک ہندو رئیس دیوان کرم چند کی ملکیت تھی۔ فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑکی تو بھکر بھی اس سے محفوظ نہ رہ سکا۔ کرم چند کے کنبے کو بھی شہر کے دوسرے ہندوؤں کے ساتھ بھکر چھوڑنا پڑا۔ مراد خاں نے اس صورت حال سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔ صرف تیس ہزار میں کرم چند کی عالی شان حویلی خریدلی اور اسی میں مستقل رہائش اختیار کرلی۔

مراد خاں شاہانی اور رحیم داد نے لمبا سفر کیا تھا۔ دونوں تھکن سے نڈھال تھے۔ جوڑ جوڑ دکھتا تھا۔ مراد خاں شاہانی ذرا دیر ٹھہر کر زنان خانے میں چلا گیا۔ رحیم داد کے قیام کا بندوبست مہمان خانے کے ایک کمرے میں کردیا گیا۔ یہ مہمان خانہ دیرا کہلاتا تھا۔

رحیم داد کے کمرے میں پہنچتے ہی فوراً نائی آگیا۔ اس نے رحیم داد کی ڈاڑھی اور سر کے بال تراشے۔ نائی کے جاتے ہی حویلی کا ماشیا آگیا۔ اس نے رحیم داد کے سر میں موتیے کے پھولوں میں بسا ہوا کرنے کا تیل ڈالا جس کی دور دور تک شہرت ہے۔ بھکر کی خاص سوغات ہے۔ ماشیے نے ایسی چابک دستی اور مہارت سے چمپی کی کہ رحیم داد کی آنکھیں غنودگی سے بند ہونے لگیں۔ سر کی چمپی کے بعد ماشیے نے بدن کی مالش کی۔ ایک ایک جوڑ اور ایک ایک پٹھے کی اینٹھن اور تشنج انگلیوں اور ہاتھوں کے مساج سے رفع کیا۔ رحیم داد کو بہت سکون ملا۔ ساری تھکن کافور ہوگئی۔ مالش سے فارغ ہو کر اس نے غسل کیا۔ کھانا کھایا اور بستر پر لیٹ کر گہری نیند سو گیا۔

شام ہوئی اور اندھیرا پھیلا تو شاہانی کمرے میں آیا۔ رحیم داد بیدار ہو چکا تھا۔ مراد خاں شاہانی اسے قریب کے کمرے میں لے گیا۔ ذرا ہی دیر میں بوتل آگئی۔ گلاس آگئے۔ پانی آگیا۔ دونوں شغل کرنے لگے۔ شاہانی بہت مسرور اور تروتازہ نظر آرہا تھا۔ بات بات پر قہقہے لگاتا۔ مگر رحیم داد چپ چپ تھا۔ اس کا چہرہ مضمحل تھا اور آنکھوں کی چمک دھندلی اور دھواں دھواں تھی۔

مراد خاں نے اسے افسردہ اور پریشان دیکھا تو سرگوشی کے عالم میں ہنس کر بولا۔ "چوہدری! تیری حالت دیکھ کر تو صاف پتہ چلتا ہے' تجھے جمیلہ سے پیار ہوگیا ہے۔" اس نے قہقہہ بلند کیا۔ "یہی بات ہے ناں؟"

رحیم داد دل کی بات چھپا نہ سکا۔ گہری سانس بھر کر بولا۔ "جب سے جمیلہ نے مجھ سے یہ کہا ہے وہ پنڈ چھوڑ کر لہور چلی جائے گی' اس وقت سے جی پریشان رہتا ہے۔" اس کے لہجے میں کسک تھی۔ "سچ کہتا ہوں کچھ بھی بھلا نہیں لگتا۔"

"پریشانی کی ایک بات یہ بھی تو ہے کہ جمیلہ کے ساتھ اس کے مربعے بھی چلے جائیں گے۔" شاہانی نے رحیم داد پر چوٹ کی۔ "تجھے مربعوں کی فکر زیادہ ہوگی۔" وہ کھلکھلا کر ہنسا۔ "نکاح پڑھالے۔ جمیلہ کے ساتھ اس کی زمین اور جائیداد سب تیرے ہتھ میں آجائے گی۔ میں نے غلط تو نہیں کہا؟"

"مجھے مربعوں کے نکل جانے کی فکر تو ہے پر جمیلہ چلی جائے یہ میں کسی طرح برداشت نہیں کرسکتا۔ ویسے اس کی باتوں سے لگتا ہے اپنی زمین تو شاید مجھی کو دے جائے۔ وہ بہت حوصلے والی ہے۔ دل بھی اتنا وڈا رکھتی ہے۔" اس نے دونوں ہاتھ پھیلا دیئے۔ "سمجھ نہیں آتی' وہ چلی گئی تو میرا کیا بنے گا؟" رحیم داد نے ٹھنڈی سانس بھری۔ گلاس ہونٹوں سے لگایا اور آہستہ آہستہ گھونٹ بھرنے لگا۔ اس کے چہرے پر غم کا سایہ پھیلتا جا رہا تھا۔

سردار مراد خاں شاہانی نے رحیم داد کا مرجھایا ہوا چہرہ دیکھا اور چند لمحے ٹکٹکی باندھے تکتا رہا۔ پھر اس نے نشہ کی ترنگ میں لہرا کر کہا۔ "چوہدری! پروا نہ کر۔ سب ٹھیک ہوجائے گا۔ پریشان نہ ہو۔ میں تجھے کل شام تک کھے پیر کی زیارت پر لے چلوں گا۔ تک کھے پیر کے مزار پر دور دور سے بندے آتے ہیں۔ منت مانتے ہیں اور ان کی مراد پوری ہوتی ہے۔" اس نے قہقہہ لگایا۔ "تو بالکل فکر نہ کر۔ اٹھا گلاس۔ تو نے تو ابھی کچھ پی ہی نہیں۔ جم کر لگالے۔ طبیعت بالکل چنگی ہوجائے گی۔" اس نے گلاس اٹھایا اور غٹاغٹ چڑھا گیا۔

دونوں رات گئے تک شغل بادہ نوشی کرتے رہے۔

☆

دن ڈھلے مراد خاں شاہانی نے گیرج سے اپنی لمبی چوڑی پیکارڈ نکالی۔ رحیم داد کو ساتھ بٹھایا اور تک کھے پیر کی درگاہ کی جانب روانہ ہوگیا۔ کار مراد خاں خود چلا رہا تھا۔ وہ بہت تیز رفتار سے کار دوڑاتا رہا۔ اچھا اور ماہر ڈرائیور تھا۔ اس نے کئی موڑ خطرناک تیزی سے کاٹے۔ رحیم داد کا

چہرہ خوف سے سفید پڑ گیا۔ مگر شاہانی اطمینان سے اسٹرنگ سنبھالے بیٹھا رہا۔ ہنس ہنس کر ا
سے ادھر ادھر کی باتیں کرتا رہا۔

مراد خاں نے روانگی سے قبل دودھ اور گھی میں گندھی ہوئی میدے کی پانچ بڑی بڑی
گوگیاں تیار کرائیں۔ منوتی کی یہ گوگیاں حویلی کے تنوریے نے غسل کر کے اور اجلے کپڑے
تنور میں لگائی تھیں۔ صاف ستھرے کپڑے میں لپیٹ کر ان کو مٹی کے کورے کونڈے میں رکھ
گوگیاں اب کار کی پچھلی سیٹ پر احتیاط سے رکھی تھیں۔ منڈی بیلہ کے بڑے بازار سے گ
ہوئے مراد خاں شاہانی نے چاندی کا ایک چراغ بھی خریدا۔

سڑک کے دونوں کناروں پر خوانچے والے بیٹھے تھے اور طرح طرح کی صدائیں بلند کر
تھے۔ انگور بیچنے والا جھوم جھوم کر صدا لگاتا۔

"موتی' سچے موتی۔ آ بھئی موتے دیاں لڑیاں کھا۔ چمن دے میوے کھا۔"

اسی طرح گنڈیریاں بیچنے والا لک لک کر گاہکوں کو اس طور بلاتا۔ "مکھن پیڑے' کھایا ر
پیڑے کھا۔"

خوانچے والوں' دکانداروں اور گاہکوں کی ملی جلی آوازیں ابھرتی رہیں۔ رحیم داد سنتا رہا۔
خاں شاہانی چراغ خرید کر دکان سے باہر آیا۔

کار آن کی آن میں تیزی سے دوڑتی بازار سے نکل گئی۔ بازار میں ابھرتی ہوئی آوازوں کا
رفتہ رفتہ دھیما پڑ گیا۔

دونوں بھکر اسٹیشن پہنچے۔ یہ نیچی چھت کا مختصر سا ریلوے اسٹیشن تھا۔ مگر اس کا احاطہ خاصا
تھا۔ احاطے کے ایک حصے میں تک کھے پیر کا مزار تھا۔ مراد خاں شاہانی نے کار اسٹیشن کے باہر
طرف کھڑی کی اور رحیم داد کے ہم راہ تک کھے پیر کی زیارت کی جانب چلا۔

مزار پر زائرین اور منت مرادیں ماننے والوں کا ہجوم تھا۔ عورتیں بڑی تعداد میں تھیں۔ شاہا
دیکھتے ہی مجاوروں نے آگے بڑھ کر گرم جوشی اور تپاک سے اس کا اور رحیم داد کا خیر مقدم
رحیم داد نے مجاوروں کی ہدایت کے مطابق مزار پر میٹھی گوگیاں چڑھائیں۔

وہ جھکا ہوا گوگیاں چڑھا رہا تھا تو قریب کھڑی ہوئی ایک نوجوان عورت اولاد نرینہ کے لیے گڑ
کر منت مان رہی تھی۔ "سوہناں پنجپیرا' خدا کنوں میکوں پتر گھن ڈے۔ میں وجدی وا
آوساں تے تینڈی خنگاتے انا گھنڈ ڈیساں۔"

میٹھی روٹی اور گوگیاں مزار پر چڑھانے کے بعد ایک مجاور کی ہدایت پر رحیم داد نے اپنے

سے چاندی کا چراغ روشن کیا' آگے بڑھا اور نہایت عقیدت اور احترام سے اسے قبر کے سرھانے
رکھ دیا۔ سر سے پگڑی اتاری۔ شملے میں گرہ لگائی۔ پگڑی دوبارہ سر پر رکھی اور دونوں ہاتھ اٹھا کر زیر
لب یہ دعا مانگی۔

"پیر سئیں' جمیلہ میری بن جائے۔ مجھ سے بیاہ کرنے پر راضی ہو جائے۔ جب تک میری منت
پوری نہیں ہو گی پگ کی گرہ نہیں کھولوں گا۔ میری مراد پوری ہو جائے گی تو میں تیری خنگاہ پر دوبارہ
حاضری دوں گا۔ میٹھی روٹیاں چڑھاؤں گا اور نیا چراغ روشن کروں گا۔"

منت ماننے کے بعد رحیم داد اور مراد خاں شاہانی واپس ہوئے۔ باہر جاتے ہوئے شاہانی نے
مجاوروں کو دس دس روپے دیئے۔ دونوں اسٹیشن کے احاطے سے نکلے تو شام کا دھندلکا رفتہ رفتہ فضا
میں تحلیل ہوتا جا رہا تھا۔ مراد خاں نے کار اسٹارٹ کی اور واپس گھر جانے کے بجائے بھکر کی
معروف تفریح گاہ' باغ دل کشا کی جانب روانہ ہوا۔ دونوں وہاں پہنچے تو اندھیرا گہرا ہو چکا تھا۔ باغ
سنسان پڑا تھا۔

حویلی کی سمت لوٹتے ہوئے کار ایک ٹیلے کے قریب سے گزری۔ ٹیلے پر پیلو کے درختوں کے
ایک جھنڈ کے نیچے مصلیوں اور کٹانوں کا جمگھٹا تھا۔ جھوم جھوم کر بھنگ گھوٹی جا رہی تھی' مٹی کے
کوزوں اور المونیم کے گلاسوں میں بھر بھر کر پی جا رہی تھی۔ ایک طرف مشعل روشن تھی۔ اس کی
تیز روشنی میں ہیجڑے ڈھولک کی تھاپ پر کولہے مٹکا کر ناچ رہے تھے۔ لک لک کر جھمر کا مقبول
مقامی گیت گا رہے تھے۔

نائیں ہے باری تولہ پرانا
میں منتاری تروی نہ جاناں
دوی بگیندی لانکھے
دل پئے تانگے
رکھاں میں امید ماہی دے پلٹن دی

ناچنے والوں کے اردگرد بیٹھے ہوئے بھنگڑ' مصلی اور کٹانے گہرے نیلے نیلے تہملے اور دھوتیاں
باندھے اور میلے کچیلے کرتے پہنے زور زور سے قہقہے لگا رہے تھے' تالیاں بجا کر تھاپ دے رہے
تھے۔ نشے کی ترنگ میں کوئی من چلا اٹھ کر ہیجڑوں کے ساتھ ناچنے لگتا تو قہقہوں کا زبردست شور
بلند ہوتا۔ ڈھولک پر زور سے چوٹ لگائی جاتی۔ ناچ اور تیز ہو جاتا۔ مراد خاں شاہانی نے کار نیلے
سے ذرا ہٹ کر ایک طرف کھڑی کر دی۔

دونوں کار سے اتر کر باہر نکلے اور کار کے مڈگارڈ سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوگئے۔ مراد خاں شا نے ٹیلے کی سمت ہاتھ اٹھا کر رحیم داد کو بتایا۔ "چوہدری! اس ٹبے پر اکثر ایسی ہی میل لگتی ہے ساوی پی جاتی ہے اور اس کے نشے میں مست ہو کر عیش ہوتے ہیں۔ ہیجڑوں اور منشوروں کے عا ناچ گانے کے لیے کنجریاں بھی آتی ہیں۔ زبردست رونق رہتی ہے۔" اس کا لہجہ سنجیدہ ہو گ "یہ غریب لوگ ہیں۔ ان کی یہی تفریح ہے۔ دن بھر ڈٹ کر محنت مزدوری کرتے ہیں۔ شام کو میل کر ساوی سے شغل کرتے ہیں' تھکن اتارتے ہیں۔ اپنے دل خوش کرتے ہیں۔" وہ ہنسنے لگا۔

"لگتا ہے ادھر بھی ساوی کا زیادہ ہی رواج ہے۔" رحیم داد نے قیاس آرائی کی۔

"بہت زیادہ" مراد خاں شاہانی گویا ہوا۔ "تجھے بھی ساوی پلواؤں گا۔ میرے پاس ایک مظ گڑھیا جنگیرا ہے۔ بہت محنت سے گھٹائی کر کے ساوی تیار کرتا ہے۔ اس کے ہاتھ کی تیار کی ہو ساوی پئے گا تو لطف آجائے گا۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ "تو نے کبھی ساوی پی ہے؟"

"ملتان میں تھا تو کبھی کبھی پی لیتا تھا۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "پر ادھر ایک مدت سے بالکا نہیں پی۔ ملی ہی نہیں۔ جمیلہ کسی طرح کا نشہ پسند نہیں کرتی۔ اس لیے میں نے اپنی حویلی میں کبھ نشہ پانی نہیں کیا۔ اللہ وسایا بھی نہیں کرتا تھا۔"

"تب تو تجھے ضرور ساوی پلواؤں گا۔" شاہانی نے مسکرا کر رحیم داد کے کندھے پر بے تکلفی سے ہاتھ مارا۔ "تک کھے پیر کی زیارت پر تو نے منت مانی ہے۔ تیری منت ضرور پوری ہوگی۔ جمیلہ بھ تجھے ملے گی اور اس کے مرنے بھی۔ تک کھے پیر کی زیارت پر مانی ہوئی منت خالی نہیں جاتی۔" ا نے حسب معمول قہقہہ بلند کیا۔ "اسی خوشی میں ایک جشن ہو جائے۔ اپنی حویلی میں میل لگے اس میں تجھے بلوچوں کا جھمر دکھاؤں گا۔ اس نے ٹیلے پر ناچتے ہوئے ہیجڑوں کی طرف ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ ناچ تو یہ بھی جھمر ہی ہے پر یہ کوئی جھمر ہے۔" اس نے ناپسندیدگی کے طور پر منہ بگاڑا۔

"میں واپسی پر میل کا بندوبست کراتا ہوں۔"

رحیم داد خاموشی سے شاہانی کی باتیں سنتا رہا۔ تک کھے پیر کے مزار پر منت ماننے کے بعد و سکون محسوس کر رہا تھا۔ اس کے چہرے پر چھائی ہوئی پریشانی کا غبار کسی قدر چھٹ چکا تھا۔ مگر مرا خاں شاہانی نے اسے خاموش دیکھا تو سمجھا کہ منت کے بعد بھی اس کی پریشانی رفع نہیں ہوئی۔ مرا خاں نے رحیم داد کی پیٹھ آہستہ سے تھپ تھپائی۔

"اب تو پریشان کیوں نظر آرہا ہے؟"

"ایسی تو کوئی کل نہیں۔"

"کچھ ہی کہہ' پر تو پریشان ضرور ہے۔" مراد خاں نے اس کی دل جوئی کی۔ "پریشان نہ ہو۔ تجھے بلیاں والا پیر کے مزار پر بھی لے چلوں گا۔ وہاں بھی منت ماننا۔ ضرور پوری ہوگی۔ زبردست زیارت ہے۔ بلیاں والا پیر کی خنگاہ پر بھی دور دور سے منتیں ماننے والے آتے ہیں۔ تیری منت پوری ہو جائے تو بلیوں کو دودھ پلا دینا۔ منوتی پیر کی زیارت پر تجھے بہت بلیاں نظر آئیں گی۔ وہ منت لی کا دودھ پیتی ہیں۔"

اس نے ایک بار پھر محبت سے رحیم داد کی پیٹھ تھپ تھپائی۔ "چوہدری! پروا نہ کر۔ زیارتیں اور مزار بہت ہیں۔ ان کے بارے میں زبردست کرامتیں اور معجزے مشہور ہیں۔ ویسے زیارتوں کے علاوہ پیر بھی ہیں۔ یہ میاں والی کا علاقہ ہے۔ اسے بھی ایک پیر میاں علی نے بسایا تھا۔ اسی کے نام پر اس کا نام میاں والی پڑ گیا۔"

"اس ضلعے کا نام میاں والی اس لیے پڑ گیا؟" رحیم داد نے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔

"یہ پیروں اور پہنچے ہوئے بزرگوں کی سرزمین ہے۔" مراد خاں شاہانی نے بتایا۔ "یہاں ہر موضع' ہر ڈھوک بلکہ ہر خاندان کا اپنا پیر ہوتا ہے۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "تب تو تیرا بھی پیر ہوگا۔"

"ہاں سہی' میرا بھی ایک پیر ہے۔ بہت اللہ والا بزرگ ہے۔ چہرہ ایسا نورانی' دیکھو تو دیکھتے ہی رہ جاؤ۔ میرا پیر خریف کی واڈھی کے بعد آئے گا۔ دو سال میں ایک بار دورے پر نکلتا ہے۔ اپنے خاص خاص مریدوں کے پاس چند روز کے لیے ٹھیرتا بھی ہے۔"

رحیم داد چپ رہا۔ اس نے شاہانی کے پیر میں دلچسپی کا اظہار نہ کیا۔ مراد خاں نے چند لمحے خاموش رہ کر پوچھا۔ "کیا ارادہ ہے تیرا؟ بلیاں والا پیر کی زیارت پر چلے گا؟ وہاں بھی منت مان لینا۔"

"نہیں جی' ایک ہی منت کافی ہے۔ میرا دل کہتا ہے تک کھے پیر کی منت کا ضرور اثر ہوگا۔"

شاہانی نے مزید اصرار نہیں کیا۔ دونوں کچھ دیر ٹیلے کے پاس ٹھہرے رہے۔ ڈھولک کی تھاپ پر ہیجڑے ناچتے گاتے رہے۔ کٹانے اور مسلی بھنگ چڑھا کر قہقہے لگاتے رہے' شور مچاتے رہے۔ اب اندھیرا بڑھ گیا تھا۔ مشعل کی روشنی میں وہ سایوں کی مانند لہراتے نظر آرہے تھے۔

شاہانی اور رحیم داد کار میں سوار ہوئے اور حویلی میں پہنچ گئے۔

☆

صبح ناشتے سے فارغ ہونے کے بعد مراد خاں شاہانی نے رحیم داد کو اپنا ڈاگ ہاؤس دکھایا۔ ڈاگ

ہاوس حویلی سے متصل ہی تھا۔ ڈاگ ہاوس کیا تھا' اچھا خاصا بڑا مکان تھا۔ طرز تعمیر کے اعتبا
کسی سرکاری افسر کا بنگلہ لگتا تھا۔

اس میں کتوں کے رہنے اور آرام کرنے کے لیے کمرے تھے' کوٹھریاں تھیں۔ کتوں کو
کے لیے غسل خانے تھے' چہل قدمی کے لیے برآمدے تھے۔

ڈاگ ہاوس میں دو درجن سے زیادہ کتے تھے۔ ان میں بیشتر نایاب اور اعلیٰ نسل کے کتے
کتوں کو نہلانے دھلانے' راتب دینے' چہل قدمی کرانے اور ان کی دیکھ بھال کے لیے چند در
تھے۔ وہ کوتی کہلاتے تھے اور اپنے بیوی بچوں کے ساتھ ڈاگ ہاوس کے وسیع احاطے کے ایک
میں رہتے تھے۔ کتوں کے علاج معالجے کے لیے ایک سلوتری بھی مقرر تھا۔ وہ صبح شام با
سے کتوں کا معائنہ کرتا تھا۔

شاہانی کو کتے پالنے کا دیوانگی کی حد تک شوق تھا۔ وہ بھکر میں ہوتا تو ہر صبح کتوں کو دیکھنے
ہاوس ضرور جاتا۔ انھیں بڑے لاڈ پیار سے پچکارتا۔ ان کے منہ سہلاتا۔ پیٹھ اور گردن پر پیا
ہاتھ پھیرتا۔ کوتیوں سے ان کے بارے میں طرح طرح کے سوالات کرتا۔ کسی کتے کو سست
تشویش کا اظہار کرتا۔ فوراً سلوتری کو بلواتا۔ کتے کو دکھاتا اور اس کی بیماری اور تکلیف کے
میں تحقیقات کراتا۔ پوری دلچسپی کے ساتھ اس کا علاج کراتا۔ روز اس کے متعلق پوچھ گچھ کر

کتوں کو سویرے سویرے غسل دیا جاتا تھا۔ دو بکرے روزانہ ذبح ہوتے تھے۔ ان کے گ
سے کتوں کے لیے راتب تیار کیا جاتا۔ راتب دیتے وقت مراد خاں شاہانی عام طور پر خود
ہوتا۔ کرسی ڈال کر سامنے بیٹھ جاتا اور کتوں کو گوشت کھاتے دیکھتا رہتا۔

مراد خاں شاہانی کو اپنے کتوں پر بڑا ناز تھا۔ وہ بڑے فخر سے مہمانوں کو اپنا ڈاگ ہاوس او
میں رہنے والے کتے دکھاتا۔ ہر کتے کے بارے میں ایک ایک تفصیل نہایت وضاحت سے
کرتا۔ کسی سرکاری افسر یا جاگیردار کے پاس اعلیٰ نسل کا کتا دیکھتا تو اس کے بچے حاصل کر
کوشش کرتا۔ یہاں تک کہ انھیں چوری چھپے اٹھوا لینے میں مطلق عار محسوس نہ کرتا اور
دھڑلے سے ہنس کر ایسے کتوں کے بارے میں بتاتا کہ انھیں اس نے کس طرح حاصل کیا۔

کتے اس کی جاگیردارانہ شان و شوکت کی علامت تھے اور شکار کے لیے بھی کام آتے تھ
اکثر کتوں کی دوڑ کراتا۔ کبھی کبھی انھیں ریچھوں سے بھی لڑاتا۔ اور ان پر لمبی لمبی شرطیں ل
کتوں کی دوڑ کرانا اور انھیں لڑانا' علاقے کے دوسرے بلوچ سرداروں اور جاگیرداروں کی
مراد خاں شاہانی کا بھی محبوب مشغلہ تھا۔

ڈاگ ہاوس حویلی کے پچھواڑے تھا۔ مویشیوں کا باڑا اور گھوڑوں کا اصطبل بھی قریب ہی تھا۔
مراد خاں کے پاس اچھی نسل کے گھوڑے بھی تھے۔ مگر اسے کتوں سے زیادہ دلچسپی اور انسیت
تھی۔ جب سے اس نے نئی کار اور جیپ خریدی تھی گھوڑے کی سواری چھوڑ دی تھی۔ ایک زمانہ
تھا جب وہ صبح تڑکے اٹھ کر اصطبل میں جاتا۔ کوئی گھوڑا نکالتا اور اس پر سوار ہو کر دور تک دوڑاتا
چلا جاتا۔ مگر اب اس نے گھوڑوں پر توجہ دینا کم کر دیا تھا۔ کتوں ہی میں اس کی دلچسپی روز بروز بڑھتی
جا رہی تھی۔

مراد خاں نے چلتے چلتے رحیم داد کو مخاطب کیا اور فخر سے کہا۔ "چوہدری! اپنے کو تو صرف دو
چیزوں کا چسکا ہے۔ کتے اور رنّاں۔ پر کتا اونچی نسل کا ہو۔ رن تو جیسی بھی مل جائے کام چل جاتا
ہے۔" اس نے بے تکلفی سے قہقہہ لگایا۔ "مطلب یہ ہے کہ رن ہونی چاہیے اور نئی سے نئی ہونی
چاہیے۔"

رحیم داد صرف مسکرا کر رہ گیا۔ اس نے نہ کوئی تبصرہ کیا نہ کسی خاص ردعمل کا اظہار کیا۔
دونوں ڈاگ ہاوس میں داخل ہوئے تو سورج چڑھ کر آسمان کے اوپر پہنچ چکا تھا۔ رحیم داد نے اندر
جا کر دیکھا۔ سامنے وسیع احاطہ تھا۔ احاطے کی دیوار کے ساتھ ساتھ سلسلہ وار کچے مکانات تھے۔
مکانوں کے سامنے جال اور کھگل کے درخت تھے۔ درختوں کے نیچے کہیں کہیں چارپائیاں پڑی
تھیں۔ چارپائیوں کے پائے اونچے اونچے تھے۔ کئی چارپائیوں کے ساتھ چادروں کے بٹے ہوئے
پنگوڑے لٹک رہے تھے۔ ان میں شیر خوار بچے لیٹے تھے۔ قریب ہی عورتیں بیٹھی چاٹی میں دودھ بلو
رہی تھیں۔ ٹوکریاں بن رہی تھیں یا کسی اور کام کاج میں مصروف تھیں۔ وہ اپنا کام بھی کرتی
رہتیں اور رک رک کر پنگوڑا بھی ہلاتی جاتیں۔ دھیمے سروں میں کوئی لوری بھی گنگناتیں۔

کوتیوں اور کمیوں کے کچے اور بوسیدہ مکانات سے ہٹ کر احاطے کے مشرقی گوشے میں پختہ
عمارت تھی۔ اس پر کھپریل کی خمیدہ چھت تھی۔ سامنے کے رخ پر طویل برآمدہ تھا۔ برآمدہ خوب
کشادہ تھا۔ درمیان سے تنگ راستہ گزرتا تھا جس کے دوسرے سرے پر دروازہ تھا۔ وہ ایک بڑے
کمرے میں کھلتا تھا۔ راستے کے دونوں طرف لوہے کی سلاخوں کا مضبوط جنگلا تھا۔ جنگلے کے اندر
کتے بند تھے اور اس وقت راتب کھا رہے تھے۔

ڈاگ ہاوس میں ہر طرف کچے گوشت کی بساند پھیلی ہوئی تھی۔ جنگلے کے قریب ہی ایک گھنے
درخت کے نیچے چند کوتی زمین پر بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ کھانے میں جوار اور باجرے کی روٹیاں
تھیں۔ ایسی روٹیوں کو ڈوڈھا کہا جاتا ہے۔ کوتی شلجم کے پتوں کے ساگ اور لہسن کے ساتھ

ڈوڈھے کھانے میں مشغول تھے۔ مٹی کے ایک پیالے میں مکھن اور دوسرے میں جنڈ کی گ
اچار بھی کھانے کے لیے موجود تھا۔

مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کو دیکھتے ہی وہ کھانا چھوڑ کر کھڑے ہوگئے۔ ہر طرف ہلچل
عورتیں بھی کام کاج چھوڑ کر اٹھ کھڑی ہوئیں۔ ہر گوشے اور ہر سمت سے صدائیں بلند
لگیں۔

"سیں' صدا جیویں' سکھی صحت ہووی۔"

دو کوتی بھاگم بھاگ کرسیاں اٹھا کر لائے اور لوہے کے جنگلے کے عین سامنے درخت کے
میں رکھ دیں۔ مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ کوتی کرسیوں کے پیچھے نظ
کر ادب سے کھڑے ہوگئے۔

شاہانی نے کچھ دیر بعد پلٹ کر ان کی جانب سرسری سی نظر ڈالی۔ ہاتھ سے اشارہ کیا' او
سے کہا۔ "جاؤ روٹی کھاؤ۔" اس کے لہجے میں رعونت تھی۔

وہ چپ چاپ چلے گئے اور فرش پر بیٹھ کر ساگ دودھا کھانے میں جٹ گئے۔ مراد خاں
گوشت کا راتب کھاتے دیکھتا رہا اور ہر کتے کی جانب انگلی اٹھا کر رحیم داد کو بتاتا رہا۔ "
کالے دھبوں والا فاکس ہاونڈ ہے۔ یہ کوکر سپینیل ہے' یہ ایلسیشن ہے۔ وہ گرے ہاونڈ ہے"
ساتھ والا مٹیف ہے' یہ بل ٹیریر ہے' یہ پوڈل ہے' وہ کونے والا برنارڈ ہے۔ یہ باکسر ہے
ریٹریور ہے' یہ نیوفاؤنڈ لینڈ ہے۔ وہ دیوار کی ساتھ ابرڈین ٹیریر ہے۔ یہ کولی ہے۔" وہ جس
جانب انگلی اٹھاتا اس کی نسل اور خصوصیات کے بارے میں بھی نہایت ذوق و شوق سے بتا

رحیم داد کو کتوں سے کوئی خاص دلچسپی نہیں تھی۔ مگر مراد خاں شاہانی کی خوش نودی کی
بات توجہ سے سنتا رہا۔ ویسے وہ شاہانی کا ڈاگ ہاوس دیکھ کر خاصا مرعوب ہوا تھا۔ حیرت سے
اٹھا کر ایک ایک طرف دیکھتا اور شاہانی کی باتیں سنتا۔

اسی حیرت اور استعجاب کے عالم میں اس نے شاہانی سے پوچھا۔ "شاہانی! اتنا شان دا
ہاوس رکھنے پر تو بہت خرچ آتا ہوگا؟"

"ہا سیں! کوئی دس بارھاں ہزار روپے مہینہ تو خرچ ہوتا ہی ہوگا۔" سردار شاہانی نے
سے کہا۔

رحیم داد کی حیرت میں اور اضافہ ہوگیا۔ "یہ تو بہت ہوا جی۔"

"کہاں بہت ہوا۔" شاہانی بے تکلفی سے قہقہہ لگا کر بولا۔ "چوہدری! یہ تو اپنے اپنے

بات ہے۔ میں نے تو کتوں کے ایسے شوکین اور ان سے گہری دلچسپی رکھنے والے دیکھے ہیں جو ایک
کتے کے صرف دوادارو پر ۵ ہزار خرچ کر دیتے ہیں۔"

"نہیں جی! یہ کیسے ہو سکتا ہے۔" رحیم داد نے یقین نہ آنے کے انداز میں کہا۔

"میں نے تجھ سے غلط نہیں کہا۔" شاہانی نے اپنی بات پر زور دیا۔ "میرا ایک یار دشت خاں
بگٹی ہے۔ وڈا بلوچ سردار ہے۔ زیادہ تر کوئٹہ میں ملتا ہے۔ اسے بھی کتے رکھنے کا زبردست شوک
ہے۔ بہت اعلیٰ نسل کے کتے اس کے پاس ہیں۔ میں کبھی کبھی گرمیوں میں اس کے پاس چلا جاتا
ہوں۔ سچ پوچھ تو اس کے کتے ہی دیکھنے جاتا ہوں۔"

"اس کے پاس بھی ڈاگ ہاوس ہوگا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"بالکل ہے اور بہت شاندار ہے۔ میں تجھے اس کے ایک کتے کی دوادارو کے بارے میں بتا رہا
تھا جس پر ۵ ہزار روپے خرچ آیا تھا۔"

"پنج ہزار تو بہت ہوا' اور وہ بھی ایک کتے کے علاج پر۔"

"بالکل اتنا ہی روپیہ خرچ ہوا تھا۔" مراد خاں شاہانی نے زور دے کر کہا۔ "میں ان دنوں کوئٹہ
ہی میں تھا جب سردار دشت خاں بگٹی کا ایک سپینیل بیمار ہوا تھا۔ تین ہفتے کے لگ بھگ اس کی
دوادارو ہوتی رہی۔ پہلے اسے گھوڑا ہسپتال میں داخل کیا گیا۔ وہاں اس کی بیماری کم نہیں ہوئی تو
بردری روڈ کے ریسرچ سینٹر میں علاج کے لیے بھیجا گیا۔ سینٹر میں چار ونٹری ڈاکٹروں نے تین مرتبہ
آپریشن کیا۔ تین انجیکشن روزانہ صبح' دوپہر اور شام کو پابندی سے لگائے جاتے تھے۔ ایک انجیکشن
۳۰ روپے میں آتا تھا۔"

"تیس روپے کا انجیکشن!" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔

"ہا سیں! اتنے ہی میں آتا تھا۔ میں تو وہاں موجود تھا۔ کئی بار تو انجیکشن میرے سامنے منگوائے
گئے۔" مراد خاں شاہانی تفصیل سے بتاتا رہا۔ "ان انجیکشنوں کے علاوہ آپریشن کے دوران کتے کو
گلوکوز چڑھایا گیا اور طاقت کے انجیکشن بھی ساتھ ساتھ لگائے جاتے۔ اسے روزانہ ریسرچ سینٹر
کار میں بھیجا جاتا۔ سینٹر شہر سے چھے میل دور ہے۔ جب تک کتا بیمار رہا دو نرسیں دن رات اس کی
دیکھ بھال کرتی تھیں۔" سردار شاہانی نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "ململ کا پورا ایک تھان تو
کتے کے زخموں کی مرہم پٹی پر لگا۔"

"تب تو ۵ ہزار سے اوپر ہی خرچ آیا ہوگا۔" رحیم داد نے شاہانی کی باتوں سے متاثر ہو کر کہا۔
"پر اتنے مہنگے علاج کے بعد کتا بالکل چنگا ہو گیا ہوگا۔"

"نہیں! وہ تمام دوادارو کے بعد بھی نہ بچ سکا۔" سردار شاہانی نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا
"بیماری ایسی خطرناک تھی کہ اس کی جان ہی لے کر ٹلی۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری
"چوہدری! بہت شاندار کتا تھا۔ ایسے شاندار اور خالص نسل کے کتے کم دیکھنے میں آتے ہیں۔
اس نے قدرے تامل کے بعد بتایا۔ "سردار دشت خاں بگتی اس کے غم میں پاگل ہوگیا تھا
سارے کوتیوں کی مار مار کر چمڑی ادھیڑ ڈالی۔ دو کو تو جیل میں ڈال دیا۔ دوسرے دوڈے بلوچ
سرداروں کی طرح اس کی بھی اپنی جیل ہے۔"

رحیم داد نے مزید تبصرے سے گریز کیا۔ سردار شاہانی بھی خاموش رہا۔

سامنے جنگلے کے اندر کتے گوشت کھا رہے تھے اور ان کے نزدیک ہی زمین پر بیٹھے ہوئے کو
شلجم کے پتوں کے ساتھ جوار باجرے کا ڈوڈھا کھا رہے تھے۔ خشک ڈوڈھا حلق میں پھنستا تو وہ جلد
جلدی لسی پیتے یا مٹی کے پیالے میں انگلی ڈال کر ذرا سا مکھن نکالتے اور منہ میں رکھنے سے پہا
ڈوڈھے پر لگاتے تاکہ آسانی سے حلق کے نیچے اتر جائے۔

سردار مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کتوں کی جانب توجہ سے دیکھ رہے تھے۔ اسی اثنا میں ایک
نوجوان عورت آہستہ آہستہ چلتی ہوئی دونوں کے قریب آئی۔ وہ اجلی منجھلی باندھے ہوئے تھی
اس کے اوپر چھینٹ کا کرتا تھا۔ دونوں ہاتھوں میں نوزائد بچہ دبا تھا۔ بچے کے جسم کے گرد سفید کپ
اس طرح کس کر لپیٹا گیا تھا کہ اس کے ہاتھ پاؤں جکڑ کر رہ گئے تھے۔ صرف گردن کا کچھ حصہ او
چہرہ نظر آتا تھا۔ بچے کا رنگ کھلتا ہوا تھا۔ پیشانی پر کاجل کا سیاہ ٹیکہ لگا تھا۔ وہ آنکھیں کھولے ماں
چہرہ تک رہا تھا۔

عورت نے ایک ہاتھ سے بچے کو سنبھالا اور دوسرے سے دوپٹے کا آنچل کھینچ کر سراس طر
ڈھکا کہ اس کے چہرے کا بیشتر حصہ بھی چھپ گیا۔ وہ آگے بڑھی اور جھک کر بچے کو مراد خاں شاہانی
کے سامنے کردیا۔ شاہانی نے پہلے بچے کو دیکھا پھر مڑ کر عورت پر نظر ڈالی۔ مسکرایا اور رحیم داد کو
مخاطب کیا۔

"چوہدری! یہ کچھ کمزور لگتا ہے۔"

رحیم داد نے اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے تعجب سے دریافت کیا۔ "اس کے بدن پر اتنا
کپڑا کیوں لپیٹا ہوا ہے؟ یہ تو ہاتھ پاؤں بھی نہیں ہلا سکتا۔"

"ایسا تو کرنا ہی پڑتا ہے۔" سردار شاہانی نے مسکرا کر کہا۔ "ایسا نہ کیا جائے تو یہ زور آور اور
تگڑا کیسے ہوگا۔ بال بھولے کو زور آور بنانے کے لیے اپنی طرف کا یہی دستور ہے۔ ہم تو پیدا ہوتے

سے مکھن کھلاتے ہیں۔ تب ہی تو ادھر تگڑے اور جڑیا جوان نظر آتے ہیں۔" اس نے نگاہیں
کر عورت کی جانب دیکھا۔ بچے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھا۔ "اسے مکھن کھلاتی ہے
؟"

"ہا سیں!" عورت نے مستعدی سے جواب دیا۔ "کھلاتی ہوں' روز کھلاتی ہوں۔"

سردار مراد خاں شاہانی نے بچے کا رخسار ہولے سے تھپ تھپایا۔ اس کا چہرہ غور سے دیکھا اور
ت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دریافت کیا۔ "اس کی شکل تو تیرے خاوند جیسی لگتی ہے۔"

"خاوند سے شکل نہیں ملے گی تو کس سے ملے گی؟" رحیم داد بے تکلفی سے مسکرا کر بولا۔
سردار شاہانی! تو بھی کمال کرتا ہے۔"

"چوہدری! تو یہ گالہ نہیں سمجھ سکتا۔ ایسی چٹی اور پوپٹ رن میں چھوڑ سکتا ہوں۔ یہ اس کا
نا ہے۔ کس کا ہے؟ اس بھید کو یہ ٹھیک طرح جانتی ہے۔" شاہانی نے گردن کو خم دے کر تیکھی
روں سے دیکھا۔ مسکرایا اور نہایت ڈھٹائی سے پوچھا۔ "جانتی ہے ناں؟"

عورت نے زبان سے ایک لفظ نہیں نکالا۔ البتہ اقرار کرنے کے انداز میں ہولے ہولے گردن
لی۔ اس کا چہرہ شرم سے سرخ پڑ گیا۔ رحیم داد گم صم بیٹھا دونوں کو حیرت سے دیکھتا رہا۔

شاہانی نے بچے کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ اونچی آواز سے کہا۔ "بختاور ہووے۔ بھاگیں بھرا
دے۔"

یہ دعائیہ کلمات سردار کی زبان سے سن کر عورت کا چہرہ خوشی اور وفور جذبات سے دمک اٹھا۔
ں نے بچے کو سینے سے لگایا اور چپ چاپ چلی گئی۔

☆

کتے نہایت انہماک سے راتب کھا رہے تھے۔ کتوں کے چپڑ چپڑ گوشت کھانے اور ہڈیاں چبانے
لی آوازیں رک رک کر ابھر رہی تھیں۔ یکایک کسی بچے کی چیخ ابھری۔ شاہانی اور رحیم داد نے
پٹ کر اس طرف دیکھا کہ ڈاگ ہاؤس کے پھاٹک کے نزدیک ایک بچہ کھڑا ہے۔ اس کے منہ میں
ہنے ہوئے گوشت کی بوٹی دبی تھی۔ ایک عورت اس پر جھکی ہوئی منہ سے گوشت کی بوٹی نکالنے کی
کوشش کر رہی تھی۔ وہ اس کی ماں تھی۔ بچہ ضد کر رہا تھا۔ تلملا کر چیخ رہا تھا۔ شاہانی لمحے بھر تک
دونوں کو دیکھتا رہا۔ پھر دیکھتے دیکھتے اس کا چہرہ غصے سے خونخوار ہوگیا۔ تیوری پر بل پڑ گئے۔ رحیم داد
بھی اس کے چہرے سے ٹپکتی ہوئی جھنجلاہٹ دیکھ کر پریشان ہوگیا۔

شاہانی نے بچے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ڈپٹ کر عورت سے کہا۔ "اسے ادھر لا۔"

عورت نے گردن اٹھا کر سہمی ہوئی نظروں سے شاہانی کو دیکھا۔

بچہ بھی خاموش ہوگیا۔ اس کے چہرے پر خوف کا سایہ پھیل گیا۔ جنگلے کے قریب کھانا والے کوتیوں کے ہاتھ رک گئے۔ احاطے کی دوسری عورتوں کے چہرے بھی خوف اور دہشت زرد پڑ گئے۔ ڈاگ ہاوس پر گہری خاموشی چھا گئی۔

سردار مراد خاں شاہانی کی آواز دوبارہ ابھری۔ اس نے ڈپٹ کر عورت سے کہا۔ "تو نہیں۔ اسے لے کر میرے پاس آ۔"

عورت نے بچے کا بازو پکڑا اور ڈری سہمی ہوئی مراد خاں شاہانی کی جانب بڑھی۔ قریب آ اس نے گڑگڑا کر کہا۔ "سیں سردار! یہ باہر سے گوشت لایا ہے۔ یہاں تو پکتا ہی نہیں۔ اجاز نہیں۔" اس نے دونوں ہاتھ جوڑ دیئے۔ "اس سے بھول ہوگئی' معافی دے دے۔ تیرا جیوے۔ رب راضی ہووے۔"

"بکواس نہ کر۔" مراد خاں شاہانی زور سے دھاڑا۔ "خانہ خراب تجھے پتہ ہے یہاں گوشت پک سکتا اور نہ اندر آسکتا ہے۔"

"پتہ ہے سیں' بالکل پتہ ہے۔" عورت نے جلدی جلدی گردن ہلا کر اس کی تائید کی۔

سردار شاہانی نے اسے نظرانداز کر کے جنگلے کے نزدیک بیٹھے ہوئے کوتیوں کی جانب دیکھا بلند آواز سے کہا۔ "رمنے! ادھر آ۔" فوراً ایک کوتی اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ تیزی سے مراد خاں جانب لپکا' نزدیک آیا اور خاموش کھڑا ہوگیا۔ وہ اونچے قد کا قوی ہیکل جوان تھا۔ عورت اس عقب میں خوف اور دہشت سے آنکھیں پھاڑے خاموش کھڑی تھی۔ بچہ اس کے پہلو سے حیران اور ششدر کھڑا تھا۔ اس کی عمر پانچ سال سے زیادہ نہیں تھی۔

سردار شاہانی نے رمنے سے پوچھا۔ "تجھے پتہ ہے' ڈاگ ہاوس میں گوشت پکانے یا لانے کی کیا ہے؟"

"خیر ہو سیں سردار! میں کوں سب پتہ ہے۔" رمنے نے سینہ تان کر نہایت مستعدی سے جواب دیا۔

"تو جیسا ہمیشہ اس معاملے میں ہوتا ہے ویسا ہی کر۔" سردار شاہانی نے تحکمانہ انداز میں کہا "دروازہ کھول۔" اس نے لوہے کے جنگلے کی جانب اشارہ کیا۔ جس میں کتے بند تھے۔ اس نے مڑ بچے کو دیکھا۔ "اسے بکھیلے کے سامنے ڈال دے۔"

"سردار سیں! ایسا نہ کر۔" عورت نے تڑپ کر کہا۔ "اسے معافی دے دے۔"

"چپ کر۔" شاہانی نے اسے زور سے ڈانٹا۔

مگر وہ چپ نہ رہی۔ "سزا ہی دینی ہے تو مجھے کتوں کے سامنے ڈال دے۔" یہ کہتی ہوئی وہ مراد خاں کے قدموں پر جھکی۔ مراد خاں شاہانی نے اس کے پیٹ پر زور سے لات ماری۔

"ہٹ جا سامنے سے۔"

عورت لات کھا کر گری اور زمین پر دور تک گیند کی مانند لڑھکتی چلی گئی۔ مراد خاں نے رمنے کو حکم دیا۔ "منہ کیا تک رہا ہے؟ دروازہ کھول۔" اس نے بچے کی طرف ہاتھ اٹھایا۔

"اسے اندر ڈال دے۔"

رمنے نے آگے بڑھ کر جنگلے کے دروازے کا قفل کھولا' واپس آیا اور بچے کا ہاتھ پکڑ کر جنگلے کی سمت بڑھا۔ بچے نے تلملا کر اپنا ہاتھ چھڑانے کی کوشش کی۔ رمنے نے جھٹکا دے کر اسے زور سے کھینچا۔ بچہ سہم کر دم بخود رہ گیا۔ رمنا اس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچتا ہوا دروازے کے قریب پہنچا' دروازہ کھولا اور دھکا دے کر بچے کو جنگلے کے اندر پھینک دیا۔ بچے کے اندر پہنچتے ہی کئی کتے غرا کر زور زور سے بھونکنے لگے۔

بچے کی ماں اٹھ کر بیٹھ چکی تھی۔ وہ دونوں ہاتھوں سے اپنا پیٹ پکڑے ہوئے تھی۔ اس کے بال بکھر کر منہ پر آگئے تھے۔ ان پر خاک جمی تھی۔ چہرہ خوف اور دہشت سے ڈراؤنا نظر آرہا تھا۔ آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں۔ وہ بے قرار ہو کر بار بار پہلو بدل رہی تھی اور مراد خاں شاہانی کو ٹکٹکی باندھے دیکھ رہی تھی۔

شاہانی نے اس کی جانب مطلق توجہ نہیں دی۔ اس نے جنگلے کے اندر گوشت کھاتے ہوئے ایک خوں خوار بل ٹیریر کو للکارا۔ "بکھیلے!" کتے نے گردن اٹھا کر اس کی جانب دیکھا۔ سردار شاہانی نے بچے کی طرف انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے بل ٹیریر کو ششکارا۔ کتے نے غرا کر بچے کو خوف ناک نظروں سے دیکھا۔ بچے نے اسے غراتے دیکھا تو سہم کر پیچھے ہٹنے لگا۔

اس کی ماں اٹھ کر تیزی سے آگے بڑھی اور رحیم داد کے قدموں پر سر رکھ دیا۔ ادھر جنگلے کے اندر بل ٹیریر زور سے بھونکا اور غراتا ہوا بچے پر جھپٹا۔ اس نے دانت نکال کر بچے کی گردن دبوچ لی۔ بچہ بلبلا کر زور سے چیخا۔ اس کی دل سوز چیخ سن کر ماں رحیم داد کے پیروں سے چمٹ کر پھڑکنے لگی اور رو رو کر فریادی ہوئی۔

"سیں! میرے نکے کو بچالے۔" وہ تڑپ کی چیخی۔ "سیں! میری زاری سن لے' اسے بچالے۔ رب راضی ہووے۔ تیرا لال جیوے' میرے نکے کو چھڑا لے۔"

اس کی آہ و زاری پر رحیم داد تڑپ اٹھا۔ بے قرار ہو کر اس نے مراد خاں کو مخاطب
"شاہانی! اسے معافی دے دے۔"

"چوہدری! چپ کر کے بیٹھا رہ۔" مراد خاں نے اسے غصے سے جھڑک دیا۔ "اس معاملے
بول۔"

بچے کی ماں رحیم داد کے پیروں سے چمٹی گڑگڑاتی رہی۔ بچہ بار بار تلملا کر چیختا رہا۔ بل ٹیر
اسے فرش پر گرا دیا تھا اور دانت نکال کر اس کا بدن جھنجھوڑ رہا تھا۔ بچہ تکلیف سے بے چین
چیخا۔ "اماں!"

اس کی آواز کے ساتھ ہی ماں نے رحیم داد کے پیروں پر زور سے سر مارا اور مچھلی کی طر
تڑپنے لگی۔ وہ بار بار دہائی دیتی۔ "میں صدقے تھیواں' سئیں! میں کوں معافی دلا دے' سردار تو
سن لے گا۔"

وہ بلبلا کر چیخی۔ "بچا لے میرے نکے کو۔ سئیں بچا لے اسے۔" وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔
عورت کی بے قراری دیکھ کر رحیم داد کا دل پسیج گیا۔ ماں کی ممتا اس کے قدموں پر تڑپ ر
تھی' گریہ وزاری کر رہی تھی۔ اس نے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر سردار مراد خاں شاہانی کی جانب
دیکھا' اس کی طرف جھکا' ایک ہاتھ آگے بڑھایا' ٹھوڑی چھو کر عاجزی سے بولا۔

"سردار شاہانی! اسے معافی دے دے۔ میری خاطر معاف کر دے۔"

مراد شاہانی نے رحیم داد کی جانب مڑ کر دیکھا۔ اس کا چہرہ خونخوار نظر آ رہا تھا۔ آنکھوں سے
چنگاریاں نکل رہی تھیں۔ وہ چند لمحے رحیم داد کی جانب گھورتا رہا پھر اس نے مڑ کر اپنے بل ٹیر
نظر ڈالی۔

"بگھیلے! چھوڑ دے اسے۔"

کتے نے دھیان نہیں دیا' بدستور بچے کو جھنجھوڑتا رہا۔ سردار شاہانی نے اسے زور سے ڈانٹا۔
"ہٹ جا بگھیلے۔" کتا اس قدر سدھا ہوا تھا کہ ڈانٹ سنتے ہی اس نے بچے کو چھوڑ دیا۔ گردن اٹھ
کر شاہانی کو دیکھا' اپنی جگہ واپس گیا اور گردن جھکا کر راتب کھانے لگا۔

شاہانی نے رمضے کو حکم دیا۔ "رمضے! اسے باہر نکال لے۔" اس نے بچے کی طرف اشارہ کیا۔
"چوہدری! میرا مہمان ہے اور مہمان کی بات ماننی ہی پڑتی ہے۔"

رمضا جنگلے کے اندر گیا اور بچے کو اٹھا کر باہر لے آیا۔ اس کے جسم پر جگہ جگہ بل ٹیر کے
دانتوں اور پنجوں کے کھرونچے تھے' خراشیں تھیں۔ ان سے خون رس رہا تھا۔ بچہ خوف اور دہشت

سے نیم جان ہو رہا تھا۔ بچے کے باہر آتے ہی ماں دیوانہ وار دوڑی' بچے کو اٹھایا اور سینے سے لگا لیا۔
اس کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگی ہوئی تھی۔

رحیم داد نے کہا۔ "اسے فوراً ڈاکٹر کے پاس لے جا یا اسپتال چلی جا۔"

عورت نے گردن اٹھا کر دیکھا۔ اس کے دل میں رحیم داد کے لیے جو جذبہ عقیدت تھا' وہ پلکوں
پر آنسوؤں کے قطرے بن کر جھلملا رہا تھا۔ وہ بچے کو اپنے بازوؤں میں دبوچے ہوئے چپ چاپ
آنسو بہاتی کچے اور بوسیدہ مکانات کی طرف چلی گئی۔ شاہانی گم صم بیٹھا تھا۔ اس کے چہرے پر ہنوز
خشونت طاری تھی۔

سردار مراد خاں شاہانی خاموش بیٹھا کتوں کو راتب کھاتے دیکھتا رہا۔ مگر زیادہ دیر نہیں ٹھیرا' اٹھ
کر کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد بھی اس کے ساتھ اٹھ گیا۔

رحیم داد اور سردار شاہانی ڈاگ ہاؤس سے باہر نکلے۔ خاموشی سے آگے بڑھے۔ حویلی کے صدر
دروازے پر پہنچے۔ دروازہ خوب کشادہ ہونے کے ساتھ اس قدر اونچا بھی تھا کہ اونٹ کجاوے کے
ساتھ اس کے نیچے سے بہ آسانی گزر سکتا تھا۔ حویلی کے دروازے پر بیٹھے ہوئے ملازم ہڑبڑا کر
کھڑے ہو گئے۔

شاہانی نے ان پر توجہ نہیں دی' اندر چلا گیا۔ رحیم داد اس کے ہم راہ تھا۔ دروازے کے سامنے
کھلی جگہ تھی۔

یہ حویلی کا چوک تھا۔ چوک کے وسط میں طویل پختہ چبوترا تھا۔ گرمیوں میں اسے شہ نشین کے
طور پر استعمال کیا جاتا۔ دن ڈھلتے ہی اس پر چھڑکاؤ کر دیا جاتا۔ کرسیاں ڈال دی جاتیں۔ بیچ میں
سردار شاہانی کی کرسی ہوتی۔ وہ اس پر بیٹھ کر ملنے جلنے والوں اور سرکاری افسروں سے ملاقات کرتا
تھا۔ کبھی کبھی کچہری بھی لگاتا۔ اس میں جاگیر کے معاملات طے کیے جاتے۔ یہیں جاگیر سے آنے
والوں کی پیشی ہوتی۔ وہ اس کے روبرو فرش پر بیٹھتے۔ شاہانی ان کے بارے میں شکایات سنتا اور
فیصلے صادر کرتا۔

چبوترے کے آخری کنارے سے کچھ ہی فاصلے پر پاکھر کا گھنا درخت تھا۔ اس کے نیچے باورچی
خانہ تھا۔ قریب ہی پانی کھینچنے کا ہینڈ پمپ تھا۔ چبوترے کے دونوں طرف برآمدے جیسی طویل راہ
داری تھی۔

راہ داری کے عقب میں کمرے تھے۔ ان کے دروازے برآمدے میں کھلتے تھے۔ البتہ کمروں کی
کھڑکیاں پچھواڑے گلی میں کھلتی تھیں۔ گلی حویلی ہی کا ایک حصہ تھی۔ اس کی دیواریں قد آدم

اونچی تھیں۔

چوک حویلی کا مردانہ حصہ تھا۔ اسی میں دیرہ تھا۔ باہر سے آنے والے مہمان دیرے کی دو
عمارت میں نیچے یا اوپر کی منزل کے کمروں میں ٹھہرتے تھے۔ مگر حویلی کا دیوان خانہ نیچے ہی
اسے بیٹھک کہا جاتا تھا۔ یہ کشادہ ہال تھا۔ اس میں قیمتی قالین کا فرش تھا۔ بڑے بڑے دبیز ص
تھے۔ کرسیاں اور میزیں تھیں۔ دروازوں اور کھڑکیوں پر پردے پڑے تھے۔ ہال کے بیچوں بیچ
سے بلوریں جھاڑ لٹک رہا تھا۔ دیواروں پر شاہانی کے بزرگوں اور معروف بلوچ سرداروں کی
بڑی روغنی تصویروں کے علاوہ پرانی وضع کی بندوقیں قرابینیں' ڈھالیں اور تلواریں سلیقے
آویزاں تھیں۔ کمرے کی آرائش سے مراد خاں شاہانی کی جاگیردارانہ سطوت اور شان و شو
جھلکتی تھی۔

مراد خاں بیٹھک میں داخل ہوا اور ایک صوفے پر تھکا ہوا سا چپ چاپ بیٹھ گیا۔ رحیم دا
قریب ہی ایک صوفے پر بیٹھ گیا۔

مراد خاں کے چہرے پر خلاف معمول سنجیدگی کی گہری چھاپ تھی۔ رحیم داد نے اسے اس
خاموش اور سنجیدہ پایا تو اسے شاہانی کی خفگی کا شدت سے احساس ہوا۔

رحیم داد نے سردار مراد خاں شاہانی کو منانے کی کوشش کی۔ "تو ابھی تک مجھ سے ناراض
ہوتا ہے۔" اس کے لہجے میں نرمی اور معذرت کرنے کا انداز تھا۔

"سئیں! یہ گالہ نہیں۔ تو ان کمیوں اور ہڈحراموں کو نہیں جانتا۔ ان کے ساتھ ذرا بھی نر
رحم دلی دکھائی جائے تو یہ میرے کتوں کو بھوکا مار دیں۔ ان کا سارا راتب چرا کر کھا جائیں۔
میری بگیر تک کھا جائیں۔" شاہانی کا لہجہ رفتہ رفتہ تلخ ہوتا جا رہا تھا۔ چہرے پر جھنجلاہٹ ابھر
تھی۔

"یہ سارے ہی بے ایمان اور حرام کے تخم ہیں۔ انھیں تو بے رحم اور سخت بن کر ہی کابو
جا سکتا ہے۔ ہمارے وڈے اور جدی پشتی ان کے ساتھ ایسا سخت سلوک نہ کرتے تو یہ زمیں دا
اور بگیر کب کی ختم ہو چکی ہوتی۔ اس علاقے میں زمیں داری چلانا مخول نہیں ہے۔ دل کی جگہ
رکھنا پڑتا ہے۔"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔" رحیم داد نے خوش نودی حاصل کرنے کے لیے اس کی ہاں میں ہاں ملا
"پر یہ بھی تو ہو سکتا تھا تیرا کتا چھوہرے کو چیر پھاڑ کر ختم کر دیتا۔ لگتا تو ایسا ہی تھا۔ تب کیا ہوتا؟"

"کچھ بھی نہ ہوتا۔" شاہانی نے نہایت بے نیازی سے کہا۔ "پہلے بھی کئی بار ایسا ہو چکا ہے۔

پتہ نہیں۔ پہلے یہ کتوں کے راتب کا گوشت نہ صرف چرا کر کھا جاتے تھے بلکہ بازار میں بیچ بھی دیتے تھے۔ میں نے منع کیا' ڈانٹا' پٹائی بھی کی پر چوری کی عادت ختم نہیں ہوئی تب میں نے ڈاگ ہاؤس میں رہنے والے کوتیوں اور دوسرے ملازموں کے لیے گوشت کھانے پر سخت پابندی لگا دی۔"

"پر ایسا تو نہیں کیا ہو گا کہ سزا ہی میں کتے چیر پھاڑ کر کھا جائیں۔"

"میں نے کہا نا' کئی بار ایسا بھی ہوا۔" شاہانی نے بتایا۔ "دو کوتیوں کو تو کتوں نے نہ صرف گرا دیا بلکہ ان کا گوشت بھی نوچ نوچ کر کھا گئے۔ ان میں سے ایک نے تو میرا بست اعلیٰ الیشن چوری کیا اور ڈیرہ غازی خاں کے ایک کھوسہ سردار کے پاس پہنچا دیا اور خود تھل کلاں کی ایک جھگی میں روپوش ہو گیا۔ پر میرے کرندے اور کامے تلاش کر کے اسے پکڑ ہی لائے۔ میں نے سویرے سویرے اسے کتوں کے سامنے ڈال دیا۔ وہ رات بھر کے بھوکے بھی تھے۔ ایسے جھپٹے کہ ذرا ہی دیر بعد بدن سے گوشت غائب تھا۔ صرف ہڈیوں کا پنجر پڑا تھا۔ دوسرے نے راتب چوری کیا تھا۔ اس کا بھی یہی انجام ہوا۔"

"تو سچ کہہ رہا ہے؟" رحیم داد نے خوف زدہ ہو کر پوچھا۔ "کسی نے تیرے خلاف تھانے میں پرچہ چاک نہیں کرایا؟ صاف ۳۰۲ کیس بن سکتا تھا۔"

"سئیں چوہدری! تو کیسی گل کر رہا ہے۔" شاہانی نے ناگواری سے گھور کر رحیم داد کو دیکھا۔ "تو پناہ گیرا ہے' تجھے ادھر کا کچھ پتہ نہیں۔ کوئی میرے خلاف پرچہ چاک کرانے جاتا تو الٹا اس کے خلاف چوری کا مقدمہ بن جاتا۔ حوالات میں بند کر کے چھتر سے ایسی پٹائی ہوتی کہ چمڑی ادھڑ جاتی۔"

اس نے گردن اونچی کی اور نہایت رعونت سے بولا۔ "چوہدری! یہ ہماری جدی بگیر ہے۔ یہاں ہمیشہ ہماری عمل داری رہی ہے۔ انگریز کے راج میں بھی اور آج بھی۔ ادھری ہمارا ہی کنون چلتا ہے۔"

"اور پولیس کیا کرتی ہے؟" رحیم داد بدستور حیرت میں ڈوبا ہوا تھا۔

"پلسے اور تھانے دار بھی ہمارے ہی بندے ہیں۔ ہماری مرضی کے بغیر کوئی بھی سرکاری افسر یہاں نہیں ٹھہر سکتا۔"

وہ بے تکلفی سے ٹھٹھا مار کر پہلی بار ہنسا۔ "سئیں' تو ابھی اس علاقے کو ٹھیک سے نہیں سمجھ سکتا۔ کچھ روز اپنے ساتھ رہے گا تو سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ لے گا۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ وہ سردار مراد خاں کی باتوں سے بہت مرعوب نظر آ رہا تھا۔ مراد خاں زیادہ

دیر نہیں ٹھہرا۔ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ "چوہدری! مجھے اب جانا ہے۔ تو روٹی کھالینا۔ مجھے بالکل نہیں۔"

مراد خاں آہستہ آہستہ زنان خانے کی جانب چلا گیا۔ رحیم داد اپنے کمرے میں جا کر بستر گیا۔ وہ نڈھال اور تھکا ہوا نظر آرہا تھا۔

باب ۳

شام ہو گئی۔ ایک دن اور ختم ہوا۔ اندھیرا پھیلنے لگا۔ فضا دھواں دھواں ہو گئی۔ سردار مراد خاں شاہانی اور رحیم داد پھر مل بیٹھے۔ شراب کا دور چلا۔ شاہانی نے شیوازریگل کی بوتل منگوائی تھی۔ قیمتی اور عمدہ اسکاچ وہسکی تھی۔ اس کے ساتھ ویسا ہی اہتمام بھی کیا تھا۔ پانی کی بجائے میز پر سوڈے کی بوتلیں تھیں۔ تلے ہوئے مرغ مسلم تھے۔ تکے اور کباب تھے۔

مراد خاں نے وہسکی کی چسکی لگاتے ہوئے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! کل شام میل ہے۔ حویلی کے چوک میں محفل جمے گی۔ ساوی کا دور چلے گا۔ ناچ گانا ہو گا۔ راگ رنگ ہو گا۔ کچھ اور مہمانوں کو بھی بلایا ہے۔ اچھا زوردار میل ہو گا۔"

"کون کون آرہا ہے۔" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"یہ تو کل ہی تجھے پتہ چلے گا۔" مراد خان شاہانی نے ہنس کر بتایا۔ "رات بھر جشن رہے گا۔ سب سے تیری جان پہچان ہو جائے گی۔ ویسے سارے ہی اپنے بے تکلف یار ہوں گے۔" اس نے مسکرا کر آنکھ ماری۔ "لہور سے بھی میں نے ایک کنجری بلائی ہے۔ ایسی پوپٹ اور پھڑک دار ہے کہ بدن میں جیسے بجلی بھری ہو۔ مجرا تو اس کا ایسا زوردار ہوتا ہے کہ محفل میں آگ لگا دیتی ہے۔ اپنی پرانی یاری ہے اس سے۔"

رحیم داد نے پوچھا۔ "تیری رکھیل ہے؟"

"نہیں۔" شاہانی نے صاف گوئی سے بتایا۔ "پر جب بھی لہور جاتا ہوں' گانا سن نے کے لیے اس کے کوٹھے کا ضرور چکر لگاتا ہوں۔" اس نے بے تکلفی سے قہقہہ لگایا۔ "سچ پوچھ تو کبھی کبھی

صرف اس کے مجرے کی خاطر لہور جاتا ہوں۔ اس میں بات ہی کچھ ایسی ہے۔ تجھ سے زیادہ کیا بتاؤں۔ کل خود دیکھ لینا۔"

رحیم داد طوائف کا نام پوچھنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ حویلی کے زنان خانے سے نسوانی چیخیں ابھریں۔ کوئی عورت پاگلوں کی مانند زور زور سے چیخ چلا رہی تھی' آہ وزاری کر رہی تھی۔ چیخوں کے ابھرنے کے ساتھ ہی مراد خاں شاہانی کی آنکھوں میں ڈولتا ہوا نشے کا تلاطم غائب ہوگیا۔ دمکتا ہوا چہرہ بجھ گیا۔ اس پر رفتہ رفتہ پریشانی چھانے لگی۔

رحیم داد نے نہ تو پراسرار چیخوں کے بارے میں پوچھا نہ شاہانی سے پریشانی کا سبب معلوم کیا۔ وہ خاموش بیٹھا رہا۔ شاہانی بھی گم صم تھا۔ اس کی آنکھوں سے بے چینی جھلک رہی تھی۔ وہ اس عالم میں زیادہ دیر نہیں بیٹھا۔ گلاس میز پر رکھا' گھبرایا ہوا اٹھا' کمرے سے نکلا' دہلیز پر ٹھٹک کر رحیم داد کی طرف دیکھا۔ الجھے ہوئے لہجے میں گویا ہوا۔ "چوہدری! میں تھوڑی دیر بعد آتا ہوں۔" اس نے رحیم داد کے جواب کا انتظار بھی نہ کیا۔ تیزی سے قدم اٹھاتا راہ داری میں داخل ہوا اور اس سے گزر کر زنان خانے کی جانب چلا گیا۔

☆

زنان خانہ ڈیرے سے ملحق ہی تھا مگر بیچ میں کشادہ گلی تھی۔ زنان خانے کے گرد اونچی چاردیواری تھی۔ چاردیواری کے پیچھے وسیع صحن تھا۔ اس میں تین طرف کمرے تھے' دالان تھے۔ صحن چیاں اور کوٹھریاں تھیں۔ کمروں میں شاہانی کی بیوی کے علاوہ بیوہ ماں اور بہنیں رہتی تھیں۔ کوٹھریاں خادماؤں اور باندیوں کے رہنے کے لیے تھیں اور صحن کے ایک گوشے میں کمروں اور صحن چیوں سے ذرا ہٹ کر الگ تھلگ تھیں۔ یہ ساری تفصیلات حویلی کا ماشیا باتوں باتوں میں رحیم داد کو بتا چکا تھا۔ وہ حویلی کا پرانا ملازم تھا۔ اس کا بچپن حویلی ہی میں گزرا تھا۔ اب وہ پورا جوان ہو چکا تھا۔ سخت باتونی بھی تھا۔ مالش کرنے کے ساتھ ساتھ مسلسل بولتا رہتا تھا۔

رحیم داد دو سکی کی چسکی لگاتا رہا اور شاہانی کی واپسی کا انتظار کرتا رہا۔ زنان خانے سے رک رک کر چیخیں ابھرتی رہیں۔ کبھی دھیمی پڑ جاتیں' کبھی تیز ہو جاتیں۔ اب رات گہری ہو کر کاجل ہو چکی تھی۔ زنان خانے سے بلند ہوتی ہوئی چیخیں بڑی پراسرار معلوم ہو رہی تھیں۔

پہر رات گزر گئی مگر شاہانی واپس نہیں آیا۔ رحیم داد تنہائی سے اکتا گیا۔ اٹھا اور باہر چوک میں چلا گیا۔ نوکر چاکر معمول کے مطابق ادھر ادھر آ جا رہے تھے' باتیں کر رہے تھے۔ رحیم داد نے غور کیا' نہ وہ پریشان تھے نہ گھبرائے ہوئے۔ حالانکہ زنان خانے کی طرف سے چیخیں بار بار ابھر رہی

تھیں۔ رحیم داد واپس ہوا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا اپنے کمرے میں پہنچ گیا۔ تھوڑی دیر بعد ایک ملازم کھانا لے کر آیا۔ اس کے چہرے سے بھی کوئی تشویش ظاہر نہ ہوتی تھی۔ اس نے نہایت اطمینان سے میز پر کھانا لگا دیا۔

رحیم داد اس سے ان پراسرار چیخوں کے بارے میں معلوم کرنا چاہتا تھا مگر جرات نہ ہوئی۔ ملازم چلا گیا۔ رحیم داد خاموشی سے کھانا کھانے لگا۔

چیخیں اب بند ہو چکی تھیں۔ رحیم داد بھی کھانے سے فارغ ہو چکا تھا۔ نوکر برتن اٹھا کر لے گیا مگر مراد خاں شاہانی نہ آیا۔

رحیم داد خاموش بیٹھا نسوانی چیخوں کے بارے میں سوچتا رہا۔ وہ حیرت زدہ بھی تھا اور کسی قدر پریشان بھی۔ رات کالی ہو کر گونگی ہو گئی۔

رحیم داد کے قیاس کے مطابق گیارہ بجنے والے تھے۔ رات سرد اور کہر آلود تھی۔ سناٹا گہرا ہو گیا تھا۔ ناگاہ گہرے سناٹے میں گیرج سے جیپ نکلنے اور انجن اسٹارٹ ہونے کی آواز ابھری۔ ساتھ ہی زنان خانے میں گانے کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔ ان کے لہجے سے رحیم داد نے اندازہ لگایا کہ وہ حویلی کی مراثنیں اور خادمائیں ہیں۔ وہ دھیمے سروں میں گا رہی تھیں۔

تیری ڈاچی دے ٹلیاں
میں پیر منانوں چلیاں
ڈاچی والیاں موڑ مہاراں

گیت کے بولوں سے صاف عیاں تھا کہ وہ کسی پیر کی زیارت یا خانقاہ کی جانب جا رہی ہیں۔ مگر اونٹ یا ڈاچی کے کجاووں میں بیٹھنے کے بجائے وہ جیپ میں سوار ہو کر سفر کر رہی تھیں۔ جیپ آگے بڑھ گئی۔ گیت کے بول دھیمے ہو کر رات کی خاموشی میں تحلیل ہو گئے۔

رحیم داد بستر پر لیٹ گیا اور مراد خاں شاہانی کا انتظار کرتے کرتے سو گیا۔

دوسرے روز دوپہر کو شاہانی آیا۔ لیکن رات کے واقعے کے بارے میں نہ اس نے کوئی تذکرہ کیا نہ رحیم داد پوچھ سکا۔ شاہانی نے اس سلسلے میں بات کرنے کا موقع بھی نہ دیا۔ کمرے میں داخل ہوتے ہی گویا ہوا۔

"سنیں چوہدری! رات کو میل ہے۔ تجھے یاد ہے نا؟"

"یاد ہے' بالکل یاد ہے۔" رحیم داد نے بلند آواز سے کہا۔ "پر تو کھڑا کیوں ہے؟ بیٹھ جا۔"

"نہیں' میں نے بیٹھنا نہیں ہے۔" اس نے کلائی اٹھا کر گھڑی دیکھی۔ "مجھے فوراً سٹیشن جانا

ہے۔ شام کو تجھ سے ملوں گا۔" شاہانی مڑا اور باہر چلا گیا۔

☆

شام درودیوار سے نیچے اتر رہی تھی۔ حویلی کے چوک میں خوب گہما گہمی تھی۔ باورچی کے سامنے مرغیاں کٹ رہی تھیں۔ پاکھر کے پیڑتلے ایک تنومند آدمی بہت بڑے کونڈے میں گھوٹ رہا تھا۔ اس کا بھن گھٹنا شیشم کی مضبوط لکڑی کا بنا ہوا تھا۔ وزنی بھی تھا۔ اس میں ریڑ دھاگوں کے رنگ برنگے پھندنے اور گھنگرو بندھے تھے۔ گھنگرو چھنا چھن بج رہے تھے۔ ا چھناکے کے ساتھ وہ جھوم جھوم کر گنگنا رہا تھا۔

سوہنا لال وے پکاراں دمی دیاں
ڈے خوشیاں غم ٹال دے پکاراں دمی دیاں

بھنگ گھوٹنے والا جہنگیرا' مظفر گڑھیا تھا۔ مظفر گڑھ ہی میں لال عیسن کی درگاہ ہے ا زیارت کے لیے مظفر گڑھ کے علاوہ ملتان' جھنگ' میاں والی اور دوسرے اضلاع سے ہر ہزاروں عقیدت مند آتے ہیں۔ بھادوں کی چودہ تاریخ کو مزار پر بہت بڑا میلہ لگتا ہے۔ میلے شرکت کے لیے دور دور سے زائرین آتے ہیں۔ چیت کی ہر جمعرات کو بھی صبح سے عقیدت مند کے قافلے پہنچنا شروع ہو جاتے ہیں۔ وہ میلوں کا طویل سفر پیدل طے کرتے ہیں۔ رات بھر درا جاگتے رہتے ہیں۔ پورے تھل کے علاقے میں لال عیسن کے مزار کی زبردست دھوم ہے۔ آسیب زدہ عورتوں کا علاج معالجہ ہوتا ہے۔ بھوت پریت اور جن اتارے جاتے ہیں۔ زائرین عقیدت مند چڑھاوے چڑھاتے ہیں۔ منتیں مانتے ہیں۔ لک لک کر یہی گیت گاتے ہیں جو جہنگیرا اس وقت گنگنا رہا تھا۔

رحیم داد نے غسل کیا' اجلا لباس پہنا اور بن سنور کر کمرے سے باہر نکلا۔ سامنے بیٹھک سے بیٹھک سے باتوں اور قہقہوں کی ملی جلی آوازیں بلند ہو رہی تھیں۔ وہ اسی طرف چلا گیا۔ اندر دا ہوا تو سردار مراد خاں شاہانی وہاں پہلے سے موجود تھا۔ اس کے ساتھ مہمان بھی بیٹھے تھے۔ رحیم نے انھیں پہلی بار دیکھا تھا۔ ان میں محکمہ نہر کا ایک انجینئر تھا۔ بھکر کا تحصیل دار تھا۔ بیٹ علاقے کا جاگیردار' سردار عبدالرحمان خاں نوانی تھا۔ تھانے دار عطا محمد تھا۔ کندیاں کا میاں شا تھا۔ بھکر آتے ہوئے رحیم داد اس سے مل چکا تھا۔ اس کے پاس شاہانی کے ہم راہ ایک روز بھی تھا۔

میاں شاہ علی کے علاوہ ملک نیاز محمد خاں اعوان تھا۔ اس کا تعلق کالا باغ کے نواب زادگان

تھا۔ راجن پور کا سردار سلوت خاں مزاری تھا۔ مظفر گڑھ کا علی نواز گورمانی اور لیہ کا عمر دراز خاں جسکانی بھی تھا۔ سارے ہی مہمان سردار مراد خاں شاہانی کے بے تکلف دوست تھے اور ایک ہی رنگ میں رنگے ہوئے تھے۔

رحیم داد کو دیکھتے ہی شاہانی نے ہنستے ہوئے نعرہ بلند کیا۔ "سیں چوہدری' تو کدھر تھا؟" اس نے کمرے میں بیٹھے ہوئے مہمانوں پر ایک نظر ڈالی۔

"لو جی' اپنا چوہدری نورالٰہی بھی آگیا۔"

تمام نگاہیں رحیم داد کی جانب اٹھ گئیں۔ مراد خاں شاہانی نے مسکرا مسکرا کر سب سے اس کا تعارف کرایا۔ سرکاری افسروں کو چھوڑ کر سب ہی جاگیردار اور بڑے زمیں دار تھے۔ شاہانی نے اسے اپنے قریب ہی بٹھالیا۔ رحیم داد اجنبیت محسوس کر رہا تھا۔ وہ خاموش اور کسی قدر گھبرایا ہوا تھا۔

کمرے میں بھنگ کے ساتھ ساتھ وہسکی کا دور بھی چل رہا تھا۔ حویلی کے دو ملازم اجلے لباس پہنے' سروں پر کلف دار پگڑیاں باندھے' ٹرے میں وہسکی کی بوتل' گلاس اور سوڈے کی بوتلیں اور پانی سے بھرے ہوئے جگ رکھے صدر دروازے سے ذرا ہٹ کر کھڑے تھے۔ صوفوں کے آگے چھوٹی چھوٹی میزیں تھیں۔ ان پر مہمانوں کے گلاس رکھے تھے۔ کسی کا گلاس خالی ہوتا' ملازم فوراً قریب پہنچتا' خالی گلاس اٹھا کر ٹرے میں رکھتا اور وہسکی کا گلاس جھک کر میز پر رکھ دیتا۔ مہمان کی مرضی کے مطابق جگ سے سوڈا یا پانی گلاس میں ڈال دیتا۔

کچھ ایسے دھاکڑ پینے والے بھی تھے جنھوں نے تکلفات سے بے نیاز ہو کر وہسکی کی بوتل اور پانی سے بھرے ہوئے جگ سامنے میز پر رکھ لیے تھے۔ خود ہی بوتل سے وہسکی انڈیلتے اور پانی یا سوڈا ملا کر پیگ بناتے اور غٹاغٹ چڑھاتے یا آہستہ آہستہ چسکی لگاتے۔

مراد خان شاہانی کے سامنے خاصی لمبی میز تھی۔ اس پر وہسکی کی بوتل نہیں تھی۔ بھنگ سے بھرا ہوا بڑا سا شیشے کا قرابہ رکھا تھا۔ شاہانی کے ساتھ کچھ دوسرے بھی نہایت ذوق شوق سے بھنگ پی رہے تھے۔

شاہانی نے رحیم داد کے لیے گلاس منگوایا اس میں دودھ کی مانند سفید سفید بھنگ انڈیل کر بولا۔ "چوہدری! تو نے ساوی پہلے بھی پی ہے۔ آج اپنی حویلی کی پی کر دیکھ' اسے پینے کو تو دور دور سے شوکین آتے ہیں۔"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے بھنگ سے بھرا ہوا گلاس اٹھایا' ہونٹوں سے لگایا اور ہلکا سا گھونٹ

بھرا۔ بھنگ خوش ذائقہ تھی۔ اس میں بادام' پستے' خشخاش اور چاروں مغز گھٹے ہوئے تھے۔ خاصی گاڑھی تھی اور اس میں زعفران کی ہلکی ہلکی مہک بھی تھی۔ رحیم داد نے بھنگ کے گھونٹ بھر کر گلاس میز پر رکھ دیا۔

شاہانی نے داد طلب نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ "چوہدری! کیسی ہے ساوی؟ سچ سچ بتا۔"

"مزا آگیا جی۔ بہت زوردار ساوی ہے۔" رحیم داد نے مونچھوں اور ڈاڑھی کے بھیگے ہوئے ہاتھ سے صاف کرتے ہوئے پسندیدگی کا اظہار کیا۔

مراد خاں شاہانی اس کے جواب پر بہت خوش ہوا۔ ہنس ہنس کر بتانے لگا کہ بھنگ کے ساتھ ملا کر گھوٹا جاتا ہے۔ جو جہنگیرہ گھٹائی کرتا ہے اسے مظفر گڑھ سے خاص طور پر بلوا کر ملازم رکھا ہے۔ وہ بھنگ گھوٹنے کا ماہر سمجھا جاتا ہے۔ اس کا ذکر کرتے کرتے شاہانی نے زور کا قہقہہ لگایا اونچی آواز سے بولا۔

"وہ ساوی گھوٹتا ہے' ساوی پیتا ہے اور پی کر سوتا رہتا ہے۔ اس بندے کو اور کوئی کام نہیں۔" وہسکی اور بھنگ کا دور چلتا رہا۔ باتیں ہوتی رہیں۔ قہقہے بلند ہوتے رہے۔ رات تاریک ہو اس عرصے میں کچھ اور مہمان بھی محفل میں شریک ہوگئے۔ پہر رات گزرنے کے بعد سب نے کھایا۔ کھانے میں خاص اہتمام اور تکلف کیا گیا تھا۔ کھانا مرغن اور خوش ذائقہ تھا۔

کھانے سے فارغ ہوتے ہی مراد خاں شاہانی مہمانوں کے ہم راہ چوک میں پہنچا۔ پختہ چبوترہ شام ہی سے شامیانہ لگا کر قناتیں کھڑی کردی گئی تھیں۔ پختہ زمین پر اجلی چاندنی کا فرش تھا۔ ا کے ایک حصے پر قالین بچھا کر گاؤ تکیے لگا دیئے گئے تھے۔ نوکروں نے حقے تازہ کر کے مہمانوں لیے رکھ دیئے۔ حقوں کے علاوہ چاندی کی منقش طشتریوں میں ماچس اور سگرٹیں تھیں اور ا ٹرے بھی تھے۔

سردار مراد خاں اور مہمانوں کے بیٹھنے کے کچھ ہی دیر بعد بیس بائیس بلوچوں کا طائفہ قناتوں عقب سے نکل کر سامنے آیا۔ ان کے قد اونچے تھے۔ جسم مضبوط اور سڈول تھے۔ چہروں پر گ ڈاڑھیاں تھیں۔ سروں پر گردن اور کانوں تک لٹکے ہوئے لمبے لمبے پٹے تھے۔ وہ ململ کے لمبے پہنے ہوئے تھے۔ کمر کے گرد دو پہلوؤں والی چادریں لپیٹے ہوئے تھے۔ ان کی شلواریں خوب گھیر تھیں۔ وہ نیم دائرے میں آکر کھڑے ہوگئے۔ انھوں نے جھک کر مہمانوں کو سلام کیا۔

مراد خاں شاہانی نے رقص شروع کرنے کا اشارہ کیا۔ اشارہ ملتے ہی ایک بلوچ گلے میں ڈھو ڈالے ہوئے آگے بڑھ کر بیچ میں آگیا۔ وہ ڈھولی تھا۔ دوسرے اس کے گرد دائرے میں کھڑے

ہو گئے۔ ڈھول پر چوٹ پڑی اور ناچ شروع ہوگیا۔ ناچنے والے ڈھولی کے گرد کچھ دیر دائرے میں رقص کرتے رہے۔ ان کے ہاتھ اور پیر نہایت متوازن انداز میں لہراتے رہے' حرکت کرتے رہے۔ رقص کرتے کرتے ایک ناچنے والے نے کان پر ہاتھ رکھ کر تان لگائی۔ اس کی آواز سریلی اور پاٹ دار تھی۔ ڈھول پر زور سے چوٹ پڑی۔ اس نے جھمر کا سرائیکی گیت چھیڑا۔

انہاں سوہنیاں کوں دل ڈے بیٹھے!
دل دے کے بجناں ارماں تھیٹھے!!

گیت کے بول رفتہ رفتہ اونچے ہوتے گئے۔ رقص کرنے والے لک لک کر کورس میں گاتے رہے۔ "ان حسینوں کو ہم بھولے بھالے لوگ دل دے بیٹھے۔ مگر دل دے کے اب پچھتانا پڑتا ہے۔" گیت کے بول جتنے اونچے ہوتے گئے' ڈھول پر اتنی ہی تیزی سے چوٹ پڑتی رہی۔ گانے کے ساتھ ساتھ ناچ کی رفتار بھی تیز ہوتی گئی۔ رقص کرنے والوں کے ہاتھ اور پیر بھی گردش کرتے رہے۔ وہ ڈھولی کے گرد دائرے میں گھوم گھوم کر رقص کی رفتار تیز کرتے رہے۔

رحیم داد نہایت محویت سے رقص دیکھ رہا تھا۔ اس کے خون کی گردش تیز ہوگئی تھی۔ سر' ناچ کی تیزی کے ساتھ ساتھ ہولے ہولے جھوم رہا تھا۔ مراد خاں شاہانی اس کے برابر ہی گاؤ تکیے سے ٹیک لگائے مسند پر بیٹھا تھا۔ ناچ دیکھتے دیکھتے اس نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا اور جھک کر آہستہ سے کہا۔

"چوہدری! اصلی جھمر تو یہ ہے۔ یہ اپنے علاکے کے بلوچوں کا خاص جھمر ہے۔ کیسا ہے؟"

"زوردار ہے جی' بہت زوردار ہے۔" رحیم داد نے بے ساختہ داد دی۔

ناچ تیز ہوتا گیا۔ گیت کے بول اونچے ہوتے گئے۔ ڈھولی جھوم جھوم کر ڈھول پر چوٹ لگانے لگا۔ اس کا ہاتھ تیزی سے چلتا رہا۔ ڈھول کی تھاپ میں تیزی سے رقص میں بھی تیزی اور گرمی پیدا ہوگئی۔ ناچنے والوں کے سروں کے لمبے لمبے بال لہرا رہے تھے' گردش کر رہے تھے۔ رقص اس قدر تیز ہوگیا کہ دائرے میں ناچنے والے بلوچ بگولے کی مانند نظر آنے لگے۔

رقص اپنے عروج پر پہنچ کر ختم ہوگیا۔ ہر طرف سے "شاباش' واہ وا" کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ رقص مہمانوں کو بہت پسند آیا اور انھوں نے دل کھول کر داد بھی دی۔ رات اب خاصی سرد ہو چکی تھی۔ مگر ناچنے والے پسینے پسینے ہو رہے تھے۔ وہ ذرا دیر خاموش کھڑے رہے پھر اپنی پیشانیوں سے پسینہ پونچھتے ہوئے رخصت ہوگئے۔ رخصت ہونے سے پہلے سردار شاہانی نے اشارے سے ڈھول بجانے والے کو قریب بلوایا۔ جیب سے سو سو کے دو نوٹ نکالے اور ڈھولی کو

دیدیے۔ اس نے ادب سے جھک کر نوٹ لیے' اونچی آواز سے دعائیں دیں۔

"سئیں سردار' نی امان اللہ۔ بالیں بچیں' یاریں دوستیں' سب کوں خیر سلا ہووے۔"

ڈھولی الٹے قدموں واپس چلا گیا۔

رقص کے کچھ دیر بعد ایک نوجوان طوائف اپنے سازندوں کے ساتھ آئی۔ سازندوں نے سا چھیڑے۔ طوائف نے دوھڑا گایا۔ مگر چلا نہیں۔ خواجہ غلام فرید کی کافیاں بھی نہیں چلیں۔ محفل رنگ پھیکا دیکھ کر اس نے سمیں چھیڑی۔ سمیں سے محفل کا رنگ کچھ بدلا مگر جلد ہی پھیکا اور س پڑ گیا۔ حالانکہ سمیں تھل کے علاقے کا بے حد مقبول عوامی گانا ہے۔ سمیں گیتوں میں عام طور یاس و حرماں کا پہلو نمایاں ہوتا ہے اور شاید اس لیے ہوتا ہے کہ اس کے پس منظر میں ایک المی داستان کارفرما ہے۔

اس داستان کی نوعیت کچھ اس طرح بیان کی جاتی ہے کہ کسی زمانے میں تونسہ میں ایک بیو موجن رہتی تھی۔ اس کا کوئی والی وارث نہ تھا۔ صرف ایک بیٹی تھی۔ اس کا نام سمیں تھا۔ وہ بہت حسین اور دل ربا تھی۔ ماں کی زندگی کا سہارا اور آنکھوں کا تارا تھی۔ سمیں جوان ہوئی تو اس کے حسن اور رعنائی کا ہر طرف شہرہ ہوا۔ شیرل نامی ایک نوجوان ایسا فریفتہ ہوا کہ اسے اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گیا۔ وہ کبھی واپس نہیں آیا۔ سمیں بھی نہیں لوٹی۔ اس کی بیوہ اور لاوارث ماں جب تک زندہ رہی بیٹی کی جدائی میں تڑپتی رہی اور ایسے حزنیہ گیت گاتی رہی۔

آ سمیں اسان آؤ چلوں
تھل لہوں وچ چھک
سارا ساتھ سمولڑا
میں پردیسن ہک

طوائف خوش شکل تھی۔ خوش گلو بھی تھی مگر محفل کے مزاج کا صحیح اندازہ نہ لگا سکی۔ اس کا رنگ جما نہیں۔ وہ گئی تو دوسری طوائف آئی۔ وہ بھی نہ چل سکی' محفل میں ہلچل اور گرمی پیدا نہ کر سکی۔ صورت شکل واجبی تھی۔ آواز البتہ خوب صورت اور رسیلی تھی مگر ٹھس تھی۔ ناز و ادا میں شوخی اور لگاوٹ نہ تھی۔ محفل کا مطالبہ کچھ اور ہی تھا۔ وہ بھی اس کیفیت کو سمجھ نہ سکی۔

وہ محفل سے رخصت ہوئی تو ایک گویا آیا۔ اس نے ماہیا چھیڑا جس میں بعض مقامات ایسے آئے جن میں شوخی کے ساتھ ساتھ عریانی کا پہلو نمایاں تھا۔ گانے والے کی آواز میں شیرینی اور حلاوت بھی تھی۔ اس نے سونی محفل میں کسی قدر گرمی اور حرارت پیدا کی۔ وہ ماہیا کے ہر ٹپے کے آغاز پر

لک کر اونچی تان لگاتا اور آواز کے اتار چڑھاؤ سے سامعین کے جذبات میں ہلچل پیدا کر دیتا۔

اس نے ایک مزاحیہ مقبول گیت "منڈی گھوڑی" بھی خوب لمک لمک کر گایا۔ یہ حکایت کے انداز میں ایک لنگڑی گھوڑی کی ہجو تھی۔ اسے گیت کے بولوں میں اس طرح بیان کیا گیا تھا کہ پیر کھری نامی ایک رئیس نے خوش ہو کر شاعر کو ایک گھوڑی بطور انعام عطا کی۔ مگر وہ ذرا لنگڑی تھی۔ شاعر نے گھوڑی تو قبول کر لی لیکن قصیدہ گوئی کے طرز پر ایک تند اور تیکھی ہجو لکھی۔

اس مزاحیہ گیت نے محفل زعفران زار بنا دی۔ سامعین ہنستے تھے' قہقہے لگاتے تھے۔ گیت کے بعض بند بار بار گانے کی فرمائش کرتے تھے۔ گانے والے کو انعام بھی ملا۔

گویا گیا تو محفل کا جمود اور پھیکا پن دور ہو چکا تھا۔ بے تکلفی اور غیر سنجیدگی کا رنگ غالب آ چکا تھا۔ اسی عالم کیف و سرور میں ایک نئی طوائف آئی۔ وہ شوخ اور طرح دار تھی۔ رنگ کھلتا ہوا تھا۔ چہرے کے خدوخال بھی سبک تھے۔ جسم چنبیلی کی شاخ کی مانند لچکتا تھا۔ اس کے پیروں میں گھنگرو بندے تھے۔ جیسے ہی وہ آئی' گھنگرو کا چھنکا ہوا۔ اسے مراد خاں شاہانی نے اپنے کاردار کریم بخش رادھائی کے ذریعہ لاہور کی ہیرا منڈی سے بلوایا تھا۔ وہ ابھی نوخیز تھی۔ بیس سال سے زیادہ عمر نہ تھی۔ اس کا نام شہناز تھا۔ نائیکہ بھی لاہور سے ساتھ آئی تھی۔ وہ منجھی ہوئی گھاگ طوائف تھی۔ آگرے کی رہنے والی تھی۔ شہناز اس کی نوچی تھی۔ اس نے شہناز کو رقص و موسیقی کی تعلیم ماہر استادوں سے دلوائی تھی۔ وہ اسے بڑی گلوکارہ بنانا چاہتی تھی۔ اس کے مستقبل کا سہارا بھی تھی۔ آگرے میں کاروبار نہ جما تو وہ شہناز کو بمبئی لے گئی اور یہ کوشش کرتی رہی کہ اسے فلموں میں کام کرنے کا موقع مل جائے مگر کامیابی نہیں ہوئی۔ پاکستان بنا تو مہاجر بن کر لاہور پہنچ گئی۔ ہیرا منڈی میں اسے ٹھکانہ بھی مل گیا تھا۔ یہیں شہناز سے مراد خاں شاہانی کے مراسم پیدا ہوئے۔ وہ اس کے پاس آنے جانے لگا۔ اس نے شہناز کو آج کی تقریب کے لیے خاص طور پر بلوایا تھا۔

نائیکہ کو محفل کے رنگ ڈھنگ کا پہلے ہی اندازہ ہو گیا تھا۔ اس کے اشارے پر شہناز نے رقص کے ساتھ ایک تند و تیز عامیانہ گیت بھی چھیڑا۔

کچھی تیران گول پنیاں!

اس کی گائیکی بھی اچھی تھی۔ رقص و موسیقی کے امتزاج نے محفل کو جھنجوڑ کر رکھ دیا۔ گیت کے ہیجان انگیز بولوں نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ شہناز پر نوٹوں کی بارش ہونے لگی۔ ہر سمت سے واہ واہ کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ حوصلہ افزائی ہوئی تو اس نے اور جذبے سے اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

گیت ختم ہوگیا مگر وہ بیٹھی نہیں۔ اس نے ایک دادرا شروع کردیا۔ نائیکہ چونکی۔ چاہا کہ
باز رکھے مگر وہ گاتی رہی۔ ایک ایک بول ایسے ناز و ادا سے ادا کیا کہ محفل کی گرمی بڑھ
رقص کرتی رہی اور لٹک لٹک کر دادرے کے بول ادا کرتی رہی۔ جسم کو گردش دے کر
میں آنکھیں ڈال کر وہ دادرے کے بول اٹھاتی۔

اندھیریا ہے رات بچن رہیو کہ بیسو!
پلنگ لچک دار بچن رہیو کہ بیسو!!

دادرے کے بول ٹھیٹ پوربی تھے۔ مگر ہندوستانی فلموں کی مقبولیت کی بدولت محـ
سامعین کے لیے زیادہ نامانوس نہیں تھے۔ وہ جسم کے پیچ و خم' ہاتھوں کی گردش اور آنکھ
اتار چڑھاؤ کے ساتھ بول اس طرح پیش کرتی کہ وہ گیت کے پیکر سے نکل کر شہناز کا روپ
کرلیتے۔ طبلچی بھی آگرے کا تھا اور شہناز اور اس کی ماں کے ساتھ ہجرت کرکے پاکستان آ
ہر بول پر جھوم جھوم کر طبلے پر تھاپ دیتا' ٹھیکا لگاتا' گانے میں شدت اور حرارت بڑھاتا۔

اس نے ایسا سماں باندھا' محفل کو اس طرح زیر و زبر کیا کہ مراد خاں شاہانی نے لرا
کاردار رادھانی کو شراب لانے کا اشارہ کیا۔ آن کی آن میں بوتلیں کھلنے لگیں۔ جام گر
آئے اور مے نوشی کا زمزمہ دور شروع ہوگیا۔

نائیکہ' سازندوں کے قریب ہی بیٹھی تھی۔ سامنے پاندان رکھا تھا۔ وہ ٹھہر ٹھہر کر پان
گلوری منہ میں رکھتی۔ اگالدان بھی پاس ہی فرش پر رکھا تھا۔ اسے اٹھاتی اور بار بار پیک
اس کی خرانٹ اور تیکھی نظریں محفل میں بیٹھے ہوئے ایک ایک فرد کا جائزہ لے رہی
دادرے نے رنگ جمایا تو اس کا اعتماد بحال ہوا۔ سازندوں کو اشارہ کیا' سارنگی نواز بھی
جہاں دیدہ تھا۔ اور طبلچی کی طرح آگرے سے بائی جی کے ساتھ آیا تھا۔ نائیکہ نے جھک کر
نواز کے کان میں سرگوشی کی۔ دادرا ختم ہوتے ہی سارنگی نواز نے ٹھمری کی ایک دھن
ٹھمری بھی اچھی چلی۔

رات گزرتی رہی' بھیگتی رہی' سرد ہوتی گئی۔ محفل میں وہسکی کا دور چلتا رہا۔ شہناز نے مـ
رنگ کی مناسبت سے اور سامعین کی فرمائش پر ایسے مقبول فلمی گیت گانے شروع کردیئے
اور ہیجان انگیز تھے۔ وہ گاتی رہی' ناچتی رہی۔ محفل کی شوریدگی بڑھتی گئی۔ بار بار قہقہے بلند
طوائف سے چھیڑ چھاڑ ہوتی۔ بازاری اور عامیانہ فقرے چست کئے جاتے۔ نشے میں ڈو
صدائیں بلند ہوتیں۔

بھلے' بھلے!

ہائے! میں صدکے ونجاں

رات ڈھلنے لگی۔ شہناز نوعمر اور صحت مند طوائف تھی۔ آواز کے ساتھ بدن میں بھی جان تھی
مگر جس تیزی سے وہ رقص کر رہی تھی اور ایک کے بعد دوسرا گیت چھیڑ رہی تھی' اس عمل نے
اس کے چمکتے بولتے جسم میں تھکن پیدا کردی۔ وہ نڈھال نظر آرہی تھی۔ کئی بار اس نے رخصت
ہونے کی اجازت چاہی۔ لیکن اسے اصرار کرکے روک لیا جاتا اور ہر بار نئی فرمائش ہوتی۔ نوٹوں کی
ہر طرف سے ایسی بارش ہو رہی تھی کہ تھکنے کے باوجود اس کا حوصلہ پست نہیں ہوا۔ وہ ہر بار نئے
جوش اور جذبے سے نئے گانے کے بول چھیڑتی۔ البتہ اس نے رقص بند کردیا تھا۔ مگر بول ادا
کرتے وقت بھاؤ اس طرح بتاتی کہ محفل کی ہل چل اور گرمی کم ہونے کے بجائے سوا ہوگئی۔

بوتلوں پر بوتلیں کھلتی رہیں' خالی ہوتی گئیں۔ سردار مراد خاں شاہانی اور اس کے مہمان
غٹاغٹ پیتے رہے۔ گلاس پر گلاس چڑھاتے رہے۔ نشے سے مدہوش ہوتے گئے۔ ان میں رحیم داد
بھی شامل تھا۔ بھنگ کا نشہ ہی کیا کم تھا۔ وہسکی کے چند پیگ لگائے تو نگاہیں بھٹکنے لگیں' زبان
لڑکھڑانے لگی۔ مگر محفل میں رقص و سرود نے ایسی فضا پیدا کردی تھی کہ وہ بھی مبہوت ہوگیا۔
گلاس پر گلاس خالی کرتا گیا۔ بہت دیر بعد جب طوائف کا پیکر اسے دھندلا دھندلا نظر آنے لگا اور
اس کے ساتھ ہر شے گردش کرتی' جھومتی اور لہراتی محسوس ہونے لگی تو وہ چونکا۔ اس نے گلاس
ایک طرف رکھ دیا اور گاؤ تکیے کے سہارے بے تکلفی سے پھیل کر بیٹھ گیا۔

رات اور ڈھل گئی۔ اب تکلفات کے پردے اٹھ چکے تھے۔ ہر شخص اپنے انداز سے بیٹھا تھا۔
پینے والوں کا یہ عالم تھا کہ جس طرح جس کا جی چاہتا' پیتا تھا' بہک جاتا تھا۔ پھر پینا شروع کردیتا۔
محفل میں رفتہ رفتہ بے ترتیبی اور افراتفری پیدا ہونے لگی۔ میاں شاہ علی پیتے پیتے مدہوش ہوکر
سوگیا اور زور زور سے خراٹے لینے لگا۔ کچھ اور مہمان بھی سو رہے تھے یا اونگھ رہے تھے۔

عبدالرحمان خان نوانی جھومتے جھومتے ایک طرف لڑھک گیا۔ وہ پھر نہیں اٹھا۔ سردار سلوت
خاں مزاری اور علی نواز گورمانی ایک دوسرے کے گلوں میں بانہیں ڈالے لہرا رہے تھے۔ وہ گیت
کے کسی بول یا کسی تان سے بہت زیادہ متاثر ہوتے تو تڑپ کر ایک دوسرے کا منہ چوم لیتے۔ وہ
منجھے ہوئے تماش بینوں کی طرح طوائف سے اشارے کنائے کرتے۔ کبھی سر پر رکھ کر' کبھی کان
میں لگا کر' کبھی انگلیوں میں دبا کر طوائف کو نوٹ پیش کرتے۔ علی نواز گورمانی بدتمیزی سے ٹانگیں
پسارے نیم دراز تھا۔ وہ بار بار ایک آنکھ دبا کر ٹکٹکی باندھے طوائف کو تکنے لگتا۔

مراد خاں شاہانی بھی اپنے آپے میں نہ تھا۔ دو بار اس کے ہاتھ سے بھرا ہوا گلاس چھوٹا۔ شلوار اور قمیص جگہ جگہ سے بھیگ گئی۔ نشے سے چور آنکھیں بار بار بند ہو جاتیں۔ اچانک وہ کھڑا ہو گیا۔ اس نے مہمانوں سے نظر بچا کر محفل سے نکل جانا چاہا۔ سطوت خاں مزاری نے قہقہہ بلند کیا۔ شاہانی کو ٹوکا۔ "سیں شاہانی! میل تو اب جوبن پر آیا ہے اور تو اسے چھوڑ کر ہے۔" مزاری کے ساتھ ساتھ گورمانی نے بھی قہقہہ لگایا۔

"نہیں، تو ابھی نہیں جا سکتا۔"

مراد خاں شاہانی نے مسکرا کر مزاری اور گورمانی کو دیکھا اور جھوم کر بولا۔ "سیں عیش عیش۔" مگر وہ ٹھیرا نہیں۔ لڑکھڑاتے قدموں سے ایک طرف بڑھا۔ کریم بخش رادھانی نے پہنچ کر اسے سہارا دیا۔ شاہانی آہستہ آہستہ چلتا ہوا محفل سے چلا گیا۔ کچھ دور جا کر اس نے کاردار کو ہدایت کی۔ "رادھانی! مجرا ختم کرا۔ میاں والی سے جو کنجری آئی ہے اسے میرے کمرے میں پہنچا دے۔" یہ کہتا ہوا وہ بالائی منزل پر جانے والے زینے کی سیڑھیاں طے کرنے لگا۔ راد بھی اس کے ساتھ ساتھ تھا۔ چند سیڑھیاں چڑھ کر شاہانی نے رادھانی کو ڈانٹا۔

"میری فکر نہ کر۔ میں آرام سے پہنچ جاؤں گا۔ تو اب جا۔"

کریم بخش رادھانی خاموشی سے واپس ہوا۔ شامیانے کے نیچے پہنچا۔ محفل میں شوریدگی افراتفری تھی۔ رادھانی سیدھا نائیکہ کے پاس پہنچا۔ سرگوشی میں مجرا ختم کرنے کی ہدایت کی۔ نا چاہتی بھی یہی تھی۔ بلکہ مجرا ختم کرنے کے لیے بے چین تھی۔ اس کی نوچی شہناز بھی اب، تھک چکی تھی۔ بار بار بے بسی سے نائیکہ کی جانب دیکھتی تھی۔

کسی رسمی اعلان کے بغیر مجرا خاموشی سے ختم کر دیا گیا۔ شہناز نے گانا بند کر دیا۔ گانا ختم ہو مہمان اٹھنے لگے۔ ملازم سہارا دے کر انہیں ڈیرے کے کمروں میں پہنچانے لگے۔ جن کی حالت نشے سے ابتر ہوتی انہیں بستروں پر لیٹنے میں بھی مدد دیتے۔

نوابزادہ ملک نیاز محمد اعوان نے قالین پر قے کر دی تھی اور اس میں لت پت پڑا بے چینی سے ادھر ادھر گردن ہلا رہا تھا۔ اس کے قریب ہی سردار عبدالرحمان خاں نوانی بے سدھ پڑا تھا۔ ڈ ہٹ کر بارڈر ملٹری پولیس کا کمانڈر شیر خاں نیازی آنکھیں بند کیے نیم دراز تھا۔ اور رک رک بڑبڑا رہا تھا۔

"گاؤ، گاؤ، جان من گاؤ، گاتی جاؤ، ناچتی جاؤ۔"

ایک ملازم نے بڑھ کر نواب زادہ نیاز محمد خاں اعوان کا چہرہ تولیے سے صاف کیا۔ دو ملازموں

مدد کے لیے بلایا اور تنومند نواب زادے کو ہاتھوں پر اٹھا کر لے گئے۔ وہ نشے میں مدہوش تھا۔ اسے تن بدن کا ہوش نہ تھا۔

رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہوا تو ڈگمگا کر گرتے گرتے بچا۔ محکمہ نہر کے انجینئر نے زور سے قہقہہ بلند کیا اور اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ مگر خود لڑکھڑا کر دھڑام سے فرش پر گرا۔ رحیم داد مسکراتا ہوا اس کے قریب گیا۔ اسے اٹھانے کی کوشش کی تو اپنا توازن برقرار نہ رکھ سکا۔ لڑکھڑایا اور ایک طرف لڑھک گیا۔ رحیم داد بھی بے حال ہو رہا تھا۔ ایک ملازم نے سہارا دے کر اسے اٹھایا اور کمرے میں پہنچا دیا۔ وہ بستر پر لیٹا تو ہر شے گردش کرتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ اس نے آنکھیں بند کر لیں۔ کچھ دیر بے سدھ پڑا رہا۔ اس کا جسم نشے سے اس طرح ڈول رہا تھا جیسے ہنڈولے میں بیٹھا ہو۔ کبھی اوپر چلا جاتا۔ کبھی نیچے آ جاتا۔ آخر اسی عالم میں وہ سو گیا۔

☆

کچھ مہمان صبح ہی چلے گئے۔ البتہ نواب زادہ ملک نیاز محمد خاں اعوان، علی نواز گورمانی اور عمر دراز خاں جسکانی موجود تھے۔ رحیم داد رات کی محفل رقص و سرود میں ان سے خاصا بے تکلف ہو گیا تھا۔ دوپہر کے کھانے پر بھی ان سے بات چیت ہوتی رہی۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد سارے مہمان رخصت ہو گئے۔ مراد خاں شاہانی بھی عمر دراز خاں جسکانی کے ہم راہ لیہ چلا گیا۔

شاہانی لیہ جانے سے قبل رحیم داد کے کمرے میں آیا، معذرت کے انداز میں بولا۔ "سیں چوہدری! برا نہ منانا عمر دراز میرے گلے پڑ گیا ہے۔ ویسے لیہ میں مجھے ایک کام بھی ہے۔ میں اس کے ساتھ لیہ جا رہا ہوں۔"

"کب تک واپسی ہو گی؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

کل شام تک آ جاؤں گا۔ ارادہ تو یہی ہے پر جسکانی مجھے جلد نہیں آنے دے گا۔ اس نے مجھے روک لیا تو پرسوں ضرور پہنچ جاؤں گا۔"

"تو آرام سے لوٹنا۔ ایسا کر اب مجھے بھی جانے دے۔ میں زیادہ دن نہیں ٹھیر سکتا۔ میں نوں شاہ جی سے ضرور ملنا ہے۔" رحیم داد نے قدرے تامل کے بعد پوچھا۔ "یہ بتا لہور کے لیے ٹرین کب چھوٹتی ہے؟"

"وہ تو رات کے نو بجے جائے گی۔" شاہانی نے مطلع کیا۔

"بس میں اسی سے چلا جاؤں گا۔ تو فکر نہ کر۔ اپنے کاردار رادھانی سے کہتا جا کہ مجھے رات کو سٹیشن پہنچا دے۔"

مراد خاں شاہانی نے رحیم داد کو لاہور جانے کی اجازت نہیں دی۔ زور دے کر بولا۔ "نہیں اس طرح نہیں جاسکتا۔ میرے آنے کے بعد ہی جانا۔ ابھی تو شاہ جی بھی نہیں لوٹا ہوگا۔ دو اکٹھے اس کے پاس چلیں گے۔ مجھے بھی اسے ملنا ہے۔"

شاہانی کے اصرار پر رحیم داد کو رکنا پڑا۔ ویسے بھی اس کا جلد واپس جانے کا پختہ ارادہ نہیں تھ وہ چند روز شاہانی کے پاس اور رکنا چاہتا تھا تاکہ احسان علی شاہ اس وقت تک اپنے گاؤں پیراں وا واپس پہنچ جائے۔ وہ اس سے صلاح مشورہ کرنے کے بعد ہی کوٹلہ ہرکشن جانا چاہتا تھا۔ مراد خا شاہانی تیسرے روز ضرور واپس آنے کا وعدہ کرکے عمردار خاں جسکانی کے ہم راہ لیہ چلا گیا۔

رحیم داد بستر پر لیٹ کر سوگیا۔ جاگا تو کمرے میں ہلکا ہلکا اندھیرا تھا۔ وہ اٹھ کر باہر گیا۔ حویلی چوک میں پہنچا۔ دن کا چل چلاؤ تھا۔ ملگجی دھوپ کہیں کہیں بلندی پر جھلک رہی تھی۔ ڈیرا بالکا خالی تھا۔ گذشتہ شب جو رونق اور چہل پہل تھی وہ یکسر اجڑ چکی تھی۔ نہ شامیانہ تھا نہ قناتیں تھیں۔ چبوترا ویران تھا۔ حویلی میں ٹھہرے ہوئے تمام مہمان جاچکے تھے۔ صرف نوکر چاکر رہ گ تھے۔ مراد خاں کے جاتے ہی بیشتر نوکر بھی حویلی سے چلے گئے۔

چوک میں ہر طرف خاموشی چھائی تھی۔ صرف باورچی خانے کی سمت بولنے اور باتیں کرنے کی دھیمی دھیمی آوازیں ابھر رہی تھیں۔ شام کا دھندلکا فضا میں گھلتا جا رہا تھا۔ یہ نومبر کی آخری تاریخوں کی سنسان شام تھی۔ رحیم داد حویلی سے باہر نہیں گیا۔ چبوترے پر گیا اور آہستہ آہستہ ٹہلنے لگا۔ کمرے میں لپٹی ہوئی شام جلد ہی کالی پڑ گئی۔ اندھیرا بڑھ گیا۔ پاکھر کے نیچے تنور دہک ر تھا۔ اندھیرا پھیلتے ہی تنور سے نکلتی ہوئی چنگاریاں زیادہ روشن اور چمک دار نظر آنے لگیں۔

خنکی میں بھی اب اضافہ ہوگیا تھا۔ رحیم داد نے بدن میں ہلکی ہلکی تھرتھری محسوس کی۔ سردی پچھلی رات سے زیادہ تھی۔ رحیم داد نے ایسا ہی محسوس کیا اور اس نے ٹھیک ہی محسوس کیا تھا۔ سردی اچانک بڑھ گئی تھی۔ ہوا بھی تھمی ہوئی تھی۔ رحیم داد نے نظریں اٹھا کر باورچی خانے کی جانب دیکھا۔ تنور کے گرد نوکروں کی بھیڑ بڑھ گئی تھی۔ وہ دور سے سایوں کی مانند دھندلے دھندلے نظر آرہے تھے۔ رحیم داد چبوترے سے نیچے اترا۔ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا اپنے کمرے میں واپس پہنچا۔

کھانا کھانے کے بعد اس نے بستر پر لیٹ کر سونے کی کوشش کی۔ دن بھر سوتا رہا تھا لہٰذا نیند نہیں آئی۔ وہ بے چینی سے کروٹیں بدلنے لگا۔ پہر رات گزر گئی۔ باہر چوک میں ملازموں کی آوازیں دھیمی پڑتے پڑتے اب خاموشی میں تحلیل ہوکر ختم ہوچکی تھیں۔ کمرے کا دروازہ بند تھا اور باہر گہرا

ناٹا چھایا تھا۔

وہ آنکھیں بند کیے سونے کی کوشش کر رہا تھا۔ اسی عالم میں اس نے دروازہ کھلنے کی آہٹ سنوس کی۔ رحیم داد نے آنکھیں کھول کر دیکھا' ایک ملازم کمرے میں داخل ہو رہا ہے۔ وہ ادھیڑ تھا۔ رنگ گہرا سانولا تھا۔ چہرے پر چھدری ڈاڑھی تھی اور چیچک کے داغ نمایاں تھے۔ رحیم داد نے اسے پہلی بار دیکھا تھا۔ ملازم نے رحیم داد کو بیدار پایا تو خاموشی سے آگے بڑھا اور بستر کے پائنتی بیٹھ کر ہولے ہولے اس کے پیر دبانے لگا۔ رحیم داد نے کوئی بات نہیں کی۔ ذرا دیر بعد ملازم نے خود ہی بات چھیڑی۔

"سئیں! میرا ناں کرامت ہے۔ میں تحصیل علی پور کا رہنے والا ہوں۔ ویسے سب مجھے کرما کہتے ہیں۔"

"کرمے! تو مظفر گڑھ سے ادھر کیسے آگیا؟"

"سئیں' وہ ایسا ہوا کہ برکھا میں دریا چڑھا تو اپنا سب کچھ اجڑ گیا۔ تجھے تو پتہ ہی ہوگا' سیلاب آتا ہے تو علی پور تحصیل کا سب کچھ بہالے جاتا ہے۔ اپنے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا۔ پنڈ چھوڑ کر میں ادھر آگیا۔ تب سے یہیں نوکر ہوں۔" رحیم داد خاموش رہا۔ مگر کرامت خاموش نہ رہا۔ اس نے دبی زبان سے پوچھا۔ "سئیں' تو سردار کے ساتھ نہیں گیا؟"

رحیم داد نے اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے دریافت کیا۔ "کرمے! یہ بتا' باہر چوک میں آج اتنا سناٹا کیوں ہے؟ سب کہاں چلے گئے؟"

"وہ ایسا ہی جی' جب سردار نہیں ہوتا اور ڈیرے میں مہمان بھی ٹھیرے نہیں ہوتے تو نوکر اور کامے کام کاج کرکے اپنے سکوں اور شریکوں سے ملنے جلنے چلے جاتے ہیں اور آج تو کمدار بھی چلا گیا۔ وہ نہیں ہوتا تو سب ہی کھسک جاتے ہیں۔" کرامت اپنے گندے دانت نکال کر بھونڈے پن سے ہنسنے لگا۔ "باورچی تک چلا گیا جی۔ اب تو ڈیرے میں کوئی نہیں رہا۔"

"سردار کے جانے کے بعد ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے؟"

"نا سئیں نا! ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا۔ کچھ کامے چلے جاتے ہیں پر کل رات میل تھا ناں۔ سب سویرے تک جاگتے رہے۔ اب ادھر ادھر نکل گئے پر کل صبح ہوتے ہی پہنچ جائیں گے۔ اندر پتہ بھی نہ چلے گا۔"

"تو کیوں نہیں چلا گیا؟"

"میں کیسے جاسکتا ہوں؟ سئیں! تو بھی تو مہمان ہے۔ کسی کو تو ڈیرے میں رہنا ہی چاہیے۔ ویسے

جی ادھر میرا کوئی نہیں۔ میں تو دیرے کی کوٹھڑی ہی میں رہتا ہوں۔"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ اسے کرامت سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ اس نے آنکھیں بند
اور سونے کی کوشش کرنے لگا۔ مگر نیند کا دور دور تک پتہ نہ تھا۔ وہ بار بار بے چین ہو کر کر
بدلتا۔ کرامت ابھی تک پائنتی بیٹھا تھا اور سدھے ہوئے ہاتھوں سے رحیم داد کے پاؤں دبا رہا
اسے بے چین دیکھ کر کرامت نے ہم دردی کا اظہار کیا۔

"سیں لگتا ہے تجھے نیند نہیں آ رہی۔"

"میں دوپہر بعد سو گیا تھا اور شام تک سوتا رہا۔" رحیم داد نے نیند نہ آنے کا جواز پیش کیا۔

"سیں! بچی گالیہ ایسا ہے' تو جوان ہے۔ جوان بندے کو اکیلے نیند نہیں آتی۔" وہ شوخی
مسکرایا۔ رحیم داد نے کسی رد عمل کا اظہار نہ کیا۔ اسے خاموش پا کر کرامت کی حوصلہ افزائی
وہ زیادہ بے باک ہو گیا۔ اس نے رحیم داد کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا اور ایک آنکھ د
گویا ہوا۔ "سیں! تو کہہ تو آلس دور کرنے کو کسی کو تیرے پاس بھیج دوں؟"

رحیم داد اس کی بات سمجھ کر بھی سمجھ نہ سکا۔ اسے معلوم تھا کہ احسان علی شاہ کی طرح سر
مراد خاں شاہانی کی حویلی میں کوئی ایسا کوٹ نہیں ہے جس میں مزارعوں اور کمیوں کی نوجو
عورتوں کو اٹھوا کر قید رکھا جاتا ہو۔ اگر ایسا ہوتا تو شاہانی اس کا اظہار ضرور کرتا۔ وہ اس سلسلے
کرید کر پوچھنے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ کرامت اٹھ کر کھڑا ہوا۔ اس نے مڑ کر رحیم داد کی جا
نہیں دیکھا۔ چپ چاپ کمرے سے چلا گیا۔

رحیم داد الجھن میں پڑ گیا۔ نیند پہلے ہی آنکھوں میں نہیں تھی۔ اب بالکل اڑ گئی۔ اس نے
دروازے کی جانب بے قرار نظروں سے دیکھا۔ کچھ دیر کروٹ کے بل لیٹا رہا اور دروازے کو
رہا۔ مگر نہ دروازہ کھلا نہ کوئی اندر آیا۔ رات آہستہ آہستہ گزرتی رہی۔ سناٹا گہرا ہو گیا۔ رحیم د
نے کروٹ بدلی' آنکھیں بند کیں اور ایک بار پھر سونے کی کوشش کرنے لگا۔ اس نے کرامت
خیال جھٹک کر ذہن سے نکال دیا۔

نیند دھیرے دھیرے رحیم داد کی آنکھوں میں اترنے لگی۔ رات خاصی گزر چکی تھی۔ حویا
بھائیں بھائیں کر رہی تھی۔ یکایک گہری خاموشی میں کمرے کا دروازہ ہولے سے چرچرایا۔ رحیم دا
کی نیند اچاٹ ہو گئی۔ اس نے آنکھیں کھول دیں۔ لیمپ کی دھندلی روشنی میں سامنے دیوار پر ایک
پرچھائیں لہرائی۔ رحیم داد نے جھٹ گردن موڑ کر دروازے کی جانب دیکھا کہ دروازے کے قریب
کرامت کے بجائے ایک عورت کھڑی ہے۔ اس کی پیٹھ رحیم داد کی جانب تھی۔ اس نے کمرے

دروازہ آہستہ سے بند کیا اور پلٹی۔ رحیم داد نے دیکھا' وہ سرمئی رنگ کی اونی دوہر اوڑھے ہوئے
تھی۔ اس کا چہرہ دوہر سے اس طرح چھپا تھا کہ صاف نظر نہیں آ رہا تھا۔ وہ سرو قامت تھی۔ جسم
گداز اور قدرے بھاری تھا۔ کولھے چوڑے تھے اور نچلا دھڑ خاصا پھیلا ہوا تھا۔ وہ دھیرے دھیرے
رحیم داد کی جانب بڑھی۔

رحیم داد اٹھ کر تکیے کے سہارے بیٹھ گیا اور حیرت سے اسے دیکھنے لگا۔ وہ خوب گھیردار ریشمی
گھگرا پہنے ہوئے تھی۔ وہ نظریں جھکائے خاموشی سے قریب آئی اور اپنا گھگرا سمیٹ کر رحیم
داد کے قریب بستر پر بیٹھ گئی۔

وہ ہانپنے کے انداز میں گہری گہری سانسیں بھر رہی تھی۔ اس کی سانسیں کمرے کے سکوت میں
صاف سنائی دے رہی تھیں۔

رحیم داد نے بے قرار ہو کر پہلو بدلا' ہاتھ بڑھایا اور اس کے چہرے سے دوہر ہٹا دی۔ اس کا چہرہ
اب رحیم داد کے سامنے عیاں تھا۔ اس کا رنگ صبح کی دھوپ کی مانند اجلا تھا۔ رخساروں پر شفق کی
سرخی تھی۔ آنکھیں بڑی بڑی اور کالی تھیں۔ سر کے بال لمبے اور گھنے تھے۔ وہ سرخ اور نیلے
دھاگوں سے کڑھا ہوا جوگیا چولا پہنے ہوئے تھی۔ وہ خوبصورت اور طرح دار عورت تھی۔ آنکھوں
میں کاجل لگا کر اور بال سنوار کر بن ٹھن کر آئی تھی۔ مگر اس کا سن چالیس برس سے کم نہیں تھا۔
اس کی جوانی کا سورج ہر چند کہ ڈھل چکا تھا لیکن ابھی تک اس میں غضب کی دل کشی اور رعنائی
تھی۔

رحیم داد کو وہ بہت اچھی لگی۔ اس نے مسکرا کر بات چیت شروع کی۔ "تیرا نام کیا ہے؟"

اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس کی نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ چہرہ اور سرخ ہو گیا تھا۔

رحیم داد نے دوبارہ اس کا نام پوچھا وہ پھر بھی نہ بولی۔ رحیم داد نے زچ ہو کر تیکھے لہجے میں کہا۔
"بولتی کیوں نہیں۔ تو گونگی تو نہیں ہے؟"

اس دفعہ اس نے اپنی نظریں اٹھائیں۔ اس کی سیاہ اور روشن آنکھیں جھلملائیں۔ لمحے بھر کے
لیے دونوں کی نظریں ملیں مگر اس نے جھٹ نظریں ایک بار پھر نیچی کر لیں۔ رسان سے بولی۔ "میں
تجھ سے باتیں کرنے نہیں آئی ہوں۔"

رحیم داد نے کچھ اور کہنا چاہا لیکن اس نے ہاتھ بڑھا کر رحیم داد کے منہ پر رکھ دیا۔ رحیم داد نے
بے ساختہ اس کا نرم و گداز ہاتھ تھام لیا۔ اس کی کلائی میں پڑی ہوئی چوڑیاں آہستہ سے جھن
جھنائیں۔ اس کے لب تھرتھرا رہے تھے۔ رحیم داد گومگو کے عالم میں اسے تکتا رہا۔

☆

کمرے میں سکوت چھایا تھا۔ رات کا قافلہ دھیرے دھیرے اپنا سفر طے کرتا رہا۔ رات کے پچھ پہر وہ اٹھ کر جانے لگی تو رحیم داد نے اس کی کلائی تھام کر نرم لہجے میں کہا۔ "چلی جانا۔ ابھی رات رہتی ہے۔"

وہ مزید ٹھہرنے پر آمادہ نہ ہوئی۔ "سیں! میکوں اب جانا ہے۔" اس نے اپنی کلائی چھڑانے کوشش کی۔ "میری تلی چھوڑ دے۔ میں اب نہیں رک سکتی۔"

"تو نے تو کوئی گل بات ہی نہیں کی۔" رحیم داد نے اس کا ہاتھ نہ چھوڑا۔ "اپنا نام تو بتا دے۔"

وہ قدرے تیکھے لہجے میں بولی۔ "یہ نہ پوچھ۔" اس نے جھٹکا دے کر اپنی کلائی رحیم داد کی گرفت سے آزاد کرالی۔ بستر پر پڑی ہوئی اونی دوہر اٹھائی' اسے اس طرح اوڑھا کہ ایک بار پھر اس کا چہ چھپ گیا۔ وہ دروازے کی جانب بڑھی۔ آہستہ سے ایک پٹ کھولا۔ جاتے جاتے دہلیز پر ٹھٹکی۔ مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ آہستہ سے بولی۔ "سردار سے میرے بارے میں گالہ نہ کرنا۔ ہرگز نہ کرنا۔" اس نے سختی سے تاکید کی۔

"قسم کھا۔ اس سے کچھ کہے گا تو نہیں۔"

"جیسی چاہے قسم لے لے۔" رحیم داد نے اسے یقین دلایا۔ "رب سونہ' میں نوں اسے ایک لفظ نہیں کہنا۔ تو بالکل فکر نہ کر۔ مجھ پر بھروسہ کر۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ "کل بھی آئے گی ناں' سردار تو کل رات بھی واپس نہیں آئے گا۔ وہ پرسوں شام سے پہلے نہیں آئے گا۔ مجھے یہی بتا کر گیا ہے۔" اس نے زور دے کر پوچھا۔

"بول' کیا کہتی ہے؟"

اس نے رحیم داد کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا۔ دھیرے سے دروازہ کھولا اور باہر نکل گئی۔ رحیم داد گم صم بیٹھا رہا اور نظریں اٹھائے دروازے کو تکتا رہا۔ کچھ دیر بعد وہ پلنگ سے نیچے اترا۔ دروازہ بند کیا اور بستر پر واپس جا کر لیٹ گیا۔

وہ دیر تک اس کے بارے میں سوچتا رہا۔ عورت نے اپنے بارے میں اسے کچھ نہیں بتایا تھا۔ یہاں تک کہ نام بتانے سے بھی گریز کیا تھا۔ وہ کون تھی' کہاں سے آئی تھی اور کیسے آئی تھی؟ رحیم داد کو کچھ معلوم نہ تھا۔ وہ نہ جانے کب تک اس پراسرار عورت کے بارے میں غلطاں و پیچاں رہا۔ آخر اس کی آنکھ لگ گئی۔

صبح آنکھ کھلی تو رحیم داد نے دیکھا کہ بستر پر ایک طرف چادر کی سلوٹوں میں دبا ہوا سونے کے

موٹے موٹے منکوں کا ایک کنٹھا پڑا ہے۔ کنٹھا خاصا وزنی اور قیمتی تھا۔ اسے فوراً رات والی عورت یاد آگئی۔ اس نے کنٹھا اٹھا کر تکیے کے نیچے رکھ دیا اور خاموش بیٹھا عورت کے بارے میں اندازے لگاتا رہا۔ مگر بہت سوچ بچار کے باوجود وہ کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکا۔

رحیم داد نے نماد ھو کر ناشتا کیا۔ لیکن تمام عرصے وہ اس عورت کے متعلق سوچتا رہا جو ہنوز اس کے لیے ایک معمہ تھی۔ کرامت بھی نہیں آیا۔ اس کی تلاش میں رحیم داد کمرے سے نکل کر چوک میں گیا۔ وہ تمام نوکر چاکر واپس آگئے تھے جو رات کو حویلی سے غائب ہو گئے تھے۔ وہ اپنے کام کاج میں مصروف تھے۔ رحیم داد نے ادھر ادھر نظریں دوڑائیں۔ مگر نوکروں میں اسے کرامت نظر نہ آیا۔

ڈیرا ابھی تک خالی تھا۔ شام ہو گئی۔ لیکن نہ کوئی مہمان آکر ٹھہرا نہ سردار مراد خان شاہانی واپس آیا۔ چوک میں کمرے کا نیل گوں غبار گاڑھا پڑتا جا رہا تھا۔ فضا دھواں دھواں تھی۔ خاموشی بڑھتی جا رہی تھی۔ رحیم داد کو رات کا انتظار تھا اور رات جیسے رینگ رینگ کر بڑھ رہی تھی۔

رحیم داد اول شب ہی اپنے کمرے میں آگیا۔ وہ بستر پر لیٹا ہوا باہر سے ابھرنے والی آوازیں سنتا رہا۔ بے قراری کا یہ عالم تھا کہ ٹھیک سے کھانا بھی نہ کھا سکا۔ کبھی اٹھ کر ٹہلنے لگتا کبھی دروازے پر جا کر چوک کی طرف دیکھتا۔ چوک رفتہ رفتہ سنسان پڑ گیا۔ نوکر چاکر اپنی اپنی کوٹھریوں میں جا کر لیٹ چکے تھے۔ رحیم داد کو توقع تھی کہ وہ ضرور آئے گی۔ اس کا سونے کا کنٹھا رحیم داد کے پاس تھا۔ کنٹھا واپس لینے اسے آنا چاہیے تھا۔

وہ بے چینی سے اس کی راہ تکتا رہا۔ باہر گونگی رات ساکت کھڑی تھی۔ ہر طرف پالا پڑ رہا تھا۔ فضا پر گہری خاموشی چھائی تھی۔

آدھی رات سے کچھ پہلے دروازہ آہستہ سے کھلا۔ رحیم داد بے قرار ہو کر اٹھ بیٹھا۔ اس نے دروازے کی جانب اشتیاق سے دیکھا۔ مگر دروازے پر وہ نہیں تھی کرامت تھا۔ وہ چپ چاپ چند لمحے تک دروازے کے قریب کھڑا رہا۔ پھر نظریں اٹھا کر رحیم داد کی طرف دیکھا' دھیرے دھیرے آگے بڑھا۔

رحیم داد نے گلہ کیا۔ "کرمے! تو دن بھر کہاں رہا؟ نظر ہی نہیں آیا۔"

"سیں' میں سویرے سویرے دریا خاں چلا گیا تھا۔ اندھارا ہونے کے بعد لوٹا ہوں۔"

رحیم داد نے اس کا چہرہ دیکھا۔ چہرے پر گرد جمی ہوئی تھی۔ وہ سفر کی تکان سے نڈھال نظر آرہا تھا۔ رحیم داد نے ہمدردی کے طور پر کہا۔ "کرمے! میں نوں پیر نہیں دیوانے۔ تو بہت تھکا ہوا لگتا

ہے۔ جاکر آرام کر۔"

"سیں' جیسی تیری مرضی۔" کرامت نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔ "تجھ سے ایک گالہ پوچھنی تھی۔"

"ضرور پوچھ۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ اسے اندازہ تھا کہ وہ کیا پوچھنا چاہتا ہے۔ کر نے دبی زبان سے پوچھا۔ "سیں! تو نے سونے کی ایک مالھان تو نہیں دیکھی؟"

"کیسی مالھان؟" رحیم داد نے انجان بن نے کی کوشش کی۔

"سیں' رات اس کے گلے سے مالھان اتر کر یہاں گر گئی تھی۔ وہ اس کے لیے بہت پریشا میں اس کی مالھان لینے آیا ہوں۔"

رحیم داد نے ہاتھ بڑھا کر تکیے کے نیچے سے کنٹھا نکالا' کرامت کے سامنے کیا اور زیر لب کر بولا۔ "یہ رہی اس کی مالھان۔ اسے لینے تو کیوں آیا؟ وہ خود کیوں نہیں آئی؟"

"یہ تو جی وہی بتا سکتی ہے' میں کیا کہہ سکتا ہوں۔" کرامت نے گول مول جواب دیا۔

"ٹھیک ٹھیک بات کر۔" رحیم داد نے ڈپٹ کر کہا۔

"سیں' میکوں کیہہ کہنا اے؟" کرامت مسکین سی صورت بنا کر بولا۔ "اس کی مرضی۔ آنا چاہے تو آجائے گی۔"

"پر کل رات تو اسے تو یہاں لایا تھا نا؟"

"نا سیں' ایسی گالہ نہیں۔" کرامت نے انکار میں گردن ہلائی۔ "اس کی مرضی نہ ہوتی اسے کیسے لاتا۔"

"تو اس کے ساتھ ساتھ آیا تھا؟ پر وہ کمرے میں بالکل اکیلی آئی تھی۔"

"میں تو اسے تیرے کمرے تک چھوڑ کر چلا گیا تھا۔" کرامت نے وضاحت کی۔

"جب وہ واپس گئی تب تو کہاں تھا؟"

"سیں! میں اس کا انتظار کرتے کرتے سو گیا تھا۔ میکوں پتہ تھا وہ دیر سے لوٹے گی۔" اس مسکرا کر رحیم داد کو بتایا۔ "اس نے واپسی پر مجھے جگایا تھا۔"

"آج بھی وہ آئے گی؟" رحیم داد نے بے قرار نظروں سے کرامت کو دیکھا۔

"پتہ نہیں جی۔" وہ آہستہ سے بولا۔ "ویسے سچی گالہ پوچھ تو مجھے لگتا نہیں وہ آج بھی گی۔"

"تو نے کیسے اندازہ لگایا' وہ نہیں آئے گی؟"

"سیں! اسے آنا ہوتا تو مالھان لینے خود آتی۔ میکوں تیرے پاس نہ بھیجتی۔"

"اچھا یہ بتا' وہ ہے کون؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"سیں' یہ تو میں ہرگز ہرگز نہیں بتاؤں گا۔ کرامت نے صاف انکار کر دیا۔ "میں اس کے بارے میں تیکوں کچھ نہیں بتا سکتا۔"

"کیوں نہیں بتا سکتا؟" رحیم داد نے جھلا کر سوال کیا۔

کرامت نے زبان سے ایک لفظ نہ نکالا۔ بت بنا خاموش کھڑا رہا۔

"بولتا کیوں نہیں؟" رحیم داد نے اسے ڈانٹا۔ "صاف صاف بتا۔" اس کی آواز قدرے اونچی تھی۔

"سیں' دھیرے بول۔" کرامت نے مڑ کر دروازے کی جانب دیکھا۔ "تیکوں پتہ نہیں' یہ عزت اور لاج کی گالہ ہے۔" اس کا لہجہ تیکھا ہو گیا۔ "میں تجھے کیسے بتا سکتا ہوں؟" اس کے چہرے پر خوف کی جگہ جھنجلاہٹ آگئی۔ "میں نے تجھے پہلے ہی کہا تھا اس کے بارے میں نہ پوچھ۔ میکوں کچھ نہیں بتانا۔"

رحیم داد نے اس کے بگڑے ہوئے تیور دیکھے تو رام کرنے کی کوشش کی۔ لہجے میں نرمی پیدا کرتے ہوئے گویا ہوا۔ "نہ بتا' تیری مرضی۔ پر اتنا بتا دے اس کا نام کیا ہے؟"

رحیم داد کو توقع تھی کہ کرامت اس کا نام بتا دے گا مگر اس کی توقع پوری نہ ہوئی۔ کرامت آمادہ نہ ہوا۔ "نا سیں نا' میں یہ بھی نہیں بتا سکتا۔ اس کے بارے میں تو میں تجھے کچھ نہیں بتا سکتا۔"

عورت کی شخصیت کا معمہ کرامت نے اپنی باتوں سے اور پیچیدہ بنا دیا۔ رحیم داد کا اشتیاق بڑھا۔ "تو عجب گل کر رہا ہے۔" رحیم داد کے لہجے میں اس دفعہ کسی قدر تلخی تھی۔

"ہا سیں' یہ عجب ہی گالہ ہے۔ اس میں بدنامی اور لنک کا ڈر ہے۔" وہ اپنی ضد پر اڑا رہا۔ "تو ہزار پوچھ۔ میکوں اس کے بارے میں کچھ نہیں بتانا۔ میں ہرگز کچھ نہیں بتاؤں گا۔"

"تو فیر یہ بھی صاف صاف سن لے' میں نے مالھان تجھے نہیں دینی۔" رحیم داد جل کر بولا۔ اس نے کنٹھا ایک بار پھر تکیے کے نیچے رکھ دیا۔ "اسے کہہ دے' مالھان لینی ہے تو خود آکر لے جائے۔ میں تجھے نہیں دوں گا۔"

"سیں ناراض نہ ہو۔" کرامت نرم پڑ گیا۔ اس کے لہجے میں عاجزی پیدا ہو گئی۔ "مالھان دیدے' تیری مہربانی ہوگی۔ رب راضی ہووے' تو سدا راضی ہو' خوش ہو۔"

"تو کچھ ہی کہہ مالھان میں نے تجھے نہیں دینی۔" رحیم داد اپنی بات پر جما رہا۔ "مالھان صرف

اور صرف اسی کو دے سکتا ہوں۔" کرامت سر جھکائے خاموش کھڑا رہا۔ رحیم داد نے ڈپٹ کر
"کھڑا کیوں ہے؟ جو میں نے کہا ہے اسے جا کر بتا دے۔ وہ کوئی بھی ہو مالھان لغی ہے تو اسے خو
کریساں آنا پڑے گا۔" رحیم داد بستر پر دراز ہو گیا۔ "اب تو یہاں سے پھوٹ جا۔ میں نور
ہے۔ اونگھ آ رہی ہے۔ رات بھی بہت ہو گئی۔"

کرامت مڑا اور ہولے ہولے کولہے مٹکاتا باہر چلا گیا۔

رحیم داد بستر پر لیٹا انتظار کرتا رہا۔ رات گزرتی گئی۔ سناٹا بڑھتا گیا۔ رات آدھی ہو گئی۔
ہو کر ڈھلنے لگی۔ لیکن نہ کرامت آیا' نہ وہ آئی۔ رحیم داد انتظار کرتے کرتے سو گیا۔ صبح اٹھ
کمرے سے باہر آیا تو ملازموں کی زبانی معلوم ہوا کہ مراد خاں شاہانی واپس آ گیا ہے۔

ناشتے پر شاہانی بھی پہنچ گیا۔ اس نے رحیم داد کے ساتھ ہی ناشتا کیا۔ ناشتے سے فارغ ہو کر
خاں نے جیپ نکالنے کا حکم دیا اور خود بھی گیرج کی طرف چلا گیا۔ رحیم داد اس کے ہم راہ
والی جانے کی تیاری کرنے لگا۔ اس نے دروازے پر آہٹ سنی' مڑ کر دیکھا کہ کرامت سامنے
ہے۔ رحیم داد نے پوچھا۔

"تو پچھلی رات کیوں نہیں آیا؟ اب کس لیے آیا ہے؟"

"سئیں! تو نے صاف انکار کر دیا تھا۔ میکوں آ کر کیہ لینا تھا؟"

"اسے اپنے ساتھ لاتا۔ وہ کیوں نہیں آئی؟"

"سئیں' آہستہ بول۔" اس نے سراسیمہ نظروں سے باہر چوک میں دیکھا۔ "تیکوں پتہ
سردار واپس آ گیا ہے۔"

رحیم داد اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے بولا۔ "میں نوں یہ بتا' وہ کیوں نہیں آئی؟" رحیم
کا لہجہ اس دفعہ دھیما تھا۔

"سئیں' میں کیا کہہ سکتا ہوں۔" کرامت نے سرگوشی کی۔ "اس کی مرضی' نہیں آئی۔ تو
کہا تھا' میں نے اسے کہہ دیا۔"

"کیا بولی وہ؟"

"اس نے میری گالھ سنی پر کچھ بولی نہیں۔ سئیں! اس کی مالھان دیدے۔" وہ گڑگڑانے
"تیری بہت مہربانی ہوگی۔" اس نے قدرے توقف کے بعد کہا۔ "وہ بہت پریشان ہے۔ اسے
کرے گا تو وہ تجھ سے راضی ہو جائے گی۔"

"اسے کہنا ناراض نہ ہو۔ میں چند روز بعد واپس آ جاؤں گا۔ اس کی مالھان تب ہی دوں گا۔

آ کر خود لے جائے گی۔ فکر نہ کر مالھان میرے پاس حفاظت سے رہے گی۔"

کرامت کچھ کہنے ہی والا تھا کہ مراد خاں شاہانی مسکراتا ہوا کمرے میں داخل ہوا۔ لیکن کرامت
پر نظر پڑتے ہی اس کے چہرے سے مسکراہٹ اڑ گئی۔ اس نے قہر آلود نظروں سے کرامت کو دیکھا۔

"کرمے! تو ادھر کیا کر رہا ہے؟" اس کا لہجہ تند اور کڑوا تھا۔

رحیم داد نے جھٹ بات بنائی۔ "شاہانی! میں نے اسے بلایا تھا۔" اس نے مڑ کر کرامت کی
جانب دیکھا۔ "مجھے فوراً ایک گلاس پانی لا دے۔ تجھے اسی لیے بلایا تھا۔"

کرامت کمرے سے چلا گیا۔ مراد خاں شاہانی کھڑا رہا۔ رحیم داد نے اس کے بشرے سے اندازہ
لگایا کہ کرامت کا وہاں آنا اسے ناگوار گزرا ہے۔ رحیم داد نے غور کیا کہ کرامت اس کے لیے پانی
نہیں لایا بلکہ حویلی کا ایک اور ملازم پانی سے بھرا ہوا گلاس لے کر اندر آیا۔ رحیم داد نے اس سے
کرامت کے بارے میں کچھ نہیں پوچھا۔ گلاس لیا اور اس طرح ہونٹوں سے لگا کر غٹاغٹ پی گیا
گویا بہت پیاسا ہو۔

☆

جیپ حویلی کے صدر دروازے کے سامنے کھڑی تھی۔ رحیم داد اور سردار مراد خاں جیپ میں
بیٹھ گئے۔ جیپ نے حرکت کی اور آگے بڑھ گئی۔ اسے ڈرائیور چلا رہا تھا۔ اس کے برابر شاہانی کا
ایک نوجوان ملازم ہاتھ میں بھری ہوئی بندوق سنبھالے بیٹھا تھا۔ مراد خاں شاہانی پچھلی نشست پر
رحیم داد کے ساتھ بیٹھا تھا۔ دونوں خاموش تھے۔ جیپ گرد کے بادل اڑاتی تیزی سے پر پیچ راستوں
پر دوڑ رہی تھی۔

بھکر شہر سے نکل کر جیپ اس سڑک پر پہنچ گئی جو ریلوے لائن کے ساتھ ساتھ جاتی ہے۔ وہ بہل
اسٹیشن کی سمت تیز رفتار سے جا رہی تھی۔ سڑک کے بائیں طرف ریلوے لائن تھی اور دائیں
طرف کھیتوں سے گھری ہوئی بستیاں تھیں۔ جھر اور جنگل تھے جو حد نگاہ تک پھیلے ہوئے تھے۔ یہ
دریائے سندھ کا ساحلی علاقہ ہے جو بیٹ کہلاتا ہے۔ یہ بھکر سے بہل تک پندرہ میل لمبی اور پانچ
میل چوڑی سرسبز و شاداب پٹی ہے اور اپنی زرخیزی کے لیے مشہور ہے۔ جدھر آنکھ اٹھتی ہے۔
ہریالی ہی ہریالی نظر آتی ہے۔

بیٹ کا علاقہ شاہانیوں' ڈھانڈلوں اور نوانیوں کی جاگیروں میں بٹا ہوا ہے۔ مگر ڈھانڈلوں کی زمین
داری شاہانیوں اور نوانیوں کے مقابلے میں زیادہ بڑی ہے۔

بیٹ نشیب میں واقع ہے۔ سامنے دریائے سندھ بہتا ہے جس کا پاٹ میلوں تک پھیلا ہے۔ دریا

کے درمیان جگہ جگہ خشکی کے دو آبے نظر آتے ہیں جنھوں نے جزیروں کی شکل اختیار کرلی ان جزیروں کو کچے کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہ کچے غیر آباد اور ویران نہیں ہیں۔ ان میں بہ آباد ہیں۔ زمین نہایت زرخیز ہے اور ان کے باشندے سخت محنتی اور جفاکش ہیں۔ کھیتی باڑی اور مویشی پالنا ان کا پیشہ ہے اور یہی ان کا ذریعہ معاش ہے۔ ان کا رہن سہن بہت سیدھا ہے۔

مکانات مٹی کے بنے ہوئے ہیں اور ان کی چھتیں عام طور پر پھوس اور چوار کی ہوتی ہ گھروں کی چار دیواری کے اندر کشادہ آنگن ہیں جن میں گھنے اور سایہ دار درخت ہوتے ہ آنگنوں میں چارپائیاں بچھی ہوتی ہیں۔ مرد فرصت کے اوقات میں چارپائیوں پر بیٹھ کر گڑگڑاتے ہیں۔ باتیں کرتے ہیں۔ دل بہلاتے ہیں۔ آنگنوں میں درختوں اور کھونٹوں سے بند ہوئے مویشی جگالی کرتے رہتے ہیں۔ مرغیاں کڑکڑاتی ہوئی ادھر ادھر گھومتی پھرتی ہیں۔ مرد سو طلوع ہوتے ہی جب ہل پنجالی سنبھال کر کھیتوں پر کام کرنے نکل جاتے ہیں تو عورتیں گھروں مشین پر چارہ کاٹتی ہیں۔ گائے بھینسوں اور بکریوں کے لیے غذا مہیا کرتی ہیں۔ گائے بھینسوں تھنوں سے بالٹیاں بھر بھر کر دودھ نکالتی ہیں جس سے مکھن اور کھوئے کے علاوہ طرح طرح کے مٹھائیاں تیار کی جاتی ہیں۔

مرد دودھ، کھویا اور مٹھائیاں لے کر دریا عبور کرتے ہیں اور گردونواح کے بازاروں میں فرو کرتے ہیں۔ دریا عبور کرنا بھی ان کا ایک فن ہے۔ وہ دودھ سے بھری ہوئی گاگریں اور مٹھائیوں اور سبزیوں کے ٹوکرے کمر اور ٹانگوں سے باندھ کر یا سر پر رکھ کر اس مہارت ہوشیاری سے دریا سے گزرتے ہیں کہ کوئی بھی شے پانی سے خراب نہیں ہوتی۔ دریا پار کرنے لیے وہ اپنے سینے سے چمڑے کی چھوٹی سی مشک باندھ لیتے ہیں جسے سندھاری کہا جاتا ہے۔ ان سفر بہت خطرناک ہوتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سندھاری کا چمڑا کہیں سے کھل جاتا ہے یا پانی بہتی ہوئی درختوں کی شاخوں کی کوئی نوک یا کانٹا چبھ جاتا ہے تو وہ سخت مشکل میں پڑجاتے ہیں۔ ایسے خطرات سے نمٹنا جانتے ہیں۔ مگر کبھی کبھی اس طرح پھنس جاتے ہیں کہ دریا کی لہریں ان نگل جاتی ہیں۔

مگر عورتیں، بوڑھے اور بچے ملاحوں کو کرایہ دے کر کشتیوں سے دریا عبور کرتے ہیں اور ایہ وہ شادی بیاہ، میلوں ٹھیلوں اور کسی خاص تقریب کے موقع ہی پر کرتے ہیں۔ مرد بھی کشتیوں۔ سفر کرسکتے ہیں لیکن وہ اپنا اور اپنے سازوسامان کا بھاری کرایہ ملاحوں کو ادا کرنے کے متحمل نہ

ہو سکتے۔

کچے کا علاقہ اس کے باسیوں کے لیے اس وقت میدان حشر بن جاتا ہے جب دریا میں سیلاب آتا ہے جسے مقامی بولی میں ڈھا کہا جاتا ہے۔ ڈھا آتا ہے اور دریا کا پانی چڑھتا ہے تو ہر چیز کو اپنے ساتھ بہالے جاتا ہے۔ بستیاں پانی میں ڈوب جاتی ہیں۔ کچے مکانات گر جاتے ہیں۔ ہر طرف تباہی ہو جاتی ہے۔ نشیب میں ہونے کے باعث بیٹ بھی ڈھا سے محفوظ نہیں رہتا۔ وہ بھی تباہی اور بربادی کا شکار ہوتا ہے۔ ڈھا بالکل اچانک آتا ہے اور اگر رات کے اندھیرے میں آتا ہے تو لوگوں کے لیے جان کے لالے پڑجاتے ہیں۔ جس کا جدھر منہ اٹھتا ہے ادھر بھاگتا ہے۔ جسے بھاگنے کا موقع نہیں ملتا وہ جان بچانے کے لیے درختوں پر چڑھ جاتا ہے۔ ڈھا کی تباہی اور بربادی کے باوجود کچے کے رہنے والے اسے چھوڑ کر کہیں اور نہیں جاتے۔ وہ ہر تباہی و بربادی کے بعد از سر نو اپنی آباد کاری کرتے ہیں۔ منہدم مکانوں کی تعمیر کرتے ہیں اور زندگی کا سفر نئے عزم سے شروع کرتے ہیں۔

ڈھا اگر زحمت ہے تو باعث رحمت بھی ہے۔ سیلاب کا زور جب ٹوٹتا ہے اور پانی اترتا ہے تو ڈھا اپنے ساتھ جو مٹی لاتا ہے اس سے کچے کی زمین خوب زرخیز ہو جاتی ہے، جس پر گندم، چنے، جوار، باجرے، کماد، تارہ میرا اور گوار کے ساتھ ساتھ سبزیاں بھی کاشت کی جاتی ہیں۔ یہاں خربوزے اور تربوز بھی پیدا ہوتے ہیں جو نہایت خوش ذائقہ ہوتے ہیں۔ دریا کی رفتار جن دنوں سست پڑ جاتی ہے اور اس میں ٹھہراؤ آجاتا ہے تو دوسرے خودرو پودوں کی طرح پیڑا بھی اگتا ہے۔ اسے کوندر بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے ریشوں سے بان تیار کیے جاتے ہیں اور پتلی پتلی شاخوں سے جو جھاؤ کہلاتی ہے، جھاڑو اور ٹوکریاں بنائی جاتی ہیں۔ جھاڑو اور ٹوکریاں تیار کرنا کچے کی گھریلو صنعت میں شامل ہے، جن کی بازار میں ہمیشہ مانگ رہتی ہے۔

کچے کے جزیروں کا علاقہ بھی بیٹ کے ساتھ شاہانیوں، ڈھانڈلوں اور نوانیوں کی جاگیر میں بٹا ہوا ہے۔

☆

جیپ بھل سے پہلے ہی کچے راستے پر مڑ گئی اور ہچکولے کھاتی ہوئی موضع ہموں والی کی جانب بڑھنے لگی۔ ہموں والی ہی میں مراد خاں کی جاگیر تھی جو کم و بیش تین ہزار مربع ایکڑ پر پھیلی ہوئی تھی۔ جیپ گاؤں میں داخل ہوئی تو ہر طرف مراد خاں کی آمد کا غلغلہ مچ گیا۔ ڈرائیور نے جیپ اس کی قیام گاہ کے سامنے روکی۔ یہ قدیم وضع کی حویلی تھی۔ اس کی بوسیدہ چاردیواری جگہ جگہ سے

نوٹ پھوٹ گئی تھی۔

سردار شاہانی کا کاردار رحیم بخش رادھانی پہلے ہی سے موجود تھا۔ مراد خاں شاہانی اور ر
جیپ سے اتر کر اندر چلے گئے۔ حویلی بہت بڑی تھی۔ اس کا احاطہ کشادہ اور وسیع تھا۔ کہیں
گھنے اور سایہ دار درخت تھے۔ احاطے کے ایک حصے میں مہمانوں کے قیام کے لیے دیرا تھا۔
حویلی کی عمارت سے الگ تھلگ کچھ فاصلے پر تھا۔ دیرے کے ایک کمرے میں رحیم داد کے ٹھ
کا بندوبست کیا گیا۔

شام کو سردار مراد خاں شاہانی نے کچہری لگائی۔ وہ ایک کرسی پر گردن اونچی کیے نہایت آر
اور دبدبے سے بیٹھا تھا۔ رحیم داد بھی اس کے ساتھ ہی ایک کرسی پر بیٹھا تھا۔ کمرے کے
دالان میں دور تک گاؤں کے مزارعے اور کمی جمع تھے۔ وہ باری باری سردار کے روبرو حاضر ہو
دروازے سے داخل ہوتے ہی اونچی آواز سے کہتے۔

"سیں سردار! سلام دلاون' خوش ہو' راضی ہو' بالیں بچیں' جان' مال' ڈھگی خیراے۔ بی
سب خیراے۔"

سردار مراد خاں شاہانی ہولے ہولے نخوت سے گردن ہلا کر جواب دیتا۔ "شکر اے'
اے۔"

آنے والے نظریں نیچی کیے سنبھل سنبھل کر آگے بڑھتے۔ قریب پہنچ کر مراد خاں شاہانی کے
چھوتے اور ہاتھ جوڑ کر بلند آواز سے دعائیں دیتے۔

"سیں سدا جیوے۔ سکھی صحت ہووے۔ حیاتی والا ہونویں۔"

دو گھنٹے بعد کچہری برخاست ہو گئی۔ باہر بیٹھے ہوئے جن لوگوں کو سردار کے روبرو حاضر ہو
موقع نہیں ملا تھا' وہ دوسرے روز آنے کا ارمان دلوں میں لیے واپس چلے گئے۔ ان میں مرد بھی
عورتیں بھی تھیں۔ بوڑھے بھی تھے اور جوان بھی۔

سردار مراد خاں نے دوسرے روز صبح کچہری لگائی۔ شام کو بھی کچہری لگائی۔ ہر روز ایسا ہی ہ
مزارعے اور جاگیر میں بسنے والے دوسرے لوگ سردار کے سامنے حاضری دیتے' اپنے تنازعات
مسائل' مقدمات کی صورت میں اس کے سامنے پیش کرتے۔ سردار شاہانی منصف کی صورت
ایک کا مقدمہ سنتا۔ ان پر غور کرتا۔ ضروری سمجھتا تو اپنے کاردار رادھانی سے بھی مشورہ کر لی
رادھانی اس کے قریب ہی ذرا پیچھے ہٹ کر کرسی پر بیٹھا تھا۔ سردار شاہانی کسی مقدمے کو آ
پیشی کے لیے ملتوی کر دیتا۔ کسی کا فوری فیصلہ سناتا۔ اس کا ہر فیصلہ قطعی اور آخری ہوتا۔ ا

کوئی بھی فیصلہ عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا تھا۔

چار روز تک صبح شام' دونوں وقت یہ سلسلہ چلتا رہا۔ کسی بھی روز کچہری دو گھنٹے سے پہلے ختم نہ
ہوتی۔ کبھی کبھی صبح سے دوپہر ہو جاتی۔ مگر سردار مراد خاں شام کی کچہری زیادہ طویل نہ ہونے دیتا۔
اندھیرا بڑھتے ہی اس کے معمولات کا وقت شروع ہو جاتا' بدن ٹوٹنے لگتا اور ذہن بوجھل ہو جاتا۔
یہ گویا بادہ نوشی کا تقاضا ہوتا اور اس میں تاخیر رفتہ رفتہ اذیت ناک بنتی جاتی۔ اس کی قوت فیصلہ
جواب دینے لگتی۔ وہ اکتا کر اچانک کھڑا ہو جاتا۔ رادھانی اس کا مزاج شناس تھا۔ وہ اٹھنے سے پہلے
ہی سردار شاہانی کی کیفیت بھانپ جاتا اور کچہری برخاست ہونے کا اعلان کر دیتا۔

کچہری کا سلسلہ ختم ہوا تو مراد خاں بستی چانڈیہ کے ایک بڑے زمیں دار اور بارڈر ملٹری پولیس
کے ایک کمانڈر کے ہم راہ شکار کھیلنے چلا گیا۔ اس کے ساتھ شکاری کتے تھے اور شکار کا ہانکا کرنے
والے ملازم اور مزارعے بھی تھے۔ ان کے پاس لمبی لمبی لاٹھیاں' ڈھول اور ٹین کے پیپے تھے۔ کریم
بخش رادھانی بھی سردار شاہانی کے ساتھ چلا گیا۔ مگر رحیم داد نہ جا سکا۔ اسے پچھلی رات سے ہلکا ہلکا
بخار تھا۔ سر میں درد بھی تھا۔ گاؤں کے حکیم نے اسے دوا دی تھی اور آرام کرنے کا مشورہ دیا تھا۔
ویسے بھی جب سردار مراد خاں شاہانی شکاریوں کے ہم راہ روانہ ہو رہا تھا تو رحیم داد اس قدر
نڈھال اور مضمحل تھا کہ اس میں شکار پر جانے کی نہ سکت تھی اور نہ کوئی خواہش۔ وہ اپنے کمرے
میں بستر پر لیٹا رہا۔ سردار شاہانی شکار پر جانے سے پہلے دیر تک اس کے پاس بیٹھا تسلی اور دل جوئی
کی باتیں کرتا رہا۔

مراد خاں دن چڑھے شکار کے لیے روانہ ہوا اور رحیم داد سے دوسرے روز صبح واپس آنے کا
وعدہ کر گیا۔ رحیم داد نے اس روز کھانے کے بجائے صرف گرم دودھ پر گزارہ کیا۔ شام کو بھی وہ
اپنے کمرے سے باہر نہیں نکلا۔ مگر اس کی طبیعت میں افاقہ تھا۔ بخار اتر چکا تھا۔ صرف کمزوری باقی
تھی۔

وہ بستر پر خاموش لیٹا تھا۔ رات کہر آلود اور سرد تھی۔ گاؤں دھند میں لپٹا خاموش نظر آ رہا تھا۔
سکوت لحظہ بہ لحظہ بڑھتا جا رہا تھا۔ دور سے رک رک کر کتوں کے زور زور سے بھونکنے کی آوازیں
ابھر رہی تھیں۔ رحیم داد ابھی سویا نہیں تھا۔ آنکھوں میں ہلکی ہلکی غنودگی تھی۔ اسی عالم میں اس
نے کمرے کے باہر قدموں کی آہٹ سنی۔ آہٹ قریب آتی گئی' پھر دروازے پر آہستہ سے دستک
ہوئی۔

رحیم داد نے آنکھیں کھول دیں۔ دروازہ آہستہ سے کھلا۔ رحیم داد نے حیرت سے دیکھا کہ

کرامت کمرے میں داخل ہو رہا ہے۔ اس نے دروازہ بند کیا اور رحیم داد کے روبرو نظریں جھ
ادب سے کھڑا ہو گیا۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "کرے! تو کیسے آیا؟"

"تیکوں پتہ ہی ہے سئیں میں کیوں آیا ہوں۔" اس نے رسان سے کہا۔

رحیم داد خاموش رہا۔ اس نے ہولے سے کراہتے ہوئے کروٹ بدلی۔ کرامت نے چہر
پریشانی کے تاثرات پیدا کرتے ہوئے اظہار ہمدردی کے طور پر پوچھا۔ "سئیں! تیری طبیعت تو
ہے؟ خیر و عافیت اے؟"

"سر میں درد ہے۔ بخار بھی تھا۔ پر اب نہیں لگتا۔ حکیم نے دوائی دی ہے۔" رحیم داد نے
ٹھہر کر بتایا۔

کرامت آگے بڑھا اور سرھانے بیٹھ کر آہستہ آہستہ رحیم داد کا سر دبانے لگا۔ رحیم داد چپ
رہا۔ سر دباتے دباتے کرامت نے دبی زبان سے پوچھا۔ "سئیں! تو نے مالھان کے بارے میں
سوچا؟"

رحیم داد اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے بولا۔ "تو آیا کب؟"

"میں تو جی کل ہی آگیا تھا۔ پر مجھے مالھان لے کر ضرور جانا ہے۔ دے دے تو سویرے سویرے
بھکر چلا جاؤں گا۔"

"سردار کو پتہ ہے' تو یہاں ہے؟"

"نہیں سئیں! اسے بالکل پتہ نہیں۔ اسے میرے آنے کا پتہ بھی نہ لگے۔ میں چاہتا ہوں اس
واپسی سے پہلے ہی یہاں سے چلا جاؤں۔ تو نے دیکھ ہی لیا' اس روز تیرے کمرے میں مجھے دیکھ کر
کتنا ناراض ہوا تھا۔ اسے پتہ چل گیا تو سئیں وہ بہت ظلم کرے گا۔ اس کا غصہ بہت خطرناک ہے۔"

رحیم داد چند لمحے ٹکٹکی باندھے سامنے کی دیوار تکتا رہا۔ دیوار پر کرامت کا سایہ لیمپ کی رو
میں دھیرے دھیرے ہل رہا تھا۔ رحیم داد نے لمبی سانس بھری۔ اس کے ہونٹوں پر خفیف
مسکراہٹ ابھری۔

"کرے! سچ سچ بتا' وہ تیری بھین تو نہیں ہے؟"

"توبہ کرو جی۔" وہ حیرت زدہ ہو کر بولا۔ "سئیں! تو نے تو حد کر دی۔ وہ میری بھین کیسے ہو سکتی
ہے؟ میں تو حویلی کا بہت معمولی نوکر ہوں۔"

"سردار کی رکھیل ہے؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"سئیں! تو کیسی گالہ کر رہا ہے؟" کرامت کے لہجے میں ناگواری کا پہلو نمایاں تھا۔ "تیکوں ایسا
نہیں سوچنا چاہیے۔"

"فیر کون ہے وہ؟" رحیم داد نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "تو بتاتا کیوں نہیں۔ صاف صاف بات
کر۔"

"سئیں! میں صاف صاف بات نہیں کر سکتا۔" وہ عاجزی سے بولا۔

"نہیں بتاتا تو نہ بتا۔" رحیم داد جھنجلا کر بولا۔ "میں تجھے مالھان نہیں دوں گا۔ ہرگز نہیں دوں
گا۔" اس نے نظریں اٹھا کر کرامت کے چہرے کی جانب دیکھا اور سیدھی سیدھی دھمکی دی۔

"تو نہیں بتائے گا تو مالھان سردار کو دے دوں گا۔"

"سئیں! ایسا نہ کرنا۔" کرامت کا پورا جسم لرز اٹھا۔ رحیم داد نے بھی اس کی شدید پریشانی
محسوس کی۔ کرامت نے رحیم داد کا سر دبانا بند کر دیا۔ چند لمحے بت بنا بیٹھا رہا۔ پھر اس کی مدھم آواز
ابھری۔ "سئیں! کہتے ہوئے ڈر لگتا ہے۔" اس نے مڑ کر دروازے کی طرف سہمی ہوئی نظروں سے
دیکھا۔ اس کے لہجے میں ہلکی ہلکی تھرتھراہٹ پیدا ہو گئی۔ "سئیں! سچی گالہ یہ ہے کہ وہ ملوک زادی
ہے۔" کرامت بات کہتے کہتے لمحہ بھر کے لیے ٹھٹکا۔ "وہ سردار کی بھین ہے سئیں۔"

رحیم داد نے حیرت سے کہا۔ "تیرا مطلب ہے وہ مراد خاں کی بھین ہے۔" وہ گھبرا کر اٹھ
بیٹھا۔ "کرے! تو سچ کہہ رہا ہے؟"

"ہا سئیں! بالکل سچ کہہ رہا ہوں۔" وہ نہایت اعتماد سے بولا۔ "وہ سردار کی سگی وڈی بھین ہے۔
اس کا ناں حمیدہ ہے۔"

رحیم داد مخمصے میں پڑ گیا۔ اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا' رازدارانہ لہجے میں بولا۔ "تو نے
میرے پاس اس کے آنے سے پہلے ہی یہ بات کیوں نہیں بتائی؟"

"سئیں! اس نے منع کر دیا تھا۔ میں اس کے حکم کے خلاف کیسے بول سکتا تھا۔" وہ صفائی پیش
کرنے لگا۔ "میں مصیبت دا ماریا غریب نوکر ہوں۔" وہ گڑگڑانے لگا۔ "سردار کو بالکل پتہ نہ چلے۔
وہ جی بہت ظالم ہے۔ اسے پتہ چل گیا تو مجھے جان سے مار دے گا۔ تجھے بھی نہیں چھوڑے گا۔"
اس نے گہری سانس بھری۔

"اسی بھین کے چکر میں پہلے بھی دو خون کر چکا ہے۔"

"کون تھے وہ؟" رحیم داد نے سراسیمہ ہو کر پوچھا۔

"ایک تو کوندراں والی کا وڈا زمیں دار ہوتا تھا۔ تیری ہی طرح وہ بھی سردار کا یار تھا۔ حویلی کے

دیرے میں کچھ روز کے لیے مہمان کے طور پر ٹھیرا تھا۔ ایسا ڈاڈھا چنگا جوان تھا' تجھے کیا بتاؤں
کرامت رک رک کر بتاتا رہا۔ "دوسرا سردار کا کم دار تھا۔ یہ کریم بخش رادھانی تو پچھلے ہی م
ہے۔ اس سے پہلے جو کم دار ہوتا تھا' اس کا ناں اکبر خاں نیازی تھا۔ میانوالی کا رہنے والا تھا
روپ رنگ تھا۔ جڑیا جوان تھا۔"

"پولیس شولیس نہیں آئی؟"

"پولیس کیسے آتی سیں!" کرامت نے سنبھلے ہوئے لہجے میں کہا۔ "پولیسے بھی ادھر آتے ڈ
ہیں۔" اس کے لہجے سے خوف اور گھبراہٹ کا عنصر ختم ہوتا جا رہا تھا۔ "سارے وڈے افسرو
سردار کی یاری ہے۔ اس کی ساتھ بیٹھ کر روز ہی رات کو پیتے پلاتے ہیں۔"

رحیم داد اس کی باتیں سن کر گہری خاموشی میں ڈوب گیا۔ کرامت نے اسے اس طرح گم
تو کرید کے پوچھا۔ "سیں تو کس سوچ میں پڑ گیا؟"

"حمیدہ کا گھر والا نہیں ہے؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"گھر والا کیسے ہو سکتا ہے اس کا پرنا ہی کب ہوا۔" اس نے چوکنا نظروں سے ایک بار
دروازے کی جانب دیکھا۔ "سردار اس کا پرنا کرنا ہی نہیں چاہتا۔"

رحیم داد کو یہ سن کر سخت تعجب ہوا کہ حمیدہ کا اب تک بیاہ نہیں ہوا اور شاہانی اس کا بیاہ کرنا
نہیں چاہتا۔ وہ الجھن میں پڑ گیا۔ اس نے یہ راز معلوم کرنے کی غرض سے دریافت کیا۔ "کر
یہ تو بتا' سردار نے اب تک حمیدہ کا پرنا یا ویاہ کیوں نہیں کیا؟"

"گالہ یہ ہے سیں۔" کرامت نے بتایا۔ "حمیدہ کا پرنا ہو گیا تو اس کے ساتھ زمیں داری کا
بھی دینا ہو گا۔ اب تو جی اس کی عمر بھی زیادہ ہو گئی۔ اس سے چھوٹی بھین رشیدہ ہے۔ اس کا بھی
نہیں ہوا۔ اس کی عمر بھی پکی ہوتی جا رہی ہے۔ وہ بھی سردار سے وڈی ہے۔ سردار سب سے چ
ہے۔ اس کا کوئی بھائی نہیں۔ صرف دو بھینیں ہیں۔ تب ہی تو وہ نہیں چاہتا کہ زمیں داری
ہو جائے۔ وہ تو زمیں داری بڑھانا چاہتا ہے۔" اس کے ہونٹوں پر زہر خند ہویدا ہوا۔ "ادھر کے
سارے ہی جگیردار اور وڈے زمیں دار ایسا ہی کرتے ہیں۔ ان کی بھینیں اور بیٹیاں بنا پرنے
حویلیوں کے کمروں میں بیٹھے بیٹھے بوڑھی ہو جاتی ہیں اور جی ان کی کڑی نگرانی کی جاتی ہے۔"

"نگرانی کی جاتی ہے تو حمیدہ اس طرح رات کو کیسے میرے کمرے میں چلی آئی؟ اسے بلا کر تو
لایا تھا نا؟"

"اس کی مرضی جو تھی۔ مجھے اس نے بخشش میں پنج روپے بھی دیئے تھے۔" کرامت نے ر

ار کو مطلع کیا۔ "وہ شام کو تجھے حویلی کے چوک میں ٹہلتے دیکھ چکی تھی۔ اسے یہ بھی پتہ تھا کہ دیرا
خالی ہے۔ تیرے سوا نہ کوئی مہمان ہے' نہ نوکر۔" اس کا لہجہ مدھم ہو گیا۔ اس پر سنجیدگی غالب
آ گئی۔ "جوانی تو جی بری ہوتی ہے۔ بس وہ چلی آئی۔" اس نے قدرے توقف کیا' پھر مسکرا کر گویا
ہوا۔ "ابھی تو جی وہ جوان ہی ہے۔ سوہنڑی بھی ہے۔ ویسے سیں' ایک گالہ اور بھی ہے۔ اس کا
مغز ٹھیک سے کام نہیں کرتا۔ کبھی کبھی تو اتنی چیخیں چلاتی ہے کہ دور دور تک اس کی آواز جاتی
ہے۔"

چند ہی روز پہلے حویلی کے زنان خانے سے نسوانی چیخیں رحیم داد نے بھی سنی تھیں اور سردار
مراد خاں شاہانی انھیں سنتے ہی گھبرایا ہوا اٹھ کر زنان خانے میں چلا گیا تھا۔ ذہن میں اس پس منظر
کے ساتھ رحیم داد نے کہا۔ "ایک رات تو میں نے بھی چیخیں سنی تھیں۔ حمیدہ ہی چیختی چلاتی ہو گی پر
وہ ایسا کیوں کرتی ہے؟"

"اس کے تو سیں چیختے چیختے ہاتھ پیر بھی اکڑ جاتے ہیں۔ منہ سے سفید سفید جھاگ نکلتا ہے۔"

"مرگی تو نہیں ہے اسے؟" رحیم داد کے چہرے پر پریشانی کا غبار بکھر گیا۔ اسے معا حکیم نذر محمد
چشتی یاد آ گیا جسے مرگی کا دورہ پڑنے کے دوران اس نے سہواری دوآب کے پار ویران نیلوں کے
درمیان بے دردی سے قتل کر دیا تھا۔

"مرگی شرگی بالکل نہیں ہے۔" کرامت نے رحیم داد کی غلط فہمی رفع کرنے کی کوشش کی۔
"اسے تو جی جن تھیون ہے۔ آسیب بتاتے ہیں۔ جب اس پر جن آتا ہے تو اس کی آنکھیں لال
انگارا ہو جاتی ہیں۔ ایسی لال لال کہ دیکھ کر خوف آتا ہے۔ اس وکھت تو سیں اس کی آواز بھی بدل
کر ایک دم بھاری ہو جاتی ہے۔ کسی ڈال یا رن کی آواز ہی نہیں رہتی۔ لگتا ہے کوئی مرد بول رہا
ہے۔ ماں آسیب اتارنے کے لیے کتنے ہی پیروں' فکیروں اور اللہ والوں کو بلا چکی ہے۔ اس کا اپنا
خاندانی پیر بھی ہے۔" کرامت دھیمے لہجے میں حمیدہ کے بارے میں بتاتا رہا۔ "کسی نے تعویذ دیا کسی
نے جھاڑ پھونک کی۔ ماں اسے زیارتوں اور خنگاہوں پر بھی لے گئی۔ منت بھی مانی۔ پر سیں! کچھ
نہیں ہوا۔ جن اب تک اس پر آتا ہے۔ تب ہی تو سردار بھی اس سے ڈرتا ہے۔" وہ زیر لب
مسکرایا۔ "ڈرتا تو جی سچ پوچھو وہ اس کے آسیب سے ہے۔ اسے تو کبھی کچھ نہیں کہتا پر اس کے
یاروں کو ضرور قتل کرا دیتا ہے۔ دو تو میرے سامنے ہوئے۔ پہلے بھی ہو چکے ہوں گے۔"

رحیم داد کی سٹی گم ہو گئی۔ اس نے کچھ نہیں کہا۔ آہستہ سے پلنگ سے اترا۔ کونے میں رکھے
ہوئے ٹرنک کے پاس گیا۔ اسے کھولا' اندر سے سونے کا کنٹھا نکالا' کرامت کے پاس پہنچا۔ کنٹھا

کرامت کے حوالے کرتے ہوئے گویا ہوا۔ "لے' یہ حمیدہ کو دے دینا۔" اس نے تیکھی نا
سے کرامت کو دیکھا۔ "کرمے! دیکھ آگے نہ تو میرے پاس کبھی آنا اور نہ حمیدہ کو لانا۔" اس
تلخ ہوگیا۔ "ورنہ سردار مجھے ہی قتل کرادے گا اور تجھے بھی زندہ نہیں چھوڑے گا۔" رحیم دا
چہرے پر خوف کا سایہ منڈلانے لگا۔ "میں نوں اچھی طرح پتہ ہے سردار کتنا ظالم اور خوں
ہے۔"

"سیں! تو بالکل ٹھیک کہہ رہا ہے۔ ایک گالہ تو تیکوں بتانا بھول ہی گیا۔" کرامت نے ہاتھ
دبا ہوا کنٹھار رحیم داد کے سامنے کردیا۔ "یہ مالھان حمیدہ کی نہیں' اس کی بھرجائی کی ہے۔ وہ سر
ڈال ہے۔ تب ہی تو حمیدہ اس مالھان کے لیے اتنی پریشان اور گھبرائی ہوئی ہے۔ اسے لینے
تیرے پاس ضرور آجاتی۔ لگتا ہے اسے موقع نہیں ملا۔ ویسے اس کی بھرجائی کو مالھان کے با
میں ابھی تک کچھ پتہ نہیں۔"

رحیم داد نے جیب سے دس دس کے دو نوٹ نکالے اور کرامت کو دیتے ہوئے بولا۔ "یہ
لے اور اب تو ٹرجا۔ سویرے سورج نکلنے سے پہلے یہاں سے نکل جانا۔ تیرا اس پنڈ میں زیادہ
خطرے سے خالی نہیں۔"

کرامت نے نوٹ لے کر گنٹھے کے ساتھ ہی اپنے میلے کے ڈب میں احتیاط سے رکھے اور
داد سے رخصت ہوتے ہوئے گویا ہوا۔ "سیں' تو راضی سکھی ہو۔" وہ آگے بڑھا اور دروازہ
کر کمرے سے چلا گیا۔

رحیم داد بستر پر بت بنا بیٹھا رہا۔ ذرا ہی دیر بعد اس نے سنا' کتے زور زور سے بھونک رہے
وہ خوف زدہ ہوگیا۔ جلدی سے دروازے پر پہنچا۔ ایک پٹ کھول کر باہر دیکھا۔ کمرے کی دھند
قدر گاڑھی تھی کہ اسے کچھ نظر نہیں آیا۔ حویلی کے احاطے کے باہر کتوں کے بھونکنے کی آوا
رک رک کر ابھر رہی تھیں۔

رحیم داد نے دروازہ بند کیا اور نڈھال ہو کر بستر پر دراز ہوگیا۔ وہ خود کو تھکا ہوا محسوس کر رہا
ہانپنے کے انداز میں گہری گہری سانسیں بھر رہا تھا۔ کتے اب حویلی سے کہیں دور بھونک رہے
ان کی آوازیں رفتہ رفتہ رات کی خاموشی میں ڈوب کر ختم ہوگئیں مگر رحیم داد دیر تک جاگتا رہا
مراد خاں کی بہن حمیدہ کے بارے میں سوچتا رہا۔

☆

مراد خاں شاہانی سہ پہر کو شکار سے واپس آگیا۔ وہ کئی خرگوش اور بہت سی مرغابیاں مار کر

تھا۔ واپسی پر وہ سیدھا رحیم داد کے پاس پہنچا۔ اس کا حال معلوم کیا۔ رحیم داد کی طبیعت اب ٹھیک
تھی۔ بخار اتر چکا تھا۔ سر میں درد بھی نہیں تھا۔ سردار شاہانی اس کے پاس زیادہ دیر نہیں ٹھہرا۔
کچھ دیر شکار کے بارے میں باتیں کرتا رہا پھر اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ وہ بہت تھکا ہوا نظر آرہا تھا۔

شام کو سردار مراد خاں نے رحیم داد کو اس کمرے میں بلوایا جسے دربار ہال کہا جاتا تھا۔ ہال میں
روشنی بھی زیادہ تھی اور فرش پر قالین بچھا تھا۔ مراد خاں اونچی کرسی پر بیٹھا تھا۔ کرسی پر زر بفت کا
غلاف چڑھا تھا۔ غلاف کا رنگ اڑ کر پھیکا پڑ گیا تھا۔ مگر اس کے سنہری گل بوٹے تیز روشنی میں جھل
ملا رہے تھے۔ دو نوکر مستعدی سے کرسی کے پیچھے کھڑے تھے۔

سردار مراد خاں نے اس شام دربار لگایا تھا۔ وہ بارہ کلیوں والا ریشمی پیرہن پہنے ہوئے تھا۔ اس
میں سامنے کے رخ پر دوہرے تسمے لگے تھے جنہیں تیاں کہا جاتا ہے۔ پیرہن کے تین تسمے چاندی
کے تھے۔ گریبان اور گلے پر کلابتو لگا تھا۔ تکمہ بھی کلابتو کا تھا۔ سر پر بڑی سی ریشمی پگڑی تھی۔ کمر پر
سنہرا پٹکا تھا۔ یہ وہ خلعت تھی جو اس کے باپ سردار نجیب خاں شاہانی کو انگریزوں کی خدمات کے
صلے میں لاٹ گورنر کی جانب سے عطا کی گئی تھی۔ نوابی اور ڈھانڈلہ سرداروں کو بھی ان کی وفاداری
اور خدمات کے صلے میں ایسی ہی خلعتیں دی گئی تھیں۔ یہ خلعتیں جب علاقے کے خیر خواہ اور جاں
نثار بلوچ سرداروں کو پیش کی گئی تھیں تو انگریز ڈپٹی کمشنر نے باقاعدہ دربار لگایا تھا۔ وفادار سرداروں
کی اعلیٰ خدمات کو سراہا تھا۔ ان کی کارگزاری کی تعریف اور توصیف کی تھی۔ ہر خلعت کے ساتھ
ایک قیمتی پیش قبض بھی دیا گیا تھا۔ اس کا دستہ سونے اور چاندی سے مرصع تھا۔

انگریز افسروں کی تقلید میں بلوچ سردار بھی دربار لگاتے تھے' خاص طور پر ہر فصل کی کٹائی کے
بعد جب وہ اپنے مزارعوں سے طرح طرح کے ٹیکس اور نذرانے وصول کرتے۔ انھوں نے اپنی
شان دار حویلیوں میں دربار لگانے کے لیے باقاعدہ ہال تعمیر کرائے تھے۔ یہ دربار ہال کہلاتے تھے۔
مراد خاں کا باپ سردار نجیب خاں بھی اسی ہال میں دربار لگاتا تھا۔ اس موقعے پر وہ لاٹ گورنر کی
عطا کی ہوئی خلعت پہنتا تھا۔ پٹکے کے ساتھ پیش قبض لگاتا تھا۔ اس کرسی پر بیٹھتا تھا جس پر اس
وقت مراد خاں شاہانی نہایت آن بان اور کروفر سے بیٹھا تھا۔ وہ بھی سنہرے پٹکے کے ساتھ مرصع
دستے کا پیش قبض لگائے ہوئے تھا۔ اس کی مونچھیں موم لگا کر حویلی کے نائی نے بڑی مہارت سے
چڑھائی تھیں' نوکیلی اور سخت بنائی تھیں۔

سردار مراد خاں شاہانی کے کندھوں پر کشمیری شال پڑی تھی۔ وہ بہت وجیہہ اور باوقار نظر آرہا
تھا۔ چہرے سے رعب اور دبدبہ ٹپک رہا تھا۔

دربار ہال کے باہر گاؤں کے مزارعے ٹھنڈے فرش پر جگہ جگہ ٹولیوں میں بٹے ہوئے بیٹھے تھے وہ سرگوشیوں میں آہستہ آہستہ بول رہے تھے۔ ان میں اکثریت بوڑھوں کی تھی۔ وہ خریف کی فصل کی کٹائی کے بعد اپنے بیٹوں' بیٹیوں' بھائیوں اور بہنوں کی شادی کرنا چاہتے تھے۔ مگر شادی سے پہلے سردار کی اجازت حاصل کرنا ضروری تھا۔ اس کی اجازت کے بغیر کوئی شادی بیاہ نہیں ہو سکتا تھا۔ شادی کی اجازت کے لیے انھیں سردار کو نذرانہ پیش کرنا پڑتا جسے ڈالی کہا جاتا ہے۔ یہ پرنا ٹیکس تھا۔ اس ٹیکس کی شرح فی مربع ایکڑ زیر کاشت رقبے پر تیس روپے مقرر تھی۔ دوسرے ٹیکسوں کے برعکس پرنا ٹیکس کی وصولی غلے کے بجائے نقدی کی صورت میں کی جاتی ہے۔ البتہ کاردار فصل کی کیفیت کے مطابق ٹیکس یا ڈالی کی مقررہ رقم میں کمی بیشی کی سفارش کر سکتا ہے۔ ایسی سفارش سردار عام طور پر منظور کر لیتا ہے۔ علاقے کا ہر جاگیردار اور بڑا زمیں دار پرنا ٹیکس وصول کرنا اپنا حق سمجھتا ہے۔

کریم بخش راد ھانی ایک کرسی پر سردار مراد خاں شاہانی کے بائیں طرف بیٹھا تھا۔ اس کے سامنے چھوٹی سی میز تھی۔ میز پر رجسٹر رکھا تھا۔ پہلے ایک بوڑھا ہال میں داخل ہوا۔ اس کے ساتھ بیوی بھی تھی۔ دونوں کے درمیان ان کی نوجوان بیٹی تھی۔ وہ دوپٹے سے اپنا چہرہ ناک تک چھپائے ہوئے تھی۔ تینوں سہمے ہوئے آگے بڑھے۔ انھوں نے پیشانی تک ہاتھ اٹھا کر سردار کو سلام کیا۔ بیٹی چند قدم آگے بڑھنے کے بعد سر جھکا کر کھڑی ہو گئی۔ بوڑھا باپ بھی اس کے ساتھ ہی رک گیا۔ البتہ ماں آگے بڑھتی گئی۔ اس نے سردار مراد خاں شاہانی کی درازی عمر اور ترقی درجات کے لیے گڑگڑا کر روائتی دعائیہ جملے کہے' جھک کر اس کے پیروں کو ہاتھ لگایا اور الٹے قدموں واپس بیٹی کے پاس جا کر کھڑی ہو گئی۔ اس کے واپس آنے کے بعد لڑکی کا باپ آگے بڑھا۔ اس نے بھی سردار کے قدم چھوئے۔ بیوی کی طرح اونچی آواز سے دعائیں دیں۔

"سیں سدا جیوے۔ سکھی صحت ہووے۔ رب راضی ہووے!"

بوڑھے نے جیب سے نوٹ نکالے اور دونوں ہاتھوں پر رکھ کر سردار مراد خاں شاہانی کو ڈالی پیش کی۔ سردار نے نوٹوں پر آہستہ سے ہاتھ رکھ کر ہٹا لیا۔ بوڑھے نے ٹیکس کی رقم کریم بخش راد ھانی کو دے دی۔ اس نے رقم لے کر رجسٹر میں اندراج کر لیا۔ بوڑھا ہاتھ باندھ کر بیوی اور بیٹی کے ساتھ سردار کے روبرو نظریں جھکائے کھڑا رہا۔

سردار مراد خاں شاہانی نے مسکرا کر کہا۔ "راضی باضی ہو۔ دھی کا پرنجن کر۔ بخناور ہووے۔" یہ سردار کی جانب سے شادی کی اجازت تھی۔

بوڑھے نے خوش ہو کر دونوں ہاتھ اٹھائے اور بلند آواز سے بولا۔ "رب راکھا' اللہ بیلی۔" وہ پیچھے ہٹا اور بیوی اور بیٹی کے ساتھ ہال سے چلا گیا۔

دوسرا آیا۔ وہ ادھیڑ تھا۔ بیٹے کے بیاہ کا طلب گار تھا۔ وہ بھی بیوی اور نوجوان بیٹے کو حسب دستور ساتھ لایا تھا۔ اس نے پرنا ٹیکس ادا کیا۔ اجازت حاصل کی اور سردار کی جان و مال کو دعائیں دیتا رخصت ہو گیا۔

اسی طرح دوسرے بھی بیٹی یا بیٹے کو اور اگر بیوی حیات ہوتی تو اسے بھی ساتھ لاتے۔ سردار شاہانی کی اجازت حاصل کرتے اور خوش و خرم دعائیں دیتے ہوئے رخصت ہوتے۔ چار ایسی عورتیں بھی بیٹی یا بیٹے کے ہم راہ سردار کے روبرو حاضر ہوئیں جن کے شوہر انتقال کر گئے تھے یا بیمار اور معذور تھے یا طلاق دے کر چھوڑ چکے تھے۔ ایسے نوجوان بھی آئے جن کے ماں باپ مر چکے تھے اور وہی اپنے کنبے کے کفیل تھے۔ وہ بہن یا بھائی کے بیاہ کی اجازت لینے سردار کے دربار میں حاضر ہوئے۔ پرنا ٹیکس نذرانے کی صورت میں پیش کیا اور مسکراتے چہروں کے ساتھ دعائیں دیتے واپس گئے۔

رحیم داد خاموش بیٹھا سردار مراد خاں کا طنطنہ اور جاگیردارانہ جاہ و جلال دیکھتا رہا۔ اس نے اس نوجوان کو بھی دربار میں حاضر ہوتے دیکھا جس کا لباس بہت میلا کچیلا اور بوسیدہ تھا۔ دبلا پتلا مریل بدن' ڈاڑھی بڑھی ہوئی' چہرے پر ویرانی برستی ہوئی۔ اس کے ساتھ نوجوان لڑکی تھی۔ وہ ملگجے دوپٹے سے اپنا چہرہ چھپائے ہوئے تھی۔

دونوں ڈرے سہمے لرزتے قدموں سے آگے بڑھے۔ لڑکی چند قدم چل کر دستور کے مطابق رک گئی۔ نوجوان آگے بڑھا' سردار کے قریب پہنچا۔ اس کے قدموں کو ہاتھ لگا کر پیروں پودن کیا۔ سر سے پگڑی اتاری اور سردار کے قدموں پر ڈال دی۔ وہ الٹے قدموں پیچھے ہٹا اور ہاتھ باندھ کر سردار کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ اس کی نگاہیں جھکی ہوئیں تھیں۔ اس نے دوسروں کی طرح سردار کو ڈالی کی رقم پیش نہیں کی تھی۔

سردار مراد خاں نے اسے تیکھی نظروں سے دیکھا' رعب دار لہجے میں ڈپٹ کر بولا۔ "کیا چاہتا ہے؟"

وہ عاجزی سے گویا ہوا۔ "سیں سردار! میں تیرا راجی رعیت ہوں۔ شامت دا ماریا ہوں۔ میرے کھیت کھارے دریا کنارے ہیں۔ پچھلی برکھا میں دریا چڑھا۔ ایک رات اچانک زبردت ڈھا آیا۔ میری ساری رڑھ فصل' چھپل میں بہہ گئی۔ پانی کا ریلا گھر بار' جمع جتھا' سب کچھ بہالے گیا۔ میرے

پاس کچھ بھی نہیں بچا۔ رات کے اندھارے میں ڈھاکا پانی تیزی سے داخل ہوا' سب جان بچا
کے لیے جدھر منہ اٹھا ادھر بھاگے۔ جن کو بھاگنے کا رستہ نہ ملا وہ درختوں پر چڑھ گئے۔"

اس نے ہاتھ اٹھا کر لڑکی کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ میری بھین ہے۔ یہ میرے ساتھ کسی نہ طر
نکل آئی۔ اماں اندھی تھی' وہ نہیں آسکی۔" اس نے دل گرفتہ ہو کر ٹھنڈی سانس بھری۔ "بعد
اس کی لاش دو میل آگے دریا کنارے ملی۔" وہ گڑگڑانے لگا۔ "سیں! میں مصیبت وا ماریا بالکل
ہوگیا۔"

سردار مراد خاں نے مڑ کر راد ھانی کی جانب دیکھا۔ "ٹھیک کہہ رہا ہے یہ؟"

"سیں! ابھی بتاتا ہوں۔" راد ھانی نے سردار سے مہلت مانگی اور نوجوان کی جانب متوجہ ہوا
"تیرا ناں کیہ ہے؟"

وہ لکنت سے بولا۔ "سیں! میرا ناں فرید خاں شاہانی ہے۔"

"یوں کہہ تو فریدا ہے۔" کریم بخش راد ھانی نے درشت لہجے میں اس کے نام کی تصحیح کی۔ فر
نے جھٹ اپنی غلطی تسلیم کرلی' عاجزی سے بولا۔ "ہا سیں! میں فریدا ہی ہوں۔ میں تو تیرے پا
پہلے بھی آتا رہا ہوں۔"

راد ھانی نے فریدا کی بات نظرانداز کرتے ہوئے سردار مراد خاں شاہانی کو مخاطب کیا۔ "سے
سردار! یہ ٹھیک کہہ رہا ہے۔ اس کی فصل اور گھربار سیلاب میں برباد ہوگئے۔"

مراد خاں نے سرسری نظر سے فریدا کو دیکھا' بے زاری سے پوچھا۔ "جب تجھے ڈالی نہیں دینی
یہاں آیا کیوں ہے؟"

"سیں سردار! میرے کولہ ڈالی دینے کے لیے کچھ نہیں۔ میں سوالی ہوں' اللہ راسی ہوں'
فیاضی اے۔" فریدا ہاتھ جوڑ کر فریادی ہوا۔ "سیں میں ابھی ڈالی نہیں دے سکتا۔ ربیع کی واڈ
پر ڈالی کی رکم ادا کردوں گا۔"

"اس کے پرنے کی تیکوں اتنی جلدی کیوں ہے؟" سردار نے لڑکی کی طرف ہاتھ سے اشار
کرتے ہوئے ناگواری سے کہا۔ "پہلے ربیع کی بوائی کر۔ فصل کی واڈی کے بعد ڈالی دینا' تب ہی ا
کا پرنا کرنا۔"

"سیں! تو بالکل ٹھیک کہہ رہا ہے۔ تیرا کہا سر آنکھوں تے' سر ماتھے تے۔" وہ گڑگڑانے لگا۔ "
میں ربیع کی بوائی کیسے کروں گا۔ میرے تو ڈنگر مویشی بھی چھل کا تیز پانی اپنے ساتھ لے گیا۔" س
نے مڑ کر لڑکی کی طرف دیکھا۔ "سیں اس کا پرنا کردوں گا تو اس کا گھوٹ خاوند بوائی کر سکتا ہے

اس کے کولہ ایک جوڑی ہل بھی ہے۔ وہ میرا شریکا ہے اور یہ اس کی منگ ہے۔" اس نے نگاہیں
نیچی کرلیں۔ "میں نے اس کا منگڑھ کردیا پر ڈالی نہ دے سکا۔ سیں! میکوں معافی دے دے۔"

سردار مراد خاں نے کسی ردعمل کا اظہار نہیں کیا۔ خاموش بیٹھا رہا۔

فریدا قدرے تامل کے بعد عاجزی سے گویا ہوا۔ "سیں اس کا پرنا ہو جائے تو میں لائل پور چلا
جاؤں گا۔ وہاں کسی کارخانے میں لگ جاؤں گا۔ میرا ایک سکا ملیر وہاں مزدوری کرتا ہے۔ اس نے
مجھے لائل پور آنے کو کہا ہے۔"

"فریدے! تو اتنی غریبی میں اس کا پرنا کیسے کرے گا؟ اس کے لیے کچھ نہ کچھ رکم تو چاہیے
ہوگی۔" مراد خاں شاہانی نے بے نیازی سے کہا۔

"خرچ ہی کیا کرنا ہے سیں۔ میں نے تو جی فرض ادا کرنا ہے۔" فریدا نے وضاحت کی۔ "دو سو
روپے دستی کے سنارئیے نے ادھار دینے کا وعدہ کیا ہے۔ اتنی رکم سے کام چل جائے گا۔" وہ ہاتھ
جوڑ کر ایک بار پھر گڑگڑانے لگا۔ "سیں سردار! معافی دے دے۔ میں بہت غریب مسکین ہوں۔"

اس نے مڑ کر لڑکی کی جانب دیکھا۔ "اس کا پرنا ہو گیا تو ربیع کی بوائی بھی ہو جائے گی۔ میں بھی محنت
مزدوری سے کچھ کمائی کرلوں گا۔ یہ ابھی کنواری ہے' بکر ہے۔ میں اسے گھر پر اکیلا چھوڑ کر کیسے
لائل پور جا سکتا ہوں۔ اب تو اماں بھی نہیں رہی۔ میری کھیتی باڑی سب تباہ ہو جائے گی۔" اس
نے تڑپ کر دھائی دی۔ "میکوں بچالے سیں! تو سدا جیوے' رب راضی ہووے۔" وہ فریاد کرتا
رہا۔

سردار مراد خاں شاہانی خاموش بیٹھا سوچتا رہا۔ اس کا کاردار کریم بخش راد ھانی بھی خاموش تھا۔
مراد خاں نے نگاہیں اٹھا کر لڑکی کی سمت دیکھا۔ وہ دوپٹے کے آنچل سے اپنا چہرہ چھپائے بت بنی
کھڑی تھی۔ مراد خاں ٹکٹکی باندھے اسے دیکھتا رہا۔ اس کی آنکھوں میں تیز چمک پیدا ہوئی۔ اس
نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر پشت پر کھڑے ہوئے ملازم کو مخاطب کیا۔

"جوڑے!" اس نے لڑکی کی جانب اشارہ کیا۔ "اس کے منہ پر سے ما نجھل بکل تو ہٹا۔"

اللہ بخش جوڑا حکم ملتے ہی لڑکی کے قریب پہنچا۔ لڑکی بے چین ہو کر کسمسائی۔ جوڑا نے اس کی
بے چینی اور گھبراہٹ پر مطلق توجہ نہیں دی۔ اس نے ہاتھ بڑھایا اور آنچل ہٹا دیا مگر لڑکی کا سر اور
سینہ ہنوز دوپٹے سے ڈھکا ہوا تھا۔ لڑکی نے اسے اور ڈھانپ لیا۔

سردار کو لڑکی کی یہ ادا ناگوار گزری۔ اس کی تیوری پر بل پڑ گئے۔ اس نے جوڑا کو ڈانٹا۔
"جوڑے! بوچھن بالکل ہٹا دے۔"

اللہ بخش جوڑا نے حکم کی تعمیل میں مستعدی دکھائی۔ پلو پکڑ کر اس قدر زور سے جھٹکا دیا کہ دو
لڑکی کے سر سے اتر گیا۔ اس نے دوپٹہ ایک طرف پھینک دیا۔ لڑکی شرم سے سمٹ کر دوہر
ہوگئی۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے اپنا سینہ چھپالیا۔ گردن اور زیادہ جھکالی۔ اس کی عمر سولہ برس
کے لگ بھگ تھی۔ رنگ کھلتا ہوا گندمی تھا۔ چہرہ بیضوی تھا۔ ناک ستواں' ہونٹ گلابی اور بھرے
بھرے تھے۔ دہانا کسی قدر چوڑا' بدن چھریرا اور سڈول تھا۔ میلے کچیلے بوسیدہ لباس کے باوجود دریچہ
ہال کی تیز روشنی میں اس کا نوخیز سراپا دمک رہا تھا۔ وہ خاصی کشش انگیز نظر آرہی تھی۔ اس کا بڑا
بھائی فرید اسہما ہوا چپ چاپ کھڑا تھا۔

مراد خاں کو لڑکی کا شرمانا لجانا نہایت شاق گزرا۔ اس نے غصے سے ڈپٹ کر کہا۔ "اکھ اوپر اٹھا۔"
مگر لڑکی نے نظریں اونچی نہ کیں۔ گردن جھکائے دم بخود کھڑی رہی۔ سردار مراد خاں شاہانی کے
چہرے پر جھنجلاہٹ طاری ہوگئی۔ وہ زور سے دھاڑا۔ "سر اونچا کر۔ ٹھیک سے کھڑی ہو۔" اس دفعہ
لڑکی نے ہچکچاتے ہوئے گردن اٹھائی۔ مراد خاں کی جانب بے بسی سے دیکھا اور نظریں جھکالیں۔

مراد خاں نے دیکھا' لڑکی کی آنکھیں بھی خوبصورت اور دل کش ہیں۔ وہ زیر لب مسکرایا۔
چہرے پر چھائی ہوئی خشونت اور برہمی زائل ہوگئی۔ "رنگ روپ سے تو یہ انگوری لگتی ہے۔" اس
نے فرید اکی جانب رخ کیا۔ "فریدے! اس کا ناں کیہ ہے؟"

"سیں! اس کا ناں حمیدہ ہے۔" فرید انے سردار کو بتایا۔

رحیم داد نے چونک کر لڑکی کو دیکھا۔ وہ سردار مراد خاں شاہانی کی نہیں' فرید خاں شاہانی کی بہن
تھی جو فرید خاں شاہانی نہیں صرف فرید ا رہ گیا تھا۔ مراد خاں کا چہرہ بھی متغیر ہوگیا۔ مگر فرید انے بھی
شاید اپنی غلطی محسوس کی۔ وہ ہکلانے لگا۔

"سس سس سیں! یہ میدہ ہے' میدہ۔ اسے سب میدہ ہی کہتے ہیں۔"

سردار مراد خاں کے چہرے پر چھایا ہوا غبار چھٹ گیا۔ وہ زیر لب مسکراتا رہا۔ اس نے اللہ
بخش جوڑا کو مخاطب کیا۔ "جوڑے! میدہ کو اس کا بوچھن دے دے۔"

جوڑا نے فرش پر پڑا ہوا دوپٹہ اٹھایا اور لڑکی کے سر پر ڈال دیا لیکن دوپٹہ پھسل کر نیچے گر گیا۔
میدہ خاموش کھڑی رہی۔ اس نے دوپٹے کو ہاتھ نہ لگایا۔ اس کے چہرے پر چھائی ہوئی حیا پر رفتہ رفتہ
جھنجلاہٹ حاوی ہوتی جارہی تھی۔ ہال میں گہری خاموشی تھی۔ چند لمحے بعد سردار مراد خاں کی
گرج دار آواز خاموشی میں ابھری۔

"جوڑے! میدہ کو اندر پہنچادے۔"

رحیم داد نے دیکھا' فرید اکی بہن میدہ لمحے بھر تک ہونٹ بھینچے خاموش کھڑی رہی۔ پھر اس نے
جھک کر اپنا دوپٹہ اٹھایا۔ اس کی آنکھوں میں ستارے جھل ملانے لگے۔ پلکوں پر آنسوؤں کے
قطرے ابھرے اور ٹپ ٹپ رخساروں پر ٹپکنے لگے۔ اس نے میلے کچیلے دوپٹے کے آنچل سے بلکل
مار کر ایک بار پھر اپنا چہرہ چھپالیا۔ جوڑا نے آگے بڑھنے کا اشارہ کیا اور وہ اس کے پیچھے پیچھے اس
دروازے کی سمت بڑھی جو مراد خاں شاہانی کی خواب گاہ میں کھلتا تھا۔

دروازے کے قریب پہنچ کر وہ ٹھٹکی' مڑ کر فرید اکو دیکھا۔ دونوں کی نظریں ملیں مگر فرید انے
نظریں موڑ کر سرنیچا کرلیا۔

میدہ آگے بڑھی اور سردار مراد خاں کی خواب گاہ میں داخل ہوگئی۔ مراد خاں نے پلٹ کر کریم
بخش راد ھانی کی جانب دیکھا۔ نرم لہجے میں گویا ہوا۔ "فرید انے منگناں کرن سے پہلے ڈالی نہ دینے
کی معافی چاہی تھی' اسے معافی دے دی گئی۔ پر میدہ اب ادھر ہی رہے گی۔ یہ فیصلہ بعد میں ہوگا کہ
میدہ کو کب فرید اکے حوالے کیا جائے۔"

"جیسی سیں کی مرضی۔" راد ھانی نے مستعدی سے جواب دیا اور جھک کر رجسٹر میں سردار کے
حکم کا اندراج کرلیا۔

سردار مراد خاں نے فرید اکو مخاطب کیا۔ "فریدے!" وہ کھل کر مسکرایا۔ "اب تو راضی باضی
ہے۔ اپنے حالات ٹھیک کرلے۔ فیر جب چاہے میدہ کا پرنا کرنا' مکلاوا کرنا' اسے اپنے گھر سے بدا کر
کے سسرال ساہورے بھیجنا۔ ڈالی کی رکم فصل کی واڈھی پر ادا کردینا۔" سردار نے ہلکا سا قہقہہ
لگایا۔

"فریدے! جا عیش کر' ماجاں اڑا۔ میری طرف سے تجھے میدہ کے پرنے کی اجازت ہے۔"

فرید خاں شاہانی عرف فرید ا چند لمحے بت بنا جہاں تھا وہیں کھڑا رہا۔ پھر اس کے جسم میں حرکت
ہوئی۔ وہ آگے بڑھا۔ سردار کے قدموں پر پڑی ہوئی اپنی پگڑی اٹھائی۔ چار پانچ پیچ دے کر اسے سر
پر باندھا۔ دونوں ہاتھ اٹھا کر دعائیں دیں۔ "سیں سردار! تو سدا جیوے' سکھی صحت ہووے' رب
راضی ہووے۔"

اس نے نظریں گھما کر اس دروازے کی جانب دیکھا جس میں اس کی بہن اللہ بخش جوڑا کے
ساتھ داخل ہوئی تھی۔ کمرے کا دروازہ بند ہوچکا تھا اور جوڑا واپس آکر سردار مراد خاں شاہانی کی
پشت پر مستعدی سے کھڑا ہوگیا تھا۔

فرید اذرا دیر ٹھہر کر الٹے قدموں پیچھے ہٹا' مڑا اور آہستہ آہستہ چلتا ہوا دربار ہال کے صدر

دروازے پر پہنچا۔ دروازے کے قریب پہنچ کر اس نے پشت پر پڑا ہوا پگڑی کا شملہ ایک ہاتھ بڑھ
پکڑا' چہرے پر لے گیا اور اس سے رک رک کر آنکھوں کو ملنے لگا۔ رحیم داد نے محسوس کیا کہ وہ
رہا ہے۔

سردار مراد خاں شاہانی اونچی کرسی پر لباس فاخرہ زیب تن کئے نہایت آن بان سے بیٹھا تھا۔ ا
کا چہرہ جاہ و جلال سے دمک رہا تھا۔ فرید کا چہرہ مرجھا کر زرد پڑ گیا تھا۔ وہ لڑکھڑاتے قدموں سے بڑ
دروازہ عبور کیا اور باہر پھیلے ہوئے اندھیرے میں گم ہو گیا۔

۲۹

ہموں والی میں رحیم داد کے قیام کا نواں روز تھا کہ سویرے سویرے نادر خاں پہنچا۔ رحیم داد
کمرے میں ناشتا کر رہا تھا۔ نادر خاں کو اچانک اپنے روبرو پا کر وہ گھبرا گیا۔ اس نے حیران و پریشان
ہو کر پوچھا۔ "نادر! تو یہاں کیسے پہنچ گیا۔ کوئی پریشانی کی کل بات تو نہیں؟" اس کے چہرے سے
پریشانی ہویدا تھی۔

"نہیں جی! گھبرانے کی کوئی کل نہیں۔" نادر خاں نے مسکرا کر رحیم داد کو مطمئن کرنے کی
کوشش کی۔ "میں تو یہ بتانے آیا تھا کہ کلیم کا معاملہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہو گیا۔ میں نے محکمہ
آبادکاری کے دفتر جا کر اپنے سامنے وہ درخواست ہی پھڑوا دی جو تیرے خلاف لگائی گئی تھی اور جس
پر تیرے کلیم کے بارے میں انکوائری کرنے کے احکامات جاری ہوئے تھے۔ میں نے درخواست
کے ساتھ متعلقہ کاغذات بھی ضائع کروا دیئے۔ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔"

وہ اپنی کارگزاری پر مسرور نظر آ رہا تھا۔

"یہ تو نے بہت زوردار کام کیا۔" رحیم داد نے بھی مسرت کا اظہار کیا۔ "اس پر خرچ کتنا آیا؟"

"صرف چار سو روپے۔" نادر خاں نے فخر سے گردن اونچی کی۔ "وکیل اسی کام کے دو ہزار مانگتا
تھا۔ چوہدری' یہ وکیل تو ایسے ہی چکر چلا کر جیب کاٹتے ہیں۔ میرا تو ان سے بہت معاملہ رہا ہے۔"

نادر خاں ابھی تک رحیم داد کے سامنے کھڑا تھا اور نہایت مستعدی سے اپنی کارگزاری سنا رہا
تھا۔ رحیم داد اس کی باتیں سن کر بہت متاثر ہوا۔ ہنس کر بولا۔ "کھڑا کیوں ہے؟ بیٹھ جا۔ آرام سے
بات کر۔"

نادر خاں کرسی پر بیٹھتے ہوئے گویا ہوا۔ "محکمہ آبادکاری میں جانے سے کئی عجیب باتوں کا
چلا۔" اس نے رحیم داد کی آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش کی۔ "ایک تو بالکل تعجب انگیزبات کا
چلا۔"

"کون سی ایسی عجیب گل تھی جس پر تجھے اتنا تعجب ہوا؟"

"تیں نوں پتہ ہے۔ تیرے خلاف کس نے درخواست لگوائی تھی؟" نادر خاں نے جواب د
کے بجائے سوال کیا۔

"وکیل بتاتا تھا' گورداس پور ہی کا کوئی مہاجر ہے جس نے میرا کلیم ختم کرا کے اپنے نام کو
ہرکشن کی اراضی اور حویلی الاٹ کرانے کے لالچ میں درخواست لگائی تھی۔" رحیم داد نے
خاں کو مطلع کیا۔ "یاد پڑتا ہے' وکیل نے اس کا نام محمد بشیر بتایا تھا۔"

"اس کا تو جی صرف نام ہی نام تھا۔" نادر خاں نے ہنس کر کہا۔ "چوہدری! تجھے یہ سن کر
اچنبھا ہوگا کہ تیرے خلاف احسان شاہ نے درخواست لگوائی تھی۔"

"تیرا مطلب ہے اپنے شاہ جی نے؟" رحیم داد نے یقین نہ آنے کے انداز میں کہا۔ "نا
کیسے ہو سکتا ہے؟ شاہ جی ایسا نہیں کر سکتا۔" اس نے نادر خاں کا چہرہ غور سے دیکھا۔ "تیں تو
یکین ہے؟"

"پہلے تو جی مجھے بھی یکین نہیں آیا۔" نادر نے اسے باور کرایا۔ "پر میں نے درخواست خو
آنکھوں سے دیکھی ہے۔ اس پر محمد شفیع گیلانی کا پتہ لکھا تھا۔ دستخط البتہ محمد بشیر کے تھے۔ تیں
پتہ ہے محمد شفیع گیلانی کون ہے؟"

"میں نے تو اس کا نام پہلی بار سنا ہے۔" رحیم داد نے استفسار کیا۔ "کون ہے یہ محمد
گیلانی؟"

"وہ شاہ جی کے پتر حسن شاہ کا سگا سالا ہے۔ لہور میں رہتا ہے۔ اس کی بسیں اور لاریاں
ہیں۔ وڈا ٹرانسپورٹر ہے۔ شاہ جی کا پتر بھی اس کے کاروبار میں ساجھے دار ہے۔"

"سمجھ نہیں آتی' شاہ جی نے ایسا کیوں کیا؟" رحیم داد بدستور تذبذب میں مبتلا تھا۔ اس
رویئے سے صاف جھلکتا تھا کہ اسے نادر کے بیان پر ابھی تک شبہ ہے۔ رحیم داد نے اس
اظہار بھی کیا۔ "نادر! تو سچ بول رہا ہے؟"

"بالکل سچ بول رہا ہوں جی! مجھے تو محکمہ آبادکاری والوں نے یہاں تک بتایا کہ اس معا
شاہ جی محکمہ آبادکاری کے افسروں سے کئی بار ملا بھی۔ اسی کے زور دینے پر انکوائری کرا

آرڈر ہوئے تھے۔"

رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "پر شاہ جی نے میرے خلاف یہ کارروائی کیوں کی؟ وہ تو
مجھے اپنا یار بیلی کہتا ہے۔ تیں نوں بھی پتہ ہے' وہ مجھ سے کتنا پیار کرتا ہے۔"

"تو نے ٹھیک ہی کہا چوہدری! اس نے ہمیشہ میرے سامنے تیری تعریف کی۔ محبت ہی کا اظہار
کیا۔"

ایسا ہے تو سوال پیدا ہوتا ہے اس نے یہ کارروائی میرے خلاف کیوں کی؟ تو نے اس بارے میں
کچھ سوچا؟"

"مجھے تو ایسا لگتا ہے' شاہ جی نے تیرے خلاف یہ کارروائی اللہ وسایا کی دشمنی میں کی ہوگی۔"
نادر نے اظہار خیال کیا۔ "اللہ وسایا کا تو نام سنتے ہی آج بھی شاہ جی کے منہ پر جھنجلاہٹ چھا جاتی
ہے۔ حالانکہ اب وہ زندہ بھی نہیں ہے۔ اسے مرے ہوئے مدت ہوگئی پر شاہ جی کی نفرت کم نہیں
ہوئی۔ وہ اس سے سخت نفرت کرتا ہے۔" نادر نے سوالیہ نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ "مجھے تو جی
یہی وجہ سمجھ آتی ہے۔ سوچنے کی بات تو یہ ہے تجھ سے تو اسے کوئی گلہ شکوہ نہیں۔ جب بھی تیرے
بارے میں اس سے بات چھڑی' اس نے ہر بار تجھے اچھے لفظوں سے یاد کیا۔"

"تیرا خیال ٹھیک لگتا ہے۔" رحیم داد نے نادر خاں سے اتفاق کیا۔ "یہی وجہ ہو سکتی ہے۔ اللہ
وسایا سے شاہ جی بہت زیادہ خار کھاتا ہے۔" رحیم داد اب کسی قدر مطمئن نظر آرہا تھا۔ اس کے
چہرے پر بکھرا ہوا غبار صاف ہوتا جا رہا تھا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ احسان شاہ کے بارے میں اس
کے ذہن میں جو شبہات اور خدشات پیدا ہوئے تھے اب زائل ہو چکے ہیں۔ اس نے سوچا احسان
شاہ نے اللہ وسایا سے عداوت کے باعث ہی اس کا کلیم اور الاٹمنٹ منسوخ کرانے کی کوشش کی
ہوگی۔ اسے یاد آیا کہ درخواست اس زمانے میں داخل کی گئی تھی جب اللہ وسایا زندہ تھا اور تمام
زمیں داری کی دیکھ بھال وہی کرتا تھا۔

رحیم داد اسی سوچ میں غرق تھا۔ نادر خاں نے اسے اس قدر محویت سے سوچتے دیکھا تو خاموش
نہ رہ سکا۔ اس نے دریافت کیا۔ "چوہدری! کس سوچ میں پڑ گیا؟"

رحیم داد نے چونک کر نادر کو دیکھا اور بات کا رخ موڑتے ہوئے دبی زبان سے پوچھا۔ "جمیلہ کا
کیا حال چال ہے؟ تو نے پھٹی پر کیڑے مار دوائی چھڑکوا دی تھی اور جمیلہ کو اس کے بارے میں بتا
بھی دیا تھا؟"

"وہ تو جی اب پرانی گل ہوگئی۔" نادر خاں نے مسکرا کر بتایا۔ "دوائی تو اسی روز سپرے کرا دی

گئی تھی اور شام ہی کو میں نے اس کے بارے میں زمیں دارنی کو بتا بھی دیا تھا۔"

"اب تو پھٹی پر سونڈی نہیں رہی؟"

"نہیں جی' بالکل نہیں رہی۔ سپرے کے بعد ہی ختم ہوگئی۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "زمیں دارنی نے پھٹی کے بوٹے خود جاکر دیکھے تھے۔"

"تو اس سے ملتا جلتا رہتا ہے؟"

"روز تو جی وہ ملتی نہیں۔ اسے تو سکول ہی سے فرصت نہیں۔ پر مجھے جب بھی موکع ملا' اسے خریف کی واڈھی اور ربیع کی بوائی کے بارے میں ایک ایک بات بتاتا رہا۔"

"اس کا مطلب تو یہ ہوا وہ زمیں داری میں دلچسپی لے رہی ہے۔"

"نہیں چوہدری! اس پر تو آج کل تاجاں کے دیاہ کی فکر زیادہ سوار نظر آتی ہے۔"

رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے پوچھا۔ "میرے بارے میں بھی اس نے کوئی گل بات کی۔"

"مجھ سے تو نہیں کی پر میری گھروالی سے اس نے تیرے بارے میں بہت سی باتیں کیں۔" نادر خاں نے رحیم داد کو مطلع کیا۔

"کیا کہتی تھی میرے بارے میں؟" رحیم داد نے بے قرار ہو کر دریافت کیا۔ "تیری گھروالی نے تجھے بتایا تو ہوگا۔"

نادر خاں کی تیز نظروں نے رحیم داد کی بے قراری فوراً بھانپ لی۔ اس نے شکوے کے انداز میں کہا۔ "اس نے مجھے ساری ہی باتیں بتائیں پر چوہدری! تو نے تو مجھے کچھ نہیں بتایا۔ میں تو تیرا ہی بندہ ہوں۔ مجھے زمیں دارنی سے کیا لینا؟"

رحیم داد پریشان ہو کر بولا۔ "پہلے یہ بتا' جمیلہ نے میرے بارے میں تیری گھروالی کو کیا کیا بتایا؟"

"وہ تجھ سے بہت ناراض تھی۔ چوہدری! تو نے اپنی گھروالی اور بچوں کے بارے میں جو جھوٹ بولا تھا اس کا اس نے بہت برا منایا۔"

رحیم داد بلبلا کر رہ گیا۔ اسے یقین ہوگیا کہ نادر خاں جھوٹ نہیں بول رہا ہے۔ اگر جمیلہ اس کی بیوی کو یہ بات نہ بتاتی تو اسے ہرگز علم نہ ہوتا۔ اس نے نادر کی جانب نظر اٹھا کر نہیں دیکھا' خاموش بیٹھا رہا۔ نادر بتاتا رہا۔ "اسے یہ بھی پتہ چل گیا کہ تو چھپ چھپ کر شاہ جی کے پاس جاتا ہے۔ اس کی حویلی میں کئی کئی روز ٹھیرتا ہے۔ وہ شاہ جی سے سخت نفرت کرتی ہے۔ کہتی ہے اللہ وسایا کو احسان شاہ ہی نے قتل کرایا ہے۔"

رحیم داد نے دبی زبان سے پوچھا۔ "اس نے تیری گھروالی سے ایسی بات بھی کہی؟" وہ نادر خاں

سے یہ بھی دریافت کرنا چاہتا تھا کہ اس کے بارے میں تو جمیلہ نے کوئی ایسی بات نہیں کہی کہ وہ بھی احسان شاہ کے ساتھ اللہ وسایا کے قتل میں شریک تھا۔ مگر یہ بات اس کی زبان پر آتے آتے رہ گئی۔ اس نے فوراً خود کو سنبھالا' لہجے میں تیکھا پن پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "اسے شاہ جی کے بارے میں ایسی بات نہیں سوچنی چاہیے۔ شاہ جی ایسا نہیں کر سکتا۔ پتہ نہیں اسے کیسے ایسا شبہ ہوا۔" احسان شاہ کی حمایت دراصل وہ خود اپنے دفاع میں کر رہا تھا۔

"مجھے تو جی جب اپنی گھروالی سے ان باتوں کا پتہ چلا تو میں بہت پریشان ہوا۔" نادر خاں نے اس کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے کہا۔ "سچی گل پوچھ تو میں نے شاہ جی کے بارے میں زمیں دارنی سے کوئی بات نہیں کی۔ ورنہ وہ مجھ سے بھی ناراض ہو جاتی۔ ناراض نہ ہوتی تب بھی اس کے دل میں نہ جانے کیسے کیسے شبہات پیدا ہو سکتے تھے۔" اس نے رحیم داد کو مرعوب کرنے کا سیدھا سادا حربہ استعمال کیا۔ "میں نے تو جی صرف تیرے بارے میں اس سے گل بات کی۔ اس کے دل میں تیری طرف سے جو ناراضی اور غصہ تھا اسے دور کرنے کی پوری پوری کوشش کی۔"

"تو نے اس کی ناراضی ختم کرادی؟" رحیم داد نے بے اختیار پوچھا۔

"چوہدری! ایسے معاملے میں نے بہت نمٹائے ہیں۔" نادر خاں نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے کہا۔ "زمیں دارنی تو زنانی ہی ہے نا۔ میں نے تو جگیرداروں اور وڈے وڈے زمینداروں کے نہ جانے کیسے کیسے الجھے ہوئے جھگڑے نٹنے طے کرائے ہیں۔" بات کہتے کہتے وہ ٹھٹکا۔ رحیم داد کی آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش کی۔ "چوہدری! میں تجھ سے ایک گل پوچھوں' صاف صاف بتائے گا؟"

"پوچھ' کیا پوچھنا چاہتا ہے؟"

"تو زمیں دارنی سے دیاہ کرنا چاہتا ہے؟" نادر نے رحیم داد کو اور زیادہ مرعوب کرنے کے لیے ہیر پھیر کے بجائے براہ راست سوال کیا۔

رحیم داد انکار نہ کر سکا۔ "میں نے ایسا سوچا تو تھا۔" رحیم داد نے دھیمے لہجے میں بتایا۔ نادر خاں کی توقع کے مطابق وہ خاصا مرعوب نظر آرہا تھا۔

"نہ بھی بتاتا تب بھی مجھے یہ بات پہلے ہی معلوم ہوگئی تھی۔" نادر خاں اب اس کی شخصیت پر پوری طرح چھا چکا تھا۔

"جمیلہ نے تیری گھروالی کو یہ گل بتائی ہوگی؟" رحیم داد نے دبی زبان سے پوچھا۔

"ہاں جی!" نادر خاں گویا ہوا۔ "ساتھ ہی زمیں دارنی نے یہ بھی بتایا کہ اس نے صاف انکار

کردیا۔ "نادر نے اپنا سکہ اچھی طرح جمانے کے لیے سوال کیا۔ "یہی گل ہے نا؟"

رحیم داد نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "نادر! تو ٹھیک کہہ رہا ہے۔" اس کے چہرے پر افسردگی پھیلنے لگی۔

نادر خاں نے اس کی افسردگی کا فوراً اندازہ کرلیا اور اس کی ہم دردی حاصل کرنے کی غرض سے گویا ہوا۔ "چوہدری! پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ تو دیکھنا' سب ٹھیک ٹھاک ہوجائے گا۔ جو چاہے گا وہی ہوگا۔"

رحیم داد نے مڑ کر کھونٹی پر لٹکی ہوئی اپنی پگڑی دیکھی اور وہ گرہ تلاش کی جو اس نے بھکر میں تک کھے پیر کے مزار پر منت ماننے کے بعد پگڑی کے شملے میں لگائی تھی۔ گرہ ابھی تک موجود تھی۔ رحیم داد اپنی بے چینی چھپانے کی کوشش کے باوجود چھپا نہ سکا۔

"نادر! تو جو کچھ کہہ رہا ہے' وہ کیسے ہوگا؟"

نادر خاں اس کی دل جوئی کرتے ہوئے شگفتہ لہجے میں بولا۔ "چوہدری! فکر نہ کر۔ جب تو نے اپنا سمجھ کر مجھے دل کی بات بتا ہی دی تو یہ بھی سن لے' زمیں دارنی لمور شمور نہیں جائے گی۔ حویلی ہی میں رہے گی اور تیری بن کر رہے گی۔" اس نے مسکرا کر رحیم داد کا چہرہ دیکھا اور اس کا ردعمل چہرے کے تاثرات سے معلوم کرنے کی کوشش کی۔

رحیم داد خود کو سنبھال نہ سکا۔ جذبات کی رو میں بہہ گیا' تڑپ کر بولا۔ "لیکن نہیں آتا نادر؟"

"آجائے گا' آجائے گا۔" نادر نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "پہلے آرام سے میری گل سن لے۔"

"سنا' ضرور سنا۔" رحیم داد کی بے قراری بڑھتی گئی۔ "میں یہی تو سننا چاہتا ہوں۔ یہ بتا' ایسا کیسے ہوسکتا ہے۔ صاف صاف بتا۔"

"سب کچھ بتادوں گا' آرام سے سن۔" نادر خاں بے تکلفی سے مسکرایا۔ اسے رحیم داد کو اپنے قابو میں کرنے کا نہایت مناسب موقع ملا تھا۔ اس نے رحیم داد کو مطمئن کرنے کی غرض سے کہا۔ "مجھے گھر والی کے ذریعے ان باتوں کا پتہ چلا تو میں نے اس کی ڈیوٹی لگائی۔ اسے سمجھا بجھا کر تیار کیا کہ تیری طرف سے زمیں دارنی کے دل میں جو میل پیدا ہوگیا ہے اسے دور کرنے کی کوشش کرے۔" نادر خاں نے اپنے کارگزاری کی روداد ٹھہر ٹھہر کر سنانا شروع کی۔ "میں نے اسے کہا کہ زمیں دارنی کو سمجھائے کہ چوہدری سیدھا سادا نیک بندہ ہے۔ احسان شاہ کے بہکانے اور پھسلانے میں آگیا۔ میں نے گھر والی سے یہ بھی کہا کہ زمیں دارنی کے سامنے تیری تعریف کرنے کے ساتھ ساتھ شاہ جی کو برا بھلا بھی کہتی رہے' اس کے بارے میں کڑوی گلاں کرے۔"

"یہ تو نے ٹھیک نہیں کیا۔" رحیم داد کو اس کی بات پسند نہیں آئی۔ "شاہ جی کو پتہ چل گیا تو بہت ناراض ہوگا۔ میں اس سے بگاڑ کرنا نہیں چاہتا۔"

"چوہدری! تو کیسی بچوں کی سی باتیں کر رہا ہے۔ شاہ جی کو پتہ ہی کیسے چلے گا۔ زمیں دارنی تو اسے بتانے سے رہی۔" نادر نے رحیم داد کو بزرگوں کے انداز میں سمجھانے کی کوشش کی۔ "یہ تو تجھے بھی پتہ ہے زمیں دارنی کو شاہ جی سے کتنی نفرت اور گھن ہے۔ جب کسی سے سخت نفرت اور گھن ہوتی ہے تو اس کی برائی سن کر خوشی ہوتی ہے' مزا آتا ہے۔ شاہ جی کو برا بھلا کہہ کر ہی میری گھر والی زمیں دارنی کی ہم دردی اور اعتماد حاصل کرسکتی ہے اور تیرے بارے میں اس کی بدگمانی دور کرا سکتی ہے۔" نادر خاں کھل کر مسکرایا۔ "نتیجہ وہی نکلا جو میں نے سوچا تھا۔"

"کیا نتیجہ نکلا؟" رحیم داد نے بے تاب ہوکر پوچھا۔

"ہوا یہ کہ پہلے جب میری گھر والی تیری تعریف کرتی تو زمیں دارنی کے ماتھے پر بل پڑجاتے۔ منہ بگاڑ کر اسے کہتی۔ جنت! تو چوہدری کو نہیں جانتی۔ وہ بھلا بندہ نہیں ہے۔ یہ بات میری گھر والی نے مجھے کئی بار بتائی۔"

"پر تو کچھ اور ہی کہہ رہا تھا۔" رحیم داد نے مداخلت کی۔

"آرام سے پہلے پوری گل سن لے۔" نادر خاں نے اسے ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔ "ہاں تو میں کہہ رہا تھا۔ تیری تعریف سن کر پہلے تو زمیں دارنی خوش نہیں ہوئی تھی۔ پر جب گھر والی نے میری ہدایت پر شاہ جی کو برا بھلا کہنا شروع کیا تو وہ رفتہ رفتہ بدلنے لگی۔ تیرے بارے میں تعریف کے بول سن کر چپ ہوجاتی۔ اس کے ماتھے پر بل پڑتے نہ منہ بگاڑتی۔" اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "پر اس کے دل کا میل پوری طرح صاف نہیں ہوا تھا۔"

"کیا ابھی تک صاف نہیں ہوا؟" رحیم داد نے بے صبری سے پوچھا۔

"اب تو صاف ہوچکا ہے۔ دراصل اسے شبہ تھا' تو شاہ جی کی حویلی میں ٹھیرا ہے۔ اپنے شبے کا اظہار اس نے مجھ سے بھی کیا تھا۔"

"کیا پوچھا تھا اس نے؟"

"ایک روز باتوں باتوں میں اس نے مجھ سے پوچھا۔ سنا ہے چوہدری آج کل احسان شاہ کے پاس ہوتا ہے۔ تجھے پتہ ہے؟ میں اس کی بات سن کر الجھن میں پڑگیا۔"

"تو نے کیا بتایا؟" رحیم داد نے پریشان ہوکر پوچھا۔

"میں کیا بتاتا جی۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "وہی کہا جو یہاں آنے سے پہلے تو نے مجھے ہدایت

کی تھی۔ میں نے زمیں دارنی سے کہا چوہدری تو اپنے کلیم کے سلسلے میں ملتان گیا ہے۔ تو نے مجھ یہی تو کہا تھا؟" نادر نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔

"جمیلہ نے تیری بات مان لی تھی؟"

"نہیں۔" نادر خاں نے انکار میں گردن ہلائی۔ "میری گل سن کر وہ چپ ہو گئی۔ بعد میں مجھے چلا اس نے میری بات پر اعتبار نہیں کیا بلکہ برکت دودھی کے ذریعے کھوج لگایا کہ تو شاہ جی کے پیراں والہ میں تو نہیں ہے؟"

"پر میں تو پیراں والہ میں تھا ہی نہیں۔ دوسرے ہی روز لہور چلا گیا تھا۔"

"ٹھیک ہی ہوا تو وہاں نہیں تھا۔ ورنہ بہت گڑبڑ ہوتی۔ وہ مجھے بھی جھوٹا فریبی سمجھتی۔" خاں زیرلب مسکرایا۔ "میری گل سچی نکلی اور اسے معلوم ہو گیا تو شاہ جی کی حویلی میں نہیں ہے تو میرے ساتھ ٹھیک طرح پیش آنے لگی اور میری گھروالی پر تو اتنی مہربان ہو گئی کہ شام کو گھنٹوں کرا اس کے ساتھ باتیں کرتی۔ گھروالی کی طبیعت گڑبڑ ہوتی' وہ نہ جاتی تو خود اسے دیکھنے آتی' و کھلاتی۔ دیر تک اس کے پاس بیٹھی تسلی دیتی رہتی۔"

رحیم داد نے نادر خاں کی باتوں سے متاثر ہو کر کہا۔ "ٹھیک کہہ رہا ہے۔ بیمار کوئی بھی پڑ۔ جمیلہ دوائیوں کا بکسا اٹھائے فوراً پہنچ جاتی ہے' دوائی دیتی ہے' دیکھ بھال کرتی ہے۔ اس معاملے اس کا دل بہت کھلا ہوا ہے۔"

"بالکل ایسا ہی ہے۔ میرا تجربہ بھی یہی بتاتا ہے۔" اس نے رحیم داد کی تائید کی۔ "سچ تو یہ چوہدری! وہ جتنی سوہنی ہے' من کی بھی اتنی ہی سوہنی ہے۔" اس نے رحیم داد کا چہرہ دیکھا جو خ سے سرخ ہو رہا تھا۔ "اب یہی دیکھ' جب ہفتے بھر سے اوپر ہو گیا اور تو واپس نہیں پہنچا تو وہ پریشا ہو گئی۔"

"تیں نوں کیسے پتہ چلا وہ پریشان ہو گئی؟"

"ہوا یہ کہ ایک روز وہ مجھ سے کہنے لگی۔ نادر! لگتا ہے چوہدری ناراض ہو کر یہاں سے چلا اس کا ادھر کوئی بھی تو نہیں۔ کہاں جائے گا؟ کس کے پاس جائے گا؟ فیر یہ زمیں داری بھی تو اسی ہے۔ مجھے اس سے کیا لینا؟ یہ باتیں جب اس نے مجھ سے کہیں تو اس کے منہ پر پریشانی صاف آ رہی تھی۔"

"تو سچ کہہ رہا ہے نادر؟" رحیم داد نے بے چینی سے پوچھا۔

"اب میں تجھے صاف صاف ہی بتا دوں۔"

"میں صاف صاف ہی سننا بھی چاہتا ہوں۔" اس کی بے قراری سارے بندھن توڑ کر سامنے آ گئی۔

"چوہدری! سچ تو یہ ہے میں اسی کے کہنے پر ادھر آیا ہوں۔"

"تو اس کے کہنے پر ادھر آیا ہے؟"

"ہاں جی' بالکل یہی گل ہے۔" نادر خاں نے رحیم داد کو باور کرایا۔ "زمیں دارنی نے مجھے کہا کہ میں تجھے منا کر کوٹ ہرکشن واپس لے آؤں۔"

"اسے پتہ تھا میں یہاں ہوں؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔ "اسے کیسے پتہ چلا؟"

"نہیں چوہدری! ایسی کوئی گل نہیں۔" نادر خاں نے اس کی غلط فہمی رفع کی۔ "اس کا خیال تھا تو ملتان میں ہو گا اور محکمہ آبادکاری سے تیرا پتہ معلوم ہو جائے گا۔ میں نے کیا بھی ایسا ہی۔ سیدھا ملتان پہنچا۔ وہاں دو روز ٹھیر کر تیرے کلیم کا معاملہ طے کرایا اور کوٹ ہرکشن لوٹنے کی بجائے سیدھا شاہ جی کی حویلی پہنچا۔ وہاں شیدا سے پتہ چلا تو مراد خاں شاہانی کے ساتھ بھکر گیا ہے۔ بھکر گیا تو معلوم ہوا تو ادھر ہموں والی میں ہے۔ سو میں یہاں آ گیا۔"

"ٹھیک ہی ہوا تو یہاں آ گیا۔ تیرے آنے سے بہت سی باتوں کا پتہ چل گیا ورنہ میں تو پریشان تھا۔ سوچ رہا تھا شاہ جی کے پاس جاؤں۔ اس سے صلاح مشورہ کرنے کے بعد کوٹ ہرکشن لوٹنے کا فیصلہ کروں۔ مجھے جمیلہ کی ناراضی نے بہت تنگ کر رکھا تھا۔"

"پر اب تو وہ تجھ سے ذرا بھی ناراض نہیں۔ جی چاہے تو اور گھوم لے۔ پنڈ پہنچ کر خود دیکھ لینا زمیں دارنی تجھ سے کس طرح پیش آتی ہے۔ اب وہ بہت بدل چکی ہے۔ تیری طرف سے اس کا دل بالکل صاف ہو چکا ہے۔"

"یہ سب تو نے ہی کیا ہے۔" رحیم داد نے نادر خاں کی کارگزاری سے خوش ہو کر اپنے ردعمل کا اظہار کیا۔ "سچ پوچھ' میں تو سمجھتا تھا' جمیلہ کی خفگی اب کبھی ختم نہ ہو گی۔ بات ہی اس طرح بگڑی تھی کہ میں چاہتا بھی تو اس کے دل کا میل صاف نہ ہوتا۔" وہ بے ساختہ مسکرانے لگا۔ "پر نادر! تو نے تو کمال ہی کر دیا۔ شاہ جی سچ کہتا ہے' نادر تو بہت کام کا بندہ ہے۔"

نادر خاں کے چہرے پر مسکراہٹ بکھر گئی مگر اس نے انکسار سے کام لیا۔ "چوہدری! یہ تو کوئی ایسا پیچیدہ معاملہ نہیں تھا۔ تیری مہربانی چاہیے۔ آگے اس سے بھی زبردست کام کر کے دکھاؤں گا۔ ابھی تیری ملازمت کرتے مجھے دن ہی کتنے ہوئے ہیں۔"

"فکر نہ کر۔ اب تو ہمیشہ میرے پاس رہے گا۔ مجھے تیرے ہی جیسے وفادار اور ہوشیار بندے کی

ضرورت تھی۔" رحیم داد نے نادر خاں کا عندیہ معلوم کرنا چاہا۔ "یہ بتا' کیا مجھے تیرے ساتھ واپس چلنا چاہیے؟ ویسے مراد خاں مجھے ابھی جانے نہیں دے گا۔" اس نے اچانک بات کا رخ دیا۔ "اور ہاں' یہ تو بتا' شاہ جی اپنے پنڈ واپس پہنچ گیا کہ نہیں؟"

"جب میں پیراں والہ میں تھا تب تک وہ نہیں لوٹا تھا۔ شیدا کہتا تھا شاہ جی پیراں والہ وا آنے سے پہلے کراچی جائے گا۔ وہاں اسے کچھ ضروری کام ہے۔ مجھے تو اس کا لمبا ہی پروگرام ہے۔"

"ویسے اب شاہ جی سے ملنے اور مشورہ کرنے کی ضرورت بھی نہیں۔" رحیم داد نے اپنا ا بدل دیا۔ "تو نے سب کچھ ٹھیک ٹھاک کرا دیا۔ اب شاہ جی سے مل کر کیا لینا؟" اس نے سوا نظروں سے نادر خاں کو دیکھا۔ "سچ پوچھ تو مجھے اب شاہ جی کے پاس جانا بھی نہیں چاہیے۔ جیلا پتہ چل گیا تو فیر ناراض ہو جائی گی۔ تیری کیا رائے ہے؟"

"چوہدری! تو نے ٹھیک ہی سوچا۔ تجھے اب شاہ جی سے ملنے جلنے میں احتیاط سے کام چاہیے۔" نادر خاں نے اس کی تائید کرنے کے ساتھ مشورہ بھی دیا۔ "بہتر تو یہی ہے کچھ عرصے لیے تو شاہ جی سے دور ہی رہ۔ بلکہ میں بھی اس کے پاس نہیں جاؤں گا۔ دراصل زمیں دارنی کو جی سے اتنی سخت نفرت ہے کہ میں تجھے کیا بتاؤں۔"

"میں نوں پتہ ہے وہ شاہ جی سے کتنی زبردست نفرت کرتی ہے۔" رحیم داد نے نادر کی را سے اتفاق کیا۔ "یہ بتا میں نوں اب کیہ کرنا ہے۔ تو کہہ تو آج ہی تیرے ساتھ چل سکتا ہوں۔ خاں نے مجھے کید تو کر نہیں رکھا۔ صرف اتنا خیال آتا ہے اس نے بہت محبت سے روکا ہے۔ اس نے شکار کا پروگرام بنایا ہے اور میری ہی خاطر بنایا ہے۔ پچھلی بار وہ شکار پر گیا تو میں اچا بیمار پڑ گیا تھا۔ اس دفعہ بھی نہ گیا تو اسے دکھ ہو گا۔"

"ایسی گل ہے تو چوہدری تو ٹھیر جا۔ فکر نہ کر' میں زمیں دارنی کو سمجھا دوں گا۔" نادر خاں قدرے توقف کے بعد کہا۔ "ویسے بھی تجھے ابھی واپس نہیں جانا چاہیے۔"

"کیوں نہیں جانا چاہیے؟" رحیم داد بات کی تہہ تک پہنچنے کے لیے بے تاب تھا۔

"ابھی نہیں جائے گا تو زمیں دارنی پر تیرا رعب پڑے گا۔ اسے بھی تو پتہ چلنا چاہیے' تو بھی ہو سکتا ہے۔"

"سوچ لے' کہیں معاملہ گڑبڑ نہ ہو جائے۔" رحیم داد نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔

"پروا نہ کر چوہدری!" نادر خاں نے اسے یقین دلایا۔ "میں تیرے بارے میں زمیں دارنی۔

ں ڈھب سے بات کروں گا کہ معاملہ بگڑنے نہ پائے اور تیری آن بھی رہے۔"

"ٹھیک ہے' میں نے ابھی واپس نہیں جانا۔" رحیم داد نے فیصلہ کن لہجے میں کہا۔ "میں فصل ی واڈھی سے پہلے پہنچ جاؤں گا۔"

"چوہدری! تو فصل کی واڈھی کی بالکل فکر نہ کر۔ میں نے پوری تیاری کرلی ہے۔ جاتے ہی شروع کرا دوں گا۔ ویسے تیری مرضی جب چاہے واپس آجانا۔ زمیں داری کا کام تو چل ہی رہا ہے۔ ور ایسا ٹھیک ٹھاک چل رہا ہے دیکھے گا تو بہت خوش ہو گا۔"

"میں نوں پتہ ہے' تیری مینجری میں کام بالکل ٹھیک ٹھاک چل رہا ہو گا۔"

نادر خاں نے رحیم داد کو اس قدر مہربان پایا تو خوش ہوا' اپنی کارگزاری اور زیادہ جوش و خروش سے سنانے لگا۔ ربیع کی بوائی' خریف کی کٹائی اور کپاس کی چنائی کے بارے میں ایک ایک تفصیل بتانے لگا۔ دونوں دیر تک بیٹھے باتیں کرتے رہے۔ سورج چڑھ کر آسمان کے بیچوں بیچ پہنچ گیا۔ نادر خاں سے باتیں کرنے کے بعد رحیم داد اتنا مسرور اور مطمئن ہوا کہ دوپہر کا کھانا اس نے نادر کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلایا۔

نادر خاں زیادہ دیر نہیں ٹھہرا۔ اس نے رحیم داد سے اجازت لی اور کوٹلہ ہرکشن جانے کے لیے ہموں والی سے بھکر کی جانب روانہ ہو گیا۔

☆

رحیم داد بستر پر لیٹ گیا مگر سویا نہیں۔ گھنٹے سوا گھنٹے بعد وہ کمرے سے نکلا اور ڈیرے سے حویلی کے پھاٹک کی جانب چلا۔ اس نے دیکھا' دالان کی سیڑھیوں پر دھوپ میں حمیدہ بیٹھی ہے جسے سب میدہ کہتے تھے۔ وہ اس وقت چھینٹ کا گھگرا اور چست آستینوں والا سرخ رنگ کا لنڈا چولا پہنے تھی۔ چولے کے گلے پر سیاہ اور سبز دھاگے کی خوش نما کشیدہ کاری تھی۔ شانوں پر لہریا چندری پڑی تھی۔ اس کا لباس نیا اور خوش رنگ تھا۔

حمیدہ کے گیلے بال دیکھ کر رحیم داد کو اندازہ ہو گیا کہ اس نے کچھ ہی دیر پہلے غسل کیا ہے۔ اس کے چہرے پر نکھار تھا۔ دھوپ سے رخسار سرخ پڑ گئے تھے۔ وہ خوب رو اور دل کش نظر آرہی تھی۔ سر جھکائے خاموش بیٹھی تھی۔ اس کی پشت پر سلمہ ہی تھی۔ وہ لکڑی کی کنگھی سے میدہ کے گیلے بال آہستہ آہستہ سلجھا رہی تھی' سنوار رہی تھی۔

سلمہ ہی کی جوانی ڈھل چکی تھی۔ رنگ سانولا تھا مگر نقش و نگار تیکھے اور سبک تھے۔ آنکھیں بڑی بڑی اور خوب صورت تھیں۔ ان میں کاجل لگا تھا۔ پوپٹ ہونے کے ساتھ ساتھ وہ ہر وقت

خوب بنی ٹھنی رہتی تھی۔ مزاج میں ابھی تک شوخی تھی' لگاوٹ اور عشوہ طرازی تھی۔ ج
کا ایک ایک عضو بولتا تھا' چمکتا تھا۔ اسے اپنی دل کشی اور رعنائی کا پورا پورا احساس تھا۔ و
پہلو سے کشش انگیز بنا کر رکھتی بھی تھی۔ اپنے تین بچوں کے ساتھ حویلی کے عقبی حصے
تھی۔ وہ مراد خاں شاہانی کی منہ چڑھی خادمہ تھی۔ حویلی میں مزارعوں اور کمیوں کی ج
لڑکیاں اور بیویاں' سردار مراد خاں شاہانی کا عشرت کدہ آباد کرنے کے لیے اٹھا کر لائے
سلطانی ان کی دیکھ بھال کرتی اور کڑی نگرانی کا فرض انجام دیتی۔ انھیں بنا سنوار کر سردار
گاہ میں پہنچانا بھی اسی کے ذمے تھا۔

رحیم داد نے اپنے قیام کے دوران سلطانی کے شوہر کو کبھی حویلی میں نہیں دیکھا۔ نہ
کون تھا؟ رحیم داد کو اس کے بارے میں مطلق علم نہ تھا۔ اس نے حویلی کے کسی ملازم سے
کے بارے میں اور نہ ہی اس کے شوہر کے متعلق پوچھ گچھ کرنے کی کوشش کی۔ البتہ وہ
جانتا تھا کہ مراد خاں اس پر بہت زیادہ مہربان ہے اور مکمل اعتماد بھی کرتا ہے۔

قدموں کی آہٹ سن کر میدہ نے نظریں اٹھائیں۔ رحیم داد کو دیکھا مگر جھٹ گردن جھ
خاموش بیٹھی رہی۔ سلطانی نے بھی مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ ایک خاص ادا سے مسکر
اونچی آواز سے سلام کیا۔ "سیں چوہدری! سلام ولاون۔ سب خیرائے' تکڑا اے' راضی
خوش اے!!"

رحیم داد نے ہاتھ اٹھا کر جواب دیا۔ "شکرائے!"

میدہ نے ایک بار پھر رحیم داد کی طرف دیکھا۔ "اس کی آنکھیں بجھی بجھی تھیں۔ ا
ویرانی تھی۔ رحیم داد نے اس کی افسردگی محسوس کی۔ مگر چپ چاپ آگے بڑھ گیا۔ نہ رکا
کی۔ مراد خاں شاہانی سویرے سویرے جھوک مٹھو بندہ چلا گیا تھا۔ کریم بخش رادھانی بھی ا
ہم راہ تھا۔ دونوں ابھی تک واپس نہیں آئے تھے۔

رحیم داد حویلی سے باہر نکلا۔ پھاٹک پر خانن بندوق سنبھالے بیٹھا تھا۔ وہ حویلی کا پرانا پ
تھا۔ خانن نے رحیم داد کو دیکھا تو جھٹ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے رحیم داد کو سلام کیا۔ ر
نے گردن ہلا کر جواب دیا اور آگے بڑھ گیا۔

وہ ٹہلتا ہوا گاؤں کی جانب بڑھا۔ کچھ ہی دور گیا تھا کہ اس نے دیکھا' حویلی کے احاطے کی
چار دیواری سے کچھ فاصلے پر نیم کے ایک گھنے درخت کے نیچے میدہ کا بڑا بھائی فرید اخاموش ا
ہوا کھڑا ہے۔ اس کی حجامت اور بڑھ گئی تھی۔ سر کے بال خشک اور میلے چیکٹ ہو گئے تھے۔

گلے میں پڑی تھی' چہرہ اجاڑ اور بے رونق تھا۔

رحیم داد آہستہ آہستہ اس کی جانب بڑھا۔ اسے فرید اسے ہم دردی تھی۔ وہ اس سے بات کرنا
چاہتا تھا۔ حال احوال معلوم کرنا چاہتا تھا۔ فرید انے اسے اپنی جانب آتے ہوئے دیکھا تو فوراً ہاتھ
اٹھا کر سلام کیا' دعائیں دیں۔ "سیں سدا جیویں' سیں سکھی صحت ہووی۔"

رحیم داد نے نزدیک پہنچ کر مسکراتے ہوئے پوچھا۔ "فریدے' تو یہاں کھڑا کیا کر رہا ہے؟"

"میدہ سے ملنے آیا تھا۔" اس کے لہجے میں نرمی اور حلاوت تھی۔

"اسے مل لیا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔ "میدہ ادھر حویلی میں سلطانی کے ساتھ دھوپ میں
بیٹھی ہے۔ میں ادھر ہی سے آرہا ہوں۔"

"سیں! میں میدہ سے نہیں مل سکتا۔" اس نے حویلی کے پھاٹک کی سمت ہاتھ اٹھا کر کہا۔
"ادھر راکھا بیٹھا ہے۔ اس نے نہیں ملنے دیا۔"

رحیم داد نے مڑ کر دیکھا' خانن بندوق سنبھالے پھاٹک کے باہر اللہ بخش جوڑا کے ساتھ بیٹھا
باتیں کر رہا ہے۔ فرید انے بھی دونوں کو دیکھا اور رحیم داد کو بتانے لگا۔ "میں نے راکھے سے منت
کی' زاری کی پر وہ نہ مانا۔" اس کا لہجہ رقت انگیز ہو گیا۔ "پہلے بھی آیا تھا۔ میدہ سے نہیں مل سکا۔
سیں! سردار کی اجازت نہیں۔ راکھا یہی بولتا تھا۔"

رحیم داد اس معاملے میں اس کی مدد نہیں کر سکتا تھا۔ اسے اندازہ تھا کہ خانن ہرگز مراد خاں کی
حکم عدولی نہیں کرے گا۔ رحیم داد کے کہنے پر بھی نہیں۔ وہ بہت سخت گیر تھا اور مراد خاں کے اعتماد
کا آدمی تھا۔ ویسے بھی سردار مراد خاں شاہانی کے سامنے سارے نوکر چاکر مجبور اور بے بس تھے'
اس کے غیظ و غضب سے ڈرتے تھے۔ اسے اپنے کسی ملازم یا مزارع کی کوئی بات بری لگتی تو غصے
میں اس قدر دیوانہ ہو جاتا کہ اپنے شکاری کتے جھنجھوڑنے اور نوچنے کھسوٹنے کے لیے ان پر چھوڑ
دیتا۔ ہموں والی میں اپنے قیام کے دوران وہ کئی بار ایسے ہولناک مناظر دیکھ چکا تھا۔ یہ مظالم دیکھ کر
وہ خود بھی سردار شاہانی سے خائف رہتا تھا۔ لہٰذا رحیم داد نے فرید اکی بات نظر انداز کرتے ہوئے
دریافت کیا۔

"فریدے! یہ بتا میدہ کب تک حویلی میں رہے گی؟"

"سردار کی مرضی ہے سیں۔" فرید اافسردہ لہجے میں بولا۔ "وہ جب چاہے گا تب ہی میدہ حویلی
سے باہر نکلے گی۔ ویسے پرنا ٹیکس کی ڈالی نہ ملنے تک وہ اسے اپنے پاس رکھ ہی سکتا ہے۔ ریت اور
رواج تو یہی ہے۔"

"پر سردار نے تو تجھے معافی دے دی تھی۔ میرے سامنے دی تھی۔"

"سیں! تو سمجھا نہیں' معافی تو اس نے میدہ کا منگڑا کرنے سے پہلے ڈالی نہ دینے کے ج
دی تھی۔" فریدا نے وضاحت کی۔

یہ بتا' سردار چاہے تو ڈالی بالکل معاف کر سکتا ہے؟"

"کیوں نہیں معاف کر سکتا' بالکل کر سکتا ہے۔" فریدا نے مستعدی سے جواب دیا۔

"وہ سردار ہے' بادشاہ ہے' سب کچھ کر سکتا ہے۔"

"ایسا کر' تو سردار سے مل لے۔" رحیم داد نے فریدا کو مشورہ دیا۔ "منت سماجت کرے گ
مان جائے گا۔ ڈالی معاف کردے گا اور میدہ کو بھی واپس کردے گا۔"

"ناں سیں! میں ایسا نہیں کر سکتا۔" فریدا کی آنکھوں سے خوف جھلکنے لگا۔ "میں اس کا
رعیت ہوں' اس کا مزارع ہوں۔ میں سردار سے کچھ نہیں بول سکتا۔ وہ ناراض ہو جائے
ناراض ہو گیا تو ڈالی دینے پر بھی میدہ کو واپس نہیں کرے گا۔ کسی اور سردار کے پاس بھیج دے
اپنے ہی پاس رکھے گا۔ ٹھکا ٹھک بچے جنوائے گا۔ اس کے بعد بھی زاری کرنے پر' منت کر
اگر واپس کرے گا تو جرمانہ لگا کر زیادہ ہی رکم مانگے گا۔"

"یہ تو نے بالکل نرالی گل سنائی۔" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔

"سیں! لگتا ہے تو ادھر پہلی بار آیا ہے۔ تیکوں یہاں کے بارے میں کچھ پتہ نہیں۔ یہ
ہے۔" فریدا کا دبا ہوا غم یکایک ابل پڑا۔ اس نے آسمان کی طرف انگلی اٹھا کر کہا۔ "یہاں اوپ
دی خدائی ہے اور نیچے سرداروں کی۔" اس نے بے بسی سے دونوں ہاتھ جوڑ دیے۔ "سیں
غریب ہوں' حلیم ہوں' شامت دا ماریا ہوں۔"

رحیم داد اس کی باتوں سے بہت متاثر ہوا۔ چند لمحے سر جھکائے خاموش کھڑا سوچتا رہا' پھر فر
کندھا تھپک کر تسلی دی۔ "فریدے! پریشان نہ ہو۔ میں سردار سے میدہ کے بارے میں بات
گا۔ شاید وہ میری بات مان لے اور ڈالی بالکل معاف کردے۔ تب میدہ جلد ہی تیرے پاس
جائے گی۔ تو اس کا ویاہ کرنا۔ میرا مطلب ہے۔" وہ بات کہتے کہتے الجھا۔ "کیا کہتے ہیں اسے
ہاں' پرنا کردینا۔ اس کی منگنی یا منگڑا تو پہلے ہی کر چکا ہے۔"

فریدا کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ وہ گڑگڑا کر رحیم داد کو دعائیں دینے لگا۔ "سیں! تو جیا
ہونوین' رب راضی ہووے' میں صدکے تھیواں۔" وہ گلے میں پڑی ہوئی پگڑی ایک ہاتھ سے
کر آنسو پونچھنے لگا۔ "سیں! سردار تیری گالہ ضرور مان لے گا۔ تو اس کا مہمان ہے۔ اس

ہے۔ وہ سب کچھ کر سکتا ہے۔ وہ بادشاہ ہے۔"

"فکر نہ کر۔" رحیم داد نے ایک بار پھر اس کا کندھا تھپکا۔ "اب تو ٹر جا۔"

فریدا نے جھک کر رحیم داد کے پیروں کو ہاتھ لگایا اور چپ چاپ چلا گیا۔ رحیم داد آگے نہ گیا
واپس حویلی میں آ گیا۔ ڈیرے میں پہنچا اور کمرے کے سامنے کرسی کھسکا کر دھوپ میں بیٹھ گیا۔

سورج غروب ہونے سے کچھ دیر پہلے مراد خاں آ گیا۔ شام کا اندھیرا پھیلا۔ سردی بڑھی۔ سردار
شاہانی اور رحیم داد کمرے میں کرسیوں پر بیٹھے۔ شغل بادہ نوشی شروع ہوا۔ ہموں والی کے قیام کے
دوران عام طور پر دیسی شراب چلتی جسے مقامی کلال گڑ' آلو یا کھجور سے کشید کرتے تھے۔ اس شام
بھی میز پر دیسی شراب کی بوتل تھی مگر کچھ زیادہ ہی تند اور تیز تھی۔ ذائقہ بھی مختلف تھا۔ یہ شراب
جھوک مٹھو بندہ میں اسے ایک نوانی زمیں دار نے تحفے کے طور پر پیش کی تھی۔

سردار شاہانی نے گلاس خالی کیا۔ اس میں دوبارہ شراب انڈیلتے ہوئے گویا ہوا۔ "عبداللہ خاں
نوانی ٹھیک ہی کہتا تھا۔ زوردار چیز ہے' کک مارتی ہے۔"

رحیم داد نے گھونٹ بھرا۔ "ٹھیک کہہ رہا ہے۔ بہت زوردار لگتی ہے۔"

"تجھے پتہ ہے یہ کیسے تیار کی جاتی ہے؟"

"میں نوں اس بارے میں کیہہ پتہ؟" رحیم داد سادگی سے بولا۔

"تیکوں کچھ بھی پتہ نہیں۔" سردار شاہانی نے ہنس کر کہا۔ "یہ لاہن سے بنتی ہے۔ اسے بنانے
کے لیے' بیری' پیپل اور بوہڑ کے درختوں کی چھال مٹی کے کورے گھڑوں میں ڈال کر کچی زمین کھود
کے دبا دی جاتی ہے۔ جتنے زیادہ دنوں بعد گھڑا باہر نکالا جاتا ہے' اتنا ہی عمدہ خمیرا اٹھتا ہے۔ اسی کو
لاہن کہتے ہیں۔ جس سے بعد میں یہ کشید کی جاتی ہے۔" اس نے گلاس اٹھا کر چسکی لگائی۔ "میں
نے تو دس بارھاں سال پرانے لاہن سے کشید کی ہوئی شراب پی ہے۔ بہت زوردار ہوتی ہے۔ یہ
بھی پرانے لاہن کی لگتی ہے۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "تجھے کیسی لگی؟"

"زبردست ہے۔ ابھی سے چڑھنے لگی۔" رحیم داد نے بڑا گھونٹ بھرا اور گلاس میز پر رکھ دیا۔
"پر لاہن کی تیزداروکے ساتھ رن بھی تیز اور گرم ہونی چاہیے۔ اس کے بغیر اسے پینے کا مزا
نہیں۔" شاہانی نے ہلکا قہقہہ لگایا۔

رحیم داد بھی ہنسنے لگا۔ شاہانی کی بات نظر انداز کرتے ہوئے بولا۔ "شاہانی! تو نے میدہ کو واپس
نہیں بھیجا۔ کب تک رکھنے کا ارادہ ہے۔"

"چلی جائے گی' چلی جائے گی۔" مراد خاں نے بے نیازی سے کہا۔ "جلدی کیا ہے۔"

"اب تو اسے اپنے گھر جانے دے۔" رحیم داد نے نرم لہجے میں سفارش کی۔

"کیوں؟" مراد خاں شاہانی نے تیکھی نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ "تجھے اس سے کیا لینا؟"

رحیم داد نے فریدا سے اپنی ملاقات کا ذکر نہ کیا' چہرے پر سنجیدگی طاری کرتے ہوئے بولا۔ "

نے آج دوپہر اسے دیکھا تھا۔ بیمار بیمار لگتی ہے۔ ویسے بھی وہ کمزور اور دبلی پتلی ہے۔"

"چوہدری! تو اسے نہیں جانتا۔" سردار نشے کی ترنگ میں جھوم کر بولا۔ "وہ انگوری۔ انگوری۔" اس نے قہقہہ لگایا۔ "انگور کے پکے دانے کی طرح رس بھری۔ تو نے اس کا رنگ رو دیکھا ہے' سچ بتا' تجھے وہ انگوری نہیں لگتی؟"

"مجھے تو وہ کسی طرف سے انگوری شنگوری نہیں لگتی۔" رحیم داد نے بے نیازی کا مظاہرہ کیا لہجے میں اور نرمی پیدا کرتے ہوئے گویا ہوا۔ "میں چاہتا ہوں تو اسے واپس بھیج دے۔ اس کی سگا پہلے ہی ہو چکی ہے۔ میدہ کا منگیدڑا اس کا انتظار کرتا ہوگا۔ اس کا بھرا' فریدا بھی اس کا ویاہ کرنے تیار ہے۔"

"تو میدہ کی اس طرح سفارش کیوں کر رہا ہے؟" سردار نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر اس کی طرف دیکھا۔ "بات کیا ہے؟"

"کوئی خاص گل بات نہیں۔" رحیم داد نے فوراً بات بنائی۔ "میدہ کو دیکھا تو سوچا تجھ سے کہوں گا' اسے اپنے گھر جانے دے۔" اس نے لہجے میں عاجزی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "میں تو چاہتا ہوں تو اس کی ڈالی بھی معاف کر دے۔" رحیم داد نے اصرار کیا۔ "معاف کر دے گا ناں؟"

"تو کہتا ہے تو اسے واپس بھیج دوں گا۔ ڈالی بھی معاف کر دوں گا۔" سردار مراد خاں خلاف توقع فوراً رضامند ہو گیا۔ شاید نشہ کچھ زیادہ چڑھ گیا تھا۔ "پر گھر جانے سے پہلے وہ ایک رات تیرے پاس رہے گی اور آج ہی رات رہے گی۔"

"نہیں! تو آج رات بھی اسے اپنے ہی پاس رکھ۔" رحیم داد رضامند نہ ہوا۔

"میری فکر نہ کر چوہدری!" شاہانی لہرا کر بولا۔ "میں نے اپنے لیے آج رات ایک پولانی اٹھوالی ہے۔ بہت گرم رن ہے۔ دن میں سوت سے کپڑا بنتے ہوئے اس کے ہاتھ فاٹ چلتے ہیں پر رات کی نہ پوچھ۔" وہ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "وہ پہلے بھی ایک بار میرے پاس رہ چکی ہے۔"

"ایسا ہے تو میدہ کو آج ہی رات جانے دے۔" رحیم داد نے زور دے کر کہا۔ "ابھی تو رات زیادہ نہیں گزری۔"

"نہیں' یہ نہیں ہو سکتا۔ وہ آج رات نہیں جائے گی۔ تیرے پاس رہے گی۔ دیکھ انکار نہ

کرنا۔" وہ نشے کی جھونک میں بڑبڑانے لگا۔ "تو میرا مہمان ہے' میرا یار بیلی ہے۔ میدہ آج رات میرے پاس نہ رہے' یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ ذرا سوچ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ یہ نہیں ہوگا۔ ہرگز' ہرگز نہیں ہوگا۔"

رحیم داد نے سردار کی برہمی سے خائف ہو کر خاموش رہنا مناسب سمجھا۔ سردار مراد خاں شاہانی نے اسی دم سلھری کو بلوایا۔ وہ فوراً آ گئی' جیسے شاہانی کے بلاوے کا انتظار ہی کر رہی تھی۔ اس وقت وہ کچھ زیادہ ہی بن سنور کر آئی تھی۔ آنکھوں میں دنبالہ کاجل تھا' ہونٹوں پر سرخی تھی۔ بال موتیے کے پھولوں میں بسے ہوئے کرنے کے تیل سے جگمگا رہے تھے۔ سر پر بسنتی دوپٹہ تھا۔ وہ ریشم کی بسنتی منجھلی بھی باندھے ہوئے تھی' دل ربا اور عشوہ طراز نظر آ رہی تھی۔ رحیم داد کو بھی وہ بہت اچھی لگی۔ اس کے لیے دھڑکن اور بے قراری بھی محسوس کی۔

سلھری کو دیکھتے ہی مراد خاں کی آنکھوں میں چراغ روشن ہو گئے۔ لمحے بھر تک ٹکٹکی باندھے پیار بھری نظروں سے اسے دیکھتا رہا۔ پھر اس نے گلاس اٹھا کر بڑا گھونٹ بھرا اور جھوم کر گویا ہوا۔

"جند جانی! آج تو بھری ہوئی بندوک لگ رہی ہے۔ ادھر آ میرے پاس۔"

سلھری نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر ترچھی نظروں سے مراد خاں کو دیکھا۔ اس کے انداز میں لگاوٹ تھی۔ بڑی چاہت سے بولی۔ "سیں! میں صدقے تمیواں۔" وہ آگے بڑی اور مراد خاں کے پہلو سے لگ کر کھڑی ہو گئی۔

شاہانی نے اسے مخاطب کیا۔ "سلھری! انگوری کو کیا نام ہے اس کا؟" نشے کی جھونک میں اسے میدہ کا نام یاد نہیں آیا۔

سلھری نے جھٹ بتایا۔ "سیں! تو میدہ کو تو نہیں پوچھ رہا؟"

"ہاں' ہاں! وہی' بالکل وہی' میدہ' میدہ۔ وہ انگوری ہے نا؟" شاہانی نے سلھری کو سوالیہ نظروں سے دیکھا۔ "میدہ کو چوہدری کے کمرے میں پہنچا دے۔ وہ آج رات چوہدری کے پاس رہے گی۔ صبح اسے اپنے گھر بھیج دینا۔ رادھانی سے کہنا۔ اس کی ڈالی بھی میں نے معاف کر دی۔ سن لیا تو نے؟"

"جی سیں!" سلھری نے سردار کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھا اور ٹھسے سے بولی۔ "پولانی کو تیرے کوٹھے وچہ پہنچا دوں؟"

"پولانی کو گولی مار۔ آج تو ہی میرے پاس رہے گی۔" سردار شاہانی نے سلھری کے لیے حکم صادر کیا۔ "اب تو جا' میدہ کو چوہدری کے کمرے میں لے جا۔" اس نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔

"یہاں آنے کی ضرورت نہیں۔ میرا انتظار کر۔ میں جلد ہی تیرے پاس پہنچ جاؤں گا۔"

سلمیٰ کے چہرے پر سرخی دوڑ گئی۔ آنکھیں مسکرانے لگیں۔ وہ گردن اٹھائے ہو
قدم بڑھاتی چلی گئی۔ سردار شاہانی نگاہیں اٹھائے اسے جاتے ہوئے دیکھتا رہا۔ جب وہ با
مڑ کر اوجھل ہو گئی تو سردار نے رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! اپنی سلمیٰ کا بھی جوا
سدا بہار ہے۔ برسوں سے میرے پاس ہے پر اب تک پرانی نہیں ہوئی۔ ہر بار کچھ زیادہ
ہے۔ کیا خیال ہے تیرا؟"

رحیم داد صرف مسکرا کر رہ گیا۔ سردار شاہانی نے بھی مزید بات نہیں کی۔ دونوں ش
مشغل کرتے رہے۔ مراد خاں زیادہ دیر نہ ٹھہرا۔ اٹھا اور ڈگمگاتے قدموں سے جھومتا جھ
بڑھ گیا۔ رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا اور شاہانی کے ساتھ ساتھ چلنے لگا۔

سلمیٰ خواب گاہ کے دروازے پر مراد خاں کے انتظار میں کھڑی تھی۔ اسے دیکھتے
بڑھی اور ہاتھ تھام کر مسکراتے ہوئے سہارا دیا۔ دونوں کھلے دروازے سے اندر چلے گ
داد دیرے کی جانب چل دیا۔ کمرے کے قریب پہنچا۔ دروازہ کھول کر کمرے میں قدم ر
ٹھٹک گیا۔ میدہ بستر پر سر جھکائے بیٹھی تھی۔ رحیم داد نے دروازہ بند کیا۔ آگے بڑھا اور
قریب پہنچا۔ میدہ کسمسا کر سکڑنے لگی۔ اس نے نہ گردن اٹھائی نہ رحیم داد کی جانب دیکھ
بیٹھی رہی۔

رحیم داد نے اسے مخاطب کیا۔ "میدہ!" مگر اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ بہت سہمی
مضمحل نظر آ رہی تھی۔ رحیم داد نے اس کی پریشانی محسوس کی۔ اسے اپنی جانب متوجہ
غرض سے بولا۔ "فریدا تیرا بھائی ہے نا؟ وہ آج دوپہر حویلی سے باہر مجھے ملا تھا۔"

تیر ٹھیک نشانے پر بیٹھا۔ میدہ نے فوراً نظریں اٹھائیں اور بے قرار ہو کر پوچھا۔ "فریدا
تھا؟"

"ہاں!" رحیم داد نے بتایا۔ "وہ تجھے ملنے آیا تھا۔"

"پر میں نے تو اسے نہیں دیکھا۔ سئیں! وہ کب آیا تھا؟" اس کی آنکھوں سے بے قرا
ساتھ ساتھ حیرت بھی جھلک رہی تھی۔

"میں نے کہا نا' وہ آج دوپہر کو آیا تھا۔ تو سلمیٰ کے ساتھ دھوپ میں بیٹھی تھی۔ تیں
ہے نا۔ میں تیرے اور سلمیٰ کے سامنے سے گزرا تھا۔ باہر گیا تو وہ مجھے مل گیا۔" رحیم
تفصیل بتائی۔ "پر راکھے نے فریدا کو اندر نہیں آنے دیا۔ وہ حویلی کے اندر نہ آسکا۔ باہر

اسے کیسے دیکھتی؟ وہ تجھے ملے بنا چلا گیا۔"

"ہا سئیں! وہ میکوں کیسے مل سکتا ہے؟" میدہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "سردار کی اجازت
نہیں۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "فریدا کیا کہتا تھا؟ وہ تجھے ملا تھا نا؟"

"تیرے لیے وہ بہت پریشان ہے۔"

"پر اس کے پریشان ہونے سے کیا ہوتا ہے؟" میدہ کے چہرے پر غم کی بدلی چھا گئی۔ "سئیں! وہ
غریب ملیچھ میں کیا کر سکتا ہے۔ پرنا ٹیکس کی ڈالی دے سکتا تو مجھے مل لیتا۔ اپنے ساتھ بھی لے
جاتا۔"

"تیرے سوا یہاں اور بھی نیاریں ہوں گی؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"ہا سئیں!" میدہ رفتہ رفتہ رحیم داد سے مانوس ہوتی جا رہی تھی۔ "میری طرح یہاں تین اور
بکریدہ ہیں۔ ان کا پرنا ماپیوں نے سردار کی اجازت کے بنا چوری سے کر دیا تھا۔ ڈالی دینے کو رکم نہیں
تھی۔ وہ میرے آنے سے پہلے حویلی میں تھیں۔ انھیں تو پنج چھے مہینے سے بھی اوپر ہو گئے۔ کنڑک
دے موسم توں ادھر ہیں۔ اب تک سئیں نہ ان کی ڈالی سردار کو پہنچی اور نہ وہ جا سکیں۔" اس کی
آواز بھرا گئی۔ "میں بھی نہیں جا سکتی۔ فریدا ڈالی کی رکم کہاں سے لائے گا؟"

"تو فکر نہ کر فریدا کو اب ڈالی نہیں دینی پڑے گی۔" رحیم داد نے اس کی دل جوئی کرتے ہوئے
کہا۔

"سئیں! یہ کیسے ہو سکتا ہے؟" اسے رحیم داد کی بات پر یقین نہ آیا۔

"ایسے ہی' جیسے میں کہہ رہا ہوں۔ تیرا پرنا ٹیکس سردار نے معاف کر دیا۔ تو کل سویرے اپنے گھر
چلی جائے گی۔"

میدہ کی آنکھوں میں روشنی کے ستارے جگ مگائے مگر جلد ہی ان کا چکا چوند ماند پڑ گئی۔ وہ دل
گرفتہ ہو کر بولی۔ "سردار ایسا نہیں کر سکتا۔ وہ مجھے جانے نہیں دے گا۔ کل رات ہی اس نے مجھے
کہا تھا۔"

"کل کی بات چھوڑ۔ سردار نے آج مجھ سے وعدہ کیا ہے۔"

"سئیں! تو سچ بول رہا ہے؟" میدہ کا چہرہ فرط مسرت سے پھول کی مانند کھل گیا۔ "سردار نے تجھے
خود کہا تھا؟"

"ہاں' آج ہی تھوڑی دیر پہلے کہا تھا۔ میں اس کا مہمان ہوں۔ میں نے تیرے بارے میں اسے
کہا تو وہ راضی ہو گیا۔" رحیم داد کھسک کر اور قریب ہو گیا۔ "اس نے سلمیٰ کو بلا کر میرے سامنے

ہی کہہ دیا کہ وہ کل تجھے فریدا کے پاس پہنچا دے۔"

"پر سلمٰی نے تو مجھے کچھ نہیں بتایا۔" وہ ہنوز تذبذب میں تھی۔ "سیں! تو اجازت دے
سلمٰی کے پاس جا کر ابھی پوچھ لوں؟ ذرا دیر بعد لوٹ آؤں گی۔"

"سلمٰی تجھے نہیں ملے گی۔ وہ اس وکت سردار کے کمرے میں ہے۔ وہ تجھے صبح ملے گی اور
تیرے گھر پہنچا دے گی۔"

"فریدے کو بھی اس کا پتہ ہے؟"

"وہ ابھی تو نہیں جانتا۔ کل جب تو اس کے پاس جائے گی تو جان جائے گا۔" رحیم داد نے
کو بتایا۔ "ویسے میں نے اسے دلاسا دے دیا تھا۔"

"سیں! تیرے ہی کہنے پر سردار نے ایسا کیا ہے؟" میدہ نے پوچھا۔ "تیری باتوں سے ایسا ہی
ہے۔"

رحیم داد نے خوش ہو کر اسے اور مرعوب کرنے کی کوشش کی۔ "ہاں' میں نے ہی اسے کہا تھ
وہ میرا یار ہے' میری بات کیسے نہ مانتا؟"

"سیں! تو سدا جیویں۔ رب راضی ہووے۔" اس کا چہرہ مسرت سے شگفتہ ہو گیا۔ "سیں تو
چنگا ہے۔"

"میں تو چنگا ہوں۔" رحیم داد نشے سے جھوم کر بولا۔ "اب تو بھی چنگی بن جا۔" رحیم داد پڑ
لگا۔ میدہ نے کچھ نہیں کہا۔ اس کا چہرہ شرم سے گلابی پڑ گیا' نظریں جھک گئیں' لانبی لانبی پلکوں
سائے پھیل گئے۔

رحیم داد سویرے بیدار ہوا۔ میدہ نہ جانے کب کمرے سے جا چکی تھی۔ رحیم داد اٹھا' نماد ھو
شاہانی کے پاس چلا گیا۔ وہ ناشتے پر اس کا انتظار کر رہا تھا۔ دونوں نے ناشتا کیا۔ اسی اثنا میں کر
بخش رادھانی آ گیا۔ رحیم داد ناشتے سے فارغ ہو کر کمرے سے چلا گیا۔ اب صبح کی کہر کا دھند
چھٹ چکا تھا۔ ہر طرف چمکیلی بسنتی دھوپ پھیلی تھی۔

حویلی کے پچھواڑے سے سلمٰی نمودار ہوئی۔ اس کے ہم راہ میدہ تھی۔ اللہ بخش جوڑا دونو
کے پیچھے پیچھے چل رہا تھا۔ پھاٹک کے قریب پہنچ کر سلمٰی کی آواز سنائی دی۔ "جوڑے!" اس نے
میدہ کی طرف اشارہ کیا۔ "اسے فریدا کے گھر پہنچا دے۔ واپسی پر مجھے بتا دینا۔ دیری نہ کرنا۔"

"جوڑا آگے بڑھا۔ میدہ اس کے ساتھ ساتھ چلی۔ پھاٹک سے گزرتے ہوئے وہ ٹھٹکی' مڑ کر
رحیم داد کی جانب دیکھا۔ اس کے چہرے پر خوشی کا اجالا تھا۔ ہونٹوں پر دبی دبی مسکراہٹ تھی۔

رحیم داد بھی مسکرا دیا۔ میدہ پھاٹک سے باہر چلی گئی۔ رحیم داد اسے دور تک دیکھتا رہا۔

سلمٰی پھاٹک سے واپسی پر رحیم داد کے قریب سے گزری۔ رحیم داد نے اسے ٹوکا۔ "میدہ
اپنے گھر چلی گئی؟"

"ہاں سیں! بہت راضی باضی تھی۔" سلمٰی نے ٹھٹک کر زیر لب تبسم کے ساتھ کہا۔ "تجھ
سے بہت خوش تھی۔ بار بار کہتی تھی' سیں چوہدری بہت چنگا بندہ ہے۔" اس نے گردن کو خم دے
کر ایک خاص ادا سے رحیم داد کو دیکھا۔ "سیں! تو نے اسے کیوں جانے دیا؟ کچھ دن تو اپنے پاس
رکھتا۔ میدہ سوہنڑی ہے اور بھرپور جوان ہے۔"

"پر تو اس سے بھی زیادہ سوہنی اور چنگی ہے۔" رحیم داد نے مسکرا کر شوخی سے اسے چھیڑا۔
"میرا تو جی کرتا تھا۔ رات تو میرے پاس ہوتی۔"

سلمٰی نے رحیم داد کی حوصلہ شکنی نہیں کی۔ نظریں جھکا کر آہستہ سے بولی۔ "سیں! تو سردار
سے پوچھ لے۔" اس نے دوپٹہ کھینچ کر ہلکا سا گھونگھٹ نکال لیا۔

رحیم داد اس کی اس ادا پر بے قرار ہو گیا۔ وہ کچھ بولنے ہی والا تھا کہ مراد خاں کمرے سے نکلا۔
اس کے پیچھے رادھانی تھا۔ دونوں رحیم داد ہی کی جانب آ رہے تھے۔ سلمٰی نے سردار کو دیکھا تو
فوراً آگے بڑھی اور چپ چاپ حویلی کے پچھواڑے چلی گئی۔

مراد خاں قریب آ گیا۔ اس نے رحیم داد سے پوچھا۔ "چوہدری! تو تیار ہے نا؟" شکار پر چلنا
ہے۔" اس نے مڑ کر رادھانی کی جانب دیکھا۔ "رادھانی جیپ باہر نکال۔ شکار پر چلنے کا بندوبست
کر۔" رادھانی حکم ملتے ہی چلا گیا۔

مراد خاں شاہانی دھوپ میں رحیم داد کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ اس نے مسکرا کر رحیم داد سے وہی
بات کہی جو ذرا دیر پہلی سلمٰی کہہ چکی تھی۔ "چوہدری تو نے میدہ کو کیوں جانے دیا؟ میں نے تو
سلمٰی سے کہہ دیا تھا' چوہدری کی مرضی ہو تو میدہ کو روک لینا۔"

رادھانی واپس آ گیا۔ اس نے مراد خاں کو اطلاع دی کہ شکار پر چلنے کی تیاری مکمل ہو چکی ہے۔
مراد خاں اور رحیم داد آگے بڑھے' پھاٹک سے باہر نکلے اور سامنے کھڑی ہوئی جیپ میں جا کر بیٹھ
گئے۔

☆

مراد خاں خود جیپ چلا رہا تھا۔ رحیم داد اس کے برابر بیٹھا تھا۔ پچھلی نشست پر کریم بخش
رادھانی اور دو ملازم بیٹھے تھے۔ جیپ میں کھانے پینے کی اشیاء کے علاوہ بندوقیں تھیں۔ کارتوس

اور شکار کا دوسرا سازوسامان بھی موجود تھا۔ راستہ کچا تھا' جگہ جگہ گڑھے تھے۔ جیپ ہچکولے کھ
ہوئی دوڑ رہی تھی۔ مراد خاں اسے بہت سنبھال کر چلا رہا تھا۔

جیپ چار میل سے زیادہ فاصلہ طے کرنے کے بعد ایک بستی کے باہر جا کر ٹھہر گئی۔ یہ چھوٹا
گاؤں تھا۔ راوھانی نے شکاری کتوں اور ان کی دیکھ بھال کرنے والے کوتیوں کو شکار کا ہانکا کر
والوں کے ساتھ رات ہی کو بھیج دیا تھا۔ وہ سب راستے کے کنارے ایک سالبے میں ٹھہرے ہو
تھے۔ یہ ایسی جھونپڑی تھی جس کی دیواروں پر پھوس اور سرکنڈوں کا چھپر تھا۔ چھپر کے نیچے شہتی
کے بجائے اڈیاں جڑی تھیں۔ اڈیاں مثلث کی شکل کی مضبوط لکڑیاں تھیں۔ سالبے میں کئی اڈیا
تھیں جن کے درمیان ٹیڑھی ترچھی کڑیاں اور لڑے تھے۔ ان پر بڑا سا چھپر تھا۔ گاؤں میں عام طر
پر ایسے ہی سالبے نظر آرہے تھے۔

گاؤں سے چند فرلانگ پر دریائے سندھ بہتا تھا۔ دریا کے کنارے دور دور تک جھاڑیاں تھیں
جنگل اور اوجھڑ تھے۔ گھنے درختوں کے گنجان بیجھر بھی تھے۔ انھی بیجھروں میں جنگلی سور رہتے
تھے۔ وہ دن میں بیجھروں کے اندر دور تک پھیلی ہوئی دلدل اور کیچڑ میں روپوش رہتے۔ رات کو
تاریکی پھیلتے ہی ان کے غول نکلتے اور کھڑی فصلیں تباہ کرتے۔ اس حیثیت سے سور کا شکا
زمیں داروں کے لیے مشغلے اور کھیل سے زیادہ ایک بڑی ضرورت بھی تھی۔ یہ فصلوں کی تباہی سے
بچانے کی ضرورت تھی۔ سور کا شکار عام طور پر فصلوں کی تیاری کے دنوں میں کثرت سے ہوتا ہے
یہ ایسے ہی دن تھے۔ خریف کی فصل کہیں کٹ چکی تھی' کہیں کٹائی کے لیے تیار کھڑی تھی۔

مراد خاں کی ہدایت پر راوھانی نے شکاری کتوں اور ہانکا کرنے والوں کو بیجھروں کی جانب پہلے
ہی روانہ کردیا تھا۔ آگے آگے کوتی تھے۔ وہ کتوں کی زنجیریں مضبوطی سے پکڑے ہوئے تھے۔ ان
کے پیچھے ہانکا کرنے والے گردنوں میں ڈھول ڈالے' ہاتھوں میں ٹین کے پیپے' نیزے اور برچھے
سنبھالے چل رہے تھے۔ ان میں سے کچھ ایسے نڈر اور بے باک تھے جن کے پاس صرف لمبے
شکاری چاقو یا خنجر تھے۔

اس شکار میں ایسے کتے بڑی تعداد میں تھے جو بل ٹیریئر اور بوبی نسل کے کتوں کے باہمی ملاپ کی
پیداوار تھے۔ نسلی طور پر یہ دوغلے کتے سور کے شکار میں بہت موثر اور کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔
مراد خاں شاہانی نے سور کے شکار کے لیے ایسے کتوں کی خاص طور پر افزائش نسل کی تھی۔ ان کے
دانت اور جبڑے اس قدر مضبوط تھے کہ ایک بار گردن منہ میں آجانے کے بعد سور کے لیے ان کی
گرفت سے آزاد ہونا ممکن نہیں تھا۔ یہ کتے دوڑتے بھی تیز تھے' خونخوار اور نڈر بھی تھے۔

مراد خاں اور رحیم داد جیپ کے اندر ہی بیٹھے رہے۔ راوھانی نے تھرماس سے چائے انڈیلی۔
دونوں کو ایک ایک پیالی پیش کی۔ دونوں آہستہ آہستہ چائے پینے لگے۔

جب کوتی اور ہانکا کرنے والے جنگلی درختوں سے ڈھکے ہوئے گنجان بیجھروں میں داخل ہو کر
نظروں سے اوجھل ہوگئے تو کچھ ہی دیر بعد مراد خاں شاہانی نے دوبارہ جیپ اسٹارٹ کی۔ اب پچھلی
نشست پر صرف راوھانی بیٹھا تھا۔ دونوں ملازم بھی ہانکا کرنے والوں کے ساتھ چلے گئے تھے۔
دونوں منجھے ہوئے شکاری تھے۔ وہ اپنے ساتھ اپنی بندوقیں اور کارتوس بھی لے گئے تھے۔ سردار
مراد خاں اور رحیم داد کے زانوؤں پر بھی بھری ہوئی بندوقیں رکھی تھیں۔ دونوں بیجھروں کی جانب
دیکھ رہے تھے۔ شکاری کتوں کے بھونکنے کی آوازیں رک رک کر بیجھروں میں گونج رہی تھیں۔

راوھانی پچھلی نشست پر بندوق سنبھالے بیٹھا تھا۔ سردار مراد خاں اسے شکار پر ضرور ساتھ لے
جاتا تھا۔ اس کا نشانہ بہت اچھا تھا۔ ویسے مراد خاں بھی بہت اچھا نشانے باز تھا۔ اس نے کم عمری
ہی سے شکار کھیلنا شروع کردیا تھا اور اب تو وہ ماہر شکاری ہوگیا تھا۔ البتہ رحیم داد نے سور کا شکار
بہت کم کھیلا تھا۔ لیکن اس کا نشانہ بھی برا نہیں تھا۔

جیپ ہچکولے کھاتی ہوئی ایک اوجھڑ پر آہستہ آہستہ دوڑ رہی تھی۔ یہ اوجھڑ خود رو جنگلی پودوں
سے بھرا ہوا دشوار گزار اور دلدلی راستہ تھا۔ جیپ سنبھل سنبھل کر آگے اور آگے بڑھتی گئی۔ آخر
ایک ایسی جگہ پہنچ گئی جہاں اس قدر بہتات سے گھنی جھاڑیاں تھیں کہ ان کے درمیان سے جیپ
نہیں گزر سکتی تھی۔ شاہانی نے جیپ روک لی۔ بندوق سنبھالے ہوئے نیچے اترا۔ رحیم داد اور کریم
بخش راوھانی بھی باہر آگئے۔ ہر طرف پرہول سناٹا تھا۔ مگر تھوڑی ہی دیر بعد سناٹے میں ایک طرف
سے ڈھولوں اور پیپوں کی تیز آوازیں ابھریں۔

تینوں جھاڑیوں کے درمیان سے راستہ بناتے ڈھولوں اور پیپوں کی آوازوں کی سمت بڑھے۔ وہ
شاخوں سے الجھتے ہوئے آگے بڑھتے گئے۔ اب کتوں کے زور زور سے بھونکنے کی آوازیں ابھرنے
لگی تھیں۔ مراد خاں شاہانی آگے آگے تھا۔ ایک مقام پر وہ ٹھہر گیا۔ ہاتھ اٹھا کر اس نے رحیم داد
اور راوھانی کو بھی ٹھہرنے کا اشارہ کیا۔

سامنے جھاڑی میں ایک سور دبکا کھڑا تھا۔ مراد خاں نے اپنی چھوٹی رائفل اٹھا کر نشانہ باندھا اور
گولی چلا دی۔ گولی سور کی ٹانگ میں لگی۔ وہ زخمی ہو کر جھاڑیاں چیرتا تیزی سے ایک طرف بھاگا۔ مگر
ذرا ہی دیر بعد ایک گھنے درخت کے تنے کے پیچھے سے نمودار ہوا۔ چوٹ کھا کر وہ زیادہ خونخوار ہوگیا
تھا۔ وہ غراتا ہوا اپنے تیز اور نوکیلے دانت نکالے تینوں پر بگولے کی مانند اچانک جھپٹا۔

رادھانی نے فوراً گولی چلائی۔ لیکن نشانہ خطا کرگیا۔ مراد خاں نے جھٹ رائفل اٹھائی۔
اس کی انگلیوں سے پھسل کر نیچے گر گئی۔ سور منہ پھاڑے دانت نکالے بالکل سامنے تھا اور
کے فاصلے پر پہنچ چکا تھا۔ مراد خان آگے تھا۔ وہ نہتا بھی تھا اور بالکل اس کی زد پر تھا۔ رحیم دا
پاس ۱۲ بور کی بندوق تھی۔ اس نے نہایت پھرتی سے بندوق اٹھائی' نشانہ لیا اور جھٹ گولی چلا
نشانہ بالکل ٹھیک بیٹھا۔ گولی سور کا ماتھا چیرتی پھاڑتی اندر اتر گئی۔ سور فوراً وہیں ڈھیر ہوگیا۔
پلک جھپکتے ہی سور کی مادہ نکلی۔ وہ بھی غراتی چیختی دانت نکالے تیزی سے جھپٹی۔ رحیم داد نے ا
بھی گولی چلا دی۔ اس دفعہ بھی نشانہ بالکل ٹھیک بیٹھا۔ وہ بھی گولی کھاتے ہی گر کر تڑپنے لگی۔

سور اور اس کی مادہ چند گز دور کیچڑ میں پڑے دم توڑ رہے تھے۔ تینوں چند لمحے انھیں سسکتے تڑپتے دیکھتے رہے پھر مراد خاں ہنستا ہوا آگے بڑھا اور نہایت گرم جوشی سے رحیم داد کو اپنے دو بازوؤں میں بھینچ لیا۔ اس کی پیٹھ تھپک کر بولا۔

"چوہدری! تو نے تو آج کمال کردیا۔ ایسا سچا نشانہ لگایا کہ دل خوش کردیا۔ مجھے پتہ نہیں تھا تو زبردست شکاری ہے۔"

رحیم داد کچھ نہیں بولا۔ صرف مسکرا کر رہ گیا۔ لیکن مراد خاں بہت مسرور تھا۔ رادھانی نے رحیم داد کے نشانے کی تعریف کی۔ اسی اثناء میں ہانکا کرنے والے اور دوسرے شکاری بھی گولی کی آوازیں سن کر پہنچ گئے۔ مگر شاہانی وہاں نہیں ٹھہرا۔ اس نے جھک کر اپنی رائفل اٹھائی۔ رحیم داد اور رادھانی کے ہم راہ اس طرف بڑھا جس طرف سے کتوں کے زور زور سے بھونکنے کی آوازیں ابھر رہی تھیں۔

تینوں نے چونک کر دیکھا' کچھ فاصلے پر سوروں کا ایک غول جھاڑیوں کے درمیان سے گزر رہا ہے۔ وہ کتوں کے نرغے سے نکل کر بھاگے تھے۔ تینوں نے بھاگتے ہوئے سوروں پر تابڑ توڑ گولیاں چلائیں۔ دو سور فوراً گر کر تڑپنے لگے۔ غول کے بقیہ سور گھنی جھاڑیوں میں گھس کر آن کی آن میں نظروں سے اوجھل ہوگئے۔ جھک جھک کر ادھر ادھر دیکھنے پر بھی نظر نہیں آئے۔

مراد خاں' رحیم داد اور رادھانی آگے بڑھے۔ گھنی جھاڑیوں سے گزر کر کھلی جگہ پہنچے تو خوف ناک منظر سامنے تھا۔ چند قدم کے فاصلے پر ہانکا کرنے والا ایک شکاری کٹا ہوا خون میں لت پت پڑا تھا۔ تینوں نے جھپاک سے اس کے قریب پہنچے۔ وہ تکلیف سے گردن ادھر ادھر ہلا رہا تھا۔ اس کے ہاتھ میں ابھی تک شکاری چاقو دبا تھا۔ کچھ ہی فاصلے پر ایک سور بھی خون میں ڈوبا بے جان پڑا تھا۔ اس کا پیٹ پھٹا ہوا تھا' آنتیں باہر نکل آئی تھیں۔

زخمی کٹانے کا ایک پیر پنڈلی سے ران تک جنگلی سور نے اپنے تیز اور خونخوار دانتوں سے چیر ڈالا تھا۔ زخم نہایت گہرا آیا تھا۔ ٹانگ کی چربی اور ہڈی تک نظر آرہی تھی۔ خون بہت زیادہ بہہ چکا تھا۔ اس کے جسم کے نیچے خون ہی خون تھا۔ رحیم داد اسے دیکھ کر لرز گیا۔

مراد خاں نے زخمی کو فوراً پہچان لیا۔ وہ رادھانی سے مخاطب ہوا۔ "رادھانی! یہ تو سینا ہے۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "بہت دلیر اور زبردست شکاری ہے۔ ایسا زبردست کہ سور تیزی سے دوڑ کر حملہ کرنے کے لیے جھپٹے تو یہ بھاگنے کی بجائے اس سے ٹاکرہ لینے کے لیے دونوں ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہوجاتا۔ سور عام طور پر ٹانگوں ہی میں گھس کر حملہ کرتا ہے۔ سینا کا یہ کمال ہے کہ جیسے ہی سور ٹانگوں کے بیچ میں گھستا' یہ نہایت پھرتی سے اس کا پچھلا حصہ ٹانگوں سے دبا کر سوار ہوجاتا اور تیزی سے چاقو پیٹ میں گھسیڑ کر اسے چیر پھاڑ ڈالتا۔"

رحیم داد نے حیرت سے کہا۔ "بہت زور آور اور جی دار لگتا ہے۔"

"میں نے اپنی آنکھوں سے کئی بار اسے اسی دلیری سے سور کا شکار کرتے دیکھا ہے۔" مراد خاں نے بتایا۔ "بہت خطرناک انداز میں شکار کرتا ہے۔ میں نے کئی بار منع بھی کیا ہے مگر یہ نہیں مانا۔" اس نے مردہ سور کی طرف اشارہ کیا۔ "لگتا ہے' اس کا شکار بھی سینا ہی نے کیا ہے۔ پر اس بار کچھ چوک ہوگئی۔ سور نے بپھر کر اپنے دانتوں سے پوری ٹانگ چیر ڈالی۔" اس کے چہرے پر پریشانی پھیل گئی۔ اس نے رادھانی سے کہا۔ "رادھانی! خون بہت بہہ گیا۔ اس کی مرہم پٹی کے لیے کسی کو فوراً بلا ورنہ یہ مرجائے گا۔"

رادھانی نے حکم ملتے ہی اونچی آواز سے چیخ چیخ کر ہانکا کرنے والوں کو پکارا۔ ذرا دیر میں کئی مصلی اور کٹانے وہاں پہنچ گئے۔ ایک نے جھٹ پگڑی اتاری اور خون بند کرنے کی غرض سے اسے جلدی جلدی زخم پر لپیٹنے لگا۔ دوسرے بھی زخمی سینا کے گرد اکٹھے ہوگئے۔ انھوں نے کئی اور پگڑیاں لیں اور زخمی ٹانگ پر لپیٹ دیں۔ خون بند ہوگیا۔ سب نے زخمی کٹانے کو ہاتھوں پر اٹھایا اور ایک طرف بڑھنے لگے۔ سینا اب بے سدھ ہوچکا تھا۔ اس کی گردن ایک طرف ڈھلکی ہوئی تھی۔ آنکھیں بند تھیں۔ جھولتے ہوئے ہاتھ بے جان نظر آرہے تھے۔ وہ بہت آہستہ آہستہ سانس لے رہا تھا۔

اس خوفناک حادثے کے باوجود شکار کا سلسلہ جاری رہا۔ آخر جب دن ڈھلے بھنچروں کے گھنے درختوں کے نیچے اندھیرا پھیلنے لگا تو شکار ختم کردیا گیا۔ مراد خاں جیپ کی جانب بڑھا۔ رحیم داد اور رادھانی اس کے ساتھ تھے۔ ہانکا کرنے والے مراد خاں کے مزارعے اور کمی ہی تھے۔ وہ بیگار پر

لگائے گئے تھے۔ کوتیوں اور ان کے شکاری کتوں کے ساتھ وہ بستی کی طرف چلے گئے۔ جیپ قریب پہنچ کر رادھانی نے مراد خاں اور رحیم داد کو تھرماس سے ایک بار پھر چائے پلائی۔ اس چائے کے ساتھ پلیٹوں میں بھنا ہوا گوشت اور بسکٹ بھی تھے۔

تینوں جیپ میں سوار ہوئے۔ شاہانی نے جیپ اسٹارٹ کی۔ جیپ اوجھڑ سے نکل کر بستی پہنچی۔ مگر شاہانی وہاں نہیں ٹھہرا۔ وہ اس سالمہ کے پاس بھی نہیں رکا جس میں ہانکا کرنے والوں کوتیوں کے علاوہ زخمی سینا بھی پڑا تھا۔ شاہانی نے نہ زخمی کا حال پوچھا اور نہ ہی اس کے بارے رحیم داد اور رادھانی سے کوئی بات کی۔ ویسے اس کے لیے یہ کوئی نیا یا انوکھا حادثہ نہیں تھا۔ کے شکار میں پہلے بھی ایسے کئی واقعات پیش آچکے تھے۔ ان حادثات کے نتیجے میں دو ہانکا کر والے زخمی ہو کر ہلاک بھی ہو چکے تھے۔

☆

جیپ ہچکولے کھاتی کچے راستے پر دوڑتی رہی اور جب ہموں والی میں داخل ہوئی تو سورج مغ کے اندھیرے غار میں اتر چکا تھا۔ اس کی الوداعی کرنیں درختوں کی اونچی اونچی شاخوں پر دھندلی جا رہی تھیں۔ کہر میں لپٹی ہوئی سرد شام آہستہ آہستہ فضا میں گھلتی جا رہی تھی۔ شاہانی اور رحیم جیپ سے اتر کر حویلی کے اندر چلے گئے۔ رادھانی باہر ہی ٹھہرا رہا۔

رحیم داد بہت تھک گیا تھا۔ وہ سیدھا اپنے کمرے میں گیا اور کرسی پر نڈھال ہو کر نیم د ہوگیا۔ کچھ دیر بعد ملازم نے غسل خانے میں گرم پانی کی بالٹی رکھ دی۔ رحیم داد نے گرم پانی غسل کیا۔ اجلے کپڑے پہنے اور حویلی کی بیٹھک میں پہنچ گیا۔ مراد خاں شاہانی ابھی تک نہیں پہنچ مگر رحیم داد کو زیادہ دیر انتظار نہیں کرنا پڑا۔ شاہانی نہا دھو کر اور صاف ستھرا لباس پہنے چند ہی م بعد آگیا۔ اس کے پہنچتے ہی بوتل اور گلاس بھی آگئے۔ دو بڑی بڑی تھالیوں میں تلے ہوئے مرغ میز پر رکھ دیئے گئے۔ فوراً پینے پلانے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔

شاہانی نے دو گلاس چڑھانے کے بعد تیسری بار گلاس بھرا اور رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! آج زیادہ دیر نہیں بیٹھوں گا۔ بہت تھک گیا ہوں۔" اس نے ہلکا۔ قہقہہ بلند کیا۔ "پولانی میرا انتظ کر رہی ہے۔ ادھر آتے ہوئے میں نے اسے دیکھا تھا۔ ایسی بوڑا اور پوپٹ لگ رہی تھی کہ طبیعہ ایک دم پھڑک اٹھی۔ جواب نہیں اس کا۔"

"یہی گل تو کل رات سلھری کے بارے میں کہہ رہا تھا۔"

"وہ کچھ اور چیز ہے۔" شاہانی ہنس کر بولا۔ "سچ بتا' ہے کہ نہیں؟"

رحیم داد نے نشے میں جھوم کر بے ساختہ کہا۔ "دل کی بات پوچھ تو سلھری مجھے بھی پسند ہے۔"

"جب ہی آج صبح تو اسے مٹھارنے کی کوشش کر رہا تھا۔" وہ ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "میں تاڑ گیا تھا کہ تیری طبیعت سلھری پر آگئی ہے۔ وہ رن ہی ایسی پھڑک دار ہے۔"

"تیرے پاس تو پولانی رہے گی۔" دل کی بات رحیم داد کی زبان پر آگئی۔ ہچکچاتے ہوئے بولا۔ "سلھری تو آج رات خالی ہے۔"

"کیا مطلب؟" شاہانی نے اسے نظر بھر کر دیکھا۔ "صاف گالہ کر۔ تو چاہتا کیا ہے؟"

"تیری مرضی جاننا چاہتا ہوں۔" رحیم داد نے شاہانی سے نظریں نہیں ملائیں۔ قاب سے مرغ کی ٹانگ اٹھا کر گوشت دانتوں سے نوچنے لگا۔

"چوہدری! سلھری کی گالہ نہ کر۔" شاہانی اچانک سنجیدہ ہوگیا۔ "سلھری کے معاملے میں میرے کئی یار مجھ سے ناراض ہوگئے۔ ڈیرہ غازی خاں کے تمن دار سربلند خاں دریشک سے تو ایسا بگاڑ پیدا ہوا کہ اب تک اس سے بول چال بند ہے۔" اس نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ "وہ میری بجن ہے۔ ایسی جند جانی ہے کہ میں اسے کسی کے پاس نہیں جانے دیتا۔ تیکوں پتہ نہیں سولہ سال سے اوپر ہوگئے' وہ میرے پاس ہے۔ پر اس سے کبھی میرا دل نہیں بھرتا۔ سچ پوچھ تو میں اسی کے لیے ہموں والی آتا ہوں۔ وہ اس حویلی کی جان ہے۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ شاہانی نے ایک اور بڑا گھونٹ بھرا۔ رحیم داد کی جانب مسکرا کر دیکھا۔ "چوہدری! میں تیرے پاس کسی دوسری پھڑک دار اور پوپٹ رن کو بھجوا دوں گا۔ حویلی میں کئی زور دار اور سوہنڑی رنان موجود ہیں۔ تیرا جی خوش ہو جائے گا۔" اس نے نشے میں لہرا کر قہقہہ لگایا۔

"فکر نہ کر۔ اپنی پسند تو مجھ پر چھوڑ دے۔"

"پہلے بھی میں نے کب تجھ سے اپنی پسند کی گل کی۔ سلھری کی بات تو ایسے ہی نکل آئی۔" رحیم داد کا لہجہ دھیما اور بجھا ہوا تھا۔ "تو میری بالکل فکر نہ کر۔ کسی کو میرے پاس بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ میں اپنی حویلی میں اکیلا ہی سوتا ہوں۔ مدت ہوگئی اس طرح سوتے ہوئے۔"

"لگتا ہے تو بھی ناراض ہوگیا۔" شاہانی نے رحیم داد کی افسردگی اور دبا دبا احتجاج محسوس کرتے ہوئے کہا۔ "یہ سلھری بہت ظالم رن ہے۔ اس کی وجہ سے ہمیشہ یار دوستوں سے بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔"

"پر اس معاملے میں مجھ سے تیرا کوئی بگاڑ پیدا نہیں ہوگا۔" رحیم داد نے اسے یقین دلانے کی کوشش کی۔ "تو میرا یار ہے اور سدا یار رہے گا۔ اول تو میں کسی سے یاری کرتا نہیں اور جب کرتا

ہوں تو جی جان سے کرتا ہوں۔ ابھی تو میرا اور تیرا نیا نیا معاملہ ہے۔" اس کے لہجے میں خروش پیدا ہو گیا۔ "آگے تو خود دیکھ لے گا۔ میں خالی پیلی گلاں نہیں کرتا۔"

"میرے دل کی بات جاننا چاہتا ہے تو سن لے۔" مراد خاں شاہانی نے ایک ہاتھ سے ا تھپکتے ہوئے کسی قدر جوشیلے لہجے میں کہا۔ "میرا رب جانتا ہے' میں تجھے کتنا چاہتا ہوں۔" ا گہری سانس بھری۔ "چوہدری! میرا کوئی بھائی نہیں۔ سچ کہتا ہوں' تجھے اپنے چھوٹے بھائی سا کرتا ہوں۔ ویسے بھی تو بہت چنگا بندہ ہے۔" اس نے شراب کی چسکی لگائی۔ "اور آج تو تو۔ ہی کر دیا۔" مراد خاں نے حملہ آور سور کا حوالہ دیا۔ "باہر والا مجھ پر کیسا دانت نکال کر جھ تو نے دیکھا نہیں' میری رائفل ہاتھ سے چھوٹ کر گر گئی تھی اور میں بالکل اس کے سامنے تیرے گولی چلانے سے میں بال بال بچ گیا ورنہ میں بھی سینا کی طرح زخمی پڑا ہوتا۔"

"ایسی گل نہ کر۔" رحیم داد نے انکسار سے کام لیا۔ "میں نے کیا کمال دکھایا۔ شکار میں ہوتا ہی ہے۔ تو تو پرانا شکاری ہے۔ ایسے حادثے تو نے شکار میں بہت دیکھے ہوں گے۔"

مراد خاں شاہانی نے کچھ نہیں کہا۔ چپ بیٹھا دانتوں سے تلے ہوئے مرغ کا گوشت نوچ کھاتا رہا۔ اس نے اپنا گلاس اٹھایا اور غٹا غٹ چڑھا گیا۔ خالی گلاس میز پر رکھا اور اٹھ ہو گیا۔ "چوہدری! اب میں چلوں گا۔ تو بھی اپنا گلاس ختم کر۔"

رحیم داد نے گلاس اٹھا کر ہونٹوں سے لگایا اور خالی کر دیا۔

"چوہدری! تو اپنے کمرے میں جا۔" مراد خاں نے آگے بڑھتے ہوئے کہا۔ "سلمیٰ تیرے پہنچ جائے گی۔"

"رہنے دے شاہانی۔" رحیم داد نے اٹھتے ہوئے کہا۔ "سلمیٰ کی گل تو پہلے ہی ختم ہو گئی۔"

"بکواس نہ کر۔" سردار شاہانی نے مسکرا کر رحیم داد کو پیار سے ڈانٹا۔ "سلمیٰ آج تیرے ہی پاس رہے گی۔" وہ نشے سے جھوم کر ڈگمگایا۔ "یوں سمجھ یہ تیرے سچے نشانے کا ہے۔ اب تو جا۔" شاہانی لڑکھڑاتے قدموں سے چلتا ہوا اپنے کمرے میں چلا گیا۔

رحیم داد بھی بیٹھک سے نکلا اور آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا ہوا اپنے کمرے میں پہنچ گیا۔ وہ تو سا کرسی پر جا کر بیٹھ گیا۔ اس کی نظریں بار بار دروازے کی جانب اٹھ جاتیں۔

چند منٹ بعد دروازہ کھلا۔ رحیم داد نے بے تاب ہو کر پہلو بدلا۔ مگر وہ سلمیٰ نہیں تھی' کھانا لے کر آیا تھا۔ اس نے کھانا میز پر رکھ دیا اور دبے قدموں واپس چلا گیا۔ رحیم داد نے نہیں کھایا۔ اشتہا ہی نہیں تھی۔ اس نے اپنی پگ اتار کر کھونٹی پر لٹکائی۔ جوتے اتارے اور

ٹ گیا۔ اس نے رضائی اٹھا کر سینے پر ڈال لی۔ رات آہستہ آہستہ گزرتی رہی۔ لیکن نہ کوئی آہٹ ولی نہ آواز۔ کمرے کا دروازہ بند تھا۔ رحیم داد جاگ رہا تھا اور بستر پر خاموش لیٹا تھا۔ مگر وہ زیادہ ر تک چین سے نہ لیٹ سکا۔ اس نے کروٹ لی' بے قرار ہو کر اٹھا اور تکیے کے سہارے اونچا ہو کر ٹھ گیا۔ وقت گزرتا رہا۔ پانچ منٹ گزرے' دس منٹ گزرے' آدھ گھنٹہ گزر گیا۔ کمرے میں لیمپ روشن تھا۔ اس کی زرد زرد روشنی در و دیوار پر پھیلی تھی۔

رحیم داد نے کئی بار بے چینی سے پہلو بدلا پھر پلنگ سے اترا' سلیپر پہنے' لیمپ کی طرف بڑھا' قریب گیا' ہاتھ بڑھایا' ٹھٹکا اور ہاتھ کھینچ لیا۔ لیمپ کی لو مدھم نہیں کی' واپس آیا اور بستر کے بجائے چپ چاپ ایک بار پھر کرسی پر بیٹھ گیا۔ رات اور سنسان ہو گئی۔

گھنٹہ بھر سے زیادہ وقت گزر گیا۔ دروازہ بدستور بھڑا ہوا تھا۔ رحیم داد نے گہری سانس بھری' اٹھا اور بستر پر جا کر لیٹ گیا۔ اس نے آنکھیں بند کر لیں مگر سویا نہیں۔ اسی عالم میں اس نے کمرے کے باہر چاپ سنی۔ چاپ دھیرے دھیرے قریب آتی گئی۔ دروازہ چرچرایا۔ رحیم داد نے آنکھیں کھول دیں۔ دیکھا' سلمیٰ دہلیز پر کھڑی ہے۔ اس نے زیر لب مسکرا کر رحیم داد پر ایک نظر ڈالی' مڑی دروازہ بند کیا اور کنڈی چڑھا دی۔ وہ ہولے ہولے قدم اٹھاتی ہوئی رحیم داد کی جانب بڑھی اور اس کے روبہ رو تیر کے مانند تن کر کھڑی ہو گئی۔ وہ سرخ دوشالہ اوڑھے ہوئے تھی۔ چولا ڈھیلا ڈھالا اور سفید تھا مگر منجھلی کے بجائے وہ لھگرا پہنے ہوئے تھی جس پر سرخ اور سیاہ گل بوٹے تھے۔ آنکھوں میں دنبالہ کاجل تھا۔ ناک میں بڑا سا کوکا تھا۔ ہونٹ گہرے گلابی تھے۔ چہرے پر نکھار اور شگفتگی تھی۔ وہ خوب سج دھج کے ساتھ آئی تھی۔ صاف معلوم ہوتا تھا کہ اس نے ابھی ابھی سنگھار کیا ہے۔ رحیم داد نے اسے بے قرار نظروں سے دیکھا اور ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔ وہ اٹھ کر بیٹھ گیا' مسکرا کر بولا۔ "کھڑی کیوں ہے؟ بیٹھ جا سلمیٰ۔"

"تو نے مجھے بلا ہی لیا۔" سلمیٰ نے گردن ترچھی کی اور مڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ "میں چوہدری! تو بہت تکھا اور زور آور ہے۔" اس نے ایک ہاتھ سے اپنے لھگرے کا گھیر سنبھالا۔ لچکتی ل کھاتی آگے بڑھی اور پاؤں لٹکا کر بستر پر بیٹھ گئی۔ چند لمحے خاموش رہی پھر مسکراتے ہوئے بڑے ُسے سے بولی۔ "سردار مجھے کسی کے پاس جانے نہیں دیتا۔ تیری گالہ اس نے کیسے مان لی۔ یہ بھید سمجھ نہیں آیا۔"

رحیم داد اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے بولا۔ "یہ بتا' تو نے دیر کیوں لگا دی؟" اس نے سلمیٰ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر پوچھا۔ "سردار نے روک لیا ہو گا؟"

"نا سیں!" وہ گردن ہلا کر بولی۔ "وہ تو پولانی کے پاس ہے۔"

"پر وہ تجھے چاہتا بہت ہے۔" رحیم داد نے اسے چھیڑا۔ "تجھ میں ایسی کیا بات ہے جو وہ تجھ
چاہتا ہے؟"

"پتہ نہیں سیں!" سلھری نے نظریں جھکا کر شرمانے کی کوشش کی۔ "پر میں بھی اسے اتنا
پیار کرتی ہوں۔ برسوں سے اس کے ساتھ ہوں۔" اس نے گردن اونچی کی۔ "اس حویلی میں
بیس سال تو ہو گئے ہوں گے۔"

"بیس سال۔" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔ "جب تو یہاں آئی ہوگی شاہانی تب چھوہرا
ہوگا۔ تو اس سے عمر میں زیادہ تو نہیں لگتی۔"

"نا سیں! میں اس سے کچھ زیادہ ہی ہوں گی۔" سلھری انکار نہ کر سکی۔ "سردار کو بھی اس کا
ہے۔" رحیم داد کا تجسس اور بڑھا۔ اس نے کرید کر پوچھا۔ "صاف بتا۔ تیری گل سمجھ نہیں آئی۔"

"تو سمجھ بھی نہیں سکتا۔" وہ شوخی سے مسکرائی۔ "تب وڈا سردار نجیب خاں زندہ تھا۔" سلھری
نے صاف گوئی سے کام لیا۔ "میں پہلے اسی کے پاس ہوتی تھی۔ وہ بہت ڈاڈھا اور زور آور سردا
تھا۔ کھرا بلوچ۔ یہ وڈی اس کی داڑھی تھی۔" سلھری نے ہاتھ پھیلا کر بتایا۔ "تیری داڑھی اس
کے آگے کچھ نہیں۔ وہ بہت رن رسیا تھا۔ جو سوہنڑی اور پوپٹ رن نظر آتی اٹھوا کر حویلی میں ڈال
لیتا۔ روز ہی نئی نویلی رن اٹھواتا تھا۔"

"تجھے بھی اس نے اٹھوایا تھا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔ "میرا مطلب ہے' مراد خاں کے
سردار نجیب خاں نے تجھے اٹھوا کر اپنے پاس رکھا ہوا تھا؟"

"نا سیں!" سلھری نے فوراً وضاحت کی۔ "اس کا مرن ہو گیا۔ مجھے اس کے پیچھے جھوٹ نہیں
بولنا۔ مجھے تو منصور خاں ڈھانڈلے نے اٹھوایا تھا۔ وہ بھی بیٹ کا بہت وڈا سردار تھا۔ میں ان دنوں
بھل میں ہوتی تھی۔ میرا پرنا ہو چکا تھا۔ میرا گھر والا تھا۔ اس کا ناں ہاتو تھا۔ وہ جتوال تھا۔ اپنے اٹھ
پرمال اسباب لاد کر دور دور لے جاتا تھا۔ اس کے پاس دو اٹھ تھے۔ ٹھیک ٹھاک گزر بسر ہوتی تھی۔
اس سے میرا ایک پتر بھی ہوا۔"

"پر تجھے تو ڈھانڈلہ سردار نے اٹھوالیا تھا۔" رحیم داد کے لہجے میں استعجاب تھا۔ "تو یہی بتا رہی
تھی نا؟ فیر تو مراد خاں کے پیو کے پاس کیسے پہنچ گئی؟"

"وہ ایسا ہوا سیں! سردار منصور نے جب مجھے اٹھوالیا تو میں اس کی حویلی میں لگ بھگ سال بھر
رہی۔ ویسے وہ بھی مجھے بہت پیار کرتا تھا۔ پر بہت ظالم اور خونی تھا۔ اس نے بہت خون کیے۔ ہاتو کا

بھی اسی نے خون کیا۔" سلھری نے ٹھنڈی سانس بھری۔ اس کے تابندہ چہرے پر دکھ کا ہلکا ہلکا غبار
بکھر گیا۔ "ہوا یہ کہ ہاتو ایک اندھیاری رات کو اٹھ پر بیٹھ کر بھل سے ادھر آیا۔ اس نے اٹھ
ڈھانڈلے کی حویلی کی دیوار سے لگایا' کود کر اندر پہنچا۔ وہ مجھے لینے آیا تھا۔ بہت جی دار اور دلیر تھا'
ذرا بھی نہ ڈرا۔ وہ مجھے بہت پیار کرتا تھا۔"

"سب ہی تجھے پیار کرتے ہیں۔" رحیم داد نشے میں لہرا کر بولا۔ "تو ہے بھی تو کتنی سوہنی۔" وہ
بہکا مگر فوراً سنبھل گیا۔ اس نے بات کا رخ موڑتے ہوئے کہا۔ "اب آگے کی سنا۔"

"ہاتو حویلی کے اندر پہنچا تو سردار منصور ڈھانڈلے کو کسی طرح اس کے آنے کا پتہ چل گیا۔"
سلھری نے رحیم داد کی مداخلت نظر انداز کرتے ہوئے اپنی بات جاری رکھی۔ "ہاتو پڑچھتی میں
میرے پاس کھڑا تھا اور مجھے اپنے سنگ لے جانے کے لیے گھات میں تھا۔ پر جیسے ہی ہم دونوں
حویلی سے نکلے' دیکھا' سامنے ڈھانڈلہ کھڑا ہے۔ اس کے کئی کرندے بھی موجود تھے۔ انھوں نے
جھپٹ کر ہاتو کو دبوچ لیا۔ مجھے بھی پکڑ لیا۔ سردار نے مجھے تو ایک کوٹھڑی میں بند کر کے باہر سے تالا
ڈال دیا اور ہاتو کو اپنے سنگ لے گیا۔ وہ اتنا کینے میں تھا کہ صبح بھی نہ ہونے دی۔ رات ہی کو ہاتو پر
اپنے شکاری کتے چھوڑ دیئے۔ کتوں نے چھیر پھاڑ کے اسے ختم کر دیا۔ اس کی کٹی پھٹی لاش میرے
پاس کوٹھری میں بھجوا دی۔"

"اس کی لاش دیکھ کر تیں نوں بہت دکھ ہوا ہوگا۔"

"سیں! یہ بھی بتانے کی گل ہے؟" سلھری کا چہرہ اور افسردہ ہو گیا۔ "ہاتو کے ساتھ میرا پرنا ہوا
تھا۔ وہ پیو کے گھر سے میکوں وداکر کے لایا تھا۔ میرے پتر کا پیو تھا' بہت جڑیا اور گبھرو جوان تھا۔"

"ایسی بات تھی تو سوتے میں کسی رات چھری سے ڈھانڈلے کا گلا کاٹ دیتی۔" رحیم داد نے
سردار منصور خاں کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کیا۔

"تو کیسی گالہ کر رہا ہے سیں!" وہ حیران و پریشان ہو کر بولی۔ "میں ایسا کیسے کر سکتی تھی؟ سردار
منصور بہت جڑیا اور زور آور تھا۔" اس کی آنکھوں سے خوف جھلکنے لگا۔ "ظالم اور خونی اتنا
زبردست تھا کہ ایک بار تو اپنے سکے بھائی کا اس نے خون کر دیا تھا۔ ویسے اس کا بھائی بھی سردار تھا
اور زور آور بھی تھا۔ اس کا ناں محمود خاں ڈھانڈلہ تھا۔ وہ بھی بہت ٹھرکی اور رن رسیا تھا۔"

"وہ بھی تجھے پیار کرنے لگا تھا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"ایسی ہی گالہ تھی سیں!" سلھری نے گردن ہلا کر اعتراف کیا۔ "وہ بھی مجھے پیار کرتا تھا۔
رات کے اندھیارے میں چھپ چھپ کر میرے پاس آتا۔ ایک رات وہ میری کوٹھری میں تھا۔

منصور کو پتہ چل گیا۔ وہ دروازہ کھول کر اندر آگیا۔ اسے میرے ساتھ دیکھ کر گصے سے پاگل ہ
بھری ہوئی ر ۔فل اس کے ہاتھ میں دبی تھی۔ اس نے ہم دونوں پر گولی چلا دی۔ میں تو صاف
پر ایک گولی محمود خاں کے کندھے میں اتر گئی۔ منصور نے تو اپنے تئیں اس کا خون کر ہی دیا تھ
مرا نہیں۔ گھاؤ زیادہ گہرا نہیں تھا۔"

بہت ہنگامہ اور رولا پڑا ہو گا؟"

"مجھے تو سیں اتنا پتا ہے کہ جھگڑا دونوں بھائیوں کا تھا پر میں شامت دی ماریا ڈھانڈلوں کی نظ
میں بھوت بلا بن گئی۔" سلطرہی نے بجھے ہوئے لہجے میں آگاہ کیا۔ انھوں نے مجھے بالوں سے پک
زمین پر گھسیٹا۔ بہت مارا پیٹا۔ بدن پر ہر جگہ چوٹ آئی پر میں نے کچھ نہیں کہا۔ کوٹھڑی میں اُ
پڑی درد سے بلکتی رہی' روتی رہی۔ ادھر ڈھانڈلوں نے طے کیا کہ مجھے حویلی سے نکال دیا جائے۔

"اس طرح تجھے اپنے گھر جانے کا موقع تو مل ہی گیا ہو گا؟"

"ایسا نہیں ہوا سیں! سردار منصور مجھے چھوڑنے پر تیار نہیں تھا۔ تب ڈھانڈلہ تمن نے جر
بلایا۔ جرگے میں خاندان والے ہی بیٹھے۔ کوئی مکدّم یا معتبر نہیں بیٹھا۔ جرگے نے مجھے حویلی۔
نکالنے کا فیصلہ کیا پر منصور نے مجھے ماپیؤ کے پاس نہیں جانے دیا۔ وہ تب تک زندہ تھے۔ اس۔
مجھے لودہزار میں سردار نجیب خاں کے ہاتھ بیچ دیا۔ اس طرح میں اس حویلی میں آگئی۔"

"تو اس حویلی میں تو اس طرح آگئی۔" رحیم داد نے مسکرا کر پوچھا۔ "پر مراد خاں تیرے ساتھ
کیسے لگ گیا؟"

"سیں! اب تجھ سے کیا چھپانا۔ اس کے پیؤ سردار نجیب ہی نے لگایا تھا۔" سلطرہی نے تیکھے
لہجے میں بتایا۔

"سردار نجیب نے لگایا تھا؟" رحیم داد نے حیرت سے چونک کر سوال کیا۔ "یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

"بس ایسے ہی جیسے کہہ رہی ہوں۔" سلطرہی نے بڑے اعتماد سے جواب دیا۔ "میں سردار نجیب
کے پاس لگ بھگ تین سال رہی۔ ان دنوں مراد خان لہور میں پڑھتا تھا۔ رہتا بھی وہیں تھا۔ چھٹیوں
میں صرف بھکر آتا تھا۔ ہموں والی کبھی نہیں آیا تھا۔ کم سے کم میں نے تو اسے ان دنوں نہیں
دیکھا۔ فیر ایسا ہوا سیں کہ مراد کے پرنے کی بات چلی۔ تب وہ ستارھا اٹھارہ برس کا رہا ہو گا۔" اس
نے رحیم داد کی جانب نظر بھر کر دیکھا۔ "انھی دنوں وہ پہلی بار میرے سامنے ہموں والی آیا۔ سردار
نجیب بھی اس کے ساتھ آیا تھا۔ حویلی میں مراد خان کے رہنے کے لیے علیحدہ کمرے میں بندوبست
کیا گیا۔"

ایسی کمرہ ہو گا جس میں وہ آج کل ٹھہرا ہوا ہے؟"

ا سیں! وہ سدا اسی کمرے میں ٹھہرتا ہے۔" وہ رحیم داد کو صاف گوئی سے سب کچھ بتاتی
ہی۔ "مراد خان کو ہموں والی میں آئے ہوئے دوسرا یا تیسرا روز تھا کہ ایک شام سردار نجیب نے
ے بلایا کہنے لگا' سلطرہی! تیکوں پتہ ہی ہے۔ مراد کا پرنا ہونے والا ہے پر وہ بالکل بھولا بلا ہے۔ رن
کے بارے میں اسے کچھ اتا پتا نہیں۔ تو آج رات اس کے ساتھ سو اور اسے سب کچھ سمجھا دے
نا دے۔" وہ اپنی بات کہتے کہتے شرما گئی۔ دھیمے لہجے میں بولی۔ "وڈے سردار کے حکم پر میں رات کو
مراد خان کے کمرے میں گئی اور اس کے ساتھ سوئی۔"

"تو یہ گل ہے۔" رحیم داد کو بے ساختہ ہنسی آگئی۔ "یہ کیوں نہیں کہتی اس لائن پر تو نے مراد
خان کو لگایا ہے۔ غلط کہہ رہا ہوں میں؟"

"نا سیں! ایسی گالہ بالکل نہیں۔" سلطرہی نے فوراً انکار میں گردن ہلائی۔ "وہ ایسا بھولا بلا نہیں
تھا جیسا اس کا پیؤ سمجھتا تھا۔ وہ پہلے ہی سے سب کچھ جانتا تھا۔ لہور میں کنجریوں کے پاس جاتا رہتا
تھا۔" وہ کھلکھلا کر ہنسنے لگی۔ "ہیرا منڈی کی کنجریوں نے اسے ایک دم فروٹ بنا دیا تھا۔ یہ گالہ
اس نے مجھے خود بتائی تھی۔"

"یہ بتا اس رات کے بعد مراد خان بعد میں بھی تیرے پاس آیا؟" رحیم داد نے دلچسپی سے
دریافت کیا۔

"بالکل آتا رہا۔ پرنا ہو گیا تب بھی آتا رہا۔" سلطرہی نے رسان سے کہا۔ "وڈے سردار سے
چھپ چھپ کر میرے پاس آتا تھا۔"

"سردار نجیب خاں کو بالکل پتہ نہ چلا؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"کچھ ہی دنوں بعد اسے پتہ چل گیا تھا۔" سلطرہی نے انکشاف کیا۔ "مجھ پر وہ بہت ناراض ہوا پر
مراد خان سے کچھ نہیں بولا۔ وہ اس کا اکلوتا پتر تھا۔ بہت لاڈلا بھی تھا۔ پہلے تو اس نے گصے میں کئی
بار میری مار کٹائی بھی کی۔ فیر ایک روز اپنے یار سردار سکندر خان کھوسہ کے پاس راجن پور بھیج
دیا۔ مجھے اس کے حوالے کر کے اسے دکھ بھی ہوا۔ وہ مجھے بہت چاہتا تھا۔ اس سے میری ایک نکی
بھی پیدا ہوئی پر وہ کچھ ہی مہینوں بعد مر گئی۔ سردار نجیب خان بھی زیادہ دن زندہ نہ رہا۔ میرے
راجن پور جانے کے سال ہی بھر کے اندر اندر اس کا مرن ہو گیا۔"

"تو کھوسہ سردار کے پاس راجن پور میں ہوتی تھی دوبارہ یہاں کیسے آگئی؟" رحیم داد نے مسکرا
کر اسے ایک بار پھر چھیڑا۔ "کھوسے کے گھر میں بھی تیری وجہ سے جھگڑا کھڑا ہو گیا ہو گا۔"

"ایسا جھگڑا کھڑا تو ہوا تھا۔ سردار سکندر خان کا ایک چاچا بھی مجھ سے چپکے چپکے پیار جتا
تھا۔وہ تو زبردست ٹھرکیا تھا۔ ادھکڑ تھا پر ایسا رن ریسا کہ تجھے کیا بتاؤں۔ وہ مجھے اٹھوا کر اپ
میں لے جانا چاہتا تھا۔" سلمیٰ ہی مسکرا مسکرا کر بتاتی رہی۔ "پر چاچا ستر بیجے کا جھگڑا زیادہ
نہیں پایا۔ ہوا یہ کہ سردار نجیب کے مرن کے کچھ ہی مہینے بعد مراد خان مجھے واپس لینے سردار
خاں کھوسہ کے پاس پہنچا اور تین ہزار روپے دے کر مجھے راجن پور سے لے آیا۔ تب سے ہے
خاں کے پاس ہوں۔ اس حویلی سے اب تک کہیں نہیں گئی۔"

سلمیٰ کے چہرے پر باتیں کرتے ہوئے بار بار مختلف تاثرا ہویدا ہوتے۔ کبھی اس کا چہرہ
کبھی دمکنے لگتا۔ اسے ماضی کے ہنگامے بیان کرنے میں یکسوئی حاصل ہو رہی تھی۔ رحیم داد
اہمیت جتانے کا بہانہ مل گیا تھا۔شاید یہی وجہ تھی کہ وہ صاف گوئی سے ایک ایک تفصیل
رہی۔ رحیم داد نے گفتگو بدلتے ہوئے پوچھا۔ "ایک گل تو بتا۔ تیرا نام سلمیٰ کیوں ہے؟ سلمیٰ
سیدھی سادھی گنو کو کہتے ہیں۔" رحیم داد نے ہلکا سا قہقہہ لگایا۔ "تو کسی طرف سے سیدھی سا
نہیں لگتی۔"

"میں جب چھوٹی سی نکی تھی تو بہت بھولی بلی تھی۔" وہ نظریں جھکا کر شرماتے ہوئے بولی۔ "
نے اسی لیے میرا نام سلمیٰ رکھ دیا۔ وہ مجھے یہی بتاتی تھی۔"

"تو کچھ ہی کہے پر تو سلمیٰ تو ہرگز نہیں لگتی۔" رحیم داد بدستور ہنستا رہا۔ "تو' تو امربیل
ایک بار جس سے لگ جائے فیر وہ تیرے پیچ سے نہیں نکل سکتا۔ تجھ میں بات ہی ایسی ہے۔"
نے چبھتی ہوئی نظروں سے سلمیٰ کو دیکھا۔ "تو نے کبھی یہ بھی سوچا' تیرے اتنے چاہنے وا
کیوں ہیں؟"

"میکوں کیہہ پتہ؟" وہ بڑے ناز سے بولی۔

رحیم داد نے گہری سانس بھری اور سلمیٰ کا چہرہ تکنے لگا۔ سلمیٰ کا چہرہ ہلکی ہلکی مسکراہٹ سے
نکھر کر اور شگفتہ ہو گیا تھا۔ آنکھوں میں کہکشاں اتر آئی تھی۔ اس نے دونوں ہاتھ اٹھا کر انگڑا
لی۔ سرخ دوشالہ ڈھلک کر نیچے گر گیا۔ اس کے سینے پر لہریں اٹھنے لگیں۔ رحیم داد کی آنکھوں میں
چکا چوند پیدا ہو گئی۔ وہ بے قرار ہو گیا۔

صبح تاروں کی چھاؤں میں سلمیٰ اٹھ کر جانے لگی تو رحیم داد کی آنکھ کھل گئی۔ وہ اٹھ کر بیٹھ
گیا۔ رسان سے بولا۔ "سلمیٰ تو جا رہی ہے!" سلمیٰ نے مڑ کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ مسکرا کر
گویا ہوئی۔ "جی سیں!" وہ آگے بڑھی۔ دروازہ کھولا اور باہر چلی گئی۔

۲۵

شام' کہرے کی چادر اوڑھ کر روز بہ روز دھندلی ہوتی جا رہی تھی۔ تیز اور چمکیلی دھوپ کی
تمازت کم ہو گئی۔ راتیں طویل اور سرد ہو گئیں۔ رحیم داد ہموں والی میں ٹھہرا رہا۔ سردار مراد خاں
شاہ نے اسے واپس کوٹلہ ہرکشن جانے نہ دیا۔

سلمیٰ دوبارہ رحیم داد کے کمرے میں نہ آئی۔ تنہائی میں بھی مڈھ بھیڑ نہیں ہوئی۔ نہ بات چیت
کی نوبت آئی۔ نظر بھی آتی تو اپنے مچلتے ابلتے جسم کو لہراتی ہوئی بے نیازی سے گزر جاتی۔ رحیم داد
کی جانب مطلق توجہ نہ دیتی۔ مگر وہ جتنا نظر انداز کرنے کی کوشش کرتی رحیم داد اس کے لیے اتنا ہی
بے قرار ہوتا جا رہا تھا۔ ان دنوں اس کے ذہن پر سلمیٰ ساون کی گھٹا بن کر چھائی ہوئی تھی۔

رحیم داد نے مراد خاں کو ٹٹولا۔ باتوں باتوں میں سلمیٰ کا ذکر کئی بار چھیڑا۔ لیکن اس نے حوصلہ
افزائی نہ کی' صاف ٹال گیا۔ ویسے وہ اپنی زمین داری کے بکھیڑوں میں کچھ زیادہ ہی الجھا ہوا تھا۔
ہموں والی میں اس کے قیام میں اسی باعث اضافہ بھی ہوتا جا رہا تھا۔ وہ ربیع کی فصل پر بہت توجہ
دے رہا تھا۔ اس دفعہ وہ زیادہ بڑے رقبے پر گندم کی بوائی کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ اس نے جھنگر
اور بیجھر بھی صاف کرانے شروع کر دیئے تھے۔ یہ زمین وہ قابل کاشت بنانا چاہتا تھا' کھیتی باڑی
کے ساتھ ساتھ اس پر آم کے باغات بھی لگانا چاہتا تھا۔

مراد خاں نے اپنی ان سرگرمیوں میں رحیم داد کو بھی شریک کر لیا تھا۔ وہ اسے اپنے ہم راہ ناشتے
کے بعد لے جاتا۔ دن کھیتوں کے درمیان ادھر ادھر گھومنے' مزارعوں کو ڈانٹنے ڈپٹنے' فصل کی آب
پاشی کے لیے آڑ' سینچے اور نکے درست کرانے اور ایسی ہی دوسری مصروفیات میں گزر جاتا۔ سورج

غروب ہوتا تو مراد خاں اور رحیم داد طلوع ہوتے۔ نہا دھو کر تازہ ہوتے' صاف ستھرے لباس پہ
اور شغل بادہ نوشی کرتے۔

حویلی میں نئی نئی نوجوان عورتیں اور لڑکیاں اٹھا کر لائی جاتیں۔ کسی کو رکھ لیا جاتا' کسی کی قیم
وصول کر کے واپس کر دیا جاتا۔ کسی کو بلا معاوضہ چھوڑ دیا جاتا۔ کسی کو تحفے کے طور پر شناسا زمی
داروں کو بخش دیا جاتا۔ اس معاملے میں فیصلے کا انحصار سردار مراد خاں کی مرضی اور موڈ پر تھا۔

عام طور پر ان مزارعوں کی نوجوان عورتیں اٹھوائی جاتیں جو جھنگر اور پنجھر صاف کرنے کی بیگا
سے کتراتے' احتجاج کرتے اور دوسرے مزارعون کو اکسانے کی کوشش کرتے۔ مراد خاں زیادہ
ہوتا تو عورتوں کے ساتھ مویشی بھی اٹھوالیتا' مزارعوں کو بے دخل کر دیتا۔ ان کے گھروں میں ا
کارندوں کے ذریعے آگ لگوا دیتا۔ پولیس سے سازباز کر کے جھوٹے مقدمے بنواتا۔ جب سے
ہموں والی آیا تھا اس کی وسیع زمیں داری کے ہر مزارعے اور ہر فرد پر خوف طاری تھا۔

انھی دنوں بیٹ کے ایک جاگیردار' فرط خاں ڈھانڈلہ' کے بچے کے موہڑن کی تقریب ہوئی
پسلوئی کا بیٹا تھا اور بڑی منت مرادوں کے بعد پیدا ہوا تھا۔ لہٰذا دھوم دھام سے جشن منایا گیا
تقریب کا آغاز حسب دستور پیر کی درگاہ پر حاضری دینے اور منت کے مطابق منوتی چڑھانے
ہوا۔ سرداروں اور بڑے زمیں دار ڈھانڈلوں کے گھرانوں کی عورتیں اور لڑکیاں تو سہ پہر کو ایک
جیپوں اور کاروں میں بیٹھ کر درگاہ کی جانب روانہ ہوئیں جن کے گرد چادریں بندھی تھیں تا
ملوک زادیوں کی کسی طور بے پردگی نہ ہو اور ان پر کسی نامحرم کی نظر نہ پڑے۔

لیکن مزارعوں کی عورتیں اپنے جاگیردار کی خوشی میں شرکت کے لیے بچوں کے ساتھ سویر
سویرے اونٹوں کے کجاووں میں بیٹھ کر نکل کھڑی ہوئیں۔ وہ منوتی پیر کی زیارت کی جانب جا رہ
تھیں' خوب بن سنور کر نکلی تھیں۔ آنکھوں میں دنبالہ کاجل تھا' مانگ بھر کر دھڑی گوندھی تھی
ہونٹوں پر سرخی لگائی تھی' شوخ اور بھڑک دار لباس پہنے تھے۔ ریشمی گھگھروں پر سنہرے لچھے
چوڑی چوڑی گوٹ لگی تھی۔ چولوں اور کرتیوں کے گریبانوں اور آستینوں پر موتیوں' شیشوں او
رنگین دھاگوں سے کشیدہ کاری کی گئی تھی۔ سروں پر پنچ رنگی چنریاں تھیں۔ دوپٹے اور بوچھن
جن پر ستارے ٹکے تھے۔ گلوں میں چاندی یا گلٹ کے کٹھالے اور مالھان تھے۔ ناک میں فیرو
جڑے تولے اور پوپے جھل ملا رہے تھے۔ ہاتھوں میں چوڑیاں تھیں اور بازوؤں پر چوڑے او
پہنوٹے تھے جن کے خوش رنگ دھاگوں کے پھندنے ہولے ہولے جھولتے تھے۔ کانوں میں بالیو
کے گچھے لٹکتے تھے۔

وہ قافلے کی صورت میں گاؤں سے نکلیں۔ ایک اونٹ پر نقاروں کی جوڑی سمیت میراثی سوار
۔ اس کا اونٹ سب سے آگے تھا جس کی مہار ایک جتوال سنبھالے ہوئے تھا۔ دوسرے تمام
نٹ اور اونٹنیاں پیچھے پیچھے تھیں۔ ان کے گھٹنوں پر پہنوٹے بندھے تھے جن کے گھنگھرو ٹخنوں میں
ی جھانجروں کے ساتھ بجتے تھے' جھنکارتے تھے۔ گلوں میں گانیاں تھیں اور سروں پر بندھے
ئے موروں کے پھندنوں کے ساتھ ساتھ موتیوں اور کوڑیوں کی جھالریں ادھر ادھر جھول رہی
یں' لہرا رہی تھیں۔ عورتوں اور بچوں کے مانند اونٹ اور اونٹنیاں بھی خوب سجی ہوئی تھیں۔ چند
نٹوں پر جتوالوں اور ساربانوں کے ساتھ بین بجانے والے بھی بیٹھے تھے۔

قافلہ روانہ ہوا تو میراثی نے نقارے پر چوٹ لگائی۔ بین باجے والوں نے نقارے کی گت پر ایک
قبول دھن چھیڑی۔ میراثی کے اونٹ سے بھی آگے نوجوانوں کی ٹولی تھی۔ وہ ریشمی کرتے پہنے
وئے تھے۔ سروں پر پگڑیاں بندھی تھیں۔ ان کے مٹھلے بھی ریشمی اور رنگین تھے۔ قافلے کی
روانگی سے پہلے انھوں نے بھنگ اور سادی دبا کے پی تھی۔ ان کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھیں۔ وہ
نشے سے جھوم جھوم کر اپنے مضبوط اور کسے ہوئے جسموں کی نمائش کر رہے تھے اور بلوچوں کا ایک
قدیم جھمر ناچ رہے تھے۔

رقص کرنے والے نوجوانوں کے درمیان ڈھولیا تھا۔ وہ گلے میں پڑے ہوئے ڈھول پر زور زور
سے چوٹ لگا کر ناچنے والوں کو للکار رہا تھا جو اس کے چاروں طرف دائرے میں ہاتھوں اور پیروں کی
گردش کے ساتھ لمک لمک کر رقص کر رہے تھے۔

اونٹ ایک قطار میں کچے راستے پر ہچکولے کھاتے' گرد و غبار کے بادل اڑاتے قافلے کی صورت
میں دھیرے دھیرے آگے بڑھ رہے تھے۔ ان کے گلوں میں لٹکتی گھنٹیاں اور گھنگھرو اور پیروں میں
پڑی ہوئی جھانجھریں نوجوانوں کے رقص کے ساتھ بج رہی تھیں' جھنکار رہی تھیں۔ عورتیں اور
بچے خوشی سے قہقہے لگا رہے تھے' چہک رہے تھے' اونچی آوازوں سے بول رہے تھے۔ رقص کرتے
کرتے ایک نوجوان نے کان پر ہاتھ رکھ کر لمبی اور اونچی تان لگائی۔ اور اپنے علاقے کا ایک عوامی
جھمر گیت چھیڑا۔

رکھاں میں امید ماہی دے ملٹن دی
مکہ وی دور ہے
ونجناں ضرور ہے
حسن حسین دے مانگے

دل پئی تانگے

رکھاں میں امید ماہی دے ملٹن دی

گیت کے بول جھمر ناچنے والے نوجوانوں اور کجاووں میں بیٹھے ہوئی عورتوں اور کنواریوں اٹھائے۔ سب آواز سے آواز ملا کر گانے لگے۔ ڈھولیے نے ڈھول پر اور زور سے چوٹ لگا میراثی اور بین والوں نے جھمر کی لے کے ساتھ ساتھ نقارے اور بین کے تال سر کو ہم آہنگ گیت کے بول اونچے ہوتے گئے۔ آوازوں کے ساتھ ساتھ ساز بھی تیز ہوتے گئے۔ سازو آواز زیروبم کے ساتھ رقص کی گردش کبھی تیز ہوجاتی کبھی دھیمی پڑجاتی۔ اسی طرح منوتی کے لیے والا یہ قافلہ گاؤں سے نکل کر آگے بڑھا۔ دور' اور دور ہوتا گیا۔ رفتہ رفتہ گرد کے ابھرتے اور پھ ہوئے بادلوں میں گم ہوگیا۔

دن گزرا' شام ہوئی۔ رات کو کھانے کی دعوت کے ساتھ ساتھ مہمانوں کے لیے پینے پلانے ا ناچ گانے کا بھی پروگرام تھا۔ تقریب کی دھوم دھام دوبالا کرنے کی غرض سے ملتان اور لاہور طوائفوں کو بھی بلایا گیا تھا۔ رات بھر کا پروگرام تھا اور اس میں شرکت کے لیے سردار مراد خا شاہانی خاص طور پر مدعو تھا۔ ہموں والی میں اس کے قیام میں اضافے کا سبب موٹن کی اس تقریب میں شریک ہونا بھی تھا۔

سورج ڈوبتے ہی مراد خاں شاہانی نے سردار قرط خاں ڈھانڈلہ کی حویلی جانے کی تیاری کی۔ ا نے غسل کیا' بوسکی کی لمبی قمیص اور لٹھے کی خوب گھیردار اجلی شلوار پہنی۔ قیمتی اونی شال اوڑھی کپڑوں پر خوشبو لگائی۔ اسی سج دھج کے ساتھ کمرے سے نکلا تو زیادہ وجیہہ اور باوقار لگ رہا تھا اس کے چہرے پر پھبن تھی۔ آنکھوں میں ستارے جگ مگا رہے تھے۔ اس کے ہم راہ سلمہی بھ تھی۔ وہ بھی پورا سنگھار کیے ہوئے تھی۔ شاہانی آگے آگے تھا۔ سلمہی اس سے ایک قدم پیچھ تھی۔

رحیم داد کمرے کے باہر دالان میں موجود تھا۔ مراد خاں شاہانی نے اسے دیکھتے ہی پوچھا۔ "چوہدری' تجھے ڈھانڈلے کی حویلی نہیں چلنا؟" وہ بے تکلفی سے مسکرایا۔ "زبردست محل ہے۔ ڈھانڈلے نے شراب بھی عمدہ منگوائی ہے۔ کنجریاں بھی پوپٹ اور زوردار ہیں۔"

رحیم دادا نے حیلہ سازی سے کام لیا۔ منہ بگاڑ کر رسان سے بولا۔ "میرے سر میں بہت درد ہے۔ میں نوں نہیں جانا۔ تیں نوں یہی بتانے آیا تھا۔" وہ اونی دوہرا اوڑھے ہوئے تھا' بال پریشان تھے اور چہرہ بھی اجڑا اجڑا نظر آرہا تھا۔

شاہانی نے اصرار کیا۔ "فٹافٹ تیار ہوجا۔ اسکاچ وہسکی کے دو پیگ لگاتے ہی سارا درد شرد جاتا رہے گا۔ ایک دم چنگا ہوجائے گا۔"

"میں نہیں جاؤں گا۔ مجھے نہ لے جا۔ طبیعت اور گڑبڑ ہوجائے گی۔" رحیم داد رضامند نہ ہوا۔

"چلتا تو اچھا ہی تھا۔" شاہانی نے زور دے کر کہا۔ "بہت لطف آئے گا۔ طبیعت اگر نہ لگے تو جب تیرا جی کرے اٹھ کر چلا آنا۔ پروگرام تو ویسے رات بھر کا ہے۔"

"نہیں چوہدری! چلا جا۔" سلمہی نے بھی شاہانی کی تائید کی۔

رحیم داد نے اسے نظر بھر کر دیکھا' اس کا مسکراتا چہرہ نکھرا ہوا تھا۔ جسم پھڑک رہا تھا۔ آنکھیں جادو جگا رہی تھیں۔ رحیم داد تڑپ کر رہ گیا۔

مراد خاں شاہانی نے ایک بار پھر رحیم داد پر زور دیا۔ "نکھرا نہ کر۔" وہ مسکرایا۔ "تھوڑی ہی دیر کے لیے میل میں شریک ہوجا۔ ڈھانڈلے کا دل خوش ہوجائے گا۔ تجھے ساتھ لانے کے لیے اس نے مجھے بار بار کہا تھا۔" مگر رحیم داد کسی طور آمادہ نہ ہوا۔ طبیعت ناساز ہونے کا عذر تراشتا رہا۔

شاہانی چلا گیا۔ سلمہی اس کے پیچھے پیچھے حویلی کے پھاٹک تک گئی۔ رحیم داد نظریں اٹھائے مراد خاں شاہانی کے بجائے سلمہی کو دیکھتا رہا۔ اس نے گہری سانس بھری' اٹھا اور آہستہ آہستہ ڈیرے میں پہنچا اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔

☆

رحیم داد بستر پر چپ لیٹا تھا۔ نہ اس نے کھانا کھایا نہ سویا۔ پہر رات گزر گئی۔ حویلی سنسان ہوگئی۔ سردی بڑھ گئی تھی۔ ہوا میں تیزی آگئی تھی۔ سرما کی اندھیری رات ساکت کھڑی تھی۔ ہر طرف ہو کا عالم طاری تھا۔

رحیم داد پلنگ سے نیچے اترا' اونی دوہرا اوڑھی' سلیپر پہنے' لیمپ کی لو دھیمی کی' آہستہ سے دروازہ کھولا' کمرے سے نکل کر برآمدے میں آیا اور دروازہ باہر سے بند کردیا۔ وہ اندھیرے میں دم سادھے کھڑا تھا۔ ہر طرف ویرانی تھی۔ سناٹا بہت گہرا تھا۔ حویلی کے تمام نوکر اپنی اپنی کوٹھریوں کے دروازے بند کیے گہری نیند سو رہے تھے۔ رحیم داد کی طرح حویلی کے ہر فرد کو معلوم تھا کہ مراد خاں شاہانی سویرے سے پہلے نہیں لوٹے گا۔ وہ ناچ گانے کا زبردست شوقین تھا۔ ایسی محفل چھوڑ کر نہیں آسکتا تھا۔

رحیم داد احاطے میں پہنچا اور دبے دبے قدموں آگے بڑھا۔ کچھ دور جانے کے بعد وہ مڑا اور حویلی کے عقبی حصے کی جانب بڑھنے لگا۔ خاموشی بہت گہری تھی اور کمرے کی دھند بھی اس قدر تھی

کہ وہ سنبھل سنبھل کر چل رہا تھا۔ وہ سلمیٰ کی کوٹھری پر پہنچا۔ دروازہ بند تھا۔ مگر دروازے
جھریوں سے اندر جلتے ہوئے چراغ کی روشنی چھن چھن کر باہر آ رہی تھی۔ وہ دروازے کے نز
سانس روکے کھڑا رہا۔

وقت دھیرے دھیرے گزرتا رہا۔ سناٹا اور بڑھ گیا تھا۔ رحیم داد نے آہستہ سے دروازے پر
رکھا' ہولے سے دھکا دیا' دروازے کا ایک پٹ کھل گیا۔ وہ آہستہ سے اندر داخل ہو گیا۔ سا
پلنگ کی پٹی سے ٹیک لگائے سلمیٰ فرش پر بیٹھی تھی۔ اس کی پشت دروازے کی جانب تھی۔ ر
داد نے مڑ کر نہایت احتیاط سے کوٹھری کا دروازہ بند کر دیا۔

آہٹ سن کر سلمیٰ نے پلٹ کر دیکھا۔ رحیم داد کو اپنے سامنے پا کر وہ سخت حیرت زدہ ہوئی ا
سٹ پٹا کر اٹھ کھڑی ہوئی۔ اس کے چہرے سے پریشانی جھلکنے لگی۔ وہ گھبرائے ہوئے لہجے میں بولا
"سیں چوہدری!" اور پھٹی پھٹی آنکھوں سے گھورنے لگی۔ "توں یہاں کیسے آ گیا؟"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ وہ بھی حیرت زدہ تھا۔ یہ وہ سلمیٰ نہیں تھی جس کی چھب دیکھ کر
بے قرار ہو جاتا تھا' جس کے بدن کے پیچ و خم کے ڈولنے اور گردش کرنے سے اس کا دل ڈولنے لگ
تھا۔ وہ اسی سلمیٰ کے لیے بے قرار ہو کر چوروں کی طرح چھپ کر رات کے سناٹے میں آیا تھا
مگر اس کے سامنے جو سلمیٰ کھڑی تھی۔ اس کا چہرہ ویران اور اجاڑ تھا۔ آنکھوں کے ہردم جھا
ملانے والے کنول بجھے بجھے تھے' بال خشک اور الجھے ہوئے تھے۔ وہ میلا کچیلا لباس پہنے ہوئے تھ
اور اس کی آنکھوں کا کاجل پھیلا ہوا تھا' جوانی پگھلتی اور ڈھلتی ہوئی نظر آ رہی تھی۔

رحیم داد کو گم صم اور حیرت زدہ دیکھ کر سلمیٰ نے ایک بار پھر گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔
"سیں چوہدری! تو یہاں کیوں آیا؟ کیسے آیا؟ تیکوں اس طرح میرے پاس نہیں آنا چاہئے تھا۔"
اس کا لہجہ قدرے تیکھا ہو گیا وہ بدستور پریشان اور سراسیمہ نظر آ رہی تھی۔

رحیم داد ہکا بکا کھڑا رہا۔ سلمیٰ بھی خاموش رہی۔ مگر جلد ہی اس نے خود کو سنبھالا۔ کندھوں پر
پڑا ہوا دوپٹہ سر کے پیچھے سے کھینچ کر اس طرح اوڑھا کہ اس کا چہرہ کسی قدر چھپ گیا۔ اس نے
نظریں جھکا لیں۔

رحیم داد ٹکٹکی باندھے حیران و پریشان سلمیٰ کو دیکھ رہا تھا۔ اس نے دوپٹے سے چہرہ چھپانے کی
کوشش کی تو رحیم داد چونکا۔ اس نے ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ دائیں طرف کی دیوار کی کھونٹیوں پر
شوخ اور بھڑک دار دوپٹے' چولے اور گھگرے لٹک رہے تھے۔ ان کے ساتھ ریشمی چنجلیاں اور
کرتیاں بھی جھول رہی تھیں۔ سامنے کی دیوار کے طاق میں سرخی' کاجل' کنگھی اور سنگھار کا دوسرا

ساز و سامان رکھا تھا۔ طاق کے قریب ہی دیوار پر آئینہ آویزاں تھا۔

سلمیٰ کی آواز خاموشی میں ابھری۔ "سیں! تو یہاں کیوں آ گیا؟ میری گالہ کا جواب کیوں نہیں
دیتا؟" اس کے لہجے میں پریشانی اور گھبراہٹ کے ساتھ ساتھ عاجزی بھی تھی۔ رحیم داد اب
خاموش نہ رہ سکا' آہستہ سے بولا۔ "تو میرے آنے پر اتنی پریشان کیوں ہو گئی؟"

"پریشانی کی بات ہی ہے۔" وہ بے زاری سے بولی۔ "سیں تیکوں پتہ نہیں' سردار کو ملوم ہو گیا
تو بہت گڑبڑ ہو گی۔ تو جانتا ہے' اس کا گصہ کتنا خراب ہے۔ گصے میں وہ پاگل بن جاتا ہے۔"

"یہ تو بتا تو میرے پاس بعد میں کیوں نہیں آئی؟" رحیم داد نے سلمیٰ کی سراسیمگی نظرانداز
کرتے ہوئے پوچھا۔

"سیں! میں سردار کی مرضی بنا تیرے پاس کیسے آ سکتی ہوں۔" اس نے صاف گوئی سے بتایا۔
"اس رات اس نے مجھے تیرے پاس بھیج تو دیا پر بعد میں مجھ پر بہت ناراض ہوا۔ گصے سے بار بار
گالاں نکالتا تھا۔"

"تب ہی تو مجھ سے دور دور اور کٹی کٹی رہتی ہے؟"

"ہا سیں!" اس نے آہستہ آہستہ گردن ہلائی۔ "سردار یہ دیکھ ہی نہیں سکتا کہ میں اس کے سوا
کسی اور کے ساتھ میل جول پیدا کروں۔ یاری لگانے کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔" اس نے
خوف زدہ نظروں سے دروازے کی جانب دیکھا۔ "سیں! مجھے ڈر لگ رہا ہے۔ سردار بہت گصے والا
ہے' ظالم بھی ہے۔ اس کا مزاج بہت گرم ہے۔"

"اس کی پروا نہ کر۔" رحیم داد نے سلمیٰ کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "وہ صبح سے پہلے
واپس نہیں آئے گا۔" اس نے نظر بھر کر سلمیٰ کو دیکھا۔ "ویسے تو کہتی ہے تو میں چلا جاتا ہوں۔"

"ہا سیں! اب تو جا۔" وہ بے رخی سے بولی۔ "مجھے کچھ بھلا نہیں لگتا۔ میں بہت موجھی ماندی
اور پریشان ہوں۔"

"سلمیٰ! تو کچھ زیادہ ہی پریشان اور اداس لگ رہی۔ صاف صاف بتا' بات کیا ہے؟" رحیم داد
نے سلمیٰ کے چہرے پر چھائی ہوئی افسردگی شدت سے محسوس کرتے ہوئے دریافت کیا۔

"تیکوں کیسہ پتہ' میرا پتر کتنا بیمار ہے؟" سلمیٰ نے پلنگ کی طرف اشارہ کیا۔ "دیکھ کیسا چپ
کر کے پڑا ہے۔ اسے بہت زور کی تپ چڑھی ہے۔" اس نے رحیم داد کی طرف افسردہ نظروں سے
دیکھا۔ "یہ میرا مندوں ہے۔ تینوں بچوں میں سب سے وڈا ہے۔"

رحیم داد نے توجہ سے دیکھا۔ پلنگ پر بوسیدہ اور میلی رضائی میں لپٹا لپٹایا مندوں بے سدھ پڑا

تھا۔ اس کی عمر گیارہ سال کے لگ بھگ تھی۔ اس نے آنکھیں کھول کر رحیم داد کو دیکھا۔ اس کے چہرے کے نقوش سے مراد خاں شاہانی کی شباہت صاف جھلک رہی تھی۔ ناک اور آنکھیں تو ہو بہو مراد خاں سے ملتی تھیں۔

مندوں نے بے چینی سے پہلو بدلا اور گردن ادھر ادھر ہلانے لگا۔ آہستہ سے بولا۔ "اماں!" رک رک کر سانس بھر رہا تھا۔ حلق سے خر خر کی آواز نکل رہی تھی۔

سلھری جھپاک سے مندوں کے قریب پہنچی' جھک کر اس کی پیشانی چومی اور سرھانے بیٹھ کر ہولے ہولے سر دبانے لگی۔ اس نے پیار بھری نظروں سے مندوں کو دیکھا اور تڑپ کر بولی "جیوے میرا لعل۔ میں صدقے ونجاں' تو حیاتی والا ہونویں۔"

رحیم داد بھی نزدیک چلا گیا۔ چراغ کی ہلکی زرد زرد روشنی میں مندوں کا چہرہ لال بھبوکا ہو رہا تھا رحیم داد نے ہاتھ بڑھا کر اس کی پیشانی پر رکھا۔ وہ آگ کے مانند دہک رہی تھی۔ اسے تیز بخار تھا رحیم داد پریشان ہو گیا۔ تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بولا۔

"اسے تو بہت تیز تپ ہے۔ تو نے اس کا دوا دارو بھی کیا؟"

"تیرے آنے سے تھوڑی ہی دیر پہلے دوائی کھلائی تھی۔" سلھری نے رحیم داد کو بتایا۔ "حکیم سے خود جا کر سویرے لائی تھی۔ مندوں تو پچھلے چار روز سے بیمار ہے پر تپ کم نہیں ہوتی۔ کھانسی بھی آتی ہے۔ کل رات تک اتنا بیمار نہ تھا۔ میں نے گرم دودھ پلایا تو پی لیا تھا۔ پر آج صبح سے اس نے کچھ نہیں کھایا پیا۔ ایسے ہی آنکھیں بند کیے پڑا ہے۔ بار بار پانی مانگتا ہے۔"

"بخار بھی بہت تیز ہے۔" رحیم داد نے پوچھا۔ "تو نے حکیم سے پتہ کیا' اسے روگ کیا ہے؟"

"کہتا تھا' نمونیا ہو گیا ہے۔ اسی کی دوائی دی ہے۔ ساتھ میں یہ بھی کہا ہے کہ تین تین گھنٹے بعد دوائی پلانا۔ سویرے آ کر حال بتانا۔"

"تیرے پاس تو گھڑی بھی نہیں۔ تین تین گھنٹے بعد کیسے دوائی پلائے گی۔" اس نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی اتار دی اور سلھری کو دیتے ہوئی کہا۔ "لے اسے رکھ لے۔"

"نہیں' اسے تو اپنے ہی پاس رکھ۔" اس نے گھڑی لینے سے صاف انکار کر دیا۔ "سردار نے گھڑی میرے پاس دیکھ لی تو اسے پتہ چل جائے گا' تو میرے پاس آیا تھا۔ بہت ناراض ہو گا۔" اس کے لہجے میں التجا تھی۔ "سئیں! برا نہ منانا۔ میں اسے دوائی ٹھیک وقت ہی پر پلاتی رہوں گی۔"

رحیم داد نے گھڑی اس کے حوالے کرنے پر اصرار نہیں کیا۔ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے بولا۔

"پر دوائی پلانے کے لیے تیں نوں رات بھر جاگنا پڑے گا۔"

"جاگ لوں گی۔" وہ مستعدی سے بولی۔ "سئیں! دعا کر۔ میرا لال چنگا ہو جائے۔ یہ میرا آگے کا سہارا ہے۔" اس کا لہجہ دکھ بھرا ہو آیا۔ "میں کب تک جوان رہوں گی۔ ایک دن تو بوڑھا ہونا ہی ہے۔ بوڑھی ہو گئی تو سردار مجھے حویلی میں کیوں رکھے گا؟ مجھ بوڑھی ہو جاتی ہے تو اسے کھائی کو دے دیتے ہیں۔" اس نے گہری سانس بھری۔ اس کے چہرے کی افسردگی اور بڑھ گئی۔

"ہاتو سے بھی تو تیرا ایک پتر تھا۔ اس کا کیا بنا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"وہ تو میرا پلوٹھا ہے۔ پر وہ کس کام کا۔" سلھری کا لہجہ پھر غمگین ہو گیا۔ "ایک بار اس کے پاس بھل گئی تھی۔ وہ وہیں رہتا ہے۔ اس نے پرنا کر لیا ہے۔ ذال ہے۔ اس سے ایک نکی بھی ہے۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اس نے مجھے دیکھا تو نوہ کے سامنے ننگی ننگی گالاں اور مندا نکالیں۔" اس کی آواز بھرا گئی۔ "دھکے دے کر گھر سے باہر نکال دیا۔" سلھری کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔ "سئیں! میرا لال چنگا ہو جائے۔ یہ میرا بازو ہے' بڑھاپے کا سہارا ہے۔ میرا اور کوئی بھی تو نہیں۔" وہ سسکیاں بھر کر بے بسی سے رونے لگی۔

رحیم داد مبہوت کھڑا تھا اور ہر دم ہنستی مسکراتی سلھری کو پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔ اس پر پہلی بار یہ راز آشکار ہوا کہ سلھری اندر سے کس قدر غم زدہ اور شکستہ ہے۔ اس نے سلھری کو تسلی دیتے ہوئے کہا۔ "تو فکر نہ کر' تیرا مندوں ضرور چنگا ہو جائے گا۔ حوصلے سے کام لے۔" رحیم داد نے اس کی جانب دیکھا' دل گرفتہ ہو کر بولا۔ "سلھری! تو سچ مچ سلھری ہے۔ میں نوں پتہ ہی نہیں تھا تو اتنی دکھی ہے۔" اس نے آہستہ آہستہ اس کا بازو تھپکا۔ "اس طرح نہ رو سلھری! تو کہہ تو میں خود جا کر حکیم کو بلا لاؤں۔ پھاٹک پر راکھا خانن بیٹھا ہے۔ اس کے ساتھ حکیم کے گھر چلا جاؤں گا۔"

"نا سئیں! تو ایسا نہ کرنا۔" وہ نرم لہجے میں بولی۔ "میں خود چلی جاتی پر حکیم نہیں آئے گا۔ میں تو اسے سویرے ہی لانا چاہتی تھی۔ پر اس نے صاف انکار کر دیا۔ دوائی دے کر بولا۔ "یہ کھلاتی رہنا' چنگا ہو جائے گا۔ وہ تب نہ آیا تو اب اتنی رات کو کیسے آ جائے گا۔"

"میں جاؤں گا تو ضرور آ جائے گا۔"

"پر تیرا اس کے پاس جانا ٹھیک نہیں۔" وہ پریشان ہو کر بولی۔ "سردار تجھے تو کچھ نہیں بولے گا پر میرے گلے پڑ جائے گا۔ سخت ناراض ہو گا۔"

"تو ایسا کر مندوں کے متھے پر کپڑا گیلا کر کے رکھ۔" رحیم داد نے اسے مشورہ دیا۔ "مجھے بھی ایک بار ایسی ہی زوروں کی تپ چڑھی تھی۔ گیلا کپڑا رکھنے سے کم ہو گئی تھی۔" اس نے کوٹھری میں

ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ "مجھے کوئی اجلا کپڑا دے دے۔ میں بھگو کر فوراً اس کے متھے پر رکھوں گا۔" اس نے تیکھی نظروں سے سلمیٰ کو دیکھا۔

"میرا منہ کیا تک رہی ہے۔ جا کپڑا لے کر آ۔"

وہ اٹھی اور ٹرنک کھول کر کپڑا تلاش کرنے لگی۔ رحیم داد نے انتظار نہ کیا۔ بڑھ کر کھونٹی پر لٹکا ہوا اجلا دوپٹہ اتارا اور کونے میں رکھے ہوئے گھڑے سے پانی نکال کر پلّو بھگونے لگا۔

سلمیٰ نے اس کی جانب دیکھا تو گھبرا کر بولی۔ "سئیں! تو نے یہ کیا کر دیا۔ یہ بوچھن تجھے اس طرح خراب نہیں کرنا چاہیے تھا۔"

رحیم داد نے اس کی سنی ان سنی کرتے ہوئے دوپٹے کا گیلا پلّو تہہ کر کے چار انگل کی وسعت کی پٹی بنائی جیسی جمیلہ نے ایک بار تیز بخار کی حالت میں اس کے لیے بنائی تھی۔ اس نے گیلی پٹی مندوں کی پیشانی پر رکھی اور سلمیٰ کو مخاطب کیا۔

"سلمیٰ! فکر نہ کر۔ تھوڑی دیر میں اس کی تپ کم ہو جائے گی۔"

سلمیٰ بھی اس کے پاس پہنچ گئی۔ وہ رحیم داد کے پاس پلنگ کے سرہانے بیٹھ گئی۔ رحیم داد نے اس سے کٹورے میں پانی منگوایا۔ پانی سرد تھا۔ رحیم داد بار بار دوپٹے کا پلو پانی میں تر کرتا اور اسے مندوں کی پیشانی پر رکھتا۔ سلمیٰ چپ بیٹھی رحیم داد کو دیکھتی رہی۔ اس نے مندوں کی گردن کو ہاتھ لگایا۔ اس کے چہرے سے قدرے اطمینان جھلکنے لگا۔

"لگتا ہے تپ تو کم ہو گئی۔" سلمیٰ نے رحیم داد سے کہا۔ "سئیں! تو بہت چنگا اور نیک بندہ ہے۔" وہ اسے دعائیں دینے لگی۔ "سئیں! تو سدا جیویں' رب رضی ہووے۔" اس کے لہجے میں عاجزی پیدا ہو گئی۔ "سئیں! بوچھن اب مجھے دے دے۔" اس نے خوف زدہ نظروں سے دروازے کی جانب مڑ کر دیکھا۔

"اب تو جا۔ مجھے ڈر لگ رہا ہے۔ تیرا اس طرح یہاں رہنا ٹھیک نہیں۔"

رحیم داد نے اس کی پریشانی اور سراسیمگی محسوس کرتے ہوئے دوپٹہ سلمیٰ کو دے دیا۔ خاموشی سے اٹھا' کوٹھری سے نکلا' باہر سے دروازہ بند کیا اور آہستہ آہستہ آگے بڑھ گیا۔ مگر وہ اپنے کمرے میں نہیں گیا۔ دل ہی نہ چاہا۔ آنکھوں میں دور دور تک نیند نہیں تھی۔ ذہن بوجھل ہو رہا تھا۔ عجیب سا اضطراب تھا۔ اضطراب دور کرنے کی غرض سے اس نے اللہ بخش جوڑا کو آواز دے کر بلایا۔

اس سے شراب اور گلاس لانے کو کہا اور بیٹھک میں جا کر ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ جوڑا نے

تھوڑی ہی دیر بعد بوتل' گلاس اور جگ میں پانی لا کر میز پر رکھ دیا۔ رحیم داد نے پیگ بنایا اور ایک بڑا گھونٹ بھرا۔

☆

حویلی کے پھاٹک پر جیپ ٹھہرنے کی آواز رات کے پرہول سناٹے میں ابھری۔ ذرا ہی دیر بعد قدموں کی آہٹ سنائی دی۔ رحیم داد نے چونک کر دروازے کے باہر دیکھا' اندھیرے میں ایک سایہ لہرایا اور مراد خاں شاہانی ڈگمگاتے قدموں سے کمرے میں داخل ہوا۔ رحیم داد کو دیکھ کر وہ زور سے ہنسا۔

"چوہدری! بینی ہی تھی تو میرے ساتھ چلتا۔ ادھر بہت عمدہ وسکی تھی۔"

وہ آگے بڑھا اور کرسی کھسکا کر رحیم داد کے نزدیک ہی بیٹھ گیا۔

"میں نے سوچا' پینے سے سر کا درد کچھ کم ہو جائے گا۔ ویسے میرا بالکل ارادہ نہیں تھا۔" رحیم داد نے صفائی پیش کی۔ مگر فوراً بات پلٹتے ہوئے دریافت کیا۔ "تو نے تو سویرے آنے کو کہا تھا۔ ابھی سے اٹھ کر کیسے واپس آ گیا؟ لگتا ہے' مجرا زوردار نہیں تھا۔"

"سئیں! ایسی گل نہیں۔" شاہانی نشے میں جھوم کر بولا۔ "وہاں ایک کنجری بہت پھڑک دار تھی' خانہ خراب نے ایسی طبیعت گرمائی کہ میں اٹھ کھڑا ہوا۔" اس نے قہقہہ بلند کیا۔ "لا مجھے بھی ایک ڈنل بنا کر دے۔ اکیلا ہی پیتا رہے گا؟"

رحیم داد نے مسکرا کر اپنا گلاس مراد خاں شاہانی کے سامنے رکھ دیا۔ دوسرا گلاس ہی نہ تھا۔ شاہانی نے رحیم داد کے گلاس سے ایک گھونٹ بھرا اور گلاس میز پر رکھتے ہوئے اللہ بخش جوڑا کو آواز دی۔

جوڑا گھبرایا ہوا آیا۔ شاہانی نے حکم دیا۔ "جوڑے! گلاس لے کر آ۔" جوڑا چلنے کے لیے مڑا تو شاہانی نے اسے ٹوکا۔ "اور دیکھ' سلمیٰ کو بھی یہاں بھیج دے۔"

رحیم داد سخت پریشان ہوا۔ اسے فوراً بیمار مندوں یاد آ گیا۔ اس نے چاہا کہ شاہانی اس وقت سلمیٰ کو نہ بلائے۔ اس وقت اپنے بیمار بیٹے کے پاس اس کا موجود ہونا ضروری تھا۔ رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے کہا۔ "سلمیٰ کو بلا کر کیا کرے گا؟ اس نے کسی رن کو پہلے ہی تیرے کمرے میں پہنچا دیا ہو گا۔ سلمیٰ تو اب سوتی ہو گی۔" رحیم داد مسکرایا۔ "بہت کام کرتی ہے۔ صبح سے رات گئے تک ادھر سے ادھر بھاگ دوڑ کرتی رہتی ہے۔ جب دیکھو کچھ نہ کچھ کرتی نظر آتی ہے۔ بہت ہی محنتی رن ہے۔"

"پر وہ ابھی سو نہیں سکتی اور سو بھی گئی ہو تو جاگ سکتی ہے۔" سردار مراد خاں شاہانی نے نہایت بے نیازی سے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "سیں چوہدری! تو اسے نہیں جانتا۔ وہ میرے لیے ہر دم تیار رہتی ہے۔"

اللہ بخش جوڑا گلاس لے کر آگیا۔ رحیم داد نے خالی گلاس میں شراب انڈیلتے ہوئے ایک بار پھر مراد خاں کو سمجھانے کی کوشش کی۔ "سلمہی کو چھوڑ' پولانی ٹھیک رہے گی۔" وہ زیر لب مسکرایا۔

"میں نے کل ہی اسے دیکھا تھا۔ ابھی تو یہیں ہے۔ سوہنی ہے اور نکڑی جوان ہے۔"

"نہیں! آج سلمہی ہی چلے گی۔" مراد خاں نشے میں لہرا کر بولا۔ وہ خوب چڑھا کر آیا تھا۔ بات کرتا تو زبان لڑکھڑاتی۔ آنکھیں چڑھی ہوئی تھیں۔ اس نے بہکی بہکی نظروں سے جوڑا کو گھور کر دیکھا۔

"سوردے پتر' تو ابھی تک کھڑا ہے۔ سلمہی کو لانے نہیں گیا۔"

"سیں! سرا کھوں تے۔" جوڑا سراسیمہ ہو کر گڑگڑانے لگا۔ "ابھی جا کر اسے بولتا ہوں۔ ضرور آئے گی۔"

اللہ بخش جوڑا تیز قدم اٹھاتا ہوا چلا گیا۔ مراد خاں اور رحیم داد شراب سے شغل کرنے لگے اندھیرا گہرا ہوتا گیا۔ رات بھیگتی گئی۔ مراد خاں نے بے چینی سے دروازے کی جانب دیکھا "سلمہی ابھی تک نہیں آئی۔ وہ کیوں نہیں آئی؟" اس نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ خاموشی سے گلاس ہونٹوں سے لگا کر آہستہ آہستہ چسکی لگانے لگا۔

وقت کچھ اور گزر گیا۔ مراد خاں شاہانی کے چہرے پر جھنجلاہٹ پھیلنے لگی۔ وہ غصے سے بڑبڑانے لگا۔ "لگتا ہے' اس کا نکھرا بہت بڑھ گیا ہے۔ سمجھتی ہے' میں اسے بہت چاہتا ہوں۔" اس کی آنکھیں ابلی پڑ رہی تھیں۔ عین اسی وقت کمرے کے باہر چاپ ابھری۔ سلمہی اندھیرے سے نکل کر اندر داخل ہوئی۔ دھیرے دھیرے آگے بڑھی۔ رحیم داد نے حیرت سے دیکھا۔ سلمہی گوٹا کناری لگا گلابی دوپٹہ اوڑھے اور گلابی ہی منجھلی باندھے ہوئے تھی۔ بالوں میں چمک دمک تھی ماتھے پر ٹیکا سجا تھا۔ آنکھوں میں کاجل تھا۔ چہرے پر ملاحت تھی' نکھار تھا۔ اس کا جسم ہولے ہولے لہرا رہا تھا' مچل رہا تھا۔ وہ مسکراتی ہوئی آئی اور ایک خاص ادا سے مراد خاں کے روبرو کھڑی ہو گئی۔

مراد خاں شاہانی نے تیوری پر بل ڈال کر کہا۔ "بہت دیر لگا دی تو نے۔ لگتا ہے تیرا نکھرا کچھ زیادہ

بڑھ گیا ہے۔"

"سیں سردار!! ایسا نہ سوچ۔" وہ عاجزی سے بولی۔ "میں صدکے تھیواں' تو بلائے اور میں نہ آؤں۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے؟"

شاہانی اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ سلمہی کی جانب جھومتا ہوا بڑھا۔ بے قرار ہو کر گویا ہوا۔ "میرے گلے سے تو لگ جا جند جانی۔" اس نے سلمہی کو بازوؤں میں دبوچ لیا' مڑ کر رحیم داد کی طرف دیکھا۔ "چوہدری! میں تو اب چلا۔ میں تو اسی کے لیے ڈھانڈلے کی میل سے اٹھ کر آیا تھا۔" اس نے ہاتھ بڑھا کر گلاس اٹھایا۔ ہونٹوں سے لگایا اور ایک ہی سانس میں خالی کر دیا۔

رحیم داد نے بھی گلاس ختم کیا اور اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

مراد خاں مسکرا کر بولا۔ "چوہدری! آج یہ گل چاندنی میرے پاس رہے گی۔ پولانی تیرے پاس پہنچ جائے گی۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "تجھے وہ پسند بھی ہے۔"

رحیم داد خاموش رہا' حیرت سے سلمہی کو دیکھتا رہا۔ اس نے اپنے بیمار بیٹے مندوں کے بارے میں مراد خاں شاہانی سے کچھ نہیں کہا جس کے لیے وہ کچھ ہی دیر پہلے اپنی کوٹھری میں رو رہی تھی' گڑگڑا کر یہ وزاری کر رہی تھی۔

مراد خاں جھومتا جھامتا کمرے سے چلا گیا۔ سلمہی سہمی ہوئی تھی۔ وہ چہرے پر ابھرتی ہوئی افسردگی چھپانے کے لیے بار بار مسکرانے کی کوشش کر رہی تھی۔ رحیم داد بھی کمرے سے نکلا' کچھ دور تک مراد خاں اور سلمہی کے پیچھے اندھیرے میں چلتا رہا۔ حویلی سنسان تھی۔ ہر طرف ہو کا عالم تھا۔

رحیم داد مڑا' ڈیرے کی جانب بڑھا' اپنے کمرے میں پہنچا اور چپ چاپ بستر پر جا کر لیٹ گیا۔ وہ سلمہی کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ اس کی مجبوری اور بے بسی پر مضطرب تھا۔ اسے رہ رہ کر سلمہی کا بیٹا یاد آ رہا تھا جسے حکیم نے نمونیا بتایا تھا۔ وہ بخار سے بھن رہا تھا اور اس کی ماں سردار مراد خاں شاہانی کے بپھرے ہوئے جذبات کے گرداب میں تھی۔

کمرے کا دروازہ آہستہ سے کھلا۔ رحیم داد نے چونک کر دیکھا۔ پولانی اندر داخل ہو رہی تھی۔ اس کا قد نکلتا ہوا تھا۔ رنگ گورا اور زردی مائل تھا۔ جسم مضبوط اور چھریرا تھا۔ وہ گاؤں کے نوجوان جولاہے کی بیوی تھی۔ رحیم داد کی تیز نظروں نے تاڑ لیا کہ بناؤ سنگھار کے باوجود اس کے چہرے پر خوف کے سائے منڈلا رہے ہیں۔ آنکھوں میں کچی نیند سے بیدار ہونے کا خمار ہے۔ اس نے دروازہ بند کیا' مسکرانے کی کوشش کی' آگے بڑھی اور بستر پر سمٹ کر ایک طرف بیٹھ گئی۔

☆

رحیم داد غسل کرنے کے بعد تولیا سے بدن پونچھ رہا تھا کہ حویلی کے پچھواڑے سے عورتوں کے رونے اور بین کرنے کی ملی جلی آوازیں سنائی دیں۔ اس نے گھبرا کر تولیا ایک طرف پھینکا۔ جلدی جلدی کپڑے پہنے' باہر نکلا۔ ابھی تک پالا پڑ رہا تھا۔ ہلکی ہلکی دھند فضا پر چھائی ہوئی تھی۔ سورج طلوع ہو چکا تھا مگر دھند میں لپٹی ہوئی دھوپ نیالی اور پھیکی پھیکی تھی۔

رحیم داد حویلی کے پچھواڑے بڑھا جدھر سے رونے کی آوازیں صبح کی گہری خاموشی میں رک رک کر ابھر رہی تھیں۔ وہ آگے گیا تو جلد ہی اندازہ ہو گیا کہ رونا پیٹنا سلھری کی کوٹھری کے اندر ہو رہا ہے۔

رحیم داد کا دل دھک سے رہ گیا۔ وہ بڑھ کر کوٹھری کے دروازے پر پہنچا' اندر داخل ہوا۔ سامنے چارپائی پر سلھری کا بیٹا مندوں بے جان پڑا تھا۔ اس کے مردہ جسم پر میلی سی چادر پڑی تھی۔ سلھری اس کے سرہانے چارپائی کی پٹی سے سر ٹکائے بین کر رہی تھی۔ چارپائی کے اردگرد چند عورتیں بھی بیٹھی تھیں۔ وہ بھی رو رہی تھیں۔ رک رک کر سینے پر ہاتھ مارتیں اور دل گرفتہ ہو کر "ہائے ہا' ہائے ہا!" کی صدائیں بلند کرتیں۔ کوٹھری میں عود و لوبان کا دھواں لہرا رہا تھا۔ فضا دھند اور افسردہ تھی۔

سلھری نے گردن اٹھا کر رحیم داد کو دیکھا۔ اس کی آنکھوں کے پپوٹے سوجے ہوئے تھے۔ چہ اجڑا اجڑا تھا۔ بال بکھر کر منہ پر آ گئے تھے۔ بدن پر وہی لباس تھا جسے پہن کر وہ پچھلی رات سردار مراد خاں شاہانی کے پاس آئی تھی۔ البتہ اس کا گلابی دوپٹہ ایک طرف پڑا تھا۔ سر برہنہ تھا۔ وہ ٹکٹکی باندھے' کھوئی کھوئی نظروں سے رحیم داد کو دیکھتی رہی۔ پھر سینے پر دو ہتڑ مار کر بین کرنے لگی۔

"سئیں! میں لٹ گئی' میرا مندوں گزر گیا۔ وہ مجھے چھوڑ کر چلا گیا۔ ڈائن موت اسے رات ہی رات اپنے ساتھ لے گئی۔ میں سویرے لوئی تو وہ مردا پڑا تھا۔ سئیں! میں شامت دی ماریا' آخری گھڑی اس سے مل بھی نہ سکی۔ میں اس کے لیے کچھ نہ کر سکی۔" اس نے بے بسی سے گردن ادھر ادھر ہلائی۔ "وہ یہاں اکیلا تھا۔ کوئی پانی پلانے والا بھی نہ تھا۔"

سلھری رک رک کر بین کر رہی تھی۔ قریب بیٹھی ہوئی عورتیں اس کے ساتھ ساتھ بین کرتیں۔ سینے پر بار بار ہاتھ مار کر "ہائے ہا!" کی صدا بلند کرتیں۔ سلھری بین کرتے کرتے بے قرار ہو کر چیخی۔ "ہائے ربا! میں کیہ کراں۔ میں لٹ گئی۔ میرا سہارا ختم ہو گیا۔" اس نے تڑپ کر سر چارپائی پر رکھ دیا اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

رحیم داد قریب گیا اور سلھری کا سر آہستہ آہستہ تھپک کر بولا۔ "صبر کر سلھری! صبر کر' رب کی یہی مرضی تھی۔" اس کا دل بھر آیا' آنکھیں چھلک پڑیں' آنسو پلکوں سے بہہ کر رخساروں پر ٹپکنے لگے۔ وہ کچھ دیر میت کے نزدیک خاموش کھڑا آنسو بہاتا رہا۔ پھر اس نے آنسو پونچھے مڑا اور کوٹھری سے نکل گیا۔

وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا مراد خاں شاہانی کے کمرے میں پہنچا۔ مراد خاں نہایت اطمینان سے ناشتا کر رہا تھا۔ رحیم داد کرسی کھسکا کر قریب بیٹھتے ہوئے بولا۔ "شاہانی! تیری سلھری کا پتر مر گیا۔"

"مجھے پتہ ہے۔" وہ تلے ہوئے مرغ کا گوشت نوچتے ہوئے بولا۔ "چوہدری! تو سلھری کی کوٹھری میں کیوں گیا تھا؟" اس کا لہجہ تیکھا تھا اور چہرے پر جھنجلاہٹ تھی۔ "تجھے وہاں نہیں جانا چاہیے تھا۔ تجھے پتہ ہونا چاہیے ہم سردار کیموں کے پاس اس طرح نہیں جاتے۔" مراد خاں کے رویئے میں اور تلخی پیدا ہو گئی۔ "تو میرا مہمان ہے تجھے اس طرح میری آن اور رتبہ نہیں بگاڑنا چاہیے تھا۔ یہ عزت اور دبدبہ قائم رکھنے کا معاملہ ہے۔ اس کے لیے خود کو بہت اونچا رکھنا پڑتا ہے۔ مزارعوں اور کیموں کو جتی کے نیچے دبا کر رکھنا پڑتا ہے۔"

رحیم داد حیران و پریشان بیٹھا رہا۔ سردار مراد خاں تیزی سے بولتا رہا۔ "وڈے اور بزرگ کہہ گئے ہیں۔ سور اور گیدڑ کو گولی مار دو تاکہ وہ فصل خراب نہ کریں۔ مزارعوں اور کیموں کی گردن سدا نیچی رکھنے کے لیے ان کی رن کو اپنا بستر سمجھو تاکہ وہ فصل پر حق نہ جتائیں۔" اس نے رحیم داد کو بھرپور نظروں سے دیکھا۔ "اسی لیے ہمیں ان کی نوجوان رناں اور پالڑیاں اٹھوانی پڑتی ہیں تاکہ ان کی آنکھ اونچی نہ ہو۔ ان سے الگ اور دور رہنا پڑتا ہے تاکہ وہ سر نہ چڑھیں۔"

"تو ٹھیک کہہ رہا ہے۔" رحیم داد اس کے غصے سے مرعوب ہو کر معذرت کے انداز میں بولا۔ "سچی بات یہ ہے' تو سردار ہے' وڈا جگیردار ہے۔ میں تیرے سامنے معمولی زمیں دار ہوں' مہاجر بھی ہوں۔ میں توں ان باتوں کا ٹھیک ٹھیک پتہ نہیں۔"

"ٹھیک ہے' ٹھیک ہے۔" مراد خاں بھی نرم پڑ گیا۔ اس نے سنبھلے ہوئے لہجے میں کہا۔ "تجھے پتہ نہیں' مجھے بھی سلھری کے پتر کے مرن کا رنج ہوا۔ پر کیا کیا جائے۔ رب کی یہی مرضی تھی۔" اس نے تولیا اٹھا کر ہاتھ پونچھے۔ "میں نے آدھ گھنٹہ پہلے سلھری کو بلایا تھا' اس کے سر پر ہاتھ پھیرا تھا۔ دلاسا دیا تھا' حوصلہ بڑھایا تھا۔ سو روپے بھی دیئے۔"

رحیم داد اس کی باتیں سنتا رہا۔ اس نے نہ مداخلت کی نہ کسی فوری ردعمل کا اظہار کیا۔ مراد خاں نے ہاتھ پونچھ کر رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری! تو بھی فٹافٹ ناشتا کر لے بھکر واپس جانا

ہے۔ تجھے بھی ساتھ ہی چلنا ہے۔"

"کیا آج بھکر جانا ضروری ہے؟" رحیم داد نے اٹکتے ہوئے پوچھا۔

"بہت ضروری ہے۔ ملتان سے میرا یار مرشد علی گردیزی آیا ہے۔ وہ کل رات ہی بھکر پہنچا اور میرا انتظار کر رہا ہے۔ وہ مجھے اپنے ساتھ ملتان لے جائے گا۔ اس کی بھین کا پرنا ہے۔ اس لیے مجھے شرکت کرنا بہت ضروری ہے۔"

"کیوں بہت ضروری ہے؟" رحیم داد نے بے خیالی میں پوچھ لیا۔

سردار مراد خاں شاہانی بے تکلفی سے ہنسنے لگا۔ "سیں چوہدری! تجھے پتہ نہیں۔ مرشد کا پ ملتان کے گدی نشینوں میں سے ہے۔ اس کا ایک شریکا بھی وزیر لگا ہے' وہ بھی آئے گا۔ اس کے ساتھ دوسرے وزیر اور وڈے سرکاری افسر بھی آئیں گے۔ ان سب سے وہاں ملنا جلنا ہوگا۔ وزیروں اور افسروں سے میل ملاپ رکھنا چاہیے۔ زمیں داری چلانے میں ان سے بہت کام اٹ ہے۔" اس نے رحیم داد کا ہاتھ تھام کر ہولے سے دبایا۔ "تجھے بھی ملتان لے چلوں گا۔ سب سے تجھے ملواؤں گا۔ چوہدری! ایسا موکع روز روز نہیں ملتا۔"

"تیرے ساتھ میں ضرور ملتان چلوں گا۔" رحیم داد نے نرم لہجے میں اسے سمجھانے کی کوشش کی۔ "یہ تو سوچ' سلھری کا پتر آج ہی مرا ہے۔ وہ نئی بہت چہیتی اور پرانی رکھیل ہے۔ تیرے اس طرح چلے جانے پر اسے بہت دکھ ہوگا۔ تیرے بارے میں وہ کیا سوچے گی؟"

"تو اس کی فکر نہ کر۔" مراد خاں شاہانی نے مسکرا کر بے نیازی سے کہا۔ "چند روز میں وہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہو جائے گی۔ پہلے کی طرح مسکراتی' لچکتی' بل کھاتی رات کو میرے پاس آئے گی۔ تو اسے نہیں جانتا۔ میکوں پتہ ہے' وہ میری کسی گالہ کا ذرا برا نہیں مناتی۔ وہ مجھ سے کبھی روٹھ نہیں سکتی۔" اس نے ہلکا قہقہہ بلند کیا۔ "بس ذرا کمر پر ہاتھ پھیرا' گلے لگا کر پیار سے کہا' ہائے جدجانی! وہ ایک دم موم کی طرح پگھل جاتی ہے۔ خوشی سے ایسی مست ہو جاتی ہے جیسے پھول کھلتا ہے۔ میں اسے بہت ٹھیک طرح جانتا ہوں۔ برسوں سے میرے پاس ہے۔ مجھ سے زیادہ اسے کون جان سکتا ہے۔"

"ویسے جیسی تیری مرضی۔ میں چاہتا تھا تو ایک روز یہاں ٹھیر جاتا تو ٹھیک تھا۔" رحیم داد نے اسے روکنے کے لیے دبی زبان سے اصرار کیا۔

"چوہدری! میرے یہاں ٹھیرنے سے کیا ہوگا۔" مراد خاں شاہانی رضامند نہ ہوا۔ "راوھانی موجود ہی رہے گا۔ میں نے اسے کہہ دیا ہے' گور کفن کا بندوبست کردے۔ وہ سارا کام ٹھیک ٹھاک

طور سے کرا دے گا۔ تجھے پتہ ہے وہ کتنا ہوشیار بندہ ہے۔" اس نے گردن اونچی کی اور ذرا پھیل کر بیٹھ گیا۔ "چوہدری! اطمینان رکھ۔ سلھری کے پتر کا کفن دفن پوری شان سے ہوگا۔ غریب غربا کو روٹی کھلائی جائے گی۔ مندر جھوڑے چاول ہوں گے' کل ہوگا' فاتحہ ہوگی۔ جمعراتیں ہوں گی۔ سب ہی کچھ ہوگا اور میری طرف سے ہوگا۔" اس نے مسکرا کر رحیم داد کو بھرپور نظروں سے دیکھا۔ "چوہدری! تجھے پتہ ہے' میں سلھری کو کتنا پیار کرتا ہوں۔ وہ میری چہیتی ذال ہے۔"

رحیم داد گم صم بیٹھا رہا۔ کچھ دیر بعد ناشتا آگیا۔ رحیم داد نے بے دلی سے ناشتا کیا اور جلد ہاتھ کھینچ لیا۔ وہ خاصا افسردہ اور دل گرفتہ تھا۔ لیکن شاہانی اطمینان سے بیٹھا تھا۔ اس کے چہرے پر افسردگی کا نام و نشان نہ تھا۔

پہر دن گزرا۔ سورج چڑھ کر آسمان کی بلندی پر پہنچا۔ مراد خاں شاہانی نے رحیم داد کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالا اور اس کے ہم راہ حویلی کے پھاٹک پر پہنچا۔ دونوں جیپ میں سوار ہوگئے۔ حویلی کے پچھواڑے سلھری کی کوٹھری میں پٹنی ہو رہی تھی۔ رونے اور بین کرنے کی دل دوز آوازیں ابھر رہی تھیں۔

جیپ آگے بڑھی۔ رحیم داد اور سردار مراد خاں رونے اور بین کرنے کی دل دوز آوازیں دور تک سنتے رہے۔ دونوں خاموش بیٹھے تھے۔ جیپ ہچکولے کھاتی' گرد کے بادل اڑاتی گاؤں کے کچے راستے پر دوڑتی رہی۔ رونے پیٹنے کی آوازیں پیچھے رہ گئیں۔ جیپ پختہ سڑک پر آگئی اور تیز رفتار سے بھکر شہر کی جانب دوڑنے لگی۔

☆

مرشد علی گردیزی حویلی کے چوک ہی میں مل گیا۔ مراد خاں شاہانی کو دیکھتے ہی دوڑ کر گلے سے لپٹ گیا۔ دونوں ایک دوسرے کے گلے سے لگے ہوئے خاصی دیر تک جوش و مسرت سے قہقہے لگاتے رہے' گلے شکوے کرتے رہے۔ پھر ہنستے مسکراتے بیٹھک کی جانب بڑھے۔ رحیم داد بھی ان کے ساتھ ساتھ تھا۔ مراد خاں نے مرشد علی کا تعارف کراتے ہوئے رحیم داد کو مخاطب کیا۔

"چوہدری! یہ مرشد گردیزی میرا بہت پرانا یار ہے۔ جب میں لہور میں پڑھتا تھا۔ یہ میرا کلاس فیلو ہوتا تھا۔ ہم اکٹھے ہوسٹل میں رہتے تھے۔"

"اور اکٹھے ہی چھپ چھپ کر کنجریوں کے پاس ہیرا منڈی بھی جاتے تھے۔" گردیزی نے زور کا قہقہہ لگایا۔ "پر اس نے پرنا پہلے کر لیا اور مجھے اکیلا چھوڑ کر چلا گیا۔"

مراد خاں نے بھی زور کا قہقہہ بلند کیا۔ رحیم داد کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"مرشد! یہ چوہدری نورالٰہی ہے۔ منٹگمری کا وڈا زمیں دار ہے۔ احسان شاہ کی حویلی میں' پہلی بار اس سے ملا تھا۔ تب سے ایسی یاری ہوگئی کہ اب تو یہ میرا جگری یار ہے۔"

مرشد علی نے مسکرا کر رحیم داد کو دیکھا' گرم جوشی سے اس کا ہاتھ دبا کر بولا۔ "چوہدری! تو مراد کا یار ہے تو آج سے میرا بھی یار بن گیا۔" اس نے بات کا رخ موڑ کر اچانک مراد خاں کو مخاطب کیا۔ "یار شاہانی! آج تک احسان شاہ سے تیری یاری کا راز سمجھ نہیں آیا۔" وہ کھلکھلا کر ہنسا۔ "خدا جھوٹ نہ بلوائے' وہ عمر میں لگ بھگ تیرے پیو کے برابر ہوگا۔ تیری اس کے ساتھ کیسے یاری ہو سکتی ہے؟"

"تو اس راز کو نہیں جانتا۔" مراد خاں نے صاف گوئی سے بتایا۔ "وہ عمدہ اسکاچ وہسکی پلاتا ہے اور سب سے خاص بات یہ ہے کہ اس کے کوٹ میں ایک سے ایک زوردار اور پوپٹ رن ہے۔ خود تو عیش کرتا ہی ہے پر یاروں کو کرا کے زیادہ خوش ہوتا ہے۔"

"تو اس سے کہاں ٹکر گیا؟" مرشد علی شاہ گردیزی نے پوچھا۔ "پہلے تو تیری اس سے یاری نہیں تھی۔ سال سوا سال سے سن رہا ہوں تو اس کے پاس بہت جانے لگا ہے۔ کئی کئی روز اس کی حویلی میں ٹھیرتا ہے۔ یہ چکر کیا ہے؟"

"بات دراصل یہ ہے سئیں! شاہ جی کا ایک جنوائی سی ایس پی افسر ہے۔ وہ ضلع میانوالی میں ڈپٹی کمشنر لگا ہے اور میرا ایک کام اس سے اٹکا ہے۔ اس چکر میں شاہ جی سے ملنا پڑا۔ نواب زادہ نیاز محمد خاں کو تو جانتا ہی ہے۔ وہی اپنا کالا باغ والا۔ اسی نے شاہ جی سے مجھے ملایا تھا۔" اس نے ہنس کر مرشد علی گردیزی کے زانو پر ہاتھ مارا۔ "پر یہ باتیں میں تجھے پہلے بھی بتا چکا ہوں۔"

"کہاں بتا چکا ہے؟" مرشد علی شاہ نے شکوہ کیا۔ "تجھ سے پچھلے دنوں میرا ملنا جلنا ہی کتنا رہا۔ دو تین بار ملا بھی تو کبھی ٹھیک سے بات نہیں ہوئی۔ تو نے ہر بار ملتان آنے اور میرے ساتھ کچھ دن گزارنے کا وعدہ بھی کیا پر کبھی آیا نہیں۔"

"اب تو تیرے ساتھ ملتان چل ہی رہا ہوں۔ روز ہی مل بیٹھیں گے' جی کھول کر باتیں ہوں گی۔ پرانی یادیں تازہ ہوں گی۔"

نوکروں نے بیٹھک ہی میں کھانا لا کر میز پر چن دیا۔ تینوں نے کھانا کھایا۔ کھانے سے فارغ ہو کر مراد خاں اور مرشد علی شہر چلے گئے۔ رحیم داد زینہ طے کر کے اوپر کی منزل کے اس کمرے میں چلا گیا جس میں اس کے قیام کا بندوبست کیا گیا تھا۔ مرشد علی گردیزی کا کمرہ برابر ہی تھا۔

شام کو پینے پلانے کا دور چلا۔ مرشد علی گردیزی اور رحیم داد کے درمیان جو حجاب اور تکلف تھا

وہ چند ہی پیگ لگانے کے بعد دور ہوگیا۔ دونوں ہنس ہنس کر باتیں کر رہے تھے۔ قہقہے لگا رہے تھے۔ مراد خاں زیادہ دیر ان کے ساتھ نہ بیٹھ سکا۔ ساڑھے آٹھ بجے اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔

رحیم داد نے ٹوکا۔ "کہاں چلا شاہانی؟"

"چوہدری! میں نے اب اندر جانا ہے۔" مراد خاں شاہانی نے سنجیدگی سے کہا۔ "گردیزی تو تیرے ساتھ بیٹھا ہی ہے۔"

"کچھ دیر اور ٹھیر جاتا تو ٹھیک تھا۔" رحیم داد نے اصرار کیا۔ "چلا جانا' ابھی تو بہت رات پڑی ہے۔"

"نہیں! اب میں نہیں ٹھیر سکتا۔" وہ مسکرا کر بولا۔ "اپنی ڈال انتظار کر رہی ہے۔ ۲۵ روز بعد لوٹا ہوں۔ کچھ اس کا بھی تو حک ہے۔"

"جا یار جا۔" مرشد علی نے ہنس کر بے تکلفی سے کہا۔ "چوہدری! اسے جانے دے۔ اس نے اب نہیں رکنا۔"

مراد خاں شاہانی چلا گیا۔

ذرا دیر خاموشی رہی۔ مرشد علی نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا اور مسکرا کر بولا۔ "چوہدری! تجھے پتہ نہیں' شاہانی اپنی گھر والی سے بہت ڈرتا ہے۔"

"میں تو سمجھتا ہوں جی' وہ کسی سے نہیں ڈرتا۔" رحیم داد نے زور دے کر کہا۔ "اور کسی زنانی سے تو وہ ڈر ہی نہیں سکتا۔ گھر والی تو صرف بچوں کی ماں ہوتی ہے۔ اس سے کیا ڈرنا شرنا۔"

"پر شاہانی کی گھر والی کی بات ہی دوسری ہے۔" مرشد علی گردیزی نے نشے میں لہرا کر رحیم داد کو گہری نظروں سے دیکھا۔ "وہ وڈی جگیردارنی بھی ہے۔ اسے ترکے میں بہت وڈی جائیداد ملی ہے۔" وہ کچھ زیادہ ہی چڑھا گیا تھا۔ قہقہہ لگا کر بولا۔ "ایسی گھر والی سے تو ڈرنا ہی پڑتا ہے۔"

"یہ تو میں نوں پتہ نہیں تھا۔" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔

"تجھے تو یہ بھی پتہ نہ ہوگا کہ شاہانی اس کا دوسرا کھسم ہے۔ دھیج میں ایک آگوایا بھی ساتھ لائی ہے۔" مرشد علی پر نشہ تیزی سے چڑھا تھا۔ بار بار زور کا ریلا آتا۔ اس کی جھونک میں وہ رحیم داد سے کچھ زیادہ ہی بے تکلف ہوگیا۔ شاہانی کی نجی زندگی کے بارے میں کھل کر بات کرنے لگا۔ "اس کا پہلا کھسم بہت وڈا جگیر دار ہوتا تھا۔ وہ گھوڑی سے گر کر مرگیا۔ اس کے مرن کے بعد ساری جائیداد اور زمیں داری گھر والی اور اس کے اکلوتے پتر کو ملی۔"

"اس کی زمیں داری بھی بیٹ میں ہے؟" رحیم داد نے اس کی باتوں میں دلچسپی لیتے ہوئے

دریافت کیا۔

"نہیں!" مرشد علی گردیزی نے جواب دیا۔ "نواں کوٹ میں اس کے مرنے ہیں۔ باغات ہیں۔ ان کی دیکھ بھال شاہانی کا سالا کرتا ہے۔ پر اب تو اس جائیداد اور اراضی کا مالک بھی مراد ہی ہے۔"

مرشد علی گردیزی نے نشے میں جھوم کر قہقہہ لگایا۔ "اسی بگیر کے چکر میں تو مراد کے پیؤ نے اس سے پرنا کردیا حالانکہ عمر میں بھی وہ وڈی تھی اور ایک پتر کی ماں بھی تھی۔ یہ جائیداد اور بگیر بھی بہت ظالم ہوتی ہے۔"

"یہ باتیں تو شاہانی نے مجھے کبھی بتائی ہی نہیں۔" رحیم داد بدستور حیرت زدہ تھا۔

"ایسی باتیں کہیں بتانے والی ہوتی ہیں۔ سیں چوہدری! تو نے بھی حد کردی۔" وہ رحیم داد کی سادہ لوحی پر ٹھٹھا مار کر ہنسا۔ "مجھے تو اس لیے معلوم ہیں کہ مراد کے پرنے میں شریک ہوا تھا۔ ویسے میں اس کی ذال کے پہلے کھسم کو بھی جانتا تھا۔" مرشد علی نے گردن بڑھا کر سرگوشی کی۔ "تجھے راز کی ایک گالہ بتاؤں۔ شاہانی سے اب تک اس کی کوئی نرینہ اولاد نہیں۔ ایک نکی ہوئی تھی۔ بچپن ہی میں مرگئی۔ اب تو پہلے ہی کھسم کا پتر رہ گیا ہے۔ اسے کا نام محمد سلمان خاں ہے۔ اچھا گبھرو جوان ہے۔ بالکل اپنے پیؤ پر گیا ہے۔ وہ جرّیا اور تکڑا جوان ہوتا تھا۔"

رحیم داد نے ہنس کر تبصرہ کیا۔ "تب ہی تو شاہانی نت نئی زنانیوں کے چکر میں رہتا ہے۔"

"چوہدری! ویسے یہ انوکھی گالہ نہیں۔ سارے ہی وڈے زمیں دار اور بگیر دار اسی چکر میں رہتے ہیں۔ گھر والیاں بھی سب کچھ جانتی ہیں پر انھیں پتہ ہوتا ہے کہ جائیداد کی اصلی مالکن وہی ہوتی ہیں۔ انھی کی اولادیں جائیداد کی وارث بنتی ہیں۔ یہ حک ان سے کوئی نہیں چھین سکتا۔" مرشد بہکنے کے عالم میں بڑبڑانے لگا۔ "یار چوہدری! اپنے بادشاہ اور شہنشاہ بھی تو حرم رکھتے تھے۔ ان میں چھانٹ چھانٹ کر ایک سے ایک خوبصورت اور پوپٹ کنیزیں رکھتے تھے۔" اس نے قہقہہ لگایا۔ "عیش کرتے تھے جی۔ جب چاہتے تھے اور جسے چاہتے تھے اس کے ساتھ سوتے تھے۔ انھیں کوئی روکنے والا یا منع کرنے والا تو ہوتا نہیں تھا۔ پر ملکہ' ملکہ ہی ہوتی تھی۔ تخت و تاج اسی کے پتر سنبھالتے تھے۔ اسی سے ان کی نسل چلتی تھی۔ غلط کہہ رہا ہوں میں؟"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ بالکل ٹھیک کہہ رہا۔" رحیم داد بھی نشے کے ایک زور دار ریلے میں بہہ گیا۔ "اس معاملے میں اپنا مراد خاں بھی کسی بادشاہ سے کم نہیں۔ اسے تو روز نئی رن چاہیے۔"

"پر شاہانی کچھ زیادہ ہی رناں کے چکر میں رہتا ہے۔ میں نے اوروں سے بھی سنا ہے' اب وہ بہت رن رسیا ہوگیا ہے۔"

رات گزرتی رہی۔ مے نوشی کا دور چلتا رہا۔ بات سے بات نکلتی رہی۔ شاہانی سے ہٹ کر بات سیاست پر آگئی۔ رحیم داد کو سیاست کے بارے میں کوئی شدبد نہیں تھی۔ مگر مرشد علی شاہ سیاسی جوڑ توڑ سے خاصا باخبر تھا۔ وہ ملک کے سیاسی حالات کے بارے میں ایسی باتیں سناتا رہا جو رحیم داد کے لیے نئی تھیں اور حیرت انگیز بھی۔

دونوں نے جم کر پی۔ کھانا کھایا اور اپنے اپنے کمروں میں جاکر بستر پر لیٹ گئے۔

دوسرے روز دوپہر کو ملتان جانے کا پروگرام تھا۔ مگر صبح کی ٹرین سے اچانک مراد خاں کی بیوی کا بھتیجا یا اگوایا محمد سلمان خاں آگیا۔ وہ انیس بیس سال کا خوش شکل اور صحت مند نوجوان تھا۔ گورڈن کالج' راولپنڈی میں پڑھتا تھا اور ہوسٹل میں رہتا تھا۔ دو ہفتے کی چھٹی پر بھکر آیا تھا۔ اس کے پہنچنے کے بعد مراد خاں کا پروگرام درہم برہم ہوگیا۔ وہ ملتان نہیں جاسکا۔ اس نے مرشد علی گردیزی کو بھی روک لیا۔ مراد خاں کا بیشتر وقت سلمان کے ساتھ گزرتا۔ وہ اسے بہت چاہتا تھا۔ اس کی بڑی ناز برداری کرتا۔ اس کے آرام و آسائش کا ہر طرح خیال رکھتا۔

مرشد علی اور رحیم داد ایک دوسرے کے زیادہ قریب آگئے۔ دونوں شام کو دیر تک بیٹھتے' شغل بادہ نوشی کرتے اور ہنس ہنس کر بے تکلفی سے باتیں کرتے۔ شاہانی ان کی صحبت میں کم ہی وقت گزارتا۔ پھر رات گزرتے ہی اٹھ کر کھڑا ہوجاتا۔ چار روز گزر گئے۔ مرشد علی کے لیے بسن کی شادی کے باعث زیادہ قیام کرنا ممکن نہیں تھا۔ اس نے بار بار اپنی مجبوری کا مراد خاں سے اظہار کیا۔ اس کے زور دینے پر پانچویں روز مراد خاں اور رحیم داد شام کی ٹرین سے مرشد علی گردیزی کے ہم راہ ملتان روانہ ہوگئے۔

☆

ملتان میں دو روز ٹھہرنے کے بعد مرشد علی سویرے سویرے مراد خاں شاہانی اور رحیم داد کو قاسم بیلہ لے گیا۔ وہاں اس کی زمینیں تھیں۔ آم اور مالٹے کے باغات تھے۔ چند میل کے فاصلے پر دریائے چناب بہتا تھا۔ اس کے کنارے گھنے جنگل تھے جن میں مرشد علی کی اپنی شکارگاہ بھی تھی۔ قاسم بیلہ میں اس کی ایک حویلی بھی تھی۔ اسی میں تینوں کے قیام کا بندوبست کیا گیا۔

رات گزری' صبح ہوئی۔ مراد خاں اور مرشد علی شکار کھیلنے نکل گئے۔ رحیم داد نہیں گیا۔ اسے شکار سے زیادہ دلچسپی نہ تھی۔ طبیعت بھی کچھ مضمحل تھی۔ پچھلی رات بہت زیادہ شراب پی گیا تھا۔ اس کا خمار ابھی تک باقی تھا۔ سر میں ہلکا ہلکا درد تھا۔ اس نے گرم پانی سے غسل کیا۔ لسی کے کئی گلاس چڑھائے لیکن خمار اور ہینگ اوور میں کمی نہ آئی۔

ناشتے سے فارغ ہو کر رحیم داد باغ میں چلا گیا۔ باغ حویلی کی چار دیواری کے اندر ہی تھا۔ خاصا وسیع بھی تھا۔ اس میں پھلوں کے درخت تھے۔ رات کی رانی اور چنبیلی کے بیلوں سے مہکتے ہوئے فرحت افزا کنج تھے۔ گلاب کے پودے کثرت سے تھے اور قسم قسم کے تھے۔ ان کے چمن بندی سلیقے اور نفاست سے کی گئی تھی۔ سرما کی ہلکی ہلکی دھوپ میں گلاب کے شگفتہ پھول مہک رہے تھے۔ ان کی پنکھڑیوں پر شبنم کے قطرے جھل ملا رہے تھے۔

رحیم داد کو باغ بہت پسند آیا۔ وہ سبزہ زار میں پڑی ہوئی کرسیوں میں سے ایک پر بیٹھ گیا اور دھوپ سے لطف اندوز ہونے لگا مگر وہ زیادہ دیر باغ میں نہ بیٹھ سکا۔ طبیعت بے مزہ ہو رہی تھی۔ سر چکرا رہا تھا اور آنکھیں سلگ رہی تھیں۔ وہ کمرے میں گیا اور بستر پر سو گیا۔

دوپہر کو وہ سو کر اٹھا۔ ایک بار پھر خوب گرم پانی سے غسل کیا۔ اب اسے کچھ قرار آیا۔ وہ فرحت اور تازگی محسوس کرنے لگا۔ اس نے کھانا کھایا اور مرشد علی کے مینیجر خادم علی جویا کے ہم راہ کھیتوں کی طرف نکل گیا۔ خریف کی فصل کی کٹائی ہو چکی تھی۔ کھیتوں میں جگہ جگہ مکئی اور کماد کے کٹے ہوئے پودوں کے مہارے اور ڈھیر لگے تھے۔

دونوں پگڈنڈیوں اور پیموں سے گزرتے ہوئے کپاس کے کھیتوں میں چلے گئے۔ کپاس کی فصل بہت اچھی تھی۔ اس کی کاشت بہت بڑے رقبے پر کی گئی تھی۔ سورج بیچ آسمان سے گزر کر تھوڑا سا مغرب کی طرف ڈھلک گیا تھا۔ دھوپ میں تمازت آگئی تھی۔ کپاس کے پودوں میں روئی کے سفید سفید گالے ڈوڈوں سے پھوٹ کر باہر جھانک رہے تھے۔ یہ پھٹی تھی۔ سرائیکی میں اسے ونواڑ بھی کہا جاتا ہے۔ اجلی اجلی ونواڑ کھیتوں میں حد نظر تک پھیلی ہوئی تھی' سورج کی چمکیلی اور ترچھی کرنوں میں جھلکتی نظر آرہی تھی۔ کپاس کے پودے دیکھ کر صاف پتہ چلتا تھا کہ ونواڑ کی چنائی بہت پہلے شروع ہو چکی ہے۔

اس وقت بھی نوجوان چوگی عورتیں اور لڑکیاں ٹولیاں بنائے کھیتوں میں جگہ جگہ بکھری ہوئی تھیں۔ وہ ونواڑ کی چنائی کر رہی تھیں۔ انھوں نے اپنے دوپٹے پیشانی سے سر تک لپیٹ کر پیچھے کر لیے تھے اور ان کے دو پلو کمر کے گرد باندھ رکھے تھے۔ وہ انگلیوں سے ونواڑ چنتیں اور دائیں بائیں کمر کے پیچھے ڈالتی جاتیں۔ ان کے ہاتھ تیزی سے چل رہے تھے' چہروں پر پسینے کے قطرے جھل ملا رہے تھے۔ وہ قہقہے لگا رہی تھیں اور ونواڑ کی چنائی کے گیت گا رہی تھیں۔ رحیم داد جب خادم علی جویا کے ہم راہ چوگیوں کے قریب سے گزرا تو انھوں نے نظریں اٹھا کر دونوں کی طرف دیکھا۔ وہ ونواڑ چن چن کر دائیں بائیں تیزی سے اڑس رہی تھیں اور ہنس ہنس کر گا رہی تھیں۔

ملک تاں تیڈا یار ہے' تو کیوں میریندئیں بولیاں
موسم آئی ونواڑ دی چریاں کملیاں بھولیاں

خادم علی جویا گیت کے بول سن کر مسکرایا۔ اس نے رحیم داد سے پوچھا۔ "سیں چوہدری! تو ملتانی سمجھتا ہے؟"

"کچھ زیادہ نہیں جانتا جی!"

جویا نے ہنستے ہوئے کہا۔ "یہ چوگیاں تجھے دیکھ کر آپس میں چھیڑ چھاڑ کر رہی ہیں۔ ایک دوسرے سے کہہ رہی ہیں' زمیں دار تیرا یار ہے۔ تو مجھے کیوں طعنے دیتی ہے۔ کپاس چن نے کا موسم آگیا ہے۔ بھولی بھالی مٹیاریں کپاس چن رہی ہیں۔ ان بولوں کا یہی مطلب ہے۔" اس بے تکلفی سے تمدد لگایا۔

رحیم داد مسکرایا' اس نے چوگیوں کی جانب دیکھا۔ وہ گا رہی تھیں' ہنس رہی تھیں اور ونواڑ چننے میں ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کر رہی تھیں۔ دونوں کپاس کے کھیتوں کے درمیان گزرتی ہوئی ایک پگڈنڈی پر آہستہ آہستہ آگے بڑھے۔ کچھ دور جانے کے بعد رحیم داد کپاس کی چنائی کرنے والی ایک چوگی کو دیکھ کر ٹھٹکا۔ اس کی آنکھوں میں حیرت نمودار ہوئی۔ رحیم داد نے اسے پہچاننے کی کوشش کی۔ وہ شاداں تھی۔ ہاں وہی تھی۔ وہی کسا ہوا سڈول جسم' وہی ملگجے بھگے سے جھانکتا ہوا بھرا بھرا سینہ۔ وہی بڑی بڑی روشن آنکھیں۔ وہ ذرا بھی نہیں بدلی تھی۔

شاداں کے ہاتھ تیزی سے چل رہے تھے۔ چہرہ پسینے سے بھیگا ہوا تھا۔ اور دھوپ میں اجلے تانبے کی طرح دمک رہا تھا۔ اس کے بالوں میں پھٹی کے ریشے الجھے ہوئے تھے۔ لمبی لمبی پلکوں پر خاک کے ذروں کی تہہ نظر آرہی تھی۔ وہ انگلیوں سے پھٹی چنتی' چوگیوں کے غول سے نکل کر کبھی اس پودے پر جاتی کبھی اس پر۔ اس کے چہرے پر نہ شوخی تھی نہ اس کے انداز میں چلبلا پن تھا۔ وہ نظریں جھکائے محویت سے چوگیوں کے ساتھ آواز میں آواز ملا کر گا رہی تھی۔

روزی دے کھا طرو وطن سیٹو سے
ملک بگانے ان ولیوں سے
غربت دی مانگ
دلبری تانگ
تیراں دی وانگ
دیس دیس وچ پیٹ دی کھا طرو در عزتاں رولیاں

خادم علی جویا نے شاداں کی جانب انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے رحیم داد کو بتایا۔ "سیں! اس کا ناں شاداں ہے۔ یہ گا نہیں رہی۔ گیت کے بولوں میں اپنے دل کا حال بیان کر رہی ہے۔ یہ کہہ رہی ہے۔

میں نے روزی کے لیے وطن چھوڑا
اب پرائے دیس میں ماری ماری پھرتی ہوں
غربت کی برچھی ہے
دل پر کا انتظار ہے
دونوں ہی تیر کی طرح چھیدتے ہیں
پیٹ کی خاطر دیس بدیس ٹھوکریں کھا رہی ہوں۔ عزت اور لاج خاک میں ملا دی ہے۔

رحیم داد نے کسی رد عمل کا اظہار نہیں کیا۔ خادم علی نے قدرے توقف کے بعد کہا۔ "سیں! یہ بھی تیرے ہی ضلعے کی رہنے والی ہے۔ پچھلے کئی مہینوں سے ادھر آگئی ہے۔ بہت محنتی اور جفاکش چوگی ہے پر اتنی ہی کڑوی اور سرکش بھی ہے۔" وہ ایک آنکھ دبا کر شوخی سے مسکرایا۔ "سوہنڑی اور پوپٹ رن ہے پر جنگلی گھوڑی کی طرح بدکتی ہے۔" رحیم داد نے خادم علی جویا کی حوصلہ افزائی نہ کی۔ چپ چاپ چلتا رہا۔

شاداں نے ناگاہ نظریں اٹھا کر رحیم داد کی طرف دیکھا اور ایک ٹک دیکھتی رہی۔ وہ بالکل رحیم داد کے سامنے تھی۔ دونوں کے درمیان صرف کپاس کے چند پودے حائل تھے۔ رحیم داد نے جھٹ نظریں گھمائیں اور گردن اٹھائے جویا کے ہم راہ آہستہ آہستہ آگے بڑھ گیا۔ شاداں کو دیکھ کر اسے لالی یاد آگئی اور وہ دن یاد آگئے جب وہ جیل میں اس کے ساتھ تھا۔ پھر اس کے ساتھ ہی جیل سے فرار ہوا تھا۔ گرفتاری کے ڈر سے ویرانوں اور جنگلوں میں چھپتا پھرتا تھا۔ ان یادوں کی یلغار نے اس کے ذہن میں کھلبلی مچا دی۔ وہ زیادہ دور نہیں گیا۔ حویلی میں واپس آگیا۔

شام کا دھندلکا پھیلنے لگا مگر مرشد علی شاہ اور مراد خاں نہیں آئے۔ ڈیرے کے ایک دالان میں چوگیاں پھٹی کی گٹھریاں سنبھالے بیٹھی تھیں۔ رحیم داد بھی ایک کرسی پر الگ تھلگ بیٹھا تھا۔ تین چار کارندے فرش پر بیٹھے تھے۔ وہ خادم علی جویا کی ہدایت کے مطابق چوگیوں کو ان کی چگائی کے حصے کی پھٹی دے رہے تھے۔

چنائی شروع ہوئے کچھ عرصہ گزر چکا تھا۔ مگر ہر چوگی نے اچھی مقدار میں پھٹی چنی تھی۔ قاعدے کے مطابق چنائی کے ابتدائی دنوں میں ہر چوگی کو اس کی چنی ہوئی پھٹی پر ونواڑ کا سولھواں

حصہ دیا جاتا ہے۔ بعد میں گزرتے دنوں کے ساتھ ساتھ کپاس کے کھیتوں میں جوں جوں ونواڑ کم ہوتی جاتی ہے چگائی میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ چوگیوں کو چنی ہوئی ونواڑ میں سے آٹھواں' یہاں تک کہ چھٹا حصہ ملنے لگتا ہے۔

ہر چوگی باری باری آتی' اپنی گٹھری کھول کر ونواڑ سامنے ڈالتی۔ کارندے بارہ حصے کرتے اور ایک حصہ چوگی کو چگائی کے طور پر دے دیتے۔ چنائی کے اس مرحلے پر چگائی کی تقسیم اسی طرح مقرر کی گئی تھی۔ حصہ کرتے وقت چوگیاں عام طور پر جھگڑتیں' کارندوں کے خلاف احتجاج کرتیں' جو ڈھیری سب سے بڑی سمجھتیں' اسے حاصل کرنے کی کوشش کرتیں۔ مگر یہ فیصلہ خادم علی جویا کرتا کہ کس چوگی کو چگائی میں کون سی ڈھیری دی جائے۔ وہ چاہتا تو کسی کو چگائی میں زیادہ ونواڑ دے دیتا کسی کو کم۔

دالان میں چوگیاں چائیں چائیں کر رہی تھیں۔ اونچی آواز سے بول رہی تھیں۔ لڑنے جھگڑنے کے ساتھ قہقہے بھی لگا رہی تھیں۔ جویا انہیں بار بار ڈانٹتا۔ وہ چند لمحوں کے لیے خاموش بھی ہو جاتیں لیکن پھر شور مچانا شروع کر دیتیں۔ چوگیوں میں شاداں بھی تھی۔ ابھی اس کی باری نہیں آئی تھی۔ وہ ایک کونے میں دیوار سے پیٹھ ٹکائے چپ بیٹھی تھی۔ قریب ہی اس کی ونواڑ سے بھری ہوئی گٹھری رکھی تھی۔ وہ نڈھال اور تھکی ہوئی نظر آرہی تھی۔

رحیم داد اکتا کر اٹھ کھڑا ہوا۔ مہمان سرا کی طرف بڑھا جو ڈیرے ہی کے ایک حصے میں تھی۔ ڈیرے میں بھی مہمان ٹھیرتے تھے مگر مہمان سرا میں سرکاری افسر اور بڑے زمیں دار ٹھہرائے جاتے تھے۔ اس کے کمرے کشادہ تھے۔ بستر اور فرنیچر بھی عمدہ تھا۔ رحیم داد اپنے کمرے میں گیا اور تھکا ہوا سا ایک کرسی پر بیٹھ گیا۔ مرشد علی اور مراد خاں ہنوز شکار سے نہیں لوٹے تھے۔

کمرے کے باہر کمرے کا دھندلکا پھیلا تھا۔ رات دبے قدموں در و دیوار سے اتر رہی تھی۔ ڈیرے کے جس حصے میں چوگیوں کو چگائی ادا کی جا رہی تھی' وہاں سے ملی جلی آوازوں کا ہلکا ہلکا شور ابھر رہا تھا۔ رحیم داد کو کمرے میں آئے زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ شاداں دھیرے سے نکل کر کمرے میں داخل ہوئی اور دہلیز کے پاس پھسکڑا مار کر بیٹھ گئی۔ وہ احاطے میں لگے ہوئے ہینڈ پمپ پر منہ دھو کر آئی تھی۔ اس کے چہرے پر پانی کے قطرے جھل ملا رہے تھے۔ کانوں پر پڑی ہوئی لٹیں بھیگی ہوئی تھیں۔

شاداں نے بیٹھتے ہی دوپٹے کے پلو سے منہ پونچھا' مسکرا کر رحیم داد کو دیکھا۔ "لگتا ہے' میں نے تجھے پہلے بھی دیکھا ہے۔"

رحیم داد نے اسے گہری نظروں سے دیکھا۔ اس کا چہرہ اب تر و تازہ اور نکھرا نکھرا دکھائی دے رہا تھا۔ آنکھوں میں ستارے جگ مگا رہے تھے۔ ناک سبک اور ستواں تھی' ہونٹ بھرے بھرے تھے۔ اس کی گول گول سڈول پنڈلیاں سبز لاچے سے جھانک رہی تھیں۔ شاداں اسے دل کش اور طرح دار لگی۔ وہ اس کی نظروں میں اسی روز سما گئی تھی جب اس نے پہلی بار اسے جہانگیرہ میں دیکھا تھا۔

شاداں نے اپنا سر دوپٹے سے ڈھکتے ہوئے تیکھے لہجے میں کہا۔ "تو مجھے اس طرح گھور کیوں رہا ہے؟"

"پہچان نے کی کوشش کر رہا ہوں۔" رحیم داد نے مسکرا کر بات بنائی۔ "یاد تو میں نوں بھی آتا ہے کہ تیں نوں پہلے کہیں دیکھا ہے۔" وہ سوچنے کے انداز میں گردن جھکا کر چند لمحے خاموش بیٹھا رہا' پھر اس نے نگاہیں اٹھا کر شاداں کی جانب دیکھا۔ "یاد آیا' تو مجھے جھنگڑی سٹیشن پر ملی تھی۔ کسی کیدی سے ملنے جا رہی تھی۔" اس نے قدرے توقف سے کہا۔

"میں نے غلط تو نہیں سوچا؟"

"ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میں لالی سے ملنے جا رہی تھی۔ تو جھنگڑی سٹیشن پر ملا تھا پر یہ تو بہت پرانی گل ہے۔ میں تو بھول بھی گئی تھی۔"

"تیں نوں ایک بار دیکھ کر کوئی بھول سکتا ہے۔" رحیم داد نے اسے چھیڑا۔

شاداں کے چہرے پر سرخی پھیل گئی۔ وہ شرمانے کے انداز میں فرش پر انگلی سے آڑی ترچھی لکیریں بناتے ہوئے بولی۔ "لالی بھی جب بہت خوش ہوتا ہے تو یہی کہتا ہے۔"

"یہ لالی کون ہے؟" رحیم داد نے ان جان بن نے کی کوشش کی۔

"وہی ہے جسے اس روز ملنے جا رہی تھی۔ ادھڑ ڈسٹرکٹ جیل میں کید کاٹ رہا ہے۔"

"لالی تیرا کیا لگتا ہے؟"

"کچھ لگتا ہی ہے۔" وہ نظریں جھکا کر بولی۔ "اسی کے لیے میں کادر آباد چھوڑ کر یہاں آ گئی۔" اس نے رفتہ رفتہ نظریں بلند کیں' رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "اس سے پہلے میں جہانگیرہ میں ہوتی تھی۔ کادر آباد سے ملتان آنے میں جی بہت چکر تھا۔"

"لالی کو جیل کیوں ہو گئی؟" رحیم داد نے بے نیازی سے پوچھا۔

"وہ جی ایسا ہے' پہلے تو اسے چوری چکاری میں سزا ہوئی' فیر جیل سے بھاگا۔ اس کے ساتھ ایک کیدی اور بھی فرار ہوا تھا۔ اس کا ناں رحیم داد تھا۔" وہ بات کہتے کہتے بے تکلفی سے ہنسنے لگی۔

"تجھ سے کچھ ملتا جلتا تھا۔"

رحیم داد بہت سٹ پٹایا۔ اس کا چہرہ فق ہو گیا۔ مگر شاداں نے فوراً صفائی پیش کی۔ "وہ تو جی کب کا مر گیا۔ کسی نے اسے کتل کر دیا تھا۔ سنا ہے پرانی دشمنی تھی۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "ادھر لالی کی پولیس کے ساتھ گولی چلی۔ زخمی ہوا' پکڑا گیا۔"

"تب تو اسے لمی سزا ہوئی ہو گی۔"

"زیادہ لمی نہیں ہوئی۔" شاداں نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "جھنگڑی کا مجسٹریٹ لالی کو جانتا تھا۔ اس نے بہت کم سزا دی۔ ویسے میں نے اس کے مکدمے میں وکیل بھی تگڑا کھڑا کیا تھا۔ ہر پیشی پر خود عدالت میں جاتی تھی۔"

"ایک گل پوچھوں شاداں!" رحیم داد نے زور دے کر کہا۔ "سچ سچ بتانا۔"

"پوچھ' کیا پوچھنا چاہتا ہے؟"

"یہ بتا لالی چور اچکا ہے' نمبری بدمعاش ہے' جیل بھی کاٹ رہا ہے۔ تب بھی تو اس سے اتنا پیار کرتی ہے کہ اس کے لیے گھر بار چھوڑ کر یہاں آ گئی۔"

"پہلے تو جی وہ بالکل چنگا نہیں لگتا تھا۔" شاداں نے صاف گوئی سے بتایا۔ "فیر جانے کیوں اس سے اتنا پیار ہو گیا۔" اس نے رحیم داد کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں۔ "پر اب تو اس نے مجھ سے پکا وعدہ کر لیا ہے کہ بالکل چوری چکاری نہیں کرے گا۔ لگتا بھی ہے کہ اب وہ ایسا نہیں کرے گا۔"

"تیں نوں کیسے اندازہ ہوا وہ چوری چکاری کی پرانی عادت چھوڑ دے گا؟ یہ بات بالکل سمجھ نہیں آئی۔"

"سمجھ آ بھی نہیں سکتی' پر میں اسے سمجھتی ہوں۔" شاداں نے نہایت اعتماد سے کہا۔ "اب یہی دیکھ' پچھلے دنوں چناب میں زبردست سیلاب آیا۔ بھکری سے آگے لوپ بند ٹوٹ گیا۔ بہت تباہی ہوئی۔ کئی پنڈ بالکل پانی میں ڈوب گئے۔ جیل سے کیدی بند کی مرمت کرنے بھیجے گئے۔" اس نے رحیم داد کی جانب مسکرا کر دیکھا۔ "میں نے کیدیوں کو بند پر کام کرتے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔ دن رات زبردست کام ہوتا تھا۔ کئی کیدی رات کے اندھیرے میں نکل بھاگے۔"

"لالی بھی بھاگنے والوں کے ساتھ نکل گیا ہو گا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"نہیں۔" شاداں نے انکار میں گردن ہلائی۔ "بھاگنے والے کیدیوں نے لالی سے اپنے ساتھ چلنے کو بہت کہا پر وہ اس چکر میں نہیں پڑا' بند پر محنت سے کام کرتا رہا۔" اس نے فخر سے گردن

اونچی کی۔ "جیل کا وڈا افسر اتنا خوش ہوا کہ اس نے لالی کی سزا میں کمی کر دی اور اب تو اسے پیٹی بھی مل گئی ہے۔ میں ہر ملاقات کے دن اسے ملنے سویرے سویرے جیل کے پھاٹک پر پہنچ جاتی ہوں۔"

"لگتا ہے تجھے لالی سے بہت زیادہ پیار ہے۔"

"وہ بھی تو جی مجھے اتنا ہی پیار کرتا ہے۔" شاداں نے نظریں جھکا کر بتایا۔ "مجھے دیکھتے ہی خوشی سے اس کا چہرہ کھل اٹھتا ہے۔ تجھ سے بالکل سچ کہہ رہی ہوں۔"

"کب تک تیرا لالی چھوٹ جائے گا؟" رحیم داد نے دھڑکتے دل سے دریافت کیا۔ اس کے چہرے پر خوف اور پریشانی کے سائے پھیلنے لگے۔

"سال بھر سے کچھ اوپر رہتا ہے۔" شاداں نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "وہ بھی گزر ہی جائے گا جی۔ سزا میں کمی بھی ہو سکتی ہے۔ لالی یہی بتاتا ہے۔"

رحیم داد اس اطلاع سے زیادہ پریشان نہیں ہوا۔ لالی کے فوری طور پر رہا ہونے کا کوئی امکان نہیں تھا۔ مگر وہ لالی سے خائف ضرور تھا۔ اسے خدشہ تھا کہ لالی اس کے ساتھ جیل میں اور جیل سے فرار ہونے کے بعد بھی اتنی زیادہ مدت تک رہا ہے کہ اس کی تیز نظریں اسے پہچان سکتی ہیں۔ لالی اس حیثیت سے اب اس کے لیے سنگین خطرہ بن گیا تھا۔ رحیم داد لالی کے بارے میں سوچنے لگا۔

"تو کس سوچ میں پڑ گیا؟" شاداں نے اسے ٹوکا۔

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "یہ بتا تو میرے پاس کیسے آئی؟ تو نے پھٹی پھٹنے کی چگائی لے لی؟"

"اسی کے لیے تو تیرے پاس آئی ہوں۔"

"میرے پاس کیوں آئی ہے؟" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔ "میں نوں تیری چگائی سے کیا لینا؟"

"تو خادم علی جویا کو تو جانتا ہی ہے۔ میں نوں اسی کے بارے میں تجھ سے گل کرنی ہے۔"

"کیا گل کرنی ہے؟"

"جویا میرے حصے کی پوری چگائی نہیں دیتا۔" شاداں نے شکوہ کیا۔ "وہ جس چوگی سے راضی باضی ہوتا ہے اسے زیادہ پھٹی حصے میں دیتا ہے۔ کنیوں کو تو دو دو ڈھیریاں تک دے دیتا ہے۔"

"پر تجھ سے جویا کیوں ناراض ہے؟"

"گل ایسہ ہے جی!" وہ منہ بگاڑ کر بولی۔ "وہ رات کو اپنے ڈیرے پر چوگیوں کو بلاتا ہے۔ جو چلی

جاتیں ہیں' ان سے خوش رہتا ہے' جو نہیں جاتی انھیں پریشان کرتا ہے' طرح طرح سے تنگ کرتا ہے' ڈانٹتا ڈپٹتا ہے' چگائی بھی کم دیتا ہے۔"

"تو بھی کسی رات اس کے ڈیرے پر چلی جا۔" رحیم داد نے ہنس کر شاداں کو چھیڑا۔ "تب خادم علی جویا تجھ سے بھی خوش رہے گا۔ زیادہ ہی چگائی دے گا۔" اس نے شاداں کا ردعمل معلوم کرنے کے لیے اس کے چہرے کو غور سے دیکھا۔

"ویسے خادم علی چاہے تو تجھے اٹھوا بھی سکتا ہے۔"

"مجھے اٹھوا لینا کوئی مخول ہے۔" شاداں نے تند و تیز لہجے میں گھور کر رحیم داد کو دیکھا۔ اسے رحیم داد کی بات سخت ناگوار گزری تھی۔ "تو کیسی گل کر رہا ہے۔" وہ تیوری پر بل ڈال کر بولی۔ "میں کوئی کنجری ہوں' چھنال ہوں۔ کیوں جاؤں اس کے ڈیرے پر؟" اس کی جھنجلاہٹ سوا ہو گئی۔ "مجھے اٹھوا کر ڈیرے پر بلوایا تو اس کی گردن مروڑ دوں گی۔" اس نے اپنا مضبوط اور ٹھوس ہاتھ رحیم داد کے سامنے کر دیا۔ "اس میں بہت زور ہے۔ میں ہوں تو زنانی پر بہت زور آور بھی ہوں۔ تو مجھے ٹھیک سے نہیں جانتا۔"

"اتنا ناراض کیوں ہوتی ہے؟" رحیم داد نے اس کا غصہ ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔ لہجے میں سنجیدگی پیدا کرتے ہوئے گویا ہوا۔ "یہ بتا تو یہاں بھی اکیلی رہتی ہے؟"

"میری ایک نمیری ادھر وہاں ہے۔ اسی کے ساتھ رہتی ہوں۔ پر میں نوں اس سے کچھ نہیں لینا۔ میرے پاس دو ٹچ ہیں' اصلی نیلی بار کی ہیں۔"

رحیم داد نے مداخلت کی۔ "ویسے تو میں گورداس پور کا مہاجر ہوں پر اب میری زمیں داری نیلی بار ہی میں ہے۔ تیں نوں پتہ ہے ستلج کو پاک پتن میں نیلی کہتے ہیں اور اس لیے کہتے ہیں کہ وہاں اس کا پانی نیلا نیلا دکھائی پڑتا ہے۔ پر دیپال پور میں ہے۔ اسے ستلج ہی کہا جاتا ہے۔ میرا پنڈ ہے تو تحصیل دیپال پور میں اور دیپال پور بیاس بار میں ہے۔ میرا پنڈ دیپال پور سے دور اور اس علاقے سے بالکل ملتا ہے جو پاک پتن تحصیل کہلاتا ہے۔ پاک پتن تحصیل نیلی بار ہی میں ہے۔"

"وے تیرا پنڈ نیلی بار میں ہے۔" شاداں نے کسی قدر حیرت سے کہا۔ مگر رحیم داد کی بات کو زیادہ اہمیت نہ دی۔ اپنی بھینسوں کی تعریف و توصیف کرتی رہی۔ "تیں نوں پتہ ہے' میری دونوں ٹچ کتنا دودھ دیتی ہیں؟" اس نے فخر سے گردن اونچی کی۔ "من بھر تو روزانہ دودھی لے جاتا ہے۔ جو بچتا ہے اس کا مکھن نکال لیتی ہوں۔ چنگی آمدنی ہو جاتی ہے۔"

"لگتا ہے تو مکھن بہت کھاتی ہے۔" رحیم داد نے اسے ایک بار پھر چھیڑا۔ "جبھی تو ایسی سوہنی

نیار دکھائی دیتی ہے۔"

"لے' میں نیار لگتی ہوں؟ تو کیسی گل بات کرتا ہے۔" اس نے رحیم داد کی چھیڑ چھاڑ پر ناراضگی کا اظہار نہ کیا' شرما کر بولی۔ "اب تو کچھ بھی نہیں رہی' جل کر راکھ ہو گئی۔ تو نے مجھے پہلے نہیں دیکھا۔"

"اب بھی تو کیا کم ہے۔ تب ہی تو خادم علی جویا کا تجھ پر دل آگیا۔"

"نہیں جی' وہ بندہ ہی برا ہے۔ تو اسے نہیں جانتا۔" شاداں نے ایک بار پھر جویا کے خلاف اپنی نفرت کا اظہار کیا۔

رحیم داد نے اس کی شکایت نظر انداز کرتے ہوئے پوچھا۔ "تیرے پاس جب نیلی بار کی دو بھ ہیں اور ان کے دودھ سے آمدنی بھی چنگی ہو جاتی ہے فیر تو پھٹی کی چنائی کیوں کرتی ہے؟" اس نے قدرے تامل کے بعد وضاحت کی۔ "میرا مطلب ہے تو چوگی کیسے بن گئی؟"

"کیا کیا جائے جی! آگے کے لیے بھی تو سوچنا چاہیے۔ لالی جیل سے نکلے گا تو کیا کرے گا؟ اب اس نے چوری چکاری تو کرنی نہیں۔ کوئی نہ کوئی دھندا کرنا ہی پڑے گا۔ اس کے لیے روپے کی ضرورت ہوگی۔ روپے کے بنا تیں نوں پتہ ہے' کچھ نہیں ہو سکتا۔"

شاداں نے اپنی بات ختم ہی کی تھی کہ خادم علی جویا کمرے میں داخل ہوا۔ شاداں کو دیکھ کر تیکھے لہجے میں بولا۔ "تو ادھر بیٹھی ہے' تیری چنائی کون لے گا؟"

"میں لوں گی اور کون لے گا۔" وہ خادم علی جویا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بے باکی سے بولی۔ "چنائی میں نے کی ہے اور سب سے زیادہ ہی کی ہے۔"

"تو روز ایسی ہی بڑھکیں مارتی ہے۔" جویا نے ڈپٹ کر تیکھے لہجے میں کہا۔ "بکواس نہ کر' چل اپنی ونواڑ کی ڈھیریاں بنوا اور اپنی چنائی کی ڈھیری اٹھا کر لے جا۔ دیری کی تو کوئی چنائی شنائی نہیں ملے گی۔"

رحیم داد خاموش نہ رہ سکا۔ اس نے مداخلت کی۔ "خاما خا ناراض کیوں ہوتا ہے۔ تو نے ہی تو مجھے بتایا تھا یہ بہت محنتی اور اہری چوگی ہے۔ سب سے زیادہ ونواڑ چنتی ہے۔ تو نے مجھے یہی کہا تھا نا؟" رحیم داد کا لہجہ تیکھا تھا۔

"محنتی تو جی یہ ہے۔ پر جھگڑا فتنا بہت کرتی ہے۔" خادم علی جویا نے جھٹ پینترا بدلا' دبی زبان سے شکوہ کیا۔ "چوہدری' میں تجھے کیسے بتاؤں یہ کتنا جھگڑا کرتی ہے۔"

"لے' میں تجھ سے کیا جھگڑا کرتی ہوں۔ جتنی محنت کرتی ہوں' اتنی ہی چنائی مانگتی ہوں۔ تو ایر

پھیر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔"

خادم علی کے چہرے پر جھنجلاہٹ نمودار ہوئی۔ رحیم داد نے اس کی خفگی بھانپ لی۔ اس نے مسکرا کر نرمی سے کہا۔ "جویا! اسے ٹھیک ٹھیک چنائی دے دے۔"

"جویا فوراً نرم پڑ گیا' گردن جھکا کر ادب سے بولا۔ "سیں چوہدری! تو حکم کر' ایک چھوڑ میں اسے چنائی میں ونواڑ کی دو ڈھیریاں دے دوں گا۔"

"میں نوں تیری دو ڈھیریاں نہیں لینی۔" شاداں نے تیکھی نظروں سے جویا کو دیکھا۔ "محنت کی ہے' اس کی چنائی لوں گی' کھیرات نہیں لینی۔"

"چپ کر شاداں۔ خاما خا کی کڑ کڑ نہ کر۔" رحیم داد نے اسے پیار سے ڈانٹا اور خادم علی جویا کو مخاطب کیا۔ "خادم! اسے دو ہی ڈھیریاں دے دے۔ تیں نوں پتہ ہے۔ یہ اپنے ضلعے کی ہے اور پریشان بھی ہے۔ برائی اس میں یہ ہے بول کڑوا بولتی ہے۔"

"سیں! تیرا حکم' سر آنکھیں تے' سر ماتھے تے!" خادم علی جویا نے خوشامد کے انداز میں کہا۔ "میں اسے دو ڈھیری ہی چنائی دوں گا۔"

"اگے بھی اس کا خیال رکھنا۔ اسے تنگ نہ کر۔" رحیم داد نے شاداں کی سفارش کی۔

"سیں چوہدری! تو بالکل فکر نہ کر۔" جویا نے رحیم داد کو یقین دلانے کی کوشش کی۔ "جیسا تو نے کہا ہے' ویسا ہی ہوگا۔"

رحیم داد نے شاداں سے کہا۔ "جا اپنی چنائی لے۔ خادم علی بہت نیک بندہ ہے۔ آگے تجھ سے ناراض نہیں ہوگا۔"

شاداں خاموشی سے اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ اس نے گردن کو ہلکا سا خم دے کر رحیم داد کو دیکھا۔ اس کے چہرے پر شگفتگی تھی' آنکھوں میں کنول کھل رہے تھے۔ اس نے رحیم داد سے پوچھا۔ "چوہدری! تیں نوں ادھر کب تک ٹھیرنا ہے؟"

رحیم داد کے بولنے سے پہلے ہی خادم علی جویا نے شاداں سے سوقیانہ مذاق کیا۔ "تو نے رات کو ادھر آنا ہے؟"

شاداں ایک دم شعلے کی طرح بھڑک اٹھی۔ "چپ کر۔ تو نے مجھے کیا سمجھ رکھا ہے؟ میں کنجری ہوں' پاپی ہوں' کیا ہوں' بتا؟"

رحیم داد نے فوراً مداخلت کی۔ "خادم! تو اس طرح اس سے چھیڑ چھاڑ نہ کیا کر۔ یہ بہت کڑوی زبانی ہے۔ خاما خا جھگڑا فتنا نہ کر۔"

جویا جھینپ کر بولا۔ "سیں! یہ تو مخول بھی نہیں سمجھتی۔ تیکوں پتہ ہے' میں نے کسی بر۔ ارادے سے گالہ نہیں کی تھی۔"

شاداں نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "میں تیری گل بات کا مطلب ٹھیک طرح جانتی ہوں۔"

"بے کار کی گلاں نہ کر۔" رحیم داد نے شاداں کو ایک بار پھر ڈانٹا۔ "میں نے جویا کو سمجھا ہے۔ اب وہ تجھے تنگ نہیں کرے گا۔ اب جا اور اپنی چچائی کی پھٹی لے۔ تیری ممیری گھر میں انتظا کرتی ہوگی۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ "اتنا ناراض نہ ہوا کر۔"

شاداں خاموشی سے خادم علی جویا کے ہم راہ چلی گئی۔

☆

مرشد علی اور مراد خاں رات گئے واپس آئے تو رحیم داد سوچکا تھا۔ دونوں نے اس کی نیند خراب کرنے کی کوشش نہیں کی۔ علیحدہ کمرے میں بیٹھے۔ آدھی رات تک باتیں کرتے رہے قہقہے لگاتے رہے۔

رحیم داد قاسم بیلہ میں مراد خاں اور مرشد علی گردیزی کے ساتھ ٹھہرا رہا۔ شاداں اسے کئی با نظر آئی۔ مڈبھیڑ بھی ہوئی مگر بات چیت کرنے کی نوبت نہ آئی۔ رحیم داد نے مراد خاں شاہانی سے شاداں کے بارے میں کوئی ذکر نہیں کیا۔ خادم علی جویا نے شاہانی کی سامنے شاداں کی بات بھی چھیڑی مگر رحیم داد صاف نظرانداز کر گیا۔

قاسم بیلہ میں چار روز قیام کے بعد تینوں ملتان روانہ ہوگئے۔ شام کو پہنچے۔ مگر ملتان پہنچتے ہی مرا خاں کو بھکر سے تار ملا۔ لکھا تھا' محمد سلمان خاں کار کے حادثے میں زخمی ہوگیا ہے۔ تار دیکھتے ہ مراد خاں سخت پریشان ہوگیا۔ وہ رات گئے تک سلمان کی خیریت معلوم کرنے کے لیے بھکر ٹیلی فون کرتا رہا۔ مگر لائن میں ایسی گڑبڑ تھی کہ بار بار کوشش کے باوجود بات نہ ہو سکی۔

مراد خاں شاہانی کو جب سے سلمان کے زخمی ہونے کی اطلاع ملی تھی' اسے کسی چلو قرار نہ تھا۔ ادھر مرشد علی گردیزی کی بہن کی شادی کی تیاریاں مکمل تھیں۔ رات کو صادق آباد سے برات آرہی تھی اور دوسرے روز شام کو پہنچنے والی تھی۔

مرشد علی گردیزی کا اصرار تھا کہ مراد خاں دو روز ٹھہر کر بھکر چلا جائے۔ وہ چاہتا تھا کہ شادی کی تقریب میں مراد خاں شاہانی ضرور شریک ہو۔ شادی کا نہایت دھوم دھام سے اہتمام کیا گیا تھا اور اس میں شریک کرنے کے لیے مرشد علی شاہ خود بھکر جا کر مراد خاں شاہانی کو اپنے ہم راہ لایا تھا۔

رحیم داد نے تنہائی میں مراد خاں پر زور دیا۔ "شاہانی! ویاہ کے لیے ٹھیر جاتا تو ٹھیک تھا۔ ایک

روز کی تو بات ہی ہے۔ رات کو نکاح میں شریک ہو کر چلا جانا۔ مرشد علی خوش ہو جائے گا۔" مگر مراد خاں رضامند نہ ہوا۔ گھبرائے ہوئے لہجے میں گویا ہوا۔

"چوہدری! مجھے نہ روک۔ مجھے کچھ چنگا نہیں لگ رہا ہے۔" اس کے چہرے پر وحشت برس رہی تھی۔ "تیکوں پتہ ہے' سلمان میرا اکلوتا پتر ہے۔"

رحیم داد نے چونک کر مراد خاں کو دیکھا۔ اسے مرشد علی کی زبانی معلوم ہو چکا تھا کہ سلمان اس کا نہیں' اس کی بیوی کے پہلے شوہر کا بیٹا ہے۔

رحیم داد کو سلطانی کا مندوبی یاد آگیا۔ وہ مراد خاں کا سگا بیٹا تھا مگر اس کے مرنے پر نہ وہ پریشان ہوا' نہ آنسو بہائے' نہ کسی قسم کا سیاپا کیا۔ یہاں تک کہ آخری بار اس کا دیدار بھی نہ کیا۔ اس کے جنازے میں بھی شریک نہ ہوا۔ رحیم داد کے اصرار کے باوجود شریک نہ ہوا۔ اس نے ہموں والی میں ٹھہرنا تک گوارا نہ کیا۔

رحیم داد کو مراد خاں شاہانی کے اس رویئے پر سخت حیرت تھی مگر مراد خاں اس کی حیرت سے بالکل بے نیاز تھا۔ وہ اس قدر پریشانی اور گھبراہٹ میں مبتلا تھا کہ کھانا بھی نہ کھا سکا۔ رات بھر بستر پر بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔ بار بار اٹھتا اور بے قراری کے عالم میں ٹہلنے لگتا۔ رحیم داد کی آنکھ کئی بار کھلی۔ اس نے مراد خاں کو پریشانی کے عالم میں دیکھا مگر بات کرنا مناسب نہ سمجھا۔ خاموش لیٹا رہا۔

صبح بہت تڑکے کمرے کی گہری دھند کے باوجود مراد خاں شاہانی نے گیرج سے مرشد علی کی کار نکلوائی اور شیر شاہ کی جانب روانہ ہوگیا۔ شیر شاہ کا فاصلہ دس میل سے بھی کم تھا اور وہاں سے بھکر جانے والی ٹرین گیارہ بجے جاتی تھی۔

مراد خاں شاہانی نے ناشتا بھی نہ کیا۔ وہ جلد سے جلد شیر شاہ پہنچ کر بھکر جانے والی ٹرین میں سوار ہو جانا چاہتا تھا۔

رحیم داد بھی کار میں مراد خاں کے ہم راہ تھا۔ وہ تمام راستے اسے تسلی دیتا رہا' مگر شاہانی کی بے چینی کم نہ ہوئی۔ وہ بے قرار ہو کر رحیم داد سے بار بار کہتا۔

"چوہدری! اگر میرے سلمان کو خدانخواستہ کچھ ہوگیا تو میں یہ غم برداشت نہ کر سکوں گا۔ میرا تو دماغ کام نہیں کرتا۔"

لیکن رحیم داد کو علم تھا کہ اسے سب سے زیادہ فکر اس بات کی ہے کہ اگر سلمان مرگیا تو نواں کوٹ کی جاگیر' جو اس کے قبضے میں ہے' خطرے میں پڑ جائے گی۔ سلمان کے حقیقی چچا اور چچازاد

بھائی فوراً اتنا زعہ کھڑا کردیں گے۔ جائیداد اور جاگیر حاصل کرنے کے لیے عدالت میں مقدمہ دائر
دیں گے۔

کارملتان اسٹیشن پہنچی تو رحیم داد اتر گیا۔ وہ بھکر نہیں گیا' مراد خاں شاہانی نے بھی اصرار نہ کیا
ساڑھے آٹھ بجے صبح لاہور جانے والی ریل گاڑی پہنچی۔ وہ اس میں سوار ہو کر چلا گیا۔ وہ کو
ہرکشن واپس جا رہا تھا۔

سردار مراد خاں شاہانی تنہا رہ گیا۔ وہ سخت بے چینی کے عالم میں پلیٹ فارم پر ٹہلنے لگا۔ اس کے
چہرے پر افسردگی چھائی ہوئی تھی۔ وہ بہت پریشان اور دل گرفتہ نظر آ رہا تھا۔

۱۰

ہوا سرد تھی۔ ہر طرف کہرے کا نیل گوں دھندلکا چھایا تھا۔ کوٹلہ ہرکشن پر سرِشام ہی سناٹا
طاری ہو گیا تھا۔ رحیم داد گھنٹہ' سوا گھنٹہ پہلے واپس پہنچا تھا۔ اس نے منہ ہاتھ دھویا۔ لباس تبدیل
کیا اور اب اپنے کمرے میں سفر کی تکان دور کرنے کی غرض سے بستر پر ٹانگیں پسارے خاموش لیٹا
تھا۔ حویلی پر خاموشی چھائی تھی۔ نادر خاں اور جمیلہ سے اس کی اب تک ملاقات نہ ہو سکی تھی۔

حویلی کا صحن بہت کشادہ تھا۔ اس کے آخری سرے پر درختوں کا جھنڈ تھا۔ درختوں کے آس
پاس نوکر چاکروں کی کوٹھریاں تھیں۔ باورچی خانہ کوٹھریوں کے عین مقابل تھا۔ اس کی چھت
چار ستونوں پر قائم تھی۔ کوئی دروازہ یا کھڑکی نہ تھی۔ ہر طرف سے بالکل کھلا ہوا تھا۔ باورچی خانے
میں تنور روشن تھا۔

تنور کے اندر سے نکلتی ہوئی آنچ کے ابھرتے لپکتے شعلے کہرے کی دھند میں دور سے سرخ دھبوں
کی مانند نظر آ رہے تھے۔ یہ روشن دھبے کبھی نمایاں ہو جاتے' کبھی اندھیرے میں گھل مل کر غائب
ہو جاتے۔

باورچی خانے سے ملی جلی آوازوں کا ہلکا ہلکا شور رک رک کر ابھر رہا تھا اور ہر طرف چھائے
ہوئے سکوت میں ارتعاش اور ہلچل پیدا کر رہا تھا۔

ایک نوکر اندھیرے سے نکل کر کمرے میں داخل ہوا۔ رحیم داد نے اسے فوراً پہچان لیا۔ وہ
نادار تھا۔ رحیم داد کے لیے کھانا لے کر آیا تھا۔ اس نے میز پر کھانا لگا دیا۔ رحیم داد بھوکا بھی تھا۔
وہ بستر سے نیچے اترا اور میز کے سامنے کرسی پر بیٹھ گیا۔

نامدار ایک طرف ہٹ کر کھڑا ہوگیا۔ رحیم داد نے اسے مخاطب کیا۔ "نامدار! یہ تو بتا، زمیندارنی اوپر اپنے کمرے ہی میں ہے ناں؟"

"نہیں جی' زمیں دارنی تو پھاتاں کے گھر گئی ہے۔"

"پھاتاں کے گھر گئی ہے؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا۔ "پھاتاں بیمار ہے کیا؟"

"بیمار شیمار تو نہیں ہے جی۔" نامدار نے جواب دیا۔ "وہ ایسا ہے جی' پرسوں تاجاں کے سسرال سے بچولیا آیا تھا۔ سگائی کی انگوٹھی اور دوسرا سامان لوٹا گیا۔ بہت برا ہوا۔"

رحیم داد کی حیرت میں اضافہ ہوگیا۔ "پر تاجاں کی سگائی ہوئی کب؟"

"پچھلے ہی دنوں تو یہیں حویلی میں اس کی سگائی ہوئی تھی۔ ان دنوں تیس ادھر نہیں تھے۔ بہت رونک لگی تھی۔ ڈھولک بجی تھی۔ گانا ہوا۔ زمیں دارنی نے اپنے ہاتھ سے تاجاں کو انگوٹھی پہنائی تھی۔ پر اب تو سگائی ٹوٹ ہی گئی۔"

"کیوں توڑ دی انہوں نے کڑمائی' میرا مطلب ہے سگائی؟ ویسے بات ایک ہی ہے۔ کڑمائی کہو یا سگائی۔ پر ایک بار سگائی ہونے کے بعد ٹوٹ کیسے گئی؟ یہ تو ٹھیک نہیں ہوا۔ کوئی نہ کوئی تو اس کی وجہ ہوگی۔ ایسے ہی تو نہیں ٹوٹی ہوگی۔"

"کسی نے جی بھانجی ماردی۔ میں تو کہتا ہوں جی' یہ شیرا کا کام ہے۔ اس کے سوا اور کوئی ایسا کر ہی نہیں سکتا۔"

"یہ شیرا کون ہے' اور اس نے کیوں بھانجی ماری؟" رحیم داد نے کرید کر دریافت کیا۔

"وہ تاجاں سے ویاہ کرنا چاہتا ہے۔" نامدار کا لہجہ تیکھا اور قدرے تلخ تھا۔ "کرتا دھرتا کچھ نہیں۔ بھومان شاہ کے زمیں دار محمد حنیف وٹو کے لیے مویشی اور چوکر چوری کرتا ہے۔ محمد حنیف وٹو بہت وڈا رسہ گیر ہے جی۔" اس نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "چوہدری! تو ہی سوچ۔ پھاتاں کیسے اپنی دھی شیرے کو ویاہ دیتی۔ اس نے صاف انکار کردیا۔ شیرے کے ساتھ اس کے گھر والے بھی ناراض ہوگئے۔ بس اس کا بدلہ لینے کے لیے ایسا چکر چلایا گیا کہ سگائی ٹوٹ گئی۔"

"پر تاجاں کے سسرال والوں نے شیرے کی بات کیسے مان لی۔ انھوں نے کیوں سگائی توڑ دی؟" رحیم داد نے روٹی کا لقمہ توڑتے ہوئے استفسار کیا۔ "تاجاں کا ساہا تو میرے سامنے ہی ہوا تھا۔ تب تو سسرال والے بہت خوش تھے۔ انھوں نے سگائی پر بھی خوشی منائی ہوگی؟"

"ہاں جی' بہت خوش تھے۔"

"یہ بتا' نامدار' کیا شیرا کسی طرح تاجاں کے سسرال والوں کا شریکا لگتا ہے؟"

"نہیں جی' ایسی کوئی گل بات نہیں۔ اس نے کسی ملا سیانے کے ذریعے تاجاں کے سسرال والوں کو بہکا دیا۔ وہ اس کے بہکانے میں آبھی گئے۔ کہتے ہیں جنج اس حویلی میں نہیں اترے گی۔ نہ یہاں ویاہ ہوگا نہ زمیں دارنی ویاہ میں بیٹھے گی۔"

"یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ زمیں دارنی سے انہیں کیا بیر ہے؟" رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر دریافت کیا۔ "اس نے ان کا کیا بگاڑا ہے؟"

"گل ایسہ ہے جی' وہ کہتے ہیں زمیں دارنی رنڈیبوہ ہے۔ اس کے بیٹھنے سے ویاہ میں بدشگونی اور نحوست ہوگی۔" نامدار نے ناگواری سے منہ بگاڑا۔ "زمیں دارنی نے یہ سنا تو اس نے تاجاں کے سسرال والوں کی بات مان لی پر تاجاں کی ماں پھاتاں نہ مانی۔ وہ اڑ گئی۔ صاف صاف کہہ دیا' ویاہ ہوگا تو حویلی ہی سے ہوگا اور بھین جی اس میں ضرور بیٹھے گی۔ اس کے بنا تو ویاہ ہو ہی نہیں سکتا۔"

"گل تو اس نے ٹھیک ہی کہی۔ پھاتاں ہے حوصلے والی۔"

"سنا ہے جی' وہ تو ان سے لڑ پڑی۔ بولی' رنڈیبوہ تو میں بھی ہوں۔ میرا گھر والا تو مدت ہوئی گزر گیا۔ فیر میں کیسے ویاہ میں بیٹھ سکتی ہوں۔ میرے گھر تاجاں کی جنج کیسے چڑھ سکتی ہے؟" نامدار تفصیل سے ایک ایک بات بتاتا رہا۔ "کہتی تو جی وہ بالکل ٹھیک ہی ہے۔ اگر حویلی سے تاجاں کا ویاہ نہیں ہوسکتا تو پھاتاں کے گھر سے کیسے ہوسکتا ہے؟ گل تو ایک ہی سی ہوئی ناں۔"

"جب سگائی ٹوٹ ہی گئی تو اب زمیں دارنی پھاتاں کے گھر کیوں گئی ہے؟" رحیم داد نے حیرت کا اظہار کیا۔

"زمیں دارنی سگائی توڑنا نہیں چاہتی۔" نامدار نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "اس نے تاجاں کی ہونے والی سسرال کے وڈوں کو پھاتاں کے گھر بلوایا ہے۔ تاجاں کا سسر اس کا ماما بھی تو ہوتا ہے۔ پھاتاں کا سگا بھرا ہے۔ لگتا ہے آج زمیں دارنی انہیں سے گل بات کرنے گئی ہے۔"

"کب تک واپس آئے گی؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"پتہ نہیں جی۔ دیر ہی سے لوٹے گی۔ لمی گل ہوگی۔ ایک بار سگائی ٹوٹ جائے تو مشکل سے رشتہ جڑتا ہے۔ میں نے تو یہی دیکھا ہے۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ نامدار نے بھی بات آگے بڑھانے کی کوشش نہ کی۔ رحیم داد کھانے سے فارغ ہوا تو نامدار نے جھوٹے برتن اٹھائے۔ دروازے کی جانب بڑھا۔ رحیم داد نے ٹوکا۔

"حمدا کہاں ہے نامدار؟ وہ مجھے نظر ہی نہیں آیا۔"

"اس کا کیا ہے جی۔ کسی چکر میں گیا ہوگا۔ شام ہوتے ہی غائب ہوجاتا ہے۔ شدو کے گھر آس پاس منڈلاتا ہوگا۔" نامدار نے مسکرا کر کہا۔ "اور آج تو اس کی گھر والی تاراں بھی زمیں دا کے ساتھ گئی ہے۔ پر حمدا اس کی کب پروا کرتا ہے۔ ویسے تجھ سے کیا چھپانا۔ تاراں بھی کم نہیں حمدا نہیں ہوتا تو وہ بھی اصطبل کے راکھے کے پاس چلی جاتی ہے۔ کبھی کبھی تو ساری رات اسی ساتھ رہتی ہے۔"

رحیم داد اس کی بات نظرانداز کر کے بولا۔ "اور ہاں تو نے یہ تو بتایا ہی نہیں' نادر خاں کہ ہے؟ وہ بھی نظر نہیں آیا۔"

"وہ تو جی دوپہر کو تانگے میں بیٹھ کر کہیں گیا ہے۔"

"کچھ پتہ ہے' کہاں گیا ہے؟" رحیم داد نے نادر خاں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کوشش کی۔

"یہ تو جی' میں نوں پتہ نہیں۔ میں نے تو اسے صرف جاتے ہوئے دیکھا تھا۔ زمین دارنی ہی کسی کام سے بھیجا ہوگا۔" نامدار نے اپنی لاعلمی کا اظہار کیا۔

رحیم داد نے مزید بات چیت نہ کی۔ نامدار باہر چلا گیا۔

☆

رات سنسان ہوتی گئی۔ دھند گاڑھی اور بوجھل ہوتی گئی۔ رحیم داد خاموش بیٹھا سوچتا رہا نادر خاں اس طرح اچانک کہاں چلا گیا؟ اسے احسان شاہ کا خیال آیا۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی یاد آیا نادر نے وعدہ کیا تھا کہ احسان شاہ کے پاس نہیں جائے گا۔ بلکہ اس نے رحیم داد کو بھی مشورہ دیا کہ احسان شاہ سے ملنے جلنے میں احتیاط سے کام لے۔ پھر وہ کہاں گیا؟ کس کے پاس گیا' کس۔ گیا؟ رحیم داد تنہا بیٹھا نادر کے بارے میں طرح طرح کی قیاس آرائیاں کرتا رہا۔ اسے جمیلہ واپسی کا بھی بے چینی سے انتظار تھا۔ وہ جلد سے جلد اس کا ردعمل معلوم کرنا چاہتا تھا۔

پہر رات گزر گئی۔ جمیلہ ہنوز لوٹی نہ تھی۔ رحیم داد کو نیند بھی نہیں آرہی تھی۔ کچھ عرصے۔ رات گئے تک جاگنے کی عادت پڑ گئی تھی۔ وہ یہ جاننے کے لیے بے قرار تھا کہ اس کی غیر حاضر میں کیا کیا ہوتا رہا؟ کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں؟ اسے الجھن ہو رہی تھی۔ آخر اکتا کر وہ کھ ہوگیا۔

اس نے اونی دھسا اوڑھا۔ سر اور کانوں کو اچھی طرح دھتے سے ڈھک کر کمرے سے باہر نکلا سردی چمک گئی تھی۔ حویلی خاموشی میں ڈوبی اونگھ رہی تھی۔ سارے ہی نوکر چاکر اپنی اپنی کوٹھریو

میں چلے گئے تھے۔ حویلی کے پھاٹک پر پہریدار کے رک رک کر کھانسنے اور کھنکارنے کی آوازرات کے سناٹے میں ابھر رہی تھی۔

رحیم داد آہستہ آہستہ چلتا ہوا اس دروازے کی جانب بڑھا جو مہمان خانے میں کھلتا تھا اس نے دروازے کو دھیرے سے کھولا اور مہمان خانے کے صحن میں پہنچ گیا۔ خیال تھا کہ احمد اب تک واپس آگیا ہوگا۔ مگر وہاں کوئی نہ تھا۔ مہمان خانہ بھائیں بھائیں کر رہا تھا۔ مہمان خانے کے باہر کہیں قریب ہی گیدڑ بول رہے تھے۔

اس نے مہمان خانے کو خالی پایا تو رک گیا۔ چند لمحے خاموش کھڑا رہا' سوچتا رہا۔ مہمان خانے سے ملحق دو بڑی بڑی اور کشادہ کوٹھریاں تھیں۔ ان میں کبھی مہمان خانے کے نوکر چاکر رہتے تھے۔ مگر بعد میں انھیں کاٹ کباڑ رکھنے کے لیے استعمال کیا جانے لگا تھا۔ نادر خاں نے اپنی رہائش کے لیے انھیں خالی کرایا تھا۔ کوٹھریوں میں کھڑکیاں نکال کر انھیں کمروں میں تبدیل کردیا تھا۔ کمروں کے آگے برآمدہ تھا۔ سامنے کھلا صحن تھا۔ صحن کے تین طرف قد آدم چار دیواری تھی۔ اس گھر میں نادر خاں بیوی بچوں کے ساتھ رہتا تھا۔ رحیم داد اس طرف بڑھنے لگا۔

مہمان خانے کا ایک بیرونی دروازہ نادر خاں کے گھر کے عین سامنے کھلتا تھا۔ اسے نادر خاں نے اپنی سہولت کے لیے کچھ ہی عرصہ قبل لگوایا تھا۔ رحیم داد نے دروازہ کھولا اور مہمان خانے سے باہر چلا گیا۔ قریب ہی نادر خاں کے گھر کا ایک دروازہ تھا۔ لیکن عام آمد و رفت کا دروازہ صحن میں تھا۔ رحیم داد اس طرف نہ گیا۔ کمرے کے دروازے پر پہنچا۔ کچھ دیر چپ چاپ کھڑا رہا' پھر ہاتھ بڑھا کر دروازے پر آہستہ سے دستک دی۔

دروازہ دھیرے سے کھلا۔ رحیم داد نے دیکھا' لالٹین کی مدھم روشنی میں نادر خاں کی بیوی جنت سامنے کھڑی ہے۔ وہ کچی نیند سے بیدار ہوئی تھی۔ سردی سے کپکپا بھی رہی تھی۔ اس نے ایک ہاتھ سے آنکھیں ملیں۔ غور سے رحیم داد کو دیکھا۔ حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر کہا۔ "چوہدری! تو اتنی رات کو کیسے آیا؟ واپس کب پہنچا؟" اس کے چہرے پر گھبراہٹ بکھر گئی۔

"تو گھبرا کیوں گئی؟" رحیم داد نے مسکرا کر اسے اطمینان دلایا۔ "میں آج ہی شام واپس آیا ہوں۔"

"باہر اتنی سردی میں کیوں کھڑا ہے؟" اس نے دروازے کے دونوں پٹ کھول دیے۔ "اندر آجا۔"

رحیم داد چپ چاپ اندر چلا گیا۔ جنت نے دروازہ بند کیا مگر کنڈی نہ لگائی۔ جھٹ ایک مونڈھا

اٹھا کر لائی اور رحیم داد کے سامنے رکھتے ہوئے بولی۔ "بیٹھ جا چوہدری۔"

وہ سردی سے بدستور کپکپا رہی تھی۔ "آج سردی کچھ زیادہ ہی ہے۔"

"ہاں' سردی آج زیادہ ہی ہے۔" رحیم داد نے مونڈھے پر بیٹھتے ہوئے کہا۔

جنت نے لالٹین کی مدھم لو اونچی کی۔ کمرہ روشن ہو گیا۔ وہ تھرتھراتی ہوئی آواز میں بولی۔ "سردی زیادہ تھی اس لیے میں تو چراغ جلنے کے بعد گھر سے باہر ہی نہیں گئی۔" اس نے اپنا سر سے ڈھک لیا۔

"کوئی دوہرا کمبل اوڑھ لے۔ سردی سے تیرے ہونٹ نیلے پڑتے جا رہے ہیں۔"

جنت نے کھونٹی پر لٹکی ہوئی موٹی کھیس اتاری۔ اسے اوڑھا اور رحیم داد کے سامنے پلنگ پر لٹکا کر بیٹھ گئی۔ وہ گٹھے ہوئے بدن کی گوری چٹی عورت تھی۔ چہرہ گول اور بھرا بھرا تھا۔ ناک میں سا فیروزہ تھا۔ آنکھوں میں نیند کا خمار تھا۔ اس کی عمر چالیس کے لگ بھگ تھی۔ کئی بچوں کی تھی۔ تین تو نادر خاں ہی سے تھے۔ ایک شوہر چھوڑ چکی تھی۔ مگر اس کی کاٹھی بہت اچھی تھی اس کا جسم بے ڈھنگے پن سے پھیل کر بگڑا تھا نہ چہرے کے نقش و نگار دھندلے پڑے تھے۔ وہ ماں کے مقابلے میں زیادہ جوان اور تندرست نظر آتی تھی۔ ویسے بھی وہ نادر خاں سے پندرہ برس کم سن تھی۔

وہ پھول دار قمیص پہنے ہوئے تھی۔ شلوار سفید لٹھے کی تھی۔ دوپٹہ ہلکے نیلے رنگ کا تھا۔ اس کے لباس پر شکنیں اور سلوٹیں پڑی تھیں' مگر میلا نہیں تھا۔ وہ نظریں جھکائے رحیم داد کے روبرو خاموش بیٹھی تھی۔

"نادر کہاں ہے؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"وہ تو جی دیپال پور گیا ہے۔ زمیں دارنی نے کسی ضروری کام سے بھیجا ہے۔"

"نادر' دیپال پور گیا ہے!" رحیم داد حیرت سے چونک کر بولا۔ "تیں نوں پتہ ہے کس کام گیا ہے؟"

"یہ تو جی اس نے مجھے بتایا نہیں۔ بس چلتے چلتے اتنا کہہ گیا تھا کہ کل شام لوٹے گا۔ دیری ہو سکتی ہے۔ میں نے پوچھا بھی۔ تب بھی اس نے آگے کچھ نہ بتایا۔"

"کام کے بارے میں بھی کچھ نہیں بتایا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"میں نے بتایا ناں کہ اس نے زیادہ گل بات ہی نہیں کی۔ جلدی میں لگتا تھا۔ میرے بار بار پوچھنے پر صرف اتنا کہا زمیں دارنی کے ایک ضروری کام سے دیپال پور جا رہا ہوں۔"

"جمیلہ کا کیا حال چال ہے؟" رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے پوچھا۔

"بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔" جنت مسکرا کر بولی۔ "تو اسے نہیں ملا؟"

"نہیں؟" رحیم داد نے جنت کو آگاہ کیا۔ "وہ پھاتاں کے گھر گئی ہے۔ ابھی تک لوٹی نہیں۔ نادر بتاتا تھا دیر سے لوٹے گی۔"

"سمجھ گئی۔" جنت نے آہستہ آہستہ سر ہلایا۔ "وہ پھاتاں کے گھر تاجاں کے سسرال والوں سے بات چیت کرنے گئی ہے۔ وہ ایسا ہے جی' تاجاں کے رشتے میں کچھ گڑبڑ پیدا ہو گئی ہے؟"

"میں نے تو سنا ہے پچھلے دنوں تاجاں کی سگائی ہوئی تھی۔ وہ ٹوٹ گئی۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟"

"ہاں' ایسا ہی ہوا ہے۔"

"جمیلہ سے میرے بارے میں بھی تیری بات چیت ہوئی؟" رحیم داد نے جنت کو ٹٹولا۔

"کئی بار ہوئی۔ اور دیر تک ہوتی رہی۔ نادر نے تجھے بتایا ہی ہو گا۔"

"کچھ بتایا تو تھا' پر نادر سے ملے ہوئے بہت دن ہو گئے۔" رحیم داد نے کھل کر بات کی۔ "یہ بتا۔ اب وہ میرے بارے میں کیا کہتی ہے؟ ناراض شراض تو نہیں ہے؟"

"پہلے تو سخت ناراض تھی۔" جنت کھل کر مسکرائی۔ "پر میں نے اس کی ساری ناراضگی ختم کرا دی۔ اب اس کے دل میں تیری طرف سے بالکل میل نہیں۔ اس کی باتوں سے تو ایسا ہی لگتا ہے۔"

"تجھے یہ تو پتہ ہی ہو گا وہ پنڈ چھوڑ کر لہور جانا چاہتی تھی۔" رحیم داد نے اس کے چہرے کو غور سے دیکھا۔ "اب اس کا کیا ارادہ ہے؟ اس بارے میں بھی تیری اس سے بات ہوئی؟"

"اس بارے میں پہلے بہت بات کرتی تھی۔ پر اب بالکل نہیں کرتی۔" جنت نے رحیم داد کو اطمینان دلایا۔ وہ شوخی سے مسکرائی۔ اس نے رحیم داد کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال دیں۔ "چوہدری! برا نہ منانا۔ تو اسے سمجھ نہ سکا۔ زمیں دارنی جتنی سوہنی ہے' اتنا ہی سوہنا اس کا دل بھی ہے۔ وہ کسی سے بھی زیادہ دنوں تک ناراض نہیں رہ سکتی۔ اسے منانا تو بہت آسان ہے۔" اس نے پہلو بدلا۔ "ویسے بھی جی وہ کسی کو پریشان نہیں دیکھ سکتی۔ بلکہ خود پریشان ہو جاتی ہے۔" اس نے آنکھوں کو گردش دے کر ہونٹوں پر تبسم پیدا کیا۔ "تیرے بارے میں اس نے مجھے ساری ہی باتیں بتا دیں۔"

"میرے بارے میں کوئی خاص گل بات ہوئی؟" رحیم داد نے بے قرار ہو کر دریافت کیا۔ "میرا مطلب ہے۔"

"میں تیرا مطلب سمجھ گئی۔" جنت اس کی بات کاٹ کر بولی۔ "نادر مجھے بتا چکا ہے تو کیا
ہے۔" جنت سنجیدہ ہوگئی۔ "پر تو جو کچھ چاہتا ہے' ابھی اس سلسلے میں زمیں دارنی سے بات
ٹھیک نہیں۔ آج کل تو وہ تاجاں کے ویاہ میں بری طرح الجھی ہوئی ہے۔ اسے کسی اور طر
دھیان دینے کا ہوش ہی نہیں۔ ہر گھڑی اسی کے بارے میں باتیں کرتی رہتی ہے۔" اس کا لہج
اور شگفتہ ہوگیا۔ "چوہدری! ایسی لگن اور چاہ سے ویاہ کی تیاریاں کر رہی ہے جیسے تاجاں اس کی
دھی ہو۔" اس کا چہرہ افسردہ ہوگیا۔ "وہ بہت دھوم دھڑکے سے ویاہ کرنا چاہتی ہے پر اب تو تا
کی سگائی ٹوٹ گئی۔ بہت برا ہوا۔ زمیں دارنی کو اس کا بہت دکھ ہے۔ جب سے یہ ہوا ہے
گھبرائی ہوئی اور پریشان رہتی ہے۔"

رحیم داد نے بات کا رخ بدلتے ہوئے دریافت کیا۔ "جنت! تیری تینوں چھوریاں کدھر ہیں؟
"برابر کے کمرے میں سو رہی ہیں۔" اس نے مڑ کر اس طرف دیکھا۔ "میں بھی وہیں
ہوں۔"

رحیم داد نے جنت کے جسم کو ٹٹولنے والی نظروں سے دیکھا۔ اس نے کسمسا کر پہلو بدلا اور
ٹانگ پر دوسری رکھ کر ذرا ترچھی ہو کر بیٹھ گئی۔

رحیم داد کو اس کا یہ انداز اچھا لگا۔ مسکرا کر بولا۔ "جنت تو لاچا کیوں نہیں باندھتی؟"

"نہیں جی' میرے میکے میں زنانیاں دھوتی اور لاچا نہیں باندھتیں۔" اس نے گردن اونچی
ہوئے ٹھسے سے کہا۔ "میرا پیو زمیں دار ہے۔ اس کی ۳۰ کلا سے اوپر زمیں ہے۔ ویسے بھی
آبادکار ہیں۔ ادھر کے جانگلی شانگلی نہیں ہیں۔" وہ اپنی بات کہتے کہتے ٹھٹکی۔ زیرلب مسکرائی
چوہدری تیرے دھیان میں یہ بات کیسے آئی کہ مجھے لاچا باندھنا چاہیے۔ شلوار مجھے بری لگتی ہے

رحیم داد نے ہیجان انگیز نظروں سے جنت کو دیکھا۔ وہ احسان شاہ اور سردار مراد خاں شا
صحبت میں خاصا اوباش اور بدنظر ہوگیا تھا۔ جنت اس وقت اسے اچھی لگی۔ لالٹین کی زر
روشنی میں اس کا گورا چٹا چہرہ دمک رہا تھا۔

جنت اس کی چبھتی ہوئی نظروں کی تاب نہ لا سکی۔ اس نے شرما کر نظریں جھکالیں۔ ا
رخساروں پر ہلکی ہلکی سرخی پھیل گئی۔

"جنت! تو لاچا باندھے تو زیادہ سوہنی لگے گی۔" رحیم داد نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"کہاں سوہنی ہوں جی۔" وہ بڑے ناز سے بولی۔ "سوہنی تو سچ پوچھ اپنی زمیں دارنی ہے۔ ا
جو بھی دیکھتا ہے' دیکھتا ہی رہ جاتا ہے۔ اس کا رنگ روپ ہی ایسا ہے۔"

جمیلہ کا ذکر سن کر رحیم داد کے سارے ابلتے' مچلتے ولولے جھاگ کی مانند بیٹھ گئے۔ وہ کچھ نہ
بولا۔ اس نے بے چینی سے پہلو بدلا اور اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔

جنت نے ٹوکا۔ "کہاں چلا چوہدری؟"

"نیند لگ رہی ہے۔ جا کر سوؤں گا۔"

"چلا جانا۔ ایک گلاس گرم دودھ تو پی لے۔" وہ مسکرا کر بولی۔ اس کے انداز میں لگاوٹ تھی۔
"تو پہلی بار میرے گھر آیا ہے۔ میں تجھے ایسے ہرگز نہیں جانے دوں گی۔ میں ابھی دودھ لائی۔ گرم
ہی ہوگا۔ میں رات کو بھڑولی پر دودھ رکھ دیتی ہوں۔ صبح تک گرم رہتا ہے۔"

رحیم داد بیٹھ گیا۔ جنت کمرے سے نکل کر صحن میں چلی گئی۔ تھوڑی دیر بعد وہ دونوں ہاتھوں میں
بھڑولی اٹھائے ہوئے آئی۔ یہ پیالے کی شکل کی کھلے منہ اور چوڑے پیندے کی انگیٹھی تھی۔ اس
کے بالائی کناروں میں چاروں طرف چھوٹے چھوٹے سوراخ تھے۔ اسے چکنی مٹی میں توڑی شامل
کر کے اس طرح بنایا گیا تھا کہ پہلے مٹی کو اچھی طرح گوندھا گیا۔ پھر اسے ہاتھوں کی مدد سے تیار
کر کے دھوپ میں سکھایا گیا تھا۔ اس میں اوپلے سلگا کر رکھ دیئے جاتے جن کی ہلکی ہلکی آنچ رات
بھر دہکتی رہتی۔

بھڑولی کے اوپر پیتل کی گڑوی میں دودھ بھرا تھا۔ جنت نے بھڑولی کمرے میں لا کر رکھ دی۔ وہ
دوبارہ باہر گئی اور کانسی کا لمبا گلاس لے کر آئی۔ گلاس میں اس نے گڑوی سے گرم گرم دودھ
انڈیلا۔ شکر ملائی اور گلاس رحیم داد کی طرف بڑھا کر بولی۔

"چوہدری! لے اسے پی لے۔ زیادہ گرم نہیں ہے۔"

رحیم داد نے گلاس ہاتھ میں لیا۔ ہونٹوں سے لگایا اور گھونٹ گھونٹ گرم دودھ پینے لگا۔ جنت
نے بھڑولی اپنے سامنے رکھ لی اور اس میں سلگتے ہوئے اپلوں کی آنچ پر دونوں ہاتھ پھیلا کر سینکنے
لگی۔ رحیم داد نے دودھ پی کر گلاس جنت کو دے دیا۔ اس نے گلاس ایک طرف رکھ دیا اور بھڑولی
پر جھک کر ایک بار پھر دونوں ہاتھ سینکنے لگی۔

رحیم داد نے دیکھا' بھڑولی کی سرخ سرخ آنچ سے جنت کا چہرہ دمک رہا ہے۔ اس پر پھبن آگئی
ہے۔ رحیم داد اسے غور سے دیکھتا رہا۔ وہ مسکرایا۔ اس نے جنت کو ٹٹولنے کے لیے چھیڑا۔ "جنت!
صرف دودھ ہی پلائے گی؟"

"اور تجھے کیا چاہیے؟" وہ بدستور بھڑولی پر جھکی ہوئی بیٹھی رہی۔

"یہ تو تجھے بھی پتہ ہے۔" رحیم داد دھیرے دھیرے کھلنے لگا۔

"مجھے کیا پتہ جی۔" اس نے رحیم داد کی جانب پھر بھی نہ دیکھا۔

"تو سوہنی تو ہے پر اتنی بھولی نہیں کہ تجھے کچھ پتہ نہیں۔" وہ ہولے ہولے ہنسنے لگا۔

جنت نے زبان سے تو کچھ نہ کہا۔ نظریں اٹھا کر دیکھا۔ دونوں کی نظریں ملیں۔ وہ مسکرائی اور پھر گردن جھکالی۔ اس کے رخسار بھڑولی کی آنچ سے لال بھبھوکا ہو رہے تھے۔ لبوں پر دبی دبی مسکراہٹ تھی۔ آنکھوں میں چراغ جھل ملا رہے تھے۔ رحیم داد ٹکٹکی باندھے اسے دیکھتا رہا۔

جنت نے گردن اونچی کی۔ رحیم داد کی جانب دیکھا۔ آہستہ سے بولی۔ "چوہدری! تجھے سردی نہیں لگ رہی؟"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ اٹھ کر جنت کے پاس جانے کے لیے کسمسایا۔ اسی وقت دروازہ چرچرایا۔ رحیم داد نے پلٹ کر دیکھا کہ جمیلہ دروازہ کھول کر کمرے میں داخل ہو رہی ہے۔ وہ اندر آگئی۔ اس کے پیچھے تاراں بھی تھی۔

"چوہدری! تو ادھر بیٹھا ہے۔" جمیلہ نے کہا۔ "میں تیرا کھوج لگاتی پھر رہی ہوں۔" وہ مسکراتی ہوئی آگے بڑھی۔ "مجھے تو پھاتاں کے گھر سے واپسی پر پتہ چلا' تو آگیا ہے۔ کب آیا؟"

"میں تو شام ہونے سے پہلے ہی پہنچ گیا تھا۔ کمرے میں بیٹھا تیرا انتظار کرتا رہا۔ جب تو دیر تک نہ آئی تو نادر سے ملنے ادھر آگیا۔ یہاں جنت سے پتہ چلا' وہ دیپال پور گیا ہے۔" رحیم داد بولتے بولتے ٹھٹکا۔ "زمیں دارنی! تو اس طرح کھڑی کیوں ہے؟ بیٹھ جا؟"

"ادھر آجا زمیں دارنی۔" جنت نے بھی رحیم داد کی تائید کی۔ اور کھڑے ہو کر پلنگ کی طرف اشارہ کیا۔ "یہیں بیٹھ جا۔" اس نے اٹھ کر جھپاک جھپاک بستر کی شکنیں درست کرنا شروع کردیں۔

جمیلہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔ "جنت! میں نے یہاں بیٹھنا نہیں ہے۔" اس نے رحیم داد کی جانب مڑ کر دیکھا۔ "چوہدری! میرے ساتھ چل۔ تجھ سے کچھ ضروری گل بات کرنی ہے۔ میں تیرا کئی روز سے سخت انتظار کر رہی تھی۔"

رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ جمیلہ دروازے کی جانب بڑھی۔ رحیم داد بھی اس کے ساتھ ساتھ بڑھا۔ تاراں دونوں کے پیچھے پیچھے چل رہی تھی۔ تینوں باہر نکلے اور مہمان خانے میں داخل ہو گئے۔ تاراں نے مہمان خانے کا دروازہ بند کردیا۔

☆

رحیم داد اپنے کمرے میں گیا۔ جمیلہ بھی اس کے ہم راہ تھی۔ دونوں کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ ج

سنہری کنارے کی سفید شال اوڑھے ہوئے تھی۔ اس کا لباس بھی سفید ہی تھا۔ اس سادگی میں بھی اس کا دلکش چہرہ کندن کی مانند دمک رہا تھا۔ رخساروں پر گلاب کھل رہے تھے۔ غزالی آنکھوں میں ستارے جگمگا رہے تھے۔

دونوں کے پہنچنے کے تھوڑی ہی دیر بعد نادار نے انگیٹھی لاکر کمرے میں رکھ دی۔ انگیٹھی میں انگارے دہک رہے تھے۔ انگیٹھی رحیم داد اور جمیلہ کے درمیان رکھی تھی۔ دونوں جھک کر ہاتھ تاپنے لگے۔ انگاروں کی آنچ سے جمیلہ کا گلابی چہرہ اور سرخ ہو گیا' خوبصورت اور تابندہ ہو گیا۔

رحیم داد انگیٹھی پر ہاتھ پھیلا کر جسم میں حرارت اور گرمی پہنچاتا رہا۔ وہ گم صم بیٹھا تھا۔ اس کے ذہن میں طرح طرح کے وسوسے اور خدشے منڈلا رہے تھے۔ ہرچند وہ جنت کی زبانی سن چکا تھا کہ جمیلہ اب اس سے خفا نہیں ہے' مگر اس کے دل میں چونکہ چور تھا لہٰذا سہما ہوا تھا۔ بار بار یہ خیال اسے پریشان کرتا کہ جمیلہ اتنی رات گئے کون سی اہم بات کرنا چاہتی ہے جس کے لیے اس نے نہ صرف پھاتاں کے گھر سے لوٹتے ہی اس کی تلاش شروع کردی تھی بلکہ کئی روز سے اس کا بے چینی سے انتظار بھی کر رہی ہے۔

اس نے نظریں اٹھا کر جمیلہ کے دل آویز دہکتے ہوئے چہرے کو دیکھا۔ لمحہ بھر تک بے قراری سے دیکھتا رہا' پھر اس نے ہولے سے گہری سانس بھری اور نظریں جھکالیں۔

جمیلہ نے رحیم داد کی جانب دیکھے بغیر خاموشی کو توڑا۔ "چوہدری! اتنے دن کہاں رہا؟" وہ زیرلب مسکرائی۔ "خریف کی واڈھی پر تیرا بہت انتظار رہا۔ تجھے واڈھی پر تو یہاں ہونا ہی چاہیے تھا۔"

"خریف کی واڈھی ہو گئی۔ بہت ٹھیک ہوا۔"

"واڈھی تو کرانا ہی تھی۔ جب تو نہیں آیا تو شروع کرانی پڑی۔ بلکہ دیر سے شروع ہوئی۔ ایسا تیرا لمبا انتظار کرنے کے کارن کرنا پڑا۔ میں پوچھتی ہوں تو واڈھی پر پہنچا کیوں نہیں؟"

"میں ہوتا بھی تو کیا کرتا؟" رحیم داد نے مسکرا کر جواب دیا۔ "تو موجود ہی تھی۔"

"کمال کرتا ہے۔ یہ بھی کوئی گل بات ہوئی۔" اس نے نظریں اٹھا کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ اس کا لہجہ تیکھا تھا مگر اس کی آنکھوں میں خفگی یا کدورت کا غبار مطلق نہ تھا۔ "میرا کیا ہے۔ واڈھی پر تو تیرا موجود ہونا ضروری تھا۔ میں نے کون سی زمیں داری چلانی ہے۔" جمیلہ کا لہجہ نرم پڑ گیا۔ "یہ بتا تو اب تک رہا کہاں؟"

"میں کلیم کے چکر میں پہلے منٹگمری گیا۔ فیر ملتان جانا پڑا۔"

"وہ تو میں نوں پتہ ہے۔ نادر مجھے بتا بھی چکا ہے اور یہ بھی بتا چکا ہے تیرے کلیم کے بارے میں جو گڑبڑ پیدا ہو گئی تھی' وہ بھی بالکل دور ہو گئی۔ یہ بہت ٹھیک ہوا۔ مجھے تیرے کلیم کے کارن بہت چنتا تھی۔" جمیلہ نے اظہار مسرت کرتے ہوئے کہا۔ "پر اس کے بعد تو رہا کہاں' واپس کیوں آیا؟"

"کیا کرتا واپس آ کر۔" رحیم داد نے چہرے پر افسردگی کے تاثرات پیدا کرتے ہوئے کہا۔ "میں نوں اس زمین اور حویلی کی الاٹمنٹ سے کیا لینا۔ تو نے ہی دلائی تھی اور تیری ہی زمین اور حویلی تھی بھی۔" اس نے نظریں اٹھا کر جمیلہ کے شگفتہ اور دمکتے ہوئے چہرے کو دیکھا۔ "میں تو برسوں محکمہ آبادکاری کے دفتروں کے چکر کاٹ کاٹ کر اور گرداوروں اور پٹواریوں کی خوشامد کرتے کرتے مایوس ہو کر اپنے کلیم کو بھول ہی چکا تھا۔"

"پر یہ گلاں تو اب پرانی ہو چکی ہیں۔" جمیلہ نے اسے ٹوکا۔

"میں تو یہ سوچ کر یہاں سے گیا تھا کہ اب میں نے واپس نہیں آنا۔" اس نے لہجے میں رقت پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "پہلے ملتان میں کوشش کی۔ وہاں کام نہ بنا تو بھکر چلا گیا۔ سنا تھا وہاں الاٹمنٹ مل رہی ہیں۔ پر ساری زرخیز زمینیں وڈے زمیں داروں نے اپنے مزارعے لگا کر دبالیں فیر بوگس اور جعلی کلیموں کے ذریعے اپنے کنبے میں کرلیں۔ محکمہ آبادکاری والوں نے وہاں زبردست دھاندلی مچا رکھی ہے۔ چھانٹ چھانٹ کر عمدہ زمینیں اپنے ناتے داروں' شریکوں جاننے والوں کے نام الاٹ کرادیں۔" رحیم داد کے لبوں پر زہرخند نمودار ہوا۔ "اب تو وہاں اور کلر زمین رہ گئی ہے۔ اس کے لیے بھی درخواستوں کے ڈھیر لگے ہیں۔" اس کا لہجہ تلخ ہو "زبردست اندھیر گردی ہے جی۔ دبا کے رشوت لی جا رہی ہے۔ اس کے بنا تو کوئی بات سن بھی تیار نہیں۔"

"اس دھاندلی میں تو چھوٹے بڑے سرکاری افسروں اور اہل کاروں سے لے کر صوبائی مرکزی وزیر تک سب ہی شامل ہیں۔ رشوت کے ساتھ ساتھ سفارش بھی چل رہی ہے۔" نے رحیم داد سے اتفاق رائے کیا۔ "پر چوہدری' تو الاٹمنٹ کے چکر میں پڑا ہی کیوں؟ یہاں اراضی کچھ کم ہے۔ تو کیوں الاٹمنٹوں کی لوٹ مار میں شامل ہو گیا؟ تیرے لیے تو یہی زمین ہے۔"

"سوچا تھا' تھوڑی سی زمین کہیں اور مل جائے تو زمیں داری شروع کردوں گا۔ کچھ نہ کچھ ہی تھا۔ اس زمین اور جائیداد کو تو کبھی میں نے اپنا سمجھا ہی نہیں۔ یہ تو بھی ٹھیک طرح جانتی ہے

رحیم داد نے آواز میں اور زیادہ رقت پیدا کی۔ "جب تو مجھ سے ناراض ہو گئی تو میں نے یہاں رہ کر کیا کرنا؟" اس نے بجھی بجھی نظروں سے جمیلہ کی آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش کی۔ "زمیں دارنی! تجھے لہور شہور جانے کی ضرورت نہیں۔ میں خود ہی یہاں سے چلا جاؤں گا۔ سنا ہے سندھ میں آسانی سے الاٹمنٹ مل جاتی ہے۔ ادھر بہت متروکہ زمین اور جائیداد ہے۔ اب وہیں چلا جاؤں گا۔"

"ایسا ہی ارادہ تھا تو ادھر واپس ہی کیوں آیا؟" جمیلہ کے لہجے میں طنز کا پہلو نمایاں تھا۔ رحیم داد نے کسی ردعمل کا اظہار نہ کیا۔ لہجے میں اور زیادہ غم گھول کر بولا۔ "میں تو اس لیے آیا تھا کہ تیرے دل میں میری طرف سے میل نہ رہے۔ جو کچھ ہو گیا اسے بھول جا۔ ہاں' تیرا اور اللہ وسایا کا مجھ پر جو احسان ہے وہ میں زندگی بھر نہیں بھول سکتا۔ تو نے اور اس نے مجھے ایسے وکت سارا دیا' جب میرا کوئی ٹھکانہ نہ تھا' کوئی اپنا نہ تھا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اب تیری زمین اور حویلی تیرے پاس رہے گی۔ وکیل کو بلالے۔ میں زمین اور حویلی کا بیع نامہ تیرے نام کردوں۔ میرا کیا ہے۔ جب ایک بار گھر سے بے گھر ہو گیا' اجڑ گیا' تباہ ہو گیا' تو کہیں بھی پڑاؤ ڈال لوں گا۔ جیسے تیسے زندگی گزر ہی جائے گی۔"

جمیلہ اس کے دکھ بھرے لہجے اور غم زدہ باتوں سے بہت متاثر ہوئی۔ پیار سے ڈانٹ کر بولی۔ "فضول باتیں نہ کر۔" جمیلہ مسکرائی۔ "چوہدری! تو نے مجھے سمجھا ہی نہیں۔ میں تو کسی سے بھی ناراض نہیں رہ سکتی اور تو تو میری ہی طرح فسادات کی بھڑکتی آگ کا جھلسا ہوا ہے۔ خون کا دریا تیر کر نکلا ہے۔ میں تیرا دکھ جانتی ہوں۔" اس نے گہری سانس بھری۔ اس کا لہجہ افسردہ ہو گیا۔ اس میں تڑپ تھی' درد کی چبھن تھی۔ "میں نے آگ اور خون کا یہ خوف ناک کھیل دیکھا ہے۔ اس دکھ اور اپرادھ کو جھیلا ہے' بھگتا ہے۔ یہ بھیانک کلپنا ہے۔ رات کو کبھی اس کی یاد آجاتی ہے تو آج بھی ساری ساری رات نیند نہیں آتی۔" اس کے خوبصورت اور تابناک چہرے پر غم کا سایہ پھیل گیا۔ "چوہدری! ایسی باتیں کر کے میرے گھاؤ نہ چھیڑ۔ تیں نوں پتہ نہیں' میں کتنی ابھاگن اور دکھی ہوں۔"

"تو پنڈ چھوڑ کر لہور تو نہیں جا رہی ہے؟" رحیم داد نے بے قرار ہو کر پوچھا۔ "پہلے مجھے یہ بتا' تو نے اس بارے میں کیا سوچا؟"

"میں تو آج کل' تاجاں کے ویاہ کے بارے میں سوچ رہی ہوں۔"

"سنا ہے تاجاں کی تو نے سگائی بھی کردی۔" رحیم داد نے پوچھا۔

"میری تو آشنا تھی تو اس کی سگائی پر یہاں ہوتا۔ پر تیرا تو کچھ پتہ ہی نہ تھا کہ کہاں ہے اور لوٹے گا؟ لوٹے گا بھی یا نہیں۔" جمیلہ کا لہجہ اچانک غم ناک ہوگیا۔ "پر اب تو تاجاں کے سسرال والوں نے سگائی توڑ دی۔"

"سنا تو میں نے بھی یہی ہے۔ نادر رہتا تھا' تو آج اسی معاملے میں پھاتاں کے گھر گئی تھی۔ بات چیت کا؟"

"سگائی کے ساتھ رشتہ تو سمجھو ٹوٹ ہی چکا ہے۔ پر تاجاں کا ہونے والا سسر نیک بندہ۔ ویسے تاجاں کا سگا ماما بھی ہوتا ہے۔ اس نے سب کو سمجھا بجھا کر راضی تو کرلیا ہے۔ بہت بک جھک جھک کے بعد فیصلہ ہوا۔"

"کیا فیصلہ ہوا؟" رحیم داد نے بے چین ہو کر دریافت کیا۔

"ویاہ نہ حویلی سے ہوگا نہ پھاتاں کے گھر سے۔" جمیلہ نے بتایا۔ "نادر خاں' جس گھر میں ہے' وہاں سے تو ویاہ ہوگا۔ جنج سکول میں اترے گی۔"

"یہ تو ٹھیک ہی فیصلہ ہوا۔ ویسے حویلی سے ویاہ ہوتا تو ٹھیک تھا۔ تو ویاہ میں بیٹھے گی نا؟ میں۔ تھا تاجاں کے سسرال والوں کو تیرے ویاہ میں بیٹھنے پر بھی اعتراض تھا۔ یہ تو انھوں نے بہت سخت شرط لگائی تھی۔ ویاہ کے لیے سب کچھ تو کرے اور تجھے ہی ویاہ میں نہ بیٹھنے دیا جائے' یہ کیسے ہو ہے؟"

"اب یہ طے ہوا ہے کہ میں ویاہ میں بیٹھوں گی۔ ویسے میں تو خود بیٹھنا نہیں چاہتی تھی۔" اس آواز میں دبا دبا کرب تھا۔

"تو کیوں نہیں ویاہ میں بیٹھنا چاہتی تھی؟"

"رنڈود ہوا جو ہوئی۔" جمیلہ کا لہجہ اور افسردہ ہوگیا۔ "رنڈ کا تو ویاہی جانے والی کڑی پر سایہ نہیں پڑنا چاہیے۔ اسے برا شگون سمجھا جاتا ہے۔ کیا کیا جائے' ریتاں رسماں ہی ایسی ہیں۔"

رحیم داد نے جمیلہ کو غم زدہ اور دل گرفتہ پایا تو گفتگو کا رخ بدل دیا' پوچھا۔ "زمیں دارنی! تو نادر کو دیپال پور کس لیے بھیجا ہے؟ کوئی خاص کام ہے؟"

"خاص ہی کام ہے تجھ سے اسی کے بارے میں مشورہ کرنا چاہتی تھی۔ بلکہ اس معاملے میں مجھے تیرا سخت انتظار تھا۔ نہ آتا تو میں نادر خاں کو دوبارہ تیرے پاس بھیجتی۔"

"گل کیہ ایسہ۔ خیر اے ناں؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"خیر ہی ہے۔ تو احسان شاہ کو تو جانتا ہے۔"

رحیم داد گھبرا گیا۔ لہجے میں عاجزی پیدا کرتے ہوئے بولا۔ "تجھے سب کچھ پتہ ہے۔ فیر ایسی گل بات کیوں پوچھتی ہے؟" اس نے لہجے میں تلخی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "پر اب میرے سامنے اس کا نام نہ لے۔ اسی کی جہ سے تجھ سے ساری ناراضگی ہوئی۔" اس نے چہرے پر غصے اور ناگواری کے تاثرات پیدا کیے' تیوری پر بل پڑ گئے۔ "تجھے پتہ نہیں وہ کتنا کمینہ ہے۔ اسی نے میرا کلیم منسوخ کرانے کے لیے درخواست لگوائی تھی۔ تفتیش کروانے کا حکم نکلوایا تھا۔"

"میں نوں سب پتہ ہے۔ نادر مجھے اس بارے میں پہلے ہی سب کچھ بتا چکا ہے۔ احسان شاہ کتنا کمینہ اور گندہ ہے۔ یہ مجھے ٹھیک طرح پتہ ہے۔"

"جب ایسی بات ہے تو اس کا ذکر تو نے میرے سامنے کیوں چھیڑا؟" رحیم داد نے قدرے تیکھے لہجے میں کہا۔ "مجھے تنگ کرنا چاہتی ہے' ذلیل کرنا چاہتی ہے؟"

"ایسی گل نہیں۔" جمیلہ مسکرا کر نرم لہجے میں بولی۔ "ناراض نہ ہو۔" اس نے رحیم داد کے چہرے کی جانب نظریں اٹھائیں۔ اس کی آنکھوں میں پچھلی رات کے چاند کی چاندنی اتر آئی تھی۔ "مجھے احسان شاہ سے ایک ضروری کام پڑ گیا ہے۔"

"احسان شاہ سے ضروری کام پڑ گیا ہے! اور تجھے؟" رحیم داد حیران و پریشان ہو کر گویا ہوا۔

"ہاں' ایسی ہی گل ہے اور تجھے اس کام کے سلسلے میں احسان شاہ کے پاس جانا ہوگا۔"

"زمیں دارنی تو کیسی گل کر رہی ہے؟" رحیم داد نے چہرے پر جھنجلاہٹ پیدا کرتے ہوئے ناگواری سے کہا۔ "میں نے اس کے پاس نہیں جانا۔ مجھے تو اب اس کے نام سے بھی گھن آتی ہے۔"

"میری گل تو سن۔" جمیلہ نرمی سے بولی۔

"سنا' کیا سنانا چاہتی ہے۔" رحیم داد کے چہرے پر بدستور تناؤ تھا۔

"بات یہ ہے۔" جمیلہ نے سنبھل سنبھل کر اپنا مقصد بیان کیا۔ "یہ تو تجھے پتہ ہی ہوگا' احسان شاہ اپنے مزارعوں اور کمیوں کی نوجوان گھر والیوں اور کڑیوں کو اٹھوا کر کید کرلیتا ہے۔ سنا ہے ان کو رکھنے کے لیے اس نے بہت وڈا کوٹ بنوا رکھا ہے۔ سمجھو ایک طرح کی جیل ہے وہ۔ اس کی کڑی نگرانی کی جاتی ہے۔"

"سنا تو میں نے بھی ہے۔ پر کبھی دیکھا نہیں۔" رحیم داد نے ڈھٹائی سے جھوٹ بولا۔

"ان ہی کیدی زنانیوں میں سے ایک نے کسی نہ کسی طرح کوٹ کی جیل سے بھاگنے کی کوشش کی اور اس کی کوشش سپھل بھی ہوگئی۔"

"جب جیل ہوگی تو زنانیاں اس سے نکل کر بھاگنے کی کوشش بھی کرتی ہوں گی اور کوئی کوئی کامیاب بھی ہوجاتی ہوگی۔" رحیم داد نے اپنے فوری رد عمل کا اظہار کیا۔ "پر تو نے ان سے کیا لینا؟"

"ہوا یہ کہ ایک ایسی ہی زنانی چند روز ہوئے یہاں پہنچ گئی۔" جمیلہ نے رحیم داد کو اپنی بات وضاحت سے سمجھانے کی کوشش کی۔ "ایسی کڑاکے کی سردی میں وہ رات بھر جھاڑیوں میں چھپی رہی۔ میں سویرے سکول پہنچی تو وہ جھاڑیوں سے نکل کر میرے پیروں پر گر پڑی۔ سردی سے اس کا بدن مانو برف ہو رہا تھا۔"

رحیم داد سخت پریشان ہوا۔ اسے خدشہ لاحق ہوا کہ کوئی ایسی عورت نہ ہو جو احسان شاہ کی حویلی میں اس کے ساتھ رات بسر کر چکی ہو۔ وہ اسے فوراً پہچان لیتی۔ اور اس کے لیے خطرہ بن جاتی۔ جمیلہ ایک بار پھر اس سے ناراض ہوجاتی اور اب اسے منانا بھی مشکل ہوتا۔

وہ سخت الجھن میں پڑ گیا۔ ہچکچاتے ہوئے گویا ہوا۔ "اب وہ کہاں ہے؟"

"میرے کمرے میں ہے۔" جمیلہ نے بتایا۔

رحیم داد کی پریشانی اور بڑھ گئی۔ اور اس قدر بڑھ گئی کہ وہ اس کے بارے میں پوچھ گچھ بھی نہ کرسکا۔ دم بخود بیٹھا رہا۔ جمیلہ بولتی رہی۔ "میری طرح وہ بھی مغویہ ہے۔ پہلے ہندو ہوتی تھی۔ اب مسلمان ہوچکی ہے۔ اس کا نام زینت بی بی ہے۔ میری ہی طرح ابھاگن ہے۔" جمیلہ کا چہرہ ذرا کرب سے مرجھا گیا۔

رحیم داد نے اطمینان کی سانس لی۔ اسے فوراً یاد آگیا کہ پچھلی بار جب وہ احسان شاہ کی حو میں تھا تو مراد خاں شاہانی نے مزا لے لے کر زینت کا ذکر کیا تھا۔ وہ کوٹ میں ان دنوں نئی نئی اٹھا لائی گئی تھی۔ رحیم داد نے اس کے بارے میں مراد خاں سے بہت کچھ سنا تھا۔ مگر زینت سے اس آمنا سامنا نہ ہوا تھا۔ نہ اس نے رحیم داد کو دیکھا تھا اور نہ ہی رحیم داد نے اسے دیکھا تھا۔ دونوں ایک دوسرے کے لیے قطعی اجنبی اور انجان تھے۔

رحیم داد نے زینت کے بارے میں کسی تبصرے سے گریز کیا۔ خاموش بیٹھا رہا۔ جمیلہ نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "اس پر بھی بہت اپرادھ ہوا۔ جس کے ہاتھوں میں پڑ گئی اس نے نوچا کھسوٹا ذرا بھی ترس نہ کھایا۔ آخر اسے ایک نیک بندہ مل گیا۔ وہ سکول ماسٹر تھا۔ اس نے زینت سے باکاعدہ وباہ کرلیا۔ اب وہ اسی کے پاس جانا چاہتی ہے۔"

"وہ کہاں ہوتا ہے؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"وہ آج کل دیپال پور کے پرائمری سکول میں ماسٹر لگا ہے۔ اس کا نام جلیل ہے۔"

"تو نے اسی کو بلانے کے لیے نادر کو دیپال پور بھیجا ہے؟"

"ہاں جی' میں نے نادر خاں کو اسی لیے دیپال پور بھیجا ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "وہ آکر زینت کو اپنے ساتھ لے جائے گا۔"

"جب ایسی کل بات ہے تو احسان شاہ کے پاس میرے جانے کی کیا ضرورت ہے۔"

اس نے استفہامیہ نظروں سے جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "میں تو کہتا ہوں زمیں دارنی' احسان شاہ کو تو اس کا بالکل پتہ نہیں چلنا چاہیے۔ بہت گڑبڑ ہوجائے گی۔ تیں نوں پتہ نہیں وہ کتنا خطرناک اور کمینہ ہے۔" اس کے چہرے سے خوف اور پریشانی صاف عیاں تھی۔

"میں نوں پتہ ہے' وہ کتنا خطرناک ہے۔" جمیلہ نے رحیم داد سے اتفاق کیا۔ "اس کا اثر و رسوخ بھی بہت ہے۔ وڈے سرکاری افسروں بلکہ اسمبلی کے ممبروں اور وزیروں تک سے اس کی یاری ہے۔ اس کی پہنچ تو بہت اوپر تک ہے۔" اس کا لہجہ تلخ ہوگیا۔ چہرے کی شگفتگی اور رعنائی دھندلی پڑ گئی۔ "سچ پوچھ تو حکومت ہی ایسے بندوں کی ہے۔ اس کے دو پتر تو وڈے سرکاری افسر لگے ہیں۔ جنوائی اور بھتیجے بھی اونچے عہدوں پر ہیں۔"

"تو بالکل ٹھیک کہہ رہی ہے۔ پر سمجھ نہیں آتی مجھے اس کے پاس کیوں بھیجنا چاہتی ہے؟"

"یہی تو تجھے بتانا ہے۔" جمیلہ نے سنجیدہ لہجے میں کہا۔ "زینت کے دو بچے ہیں۔ دونوں احسان شاہ کے مزارعے سلامو کے پاس ہیں۔ سلامو ہی اسے اغوا کرکے پیراں والہ لایا تھا۔ اور اس کے گھر سے احسان شاہ نے اپنے کرندوں کے ذریعے زینت کو اٹھوالیا۔"

"زینت کو اپنے بچے تو یاد آتے ہی ہوں گے۔"

"کیوں نہیں یاد آتے۔ زینت کے سینے میں بھی ماں کا ہردے دھڑکتا ہے۔" جمیلہ نے تڑپ کر کہا۔ "ان کے لیے وہ بلک بلک کر روتی ہے۔ اسے روتا دیکھتی ہوں تو میری آنکھوں میں بھی آنسو آجاتے ہیں۔ میں بھی تو ماں ہوں۔" اس کے چہرے پر دکھ برسات کے بادلوں کی مانند منڈلانے لگا۔ "چوہدری! تجھے ماں کی ممتا کا پتہ نہیں۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ چپ بیٹھا رہا۔

"تو احسان شاہ کے پاس چلا جا۔" اس دفعہ جمیلہ کے لہجے میں التجا کا پہلو نمایاں تھا۔ "اس کی منت سماجت کرلینا۔ میری خاطر کرلینا۔" اس کے رویئے میں عاجزی اور بڑھ گئی۔ "چوہدری! تو زینت کے بچے دلوا دے۔ تیری بہت مہربانی ہوگی۔ مجھے وشواس ہے احسان شاہ تیری گل ضرور مان

لے گا۔"

"بالکل نہیں مانے گا۔ تو نے بالکل غلط اندازہ لگا رکھا ہے۔" رحیم داد نے جھٹ صفائی پیش
"میری اس کے ساتھ ایسی یاری نہیں کہ وہ میری ہر گل بات مان لے۔ مجھے تو ڈر ہے کہیں و
دشمن نہ ہو جائے۔"

"ہو جائے' کون سا فرق پڑتا ہے۔ پہلے ہی وہ کون سا مجھ پر مہربان رہا ہے۔" جمیلہ کے ہونٹو
زہر خند نمودار ہوا۔ "وہ تو مجھے اپنی رکھیل بنانے کے لیے خریدنا چاہتا تھا۔ دو ہزار بولی لگائی تھی
اللہ وسایا نے صاف انکار کر دیا۔" جمیلہ نے اپنی بات کا رخ بدل دیا' ایک بار پھر حرف مطلب
آ گئی۔ "چوہدری! تو زینت کے بچوں کے لیے احسان شاہ سے بات کر کے تو دیکھ۔"

"تو بھی کمال کرتی ہے زمیں دارنی۔" رحیم داد کسی قدر جھنجلائے ہوئے لہجے میں بولا۔ "
سے بات کرنے کا تو یہ مطلب ہو گا کہ اسے پتہ چل جائے گا زینت یہاں ہے۔"

اس نے جمیلہ کو تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "تو نے یہ نہیں سوچا' اگر احسان شاہ نے میری با
مانی تو کیا ہو گا؟ میں تو کہتا ہوں اسے پتہ چل گیا تو زینت اپنے گھر والے کے پاس بھی نہ جا سکے
احسان شاہ اسے رستے ہی سے اٹھوا لے گا۔ وہ ایسا ہی خطرناک بندہ ہے۔"

جمیلہ تذبذب میں پڑ گئی۔ رحیم داد نے جن خدشات کا اظہار کیا تھا' ان کی اہمیت کو اس نے
محسوس کیا۔

☆

رات کالی کاجل ہو گئی۔ سردی بہت بڑھ گئی تھی۔ حویلی پر سناٹا چھایا تھا۔ اسی اثنا میں رات
گہرے سناٹے میں کمرے کے باہر قدموں کی آہٹ ابھری۔ چاپ ہولے ہولے قریب آتی گ
دروازے کا ایک پٹ ذرا سا کھلا تھا۔ جمیلہ اور رحیم داد نے گردن موڑ کر اس طرف دیکھا۔

زینت دروازے پر کھڑی تھی۔ مگر وہ اندر نہ آئی۔ جمیلہ نے نرمی سے کہا۔ "اندر آ جا۔ با
سردی میں کیوں کھڑی ہے؟"

وہ سہمی ہوئی کمرے میں داخل ہوئی اور دہلیز کے پاس فرش پر خاموشی سے بیٹھ گئی۔ رحیم داد
نظر بھر کر اسے دیکھا۔ اس کا رنگ ہلکا گلابی تھا۔ بال سنہری مائل تھے۔ آنکھیں بھوری تھیں مگر
بڑی اور کشش انگیز تھیں۔ ناک نقشہ سبک اور کھڑا کھڑا تھا۔ جسم نرم اور گداز تھا۔ عمر ۲۴ ر
سے زیادہ نہ تھی۔ مگر وہ اتنی ہی عمر میں ٹوٹ پھوٹ کر کھنڈر بن چکی تھی۔ آنکھیں ویران ا
دھواں دھواں تھیں۔ چہرہ مرجھائے ہوئے پھول کی طرح شگفتگی سے عاری تھا۔ جلد کھردری پڑ گئی

تھی۔ وہ گہری نیلی دھوتی باندھے ہوئے تھی اور ملگجی کھیس اوڑھے سکڑی سکڑائی حسرت کا مرقع اور
عبرت کی تصویر بنی بیٹھی تھی۔ اس کی گردن جھکی ہوئی تھی۔

جمیلہ نے پوچھا۔ "زینت! کیسے آ گئی؟"

"بھین جی' نیند نہیں آ رہی تھی۔" وہ بجھے ہوئے لہجے میں بولی۔ "مجھے پتہ چلا' تو یہاں ہے۔ من
گھبرایا تو ادھر آ گئی۔ تو نے برا تو نہیں منایا؟"

"ایسی گل نہ سوچ۔" جمیلہ نے اسے پیار سے ڈانٹا۔ "وہاں کیوں بیٹھی ہے۔ ادھر میرے پاس
کرسی پر آ کر بیٹھ جا۔"

اس نے گردن ہلا کر آہستہ سے کہا۔ "نہیں بھین جی' میں یہیں ٹھیک ہوں۔" وہ اپنی جگہ پر بیٹھی
رہی۔

جمیلہ نے مڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ "چوہدری! اس نے دسویں تک پڑھا ہے۔ پتا ڈاکٹر تھا۔ پنڈتوں
کا کھاتا پیتا گھرانہ تھا۔ سمے بدلا تو سب کچھ بدل گیا۔ اب یہ اپنی ہی نظروں میں اتنی گر گئی ہے کہ خود
کو کمی سمجھتی ہے۔ میرے ساتھ کرسی پر بیٹھتے ہوئے ڈرتی ہے۔"

رحیم داد نے جمیلہ کی بات نظر انداز کرتے ہوئے زینت سے پوچھا۔ "تو احسان شاہ کے کوٹ
سے کیسے نکل آئی؟ سنا ہے ادھر بہت کڑی نگرانی ہوتی ہے۔ ہر وکت مسلح راکھے پہرہ دیتے ہیں۔
میں نے غلط تو نہیں سنا؟" رحیم داد نے انجان بننے کی کوشش کی۔

"تو نے ٹھیک ہی سنا۔" اس نے رحیم داد کی تائید کی۔ "وہ ایسا ہوا جی' میں اس رات کوٹ میں
نہیں تھی۔ مجھے شاہ جی کے نوکر' شیدا نے ان کمروں میں سے ایک میں پہنچا دیا تھا جن میں مہمان
ٹھیرتے ہیں۔ وہ جی بہت گندی اور خراب جگہ ہے۔" اس کا لہجہ دھیما اور افسردہ پڑ گیا۔ "پہلے بھی
ان کمروں میں کئی بار جا چکی تھی۔ اس رات محکمہ آبادکاری کا کوئی وڈا افسر ٹھیرا تھا۔ اس نے
دانتوں سے ایسے زور زور سے کاٹا کہ مجھے رونا آ گیا۔ پر وہ ہنستا رہا' مخول کرتا رہا۔ نشے سے بالکل
پاگل ہو رہا تھا۔"

رحیم داد نے مسکرا کر جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "سن لے' زمیں دارنی۔ اس طرح ہو رہی ہے
آبادکاری۔" جمیلہ کچھ نہ بولی۔ نگاہیں نیچی کیے خاموش بیٹھی رہی۔ رحیم داد نے نگاہیں گھمائیں۔
زینت کو دیکھا' پوچھا۔ "یہ بتا زینت' تو وہاں سے نکلی کیسے؟ راکھوں نے تجھے نہیں روکا؟" اس کی
آنکھوں میں حیرت اور استعجاب تھا۔

"بات سچی یہ ہے جی۔" زینت نے رحیم داد کی جانب دیکھے بغیر بتایا۔ "نشے میں تو وہ تھا ہی۔ ایسا

بے خبر ہو کر سویا کہ اسے بالکل سدھ بدھ نہ رہی۔ مجھے نیند نہیں آئی۔ اس نے ایسے کٹھورپن۔
بدن میں جگہ' جگہ کاٹا تھا کہ بار بار ٹیس اٹھتی تھی۔" اس نے سردی سے بچنے کے لیے کھیس ناگ
تک پھیلا دی۔

"فیر کیا ہوا؟" رحیم داد نے دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے پوچھا۔

"جب وہ بے سدھ ہو کر سو گیا تو میں اٹھی۔ چپکے سے دروازہ کھولا۔" زینت آہستہ آہستہ بتا
رہی۔ "کمرے کے باہر برآمدہ تھا۔ اس میں راکھا بیٹھا تھا۔ اس کے پاس بندوک تھی۔ پر وہ
دیوار سے پیٹھ ٹکائے اس سے اونگھ گیا تھا۔ میں چوری چوری چلتے ہوئے برآمدے کی سیڑھیوں۔
نیچے اتری۔ سامنے گھنے پیڑ تھے۔ اندھیرا بھی بہت تھا۔ میں درختوں تلے پہنچ گئی۔ اگے بڑھی ا
ایک پیڑ پر چڑھ گئی۔"

"تو پیڑ پر بھی چڑھ لیتی ہے؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔

"ہاں جی مجھے بچپن سے پیڑوں پر چڑھنے کی خوب پریکٹس ہے۔" اس نے ہچکچاتے ہوئے ر
داد کی جانب دیکھا۔ "پیڑ دیوار کے ساتھ ہی تھا۔ میں ایک ڈالی سے لٹک کر جھولتی رہی اور ایک
جی کڑا کر کے باہر کود گئی۔"

"پر حویلی کی دیوار تو بہت اونچی ہے۔" رحیم داد نے پوچھا۔ "تجھے چوٹ نہیں آئی۔"

"آئی تھی۔ پر زیادہ نہیں آئی۔ اس سے تو بالکل پتہ نہ چلا۔ میں پیراں والہ سے بھاگتی ہو
رات کے اندھیرے میں نکلی اور نہر کے ساتھ ساتھ چلتی ادھر آگئی۔ پر بعد میں ایک ٹانگ در
کرنے لگی۔ اب بھی کرتی ہے۔" اس نے نظریں اٹھا کر جمیلہ کو دیکھا۔ "بھین جی کو میں نے بتایا
اس نے تاراں سے مالش کرائی۔ اس سے درد کم ہو گیا۔"

جمیلہ زیادہ دیر خاموش نہ رہی۔ اس نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "زینت! تیرا اصلی درد تو تیر
بالک ہیں۔ جن کو تو ہر سے یاد کرتی رہتی ہے' روتی رہتی ہے' آنسو بہاتی ہے۔" جمیلہ نے ٹھنڈ
سانس بھری۔ "یہی گل ہے نا؟"

"میرا اصلی درد تو بھین جی یہی ہے۔ ان کے لیے تو میں شاہ جی کی حویلی میں بھی روتی رہتی
تھی۔" زینت نے دکھ بھرے لہجے میں جمیلہ کی بات کی تائید کی۔ "کوٹ کی کیدی زنانیوں کی انچارج
رہتے ہے۔ مجھے روتا ہوا دیکھ کر وہ ڈانٹتی ڈپٹتی تھی۔ بالوں سے پکڑ کر مارتی تھی۔ وہ جی بہت کٹھو
ہے۔ اس کے ڈر سے میں چھپ چھپ کر روتی تھی۔" اس کی آواز گلوگیر ہو گئی' آنکھیں چھلک
پڑیں۔ وہ کھیس کے پلو سے آنسو پونچھنے لگی۔

جمیلہ نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! یہ بھی ٹھیک ہی ہوا زینت اس سے یہاں آگئی۔ تو نے
بھی اس کا دکھ جان لیا۔ یہ اپنے بچوں کے لیے بہت دکھی ہے۔ اسے کچھ چنگا نہیں لگتا۔ روٹی بھی
ٹھیک سے نہیں کھاتی۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "یہ بتا اس کے بچوں کو لانے کے لیے
کیا رستہ نکالا جائے۔ کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی پڑے گا۔"

"میں تو کہتا ہوں جی' پہلے اس کے گھر والے کا انتظار کر لیا جائے۔ وہ کل شام تک نادر خاں کے
ساتھ پہنچ ہی جائے گا۔ جنت نے مجھے یہی بتایا ہے۔" رحیم داد نے اپنے خدشات کا دبی زبان سے
اظہار کیا۔ "پہلے اس کے گھر والے سے گل بات کرنی ضروری ہے۔ مان لے وہ اسے لے جانے پر
تیار نہ ہوا' تب کیا ہو گا؟ مجھے یا تجھے اس کے دل کا کیا پتہ؟"

"چوہدری! تو کہتا تو ٹھیک ہی ہے۔ ایسا سے لگا ہے' کسی کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ کبھی
کبھی تو میں بھی اس پر کار سوچتی ہوں۔" جمیلہ نے بھی رحیم داد کی رائے سے اتفاق کیا۔ "سال بھر
سے اوپر ہو گیا۔ پتہ نہیں گھر والے کے من میں اس کے بارے میں کیا ہو؟ اس نے کیا سوچ رکھا
ہو؟"

"بھین جی' ایسا نہ کہہ۔" زینت تڑپ کر بولی۔ "وہ مجھے بہت پیار کرتا ہے۔ بہت نیک اور بھلا
بندہ ہے۔ وہ مجھے اتنا پیار نہ کرتا تو میں اپنے کنبے والوں کو چھوڑ کر فیروز پور سے ادھر واپس ہی کیوں
آتی؟ تجھے تو ساری باتوں کا پتہ ہی ہے۔ سب کچھ بتا چکی ہوں تجھ سے۔"

"یہ تو ٹھیک ہے۔" رحیم داد نے اس کی دل شکنی نہ کی۔ "پر پہلے اس سے مل کر بات کر لینی
ضروری ہے۔" اس نے جمیلہ کو مخاطب کیا۔ "زمیں دارنی! میں تو ایسا ہی سوچتا ہوں۔ تو کیا کہتی
ہے؟"

"وہی جو تیرا وچار ہے۔" جمیلہ نے اس کی تائید کی۔ "زینت کے گھر والے کا پہلے انتظار کر لینا
چاہیے۔ اس سے بات چیت کرنے پر صاف پتہ چل جائے گا' وہ کیا چاہتا ہے؟" اس نے زینت کی
جانب مڑ کر دیکھا۔ "مان لے' وہ تجھے اپنے ساتھ لے جانے پر تیار نہ ہوا۔" اپنے اس شک وشبہ
کے اظہار کے ساتھ ہی اس نے زینت کو یقین بھی دلایا۔ "چنتا نہ کر زینت۔ میں تجھے اور تیرے
بچوں کو اپنے پاس رکھوں گی۔ ویسے تیرا گھر والا جلیل چاہے تو اسے بھی یہاں ٹھیرا لوں گی۔"

"بھین جی! وہ یہاں کیسے رہ سکتا ہے؟ دیپال پور میں تو وہ نوکری کرتا ہے۔ سکول میں پڑھاتا
ہے۔"

"یہاں بھی سکول میں پڑھائے گا۔" جمیلہ نے مسکرا کر زینت کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔

"تونے تو میرا سکول دیکھا ہے۔ وہیں تو مجھے پہلی بار ملی تھی۔ بھول گئی؟"

"زینت نے اٹکتے ہوئے کہا۔ "پر جلیل تو سرکاری سکول کا ماسٹر ہے۔ وہ کیسے سرکاری نو
چھوڑ دے گا؟"

"یہ بھی سرکاری سکول بن جائے گا۔" جمیلہ نے اسے یقین دلایا۔ "میں تو یہی چاہوں گی
ادھر ہی ٹھیر جائے اور یہ سکول چلائے۔ مجھے تو ویسے بھی تجربے کار سکول ماسٹروں کی ضرور
ہے۔" اپنی بات کہتے کہتے وہ رحیم داد کی جانب متوجہ ہوئی۔ "چوہدری! میں تجھے یہ بتانا تو بھول
گئی کہ اپنے سکول کے بارے میں بات چیت کرنے شہر گئی تھی۔ محکمہ تعلیم والوں نے تو ٹال م
سے کام لیا۔ میں ڈپٹی کمشنر سے ملی۔ بہت اچھی طرح پیش آیا۔ چنگا بندہ لگتا ہے۔ اس نے مدد کر
کا وعدہ بھی کیا۔ مجھے دشواس دلایا کہ میرے سکول کو سرکاری پرائمری سکول بنا دیا جائے گا۔"

"کب تک ایسا ہو جائے گا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"یہ تو بتانا مشکل ہے۔" جمیلہ نے جواب دیا۔ "ڈپٹی کمشنر نے کہا ہے 'اگر فوری طور پر ایسا نہ
تو سکول کو منظور شدہ تو ضرور بنا دیا جائے گا۔ سرکار کی طرف سے مالی مدد بھی ملے گی۔ اس کی و
مجھے چنتا نہیں۔ پر ریگولرائز ڈیا منظور شدہ ہو جانے کے بعد سکول کی اہمیت بڑھ جائے گی۔ ابھی
کچھ بھی نہیں۔"

"یہ تو بہت زبردست کام ہو گا۔" رحیم داد نے جمیلہ کی خوشنودی کے لیے کہا۔ ویسے اسے سکو
سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ بلکہ احسان شاہ سے سکول کے بارے میں تفصیلی بات چیت کرنے کے
وہ اس کے قیام کے حق میں نہ رہا تھا۔

مگر جمیلہ اس کے احساسات سے بے نیاز بڑے جوش و خروش سے بتاتی رہی۔ "ڈپٹی کمشنر نے
مجھے یہاں تک وشواش دلایا کہ وہ ڈسٹرکٹ بورڈ والوں سے بات چیت کرے گا اور انسپکٹر آف سکو
کو جلد ہی معائنے کے لیے بھجوانے کی کوشش کرے گا۔ خود بھی ادھر آنے کو کہتا تھا۔"

"بھین جی' تیرا سکول سرکاری بن گیا' تب تو جلیل ضرور یہاں آجائے گا۔" زینت خوش ہو
بولی۔ "میں بھی اسے کہوں گی۔ وہ میری بات مان لے گا۔ پر اسے ادھر اپنا تبادلہ کرانا پڑے گا۔"

"پر ابھی اسے آنے تو دے۔ تو نے تو ابھی سے اونچی اونچی گلاں سوچنی شروع کر دیں۔" رحیم
نے ہنس کر زینت سے کہا۔ "پہلے تو اس سے مل کر یہ معلوم کرنا ہو گا' اس کا ارادہ کیا ہے؟ ہاں ا
سے ملے اور بات کیے تو کچھ بھی نہیں طے کیا جا سکتا۔"

"چوہدری! تو بالکل ٹھیک کہہ رہا ہے۔ پہلے جلیل کا انتظار کرنا ہو گا۔" جمیلہ نے رحیم داد

رائے سے پورا پورا اتفاق کیا۔ "اسے کل شام تک نادر کے ساتھ یہاں پہنچ جانا چاہیے۔" اس
نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی دیکھی۔ "ساڑھے بارہ بج گئے۔ آدھی رات ہو گئی' باتوں میں سے کا
پتہ نہ چلا۔ بہت دیر ہو گئی۔ اب چلنا چاہیے۔" وہ اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔

"پر تو نے طے کیا کیا؟" رحیم داد نے جمیلہ کو ٹوکا۔

"طے کیا کرنا ہے۔" جمیلہ نے جواب دیا۔ "پہلے جلیل سے مل کر بات کرنی ضروری ہے۔ ہونا
بھی یہی چاہیے۔ اس کے آنے کے بعد ہی آگے کے لیے سوچ وچار کیا جائے گا۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ جمیلہ آگے بڑھی۔ زینت بھی اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ دونوں کمرے سے چلی
گئیں۔

☆

زینت کے شوہر' جلیل کا صبح ہوتے ہی انتظار شروع ہو گیا۔ دن ڈھلنے لگا۔ سورج غروب ہو گیا۔
شام ہو گئی۔ مگر جلیل نہ آیا۔ نادر خاں بھی نہ لوٹا۔ پہر رات ہو گئی۔ حویلی بھائیں بھائیں کر رہی
تھی۔ ہر طرف خاموشی طاری تھی۔ رحیم داد جاگ رہا تھا۔ اسے نیند نہیں آ رہی تھی۔ ویسے بھی
کچھ عرصے سے اسے دیر سے سونے کی عادت پڑ گئی تھی۔

رات گئے بالائی منزل پر جانے والے زینے پر قدموں کی آہٹ ابھری۔ رحیم داد پوری طرح
بیدار تھا۔ چاپ رفتہ رفتہ قریب آتی گئی اور کمرے کے پاس پہنچ کر ختم ہو گئی۔ رحیم داد نے بے چین
نظروں سے بند دروازے کی جانب دیکھا۔

دروازے پر آہستہ سے دستک ہوئی۔ رحیم داد نے اٹھ کر لیمپ کی لو اونچی کی۔ آگے بڑھا۔
دروازہ کھولا۔ سامنے جمیلہ کھڑی تھی۔ اس کے ہاتھ میں دواؤں کا بکسا لٹک رہا تھا۔ اس کے قریب
حویلی کی نوکرانی ناجو کھڑی تھی۔ وہ ایک ہاتھ میں جلتی ہوئی لالٹین سنبھالے ہوئے تھی۔

جمیلہ نے رحیم داد کو دیکھتے ہی دریافت کیا۔ "چوہدری! تو ابھی سویا نہیں؟"

"نہیں جی' میں جاگ رہا تھا۔ دن میں دیر تک سوتا رہا۔ اب نیند نہیں آ رہی تھی۔" رحیم داد
نے وضاحت کی' پوچھا۔ "پر زمیں دارنی تو اتنی رات کو کہاں جا رہی ہے؟"

"پنڈ کے موچی کی طبیعت بہت گڑبڑ ہے۔" جمیلہ نے قدرے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔ "شام
سے اسے الٹیاں ہو رہی ہیں۔ حکیم سے دوائی بھی لایا تھا۔ پر طبیعت ٹھیک نہیں ہوئی۔ تھوڑی دیر
پہلے حمرا کے ساتھ اس کا پتر آیا تھا۔ بہت پریشان لگتا تھا۔ اسے تو میں نے جھٹ واپس بھیج دیا۔
اب موچی کے گھر جا رہی ہوں۔"

"پر اب تو بہت رات ہو گئی۔" رحیم داد نے تشویش کا اظہار کیا۔

جمیلہ کچھ نہ بولی۔ دواؤں کا بکسا فرش پر رکھا۔ شال دوبارہ اس طرح سنبھال کر اوڑھی کہ کان اور چہرے کا بیشتر حصہ ڈھک گیا۔

"زمیں دارنی! سردی بہت ہے۔ تو نے خالی شال اوڑھ رکھی ہے۔"

"نہیں' میں نے موٹا اونی سویٹر بھی پہن رکھا ہے۔ تو چنتا نہ کر۔" جمیلہ نے زیر لب مسکرا کر کہا۔ "ویسے مجھ سے کمبل یا دھسا اوڑھ کر چلا نہیں جاتا۔ نہ جانے کیسا لگتا ہے۔" بات کہتے کہتے اس کے چہرے سے گھبراہٹ جھلکنے لگی۔ "چوہدری! میں تیرے پاس اس کارن آئی تھی کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ احسان شاہ کا ایک کرندہ شام کو ادھر آیا تھا۔ تجھ سے تو نہیں ملا۔"

"مجھے تو نہیں ملا۔ پر وہ آیا کیوں؟" رحیم داد بھی گھبرا گیا۔ "زینت تو تیرے ہی ساتھ ہے نا؟"

"وہ تو میرے ہی کمرے میں ہے۔ اسے نینا اور گڈو کے پاس چھوڑ کر آئی ہوں۔ جاگ رہی ہے۔"

"جلیل کا انتظار کر رہی ہوگی۔ پر نہ وہ آیا اور نہ ہی نادر لوٹا۔"

"پتہ نہیں کیوں نہیں آیا۔ لگتا ہے نادر اسے لے کر ہی آئے گا۔ کل تک دونوں کو آجانا چاہیے۔"

"زمیں دارنی! اندر آجا۔ باہر کیوں کھڑی ہے؟"

"میں نے ٹھیرنا نہیں ہے۔ تجھے احسان شاہ کے کرندے کے بارے میں بتانے آئی تھی۔ مجھے اب موچی کے گھر جانا ہے۔"

"ٹھیر جا' میں بھی تیرے ساتھ چلوں گا۔ تیرا اتنی رات گزرے اس طرح جانا ٹھیک نہیں۔"

جمیلہ نے منع بھی کیا' مگر رحیم داد باز نہ آیا۔ اس نے جلدی جلدی جوتے پہنے' سر پر پگڑی رکھی' اونی دھسا اوڑھا' باہر نکلا' دروازہ بند کیا اور جمیلہ کے انکار کے باوجود اصرار کر کے دواؤں کا بکسہ اپنے ہاتھ میں لے لیا۔

رحیم داد بکسا سنبھالے جمیلہ کے ساتھ ساتھ چل رہا تھا۔ ناجو لالٹین لیے آگے آگے تھی۔ تینوں حویلی سے باہر نکلے۔ پھاٹک پر پہریدار موجود تھا۔ رحیم داد نے اسے چوکنا اور محتاط رہنے کی ہدایت کی۔ حویلی کے باہر پالا پڑ رہا تھا۔ ہر طرف نیل گوں دھند لکا پھیلا تھا۔ اس کی تہہ اس قدر گاڑھی اور دبیز تھی کہ لالٹین کی روشنی ہلکا سا دھبا نظر آتی تھی۔

گاؤں پالے میں لپٹا سو رہا تھا۔ سناٹا بہت گہرا تھا۔ یہ جاڑے کی سرد اور خون منجمد کر دینے والی

رات تھی۔ رحیم داد کا بدن موٹے دھسے میں بھی کپکپا رہا تھا۔ ناجو بھی سکڑی سکڑائی نظر آتی تھی۔ مگر جمیلہ گردن اٹھائے نہایت سکون سے چل رہی تھی۔ تینوں نے رڑ عبور کیا اور گاؤں کی جانب بڑھے۔

ابھی تینوں گاؤں کے مکانات سے دور ہی تھے کہ رات کے پرہول سناٹے میں عقب سے تیز ٹاپیں سنائی دیں۔ کوئی گھوڑا سرپٹ دوڑاتا اسی طرف آرہا تھا۔ جمیلہ' رحیم داد اور ناجو نے ٹاپیں سنیں تو ٹھٹک کر رہ گئے۔ ان کی آنکھوں میں خوف تھا' چہروں پر پریشانی تھی۔ وہ اس سمت دھڑکتے دل سے دیکھنے لگے جدھر سے آہٹ ابھر رہی تھی اور دم بدم قریب سے قریب تر ہوتی جا رہی تھی۔

دیکھتے ہی دیکھتے گھڑ سوار ان کے سامنے پہنچ گیا۔ اس نے گھوڑا ٹھہرایا۔ نیچے اترا اور رکابیں سنبھالے ہوئے ان کی طرف بڑھا۔ تینوں دم بخود تھے۔ پالے کا دھند لکا اتنا دبیز تھا کہ آنے والا سائے کی مانند نظر آرہا تھا۔ رحیم داد گومگو کے عالم میں حیران و پریشان کھڑا رہا۔ مگر جمیلہ نے جرات سے کام لیا۔ آگے بڑھی۔ ناجو کے ہاتھ سے لالٹین لی۔ اسے اٹھا کر اونچا کیا۔ اور آنے والے کو آنکھیں پھاڑ کر غور سے دیکھا۔ وہ اب ٹھہر گیا تھا اور دھند لکے میں لپٹا ہوا چند قدم کے فاصلے پر کھڑا تھا۔ وہ اندھیرے میں اونی دوہر سے اس طرح چہرہ چھپائے ہوئے تھا کہ صرف تیز چمکتی ہوئی آنکھیں لالٹین کی دھندلی روشنی میں نظر آرہی تھیں۔

جمیلہ نے اٹکتے ہوئے پوچھا۔ "کون ہے تو؟" اس کی آواز میں ہلکی ہلکی کپکپاہٹ تھی۔ وہ جہاں تھی وہیں کھڑی رہی۔

وہ کچھ نہ بولا۔ اس نے خاموشی سے قدم اٹھایا اور آگے بڑھنے لگا۔ اب رحیم داد کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس ہوا۔ اس نے ڈپٹ کر کہا۔ "بولتا کیوں نہیں۔ صاف صاف بتا۔ تو کون ہے؟ کیا چاہتا ہے؟"

وہ تینوں کے مقابل پہنچ کر پھر رک گیا' مگر کچھ بولا نہیں۔ چہرے پر سے دوہر ہٹائی اور جمیلہ کو مخاطب کیا۔ "بھین جی' گھبرا نہیں۔ میں جیرا ہوں۔"

جمیلہ نے لالٹین اٹھا کر اس کے چہرے کے سامنے کر دی۔ وہ جیرا ہی تھا۔ اس کے مزارعے دین محمد کا بڑا بیٹا۔ جمیلہ نے لالٹین نیچے کر لی۔ اطمینان کی سانس لی' مسکرا کر بولی۔

"جیرے! تو نے تو مجھے ڈرا ہی دیا تھا۔"

جیرا نے کچھ نہ کہا۔ گم صم کھڑا رہا۔ جمیلہ نے زور دے کر پوچھا۔ "جیرے! اس سمے کہاں سے آرہا ہے؟"

"میں اپنی گھروالی لاڈو کو لینے سلیمان پورے گیا تھا۔"

"تو اسے اپنے ساتھ نہیں لایا؟" جمیلہ نے دریافت کیا۔ "کہاں ہے وہ؟"

"بھین جی تیں نوں پتہ ہی ہے۔ وہ دونوں بچے چھوڑ کر اسلم کے ساتھ چلی گئی۔" جیرا نے دبی زبان سے بتایا۔

"میں نوں پتہ ہے' بالکل پتہ ہے۔ تیرا پیوَ میرے پاس آیا تھا۔ اس سے دیر تک گل بات ہوئی تھی۔ وہ اسے لینے سلیمان پورہ بھی گیا تھا۔ آگے کا مجھے پتہ نہیں۔ نہ دین محمد نے کچھ بتایا اور نہ تیری ماں نے۔ دونوں میں سے کوئی بھی میرے پاس نہ آیا۔"

"آکر کرتے بھی کیا۔" جیرا تیکھے لہجے میں بولا۔ "اس نے واپس آنے سے صاف انکار کردیا۔"

"پر تیرے پیوَ دین محمد کو بتانا تو چاہیے تھا۔" جمیلہ نے نرم لہجے میں کہا۔ "وہ میرے پاس آتا تو آگے کی سوچی جاتی۔ لاڈو کو واپس لانے کے لیے کوئی اپائے کیا جاتا۔ وہ تیری گھروالی ہے۔ تیرا اس پر ادھیکار ہے۔ اسے تیرے پاس آنا چاہئے۔ بچے بھی اس کے بنا بہت پریشان ہوں گے۔"

"بہت تنگ کرتے ہیں جی۔ چھوٹے چھوٹے نکے ہی تو ہیں۔ بہت ضد کرتے ہیں جی۔ ہر دم روتے رہتے ہیں۔ بھین جی! تجھ سے اب کیا بتاؤں۔"

"میں نوں پتہ ہے۔ ضرور تنگ کرتے ہوں گے۔" جمیلہ نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔ "پر لاڈو کیسی ماں ہے؟ اسے اپنے بچے بھی یاد نہیں آتے۔ اس کی ممتا بھی نہیں جاگی۔"

"اسے تو جی کسی کی یاد نہیں آتی۔ تین مہینے سے اوپر ہوگئے۔ سب نے مشورہ دیا۔ تھانے میں پرچہ چاک کرادو۔ پر میرے پیو نے منع کردیا۔ خود اسلم کے گھر گیا۔ لاڈو سے ملا۔ سمجھانے بجھانے کی کوشش کی پر وہ آنے پر راضی نہیں ہوئی۔ دوبارہ چاچا کو لے کر گیا۔ اس نے ملنے اور گل بات کرنے سے بھی انکار کردیا۔" وہ بجھے ہوئے لہجے میں ٹھہر ٹھہر کر بولتا رہا۔ "آج دوپہر مجھے پتہ چلا' وہ کل سویرے کی گڈی سے اسلم کے ساتھ کراچی جا رہی ہے۔ اپنے پنڈ سے بھاگنے کی تیاری اسلم چپکے چپکے کر رہا تھا۔ پر مجھے کسی نہ کسی طرح معلوم ہوگیا۔" اس نے قدرے تامل کیا پھر جمیلہ کو بتایا۔ "میں آج ملے کر کے سلیمان پورہ گیا تھا' لاڈو کو اپنے ساتھ لے کر ہی آؤں گا۔" بولتے بولتے اچانک اس کا لہجہ تند اور تیکھا ہوگیا۔ "پر اب وہ کبھی نہیں آئے گی۔"

"کیوں نہیں آئے گی؟" جمیلہ نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا۔ "تو نے ایسا کیسے سوچا؟"

جیرا کا چہرہ کرخت ہوگیا' آنکھوں سے جیسے چنگاریاں نکلنے لگیں' منہ بگاڑ کر بولا۔ "میں اسلم کے گھر اپنے تین ساتھیوں کے ساتھ گیا۔ یار دوستوں کو پہرے پر لگایا۔ گھوڑی بڑھا کر آنگن کی دیوار

کے ساتھ کھڑی کی۔ دیوار پر پہنچا اور دھیرے سے کود کر اندر چلا گیا۔" اس کا لہجہ اور تلخ ہوگیا۔ "لاڈو اپنے یار اسلم کے ساتھ لیٹی تھی۔ دونوں کو دیکھتے ہی میں پاگل ہوگیا۔" جیرا نے دوہرے اندر سے ہاتھ نکالا۔ اس میں خون سے لتھڑی ہوئی چھری دبی تھی۔

لال لال خون دیکھ کر جمیلہ کی آنکھیں خوف سے پھیل گئیں۔ رحیم داد بھی دہشت زدہ ہوگیا۔ ناجو نے چیخنے کے لیے منہ پھاڑا مگر آواز نہ نکلی۔ جیرا خون آلود چھری ہاتھ میں دبائے تینوں کے عین سامنے 'گز' سوا گز کے فاصلے پر کھڑا تھا۔ وہ اس وقت بہت خونخوار نظر آرہا تھا۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر چھری سامنے کردی۔ "میں نے جی دونوں کو ٹھکانے لگادیا۔ اس وکھت تک وار کرتا رہا جب تک بالکل ختم نہ ہوگئے۔" جیرا نے گہری سانس بھری اور جمیلہ کی جانب ٹکٹکی باندھے دیکھنے لگا۔

"جیرے! تو نے بہت برا کیا۔" جمیلہ اب سنبھل چکی تھی۔ اس نے دل گرفتہ ہو کر کہا۔ "تجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔ ایسا کر کے تجھے کیا ملا؟"

"جو ہونا تھا جی' وہ ہوگیا۔" اس کے ہونٹوں پر زہر خند تھا۔

"یہ کب کی گل ہے؟" جمیلہ نے پوچھا۔

"سدھا سلیمان پورے سے آرہا ہوں میں اپنے گھر جا رہا تھا۔ اب نہیں جاؤں گا۔ بھین جی' تو میرے پیوَ کو بتا دینا تیرے پتر نے اپنی بے عزتی کا حساب چکا دیا۔ اب وہ پنڈ میں گردن اونچی کر کے چلے گا۔"

جمیلہ کا چہرہ بدستور پریشان تھا۔ "تو کچھ ہی کہہ' جیرے تو نے یہ ٹھیک نہیں کیا۔"

جیرا نے کچھ نہ کہا۔ آگے بڑھا' جھکا۔ جمیلہ کے پیروں کو چھو کر عاجزی سے بولا۔ "بھین مجھے معاف کردینا۔" وہ چند لمحے گردن جھکائے جمیلہ کے سامنے کھڑا رہا۔ پھر اس نے دوہرے اپنے چہرے کو ڈھاٹا باندھ کر چھپایا۔ گھوڑے کی طرف بڑھا اور اچھل کر اس پر سوار ہوگیا۔

جمیلہ نے گھبرا کر ٹوکا۔ "جیرے اب تو کہاں جا رہا ہے؟"

"سوئے کے کنارے میرا یار ملکان انتظار کر رہا ہے۔ میں اس کے پاس جا رہا ہوں۔ وہ بھی میرے ساتھ سلیمان پورے گیا تھا۔"

"پر تو اس کے ساتھ کہاں جائے گا؟"

"ملکان کو اس کے گھر بھیج دوں گا۔" جیرا نے جمیلہ کی جانب دیکھے بغیر کہا۔ "میں تھانے چلا جاؤں گا۔"

جمیلہ نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ چیخ کر بولی۔ "جیرے ٹھہر جا۔ میری گل تو سن۔"

مگر جیرا نے کچھ نہ سنا۔ اس نے گھوڑے کو موڑا' ایڑ لگائی اور جس طرف سے آیا تھا اسی طر
گھوڑا تیزی سے دوڑاتا ہوا آن کی آن میں نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ رحیم داد' جمیلہ اور ناجو
کے سے عالم میں کھڑے رہے۔ رات کے سناٹے میں دور ہوتی ہوئی ٹاپیں سنتے رہے۔ آخر وہ
گہری خاموشی میں تحلیل ہو کر ختم ہو گئیں۔

جمیلہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "کیسا گبھرو جوان ہے۔ غصے میں پاگل ہو کر ہتیا کر بیٹھا۔"

"اور کیا کرتا؟" رحیم داد نے گردن اونچی کرتے ہوئے کہا۔ "اس کی جگہ میں ہوتا تو میں بھی کرتا۔ عزت اور آن بھی تو کچھ ہوتی ہے۔ میں تو کہتا ہوں' جیرا حوصلے والا اور جی دار جوان ہے۔"

"چوہدری' چھوڑ جی داری شی داری کو۔ اس میں کیا دھرا ہے۔" جمیلہ نے جل کر تیکھے لہجے کہا۔ "کوئی بگیردار اور وڈا زمیں دار کسی بھی زنانی کو اٹھوالے۔ اسے رکھیل بنا کر رکھے۔ جنوائے' تب نہ عزت یاد آتی ہے نہ غیرت اور آبرو۔ ساری جی داری دھری کی دھری رہ جاتی۔ اس کے تو پیر پکڑتے ہیں۔ منتیں کرتے ہیں' گڑگڑاتے ہیں' میرا بازو واپس دے دے۔" اس کا اور تلخ ہو گیا۔ چہرے پر جھنجلاہٹ بکھر گئی۔ "دھتکارے جاتے ہیں' گالاں سنتے ہیں۔ بار بار ہاتھ جوڑتے ہیں' پیروں پر پگڑی ڈال دیتے ہیں اور عام طور پر رکم ادا کر کے واپس لاتے ہیں۔"

نے منہ بگاڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔

"ایک طرف تو غیرت اور آن کا یہ حال ہے اور دوسری طرف اپنی ہی طرح کا مزارع بھگا لے جائے تو جھٹ غیرت اور آبرو جاگ اٹھتی ہے۔ تب جی داری بھی دکھاتے ہیں۔ کرتے ہیں اور پھانسی کے پھندے پر لٹک جاتے ہیں۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ وہ جمیلہ کے بگڑے ہوئے تیور دیکھ کر مرعوب ہو گیا تھا۔ جمیلہ لالٹین ناجو کو دے دی' آگے بڑھی۔

رحیم داد اور ناجو نے بھی قدم بڑھائے۔ تینوں گاؤں میں پہنچے اور گلیوں سے گزرتے ہ موچی کے دروازے پر جا کر ٹھہر گئے۔

جمیلہ نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! اب تو جا۔ میں یہاں سے جیرا کے پیو دین محمد کے جاؤں گی۔ اسے ساری گل بات بتاؤں گی۔"

"میں بھی تیرے ساتھ دین محمد کے گھر چلا جاؤں گا۔ تو اکیلی کیسے اتنی رات کو واپس آئے گی

"مجھے دیر لگ جائے گی۔ تو واپس حویلی میں جا۔ میری چنتا نہ کر۔ میں موچی کے پتر کے آجاؤں گی۔ ویسے چوہدری' یہ میرا اپنا پنڈ ہے۔ مجھے یہاں ڈر نہیں لگتا۔ میرے لیے ادھر دن

سب برابر ہے۔"

رحیم داد نے مزید اصرار نہ کیا۔ خاموشی سے پلٹا اور اندھیرے میں سنبھل سنبھل کر قدم اٹھاتا ہوا آگے بڑھا۔ حویلی پر پہنچا۔

پہریدار جاگ رہا تھا۔ اس نے پھاٹک کھولا۔ رحیم داد اندر داخل ہوا اور اپنے کمرے میں جا کر بستر پر ٹانگیں پسار کر لیٹ گیا۔ وہ نڈھال اور تھکا ہوا تھا۔ اس کے ذہن پر جیرا چھایا ہوا تھا۔ وہ جب تک جاگتا رہا اسی کے بارے میں سوچتا رہا۔

☆

نادر خاں دوسرے روز بھی واپس نہ آیا۔ تیسرا روز گزرا' چوتھا گزرا۔ کئی روز گزر گئے۔ مگر وہ نہ آیا۔ جلیل کی بھی کوئی خیر خبر نہ ملی۔ جمیلہ پریشان تھی۔ زینت اس سے بھی زیادہ پریشان تھی۔ وہ ہر وقت روتی رہتی۔ جمیلہ اسے تسلی دیتے دیتے خود بھی رونے لگتی۔ جنت موجود ہوتی تو تینوں مل کر روتیں۔

رحیم داد بھی پریشان تھا۔ مگر زینت اور جمیلہ کی پریشانی نے اسے اور پریشان کر دیا تھا۔ جمعے کو دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد اس نے نادر کے ہم راہ دیپال پور جانے کا منصوبہ بنایا۔ تانگا آچکا تھا۔ رحیم داد حویلی سے نکل کر اس میں سوار ہونے جا رہا تھا کہ منصب داد بھاگتا ہوا آیا۔ وہ بھی حویلی کا ملازم تھا۔ اس نے نادر خاں کے واپس آنے کی اطلاع دی۔ رحیم داد واپس اپنے کمرے میں آگیا۔

نادر خاں کے ہم راہ جلیل بھی تھا۔ دونوں رحیم داد کے کمرے میں پہنچے۔ رحیم داد ان کا بے صبری سے انتظار کر رہا تھا۔ اس نے جلیل کو دیکھا۔ وہ چھریرے بدن کا جوان تھا۔ عمر تیس سال سے نکلتی ہوئی تھی۔ رنگ گندمی تھا۔ صورت شکل بھی گوارہ تھی۔ قد اونچا تھا۔ مگر بیمار اور پریشان حال نظر آتا تھا۔ کم گو بھی تھا۔

جمیلہ اس وقت اسکول میں تھی اور زینت کو بھی اپنے ساتھ لے گئی تھی۔

"نادر! تو نے اتنی دیر کہاں لگا دی؟" رحیم داد نے تیکھے لہجے میں دریافت کیا۔ "ادھر تیری گھر والی نے تو رو رو کے برا حال کر ہی لیا تھا' جمیلہ اور زینت بھی اس کے ساتھ رونے پیٹنے میں شریک ہو جاتیں۔" اس نے قدرے توقف کے بعد کہا۔ "نادر' تو نے بہت پریشان کیا۔ میں تیری تلاش میں نکلنے ہی والا تھا۔ دیپال پور جا رہا تھا۔ تو نے حویلی کے پھاٹک پر تانگا بھی دیکھا ہو گا۔"

"مجھے پتہ تھا' ادھر سب پریشان ہوں گے۔" نادر خاں نے دبی زبان سے کہا۔

"جب تیں نوں پتہ تھا' سب پریشان ہوں گے' تب بھی تونے اتنی دیر کردی۔ کیا کرتا رہا؟" رحیم داد نے اسے تیکھی نظروں سے دیکھا۔ "تونے ٹھیک نہیں کیا۔ ایک روز کے لیے کہہ کر گیا اور ہفتہ بھر بعد لوٹا۔"

"کیا کرتا جی۔ یہ لہور گیا تھا۔" نادر خاں نے جلیل کی طرف ہاتھ اٹھا کر اشارہ کیا۔ "مجھے اس کا انتظار کرنا پڑا۔ سوچا' اب آیا ہوں تو اسے مل تو لوں۔ دیپال پور میں میرا ایک پرانا یار ہے' عبدالصمد۔ اسی کے ساتھ ٹھیرا تھا۔"

رحیم داد نے جلیل کو نظر بھر کر دیکھا۔ پھر مڑ کر نادر کی طرف متوجہ ہوا۔ "یہ کب لہور سے واپس آیا؟"

"کل رات ہی آیا تھا جی۔ میں نے اسے کہا تو یہ چلنے کو تیار بھی ہوگیا۔ ہم دونوں سویرے ہی سویرے روانہ ہوگئے تھے۔" نادر خاں نے لمحہ بھر کی لیے تامل کیا' پھر دریافت کیا۔ "چوہدری! تو کب واپس آیا؟"

"جس روز تو دیپال پور گیا' میں اسی شام لوٹا تھا۔"

نادر خاں بہت تھکا ہوا نظر آرہا تھا۔ اس کی بیوی جنت کو اس کی واپسی کی اطلاع مل چکی تھی۔ وہ دو بار تاراں کو اور اپنی بچی کو بھیج چکی تھی۔ ہر بار نادر سے گھر پہنچنے کا تقاضا کیا جاتا۔ آخر رحیم داد نے زچ ہو کر نادر خاں سے کہا۔

"نادر تو جا۔ تیری گھر والی تیرے لیے بہت بے چین ہے۔"

نادر خاموشی سے اٹھا اور کمرے سے چلا گیا۔ جلیل کرسی پر گم صم بیٹھا رہا۔ اس کی نگاہیں بار بار دروازے کی جانب اٹھ جاتیں۔ رحیم داد اس کی بے قراری کا سبب فوراً بھانپ گیا۔ مسکرا کر بولا۔ "جلیل! لگتا ہے تو زینت کے لیے بہت بے چین ہے۔" اس نے قدرے توقف کیا۔ "یہ بتا۔ تو اسے اپنے ساتھ لے جائے گا؟"

"آیا تو جی بالکل اسی ارادے سے ہوں۔" جلیل نے نہایت سنجیدگی سے جواب دیا۔ "مگر زینت ہے کہاں؟"

"وہ بھی آجائے گی۔" رحیم داد زیر لب مسکراتا رہا۔ اسے جلیل کی بے قراری میں لذت محسوس ہو رہی تھی۔ "اب تو اتنا بے تاب ہو رہا ہے۔ پہلے اس کی یاد نہ آئی۔"

"میں تو جی یہ سمجھے ہوئے تھا' وہ ابھی تک اپنے خاندان والوں کے پاس فیروزپور میں ہوگی۔ اس کی واپسی کی امید تو بالکل ختم ہو چکی تھی۔ ایک بار سرحد پار جانے کے بعد کون مغویہ واپس آسکتی

ہے۔ یہ تو بالکل انہونی بات ہے۔" جلیل نے وضاحت کی۔ "نادر خاں نے مجھے زینت کے بارے میں بتایا تو پہلے مجھے یقین ہی نہ آیا۔"

"تجھے یہ بھی پتہ ہے' سرحد پار سے واپسی کے بعد وہ سال بھر تک کسی اور کے پاس تھی؟ بلکہ اس کے بچے بھی ابھی تک اس کے پاس ہیں۔" رحیم داد نے اس کا عندیہ معلوم کرنے کے لیے صاف گوئی سے کام لیا۔ "تجھے یہ بھی پتہ ہونا چاہیے کہ پیراں والہ کے زمیں دار سید احسان علی شاہ نے زینت کو اٹھوا کر اپنی حویلی کے کوٹ میں رکھیل بنا کر رکھ چھوڑا تھا۔ وہ وہاں سے کسی نہ کسی طرح بھاگ کر ادھر پہنچی ہے۔"

"نادر خاں' کل رات زینت کے بارے میں مجھے سب کچھ بتا چکا ہے۔" جلیل نے پرسکون لہجے میں کہا۔ اس کے چہرے پر نہ جھنجلاہٹ تھی اور نہ ہی کسی قسم کی کدورت نظر آتی تھی۔ "نادر نے کوئی بھی بات مجھ سے بالکل نہیں چھپائی۔ سب کچھ صاف صاف بتا دیا۔"

"ٹھیک ہی کیا اس نے۔" رحیم داد نے مطمئن ہو کر کہا۔ "لگتا ہے تونے پوری طرح سوچ سمجھ کر زینت کو لے جانے کا فیصلہ کیا ہے۔"

"بات یہ ہے جی' مجھے زینت سے تب شکایت ہوتی جب اس کا اپنا کوئی قصور ہوتا۔" جلیل بڑے اعتماد سے گویا ہوا۔ "وہ تو حالات کا شکار ہوئی۔ گیند کی طرح ایک ہاتھ سے دوسرے میں جاتی رہی۔" اس کے لہجے میں دبا دبا کرب تھا۔ "زینت پر جو کچھ بیتی اسے میں اچھی طرح سمجھتا ہوں۔"

"تو مہاجر تو نہیں ہے؟" رحیم داد نے اس کی بات سن کر معاً سوال کیا۔

"ویسے تو جی میں شیخوپورہ کا رہنے والا ہوں' لیکن جب فسادات کی آگ بھڑکی تو میں ملازمت کے سلسلے میں کرنال میں تھا۔ گھر والے بھی ساتھ تھے۔" جلیل نے سنبھل سنبھل کر بتایا۔ "ماں تھی' چھوٹا بھائی تھا' دو جوان بہنیں تھیں۔ میرا باپو پہلے ہی مر چکا تھا۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "ستمبر ۱۹۴۷ء کا مہینہ تھا۔ مجھے اب تک یاد ہے۔ سکھوں اور ہندوؤں کے حملوں سے تنگ آکر میں گھر والوں کے ساتھ بچ بچا کر حصار پہنچ گیا۔ وہاں بھی حالات خراب تھے اور روز بروز بگڑتے ہی جا رہے تھے۔ حملے ہوتے' آگ لگائی جاتی۔ خون خرابہ ہوتا۔ آخر کسی نہ کسی طرح میں ریلیف کیمپ پہنچ گیا۔ گھر سے نکلتے ہی بلوائیوں نے اس میں آگ لگا دی۔ میں نے دور سے اپنے گھر کو شعلوں میں جلتے ہوئے دیکھا۔ کیا بتاؤں وہ کتنی بھیانک رات تھی۔"

"کیمپ میں پہنچ کر تو سب بچ گئے ہوں گے۔" رحیم داد نے قیاس آرائی کی۔

"میں صرف اکیلا کیمپ میں پہنچ سکا تھا۔" جلیل کا چہرہ مرجھا گیا' آواز میں رقت پیدا ہوگئی۔

"راستے میں بلوائیوں نے حملہ کردیا۔ ماں اور چھوٹا بھائی میرے سامنے مارے گئے۔ ان کی لاشوں کے درمیان میں خون میں ڈوبا ہوا پڑا تھا۔ بلوائی دونوں بہنوں کو اٹھا کر لے جانے لگے تو وہ مجھے مدد کے لیے پکارنے لگیں۔ ان کی آہ وزاری سنتا رہا۔ انھیں جاتے ہوئے دیکھتا رہا۔ لیکن مجھ میں تو اٹھنے کی بھی ہمت نہ تھی۔ زخموں سے چور چور ہو رہا تھا۔" اس کا لہجہ اور رقت آمیز ہوگیا۔ "مرجاتا تو اچھا ہی تھا۔ پر اللہ کو یہ منظور نہ تھا۔" وہ لمحہ بھر تک گردن جھکائے خاموش بیٹھا رہا' پھر اس نے بتایا۔ "بعد میں دوسرے زخمیوں کے ساتھ نہ جانے کس طرح کیمپ میں پہنچا۔ وہیں مرہم پٹی ہوئی۔ میں نومبر تک ریلیف کیمپ میں رہا۔"

"اس کا مطلب یہ ہوا کہ کیمپ محفوظ رہا۔"

"روز ہی اس پر حملے کی خبریں ملتی تھیں' پر حملہ نہ ہوسکا۔" جلیل نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "ویسے کئی دوسرے مسلمان افسروں کے علاوہ حصار کا ڈپٹی کمشنر بھی مسلمان تھا۔"

"اسی نے مسلمانوں کو حملہ کرنے والوں سے بچائے رکھا ہوگا۔" رحیم داد نے قیاس آرائی کی۔

"توبہ کرو جی۔" جلیل کے چہرے پر جھنجلاہٹ بکھر گئی۔ "مسلمان وفد بنا کر اس کے پاس گئے۔ میں بھی اس میں شامل تھا۔ ڈپٹی کمشنر کو سکھوں اور ہندوؤں کے ظلم و ستم بتائے۔ پولیس کے بارے میں آگاہ کیا کہ ہندو اور سکھ پولیس والے کس طرح کھلم کھلا ہندوؤں اور سکھوں کی حمایت کر رہے ہیں اور مسلمانوں کو اندھا دھند گولیاں چلا کر ہلاک کر رہے ہیں۔ اس کے دفتر میں کانگریس اور جن سنگھ کے کئی نیتا بھی بیٹھے تھے۔ ان کے سروں پر یہ لمبی لمبی بودیاں تھیں۔ ماتھے پر تلک تھے۔ وہ بھی اس سے ملنے آئے تھے۔" جلیل کا لہجہ اور تلخ ہوگیا۔ "انھیں خوش کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنر نے مسلمانوں کے وفد کو غصے سے گھورا' منہ بگاڑ کر بولا۔ تم نے پاکستان مانگا تھا۔ اس کی خاطر مسلم لیگ کو الیکشن میں ووٹ دے کر کامیاب بنایا تھا۔ اب پاکستان بن گیا۔ جاؤ اپنے پاکستان۔ یہاں کیوں ٹھیرے ہو؟ اس نے تو مدد کیا کرنی تھی۔ الٹی مسلمانوں کو دھمکیاں دیں۔ سخت ناراض ہوا۔"

"وہ کیسا بندہ تھا۔" رحیم داد نے حیرت زدہ ہوکر اپنے فوری ردعمل کا اظہار کیا۔ "اسے اپنے مسلمان بھائیوں کا ذرا بھی خیال نہ آیا۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "ہندوؤں کے سامنے نمبر بڑھانے کے لیے اس نے ایسا کیا ہوگا۔"

"ایسا ہی ہوگا جی۔" جلیل نے رحیم داد سے اختلاف رائے نہ کیا۔ اس کے ہونٹوں پر زہرخند نمودار ہوا۔ "لیکن ہندوؤں اور سکھوں کی چاپلوسی اور خوشامد کے بعد بھی وہ وہاں ٹک نہ سکا۔ وہ آئی سی ایس تھا اور جلندھر کا رہنے والا تھا۔"

"کہاں گیا وہ؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"حصار سے وہ دہلی گیا۔ وہاں سے ہوائی جہاز میں بیٹھ کر بال بچوں اور مال اسباب کے ساتھ آرام سے پاکستان پہنچ گیا۔ وہاں ڈپٹی کمشنر تھا۔ یہاں پہنچ کر زیادہ بڑا افسر لگ گیا۔"

"کبھی تجھے ملا بھی؟"

"نہیں۔" جلیل نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "سنا ہے پہلے سیشن جج ہوتا تھا۔ اب ترقی کرکے ہائی کورٹ کا جج بن گیا ہے۔"

"حد ہوگئی جی۔" رحیم داد نے اس کی باتوں سے متاثر ہوکر کہا۔ "پر جلیل' تو نے بہت دکھ سہے۔ تیرے ساتھ بہت ظلم ہوا۔"

"سب کچھ ختم ہوگیا۔ گھربار۔ ماں' بھائی' بہنیں' سب بچھڑ گئے۔ کوئی بھی تو نہ رہا۔"

"تیری بہنوں کا کیا بنا؟" رحیم داد نے کریدکر پوچھا۔ "ان کا پتہ چلانے کی تو نے کوشش نہیں کی؟"

"چوہدری! یہ نہ پوچھ۔" جلیل بے زاری سے بولا۔ "تجھے کیا کیا بتاؤں۔"

"جلیل! میں بھی تیری ہی طرح مہاجر ہوں۔" رحیم داد نے جلیل کی ہمدردی حاصل کرنے کے لیے متوفی چوہدری نورالٰہی کی الم ناک داستان اپنی آپ بیتی بنا کر سنائی۔ "فسادات اور بلوے ہوئے تو میں ضلع گورداس پور کے موضع نصیرپور میں ہوتا تھا۔ پٹیالہ کی ریاستی فوج نے سکھوں اور ہندوؤں کے ساتھ نصیرپور پر حملہ کیا تو رات کے اندھیرے میں کسی نہ کسی طرح سارے ہی مسلمان نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔ کافلہ بنا کر تریموں کے پتن پر پہنچے۔ وہاں بھی حملہ ہوا۔ میرا پتر میری آنکھوں کے سامنے مارا گیا۔ جوان دھی کو حملہ آور اٹھا کر لے گئے۔ میں نے بیڑی میں بیٹھ کر راوی پار کیا اور پاکستان کی سرحد میں داخل ہوگیا۔ گھروالی اور بچے پیچھے رہ گئے۔ وہ بعد میں پہنچے۔ بس سنا ہی سنا ہے۔ انھیں بہت تلاش کیا پر اب تک نہ ملے۔" اس نے جلیل کے افسردہ چہرے کو دیکھا۔ "تو کیسے ادھر پہنچا؟"

"میں جی ٹرین سے آیا تھا۔ کیمپ سے دوسرے پناہ گزینوں کے قافلے کے ساتھ نکلا اور ٹرین میں سوار ہوگیا۔ راستے بھر بلوائیوں کے حملے کا خطرہ منڈلاتا رہا۔ پر پورا قافلہ خیریت سے لہور پہنچ گیا۔"

"تو نے بعد میں اپنی بہنوں کا کھوج نکالنے کی کوشش نہیں کی؟"

"کی تھی۔ دوبار فوجیوں اور رضاکاروں کے ساتھ سرحد پار گیا۔ مردولا سارا بھائی سے ملا۔ اسی کے رضاکاروں کی کوشش سے دونوں کا سراغ بھی لگالیا تھا۔"

"اپنے ساتھ نہیں لایا انہیں؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"کیسے لاتا انھیں۔" جلیل نے دل گرفتہ ہو کر لمبی سانس بھری۔ "بڑی' حصار ہی میں ہے۔ سٹیشن کے ساتھ موتی پورہ کی بستی ہے۔ وہاں ایک سکھ کانسٹیبل کے گھر میں ہے۔ اس کا نام منگل سنگھ ہے۔ وہ اس کا تیسرا گھر والا ہے۔ اس نے ملنے ہی نہ دیا۔ ہر بار جب میں مغویہ زنانیوں کی بازیابی کرنے والی پارٹی کے ساتھ اس کے گھر پر جاتا تو وہ اسے پڑوس کے کسی مکان میں چھپا دیتا۔ ایک رات جب منگل سنگھ ڈیوٹی پر تھانے میں تعینات تھا۔ میں اکیلا چھپتا چھپاتا اس کے گھر پر پہنچا۔ وہ مل گئی۔ گھر میں اکیلی ہی تھی۔ پر وہ میرے ساتھ چلنے پر راضی نہ ہوئی۔ منگل سنگھ سے اس کے ایک بچہ بھی ہو چکا تھا۔ مجھے دیکھ کر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔ بچے کو دکھا کر بولی۔ اسے لے کر میں کس منہ سے وہاں جاؤں گی۔ میرے ساتھ جو ہونا تھا ہو گیا۔ تجھے خاما خا بدنامی مول لینی ہو گی۔ میں نے اسے سمجھایا۔ فکر نہ کر میں تیری خاطر سب کچھ برداشت کر لوں گا پر وہ نہ مانی۔ سمجھانے بجھانے کے ساتھ ساتھ منت سماجت بھی کی۔ وہ سر جھکائے کچھ دیر چپ کر کے بیٹھی رہی پھر اپنے بچے کو بغل میں دبا کر ایسی تیزی سے باہر چلی گئی کہ میں دیکھتا کا دیکھتا ہی رہ گیا۔" وہ بجھے ہوئے لہجے میں رک رک کر ایک ایک تفصیل بتاتا رہا۔ "بعد میں کئی بار کوشش کی مگر وہ مجھے ملی ہی نہیں۔"

"چھوٹی کا کیا بنا؟"

"اب تجھے کیا بتاؤں چوہدری' اس کا کیا بنا۔ بتاتے ہوئے شرم آتی ہے۔" جلیل نے نظریں نیچی کر کے دبی زبان سے بتایا۔ "وہ کنجری بن گئی ہے۔ چکلے میں بیٹھتی ہے۔ ان دنوں تو جلندھر میں ہوتی تھی۔ جانے اب کہاں ہے؟ میں اسے ملنے ہی نہ گیا۔ کیا کرتا اسے مل کر۔" اس کی آواز میں درد کی کسک تھی۔ "ماں اور بھائی کی طرح دونوں بہنیں بھی مر جاتیں تو اچھا تھا۔ میں نے ہی ان کو مار دیا ہوتا تو ٹھیک تھا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "ویسے بھی میرے لیے دونوں مر چکی ہیں۔ کبھی یاد بھی نہیں کرتا۔"

"بہت ظلم ہوا جی۔" رحیم داد بھی افسردہ ہو گیا۔ "تو نے ظلم دیکھا ہے اور اسے جھیلا بھی ہے۔ تب ہی تو نے زینت کو معاف کر دیا اور اسے لینے چلا بھی آیا۔"

"معاف تو جی میں نے اسے تب ہی کر دیا تھا جب وہ منّا کمہار کے گھر سے بھاگ کر میرے پاس آ گئی تھی۔ میں اس زمانے میں چیچہ وطنی کے نزدیک سکھاں والا کے پرائمری سکول میں ماسٹر تھا۔ منّا میرے گھر کے پاس ہی رہتا تھا۔ ہر رات شراب پی کر نشے میں دھت ہو جاتا اور گندی گندی گالاں نکال کر زینت کو بہت بے رحمی سے مارتا پیٹتا۔ میں نے اور پاس پڑوس کے دوسرے رہنے والوں

نے منع بھی کیا۔ سمجھایا بجھایا پر وہ اپنی حرکتوں سے باز نہ آیا۔" جلیل آہستہ آہستہ بولتا رہا اور رحیم داد توجہ سے اس کی باتیں سنتا رہا۔ "پھر ایسا ہوا جی' ایک رات زینت منّا کی مار کھاتے کھاتے ایسی بدحواس ہو گئی کہ پناہ لینے کے لیے بھاگ کر میرے گھر آ گئی۔ میں نے اسے واپس منّا کے گھر بھیجنا چاہا تو میرے پیر پکڑ کر رونے لگی۔ مجھے بھی اس پر ترس آ گیا۔ اس رات کے بعد وہ دوبارہ منّا کمہار کے گھر نہیں گئی۔"

"منّا نے جھگڑا نہ تو نہیں کیا؟" رحیم داد نے اس کی باتوں میں دلچسپی لیتے ہوئے پوچھا۔

"وہ صبح میرے پاس آیا۔ ساتھ میں اس کے شریکے اور برادری والے بھی تھے۔" جلیل نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "لیکن زینت نے سب کے سامنے منّا کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا۔ رو رو کے منّا کا ظلم و ستم بیان کیا۔ اس روز تو وہ چلے گئے پر دوسرے روز پھر آئے۔ کئی روز تک یہ سلسلہ چلتا رہا۔ زینت کسی طرح منّا کے گھر جانے کے لیے تیار نہ تھی۔"

"کمہار نے تیرے خلاف تھانے میں اغوا کا پرچہ چاک نہیں کرایا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"زینت اس کی گھر والی تھی۔ تو اس کی مرضی کے خلاف زینت کو کیسے اپنے پاس رکھ سکتا تھا؟"

"وہ پولیس کے پاس کیسے جاتا؟ ان دنوں مغویہ عورتوں کی بازیابی کرنے والی سرکاری جماعتیں ہر طرف گھوم رہی تھیں۔ ہر طرح ان کا سراغ لگانے کی کوشش کر رہی تھیں۔" جلیل نے وضاحت کی۔ "جیسے ہی کسی مغویہ کا پتہ چلتا فوراً چھاپہ مار کر اسے برآمد کیا جاتا اور سرکاری تحویل میں لے لیا جاتا۔ یہ بات منّا بھی جانتا تھا اور میں نے اسے خبردار بھی کر دیا تھا۔ اسی لیے اس نے زیادہ شور شرابا نہیں کیا۔ وہ بات چیت کے ذریعے زینت کو واپس لے جانا چاہتا تھا۔ لیکن جب وہ کسی طرح اس کے ساتھ جانے پر آمادہ نہ ہوئی تو ایک شام وہ اکیلا میرے پاس آیا۔" جلیل نے زیر لب مسکرا کر کہا۔ "اس نے زینت کے عوض مجھ سے پانچ سو روپے مانگے۔ میرے پاس اتنے روپے نہیں تھے۔ میں نے تین سو ادھار لے کر کسی نہ کسی طرح اکٹھے کیے اور منّا سے صاف صاف کہہ دیا کہ میں اس سے زیادہ کا بندوبست نہیں کر سکتا۔ وہ اسی پر راضی ہو گیا۔ اس نے روپے لے کر زینت کو طلاق دے دی۔ ایک بچہ تھا وہ بھی دے دیا۔"

"بعد میں تو اس نے تجھے تنگ نہیں کیا؟"

"وہ بہت کمینہ اور گندہ بندہ تھا۔" جلیل نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "زینت کبھی گھر سے باہر نکلتی تو راستے میں اسے چھیڑتا۔ اٹھا لینے کی دھمکی دیتا۔ میں نے جب یہ صورت دیکھی تو کوشش کر کے سکھاں والا سے اپنا تبادلہ رکن پور کرا لیا۔ وہیں عدت کی مدت پوری ہونے کے بعد میں نے زینت

سے نکاح کرلیا۔ ہم دونوں ہنسی خوشی رہنے لگے۔ ایک پتر بھی ہوا۔" اپنی بات کہتے کہتے دفعتاً ا
کا چہرہ مرجھا کر راکھ ہوگیا۔ "زینت حاملہ تھی کہ انھی دنوں کسی نے مخبری کردی۔ بازیابی کرنے و
سرکاری جماعت نے رات کو میرے گھر پر چھاپا مارا۔ زینت کو بچوں کے ساتھ اپنی نگرانی میں ہم
پار پہنچا دیا۔ بعد میں مجھے پتہ چلا کہ وہ اپنے چاچا کے پاس فیروزپور گئی ہے۔ پھر مجھے اس کی کوئی
نہیں ملی۔ لیکن میں کبھی اسے بھول نہ سکا۔"

"ویسے میں تجھے یہ بتادوں کہ وہ بھی تجھے بالکل نہیں بھولی۔" رحیم داد نے ہنس کر جلیل کو بتا
"تجھ سے اتنا پیار کرتی ہے کہ تیرے ہی لیے چھپتی چھپاتی کسی نہ کسی طرح فیروزپور سے بھاگ
پاکستان پہنچ گئی۔"

"سچی بات یہ ہے چوہدری ادھر اس کا کوئی سگا ہے بھی نہیں۔ سارا ہی تبر بلوائیوں کے ہاتھو
فسادات میں مارا گیا۔ ماں باپ' بھائی بہین' کوئی نہیں بچا۔"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ جلیل بھی چپ رہا۔ وہ مڑ مڑ کر بے چینی سے دروازے کی سمت دے
رہا۔ کچھ دیر بعد باہر دالان میں آہٹ ابھری۔ رحیم داد نے دروازے کی جانب دیکھا کہ جمیلہ کمر
میں داخل ہو رہی ہے۔ اس کے پیچھے پیچھے زینت بھی تھی۔ جلیل اسے دیکھتے ہی بے قرار ہو کر کھ
ہوگیا۔ زینت آنکھیں پھاڑے خوشی اور حیرت سے اسے دیکھ رہی تھی۔ اس نے زبان سے ایک
لفظ نہ نکالا۔ آگے بڑھی اور جلیل کے بازو پر سر ٹکا کر پھوٹ پھوٹ کے رونے لگی۔

جلیل اس کا سر ایک ہاتھ سے ہولے ہولے تھپکتے ہوئے تسلی دینے لگا۔ "اس طرح نہ ر
زینت۔" یہ کہتے کہتے اس کی آنکھیں بھی جھلک پڑیں' پلکیں آنسوؤں سے بھیگ گئیں۔

جمیلہ اور رحیم داد گم صم تھے اور دونوں کو تک رہے تھے۔ لیکن جمیلہ زیادہ دیر خاموش نہ رہی
رحیم داد کو مخاطب کرتے ہوئے بولی۔ "لے چوہدری! دیکھ لے۔ زینت ٹھیک ہی کہتی تھی ناں۔"
زیر لب مسکراتی ہوئی زینت کے پاس گئی۔ اس کا بازو تھاما' اپنے قریب کیا اور سینے سے لگا کر دا
جوئی کرنی لگی۔ "رونا دھونا چھوڑ۔ اوپر کمرے میں جا۔ منہ ہاتھ دھو۔ کپڑے لتے تبدیل کر۔ جلیل
یہیں رہے گا۔ مہمان خانے میں ٹھیرے گا۔ تو بھی اس کے ساتھ ہی رہنا۔ جی بھر کے باتیں کرنا۔"

زینت کچھ نہ بولی۔ مڑی اور آنسو پونچھتی ہوئی باہر چلی گئی۔

۳۴

دن ڈھل رہا تھا۔ دھوپ پھیکی پڑ گئی تھی۔

رحیم داد اور جلیل کمرے میں خاموش بیٹھے تھے۔ قریب ہی جمیلہ کرسی پر بیٹھی تھی۔ جلیل کے چہرے سے اطمینان اور سکون نمایاں تھا۔

جمیلہ نے نظریں اٹھا کر جلیل کو دیکھا۔ آہستہ سے پوچھا۔ "جلیل! اب تیرا کیا ارادہ ہے؟"

"میں تو جی زینت کو لینے آیا ہوں۔" اس نے نہایت اعتماد سے اپنے ارادے کا اظہار کیا۔

"ضرور لے جا زینت کو۔ تجھے بلایا ہی اسی لیے ہے۔" جمیلہ نے مسکرا کر کہا۔ "پر بچوں کے بارے میں تو نے کیا سوچا؟ وہ تو احسان شاہ کے مزارعے سلامو کے پاس ہیں۔"

"نادر خاں اس بارے میں مجھے پہلے ہی بتا چکا ہے۔ اور یہ بھی بتا چکا ہے کہ زینت بچوں کے لیے کتنی پریشان اور غم زدہ ہے۔"

جمیلہ نے مڑ کر رحیم داد کی جانب نظریں گھمائیں۔ "چوہدری! تو نے احسان شاہ کے پاس جانے کے بارے میں کیا سوچا؟ مجھے آشا ہے' تیرے کہنے پر وہ سلامو سے زینت کے بچے واپس دلا دے گا۔"

"مجھے اس کے پاس نہ بھیج۔" رحیم داد نے انکار کردیا۔ "مجھے ڈر ہے' کوئی گڑبڑ نہ پڑ جائے۔"

اس نے جلیل کو مخاطب کیا۔ "جلیل تو بتا' بچوں کو کیسے واپس لائے گا۔ تو احسان شاہ کے پاس جا سکتا ہے؟"

جلیل کے بولنے سے پہلے ہی جمیلہ نے کہا۔ "چوہدری! اسے احسان شاہ کے پاس نہ بھیج۔ اسے

دیکھ کر تو وہ سخت ناراض ہوگا۔ غصے سے بھڑک اٹھے گا۔ فیر تو وہ ضرور گڑبڑ ڈالے گا۔ مجھے پتہ ہے' وہ کتنا خطرناک بندہ ہے۔"

"میں تو جی احسان شاہ کو بالکل ہی نہیں جانتا۔ نہ کبھی اس کے پنڈ گیا اور نہ ہی کبھی اس سے ملا۔" جلیل نے اپنی مجبوری کا اظہار کیا۔

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ چپ بیٹھا رہا۔ وہ احسان شاہ کے پاس جانے اور زینت اور اس کے بچوں کے بارے میں بات کرنے سے کترا رہا تھا۔ مراد خاں شاہانی کی زبانی رحیم داد پہلے ہی سن چکا تھا کہ زینت احسان شاہ کو بہت پسند ہے۔ اسے خدشہ تھا کہ کوٹ سے زینت کے فرار ہونے پر وہ سخت برہم ہوگا۔ عین ممکن ہے رحیم داد سے بھی خفا ہو جاتا کہ اس نے اپنی حویلی میں زینت کو پناہ کیوں دی؟ وہ احسان شاہ سے کسی طور بگاڑ پیدا کرنا نہیں چاہتا تھا۔

جمیلہ نے رحیم داد کو خاموش پایا تو اسے مخاطب کرتے ہوئے بولی۔ "چوہدری' ایسے تو کام نہیں چلے گا۔ زینت کے بچوں کے لیے کچھ نہ کچھ تو کرنا ہی پڑے گا۔ وہ ان کے بنا کیسے شانت رہ سکتی ہے۔ انہیں یاد کر کے ہر سے روتی رہتی ہے۔"

"اپنی سمجھ میں تو ایک بات آتی ہے۔" جلیل نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "دیپال پور کا تھانے دار' زماں خاں' مجھ پر بہت مہربان ہے۔ میں اس کے بچوں کو پڑھاتا ہوں۔ وہ ہمیشہ مجھ سے محبت اور پیار سے پیش آتا ہے۔" اس نے جمیلہ کی جانب دیکھا۔ "زمیں دارنی! تیرا مشورہ ہو تو میں تھانے دار زماں خاں سے بچوں کی واپسی کے لیے بات کروں۔ امید تو یہی ہے کہ وہ میری ضرور مدد کرے گا۔"

"یہ ٹھیک رہے گا۔" رحیم داد نے اپنا پیچھا چھڑانے کی غرض سے جھٹ جلیل کی تائید کی۔

"احسان شاہ سے اگر تھانے دار نے کہا تو وہ اس کی بات ٹالے گا نہیں۔ میں نے تو اس کے بارے میں یہی اندازہ لگایا ہے کہ وہ تھانے دار اور دوسرے سرکاری افسروں کو ہمیشہ خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔" اس نے جمیلہ کی طرف دیکھا۔ "ویسے زمیں دارنی آگے تیری مرضی۔"

جمیلہ نے رحیم داد کو نظرانداز کرتے ہوئے جلیل کو مخاطب کیا۔ "جلیل اگر تجھے وشواس ہے کہ تھانے دار زماں خاں تیری ضرور مدد کرے گا تو بچوں کی واپسی کے لیے اس سے ضرور بات کر۔"

"میں کل ہی دیپال پور چلا جاؤں گا اور تھانے دار سے بچوں کی واپسی کے لیے بات کروں گا۔" جلیل نے اپنے ارادے سے جمیلہ کو آگاہ کیا۔ "ویسے بھی میں نے کل ہی واپس جانا ہے۔ پرسوں انسپکٹر آف سکولز معائنے کے لیے آرہا ہے۔ ہیڈ ماسٹر نے تاکید سے کہا ہے کہ معائنے پر میں ضرور

حاضر رہوں۔ بعد میں لمبی چھٹی لے کر آجاؤں گا۔"

رحیم داد نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔ "تو کل صبح ضرور چلا جا۔ تھانے دار کی منت سماجت کر کے راضی کر لینا۔ اس نے تیرے بارے میں احسان شاہ سے کہا تو وہ انکار نہیں کرے گا۔ مجھے اتنا تو پتہ ہے احسان شاہ تھانے دار کی بات آسانی سے ٹال نہیں سکتا۔"

نادر خاں بھی آگیا۔ وہ نہا دھو کر اور اجلے کپڑے پہن کر آیا تھا۔ جمیلہ نے اسے دیکھتے ہی جلیل کی جانب اشارہ کیا۔ "نادر! اسے مہمان خانے میں لے جا۔ یہ وہیں ٹھیرے گا۔" وہ جلیل کی طرف متوجہ ہوئی۔ "اب تو جا۔ بہت تھکا ہوا لگ رہا ہے۔ زینت کچھ دیر بعد تیرے پاس پہنچ جائے گی۔"

جلیل خاموشی سے اٹھا اور نادر خاں کے ہم راہ مہمان خانے کی جانب چلا گیا۔

جمیلہ نے رحیم داد سے کہا۔ "تھانے دار زماں خاں نے جلیل کی مدد کرنے کی حامی بھر لی تو ضرور کام بن جائے گا۔"

"جلیل تو کہتا ہے تھانے دار اس کی ضرور مدد کرے گا۔ ویسے سچی بات یہ ہے زمیں دارنی۔ اب میں احسان شاہ کے پاس جانا اور اس سے ملنا نہیں چاہتا۔ وہ گندہ اور خطرناک بندہ ہے۔"

"بہت خطرناک اور گندہ ہے۔" جمیلہ نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "میرا من تو یہی کہتا ہے' اللہ وسایا کا قتل اسی نے کرایا۔ اس کے سوا اللہ وسایا کا کوئی دشمن تھا ہی نہیں۔"

"میں اسے اتنا ظالم نہیں سمجھتا تھا۔" رحیم داد نے اپنی صفائی پیش کی۔ "مجھے ذرا بھی شبہ ہوتا کہ اللہ وسایا کے قتل میں احسان شاہ کا ہاتھ ہے تو کبھی اس سے نہ ملتا۔ ویسے تجھ سے جھوٹ نہیں بولوں گا۔ زمیں دارنی' احسان شاہ نے کبھی میرے سامنے اللہ وسایا کی برائی نہیں کی۔"

"چوہدری' تجھے پتہ نہیں' احسان شاہ اس سے کتنا خار کھاتا تھا۔ اس کی جان کا دشمن تھا۔" جمیلہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "اپنے کرندوں اور بدمعاشوں کے ذریعے پہلے تو پرانے مزارعوں کو بے دخل کر کے میرے پتا کی بہت سی اراضی پر قبضہ کر لیا۔ میرے اور اللہ وسایا کے خلاف جھوٹے کیس بنوائے۔ وہ تو یہ حویلی اور ساری ہی اراضی ہتیا لینا چاہتا تھا۔"

رحیم داد نے اس کی ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے کہا۔ "ٹھیک کہہ رہی ہے۔ میں نوں تو پہلے ان باتوں کا کچھ پتہ ہی نہ تھا۔"

"تو اس کے پاس پہنچ کیسے گیا؟" جمیلہ نے پوچھا۔

"مجھے تو ماکھا خوشامد کر کے اس کے پاس لے گیا تھا۔" رحیم داد نے اپنی صفائی پیش کی۔ "میں نے اسے بہت ٹالا پر وہ میرے گلے پڑ گیا۔"

"وہ تجھے احسان شاہ کے پاس کیوں لے جانا چاہتا تھا؟"

"ماکھے کی گھر والی 'سگراں' کو اٹھوا کر احسان شاہ نے اپنے کوٹ میں ڈال رکھا تھا۔ ۵ سال سے وہ اس کی کید میں تھی۔ پتہ نہیں کس نے ماکھا کو میرے پیچھے لگا دیا۔ وہ میرے پیر پکڑ کر منت کرنے لگا' چوہدری' میرا بازو دلا دے۔ میں نے اس کے بارے میں اللہ وسایا سے بھی ذکر کیا تھا پر اس نے مجھے صاف صاف بتا دیا احسان شاہ اس کی بات ماننے کی بجائے ماکھے کا اور دشمن ہو جائے گا۔ اس پر اور اس کی گھر والی دونوں پر بہت ظلم کرے گا۔ میں نے یہ بات ماکھا کو صاف صاف بتا دی تھی۔"

"تب تو اس نے تیرا پیچھا چھوڑ دیا ہو گا؟"

"نہیں جی' وہ فیر بھی لگا رہا۔ میں اسے ڈانٹا' پر وہ اتنا ڈھیٹ نکلا کہ چھپتا چھپاتا میرے پاس پہنچ جاتا۔ میں ہر بار انکار ہی کرتا رہا۔ جب تو کیمبل پور' اللہ وسایا اور بچوں کے ساتھ شرفاں کے وہ میں شریک ہونے گئی تھی' انھی دنوں ایک شام میں گھوڑی پر بیٹھ کر نہر کی طرف نکل گیا۔ نہ جانے کدھر سے ماکھا آ گیا۔ اس نے میرے پیروں پر پگڑی ڈال کر منت کی کہ میں احسان شاہ سے مل لوں اور اس کے بازو کو دلانے کی سفارش کروں۔ اسی وقت احسان شاہ بھی اپنی گھوڑی پر آ گیا۔ ماکھا اسے دیکھتے ہی درختوں کے پیچھے چھپ گیا۔ پر ماکھا کی خاطر مجھے احسان شاہ سے ملنا پڑا۔ وہ مجھے اپنی حویلی لے گیا۔" رحیم داد نے جلیلہ کی طرف دیکھا۔ "زمیں دارنی' اس طرح میں احسان شاہ سے ملا۔"

"تیرے کہنے پر احسان شاہ نے ماکھے کی گھر والی واپس کر دی تھی؟"

"ہاں جی۔ اس نے میرے کہنے پر دوسرے ہی روز ماکھے کی گھر والی کو اس کے بچوں کے ساتھ واپس کر دیا تھا۔"

"تب تو مجھے وشواس ہے' تیرے کہنے پر وہ زینت کے بچوں کو بھی سلامو سے واپس دلا دے گا۔"

"تو کہتی ہے تو احسان شاہ کے پاس چلا جاؤں گا۔ اس سے زینت کے بچوں کی واپسی کے بات کر لوں گا۔ آگے اس کی مرضی۔" رحیم داد نے اس دفعہ جلیلہ کی بات مسترد نہ کی مگر ساتھ ہی مشورہ بھی دیا۔ "پہلے جلیل کو تھانے دار زماں خاں کے ذریعے کوشش کر لینے دے۔ اگر اس طرح کام نہ بنا تو میں احسان شاہ کے پاس چلا جاؤں گا۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "زمیں دارنی تیری بات ٹال بھی تو نہیں جا سکتی۔"

جلیلہ نے رحیم داد کی رائے سے اتفاق کیا۔ "یہ ٹھیک رہے گا۔" وہ اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ "اب

جانا ہے۔ زینت کو لے کر جلیل کے پاس جاؤں گی۔"

رحیم داد چپ رہا۔ جلیلہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی کمرے سے نکل کر دالان میں چلی گئی۔

☆

شام گہری ہو چکی تھی۔ دھندلکا ہر طرف پھیل چکا تھا۔ رحیم داد نے کھانا کھایا۔ دیر تک کرسی پر چپ بیٹھا رہا۔ نہ جلیلہ آئی اور نہ ہی نادر خاں۔ پھر رات گزری تو رحیم داد نے اٹھ کر کمرے کا دروازہ بند کیا۔ لیمپ کی لو دھیمی کی اور بستر پر لیٹ گیا۔

صبح دیپال پور جانے سے قبل جلیل اس کے کمرے میں پہنچا۔ کچھ دیر رحیم داد کے پاس بیٹھا رہا۔ جلیلہ بھی پہنچ گئی۔ زینت اس کے ہم راہ تھی۔ جلیل سب سے رخصت ہوا۔ تانگے میں سوار ہوا اور دیپال پور کی جانب روانہ ہو گیا۔

جلیل کو گئے ہوئے نو روز ہو گئے۔ دسویں روز وہ واپس آ گیا۔ بچوں کو اپنے ساتھ لایا۔ رحیم داد اس وقت کھیتوں پر گیا تھا۔ بوائی کے بعد وہ ربیع کی فصل کی دیکھ بھال سرگرمی اور لگن سے کر رہا تھا۔ دوپہر کا وقت تھا جب اسے جلیل کے پہنچنے کی اطلاع ملی۔ وہ بے چین ہو کر حویلی کی طرف واپس ہوا۔ مہمان خانے میں پہنچا۔ زینت اپنے بچوں کے ساتھ جلیلہ کے پاس بالائی منزل پر جا چکی تھی۔ جلیل مہمان خانے کے صحن میں کرسی پر بیٹھا تھا۔ رحیم داد کو دیکھتے ہی کھڑا ہو گیا۔ گرم جوشی سے بغل گیر ہوا۔ بیٹھنے کے لیے بڑی انکساری اور احترام سے کرسی پیش کی۔ رحیم داد مسکراتا ہوا بیٹھ گیا۔

اس نے پوچھا۔ "سنا ہے تو بچوں کو لے آیا ہے؟"

"ہاں جی' لے ہی آیا۔" جلیل نے بتایا۔ "زینت بچوں کو لے کر اوپر زمیں دارنی کے پاس گئی ہے۔"

"پر تو نے بہت دیر لگا دی۔ کہاں رہا اب تک؟"

"وہ ایسا ہوا جی' میں یہاں سے جاتے ہی تھانے دار زماں خاں سے ملا۔" جلیل نے اپنی روداد سنائی۔ "وہ حسب معمول مہربانی سے ملا۔ میں نے اسے زینت اور بچوں کے بارے میں بتایا۔ زینت کی واپسی کی اطلاع پر بہت خوش ہوا۔" اس نے نظریں جھکا لیں۔ لہجہ دھیما پڑ گیا۔ "زینت کے بارے میں اسے پتہ تھا اور یہ بھی جانتا تھا مجھے اس کے ساتھ اتنا پیار ہے کہ میں نے دیاہ کرنے کا ارادہ ہی چھوڑ دیا تھا۔ وہ تو چاہتا تھا میں فوراً زینت کو دیپال پور اپنے گھر میں لے آؤں۔ لیکن میں نے زور دیا' بچوں کی واپسی کے بعد اسے لانا مناسب رہے گا۔"

رحیم داد طویل تفصیل سے جلد ہی اکتا گیا۔ "یہ بتا بچے کیسے ملے؟"

"تھانے دار نے اپنے ایک پرچے کے ساتھ مجھے احسان شاہ کے پاس بھیجا۔ میں پیراں والہ گ
احسان شاہ سے ملا۔ تھانے دار کا پرچہ دیا۔ پہلے تو وہ زینت کا نام سنتے ہی ایک دم مجھ پر گرم ہو گ
زینت کو گندی گندی گالاں نکالنے لگا۔ دھمکی دی کہ اسے دوبارہ اٹھوا لوں گا۔ پر جب اس۔
زماں خاں کا پرچہ پورا پڑھ لیا تو ذرا نرم پڑ گیا۔ اس نے سلامو کو بلوایا جس کے پاس بچے تھے۔ گ
آیا نہیں۔"

"یہ کیسے ہو سکتا سلامو' مزارع ہو کر احسان شاہ کے بلانے پر نہ آئے۔" رحیم داد نے حیرت
ہو کر کہا۔

"سلامو اب احسان شاہ کا مزارع نہیں رہا۔ اسے احسان شاہ نے بے دخل کر دیا ہے۔ پر ا
رہتا پیراں والہ ہی میں ہے۔ احسان شاہ کا کرندہ پیغام لے کر سلامو کے پاس پہنچا۔ اس نے آ۔
بہانہ کیا اور بچوں کو لے کر چک ۷۲ میں اپنے چچیرے کے پاس چلا گیا۔"

"تب تو بہت مشکل پڑی ہو گی؟"

"ہاں جی' بہت مشکل پڑی۔ احسان شاہ کا مینجر کوشش کرتا رہا۔ پر نہ سلامو آیا اور نہ ہی ا
نے بچے بھیجے۔ میں ٹھیرا رہا۔ سوچا اب آیا ہوں تو بچوں کو لے کر ہی جاؤں گا۔ اسی میں دیر ہو گ
پانچ روز پیراں والہ میں ٹھیرا رہا مگر کام نہ بنا۔ احسان شاہ لہور جا چکا تھا۔" جلیل نے بجھی ہ
نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ "جب کام نہ بنا اور بچوں کے ملنے کی کوئی امید نظر نہ آئی تو میں وا
دیپال پور چلا گیا۔"

"تھانے دار سے ملا تھا؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"سیدھا اس کے پاس پہنچا۔ اسے سب حال بتایا۔"

جلیل نے اپنی بات پوری بھی نہ کی تھی کہ کمرے سے ایک شخص نمودار ہوا۔ اسے دیکھتے
رحیم داد کا چہرہ فق ہو گیا۔ وہ احسان شاہ کا کرندہ' دینا تھا جس کے ذریعے رحیم داد نے احسان شاہ
ساز باز کر کے اللہ وسایا کو دارا کے ہاتھوں قتل کرایا تھا۔ دینا اس سے احسان شاہ کی حویلی میں
بھی چکا تھا۔

دینا کمرے سے نکل کر دونوں کی جانب بڑھا۔ جلیل نے اس طرف اشارہ کرتے ہوئے رحیم
سے کہا۔ "یہ دینا ہے چوہدری' سچی بات یہ ہے جی' اسی کی کوششوں سے بچے ملے ہیں۔ یہی ا
لے کر آیا بھی۔ تھانے دار نے بچوں کو سلامو کے قبضے سے نکالنے کے لیے اسی کو لگایا تھا۔"

دینا نے بھی فوراً رحیم داد کو پہچان لیا۔ مسکرا کر بولا۔ "جلیل! میں چوہدری کو پہلے سے جانتا
ہوں۔" رحیم داد اور پریشان ہو گیا۔ دینا براہ راست رحیم داد سے مخاطب ہوا۔ "چوہدری! تو ٹھیک
ٹھاک تو رہا۔ بہت دنوں بعد میں نے آج تجھے دیکھا ہے۔"

رحیم داد نے اپنی گھبراہٹ پر قابو پانے کی کوشش کی۔ پوچھا۔ "شاہ جی کا کیا حال احوال ہے؟"

"ٹھیک ہی ہے جی۔" دینا نے بے نیازی سے کہا۔ "ویسے جی میں نے اس کی نوکری بہت دن
ہوئے چھوڑ دی۔"

"اب کہاں ہے۔ کیا کر رہا ہے؟" رحیم داد نے استفسار کیا۔

"آج کل دیپال پور میں ہوں جی۔ مویشی چوری کے ایک کیس میں پھنس گیا تھا۔" دینا نے
بتایا۔ "اپنے تھانے دار زماں خاں نے بچا لیا۔ تب سے جی ان ہی کے ساتھ لگا ہوں۔ مخبری تکبری
کرتا ہوں۔ اکیلا ہوں۔ اسی میں گزارہ ہو جاتا ہے۔ دو تین ڈکیتیوں اور چوریوں کا کھوج لگایا۔
سنگلروں کے ایک وڈے گروہ کو بھی پکڑوایا۔ اس پر انعام بھی ملا۔" وہ بے تکلفی سے کھل کر
مسکرایا۔ "بس جی ایسے ہی کام چل رہا ہے۔"

"پر تو نے زینت کے بچوں کو واپس دلا کر بہت زبردست کام کیا۔" رحیم داد نے اسے خوش
کرنے کے لیے اچھے الفاظ سے یاد کیا۔ "دینے! ویسے تو ہے بھی بہت حوصلے والا۔ بہت کام کا بندہ
ہے۔ تو نہ ہوتا تو میں کہتا ہوں' جلیل کو بچے ہرگز سلامو سے واپس نہ ملتے۔" رحیم داد نے مڑ کر
جلیل کو دیکھا۔ "یہی گل ہے نا جی؟"

"ہاں جی' دینا نہ ہوتا تو بچے نہ آتے۔ پتہ نہیں کتنی دشواری پڑتی۔" جلیل نے رحیم داد کی تائید
کی۔

"زینت نے تو بچوں کے لیے رو رو کر برا حال کر رکھا تھا۔ روٹی تو اس سے کھائی نہیں جاتی
تھی۔" رحیم داد نے جیب میں ہاتھ ڈال کر دس دس کے تین نوٹ نکالے۔ دینا کی طرف بڑھائے'
ہنس کر بولا۔ "لے رکھ لے۔ یہ میری طرف سے تیرا انعام ہے۔ ویسے تو نے ایسا کام کیا ہے کہ
زینت کو تو دوسری زندگی مل گئی۔" رحیم داد نے گردن اٹھا کر آسمان کو دیکھا۔ "دینے تو نے رات
یہیں ٹھیرنا ہے؟"

"نہیں جی' میں نوں واپس دیپال پور جانا ہے۔"

رحیم داد چاہتا بھی یہی تھا کہ دینا جلد سے جلد چلا جائے۔ اس نے جلیل سے کہا۔ "اسے اب
جانے دے ورنہ یہ رات گئے دیپال پور پہنچے گا۔ سردی بھی زوروں پر ہے۔ رستے میں اسے بہت

تنگ کرے گی۔"

جلیل تو خاموش رہا' مگر دینا چپ نہ رہا۔ اس نے رحیم داد کی رائے سے اتفاق کیا۔ "مجھے تو اب روانہ ہو جانا چاہیے۔ دیر ہو گئی تو بہت مشکل پڑے گی۔ میرے پاس تو صرف ایک کھیس کمبل یا دھسا بھی نہیں لایا۔ ادھر سردی بھی بڑھ گئی ہے۔"

دینا نے مزید بات چیت نہ کی۔ کمرے میں جا کر کھیس اوڑھی۔ لمبی ڈانگ ہاتھ میں دبائی۔ کے پاس آیا' بولا۔ "ماسٹر جی! میں تو اب چلا۔ دیپال پور میں ملوں گا۔ تسیں تو بعد میں آؤ تھانے دار سے بتا دوں گا۔"

رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ جلیل اٹھ کر کھڑا ہو گیا اور دینا کے ساتھ ساتھ مہمان خانے بیرونی دروازے کی جانب بڑھا۔ عین اس وقت جمیلہ مہمان خانے میں داخل ہوئی۔ جلیل نے ا دیکھا تو ٹھہر گیا۔ دینا بھی رک گیا۔ جمیلہ قریب پہنچ گئی۔ جلیل نے اسے سلام کیا۔

جمیلہ نے ہاتھ اٹھا کر دینا کی طرف اشارہ کیا۔ "دینا یہی ہے جو بچوں کو سلامو کی کید سے نکا لایا ہے؟"

جلیل کے بولنے سے پہلے ہی دینا بول پڑا۔ "یہ تو جی ایسا مشکل کام نہ تھا۔ ماسٹر جی جانتے میں نے کیسے کیسے مشکل کام کیے ہیں۔"

رحیم داد کی پریشانی جمیلہ کو دیکھتے ہی سوا ہو گئی۔ وہ گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے جمیلہ کی طا دیکھا۔ "زمیں دارنی! اب دینے کو جانے دے۔ کڑاکے کی سردی ہے اور اسے دور جانا ہے۔ چاہتا تھا کہ دینا کو جمیلہ سے مزید گفتگو کرنے کا موقع نہ ملے اور وہ جلد سے جلد چلا جائے۔

جمیلہ نے رحیم داد کو نظر انداز کرتے ہوئے نرم لہجے میں دینا سے کہا۔ "دینے' تو بہت نیک ہے۔ زینت کے بچے واپس دلا کر تو نے ایسا بھلا کام کیا ہے' نہ صرف زینت اور جلیل بلکہ میر من سے بھی تیرے لیے دعائیں نکلتی ہیں۔" اس نے یہ کہتے ہوئے سو سو کے دو نوٹ نکالے او کو دے دیئے۔ "یہ تیرا انعام ہے۔ ویسے تیری اتنی وڈی نیکی کا یہ کچھ بھی انعام نہیں۔"

رحیم داد کے چہرے پر ہوائیاں اڑنے لگیں۔

دینا نے دو سو روپے لے کر دھوتی کے ڈب میں اڑس لیے۔ روپے پا کر اتنا خوش ہوا کہ بول نہ سکا۔ دانت نکال کر ہنسنے کی کوشش کرنے لگا۔ رحیم داد نے موقعے سے فائدہ اٹھایا۔ دینا سے "اب تو ٹر جا۔ دیر کرنا تیرے لیے ٹھیک نہیں۔ سردی آج بہت زیادہ ہے۔"

مگر جمیلہ نے دینا کو جانے نہ دیا' بولی۔ "جلدی کیا ہے۔ رات کی روٹی کھا کر جائے گا۔"

رحیم داد نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "زمیں دارنی تو نے بھی حد کر دی۔ اسے روٹی کھلانے کے لیے سردی میں تنگ کرنا چاہتی ہے۔ رات کو یہ کیسے دیپال پور جا سکے گا؟"

"آج ہی اس کا جانا کوئی ضروری ہے؟" جمیلہ کا لہجہ بھی تیکھا تھا۔ "رات کو حویلی میں ٹھیر جائے گا۔ کل دن چڑھے چلا جائے گا۔"

رحیم داد دم بخود ہو کر رہ گیا۔ مگر دینا رکنے کے لیے تیار نہ ہوا۔ "زمیں دارنی! مجھے تو اب جانے ہی دے۔ چک بیدی سے دیپال پور کے لیے لاری پکڑ لوں گا۔ میں ادھر ٹھیر نہیں سکتا۔ تھانے دار سے مجھے بھیتی ملنا ہے۔ پہلے ہی دیر ہو چکی ہے۔ اب اور دیری نہ کرا۔" اس نے عاجزی کا مظاہرہ کیا۔ "مجھے نہ روک۔ اب جانے ہی دے۔ تیری بہت بہت مہربانی۔"

جمیلہ نے مزید اصرار نہ کیا۔ دینا آگے بڑھا۔ جلیل اس کے ہم راہ چلا۔ دونوں مہمان خانے سے باہر چلے گئے۔

دینا کے جانے کے بعد رحیم داد نے اطمینان کی سانس لی۔ اس کی گھبراہٹ اور پریشانی رفع ہو گئی۔ جب تک دینا موجود رہا' خطرہ اس کے سر پر منڈلاتا رہا۔ مگر جمیلہ اس کے احساسات سے بے نیاز قریب ہی کرسی پر بیٹھ گئی۔

جلیل واپس آ گیا اور دونوں کے نزدیک ہی بیٹھ گیا۔ دھوپ کی رنگت بدلنے لگی تھی۔ دن ڈھل رہا تھا۔

جمیلہ بچوں کے واپس آنے پر بہت مسرور تھی' جلیل سے ہنس ہنس کر باتیں کر رہی تھی۔ اسے اپنے سکول کے بارے میں بتاتی رہی۔ اس کی خواہش تھی کہ وہ لمبی چھٹی لے کر کوٹلہ ہرکشن آ جائے اور اسکول کا انتظام درست کرنے میں اس کی مدد کرے تاکہ وہ نہ صرف منظور شدہ اسکول بن جائے بلکہ بعد میں ڈسٹرکٹ بورڈ اسے اپنی تحویل میں لے کر باقاعدہ سرکاری پرائمری اسکول بنا دے۔ جمیلہ یہ بھی چاہتی تھی کہ زینت اور جلیل اپنے بچوں کے ساتھ اس کے پاس ہی رہیں۔ لیکن یہ صرف اس صورت میں ممکن تھا کہ اسکول سرکاری بن جائے اور جلیل دیپال پور سے تبادلہ کرانے کے بعد کوٹلہ ہرکشن آ جائے۔

جلیل ہر طرح جمیلہ کی مدد کرنے کو تیار تھا۔ وہ اس کی دردمندی اور ہنس مکھ طبیعت سے بہت متاثر تھا۔ اس کا احسان مند بھی تھا۔ اس کے وسیلے سے اسے اپنے بچھڑے ہوئے بیوی بچے مل گئے تھے۔ ویسے بھی زینت اور جلیل کے ساتھ جمیلہ کا رویہ بڑا مشفقانہ تھا۔ جلیل دیر تک جمیلہ سے باتیں کرتا رہا۔ کچھ دیر بعد اٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔

جلیل اور زینت اپنے بچوں کے ساتھ مہمان خانے میں ٹھیرے رہے۔ جلیل روزانہ جمیلہ
ہم راہ اسکول جاتا۔ تمام وقت وہیں رہتا اور جمیلہ کے ساتھ ہی واپس آتا۔ رحیم داد ہر صبح جلیل ا
جمیلہ کو جاتے ہوئے دیکھتا۔ وہ اس کے کمرے کے سامنے سے گزرتے تھے۔ لیکن پورا ہفتہ بھی
گزرا تھا کہ وہ زینت اور بچوں کے ساتھ دیہال پور چلا گیا۔ حالانکہ جلیل دو ہفتے کی چھٹی لے کر
تھا۔ اس نے رحیم داد کو یہی بتایا تھا۔ رحیم داد کو اس کے اچانک چلے جانے پر حیرت ہوئی اور ا
سے بھی زیادہ حیرت اور تکلیف ان کے اس رویے پر ہوئی کہ وہ اس سے مل کر بھی نہ گئے۔

سہ پہر کو جمیلہ اسکول سے واپس لوٹی تو رحیم داد نے روک کر اس سے اپنی بے چینی اور حیرت
اظہار کیا۔ "زمیں دارنی! میں نے سنا ہے جلیل اور زینت دیہال پور چلے گئے۔ جلیل تو لمبی چھٹی
آیا تھا۔ میں تو ان سے مل بھی نہ سکا۔ جب وہ گئے تو میں کھیتوں کی طرف تھا۔ وہ اس طرح اچانک
کیسے چلے گئے؟"

"وہ ایسا ہے چوہدری۔" جمیلہ نے وضاحت کی۔ "تاجاں کا ویاہ تو نادر خاں کے گھر ہی سے ہ
ہے نا۔ تاجاں اسی کے گھر میں مائیاں بیٹھے گی۔ نادر خاں بیوی بچوں کے ساتھ تب تک مہمان خا
میں ٹھیرے گا۔ اور کہاں جائے گا؟"

"سکول کا کیا بنے گا؟" رحیم داد نے پرسکون لہجے میں پوچھا۔ "تو مائیاں میں لگ جائے گی۔"

"سکول بھی بند رہے گا۔ جنج بھی تو سکول ہی میں اترے گی۔ اور وہیں ٹھیرے گی۔" جمیلہ۔
رحیم داد کو بتایا۔ "یہی طے ہوا ہے۔ ایسی صورت میں جلیل یہاں کیسے ٹھیر سکتا تھا۔"

رحیم داد سے جمیلہ نے مزید بات چیت نہ کی۔ وہ اسکول سے تھکی ہوئی آئی تھی۔ جلد سے جا
اپنے کمرے میں پہنچ کر آرام کرنا چاہتی تھی۔

☆

رحیم داد دوپہر کا کھانا کھا کر کھیتوں کی طرف جا رہا تھا۔ نادر خاں اس کے ہم راہ تھا۔ اسکول
سامنے ہی تھا۔ رحیم داد کی نظر اسکول کی طرف گئی۔ اس نے ایک شخص کو اسکول سے نکلتے ہو
دیکھا۔ وہ سردی سے بچنے کے لیے چادر اس طرح سر اور کانوں کے گرد لپیٹے ہوئے تھا کہ چہرہ دو
سے نظر نہ آتا تھا۔ رحیم داد کو شبہ ہوا کہ وہ دینا ہے۔ فوراً اس کا ماتھا ٹھنکا۔ طرح طرح کے وسوسو
نے اس کے ذہن میں کھلبلی پیدا کی۔ وہ حیران و پریشان ہو کر سوچنے لگا کہ دینا خلاف توقع جمیلہ سے
ملنے اسکول میں کیوں آیا ہے؟

رحیم داد نے دیکھا' دینا اسکول سے نکل کر درختوں کے نیچے چلا گیا۔ وہ نہر کی طرف جا رہا تھا۔

رحیم داد نے اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے نادر سے کہا۔ "نادر! مجھے یہ دینا لگتا ہے۔"

"وہی ہو گا جی۔ میں نے اسے ٹھیک سے دیکھا نہیں۔" نادر خاں بے نیازی سے بولا۔

اب دینا کی پشت نظر آ رہی تھی۔ رحیم داد کو تشویش لاحق ہوئی۔ اس نے نادر سے کہا۔ "نادر
خاں' تو جا کر پتہ کر یہ دینا ہی ہے نا؟ ہو سکے تو یہ بھی معلوم کرنا' وہ زمیں دارنی کے پاس کیسے آیا تھا۔"

رحیم داد نے کھیتوں کی طرف جانے کا ارادہ ترک کر دیا۔ "میں واپس اپنے کمرے میں جا رہا ہوں۔
نادر تو وہیں آ جا۔ میں تیرا انتظار کروں گا۔"

رحیم داد حویلی کی جانب واپس ہوا۔ نادر قدم بڑھاتا ہوا اس طرف چلا جدھر دینا گیا تھا۔

رحیم داد کمرے میں پہنچا اور بے چینی سے نادر خاں کی واپسی کا انتظار کرنے لگا۔ گھنٹہ' سوا گھنٹہ
بعد نادر خاں لوٹا۔ وہ تھکا ہوا کرسی پر بیٹھ گیا۔ اور آہستہ آہستہ ہانپنے لگا۔ اس کی سانس پھولی ہوئی
تھی جس سے اندازہ ہوتا تھا کہ وہ تیز رفتار سے چل کر آیا ہے۔

رحیم داد خاموش بیٹھا رہا۔ جب نادر خاں کو ذرا قرار آیا تو رحیم داد نے پوچھا۔ "وہ دینا ہی
تھا نا؟" اس کے لہجے سے بے قراری صاف عیاں تھی۔

"ہاں جی' دینا ہی تھا۔" نادر خاں نے بتایا۔ "میں نے اسے بہت آگے جا کے پکڑا۔"

"تو نے اس سے بات چیت کی تھی؟"

"بالکل کی تھی۔"

"تو نے پوچھا' وہ ادھر کس لیے آیا تھا؟"

"کہتا تھا زمیں دارنی نے بلایا تھا۔" نادر خاں نے رحیم داد کو مطلع کیا۔ "جلیل نے دیہال پور جا
کر اسے زمیں دارنی کے پاس بھیجا تھا۔"

"تو نے دینے سے پوچھا کہ زمیں دارنی نے اسے کس لیے بلایا تھا؟" رحیم داد نے کرید کر دریافت
کیا۔

"کہتا تھا زمیں دارنی نے ایک ضروری کام کے لیے اسے بلایا تھا۔"

"اس سے تو نے پوچھا نہیں کہ وہ ضروری کام کیا تھا؟"

"میں نے اس سے پوچھا بھی۔ گھما پھرا کر بات کی پر اس نے کچھ نہ بتایا۔ میں نے تو اس کی باتوں
سے یہ اندازہ لگایا کہ وہ خود ہی زمیں دارنی کے پاس آیا تھا۔ زمیں دارنی نے اسے بلایا نہیں تھا۔"

رحیم داد سخت پریشان ہوا۔ اس نے خود کو سنبھالا۔ "پر یہ سمجھ نہیں آئی' اگر وہ جمیلہ کے پاس آیا
تھا تو کیوں آیا تھا؟"

"میں تو سمجھتا ہوں جی' وہ زمیں دارنی سے سلامو کے نام پر کچھ اینٹھنے کے لیے آیا ہوگا۔ اور تو کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔" نادر خاں نے رحیم داد کو بے چین اور پریشان پایا تو زور دے کر پوچھا۔ "پر اس کے زمیں دارنی کے پاس آنے سے تو کیوں پریشان ہے؟"

"پریشانی کی گل ہی ہے۔ دینا بہت عرصہ تک احسان شاہ کے پاس ملازم رہ چکا ہے۔ میں نہیں چاہتا وہ میرے اور شاہ جی کے میل ملاپ کے بارے میں جمیلہ کو بتائے۔ اس نے مجھے احسان شاہ کی حویلی میں کتنی ہی بار دیکھا ہے۔"

"پر دینا کے بتانے سے بھی کیا ہوگا۔" نادر خاں نے دینا کی آمد کو خاص اہمیت نہ دی۔ "اب تو زمیں دارنی کو پتہ چل ہی چکا ہے' تیں شاہ جی کے پاس جاتے رہے ہو۔ زمیں دارنی کے سامنے اسے مان بھی چکے ہو۔ اب دینا یا کسی اور کے زمیں دارنی سے ملنے سے کیا فرق پڑتا ہے۔"

رحیم داد اپنی پریشانی کی اصل وجہ نادر خاں کو بتانا نہ چاہتا تھا۔ اس نے اللہ وسایا کے قتل کے سلسلے میں نادر خاں کو اعتماد میں نہ لیا تھا اور نہ ہی اس سلسلے میں کبھی تفصیل سے بات ہی کی تھی۔ رحیم داد نے پردہ پوشی کے لیے بات بنائی "نادر! تیں نوں پتہ ہے ادھر شاہ جی کی حویلی میں پینا پلانا بھی ہوتا تھا۔ میں چاہتا ہوں جمیلہ کو اس کا پتہ نہ چلے۔ وہ شراب بلکہ کسی بھی نشہ بازی کو برا سمجھتی ہے۔"

"چوہدری' میں تو سمجھتا ہوں دینا نے زمیں دارنی سے تیرے بارے میں کوئی ایسی گل بات نہیں کی ہوگی۔" نادر خاں نے رحیم داد کی تشویش رفع کرنے کی کوشش کی۔ "اسے تجھ سے کوئی گلہ شکوہ بھی نہیں۔ وہ خاما خا زمیں دارنی سے کیوں تیری برائی کرنے لگا؟ وہ تو اپنے ہی کسی کام سے آیا ہوگا۔ یہ بھی ہو سکتا ہے جلیل اور اس کے بال بچوں کے بارے میں بتانے آیا ہو۔ جلیل کو چھٹی نہ ملی ہوگی۔ اس نے دینا کو زمیں دارنی کے پاس بھیج دیا ہوگا۔"

نادر نے اپنے طور پر رحیم داد کو ہر طرح مطمئن کرنے اور اس کی پریشانی دور کرنے کی کوشش کی۔ مگر رحیم داد کے ذہن میں وسوسے اور خدشات منڈلاتے رہے۔ نادر خاں اجازت لے کر کھیتوں کی طرف چلا گیا۔

رحیم داد کمرے میں خاموش بیٹھا رہا۔

سہ پہر ہو گئی۔ جمیلہ اسکول سے واپس ہوئی۔ رحیم داد کے کمرے کے سامنے سے گزری تو مسکرا کر بولی۔ "چوہدری' کمرے میں خالی پڑے پڑے تیرا من نہیں گھبراتا۔" مگر وہ رکی نہیں آگے بڑھ گئی۔

اس کے خوشگوار رویّے سے رحیم داد کی پریشانی بڑی حد تک زائل ہو گئی۔ اس نے ذہنی سکون محسوس کیا۔

☆

اس روز اتوار تھا۔ جمیلہ حویلی ہی میں تھی اور اوپر کی منزل پر اپنے کمرے میں تھی۔ وہ صبح سے نیچے نہیں آئی تھی۔ دوپہر کو محمد عثمان رندھاوا وکیل آیا۔ وہ رحیم داد کے کمرے کے سامنے سے گزرا مگر اس سے نہ ملا۔ سیدھا جمیلہ کے پاس اوپر کی منزل پر گیا۔ وہ گھنٹہ' ڈیڑھ گھنٹہ تک جمیلہ کے ساتھ بیٹھا باتیں کرتا رہا۔ کھانا بھی اس نے جمیلہ کے ساتھ ہی کھایا۔ یہ ساری اطلاعات اسے حویلی کے ملازم نامدار سے ملتی رہیں جو بار بار جمیلہ کے پاس آجا رہا تھا۔

سہ پہر کو وکیل واپس چلا گیا۔ رحیم داد نے نہ اسے ٹوکا اور نہ ہی اس نے رحیم داد کی جانب کوئی توجہ دی۔ وہ سر جھکائے لمبے لمبے قدم اٹھاتا کمرے کے سامنے سے گزر گیا۔ رحیم داد خاموش بیٹھا اسے دیکھتا رہا۔ وکیل کو دیکھ کر وہ ایک بار پھر پریشانی میں مبتلا ہو گیا تھا۔ رات ہو گئی مگر جمیلہ نیچے نہ آئی۔

سویرے وکیل پھر آیا۔ رحیم داد نے اسے زینے پر چڑھتے اور سیڑھیاں طے کر کے اوپر جاتے ہوئے دیکھا۔ وہ اس وقت کرسی پر صحن میں بیٹھا تھا۔ ہر طرف گہری بسنتی دھوپ پھیلی تھی۔ رحیم داد کی پریشانی اور بڑھ گئی۔

نصف گھنٹہ بھی نہ گزرا تھا کہ جمیلہ اور وکیل دو نوکروں کے ہم راہ نیچے آئے۔ نہ جمیلہ نے اور نہ ہی وکیل نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ وہ حویلی کا پھاٹک عبور کر کے باہر گئے۔ تانگوں میں سوار ہوئے اور گاؤں سے باہر چلے گئے۔ رحیم داد کو تشویش لاحق ہوئی۔ وہ دینا کی اچانک آمد ہی سے گھبرا گیا تھا۔ مگر جمیلہ سے بات چیت کرنے کے بعد مطمئن بھی ہو گیا تھا۔ وکیل کی آمد و رفت نے اسے ایک بار پھر طرح طرح کے وسوسوں میں مبتلا کر دیا۔

رحیم داد نے اپنی پریشانی اور خدشات کا نادر خاں سے کوئی ذکر نہ کیا۔ وہ جمیلہ کی واپسی کا بے چینی سے انتظار کرنے لگا۔ شام کو جمیلہ نوکروں کے ساتھ واپس آئی۔ رحیم داد کے کمرے کے سامنے سے گزری۔

وہ کمرے سے نکل کر دالان میں آگیا۔ بڑھ کر جمیلہ کے قریب پہنچا۔ مسکرا کر دریافت کیا۔ "زمیں دارنی تو سویرے ہی سویرے وکیل کے ساتھ کہاں گئی تھی۔ کوئی خاص گل بات تھی؟"

"نہیں کوئی خاص گل نہیں۔" جمیلہ نے بے نیازی سے بتایا۔ "میں نے وکیل سے لہور میں

مکان کا بندوبست کرنے کے لیے کہا تھا۔ وہ اسی کے بارے میں بات کرنے آیا تھا۔"

"تو کیا تو لہور جا رہی ہے؟" رحیم داد نے پریشانی کا اظہار کیا۔

"ابھی تو نہیں جا رہی۔"

"زمیں دارنی' تو لہور جانے کا خیال دل سے نکال دے۔ تیں نوں تو ابھی اپنے سکول کو منظور شدہ بنوانا ہے۔ اس روز یہی کہتی تھی۔"

"ارادہ تو ایسا ہی ہے۔"

"جب تیرا یہ ارادہ ہے تو لہور کیوں جا رہی ہے؟" رحیم داد نے اس کے جواب کا انتظار بھی نہ کیا' مشورہ دیا۔ "نادر کو لگا دے' وہ تیرے سکول کو منظور شدہ بنوا دے گا۔ فکر نہ کر۔ وہ یہ کام ضرور کروے گا۔ تو جانتی نہیں' وہ ایسے معاملوں میں بہت ہوشیار ہے۔"

جمیلہ خاموش رہی۔ مگر رحیم داد خاموش نہ رہا۔ گلہ کرنے کے انداز میں بولا۔ "تجھے لہور ہی جانا تھا تو مجھے یہاں کیوں بلوایا؟" اس نے جمیلہ کے چہرے کی جانب دیکھا جس پر تھکن کے اثرات ہویدا تھے۔ "اس دفعہ پھٹی اور کماد کی فصل بہت چنگی گئی ہے۔ اس کی آمدنی سے شاندار سکول بنا' ڈسپنسری بنا۔ تجھے روکنے والا کون ہے؟ سب ہی کچھ تیرا ہے۔ میں نے کیا لینا۔" اس نے لہجے میں زور پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "تو لہور جانے کا خیال بالکل دل سے نکال دے۔"

"پر میں لہور جا کب رہی ہوں۔" جمیلہ مسکرا کر بولی۔ "وکیل تو یہ بتانے آیا تھا کہ لہور میں اس نے میرے لیے جس مکان کا بندوبست کیا تھا' اس کا معاہدہ ختم کر دیا ہے۔ کل وہ اس سلسلے میں مجھے پوچھنے آیا تھا کہ آگے کے لیے میرا کیا ارادہ ہے؟ جب میں نے اسے بتایا لہور جانے کا وچار چھوڑ دیا ہے تو آج وہ معاہدہ ختم ہونے کی بات بتانے آیا تھا۔"

"تو اس کے ساتھ کہاں گئی تھی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"وہ واپس جا رہا تھا۔ میں نے بھی شہر میں تاجاں کے ویاہ کے لیے خریداری کرنی تھی۔ سو میں اس کے ساتھ ہی چلی گئی۔" وہ بے تکلفی سے مسکرائی۔ "تو کیا سمجھا؟"

رحیم داد کچھ نہ کہہ سکا۔ جمیلہ آگے بڑھتے ہوئے بولی۔ "تجھ سے کل بات ہوگی۔ اس سے تو میں بہت تھکی ہوئی ہوں۔" وہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی زینے کی جانب بڑھی۔

رحیم داد ایک بار پھر پریشانی میں مبتلا ہو گیا اور جمیلہ سے گفتگو کرنے کے بعد مطمئن بھی ہو گیا۔ اس کے ذہن میں جو وسوسے اور شبہات کل سہ پہر سے بار بار ابھر رہے تھے' رفع ہو چکے تھے۔ رحیم داد اپنے کمرے میں گیا۔ رات کا کھانا کھایا اور سکون سے گہری نیند سو گیا۔

دن چڑھے نادر خاں اس کے پاس آیا۔ اس کے ہاتھ میں ایک فہرست تھی جو اسے جمیلہ نے دی تھی۔ اس میں تاجاں کے جہیز اور شادی بیاہ کے ساز و سامان کی ضروری اشیاء درج تھیں۔ وہ فہرست کے مطابق خریداری کرنے لاہور جا رہا تھا۔ مگر لاہور جانے سے پہلے وہ رحیم داد کے ساتھ کپاس کی فروخت کے بارے میں بھی بات کرنا چاہتا تھا۔ اس سلسلے میں اس نے رحیم داد کو ضروری اطلاعات فراہم کیں۔

وہ اٹھا اور لاہور کے سفر کے لیے روانہ ہو گیا۔

شام ہوئی۔ اندھیرا بڑھا۔ رات ہو گئی' مگر نہ جمیلہ آئی اور نہ رحیم داد اس کے پاس گیا۔ دوسرے روز شام کا اندھیرا بڑھتے ہی اس نے جمیلہ سے ملنے کا ارادہ کیا۔ نادر خاں ابھی تک واپس نہیں آیا تھا اور اس کا فوری طور پر لوٹنے کا امکان بھی نہ تھا۔ اسے خریداری کے لیے وقت درکار تھا۔ لاہور میں اس کا بھتیجا موجود تھا۔ لہٰذا ٹھہرنے کا بھی مسئلہ نہ تھا۔

رحیم داد اس وقت جمیلہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی غرض سے اسکول کے بارے میں بات کرنا چاہتا تھا۔ اس مقصد کے ساتھ وہ کمرے سے نکل کر دالان میں آیا۔ حویلی میں ابھی تک کسی قدر چہل پہل تھی۔ وہ اوپر کی منزل پر جانے والے زینے کی جانب بڑھا۔ قریب پہنچا تو سیڑھیوں پر جنت مل گئی۔ وہ اوپر سے اتر کر نیچے آ رہی تھی۔

رحیم داد نے اسے دیکھتے ہی پوچھا۔ "کہاں چلی جنت؟"

"گھر جا رہی ہوں جی۔" وہ سر کو دوپٹے سے ڈھکتے ہوئے بولی۔ "چھوہریاں گھر میں اکیلی ڈرتی ہیں۔"

"نادر خاں' کب تک واپس آ رہا ہے؟"

"ٹھیک سے جی پتہ نہیں۔ آج تو آتا ہوا نہیں لگتا۔"

"پوری خریداری کر کے ہی لوٹے گا۔" رحیم داد نے جنت کو نظر بھر کر دیکھا۔ دونوں کی نگاہیں ملیں۔ اس نے جنت سے پوچھا۔ "تو رات کو جلدی تو نہیں سوتی؟"

"نہیں جی' میں تو دیر ہی سے سوتی ہوں۔"

"پر اس رات تو جلد ہی سو گئی تھی۔" رحیم داد نے اسے چھیڑا۔ "تو نے جو گرم گرم دودھ پلایا تھا۔ بہت مزا دیا تھا اس نے۔"

"تجھے پسند آیا؟" وہ خوش ہو کر بولی۔ "ابھی چل کر پی لے۔ گرم ہوگا۔"

"ابھی تو میں زمیں دارنی کے پاس جا رہا ہوں۔ اس کے ساتھ کچھ ضروری گل بات کرنی ہے۔

بعد میں....." رحیم داد اپنی بات پوری نہ کرسکا۔ اسی وقت کمرے کے دھندلکے میں سیڑھیوں پر آہٹ ابھری۔ کوئی اوپر سے نیچے آرہا تھا۔ آہٹ سنتے ہی جنت مہمان خانے میں کھلنے والے دروازے کی جانب بڑھی اور دروازے سے گزر کر چلی گئی۔

رحیم داد اوپر جانے کے بجائے آہستہ آہستہ چلتا ہوا واپس اپنے کمرے میں پہنچا۔ اس نے جمیلہ کے پاس جانے کا ارادہ ترک کردیا۔ وہ رات کے تاریک اور سنسان ہونے کا انتظار کرنے لگا۔

☆

حویلی پر گہری خاموشی چھائی تھی۔ رحیم داد باہر نکلا۔ کمرے کا دروازہ باہر سے بند کیا۔ دالان میں آیا۔ چوکنا نظروں سے ادھر ادھر دیکھا۔ سردی زیادہ تھی۔ نوکر چاکر اپنی اپنی کوٹھریوں کے اندر جاچکے تھے۔ صحن میں کوئی نہ تھا۔ نہ کوئی آہٹ تھی' نہ آواز۔

رحیم داد مہمان خانے میں پہنچا۔ احمد حسب معمول غائب تھا۔ مہمان خانہ خالی تھا۔ رحیم داد مہمان خانے سے گزر کر نادر خاں کے گھر پہنچا۔ اس نے دروازے پر ہولے سے دستک دینے کے لیے ہاتھ رکھا تو وہ کھل گیا۔ کمرے میں لالٹین جل رہی تھی۔ رحیم داد اندر داخل ہوگیا۔

اس نے دیکھا' سامنے پلنگ پر جنت لہریا چندری اوڑھ "" ۔۔ آنکھوں میں گہرا کاجل تھا۔ ہونٹوں پر سرخی کی دھڑی تھی۔ سر کے بال تیل سے چمک رہے تھے۔ پلنگ کے نیچے انگیٹھی میں انگارے دہک رہے تھے۔ ان کی تیز روشنی میں جنت کے گورے چٹے چہرے پر تازگی اور نکھار نظر آرہا تھا۔ اس کی سج دھج صاف چغلی کھا رہی تھی کہ وہ رحیم داد ہی کا انتظار کررہی تھی۔ اسے دیکھتے ہی وہ پلنگ سے اتر کر کھڑی ہوگئی۔ اس وقت شلوار کے بجائے لاچا باندھے ہوئے تھی۔ لاچا نارنجی رنگ کا تھا۔ اس کا ریشم بھی نرم تھا۔ اور نچلا کنارہ سنہری کلابتو کا تھا۔

رحیم داد نے مسکرا کر شوخی سے پوچھا۔ "تو نے تو آج لاچا باندھ رکھا ہے؟"

"تو نے ہی تو مجھے لاچا باندھنے کو کہا تھا۔" وہ آنکھوں کو ترچھا کرکے بے باکی سے مسکرائی۔ "میں نے نادر سے کہا مجھے لاچا لادے۔ میں لاچا باندھوں گی۔ وہ پچھلے دنوں لہور گیا تو یہ لاچا لیتا آیا۔"

رحیم داد کچھ نہ بولا۔ غور سے لاچا دیکھتے ہوئے مونڈھے پر بیٹھ گیا۔

جنت اس کے قریب آکر کھڑی ہوگئی۔ اٹھلا کر بولی۔ "کیسا لگ رہا ہے لاچا؟"

"شکارے مار رہی ہے۔ اسے پہن کر تو سچ مچ بہت سوہنی لگ رہی ہے۔"

"اب کہاں رہی سوہنی۔ تو نے مجھے پہلے نہیں دیکھا۔" وہ آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر مسکرائی۔ "بھڑولی پر تیرے لیے گرم دودھ رکھا ہے۔ لے آؤں؟"

"دودھ بعد میں پی لوں گا۔ پہلے تو دروازے کی زنجیر چڑھا دے۔" رحیم داد اٹھا اور پلنگ پر جاکر بیٹھ گیا۔

جنت اپنے کولھوں کو ہولے ہولے خم دیتی دروازے کی جانب بڑھی۔ کنڈی لگائی اور نظریں نیچی کیے شرماتی' لجاتی رحیم داد کے پاس پلنگ پر بیٹھ گئی۔

رات اپنا سفر طے کرتی رہی۔ نصف گھنٹہ بھی نہ گزرا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ دونوں پریشان ہوگئے۔ جنت نے جھٹ رحیم داد کا ہاتھ پکڑا اور برابر والے کمرے میں لے گئی۔ اس نے الگنی پر چادر ڈال دی اور رحیم داد کو اس کے پیچھے چھپا دیا۔

جنت نے رنگین چنری اتار کر سوتی کھیس اوڑھی جلدی جلدی لاچا اتار کر ایک طرف ڈالا۔ شلوار پہنی۔ باہر نادر کی آواز ابھری۔ "جنت دروازہ کھول۔ میرے ساتھ زمیں دارنی بھی ہے۔"

رحیم داد نے یہ سنا تو سخت سراسیمہ ہوا۔ اس کے ہوش اڑ گئے۔ وہ سہما ہوا پردے کی آڑ میں دبکا ہوا کھڑا رہا۔ جنت لالٹین سنبھالے ہوئے باہر چلی گئی۔ کمرے میں اندھیرا چھا گیا۔ رحیم داد اندھیرے میں لمبی لمبی سانس بھرنے لگا اور اپنی گھبراہٹ اور پریشانی پر قابو پانے کی کوشش کرنے لگا۔ اس کا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔

جنت برابر والے کمرے میں پہنچی۔ آگے بڑھی' دروازہ کھولا۔ دیکھا' نادر سامنے کھڑا ہے۔ جمیلہ اس کے ہم راہ تھی۔ دونوں کے عقب میں تاراں تھی۔ نادر نے جنت کو مخاطب کیا۔ "جنت اتنی گہری نیند نہ سویا کر۔ جا زمیں دارنی کے لیے فٹافٹ گرم دودھ لے کر آ۔" اس نے مڑ کر جمیلہ کی طرف دیکھا' مونڈھا اٹھایا اور اس کے سامنے رکھتے ہوئے بولا۔ "زمیں دارنی اسی پر بیٹھ جا۔ اپنے پاس کرسی تو ہے نہیں۔"

جمیلہ سنجیدگی سے بولی۔ "میں نے بیٹھنا نہیں ہے۔ میں تو یہ دیکھنے آئی ہوں کہ دیاہ کے لیے تیرا گھر ٹھیک رہے گا ناں؟" اس نے ملحقہ کمرے کی طرف اشارہ کیا۔ "تاجاں اس میں مائیاں بیٹھ سکتی ہے۔"

"بالکل بیٹھ سکتی ہے جی۔" جنت نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔

جمیلہ نے نادر سے کہا۔ "نادر' لالٹین اٹھا' میں ساتھ والا کمرہ دیکھوں گی۔"

جنت نے اسے روکنے کی کوشش کی۔ "کیا کرے گی اسے دیکھ کر۔ زمیں دارنی! وہ کمرہ بھی اتنا ہی ودیا ہے۔"

"نہیں میں اسے دیکھنا چاہتی ہوں۔" جمیلہ نے اصرار کیا۔

"دیکھنا ہی ہے تو دن میں آرام سے دیکھ لینا۔" جنت نے ایک بار پھر جیلہ کو کمرے میں جانے سے روکنے کی کوشش کی۔ "کل میں اسے صاف کردوں گی۔"

مگر جیلہ نہ مانی۔ اس نے نادر خاں سے کہا۔ "نادر لالٹین اٹھا۔ اب آئی ہوں تو اس کمرے کو بھی دیکھ کر ہی جاؤں گی۔ کل مجھے اور بھی بہت کام کرنے ہیں۔"

نادر خاں نے لالٹین اٹھالی۔ جنت کا چہرہ فق ہوگیا۔ اس پر خوف اور پریشانی کا غبار چھاگیا۔ مگر جیلہ اس کی گھبراہٹ اور سراسیمگی سے بے نیاز' نادر خاں کے ساتھ برابر کے کمرے میں داخل ہوئی۔ جنت نہ گئی۔ جیلہ نے لالٹین کی روشنی میں دیکھا' کمرے میں دو چارپائیوں پر نادر خاں کی تینوں بیٹیاں بے خبر سو رہی ہیں۔ ایک گوشے میں جنت کا نارنجی لاچا بے ترتیبی سے بکھرا ہوا تھا۔ قریب ہی لہریا چنری پڑی تھی۔

جیلہ نے کمرے میں ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ رحیم داد دم بخود کھڑا تھا۔ اس کا دل بری طرح دھڑک رہا تھا۔ اس نے سنا جیلہ کہہ رہی تھی۔ "مجھے تو یہ کمرہ برابر کے کمرے سے کچھ وڈا ہی لگتا ہے۔" وہ الگنی پر پڑی ہوئی چادر کے بالکل برابر پہنچ چکی تھی۔ اتنی قریب کہ رحیم داد اس کے خوبصورت جسم کی مہک سونگھ سکتا تھا۔ مگر اس کا خوف سے برا حال تھا۔ اس نے سانس روک لی اور آنے والے خطرے کا سامنا کرنے کے لیے خود کو تیار کرنے لگا۔

اسے خدشہ تھا کہ الگنی پر پڑا ہوا پردہ ایک طرف کھسک جائے گا اور جیلہ اس کے سامنے ہوگی۔ اس تصور ہی سے وہ کانپ اٹھا۔ اس نے ڈر کر آنکھیں بند کرلیں۔ مگر پردہ بدستور لٹکتا رہا۔ کمرے میں گہری خاموشی چھائی تھی۔

جیلہ کی آواز ابھری۔ "نادر! مائیاں بیٹھنے کے لیے یہ کمرہ ٹھیک رہے گا۔ اس کا ایک دروازہ باہر بھی کھلتا ہے ناں؟"

"ہاں جی' بالکل کھلتا ہے۔" نادر خاں نے الگنی پر لٹکی ہوئی چادر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "زمیں دارنی اسی کے پیچھے دروازہ ہے۔ پر اس میں تالا پڑا ہے۔ کنجی جنت کے پاس ہوگی۔ اسے دیکھنا چاہتی ہے تو جنت سے چابی لے لے۔"

"نہیں' میں نے اسے نہیں دیکھنا۔"

رحیم داد کی پیشانی پر سخت سردی کے باوجود پسینے کے قطرے نمودار ہوئے۔ اس کی نظریں سامنے لٹکتی ہوئی چادر پر ٹکی تھیں اور کان قدموں کی آہٹ پر لگے تھے۔ جیلہ نہ آگے بڑھی اور نہ ہی اس نے چادر ہٹائی۔ وہ دوسرے کمرے میں چلی گئی۔ نادر خان بھی لالٹین اٹھائے اس کے ہم

چلا گیا۔

جیلہ مونڈھے پر بیٹھی نہیں۔ پلنگ کے نیچے رحیم داد کے جوتے پڑے تھے۔ جیلہ کی ان پر نظر ۔اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ ابھری' نادر خاں سے مخاطب ہوئی۔

'نادر! تو نے بھی چوہدری کی طرح کے بوٹ پہن نے شروع کردیے؟"

در خاں نے جوتوں کو دیکھا تو اس کے چہرے پر گھبراہٹ طاری ہوگئی۔ مگر اس نے جھٹ اپنی ئی پر قابو پالیا۔ آہستہ سے بولا۔ "وہ ایسا ہے زمیں دارنی' لہور سے پچھلے دنوں میرا بھتیجا آیا تھا۔ یرے لیے یہ بوٹ لیتا آیا تھا۔"

نت دودھ سے بھرا ہوا گلاس لے کر صحن سے کمرے میں داخل ہوئی۔ اس نے گلاس جیلہ کی بڑھایا۔ "زمیں دارنی دودھ پی لے۔ گرم گرم ہے۔ کوسا ہے۔"

میں رات کے سمے دودھ نہیں پیتی۔" جیلہ نے صاف انکار کردیا۔ لالٹین کی روشنی میں اس نت کے چہرے کو تیکھی نظروں سے دیکھا۔ جنت کی نظریں جھک گئیں۔ "جنت! لگتا ہے۔ تو سے پہلے رات کو سنگھار بھی کرتی ہے۔"

نہیں بھین جی۔ ایسی کوئی گل نہیں۔" جنت گھبرا کر بولی۔ "سنگھار شنگھار کیہ کرنا۔ بس ذرا تھ دھولیا تھا۔ میں تو تیرے ہی پاس آنے والی تھی۔"

یلہ نے اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے نادر سے کہا۔ "نادر' کل تو یہ گھر خالی کرکے مہمان میں چلا جانا۔ یہاں کی ٹھیک طرح صفائی بھی کرادینا۔ ویاہ تو یہیں سے ہوگا ناں۔" وہ مڑی۔ میں چلوں گی۔" جیلہ دروازے کی جانب بڑھی۔

یز کے پاس تاراں بیٹھی تھی۔ جیلہ اس کے ہم راہ باہر نکلی اور مہمان خانے سے گزر کر حویلی گئی۔

وں کے جانے کے بعد نادر نے دروازہ بند کیا۔ جنت سے کہا۔ "دودھ واپس لے جا۔"

چپ چاپ صحن میں چلی گئی۔ نادر خاں نے لالٹین اٹھائی۔ برابر کے کمرے میں گیا۔ الگنی پر ئی چادر کی طرف بڑھا۔ قریب پہنچا۔ اس نے ایک ہاتھ بڑھا کر چادر ایک طرف کردی۔ کی زرد زرد روشنی میں رحیم داد اس کے سامنے کھڑا تھا۔ اس کی نظریں جھکی ہوئی تھیں اور خوف اور دہشت کے سائے پھیلے تھے۔ کمرے میں خاموشی چھائی تھی۔ دونوں ایک دوسرے منے چپ چاپ کھڑے تھے۔

م داد نے دھڑکتے دل سے نظریں اٹھائیں۔ نادر اس کے روبرو کھڑا تھا۔ اس کے ہونٹوں پر

ہلکی ہلکی مسکراہٹ تھی۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر رحیم داد کا بازو پکڑا۔ آہستہ سے کہا۔

"چوہدری باہر آجا۔ زمیں دارنی چلی گئی۔"

رحیم داد نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر نادر خاں کو دیکھا اور خاموشی سے آگے بڑھا۔ نادر خاں کے ہم راہ ملحقہ کمرے میں گیا۔ جنت ابھی تک کمرے میں واپس نہیں آئی۔

"چوہدری تو نے اپنے جوتے بھی یہیں چھوڑ دیئے تھے۔ زمیں دارنی نے انھیں دیکھ لیا۔ پوچھ بھی۔ پر میں نے جھٹ بات بنادی۔"

رحیم داد کچھ نہ بولا۔ پلنگ پر جا کر بیٹھا اور سر جھکا کر اپنے جوتے پہن نے لگا۔

"چوہدری! میں نے تجھ سے کچھ ضروری گل کرنی ہے۔"

رحیم داد سخت پریشان ہوا۔ اس کی چہرے پر کچھ دیر کے لیے جو سکون نمودار ہوا تھا' غائب ہوگیا۔ اس نے کچھ نہ کہا۔ جلدی جلدی جوتے پہنے اور اٹھ کر کھڑا ہوگیا۔ اس نے نادر کی جانب دیکھے بغیر کہا۔

"ابھی گل کرنی ہے؟"

"توں چاہتا ہے تو سویرے کرلوں گا۔" نادر خاں نے اصرار نہ کیا۔ "پر گل ہے بہت ضروری۔"

رحیم داد اس قدر خفیف ہو رہا تھا کہ اس نے مڑ کر نادر خاں کی طرف نہ دیکھا۔ آگے بڑھ دروازہ کھولا اور باہر چلا گیا۔ مہمان خانے میں احمد موجود تھا مگر بے خبر سو رہا تھا۔ رحیم داد مہ خانے سے گزر کر حویلی میں پہنچا۔ ہر طرف ہو کا عالم تھا۔ گیارہ کا عمل تھا۔ سردی بھری ہوئی جسم تھر تھراتا تھا۔ رحیم داد دروازہ کھول کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔

☆

دوسرے روز رحیم داد دن چڑھے تک سوتا رہا۔ رات کو اسے دیر تک نیند نہیں آئی۔ وہ شدید انتشار اور خلفشار میں مبتلا رہا۔

نادر خاں حسب وعدہ رحیم داد کے پاس نہ آیا۔ اس نے نوکروں اور کیوں کی مدد سے اپنا گھر خالی کیا۔ گھر گرہستی کا سامان مہمان خانے کے ایک کمرے میں پہنچا دیا۔ جنت اور اس کی بچیاں بھی مہمان خانے میں منتقل ہوگئیں۔ خالی مکان خوب اچھی طرح جھاڑ پونچھ کر صاف کیا۔ جمیلہ نے خود جا کر اس کا معائنہ کیا۔ اپنی نگرانی میں سجا کر اسے شادی کا گھر بنایا۔ کمروں میں دریاں بچھی تھیں' ان پر جازم اور چاندنی کا فرش تھا۔ کمروں کے باہر دالان میں بھی دریاں اور چٹائیاں بچھائی گئی تھیں۔

سہ پہر تک سارے انتظامات مکمل ہوگئے۔ تاجاں کو گھر کے پچھلے کمرے میں پہنچا دیا گیا۔ وہ نئے سالو باندھے ہوئے تھی۔ سر پر ہلدی میں رنگا ہوا زرد دوپٹہ تھا۔ کرتا بھی زرد ہی تھا۔ سورج ڈوبنے سے کچھ دیر پہلے تاجاں کی سسرال سے کچھ عورتیں اور نوجوان لڑکیاں آئیں۔ کمروں اور باہر دالان میں پیٹرومیکس روشن تھے۔ ان کی تیز روشنی دور تک پھیلی تھی۔ ہر طرف چہل پہل تھی۔ گیت گائے جا رہے تھے اور ملی جلی آوازوں کا شور تھا۔ مسرت و شادمانی تھی۔ بڑا خوشگوار ہنگامہ تھا۔ ہر چہرہ چمکتا دمکتا تھا۔

سسرال سے آنے والی عورتیں اور لڑکیاں جب تاجاں کے پاس پہنچیں تو آوازوں اور قہقہوں کا شور اور بھی سوا ہوگیا۔ تاجاں کے چھوٹے ماموں نے' جو دولہا کا چچا بھی تھا' قریب جا کر اپنا ہاتھ بڑھایا' شفقت سے تاجاں کے سر پر پھیرا۔ بازو پکڑ کر اسے اٹھایا اور سہارا دے کر تیل چڑھانے کی جگہ پر لے گیا۔ وہ سر جھکا کر چوکی پر شرماتی لجاتی سمٹی سمٹائی بیٹھ گئی۔

سات نوجوان عورتیں آگے بڑھیں اور تاجاں کے ارد گرد بیٹھ گئیں۔ ساتوں سہاگنیں تھیں۔ تاجاں کے گندھے ہوئے بال آہستہ آہستہ کھولنے لگیں۔ لیکن بال کھولنے سے قبل ایک عورت نے تاجاں کی ہتھیلی پر ناریل اور گھی ملی ہوئی تھوڑی سی مہندی رکھ دی۔ اس کا ہاتھ پکڑا اور دیوار کے پاس لے گئی۔ تاجاں نے اس کی ہدایت کے مطابق شرم سے جھکتے ہوئے ہتھیلی کی مہندی دیوار پر مل دی۔

وہ عورت پیچھے ہٹی تو دوسری سہاگن نے بڑھ کر تاجاں کی ہتھیلی پر پھر مہندی رکھ دی اور تاجاں نے اس کے ہاتھ کی مدد سے اس دفعہ بھی مہندی دیوار پر مل دی۔ ساتوں سہاگنوں نے باری باری تاجاں کے ہاتھ سے دیوار پر مہندی لگوائی۔ لیکن ہر بار جب تاجاں دیوار پر مہندی لگاتی' تو ساتوں میں سے ایک سہاگن سرسوں کے تیل میں انگلی ڈبو کر اس کے سر میں لگاتی اور بالوں کی مینڈھی کھول دیتی۔

یہ تیل چڑھانے کی رسم تھی۔ اس رسم کے دوران میں تاجاں کی سہیلیاں اور دوسری نوجوان لڑکیاں اس کے چاروں طرف گھیرا ڈال کر کھڑی ہوگئیں۔ تاجاں اب سر جھکائے خاموش بیٹھی تھی۔ میراثنوں میں سے ایک نے ڈھولک پر تھاپ دی اور اونچی آواز سے یہ گیت چھیڑا۔

میری میڈھی نہ کھولو' میری میڈھی نہ کھولو' سلامیو!
میرے بابل توں پچھو سلامیو' جس میرا داج بنایا!
میرے چاچے توں پچھو' جس میرا کاج رچایا!

میرے ویر توں پچھو' جس مینو بوچھین دوایا!

گیت شروع ہوتے ہی دوسری میراثیں بھی ڈھولک کی تھاپ پر گانے لگیں۔ تاجاں کے گ
حلقہ بنا کر کھڑی ہوئی لڑکیاں بھی ان کی آواز سے آواز ملا کر گانے لگیں۔ وہ گیت کے بول اٹھاتیں
خوشی سے کھلکھلا کر قہقہے بلند کرتیں۔ آپس میں چھیڑ چھاڑ کرتیں' مگر تاجاں حیا سے سمٹی سمٹا
چپ بیٹھی تھی۔ گیتوں کے بول سن رہی تھی جن میں اس کی آرزوؤں اور خواہشوں کا اظہار
طرح کیا جا رہا تھا۔

پیاری سلیو! میرے بال نہ کھولو' میرے بال پریشان نہ کرو
میرے بابل سے تو پوچھو سلیو جس نے میرا جہیز بنایا!!
میرے چاچا سے تو پوچھو جس نے میرا بیاہ رچایا!!
میرے بھائی سے تو پوچھو سلیو جس نے مجھے دوپٹہ اوڑھایا

مگر نہ اس کا باپ تھا' نہ چچا تھا' نہ کوئی بھائی تھا۔ اس کی آنکھوں سے اپنی بے بسی پر ٹپ
آنسو گرنے لگے۔ اور جمیلہ جس نے سارا جہیز تیار کیا' شادی کا اہتمام کیا' لباس عروسی تیار کرا
وہاں موجود نہ تھی۔ وہ سہاگن نہ تھی' رانڈ بیوہ تھی اور کسی بیوہ کا سایہ مائیوں بیٹھنے والی لڑکی پر
نحوست اور بدشگونی سمجھا جاتا ہے۔

جمیلہ مہمان خانے میں کرسی پر بیٹھی تھی۔ گیت کے فضا میں بکھرتے ہوئے بولوں کو سن
تھی۔ مہمان خانے کے صحن میں بھی گیس بتی جل رہی تھی۔ اس کی ہر سو بکھری ہوئی روشنی
بڑے بڑے چولہوں پر دیگچے چڑھے تھے۔ کڑاہیاں رکھی تھیں۔ دیگچوں میں گھنگھنیاں ابل
تھیں۔ کڑاہیوں میں گلگلے تلے جا رہے تھے۔ گلگلے تلے جانے کے بعد ٹوکروں میں ڈالے جا
تھے۔ قریب ہی پیتل کے بڑے بڑے تھالوں میں سوجی کی چوری اور ملیدہ تیار کیا جا رہا تھا۔
پکوان اپنی نگرانی میں تیار کرا رہی تھی۔

مائیوں کی رسم پر جمیلہ نے کوٹلہ ہرکشن کی تمام عورتوں اور لڑکیوں کو مدعو کیا تھا۔ ہر عو
تاجاں کے پاس جانے سے قبل مہمان خانے میں پہنچتی۔ اس کے ہاتھوں میں گندم سے بھری
تھالی ہوتی۔ وہ جمیلہ کے سامنے جاتی۔ اونچی آواز سے کہتی۔ "سلام بھین جی۔" اور تھالی میں
ہوئی گندم دالان میں رکھے ہوئے مٹی کے بڑے بڑے کونڈوں میں انڈیل دیتی۔ پھر وہ دیگچوں
پاس جاتی۔ ڈوئے کا دستہ پکڑ کر اندر سے گھنگھنیاں نکالتی' ٹوکروں سے گلگلے اٹھاتی' پیتل کے تھا
سے چوری اور ملیدہ لیتی اور اپنی تھالی میں رکھتی جاتی' پھر ہنستی مسکراتی اس طرف چلی جاتی ج

تیل چڑھانے کی رسم ادا کی جا رہی تھی۔

تیل چڑھانے کی رسم ختم ہوئی تو تاجاں کے ماموں نے ایک بار پھر اس کا بازو تھاما۔ اسے اٹھایا
اور سہارا دے کر اس کے ساتھ ساتھ آگے بڑھا۔ اس نے تاجاں کو پردے کے پیچھے بیٹھا دیا۔
تاجاں اب باقاعدہ مائیوں بیٹھ چکی تھی۔

پھاتاں بھاگی بھاگی جمیلہ کے پاس آئی' گڑگڑا کر بولی۔ "بھین جی' تیری تاجاں مائیاں بیٹھ گئی ہے۔
اب تو بھی چل۔"

وہ تیل چڑھانے کی رسم کے موقع پر بھی جمیلہ کے پاس آئی تھی اور اس میں شرکت کرنے پر
اصرار بھی کیا تھا۔ مگر جمیلہ نے انکار کر دیا تھا۔ اس دفعہ بھی اس نے ٹالنے کی کوشش کی۔ "پھاتاں'
تو جا' میں تھوڑی دیر بعد آجاؤں گی۔ مجھے ادھر کئی ضروری کام نمٹانے ہیں۔ دیکھ رہی ہے ادھر کتنا
کام ہو رہا ہے۔"

"وہ تو تیرے بناں بھی ہوتا رہے گا۔" پھاتاں نہ مانی' اپنی بات پر اڑ گئی۔ اس نے اپنا دوپٹہ اتار
کر جمیلہ کے قدموں پر ڈال دیا۔ "بھین جی' میری لاج رکھ لے۔ تو نہ گئی تو میں بھی اب تاجاں کے
پاس نہیں جاؤں گی۔"

رحیم داد' جو شام ہی سے مہمان خانے میں پہنچ کر جمیلہ کے قریب ہی بیٹھا تھا اور بہت دیر سے
خاموش تھا' پھاتاں کے گڑگڑانے سے بہت متاثر ہوا۔ اس نے جمیلہ کی جانب دیکھا اور نرم لہجے
میں مخاطب کیا۔ "زمیں دارنی' اب تو چلی جا۔" اس کے لہجے میں بھی عاجزی تھی۔

جمیلہ نے کچھ نہ کہا۔ خاموش بیٹھی رہی۔ اس کا لباس اس وقت بھی حسب معمول سفید ہی تھا۔
بہتہ وہ دوشالہ سبز رنگ کا اوڑھے ہوئے تھی۔ اس کے کنارے سنہری تھے۔ آنکھوں میں دنبالہ
جل تھا۔ چہرے پر سردی سے گلاب کھل رہے تھے۔ کانوں میں سونے کے مندرے پڑے تھے۔
لومیکس کی تیز روشنی میں وہ جگمگا رہی تھی' دل کش اور دل آرا نظر آرہی تھی۔

جمیلہ راج ہنس کی مانند اپنی صراحی دار گردن اونچی اٹھائے گم صم بیٹھی سوچتی رہی۔ پھاتاں اس
کے روبہ رو مجسم التجا بنی کھڑی تھی۔ اس کے چہرے پر بے چینی اور اضطراب کے سائے منڈلا رہے
تھے۔ رحیم داد نے ایک بار پھر نرم لہجے میں جمیلہ سے درخواست کی۔ "زمیں دارنی' اب چلی بھی
جا۔ تاجاں تو پھاتاں سے زیادہ تیری دھی ہے۔ تو اس کے مائیاں بیٹھنے پر نہیں جائے گی۔ یہ کیسے
ہو سکتا ہے؟ ذرا سوچ تو یہ کیسا لگے گا؟"

جمیلہ نے اس دفعہ بھی کچھ نہ کہا۔ جھک کر پیروں پر پڑا ہوا دوپٹہ اٹھایا۔ پھاتاں کے سر پر ڈالا اور

اٹھ کر کھڑی ہو گئی' آگے بڑھی۔ پھاتاں اس کے ساتھ ساتھ چلی۔ رحیم داد دونوں کو جاتے ہوئے بڑے اشتیاق سے دیکھتا رہا۔ جب وہ مہمان خانے کا دروازہ کھول کر باہر چلی گئیں تو رحیم داد نے گہری سانس بھری اور اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

رحیم داد آہستہ آہستہ چلتا ہوا آگے بڑھا۔ اس کمرے کے سامنے سے گزرا جس میں نادر خاں بیوی بچوں کے ساتھ عارضی طور پر مقیم تھا۔ جنت اس وقت کمرے میں موجود نہ تھی۔ وہ اپنی تینوں بچیوں کے ہم راہ مائیوں کی تقریب میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی تھی۔ نادر خاں بھی کمرے میں نہیں تھا۔ رحیم داد نے کمرے کے کھلے ہوئے دروازے سے اندر ایک اچٹتی ہوئی نظر ڈالی اور آگے نکل گیا۔ وہ پھر واپس مہمان خانے میں آیا۔

☆

تاجاں کو مائیوں بیٹھے ہوئے چار روز گزر چکے تھے اور ابھی اسے مزید سات روز مائیوں بیٹھنا تھا۔ اس عرصے میں رحیم داد کو نادر خاں کم ہی نظر آیا۔ وہ ان دنوں جمیلہ کی اردلی میں تھا اور تاجاں کی شادی کی تیاری میں بری طرح الجھا ہوا تھا۔ مگر رحیم داد کو تاجاں کے بیاہ کی سرگرمیوں سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ وہ ہر وقت اکتایا ہوا سا رہتا۔ خود کو تنہا محسوس کرتا' بے چین اور مضطرب رہتا۔

انھی دنوں ایک سہ پہر کو رحیم داد نے وکیل عثمان رندھاوا کو ایک بار پھر حویلی میں دیکھا۔ وہ سیدھا جمیلہ کے پاس اوپر چلا گیا۔ جب وہ جمیلہ سے طویل بات چیت کے بعد نیچے آیا تو کمرے میں دھندلکا پھیلنے لگا تھا۔ شام مشرقی افق سے زینہ زینہ نیچے اتر رہی تھی۔ وکیل اپنے کسی زمیں دار موکل کی کار میں آیا تھا۔ وہ اس میں بیٹھ کر واپس چلا گیا۔

وکیل کی اچانک آمد رحیم داد کو بہت پراسرار معلوم ہوئی۔ وہ ایک بار پھر تشویش اور بے چینی میں مبتلا ہو گیا۔ اس کے ذہن میں دبے دبے وسوسوں اور شبہات نے از سر نو سر ابھارا۔ وہ پریشانی اور اضطراب کے عالم میں تنہا بیٹھا رہا اور سوچتا رہا۔

ملازم کھانا لایا تو رحیم داد ذہنی انتشار کے باعث رغبت سے نہ کھا سکا۔ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد وہ مہمان خانے میں چلا گیا۔ مگر نہ وہاں نادر خاں تھا نہ جنت تھی۔ نادر خاں کے کمرے کا دروازہ اس وقت بھی کھلا تھا۔ چارپائیاں خالی تھیں۔ وہاں کوئی نہ تھا۔ جمیلہ بھی اسے مہمان خانے میں کہیں نظر نہ آئی۔ صرف نوکر چاکر ادھر ادھر آتے جاتے دکھائی دے رہے تھے۔ وہ بہت مصروف اور سرگرم معلوم ہو رہے تھے۔

تاجاں جہاں مائیوں بیٹھی تھی' وہاں ڈھولک ٹھنک رہی تھی۔ لڑکیوں کے گانے کی ملی

آوازیں ابھر رہی تھیں۔ اس وقت تاجاں کے بدن پر بٹنا ملا جا رہا تھا۔ گیت کے بولوں سے رحیم داد نے یہی اندازہ لگایا۔ لڑکیاں بٹنا مل رہی تھیں اور تالیوں کی تھاپ پر لٹک لٹک کر گا رہی تھیں۔ تاجاں سے یوں چھیڑ چھاڑ کر رہی تھیں۔

تیں نوں مائیں پاون آئیاں بی بی
کچھ بھیناں تے کچھ تائیاں بی بی
کچھ چاچیاں' تے کچھ تائیاں بی بی
تے کچھ چاچے تائے ویاں جائیاں بی بی

رحیم داد ذرا دیر خاموشی سے گیت سنتا رہا' پھر اکتا گیا اور حویلی میں واپس چلا گیا۔ اس کا ارادہ تھا کہ اوپر کی منزل پر جائے اور باتوں باتوں میں جمیلہ سے یہ معلوم کرنے کی کوشش کرے کہ وکیل اس کے پاس کیوں آیا تھا' کس مقصد سے آیا تھا؟

وہ کمرے سے نکل کر زینے پر پہنچا تو سیڑھیوں پر حویلی کی ملازمہ ناجو نظر آئی۔ وہ اوپر ہی سے آ رہی تھی۔ رحیم داد نے اسے ٹوکا۔ "کل سن ناجو۔ یہ بتا' زمیں دارنی اوپر ہی ہے ناں؟"

"نہیں جی' وہ تو شام ہی سے تاجاں کے پاس ہے۔"

"کب تک واپس آئے گی؟"

"دیر ہی سے آئے گی جی۔" ناجو نے رحیم داد کو بتایا۔ "روز ہی وہاں سے دیر کو لوٹتی ہے۔"

رحیم داد نے ناجو سے مزید بات چیت غیر ضروری سمجھی۔ واپس اپنے کمرے میں چلا گیا اور بستر پر لیٹ کر سو گیا۔ نہ جانے کتنی رات گزری تھی۔ اس کی آنکھ آہٹ سے کھل گئی۔ اس نے سنا دروازے پر آہستہ آہستہ دستک ہو رہی ہے۔ وہ آنکھیں ملتا ہوا اٹھا۔ پلنگ سے نیچے اترا۔ آگے بڑھا' دروازہ کھولا۔ دیکھا' سامنے جنت کھڑی ہے۔ وہ سردی سے تھر تھرا رہی تھی۔ دروازہ کھلتے ہی جھٹ اندر داخل ہو گئی۔ رات کا پچھلا پہر تھا۔ حویلی بھائیں بھائیں کر رہی تھی۔ سارے نوکر چاکر تھک کر بستروں میں دبکے گہری نیند سو رہے تھے۔

رحیم داد نے دروازہ بند کرتے ہوئے جنت سے پوچھا۔ "تو اتنی رات گزرے کیسے آ گئی؟ نادر کہاں ہے؟"

"وہ تو جی لہور گیا ہے۔" جنت نے جواب دیا۔ "زمیں دارنی نے اسے شام ہی کو بھیجا ہے۔ اب تو وہ کل ہی واپس آئے گا۔"

جنت رحیم داد کے بستر پر بیٹھ گئی۔ اس کا بدن سردی سے ہنوز کپکپا رہا تھا۔ اس نے لحاف اٹھا کر

پیروں پر ڈال لیا۔ رحیم داد نے دریافت کیا۔ "اس رات جب میں تیرے پاس گیا تھا' نادر خا
نہیں ہوا؟ کیا کہتا تھا وہ؟"

"اس نے مجھ سے کچھ نہیں کہا۔ تیرے بارے میں کوئی گل بات ہی نہیں ہوئی۔"

"بعد میں بھی کوئی گل بات نہیں ہوئی؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"بس اتنا کہا تھا' تاجاں کے ویاہ کے بعد اپنے پیئو کے پاس رحمت والی چلی جا۔" جنت نے بتا
"چوہدری! اس نے تجھ سے تو کچھ نہیں پوچھا؟"

"اس رات کے بعد وہ میرے پاس آیا ہی نہیں۔" رحیم داد نے جنت کو مطلع کیا۔ "ہاں'
سے یہ کہتا تھا کچھ ضروری گل کرنی ہے۔ پتہ نہیں کیا کہنا چاہتا تھا؟"

جنت اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے بولی۔ "میں تو تیرے پاس پہلے ہی آتی پر زمیں دارنی
مجھے تاجاں کے ساتھ لگا دیا ہے۔ رات کو میں اسی کے پاس ہوتی ہوں۔"

"آج کیسے ادھر نکل آئی؟"

"وہ ایسا ہوا جی' نادر لہور گیا ہے۔ چھوہریوں کے پاس کوئی نہیں۔ اکیلے میں ڈرتی ہیں۔ ز
دارنی نے آج رات پھاتاں کو تاجاں کے پاس لگا دیا ہے۔ میں مہمان خانے کے کمرے میں رہی
رات گزری تو تیرے پاس آگئی۔"

"زمیں دارنی نے تو تجھ سے اس رات کے بارے میں پوچھ تاچھ نہیں کی؟"

"وہ ایسا کیوں کرتی؟ اس نے کیسے پتہ؟" جنت نے حیرت زدہ ہو کر کہا۔

"نادر خاں نے اسی رات مجھے بتایا تھا کہ زمیں دارنی کو میرے جوتے منجی کے نیچے پڑے دیکھ
شبہ ہو گیا تھا۔"

"مجھ سے تو اس نے کچھ پوچھا نہیں۔" جنت نے بے نیازی سے کہا۔ "پر تو اتنا گھبرا گیا تھا
جوتے پہن نے بھی بھول گیا۔ حد کر دی تو نے۔"

"لگتا ہے نادر مجھ سے کچھ ناراض ہے۔" رحیم داد نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔ "جب ہی
میرے پاس اب تک نہیں آیا۔"

"مجھے تو ایسا لگتا نہیں۔" جنت نے اطمینان سے کہا۔ "ویسے آج کل تاجاں کے ویاہ کی تیار
میں نادر بری طرح الجھا ہوا ہے۔ زمیں دارنی نے ویاہ کا سارا ہی بوجھ اس پر ڈال رکھا ہے۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ جنت بھی خاموش رہی۔

علی الصباح رحیم داد کی آنکھ کھلی تو جنت اٹھ کر جا رہی تھی۔ رحیم داد نے اسے دیکھا مگر خاموش

رہا۔ جنت کمرے سے باہر نکلی تو ہوا کا سرد جھونکا اندر آیا۔ باہر ہلکی ہلکی دودھیا دھند کی چادر ہر
طرف پھیلی ہوئی تھی۔ جنت نے دہلیز عبور کرنے کے بعد آہستہ سے دروازہ بھیڑ دیا۔ ابھی بہت تڑکا
تھا۔ ہر سو گہری خاموشی طاری تھی۔ سردی بھی شدید تھی۔ رحیم داد لحاف میں دبکا ہوا بستر پر لیٹا رہا۔

☆

پہر رات گزر چکی تھی۔ رحیم داد کھانا کھا رہا تھا کہ نادر خاں اچانک کمرے میں داخل ہوا۔ رحیم
داد اسے دیکھ کر قدرے پریشان ہو گیا۔ اس نے نادر کی جانب دیکھے بغیر نرم لہجے میں دریافت کیا۔

"نادر' تو اتنے روز کہاں رہا؟ میرے پاس آیا ہی نہیں۔"

"زمیں دارنی نے ویاہ کے کاموں میں ایسا الجھا دیا ہے کہ فرصت ہی نہیں ملتی۔" نادر خاں نے
صفائی پیش کی۔ "لہور گیا تھا۔ کچھ ہی دیر پہلے واپس آیا ہوں۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ خاموش بیٹھا کھانا کھاتا رہا۔ نادر خاں بھی خاموش رہا۔

کمرے میں سکوت چھایا تھا۔ ذرا دیر بعد نادر خاں نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ سنبھلے ہوئے لہجے
میں گویا ہوا۔ "چوہدری' تجھ سے بہت ضروری گل کرنی تھی۔"

"اس رات کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہے؟" رحیم داد نے اس کی جانب دیکھے بغیر ہچکچاتے
ہوئے پوچھا۔

"اسے چھوڑ۔ چوہدری' یہ اور ہی گل ہے اور بہت پریشانی کی گل ہے۔" نادر خاں نے اپنی بات
کی اہمیت جتانے کی کوشش کی۔

رحیم داد نے اس دفعہ مڑ کر اس کی طرف حیرت زدہ نظروں سے دیکھا۔ مگر چپ رہا۔

"میں تجھ سے اس بارے میں بہت پہلے بات کرنا چاہتا تھا۔" نادر خاں نے کہا۔ "پر موکع ہی نہ
ملا۔"

"ایسی کیا پریشانی کی گل بات ہے؟" رحیم داد کے لہجے سے تشویش آشکارہ تھی۔

"تو سنے گا تو دنگ رہ جائے گا۔" نادر خاں نے کھل کر بات نہ کی۔

"تو فیر بتانا۔ اس طرح چبا چبا کر کیوں بات کر رہا ہے؟" رحیم داد نے بے چین ہو کر کہا۔

"شبہ تو جی مجھے پہلے ہی تھا پر اب تو تصدیک بھی ہو گئی۔" نادر خاں نے بتایا۔ "اسی لیے میں نے
تجھ سے اب تک اس معاملے میں بات نہیں کی۔ سوچا پہلے تصدیک کر لوں تب تجھے آگاہ کروں کہ
کیا ہو رہا ہے۔"

"کیا ہو رہا ہے؟" رحیم داد کا لہجہ تیکھا ہو گیا۔ اس نے بے قرار ہو کر پہلو بدلا۔ "صاف صاف

گل کر۔ تو کہنا کیا چاہتا ہے؟"

"لگتا ہے تجھے کچھ پتہ نہیں۔" نادر خاں نے گردن آگے بڑھا کر رازداری کے انداز میں آہستہ سے کہا۔ "تیں نوں پتہ نہیں۔ زمیں دارنی اپنی ساری اراضی بیچ رہی ہے۔"

رحیم داد ہکا بکا رہ گیا۔ اس نے گھبرا کر کھانے سے ہاتھ کھینچ لیا۔ بھوک اڑ گئی۔ حیران و پریشان ہو کر بولا۔ "پر یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ نادر! تجھے کس نے بتایا کہ زمیں دارنی اپنی اراضی بیچ رہی ہے؟"

"یہ تو میں بعد میں بتاؤں گا۔" نادر خاں گویا ہوا۔ "پر تیری باتوں سے لگتا ہے تجھے تو یہ بھی پتہ نہیں کہ زمیں دارنی نے وکیل عثمان رندھاوا کی معرفت لہور میں کرائے پر مکان بھی لے لیا ہے۔"

"مجھے شبہ تو ہوا تھا اور میں نے اپنے شبے کا جیلہ سے اظہار بھی کیا تھا۔ پر اس نے صاف انکار کر دیا کہ اس کا ایسا کوئی ارادہ نہیں۔" رحیم داد نے قدرے توقف کیا۔ "لیکن وکیل کا روز روز آنا یہ ظاہر کرتا ہے' تیری بات میں کچھ نہ کچھ سچائی ضرور ہے۔"

"چوہدری! یہ چکر تو بہت دن سے چل رہا ہے۔"

"وکیل' کل بھی جیلہ کے پاس آیا تھا اور شام تک اوپر بیٹھا جیلہ سے باتیں کرتا رہا۔" رحیم داد نے شکوہ کیا۔ "میرے دروازے کے سامنے سے گزرتا ہے پر مجھ سے ایک بار بھی اس نے ملنے اور بات کرنے کی کوشش نہیں کی۔ اس طرح گزر جاتا ہے جیسے مجھ سے کبھی ملا نہ ہو' کوئی جان پہچان نہ ہو۔" اس نے لمحہ بھر کے لیے تامل کیا پھر گویا ہوا۔ "مجھے تو ایسا لگتا ہے دینے نے بھی جیلہ سے کچھ الٹی سیدھی گل بات کی ہے۔"

"دینا کیا الٹی سیدھی بات کر سکتا ہے؟" نادر خاں کے لہجے میں استعجاب تھا۔

وہ نادر خاں کو اعتماد میں لینا نہ چاہتا تھا۔ اس نے فوراً بات کا رخ بدل دیا۔ "یہ بتا' تجھے ان باتوں کا کیسے پتہ چلا؟"

"مجھے تو جی اس طرح پتہ چلا کہ پچھلی بار جب میں لہور گیا تھا تو وکیل کے دفتر بھی گیا۔ یہ تو تجھے پتہ ہی ہو گا اس نے اب لہور میں پریکٹس شروع کر دی ہے۔"

"میں نوں اس کا پتہ ہے۔ جیلہ ہی نے بتایا تھا۔"

"وہ ایسا ہوا جی' میں نے وکیل کا بورڈ دیکھا تو اس کے دفتر میں چلا گیا۔ کام تو اس سے کچھ تھا نہیں۔ سوچا سلام دعا کر لوں۔ اس سے میل ملاپ رکھنا چاہیے۔ زمیں داری میں تو وکیل کی کبھی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔" نادر خاں سنبھل سنبھل کر بولتا رہا۔ "وکیل تو دفتر میں موجود نہ تھا پر اس کا منشی مل گیا۔ اس نے مجھے چائے بھی پلائی۔ باتوں باتوں میں اس سے پتہ چلا کہ زمیں دارنی

وکیل سے بیع نامہ تیار کرایا ہے۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "منشی سمجھا میں بیع نامے کے بارے میں دم کرنے آیا ہوں۔ اس نے یہ تو بتا دیا کہ بیع نامہ تیار ہو گیا ہے پر اس کے بارے میں اور کچھ نہ ۔ میں نے بہت کوشش کی پر وہ کچھ بتانے پر آمادہ نہ ہوا۔"

"ایسی بات تھی تو مجھے فوراً بتانا چاہیے تھا۔"

"میں نے سوچا جی' پہلے تصدیک ہو جائے تب ہی اس معاملے میں تجھ سے بات کروں۔" نادر نے وضاحت کی۔ "مان لے' میرا شبہ غلط ہوتا اور تو اس بارے میں زمیں دارنی سے بات لیتا۔ نتیجہ یہ نکلتا کہ میں بیچ میں مارا جاتا۔ زمیں دارنی مجھ سے ناراض ہو جاتی۔ وڈے لوکاں کے ڑے میں ہمیشہ چھوٹا ہی مارا جاتا ہے۔ برا نہ منانا چوہدری' میں اسی وجہ سے تجھ سے بات کرتے ے ہچکچا رہا تھا۔ میں چاہتا تھا' تجھ سے بات کروں تو پکی ہو۔ اس میں کوئی اگر مگر نہ ہو۔"

"تو نے تصدیک کیسے کی؟"

"اس بار جب میں لہور گیا تو وکیل کے دفتر بھی گیا۔" نادر خاں نے رحیم داد کو بتایا۔ "اتفاق سے اس بار بھی وکیل اپنے دفتر میں موجود نہ تھا۔ میں سیدھا منشی کے پاس پہنچا۔ اس سے ادھر ادھر کی باتیں کیں۔ گھما پھرا کر بیع نامے کے بارے میں پوچھا۔ پر وہ کھلا نہیں۔ شاید وکیل نے منع کر دیا ہو گا۔" وہ بے تکلفی سے مسکرایا۔ "تب میں نے جی سدھی سدھی ترکیب نمبر ۱۳ استعمال کی۔ دس ں کے دو نوٹ اس کے ہاتھ پر رکھے۔ فیر تو جی اس نے مجھے سب کچھ بتا دیا۔ بیع نامہ بھی دکھا یا۔"

رحیم داد نے پریشان ہو کر بولا۔ "اب تو کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں رہی۔"

"ہاں جی' اب تو سب کچھ کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ ۲۰ روپے میں نے زمیں دارنی کی رکم میں سے دیئے ہیں۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کے ٹین کے ٹرنک کی جانب دیکھا۔ "چوہدری! تو وڈا زمیں ار ہے۔ تیں نوں یہ ٹرنک لے کر سفر نہیں کرنا چاہئے۔ یہ تجھے زیب نہیں دیتا۔ میں تیرے لیے ہنڑے کا ایک سوٹ کیس بھی خرید کر لایا ہوں۔ بہت عمدہ ہے۔ ۵۰ روپے میں ملا ہے۔ اب سفر پر سے ہی لے جانا۔ ٹین کا ٹرنک تیری شان کے خلاف لگتا ہے۔"

رحیم داد خاموشی سے اٹھا۔ ٹرنک کا تالا کھولا۔ سو روپے نکالے۔ اٹھ کر نادر خاں کے پاس گیا اور روپے اس کے ہاتھ پر رکھ کر بولا۔ "لے' یہ روپے رکھ لے۔"

"سوٹ کیس میرے پاس ہے۔ بعد میں تجھے پہنچا دوں گا۔"

"جب جی چاہے پہنچا دینا۔" رحیم داد نے بے نیازی سے کہا۔ "تو مجھے ٹھیک ٹھیک بتا۔ وکیل کے

منشی سے تیری کیا کیا گل بات ہوئی؟ تو نے مجھے الجھن میں ڈال دیا ہے۔"

"پریشانی کی تو جی بات ہی ہے۔" نادر نے نوٹ کوٹ کی جیب میں رکھتے ہوئے کہا۔ "منشی نے مجھے بتایا کہ کوٹلہ ہرکشن میں زمیں دارنی کی جو اراضی ہے' اس کا سودا پکا ہو چکا ہے۔ وکیل نے بیع نامہ اور دوسری ضروری دستاویزات بھی تیار کر لی ہیں۔ اس نے مجھے سارے ہی کاغذات دکھا دیئے۔"

"یہ تو نے بہت بری خبر سنائی۔" رحیم داد نے کرسی کھسکا کر نادر کے قریب کر لی۔ "یہ بتا' اب کیا کیا جائے۔ اپنا تو مغز بالکل کام نہیں کرتا۔ سمجھ نہیں آتی کیا کروں۔"

"فکر نہ کر چوہدری' ابھی بہت کچھ کیا جا سکتا ہے۔" نادر خاں نے بڑے اعتماد سے کہا۔ "تیرا حکم ہونا چاہیے' سب ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا۔ میں تیرا بندہ ہوں۔ سب کچھ کرنے کو تیار ہوں۔"

"مجھے' تجھ سے ایسی ہی امید ہے۔" رحیم داد دفعتاً جذباتی ہو گیا۔ اس نے اپنے دونوں ہاتھوں میں نادر خاں کا ہاتھ پکڑ کر گرم جوشی سے دبایا۔ "تیرا دل بہت وڈا ہے۔ نادر! میں نے سوچا بھی نہ تھا تو میرا اتنا وفادار ہے۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "سچ کہتا ہوں' میں نے تجھے اب تک اتنا چنگا اور وفادار بندہ نہیں سمجھا تھا۔"

"چوہدری! جب تو نے مجھے اپنا وفادار بندہ کہا ہے تو اب میرا بھی فرض ہے کہ تجھے یہ بتا دوں کہ زمیں دارنی سے نکاح کرنے کا خیال دل سے نکال دے۔ وہ کبھی تیری نہیں بن سکتی۔" نادر خاں نے اپنی بات پر زور دے کر کہا۔ "وہ لہور جاتی ہے تو جانے دے۔ پر اس کی اراضی نہیں جانی چاہیے۔"

"جب تک جمیلہ سے نکاح نہ ہو اور دونوں بچے میرے پاس نہ ہوں تب تک اراضی کیسے مل سکتی ہے۔" رحیم داد نے اپنی سمجھ کے مطابق مسئلہ کا قانونی پہلو پیش کیا۔ "تو ٹھیک کہتا ہے۔ اراضی کسی طرح نہیں جانی چاہیے۔ نکاح کے بعد وہ میرے کہنے میں آجائے گی۔ شاہ جی کا بھی یہی خیال ہے۔"

"شاہ جی بھی ٹھیک ہی کہتا ہے۔ ہونا تو یہی چاہیے۔"

"میں تو کہتا ہوں نادر' ساری گل بات شاہ جی کو فوراً بتا دینی چاہیے۔" رحیم داد نے نادر کا عندیہ معلوم کرنے کی غرض سے کہا۔ "تو کیا کہتا ہے؟ میرا تو خیال ہے وہ بالکل ٹھیک مشورہ دے سکتا ہے۔ ایسے معاملات کو وہ ٹھیک طرح سمجھتا ہے۔ وہ بہت ہوشیار اور تجربہ کار بندہ ہے۔"

"تب تو شاہ جی سے جلد ہی ملنے اور بات کرنے کی ضرورت ہے۔" نادر خاں نے اس کی رائے

سے اتفاق کیا۔ "اب تو فوری کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔ اس میں دیر نہیں ہونی چاہیے۔"

"نادر! ایسا کر۔ تو کل سویرے شاہ جی کے پاس چلا جا۔"

"چوہدری' مجھے اس وکت شاہ جی کے پاس نہ بھیج۔ زمیں دارنی کو فوراً میرے بارے میں۔ شبہ ہو جائے گا۔ ابھی تک اسے پتہ نہیں کہ میرا شاہ جی سے میل ملاپ ہے۔ تجھے تو خود ہی شاہ جی کے پاس جانا ہو گا۔"

"جمیلہ کو شبہ تو میرے بارے میں بھی ہو سکتا ہے۔" رحیم داد نے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔

"میں اسے کہہ دوں گا' چوہدری کا ویاہ کے شور شرابے سے دل گھبرا رہا تھا۔ وہ اپنے کسی یار دوست سے ملنے ملتان گیا ہے۔" نادر خاں نے مشورہ دیا۔ "ویسے اسے شبہ ہو بھی جائے تو کیا ہو گا۔ وہ تو اپنی کارروائی سمجھو پوری کر ہی چکی ہے۔ اب تو تیں نوں کچھ نہ کچھ کرنا ہو گا اور پھیتی نال کرنا ہو گا۔ میں تو کہتا ہوں تو کل ہی صبح شاہ جی کے پاس چلا جا۔"

نادر خاں اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔ "کہاں چلا نادر؟"

"چوہدری' مجھے اب جانے دے۔ زمیں دارنی میرا انتظار کرتی ہو گی۔"

نادر خان چلا گیا۔ رحیم داد سخت ذہنی خلفشار میں مبتلا تھا۔ وہ بے چینی کے عالم میں آہستہ آہستہ کمرے میں ٹہلنے لگا۔ اس رات بھی وہ دیر تک جاگتا رہا۔

☆

جنوری کا مہینہ ختم ہو رہا تھا۔ مگر سردی میں کمی نہ آئی تھی بلکہ کچھ بڑھ ہی گئی تھی۔ دن چڑھ چکا تھا۔ سرما کی ہلکی ہلکی دھوپ ہر طرف پھیلی ہوئی تھی۔ رحیم داد ناشتا کرنے کے بعد صحن میں آگیا تھا اور کرسی پر دھوپ میں بیٹھا تھا۔ وہ پریشانی میں مبتلا تھا۔ اسے رہ رہ کر نادر کی باتیں یاد آرہی تھیں۔ وہ احسان علی شاہ کے پاس جانے اور اس سے ملنے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔

رحیم داد کو صحن میں پہنچے زیادہ دیر نہ گزری تھی کہ جمیلہ زینے سے اتری۔ اس نے رحیم داد کو دھوپ میں بیٹھے ہوئے دیکھا۔ وہ تاجاں کے پاس جانے کے لیے نکلی تھی۔ مگر کچھ سوچ کر اس نے تاجاں کے پاس جانے کا ارادہ ترک کر دیا۔ مڑی اور رحیم داد کی جانب بڑھی۔

وہ آہستہ آہستہ چلتی ہوئی اس کے قریب پہنچ گئی۔ نوکر نے فوراً اس کے لیے کرسی لا کر رکھ دی۔

جمیلہ نے کرسی پر بیٹھتے ہوئے پوچھا۔ "چوہدری تو کچھ پریشان پریشان دکھائی دے رہا ہے۔ طبیعت تو ٹھیک ہے ناں؟" جمیلہ کے رویئے میں پہلی سی ہم دردی اور لگاؤ تھا۔ رحیم داد نے اسے محسوس کیا' نرم لہجے میں گویا ہوا۔ "زمین دارنی طبیعت ویسے ٹھیک ہی ٹھاک ہے۔ پر خالی بیٹھے بیٹھے

دل گھبراتا ہے۔ کوئی کام کاج تو کرنے کو ہے نہیں۔"

"وڈا زمین دار بن نے میں یہی تو کٹھنائی ہے۔" وہ مسکرا کر بولی۔ "تو نے اوپر سے منیجر بھی لگا رکھا ہے۔ تیرے لیے اب کرنے کو رہ کیا گیا ہے۔ اسی کارن تو جاگیردار اور وڈے زمین دار رسہ گیری کا دھندا کرتے ہیں۔ مزاروں کی جوان گھر والیوں اور کڑیوں کو اٹھوا لیتے ہیں۔" وہ بے تکلفی سے کھلکھلا کر ہنسی۔ "پنڈ میں من نہیں لگتا تو لہور یا کسی دوسرے شہر میں کوٹھیاں اور بنگلے بنواتے ہیں۔ مینجر اور منشی زمین داری چلاتے ہیں اور وہ عیش کرتے ہیں۔ شراب اور دارو پیتے ہیں۔ نت نئے ویاہ رچاتے ہیں۔ ڈرائنگ روموں میں بیٹھ کر سیاست لڑاتے ہیں۔ من بہلانے کے لیے کوئی تو شغل ہونا چاہئے۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "اور سیاست کے مشغلے میں تو فائدہ ہی فائدہ ہے۔ جاگیر اور زمین داری کم ہونے کی بجائے بڑھتی ہی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ عیش کرنے کے لیے آمدنی بھی بڑھتی جاتی ہے۔" رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "تو بھی تو لہور جانا چاہتی ہے۔"

"میں نے کون سی سیاست لڑانی ہے۔" جمیلہ نے فوراً صفائی پیش کی۔ "میں تو گڈو اور نینا کی پڑھائی کے لیے لہور جانا چاہتی تھی۔ سوچا تھا وہاں کسی اسکول میں نوکری کرلوں گی۔ میری آشا ایم۔اے کرنے کی ہے۔"

"زمین دارنی اتنا تو نے پڑھ لیا' اب اور پڑھ کر کیا کرے گی؟" رحیم داد نے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔ "تو اپنے اسکول کو سرکاری بنانے کی کوشش کررہی تھی۔ چلی گئی تو کیا بنے گا؟"

"یہی سوچ کر تو میں نے لہور جانے کا ارادہ چھوڑ دیا۔ تجھے تو پہلے ہی بتا چکی ہوں۔" جمیلہ کا لہجہ سنجیدہ ہوگیا۔ "اسکول کا معاملہ ٹھیک ہوجائے تو میں ڈسپنسری بنانے کا کام شروع کردوں گی۔ تجھے تو پتہ ہی ہے میں ڈسپنسری کیوں بنانا چاہتی ہوں۔"

"وہی ڈاکٹر ویرندر والی گل ہے ناں؟" رحیم داد نے قیاس آرائی کی۔ "لگتا ہے تو ابھی تک اسے بھولی نہیں۔"

"بہت سی یادیں ایسی ہوتی ہیں جو کبھی بھولنے والی نہیں ہوتیں۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ اس کے چہرے پر دکھ کا سایہ پھیل گیا۔ "اس کی تو بات ہی اور ہے۔ میں تو اللہ وسایا کو بھی نہیں بھول سکی۔ جب تک اس کے دونوں بچے موجود ہیں' میں اسے کیسے بھول سکتی ہوں؟"

"کیا کیا جائے زمین دارنی رب کی یہی مرضی تھی۔" رحیم داد نے اظہار ہم دردی کرتے ہوئے کہا۔ "اس کے نصیب میں یہی لکھا تھا۔"

"اللہ وسایا نے تو کسی کی ہتیا نہیں کی تھی پر اسے قتل کردیا گیا۔" جمیلہ نے رقت انگیز لہجے میں

کہا۔ "جیرا نے اپنی گھر والی لاڈو کے ساتھ اس کے یار سلیم کا بھی خون کردیا۔ اب پولیس ریمانڈ پر حوالات میں پڑا ہے۔ منتیں کرتا ہے' پچھتاتا ہے۔"

"تجھے کیسے پتہ چلا جیرا پچھتاتا ہے۔" رحیم داد نے استفسار کیا۔ "وہ تو خود ہی تھانے گیا تھا۔ تو نے روکا تو تیری بات بھی نہ سنی۔"

"اس سے تو اس کے سر پر خون سوار تھا۔ وہ اپنے ہوش ہی میں کب تھا۔" جمیلہ نے رحیم داد کو بتایا۔ "پچھلے دنوں اس کا پیو دین محمد آیا تھا۔ روتا تھا' جیرا کا حال بتاتا تھا۔ جوان پتر ہے۔ اسے تو دکھی ہونا ہی چاہئے۔ اس کی تو جیون بھر کی کمائی ہے۔" اس نے اپنی شال اتار کر زانو پر رکھ لی۔ اس کا گلابی چہرہ دھوپ کی تمازت سے تمتما رہا تھا۔ پیشانی پر پسینے کے ننھے ننھے قطرے جھلملا رہے تھے۔

"دین محمد اب کیا چاہتا ہے؟"

"جیرا کی ضمانت کرانا چاہتا ہے۔ وکیل کھڑا کرکے کیس لڑانا چاہتا ہے۔ اسی کارن میرے پاس آیا تھا۔ اسی کے لیے میں نے اپنے وکیل عثمان اندھاوا کو بلایا تھا۔"

رحیم داد اس کی بات سن کر مخمصے میں پڑگیا۔ جمیلہ کی باتوں سے یہی اندازہ ہوتا تھا کہ اس کا لاہور جانے کا کوئی ارادہ نہیں۔ اس نے وکیل کو بھی کسی پیغام نامے کی تیاری کے لیے نہیں بلکہ جیرا کے مقدمے کی پیروی کی خاطر بلایا تھا۔ مگر نادر خاں کا بیان قطعی مختلف تھا۔ اس نے وکیل کے منشی سے جو کچھ سنا تھا اور جو دستاویزات اپنی آنکھوں سے دیکھی تھیں وہ ساری ہی تفصیلات نہ صرف بے حد پریشان کن تھیں بلکہ اس سلسلے میں جلد سے جلد قدم اٹھانے کی ضرورت تھی۔ جمیلہ اور نادر خان میں سے کون سچا تھا اور کون جھوٹا' کس کا بیان درست تھا اور کس کا غلط؟ رحیم داد کے لیے یہ فیصلہ کرنا مشکل تھا۔ اس معاملے میں احسان شاہ ہی اس کی رہنمائی کرسکتا تھا۔ وہ پرانا گھاگ اور جہاں دیدہ تھا۔ وہ رحیم داد کی رہنمائی اور مدد کرنے کی پوری صلاحیت رکھتا تھا۔

رحیم داد کو گم صم دیکھ کر جمیلہ نے پوچھا۔ "چوہدری! کس سوچ میں پڑگیا؟"

"سوچ رہا تھا کچھ دنوں کے لیے ملتان چلا جاؤں۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "ادھر میرا ایک پرانا ملنے والا ہے۔ اس کے ساتھ اچھا وکت گزر جاتا ہے۔"

"تجھ پر کسی نئی الاٹمنٹ کی دھن تو سوار نہیں ہوگئی؟" وہ ہنس کر بولی۔

"نہیں' زمین دارنی ایسی کوئی گل بات نہیں۔" اس نے جمیلہ کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "یہاں دل گھبراتا ہے۔ اس کے پاس گیا تو شکار کھیلوں گا۔ تیں نوں تو پتہ نہیں' پہلے میں شکار کا بہت رسیا تھا۔ پچھلے دنوں جب ملتان اور بھکر میں تھا تو زیادہ دن شکار کھیلنے ہی میں گزرے۔"

"میری آشا ہے کہ تاجاں کی جنج چڑھے تو اس کے سسرال والوں کا تو سواگت کرے۔ تیرے سوا ادھر کون ایسا ہے؟" جمیلہ نے نرمی سے کہا۔ "بلاوے کے سے تو تیرا موجود ہونا بہت ضروری ہے۔ تو تاجاں کے سر پر پیار سے ہاتھ پھیرے گا' اسے بدا کرے گا۔ وہ تو اپنے پنڈ ہی کی نہیں اس گھر کی بیٹی ہے۔" اس کا لہجہ معاً" غم ناک ہو گیا۔ "اس بے چاری کا تو نہ پیئو ہے نہ بھرا۔ ایسے میں تیرا ادھر ہونا بہت ضروری ہے۔ آگے تیری مرضی۔" اس نے گلہ کیا۔ "جو من کرے ویسا کر۔ میں کیا کہہ سکتی ہوں۔"

"فکر نہ کر زمین دارنی' میں جنج پہنچنے سے پہلے ہی واپس آجاؤں گا۔" رحیم داد نے جمیلہ کو باور کرانے کی کوشش کی۔ "ویسے جنج کے آنے میں تو ابھی ہفتے بھر سے زیادہ رہتا ہے۔ ابھی تو زنانیوں کی شورا شوری ہے۔ میں تو ادھر رہ کر ابھی کچھ نہیں کر سکتا۔" وہ کھل کر مسکرایا۔ "ویسے تو جو موجود ہے فیر فکر کاہے کی۔"

"جانا چاہتا ہے تو چلا جا۔" جمیلہ نے اسے روکنے پر زیادہ اصرار نہ کیا۔ "پر جنج آنے سے پہلے ضرور آجانا۔ ورنہ مجھے دکھ ہوگا۔"

"کیسی گل بات کر رہی ہے زمین دارنی۔ تجھے دکھ پہنچانے کی تو میں سوچ بھی نہیں سکتا۔" اس نے کسی قدر جوش و خروش کا اظہار کیا۔ "جیسا تو کہہ رہی ہے بالکل ویسا ہی کروں گا۔ تو بالکل فکر نہ کر۔" رحیم داد نے اپنی بات ختم ہی کی تھی کہ جنت آگئی۔

جنت نے قریب پہنچ کر رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری! تو نے زمین دارنی کو ادھر باتوں میں لگا رکھا ہے۔ ادھر سب ہی اس کا انتظار کر رہے ہیں۔ تاجاں تو بار بار پوچھ رہی ہے۔" رحیم داد خاموش رہا۔ جمیلہ اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ اس نے شال اوڑھی اور جنت کے ہم راہ چلی گئی۔

رحیم داد بھی زیادہ دیر صحن میں نہ ٹھہرا۔ اٹھ کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔ نادر خان کے لائے ہوئے سوٹ کیس میں اس نے کپڑے اور سفر کا ضروری سامان رکھا۔ تانگا بلوایا' حویلی سے باہر نکلا۔ تانگے میں سوار ہوا اور احسان شاہ کے گاؤں پیراں والہ جانے کے لیے لاری اسٹینڈ کی جانب روانہ ہو گیا۔ مگر جب وہ کوٹلہ ہرکشن کی حدود سے باہر نکل رہا تھا تو اس نے دیکھا' دینا سامنے سے آرہا ہے۔ اسے دیکھتے ہی رحیم داد گھبرا گیا۔ لیکن دینا اسے دیکھ نہ سکا۔

۳۳

آتش دان میں انگارے دہک رہے تھے۔ ان کی گہری سرخ روشنی کمرے میں پھیلی تھی۔ باہر سرد ہوا درختوں میں پھڑپھڑا رہی تھی۔ رات ٹھنڈی اور سنسان تھی۔ رحیم داد اور احسان شاہ آتش دان کے قریب آمنے سامنے بیٹھے تھے۔ بیچ میں میز تھی۔ میز پر گلاس تھے' وہسکی کی بوتل تھی اور پانی سے بھرا ہوا شیشے کا جگ تھا۔

احسان شاہ کے بشرے سے غور و فکر کے تاثرات عیاں تھے۔ اس نے گلاس اٹھا کر ہونٹوں سے لگایا اور وہسکی کا گھونٹ بھر کے رحیم داد سے مخاطب ہوا۔ "چوہدری! اس کا مطلب یہ ہوا کہ جمیلہ ساری تیاریاں کر چکی ہے۔ اس نے اپنی زمین کا سودا کیا۔ وکیل سے بیع نامہ بھی کرا لیا۔ وہ لہور جا رہی ہے۔ اور وکیل کی معرفت اس نے وہاں مکان بھی کرائے پر لے لیا ہے۔ نادر خاں نے تجھے یہی بتایا ہے نا؟" اس نے رحیم داد کے چہرے کو غور سے دیکھا۔ "تو نے جمیلہ سے بھی ٹوہ لگانے کی کوشش کی تھی۔ وہ کیا کہتی ہے؟"

"جمیلہ سے میری بات چیت ہوئی تھی۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "اس کی باتوں سے تو کچھ پتہ نہیں چلتا۔ بلکہ ایسا لگتا ہے کہ نہ تو وہ زمین بیچنے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے اور نہ ہی لہور جا رہی ہے۔"

"تو نے کیسے یہ اندازہ لگایا؟"

"بات یہ ہے شاہ جی' وہ تو اپنے سکول کو سرکاری بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس کام کے لیے وہ پچھلے دنوں منٹگمری میں ڈپٹی کمشنر سے بھی ملی تھی۔ کہتی تھی اس نے مدد کرنے کا وعدہ کیا ہے۔"

رحیم داد مزید بتانا چاہتا تھا مگر احسان شاہ نے اسے آگے بولنے نہ دیا۔ "سکول تو سرکاری بنتا بناتا

نہیں۔" اس کے لہجے میں جھنجلاہٹ اور تلخی تھی۔ "اور نہ ہی تو بننے دینا۔ اس چکر میں ہرگز ہرگز نہ پڑنا۔ تو نے یہ بھی سوچا۔ مزارعوں اور کمیوں کے منڈے پڑھ لکھ گئے تو میرے اور تیرے پتر کیا کریں گے؟ میں اس بارے میں پہلے بھی تجھ سے کہہ چکا ہوں۔ لگتا ہے تو نے میری بات پر پوری توجہ ہی نہیں دی۔"

"ایسی گل بات نہیں۔ میں تو تجھے یہ بتا رہا تھا جیلہ آج کل کیا کر رہی ہے اور کس انداز سے سوچ رہی ہے؟" رحیم داد نے احسان شاہ کو مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "تو ٹھیک ہی کہہ رہا ہے اور جیسا تو کہہ رہا ہے' میں ویسا ہی کروں گا۔" اس نے بات کا رخ بدلا۔ "شاہ جی! سکول کا چکر تو آگے کی گل ہے۔ یہ بتا میں نے اب کیا کرنا چاہیے؟ اپنی سمجھ کام نہیں کرتی۔ نادر کچھ بتاتا ہے۔ جیلہ کی باتوں سے کچھ اور ہی پتہ چلتا ہے۔ میں تو تیرے پاس آیا ہی اس لیے ہوں کہ تو ٹھیک ٹھیک بتا۔"

"نادر خاں تجھ سے غلط بات نہیں کہہ سکتا۔ یہ تو مجھے پکا یکین ہے۔"

"میں یہ نہیں کہتا نادر نے مجھ سے جھوٹ بولا۔ پر یہ بھی تو ہو سکتا ہے وکیل کے منشی ہی نے نادر سے غلط بات کہی ہو۔ یہ میں نے اس لیے سوچا کہ جیلہ کو زمین بیچ کر لہور جانا ہوتا تو وہ اپنے سکول کو سرکاری بنانے کے چکر میں کیوں پڑتی؟ جب اسے کوٹلہ ہرکشن میں رہنا ہی نہیں تو سکول سرکاری بنے یا نہ بنے' رہے نہ رہے' اسے کیا لینا۔" رحیم داد نے اپنے موقف کی تائید میں دلیل پیش کی۔ "پچھلے دنوں جیلہ نے لہور جانا تھا۔ تب اس نے مجھے صاف صاف بتا دیا تھا اور میں اسے سنتے ہی گھبرا کر سیدھا تیرے پاس آیا تھا۔ پر تو ان دنوں یہاں موجود نہیں تھا۔ اپنا مراد خاں شاہانی ادھر ہی مل گیا تھا۔ میں اس کے ساتھ بھکر چلا گیا۔ اس کے بعد سے اب تجھ سے مل رہا ہوں۔"

احسان شاہ مخمصے میں پڑ گیا۔ ذرا دیر تک نظریں جھکائے سوچتا رہا۔ پھر اس نے نظریں اٹھا کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "چوہدری' یہ بتا جیلہ کا تیرے ساتھ برتاؤ کیسا ہے؟"

"ٹھیک ٹھاک ہی ہے۔" رحیم داد نے جواب دیا۔ "پہلے تو سخت ناراض تھی اور اتنی ناراض تھی کہ پنڈ چھوڑ کر اپنے بچوں کے ساتھ لہور جانے کو کہتی تھی۔" اس نے گلاس اٹھا کر گھونٹ بھرا۔ "تجھے تو پتہ ہی ہے کہ جیلہ سے چھپ کر تیرے پاس آتا ہوں اور ہر بار کوئی نہ کوئی بہانہ بنا کر آتا ہوں' پر اسے پتہ چل گیا۔ جیسے ہی اسے پتہ چلا' یک دم بپھر گئی۔ بات چیت کرنی چھوڑ دی۔ پر جب میں بھکر چلا گیا تو اس کا غصہ ختم ہو گیا۔ ویسے سچ پوچھ تو نادر اور اس کی گھر والی جنت نے جیلہ کا غصہ ٹھنڈا کرنے میں زبردست کام کیا۔"

"نادر بہت ہوشیار بندہ ہے۔ میں نے خوب سوچ سمجھ کر اسے تیرے پاس لگایا ہے۔ آگے بھی تیرے بہت کام آئے گا۔ وہ بہت وفادار ہے۔ اسی لیے میں کہتا ہوں' نادر تجھ سے غلط گل نہیں کہہ سکتا۔" اس نے مڑ کر رحیم داد کی جانب بھرپور نظروں سے دیکھا۔ "چوہدری! تو نے یہ بھی تو کہا تھا' زمین کی بیع کے کاغذات اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔"

"کہتا تو وہ یہی تھا۔" رحیم داد نے اعتراف کیا۔

"تب تو کچھ نہ کچھ بات ضرور ہے۔" احسان شاہ آہستہ آہستہ گردن ہلانے لگا۔ "تجھے جیلہ کی باتوں پر اعتبار ہو تو ہو پر مجھے بالکل نہیں۔ وہ پڑھی لکھی ہے۔ بہت تیز اور چالاک ہے۔ اپنے دل کی بات تجھے ہرگز نہیں بتائے گی۔"

رحیم داد نے احسان شاہ سے اختلاف نہیں کیا۔ "تو نے ٹھیک ہی سوچا۔ اس کے بارے میں شبہ تو مجھے بھی ہے' تبھی تو تیرے پاس مشورہ کرنے آیا ہوں۔ یہ بتا اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟"

"میں کل سویرے لہور جا رہا ہوں۔ میرا مینیجر' مہربان علی بھی ساتھ ہی ہو گا۔ وہ نادر سے بھی زیادہ ہوشیار بندہ ہے۔ میں اسے لگا دوں گا۔ وہ اپنے طور پر سب پتہ چلا لے گا۔" احسان شاہ نے رحیم داد کو اطمینان دلایا۔ "تجھے زیادہ پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ میں شام ہی کو لوٹ آؤں گا۔ تب تک تو صبر کر۔ جیلہ نے آگے کے لیے جو بھی منصوبے بنا رکھے ہیں' سب کا سراغ مل جائے گا۔"

"یہ بالکل ٹھیک رہے گا۔" رحیم داد مطمئن ہو کے بولا۔

احسان شاہ خاموش ہو گیا اور گلاس اٹھا کر وہسکی کی چسکی لگاتا رہا۔ چپ دیکھ کے رحیم داد اپنی بے چینی کا اظہار کیے بغیر نہ رہ سکا۔ "شاہ جی' کیا سوچ رہا ہے۔ کوئی خاص گل ہے؟"

"خاص گل تو نہیں۔ پر مجھے' تجھ سے سخت گلہ ہے۔" احسان شاہ نے رحیم داد کو تیکھی نظروں سے دیکھا۔

"مجھ سے گلہ ہے؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔

"تو نے زینت کو اپنی حویلی میں کیوں چھپا کر رکھا؟" احسان شاہ نے تلخی سے کہا۔ "میں نوں پتہ ہے' وہ میرے کوٹ سے فرار ہو کر تیرے پنڈ پہنچی تھی۔ تو نے اسے میرے پاس پہنچانے کی بجائے پناہ دے کر اپنے پاس ٹھیرا لیا۔"

"وہ تو ان دنوں حویلی میں پہنچی جب میں پنڈ میں تھا ہی نہیں۔ مراد خاں شاہانی کے پاس بھکر میں تھا۔ شاہانی سے پوچھ لے۔ زینت کو تو جیلہ نے پناہ دی تھی۔ مجھے تو واپسی پر اس کے بارے میں پتہ

چلا۔" رحیم داد نے باور کرانے کی کوشش کی۔ "شاہ جی میں تجھ سے غلط نہیں کہہ رہا ہوں۔ وہ
بھی میں نے زینت سے کیا لینا ہے۔"

احسان شاہ نے پوچھا۔ "اب زینت کہاں ہے؟" اس کے رویئے سے صاف عیاں تھا کہ وہ رحیم
داد کی صفائی سے مطمئن ہو گیا ہے۔

"وہ جلیل کے ساتھ دیپال پور چلی گئی۔ یہ تو تجھے پتہ ہی ہو گا جلیل اس کا گھر والا ہے۔ تیرے
پاس تو وہ آیا بھی تھا۔"

"آیا تو تھا۔ تھانے دار زماں خاں کا خط لے کر آیا تھا۔ زینت اپنے گھر والے کے ساتھ چلی گئی
چلو یہ بھی ٹھیک ہی ہوا۔ تھی بھی ایک دم ٹھنڈی۔ پتھر کی طرح بے جان۔ ہر دم روتی ہی رہا
تھی۔"

"شاہ جی' میرا کہا مان' ایسی زنانی اپنے کوٹ میں نہ رکھا کر۔"

"ویسے تو عام طور پر ہر زنانی جب نئی نئی آتی ہے تو ایسے ہی نخرے بھاتی ہے۔ بعد میں سب
راضی خوشی ہو جاتی ہیں۔" احسان شاہ نے قہقہہ لگایا۔ "پر اب تو میں نے کوٹ کا بہت سا کوڑا
کرکٹ صاف کر دیا۔ جو بھی مزارع اپنی گھر والی لینے آیا اس سے سودا طے کیا' رکم وصول کی اور
اس کا بازو اسے واپس دے دیا۔"

"تو سچ کہہ رہا ہے شاہ جی؟" رحیم داد نے یقین نہ آنے کے انداز میں حیرت سے کہا۔ "پر تو نے
ایسا کیوں کیا؟"

"چوہدری' بات سچی یہ ہے۔ کئی کئی سال سے کوٹ میں پڑی تھیں۔ ان پر خرچ بھی بہت آ
تھا۔ ادھر مجھے روپے کی سخت ضرورت بھی پڑ گئی۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "زمین خریدنے کا ارادہ ہے؟"

"زمین تو اپنے پاس پہلے ہی بہت ہے۔ لہور میں کوٹھی خریدی ہے۔ اگلے مہینے لندن سے میرا بیٹا
رحمان شاہ آ رہا ہے۔" اس کے چہرے پر خوشی سے سرخی بکھر گئی' آنکھیں جگ مگانے لگیں۔
"بیرسٹرین گیا ہے۔ لہور ہی میں رہے گا۔"

"ادھر کیوں رہے گا؟" رحیم داد کے انداز میں استعجاب تھا۔

"اسے وہاں پریکٹس جو کرنی ہے۔ اب مجھے اپنے مقدموں کے لیے وکیلوں کے نخرے نہیں
اٹھانے پڑیں گے۔" احسان شاہ مسکراتے ہوئے گویا ہوا۔ "ویسے میں اسے سیاست میں بھی لانا
چاہتا ہوں۔ اس کا بھی ایسا ہی ارادہ ہے۔ چوہدری! سچ پوچھ تو سارے ہی سیاسی لیڈر عام طور پر

وکیل یا بیرسٹر ہی ہوتے ہیں۔ انہیں کسی کی نوکری چاکری تو کرنی نہیں ہوتی' اپنی مرضی کے مالک
ہوتے ہیں۔ یہ وکالت اور بیرسٹری بھی بہت آزاد پیشہ ہے۔"

رحیم داد کو نہ سیاست سے دلچسپی تھی' نہ وکالت سے اور نہ ہی وکالت کے پیشے کی آزادی سے۔
اس نے کسی رد عمل کا اظہار نہ کیا اور روکھی سے شغل کرتا رہا۔ دونوں ہی خاموش تھے۔

کچھ دیر بعد احسان شاہ معذرت خواہانہ انداز میں بولا۔ "معاف کرنا چوہدری' میں آج تیرے
ساتھ زیادہ دیر نہیں بیٹھوں گا۔"

"کیوں شاہ جی؟" رحیم داد تجسس سے بولا۔ "بات کیا ہے؟ ابھی رات تو اتنی زیادہ نہیں
ہوئی۔"

"گل ایہہ اے جی۔" احسان شاہ مسکرا کے بولا۔ "میں نے آج اندر حویلی میں اپنی چھوٹی گھر
والی کے ساتھ روٹی کھانی ہے۔ وہ تین مہینے سے اوپر میکے میں رہ کر ملتان سے سویرے ہی آئی ہے۔"

"چلا جانا۔ ابھی تو رات شروع ہوئی ہے۔"

"نہیں' اب مجھے جانے دے۔" وہ کھل کھلا کر ہنسا۔ "شام ہی کو اس نے مجھے کہہ دیا تھا' انتظار
کر رہی ہو گی۔ وڈے گھر کی ہے۔ نخرے بھی اس کے اتنے ہی وڈے اور اونچے ہیں۔"

"جیسی تیری مرضی۔" رحیم داد نے مزید اصرار نہ کیا۔ اس نے اپنا گلاس اٹھایا' ہونٹوں سے
لگایا اور غٹاغٹ چڑھا گیا۔

☆

رحیم داد گرم کمرے میں تنہا بیٹھا تھا۔ قاب سے تلے ہوئے مرغ کا گوشت نوچ نوچ کر کھاتا رہا۔
کمرے میں خاموشی چھائی تھی۔ باہر ہوا فراٹے بھرتی ہوئی چل رہی تھی۔ پہر رات گزر گئی۔ رحیم
داد ترنگ میں تھا اور اپنے کمرے میں جانے کا ارادہ کر ہی رہا تھا کہ آہستہ سے دروازہ کھلا۔ رحیم داد
نے مڑ کے دیکھا' رحمتے دروازہ کھول کر اندر داخل ہو رہی ہے۔ وہ ہولے ہولے چلتی ہوئی آتش
دان کے قریب پہنچی اور سر جھکا کر کھڑی ہو گئی۔ وہ دھسا اوڑھے ہوئے تھی۔ اس کے باوجود سردی
سے کپکپا رہی تھی۔ اس نے اپنا بدن قدرے ترچھا کیا اور دونوں ہاتھ دہکتے ہوئے انگاروں پر پھیلا
دیئے۔

"آج سردی بہت زبردست ہے۔" خاموشی میں رحمتے کی آواز ابھری۔

رحیم داد نے نظریں اٹھا کے رحمتے کو دیکھا۔ اس کا سانولا چہرہ انگاروں کی سرخ روشنی میں تانبے
کے مانند دمک رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں کاجل تھا۔ تیل سے سر کے بال چمک رہے تھے۔ وہ سرخ

کنارے کا سبز لاچا باندھے ہوئے تھی اور نیچی نظروں سے آتش دان میں دہکتے ہوئے لال لال انگارے دیکھ رہی تھی۔ رحیم داد مسکرا کر بولا۔ "رحمتے کیہ حال اے؟ آج بہت مست لگ رہی ہے۔"

رحیم داد کی جانب نظریں اٹھائے بغیر وہ بولی۔ "آج میرا جی ٹھیک نہیں ہے۔"

"فیر کیوں چلی آئی؟" رحیم داد جھوم کر ہنسا۔ "رحمتے! لگتا ہے' اب تو بوڑھی ہو گئی ہے۔"

رحمتے نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "شاہ جی بھی یہی کہتا ہے۔"

رحیم داد نے رحمتے کو دیکھا۔ "مجھ سے بھی یہی کہہ رہا تھا۔"

"اب تو وہ ایسی ہی گلاں کرے گا۔" رحمتے تلملا گئی۔ "آٹھ سال پہلے جب میں اس حویلی میں آئی تھی تب ایسی نہیں تھی۔" اس کا چہرہ راکھ بن گیا۔ "ان دنوں تو شاہ جی بہت پیار جتاتا تھا۔ کہتا تھا' میں تیرے بناں نہیں رہ سکتا۔ تجھ سے ویاہ کرلوں گا۔ زمیں دارنی بنا کر رکھوں گا۔"

"ایسا ارادہ تھا تو اس نے تجھ سے ویاہ کیوں نہیں کیا؟ اسے کون روک سکتا تھا؟"

"روک تو نہ جب اسے کوئی سکتا تھا' نہ اب۔" رحمتے کے لہجے میں زیادہ تلخی پیدا ہو گئی۔ "چوہدری! سچی بات تو یہ ہے۔ وہ مجھ سے کیسے ویاہ کر سکتا تھا؟ میں کسی وڈے زمیں دار یا جاگیردار کی تو دھی ہوں نہیں۔ شاہ جی وڈا زمیں دار ہے اور وڈے زمیں دار کا ویاہ وڈے زمیں دار ہی کی دھی سے ہو سکتا ہے۔" وہ نظریں جھکا کے سرخ سرخ شعلے تکنے لگی۔ "میرا پیو تو کمی تھا۔ وہ کنوئیں سے ریت مٹی نکالنے والا ٹوبھا تھا۔ ٹوبھے کی کڑی وڈے زمیں دار کی گھر والی کیسے بن سکتی ہے؟ وہ تو صرف اس کا بستر ہی گرم کرنے کے کام آسکتی ہے۔"

رحیم داد کو پہلی بار اس حقیقت کا اندازہ ہوا کہ کوٹ کی قیدی عورتوں میں رحمتے جس قدر سفاک اور سخت گیر مشہور ہے' اندر سے ایسی ہے نہیں۔ یہ بھی غم زدہ اور زخم خوردہ ہے۔ رحیم داد نے رحمتے سے دریافت کیا۔

"شاہ جی نے تجھے بھی اٹھوایا ہو گا؟"

"نہیں جی! میں تو منٹگمری کے مہاجر کیمپ میں تھی۔" رحمتے نے بجھے ہوئے لہجے میں بتایا۔ "بالکل اکیلی اور بے سہارا۔"

"تیرا ادھر کوئی نہیں تھا؟" رحیم داد نے پوچھا۔ "تو مہاجر ہے ناں' پر تو پاکستان پہنچی کیسے؟"

"کیا کرے گا سن کر۔ اب تو یہ بہت پرانی گل ہو گئی۔" رحمتے آتش دان کے قریب فرش پر بیٹھ گئی۔ "میں توں اب تک یاد ہے۔ وہ جمعے کا دن تھا۔ شاہ جی رضاکاروں کے ساتھ کیمپ میں آیا۔ وہ

اجرین میں لنگر بانٹنے کے لیے دیگیں بھی اپنے ساتھ لایا تھا۔" رحمتے کے لبوں پر زہر خند نمودار ا۔ "رضاکار لنگر بانٹتے تھے اور شاہ جی لٹے پٹے بے سہارا اور بے گھر مہاجروں کے حوصلے بڑھاتا ا۔ آنکھوں میں آنسو لا کر بہت ہم دردی جتاتا تھا۔ میں اب تک اس کی وہ باتیں نہیں بھولی۔ کیسا ب اور بھلا بندہ لگتا تھا۔"

"پر تو کیسے شاہ جی کے ہتے چڑھ گئی؟"

"وہ ایسا ہوا جی۔ کیمپ سے واپسی پر شاہ جی اپنی حویلی میں کام کاج کے لیے تین پناہ گیر زنانیوں کو ی ساتھ لے گیا۔ دو کو تو اس نے خراب کر کے اپنے مزارعوں کے ہاتھ بیچ دیا۔ مجھے اپنے پاس رکھ یا۔ شاہ جی پیار جتاتا تو مست ہو کر کہتا تو ماجھے دی جٹی ہے۔" رحمتے نے شرم سے نظریں جھکالیں۔ ویسے جی! میں ماجھے ہی کی ہوں۔ فسادات ہوئے اور میرے پنڈ پر رات کے اندھیرے میں حملہ ہوا ں میں گھر سے نکل کر فصلوں میں چھپ گئی۔ بعد میں ایک کافلے کے ساتھ کسی نہ کسی طرح پاکستان نچ گئی۔" اس نے گردن کو خم دے کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔ "شاہ جی بتاتا تھا' تو بھی گورداس پور کا مہاجر ہے۔ اس نے تیرے بارے میں ٹھیک ہی بتایا ناں؟"

"شاہ جی نے ٹھیک کہا۔ میں بھی مہاجر ہوں۔" رحیم داد نے آہستہ سے گردن ہلائی۔ چند لمحے خاموش رہا' پھر اس نے اچانک بات کا رخ بدلتے ہوئے پوچھا۔ "تب تک تیرا ویاہ نہیں ہوا تھا؟"

"کیوں نہیں ہوا تھا۔ دو بچے بھی تھے۔" وہ نہایت اطمینان سے بولی۔ "میرا گھر والا لوہار تھا۔ اس کا ٹھیک ٹھاک کام چلتا تھا۔"

"وہ بھی پاکستان آیا یا دوسرے مسلمانوں کی طرح ادھر ہی شہید کر دیا گیا؟"

"وہ بھی بچ بچا کر پاکستان آگیا تھا۔" رحمتے نے گہری سانس بھری۔ "مجھے ڈھونڈتا ہوا شاہ جی کے پاس آیا تھا۔ بچے بھی اس کے ساتھ ہی تھے' پر شاہ جی نے مجھے اس سے نہیں ملنے دیا اور نہ جانے دیا۔ وہ مجھے لینے ہی کے لیے یہاں آیا تھا۔"

"پر تو نے تو اس کے ساتھ جانے کی کوشش کی ہو گی۔" رحیم داد نے رحمتے کی آنکھوں میں جھانک کر ٹوہ لگانے کی کوشش کی۔ "وہ تیرا گھر والا تھا' تیرے بچوں کا پیو تھا اور انھیں اپنے ساتھ بھی لایا تھا۔"

"چوہدری! اب تجھ سے جھوٹ کیا بولنا۔" رحمتے کے لہجے میں رقت پیدا ہو گئی' آنکھوں کے چراغ دھندلے پڑ گئے۔ "میں خود اس کے ساتھ جانے پر تیار نہیں ہوئی۔ ان دنوں شاہ جی مجھے اتنا پیار کرتا تھا جیسے میرے لیے دیوانہ ہو گیا ہو۔ اس کے پیار نے مجھے اندھا کر دیا تھا' نہ بچے یاد آئے'

نہ گھر والا۔ نہ مامتا جاگی' نہ آگے کی سوجھی۔ لگتا ہے جیسے شاہ جی نے مجھ پر جادو کردیا تھا۔" ا
نے گہری سانس بھری۔ "بہت برا کیا۔ میں نے بہت برا کیا۔"

"ایسا نہ سوچ۔ جو ہونا تھا ہوگیا۔" رحیم داد نے ہم دردی سے کہا۔ "تجھے شاہ جی سے نراض
نہیں ہونا چاہئے۔ مجھے تو لگتا ہے شاہ جی اب تک تجھ سے پیار کرتا ہے۔ تجھے کوٹ کا انچارج
رکھا ہے۔ یہ معمولی گل ہے؟"

"چوہدری! تیں نوں کچھ پتہ نہیں۔" رحمتے کے لہجے میں جھنجلاہٹ تھی۔ "نراض ہوتا ہے
غصے میں ٹھڈے مارتا ہے۔ زمین پر گرا دیتا ہے' بالوں سے پکڑ کر کھینچتا ہے۔" اس نے ایک ہا
اٹھا کر کولھے پر رکھا۔ "میری کمر میں ایسے ہی درد نہیں ہوتا۔ شاہ جی نے ایک بار غصے میں زور زو
سے ٹھڈے مارے۔ اس کے بوٹ سے میری پسلیاں دب گئیں تھیں۔ ہفتے بھر تک بستر پر پڑ
رہی' اٹھ کر بیٹھ بھی نہیں سکتی تھی۔"

"شاہ جی تجھ سے اتنا نراض کیوں ہوگیا تھا۔" رحیم داد نے کریدا۔ "کوئی نہ کوئی تو اتنے زبردست
غصے کی وجہ ہوگی؟"

"وہ جی ہوا یہ کہ کوٹ سے ایک زنانی بھاگ گئی۔ ان دنوں کوٹ کے دروازے پر ایک ہی را
ہوتا تھا۔ رات کو اسے اونگھ آگئی۔ میں بھی سوگئی تھی۔ وہ چپکے سے نہ جانے کب نکل گئی۔"

"پر تیرا اس میں کیا قصور ہوا؟ تو رات بھر تو جاگنے سے رہی۔ تجھے تو سونا ہی تھا۔ اس میں کو
سی غلط بات ہوئی؟"

"شاہ جی تو یہ نہیں سمجھتا۔ سویرے اسے پتہ چلا تو ایسا گرم ہوا کہ بالکل پاگل ہوگیا۔ را کے کو
اس نے الٹا لٹکا کر کرندوں سے پٹوایا۔" رحمتے کا چہرہ مرجھا گیا۔ "مجھے اس نے کمرے میں بند کیا او
ٹھوکروں سے مار لگائی۔ غصے سے اس کی آنکھیں لال ہو رہی تھیں۔"

"پچھلے دنوں زینت بھی تو یہاں سے بھاگ گئی تھی۔ تب بھی شاہ جی نے تجھے اس طرح مار لگائی
ہوگی؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"وہ کوٹ سے نہیں' مہمانوں کے کمرے سے بھاگی تھی۔" رحمتے نے وضاحت کی۔ "شاہ جی نے
اس کے بھاگنے پر شیدے کو ایسی دبا کے مار لگائی کہ اب تک منجی سے نہیں اٹھا۔ ایک ہاتھ ٹوٹ
گیا۔ اس پر پٹی بندھی ہے۔ ہر دم پڑا ہائے ہائے کرتا ہے۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا۔
"تبھی تو شاہ جی نے ادھر میری ڈیوٹی لگائی ہے۔ مجھے تو کوٹ کے اندر زنانیوں کی دیکھ بھال اور نگرانی
کرنی ہوتی ہے۔"

"جبھی شیدا نظر نہیں آیا۔ ایک دوسرا ہی بندہ اس کی جگہ ہر کام کرتا رہا۔" رحیم داد نے قدرے
تامل کے بعد رحمتے سے دریافت کیا۔ "تجھ سے تو شاہ جی نے کچھ نہیں کہا؟" مگر سوال کا جواب ملنے
سے پہلے اس نے خود ہی صفائی پیش کی۔ "ویسے تیری تو غلطی بھی نہیں تھی۔"

"اس سے کیا ہوتا ہے جی۔" رحمتے کے چہرے پر خوف کی پرچھائیں منڈلانے لگی۔ "وہ مجھ سے
بھی سخت نراض ہوا۔ مجھے اپنے کمرے میں بلایا۔ غصے سے آنکھیں نکال کر ایسے زور سے ٹھڈا مارا
کہ میں گر پڑی۔ پر اس کے بعد کچھ نہ بولا۔"

"پر شیدے کی تو اس نے زبردست پٹائی کی۔ تجھے تو صرف ایک ٹھڈا مار کر چھوڑ دیا۔"

"بعد میں اس نے جو چوٹ لگائی' وہ ٹھڈے سے بھی زیادہ سخت تھی۔"

"کیا کیا اس نے؟" رحیم داد کے لہجے میں تجسس تھا۔

"تیں نوں پتہ ہے' اس نے مجھے کیا کہا۔" رحمتے آتش دان میں دہکتے ہوئے انگارے تکنے لگی۔
"پہلے تو وہ ننگی ننگی گالاں نکالتا رہا۔ فیر غصے سے چیخا' تو اب بڈھی ہوگئی ہے' بالکل بڈھی کھوسٹ۔
میں نوں ایسی رن کی ضرورت نہیں۔ تو یہاں سے چلی جا۔ میں تیرا اور تیرے بچوں کا خرچا اب
نہیں اٹھا سکتا۔ سن لیا تو نے چوہدری۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ قریب رکھا ہوا پوکر اٹھایا
اور لکڑی کا دستہ پکڑ کر لوہے کے آنکڑے سے راکھ کی تہہ کے نیچے دبے ہوئے انگارے کریدنے
لگی۔ آتش دان میں آنچ تیز ہوگئی۔ کوئلے دہکنے لگے۔ کمرے میں بکھری ہوئی سرخی گہری ہوگئی۔ "تو
ہی انصاف سے بتا۔ بچے میں اپنے ساتھ تو نہیں لائی تھی۔"

رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ مگر رحمتے زیادہ دیر چپ نہیں رہ سکی۔ "چوہدری' تو کیا سوچنے لگا؟"

"سوچ رہا تھا' شاہ جی نے اگر تجھے نکال دیا تو کہاں جائے گی؟"

"یہی تو میں سوچتی رہتی ہوں۔" اس کی آواز میں کسک تھی۔

"یہ بتا رحمتے! تیرا گھر والا اب کہاں ہے؟"

"میں نوں تو جی اس کے بارے میں کچھ پتہ نہیں۔ جانے زندہ ہے کہ مرگیا۔" رحمتے نے بتایا۔
"تیں نوں علوم ہے' میں تو حویلی سے باہر جاتی ہی نہیں۔ شاہ جی کی بالکل اجازت نہیں۔"

"شاہ جی تجھے تنخواہ شنخواہ بھی دیتا ہے؟"

"توبہ کرو جی! وہ کیا تنخواہ دے گا۔ کبھی ایک پیسہ بھی نہیں دیتا۔" وہ لمحے بھر خاموش رہی۔ "پر
اتنا ضرور ہے' مہمانوں سے کبھی کبھار کچھ مل جاتا ہے۔ سردار مراد خاں شاہانی وڈے دل والا
ہے۔" اس کے بجھے ہوئے چہرے پر اجالے کی رمق ابھری۔ "ایک بار تو اس نے مجھے اکٹھے تیہ

روپے دیئے۔"

رحیم داد نے جیب میں ہاتھ ڈال کر دس دس کے تین نوٹ نکالے اور رحمتے کی طرف بڑھاتے ہوئے مسکرایا۔ "لے یہ بھی تیسہ روپے ہیں۔ اب تو راضی خوشی ہے۔" اس نے ہلکا قہقہہ لگایا۔ "انہیں رکھ لے اور اب جا کے آرام کر۔"

رحمتے نے نوٹ لے کر لاچے کے ڈب میں نہایت احتیاط سے رکھے۔ اس کے چہرے پر مسرت کی لہر دوڑ گئی۔ "تو ابھی جاگ رہا ہے ناں؟" وہ رازدرانہ لہجے میں بولی۔

رحیم داد نے بے چینی سے پوچھا۔ "کیوں کیا بات ہے؟"

رحمتے کچھ نہیں بولی۔ مڑی اور خاموشی سے باہر چلی گئی۔

☆

رحیم داد خاموش بیٹھا وہسکی کی چسکی لگاتا رہا۔ آتش دان میں انگارے دہک رہے تھے۔ ان کی سرخ سرخ روشنی در و دیوار پر بکھری ہوئی تھی۔ کمرہ خوب گرم تھا اور رحیم داد نشے سے جھوم رہا تھا۔

دروازہ آہستہ سے چرچراتا ہوا کھلا۔ رحیم داد نے چونک کر دیکھا ہے۔ سامنے رحمتے کھڑی ہے۔ اس نے ہاتھ سے اشارہ کیا۔ "چوہدری! آ میرے ساتھ۔"

رحیم داد اٹھا مگر لڑکھڑا کر پھر اپنی جگہ پر بیٹھ گیا۔ "مجھے کہیں نہیں جانا۔" اس نے بے زاری سے کہا۔

"چوہدری، تو نے آج بہت پی رکھی ہے۔" رحمتے نے مسکرا کر کہا۔ "تجھے اب اپنے کمرے میں چل کر آرام کرنا چاہیے۔" وہ آگے بڑھی اور رحیم داد کے قریب پہنچ گئی۔ "چوہدری اب کھڑا ہو جا۔"

رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ رحمتے نے ہاتھ بڑھا کر اس کا بازو تھام لیا۔ دونوں سنبھل سنبھل کر چلتے ہوئے کمرے سے باہر نکلے اور برآمدے میں آ گئے۔

ہر طرف ہو کا عالم تھا۔ شدید سردی تھی۔ ہوا سرسراتی ہوئی چل رہی تھی۔ دونوں سردی سے کپکپاتے ہوئے آگے بڑھے۔ ان کے قدموں کی آہٹ گہرے سناٹے میں رک رک کر ابھری رہی تھی۔

برآمدے کے آگے باغیچہ تھا۔ باغیچے کی بیرونی چار دیواری کے پاس سرس کے ایک گھنے درخت کے نیچے کوٹھری تھی۔ کوٹھری کا دروازہ کھلا تھا۔ دہلیز کے پاس پہرے دار چادر اوڑھے خاموش بیٹھا

آگ تاپ رہا تھا۔ آہٹ سن کر وہ زور سے کھنکارا۔ نظریں اٹھا کر اس نے برآمدے کی سمت دیکھا اور قریب رکھی ہوئی لالٹین اٹھائی۔

"کون ہے؟"

رحمتے بڑھتی ہوئی برآمدے کے آخری سرے پر پہنچ گئی۔ ایک کمرے کے دروازے کے سامنے ٹھہر کے اس نے رحیم داد سے کہا۔ "چوہدری، میں نے اب کوٹ میں جانا ہے۔" اس نے پہرے دار کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہا۔ "نواز موجود ہے۔ تیرے کمرے کے دروازے پر کوئی راکھا نہیں رہے گا۔ آج سردی بہت زیادہ ہے۔" اس نے رحیم داد کو اطمینان دلایا۔ "نواز رات بھر جاگتا رہے گا۔ کوئی ضرورت ہو تو اسے کہہ دینا۔ میں اب سویرے تیرے پاس آؤں گی۔ تیں نوں پتہ ہے۔ شیدا بیمار ہے، تیری دیکھ بھال میں نے ہی کرنی ہے۔" رحمتے نے ہاتھ بڑھا کر دروازہ کا ایک پٹ کھولا۔ "اب تو اندر جا۔" رحیم داد کمرے میں چلا گیا۔

رحمتے باہر رہ گئی۔ رحیم داد نے دروازہ بند کر لیا۔ کمرہ خاصا کشادہ تھا۔ اس کے دو حصے تھے۔ آگے کے حصے میں پرانی وضع کا بھدا سا صوفہ سیٹ پڑا تھا۔ میز تھی، کرسیاں تھیں۔ پچھلے حصے میں خواب گاہ تھی۔ دونوں حصوں کے درمیان پردہ پڑا ہوا تھا۔ رحیم داد نے پردہ ہٹایا اور خواب گاہ میں چلا گیا۔ ایک کونے میں اونچا اسٹول تھا۔ اس پر لیمپ روشن تھا۔ کمرے کے ایک گوشے میں مسہری تھی۔ مسہری کے سرہانے کھڑکی تھی، وہ بند تھی۔ مسہری سے ذرا ہٹ کر پختہ چبوترا تھا۔ چبوترے کے اوپر دیوار میں مختصر روشن داں تھا۔ چبوترے پر رکھی ہوئی انگیٹھی میں انگارے دہک رہے تھے۔

رحیم داد نے لیمپ کی روشنی میں دیکھا، انگیٹھی کے پاس فرش پر ایک نوجوان عورت سر جھکائے بیٹھی ہے۔ وہ کھیس اوڑھے تھی۔ انگاروں کی گہری سرخ روشنی میں اس کا چہرہ گلابی نظر آ رہا تھا۔ رحیم داد انگیٹھی کے پاس پڑی ہوئی کرسی پر بیٹھ گیا۔ عورت سکڑی سمٹی چپ بیٹھی رہی۔ رحیم داد نے نرم لہجے میں پوچھا۔

"تیرا ناں کیہ ہے؟"

وہ لرزتی ہوئی آواز میں بولی۔ "میرا ناں جی ہاجراں ہے۔" اس نے رحیم داد کی جانب دیکھا نہیں۔ اس کی آنکھوں میں دنبالہ کاجل اور بالوں میں تیل تھا۔ رحیم داد نے ہاتھ بڑھایا اور ہاجرہ کے سر سے جھٹ کھیس ہٹا دی۔ اس کا پورا چہرہ سامنے آ گیا۔ وہ بری طرح گھبرا گئی۔ اس کا بدن اور سمٹ گیا۔ اس کے چہرے سے اضطراب عیاں تھا۔ رحیم داد مسکرا کر بولا۔ "ذرا گردن تو اونچی

کر۔ "مگر اس نے گردن نہ اٹھائی بلکہ کچھ اور سکڑ گئی۔

رحیم داد نے اس کی ٹھوڑی پکڑ کر چہرہ اوپر کیا۔ ہاجراں کی پلکیں جھکیں ہوئی تھیں۔ آنسوؤں کے دو قطرے ڈھلک کر اس کے رخساروں پر بکھر گئے۔

"ارے' تو رو رہی ہے۔" رحیم داد بجھے ہوئے انداز میں بولا۔ "لگتا ہے نئی نئی یہاں آئی ہے۔"

وہ چپ بیٹھی رہی۔ رحیم داد کی کیفیت لحہ بہ لحہ بدل رہی تھی۔ نشے کا ایسا تیز ریلا آیا کہ اس پر وحشت طاری ہوگئی۔ اس نے جھنجلا کر ہاجراں کی کھیس کھینچ کر ایک طرف پھینک دی۔ ہاجراں دوپٹہ نہیں اوڑھے ہوئے تھی۔ اس نے دونوں ہاتھوں سے اپنے آپ کو چھپانے کی ناکام کوشش کی۔ وہ پھول دار جھگی پہنے ہوئے تھی۔ لاچا ہلکا نیلا تھا۔ پنڈلیوں میں چاندی کی پٹڑیاں پڑی تھیں۔

رحیم داد ڈگمگا کر کرسی سے گرتے گرتے بچا۔ اس نے خود کو سنبھالا اور جیب سے دس دس کے دو نوٹ نکال کے ہاجراں کی طرف بڑھائے۔ "لے یہ رکھ لے۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "رکھ لے۔"

ہاجراں نے نوٹوں کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھا' عاجزی سے بولی۔

"میں کنجری نہیں ہوں۔"

"تو کوئی بھی ہو' اب تو یہاں آ ہی گئی۔"

"میں اپنی مرضی سے تو نہیں آئی۔" وہ بھرائی ہوئی آواز میں بولی۔ "میں تو اپنے گھر میں منجی پر بیٹھی تھی۔ گھر والا فصلوں کو پانی لگانے کے لیے آڈ کا ٹکا کھولنے گیا تھا۔ پانی لگانے کی اس کی باری رات ہی کو آتی ہے۔"

ہاجراں کی عاجزی سے رحیم داد متاثر نہ ہوا۔ اس نے مسکرا کر بے نیازی سے پوچھا۔ "تو گھر میں بالکل اکیلی تھی؟"

"ہاں جی اکیلی تھی' یہی سمجھ لو۔ دونوں بچے بہت چھوٹے ہیں۔"

"فیر کیا ہوا؟" رحیم داد نخوت سے بولا۔

"مجھے تین بندے وہڑے کی دیوار پر نظر آئے۔" ہاجراں سہمے ہوئے انداز میں بولی۔ "اس وکھت میری آنکھ کھلی ہوئی تھی۔ ان کے منہ پر منڈاسے بندھے تھے۔ وہ دیوار سے اتر کر نیچے آ گئے۔ ان میں سے ایک نے آگے بڑھ کر جھٹ میرے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔"

"فیر تو نے کیا کیا؟"

"وہ مجھے اٹھا کر یہاں لے آئے۔" ہاجراں ٹھنڈی سانس بھر کے بولی۔ "میرا گھر والا جانے کیا سوچتا ہوگا' بچوں کا کیا حال ہوگا۔"

"گھر والے کو پتہ نہیں' تو یہاں ہے؟"

"لگتا ہے' اسے پتہ نہیں۔ اسے پتہ ہوتا تو مجھے لینے ضرور آتا۔"

"ہاجراں! تیرے گھر والے کا کیا نام ہے؟"

"اس کا نام عالم ہے۔ کیا تو اسے جانتا ہے؟"

"نہیں!" رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہوگیا اور چند لمحوں تک خمار آلود نظروں سے گھورتا رہا' پھر اس نے جھک کر اچانک ہاجراں کا بازو پکڑا۔ "باتیں بند کر۔ رات بہت ہوگئی ہے۔"

ہاجراں نے اپنا بازو چھڑانے کی کوشش کی۔ مگر رحیم داد کی گرفت بہت مضبوط تھی۔

☆

رات آدھی سے زیادہ گزر چکی تھی۔ رحیم داد گہری نیند سو رہا تھا۔ یکایک کمرے میں آہٹ ہوئی۔ رحیم داد کی آنکھ کھل گئی۔ گہری خاموشی میں ایسی آواز سنائی دی جیسے بلی آہستہ آہستہ غرا رہی ہو۔ رحیم داد نے دوبارہ سونا چاہا لیکن اس کی نیند اچاٹ ہو چکی تھی۔ اس نے کروٹ بدلی تو محسوس ہوا کہ ہاجراں کمرے میں نہیں ہے۔ رحیم داد نے سوچا' سویرا ہوگیا ہے۔ مگر باہر گہرا سکوت تھا۔ وہ کچھ دیر لیٹا غور کرتا رہا مگر اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آیا۔ وہ اٹھ کر بیٹھ گیا۔ لیمپ اسٹول کے بجائے فرش پر رکھا تھا اور اسٹول غائب تھا۔

رحیم داد نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی دیکھی۔ ایک بجنے والا تھا۔ اس نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر ادھر ادھر دیکھا۔ مگر ہاجراں کہیں نظر نہیں آئی۔ البتہ انگیٹھی کے پاس اس کی کھیس پڑی تھی۔ رحیم داد گھبرا کر بستر سے نیچے اترا' جوتے پہنے اور فوراً کمرے کے دوسرے حصے کی جانب بڑھا۔ پردہ سرکا ہوا تھا۔ رحیم داد نے آگے بڑھ کر دیکھا' خوف اور دہشت سے اس کی آنکھیں پھٹ گئیں۔

رحیم داد کی آنکھوں کے سامنے نہایت ہول ناک منظر تھا۔ ہاجراں چھت سے لٹکی ہوئی تھی۔ اس کے پیروں کے نیچے اسٹول پڑا تھا۔ ہاجراں کے نیلے لاچے کا ایک پلو چھت کی کڑیوں میں ایک کنڈے سے بندھا تھا اور دوسرے پلو کا پھندا بنا کر اس نے اپنی گردن میں ڈال لیا تھا۔ ہاجراں کی آنکھیں پھٹی ہوئی تھیں۔ زبان ہونٹوں کے بائیں گوشے سے لٹک رہی تھی۔ اس کا گلابی چہرہ سیاہ پڑ گیا تھا اور گردن کھنچ کر لمبی ہوگئی تھی۔

رحیم داد بدحواس ہو کر کمرے سے باہر نکلا اور برآمدے میں پہنچ گیا۔ سرد ہوا کا تیز جھونکا اس کے چہرے سے ٹکرایا۔ مگر اس نے سردی کی پروا نہیں کی' تیزی سے پہرے دار نواز کی کوٹھری کی

جانب بڑھا۔ نواز سلگتی آگ کے سامنے بیٹھا تھا۔ رحیم داد قریب پہنچا' تو وہ پریشان ہو کر کھڑا ہو گیا۔

"چوہدری! توں اتنی رات کو ادھر کیسے آگیا؟ بہت گھبرایا ہوا نظر آرہا ہے۔ گل کیہ اے؟"

"شیدا کدھر ہے؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"وہ تو جی بیمار پڑا ہے۔ کئی روز سے نہیں آیا۔"

رحیم داد کو فوراً اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ "میں نوں پتہ ہے' وہ بیمار ہے۔ میرا مطلب ہے' رحمتے کہاں ہے؟ تو جا کر اسے فٹافٹ بلا لا۔"

"کوئی خاص گل ہے جی؟" نواز نے پریشان ہو کر دریافت کیا۔

"خاص ہی گل ہے۔ بعد میں بتاؤں گا۔ تو پہلے رحمتے کو یہاں بلا کر لا۔"

نواز نے مستعدی سے اپنی ملگجی چادر سر اور کانوں کے گرد لپیٹی' سردی سے کپکپا کر بولا۔ "چوہدری! تو نے چدر بھی نہیں اوڑھ رکھی۔" رحیم داد نے کچھ نہیں کہا۔ گم صم کھڑا رہا۔ نواز آگے بڑھا اور درختوں کے اندھیرے میں غائب ہو گیا۔

رحیم داد کوٹھری میں چلا گیا۔ دہلیز کے پاس اپلے سلگ رہے تھے۔ رحیم داد نے دونوں ہاتھ جھٹ آگ پر پھیلا دیئے۔ ہوا درختوں میں سرسراہٹ پیدا کر رہی تھی۔ ہر طرف ویرانی تھی' سناٹا تھا۔ رحیم داد خوف زدہ نظروں سے بار بار کمرے کی جانب دیکھتا۔ کمرے کے دروازے کا ایک پٹ کھلا تھا۔

درختوں تلے آہٹ ابھری۔ رحیم داد نے قریب رکھی ہوئی لالٹین کی دھندلی روشنی میں دیکھا' رحمتے اونی دھسا اوڑھے تیز تیز قدم اٹھاتی حیران و پریشان کوٹھری کی طرف آرہی ہے۔ نواز بھی اس کے ساتھ تھا۔ دونوں کپکپا رہے تھے۔ رحمتے نے قریب پہنچ کر پوچھا۔

"چوہدری! تو نے مجھے بلایا ہے؟" اس کی آنکھیں کچی نیند سے جاگنے کے باعث سرخ ہو رہی تھیں۔ اس نے رحیم داد کو غور سے دیکھا۔ "چوہدری' تو یہاں کیوں بیٹھا ہے؟ تجھے تو کمرے میں ہونا چاہیے تھا۔ ہاجراں کدھر ہے؟"

رحیم داد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ کوٹھری سے نکلتے ہوئے اس نے رحمتے سے کہا۔ "میرے ساتھ کمرے میں آ۔" وہ آگے بڑھا۔ رحمتے اس کے پیچھے پیچھے چلی۔ نواز بھی ان کے ساتھ تھا۔ تینوں نے باغیچہ طے کیا اور سیڑھیوں پر چڑھ کر برآمدے میں پہنچے۔

رحیم داد کمرے کے دروازے پر ٹھٹک گیا۔ رحمتے کو مخاطب کر کے اس نے کہا۔ "اندر جا کر دیکھ۔"

رحمتے اور نواز کمرے میں چلے گئے۔ رحیم داد بھی سہما ہوا ان کے پیچھے پیچھے بڑھا مگر دہلیز کے قریب رک گیا۔ سامنے چھت سے ہاجراں کی برہنہ لاش لٹکی ہوئی تھی۔ رحمتے کے چہرے سے دہشت برسنے لگی۔ "ہائے ربا' یہ کیا ہوا؟" رحمتے نے سراسیمہ ہو کر رحیم داد کی جانب دیکھا۔

"چوہدری! یہ کیا ہو گیا؟"

"میں تو سو رہا تھا۔" رحیم داد نے بے چارگی اور بے بسی سے کہا۔ "کھٹ پٹ کی آواز سے میری آنکھ کھل گئی تھی۔" اس نے فرش پر پڑے ہوئے اسٹول کی طرف اشارہ کیا۔ "لگتا ہے یہ گرا تھا۔"

رحمتے پردہ سرکا کر خواب گاہ میں گئی۔ بستر سے چادر اٹھا کر لائی' میز پر چڑھی۔ اس نے جلدی جلدی ہاجراں کی برہنہ لاش کے گرد چادر لپیٹ دی۔ اس کے ہاتھ کپکپا رہے تھے۔ رحمتے جلدی ہی کمرے سے باہر چلی گئی۔ نواز بھی اس کے ساتھ نکل کر برآمدے میں آگیا۔ رحمتے نے کمرے کا دروازہ بند کر دیا۔ وہ کچھ دیر برآمدے میں سہمی ہوئی کھڑی رہی۔ رحیم داد اور نواز کو سانپ سونگھ گیا تھا۔

رحمتے نے دھسا ایک بار پھر اچھی طرح اپنے بدن پر لپیٹا اور رحیم داد سے بولی۔ "چوہدری میں شاہ جی کو جا کر خبر کرتی ہوں۔" اس کے لہجے میں تھرتھراہٹ تھی۔ "پردہ ایک دم گرم ہو جائے گا۔ ننگی ننگی گالاں نکالے گا۔"

"تیری اس میں کیا غلطی۔" رحیم داد نے اسے مطمئن کرنے کی کوشش کی۔ "کسی کی بھی غلطی نہیں ہے' یہ تو ہاجراں نے خود کیا ہے۔"

رحمتے نے خوف زدہ آواز میں کہا۔ "پر شاہ جی کیسے جانے گا۔ نیند سے اٹھنے پر اور سردی میں باہر آنے پر ویسے ہی اسے سو سو چڑھا ہو گا۔ میری ایک نہیں سنے گا۔ بتا چوہدری' میں کیا کروں؟ اس معاملے میں میرا کیا دوش؟"

رحیم داد نے اس کی بات نظرانداز کرتے ہوئے دریافت کیا۔ "پر ہاجراں نے ایسا کیوں کیا؟"

رحمتے نے نظر بھر کر رحیم داد کو دیکھا۔ اس کے ادوے ادوے ہونٹوں پر زہرخند تھا۔ "چوہدری' یہ گلاں چھوڑ' تو نواز کے پاس جا کر بیٹھ۔ میں شاہ جی کے پاس جاتی ہوں۔ فوراً اسے بتانا ہو گا۔ دیر نہیں ہونی چاہئے۔" وہ آگے بڑھی اور تیز قدموں سے چلنے لگی۔

رحیم داد اور نواز کوٹھری میں رہ گئے اور آگ تاپنے لگے۔ دونوں گم صم اور سہمے ہوئے تھے۔ نواز نے آہستہ سے کہا۔ "چوہدری! تو بہت ڈرا ہوا لگ رہا ہے۔ فکر نہ کر سب ٹھیک ہو جائے گا۔

پہلے بھی ایک رن ایسے ہی خودکشی کر چکی ہے۔ پر اس نے گردن میں پھندا نہیں ڈالا تھا۔"

"وہ کون تھی' اس نے کیا کیا؟" رحیم داد نے ہاتھ ملتے ہوئے پوچھا۔

"اس نے تو جی لیمپ سے تیل نکال کر کپڑوں پر چھڑکا' کمرے سے نکل کر باہر برآمدے میں آگئی۔" نواز نے رحیم داد کو بتایا۔ "برسات کی اندھیری رات تھی۔ اوپر بادل گھرے ہوئے تھے۔ اس نے کپڑوں پر آگ لگالی۔ میں پہنچا تو وہ بہت جل چکی تھی۔ بجھو سسک رہی تھی۔"

نواز تھا تو ادھیڑ مگر اس کا جسم ابھی تک مضبوط اور کسا ہوا تھا۔ نڈر اور حوصلہ مند بھی تھا۔

رحیم داد نے دہشت زدہ لہجے میں پوچھا۔ "پھر کیا ہوا؟"

"اس کی لاش شاہ جی نے نہر کے کنارے کئی میل دور ادھر جھنگر میں پھکوا دی تھی۔ رات ہی کو جانوروں نے گوشت نوچ نوچ کر لاش اتنی بگاڑ دی کہ پہچان میں نہیں آتی تھی۔"

"کیا اس بار بھی وہ ایسا ہی کرے گا؟" رحیم داد نے ہچکچاتے ہوئے دریافت کیا۔

"پتہ نہیں جی' اس دفعہ لاش کا کیا بنے؟" نواز نے آگ کریدتے ہوئے کہا۔ "ویسے باغیچے کے اس طرف درختوں کے نیچے پہلے بھی دو لاشیں دبائی گئی تھیں۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر جھنڈ کی طرف اشارہ کیا۔ "ایک کو تو جی نشے میں شاہ جی کے یار نواب امتیاز خاں اعوان نے گلا دبا کر مار ڈالا تھا۔ وہ لہور میں ہوتا ہے۔ پہلے اس کا ادھر بہت آنا جانا تھا۔ پر اب اس کا آنا جانا کم ہو گیا ہے۔ بہت دنوں سے تو آیا ہی نہیں۔ ویسے اس کے پتر سے شاہ جی کی ایک دھی ویاہی ہوئی ہے۔"

رحیم داد سخت پریشان تھا۔ گفتگو کا رخ بدلتے ہوئے اس نے پوچھا۔ "نواز تو یہاں کب سے لگا ہے؟"

"پندرہ سال سے اوپر تو ہو گئے ہوں گے۔" وہ ٹھنڈی سانس بھر کے بولا۔ "ہاں جی اتنا ہی عرصہ ہوا ہو گا۔ پاکستان بننے سے بہت پہلے میں شاہ جی کے پاس لگ گیا تھا۔ ان دنوں تو جی تگڑا جوان ہوتا تھا۔ ساری جوانی یہاں ختم کر دی۔ میں نے کیا کیا نہیں دیکھا؟ رحمتے بھی میرے سامنے ہی آئی تھی۔"

"تو نے رحمتے سے ویاہ کیوں نہ کر لیا؟ تیرے گھر کی ہے۔" رحیم داد نے ذہن کا بوجھ ہلکا کرنے کی غرض سے اسے چھیڑا۔

"نہیں جی' اب بھی اس کا نکھرا بہت ہے۔ ویسے جی' میری اپنی گھر والی ہے۔ حویلی کے اندر نوکرانی ہے۔ وہ رحمتے سے بہت خار کھاتی ہے۔ حویلی کی ساری ہی زنانیاں اور زمیں دارنیاں رحمتے سے خار کھاتی ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ رحمتے بھی بہت تیز ہے۔ تیں نوں پتہ نہیں' بہت کڑوی اور

جھگڑالو ہے۔"

☆

برآمدے کے پختہ فرش پر رات کے پرہول سناٹے میں آہٹ ابھری۔ رحیم داد نے دھندلی روشنی میں دیکھا۔ احسان شاہ اندھیرے سے نکل کر سامنے آگیا۔ وہ کمبل اوڑھے ہوئے تھا۔ اس کے پیچھے رحمتے سر جھکائے چپ چاپ چل رہی تھی۔ رحیم داد اور نواز اٹھ کر تیز قدموں سے احسان شاہ اور رحمتے کے قریب پہنچ گئے۔

احسان شاہ نے نظر بھر کر رحیم داد کو دیکھا۔ مگر خاموش رہا۔ اس کے چہرے پر گہری سنجیدگی تھی۔ وہ کمرے کے دروازے پر جا کر ٹھہر گیا۔ رحیم داد' رحمتے اور نواز جہاں تھے' وہیں رک گئے۔

احسان شاہ کے اشارے پر نواز نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا۔ احسان شاہ اندر داخل ہوا۔ نواز اور رحمتے نے بھی اس کے ساتھ کمرے کی دہلیز عبور کی۔ رحیم داد دروازے کے باہر ہی کھڑا رہا۔ احسان شاہ نے ہاجراں کی لاش دیکھی اور فوراً کمرے سے باہر آگیا۔ رحمتے بھی باہر آگئی' نواز بھی رحمتے نے ہاتھ بڑھا کر دروازہ بند کر دیا۔

احسان شاہ نے نواز سے کہا۔ "تو جا کر مہربان علی کو بلا لا۔"

نواز نے لالٹین رحمتے کے حوالے کی اور برآمدے کی سیڑھیوں سے نیچے اترنے لگا۔ احسان شاہ نے اسے ٹوکا۔ "ٹھیر جا۔" نواز رک گیا۔ احسان شاہ نے کہا۔ "مہربان کے آنے تک میں دیوان خانے کے پچھلے کمرے میں رہوں گا۔" اس نے برآمدے میں کھلنے والے دروازے کی جانب ہاتھ سے اشارہ کیا۔ "تو مہربان کو پہلے ادھر ہی لانا۔ جب وہ لاش دیکھ لے تب اسے میرے پاس بھیج دینا۔"

نواز چلا گیا۔ احسان شاہ نے رحمتے سے کہا۔ "رحمتے! تو جا کر کمرے کے آتش دان میں کوئلے سلگا دے۔ میں چوہدری کے ساتھ وہیں آرہا ہوں۔"

رحمتے نے خاموشی سے لالٹین دیوار کے پاس رکھ دی۔ رحیم داد گم صم تھا۔ رات ڈھلنے لگی تھی' سردی بڑھ گئی تھی۔ ہوا میں تیزی اور کاٹ تھی۔ احسان شاہ نے کمرے کے دروازے کی باہر سے کنڈی چڑھا دی اور رحیم داد کو مخاطب کیا۔ "چوہدری' میرے ساتھ آ۔" رحیم داد خاموشی سے اس کے ہم راہ چلنے لگا۔

دونوں کے قدموں کی آہٹ فرش پر آہستہ آہستہ ابھر رہی تھی۔ رحیم داد سردی سے تھرتھرا رہا تھا۔ دونوں نے برآمدہ عبور کیا' کمرے کا دروازہ کھولا اور اندر داخل ہوئے۔ آتش دان میں آگ

روشن تھی۔ رحمتے سر جھکائے پوکرے کوئلے اور لکڑی کے ٹکڑے الٹ پلٹ کر آنچ تیز کر رہی تھی۔

احسان شاہ اور رحیم داد آتش دان کے قریب ہی کرسیوں پر بیٹھ گئے۔ رحمتے دونوں سے ذرا ہٹ کر کھڑی ہو گئی۔ احسان شاہ نے نظریں اٹھا کر اسے دیکھا۔ اس کے چہرے پر جھنجلاہٹ ابھری اور تیوری پر بل پڑ گئے۔ وہ زور سے دہاڑا۔ "کتّی۔" شدید غصے سے اس کی گھنی مونچھیں ابابیل کے پروں کے مانند پھڑپھڑانے لگیں' آنکھوں سے شعلے برسنے لگے۔

رحمتے نگاہیں جھکائے دم بخود کھڑی تھی۔

احسان شاہ برسنے لگا۔ "یہ سب کچھ تیری وجہ سے ہوا۔ توں نے اسی کنجری کو چوہدری کے پاس پہنچانا تھا۔ کوٹ میں کوئی اور رن نہیں تھی؟"

رحمتے نے دبی زبان سے صفائی پیش کرنے کی کوشش کی۔ "میں نے تو جی یہ سوچا....."

احسان شاہ نے رحمتے کو پوری بات کہنے کا موقع نہ دیا۔ نفرت سے منہ بگاڑ کر بولا۔ "بکواس نہ کر۔ تیرا مغز ہی کام نہیں کرتا۔" وہ غیظ سے آہستہ آہستہ ہانپنے لگا۔ "اب تو بڈھی ہو گئی۔ تجھ سے یہ کام نہیں چل سکتا۔ کچھ اور ہی سوچنا پڑے گا۔" وہ غیظ و غضب کے عالم میں پیچ و تاب کھاتا رہا۔ پھر ڈپٹ کر رحمتے سے بولا۔ "تو اب یہاں کیوں کھڑی ہے؟ ادھر جا جدھر لاش لٹک رہی ہے۔ نواز کی کوٹھری میں بیٹھ کر مہربان علی کے پہنچنے کا انتظار کر۔"

رحمتے نے زبان سے ایک لفظ نہیں نکالا' گردن جھکائے چپ چاپ چلی گئی۔ رحیم داد ہنوز منہ لٹکائے بیٹھا تھا۔ احسان شاہ نے مڑ کر دیکھا اور اس کی دل جوئی کرتے ہوئے بولا۔ "چوہدری' پریشان نہ ہو' سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

"شاہ جی! مجھے کیا پتہ تھا' وہ ایسا کرے گی۔" رحیم داد نے دبی زبان سے کہا۔

احسان شاہ نے بے نیازی سے کہا۔ "لگتا ہے' تو بہت گہری نیند سو رہا تھا۔"

"وہ ایسا ہوا کہ تیرے جانے کے بعد بھی پیتا رہا۔" رحیم داد نے صفائی پیش کی۔ "آج کچھ زیادہ ہی ہو گئی۔ تب ہی تو ایسا بے خبر ہو کر سویا۔ پتہ ہی نہ چلا' وہ کب کمرے سے گئی اور کب اس نے یہ کارروائی کی؟ میری آنکھ تو سٹول کے گرنے سے کھلی جس پر چڑھ کر اس نے اپنی گردن میں پھندا ڈالا تھا۔" رحیم داد نے احسان شاہ کے چہرے کی جانب دیکھا۔ "شاہ جی' ویسے دیکھنے میں تو بہت سیدھی سادی لگتی تھی۔"

"تو ابھی بالکل اناڑی ہے۔" احسان شاہ نے اپنی مونچھ کو انگلیوں سے آہستہ آہستہ مروڑا۔ "ہر

زنانی ایک سی نہیں ہوتی۔ کوئی ایک دم ڈھرے پر آجاتی ہے۔ کوئی بہت دھیرے دھیرے۔" وہ زیر لب مسکرایا۔ "لگتا ہے یہ بھی ایسی ہی تھی۔ ابھی کچی تھی۔ رحمتے اسے جلد ہی نکال لائی۔ مہینے دو مہینہ کوٹ میں رہتی۔ دوسری زنانیوں سے ملتی جلتی۔ انھیں دیکھتی تو خود ہی ایک دم لائن پر لگ جاتی۔ میں تجھے ایک واکھ سناتا ہوں۔"

لیکن احسان شان وہ واقعہ نہ سنا سکا۔ مہربان علی دروازہ کھول کر اندر داخل ہوا۔ وہ دھیرے دھیرے چلتا ہوا دونوں کے قریب آکر کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد نے پہلی بار اسے دیکھا تھا۔ وہ پستہ قد اور تنومند تھا۔ آنکھیں چھوٹی چھوٹی تھیں مگر ان میں تیز چمک تھی۔ ہلکی ہلکی مونچھوں میں سفید بال زیادہ تھے۔ رنگت سرخی مائل گندمی تھی۔ وہ ساٹھ کے پیٹے میں تھا مگر کاٹھی اچھی تھی۔ وہ اس وقت اونی ٹوپی پہنے ہوئے تھا۔

"لاش تو نے دیکھ لی؟" احسان شاہ نے مہربان علی سے پوچھا۔

"دیکھ لی جی۔" اس نے اطمینان سے جواب دیا۔ "اسے اتار بھی لیا ہے۔ میں رانا اور علیا کو اپنے ساتھ ہی لے آیا تھا۔ ویسے راکھا نواز بھی موجود ہے۔"

"اب کیا ارادہ ہے؟" احسان شاہ نے مہربان علی کا عندیہ معلوم کرنا چاہا۔ "رات ہی کو سب کچھ کرنا ہے۔" احسان شاہ نے مڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ "چوہدری ٹائم کیا ہو گیا؟"

رحیم داد نے گھڑی دیکھ کر بتایا۔ "اڑھائی بجنے والا ہے۔"

"ٹائم تو اب زیادہ نہیں رہا۔ جو کچھ کرنا ہے' پھرتی کرنا ہو گا۔" مہربان علی نے رسان سے کہا۔ "میں نے تو جی یہ سوچا ہے' سرکاٹ کر کسی جھنگر میں دبا دیا جائے اور صرف دھڑ چار پانچ میل آگے نہر میں ڈال دیا جائے۔" وہ نہایت سکون سے سنبھل سنبھل کر بول رہا تھا۔ اس کا چہرہ جذبات سے خالی تھا۔ "ایسا کرنے سے لاش کے بارے میں سراغ ہی نہ لگ پائے گا۔ ویسے آگے شاہ جی' جیسی تیری مرضی۔"

"کہتا تو ٹھیک ہی ہے۔" احسان شاہ نے آہستہ آہستہ گردن ہلا کر کہا۔ "پر یہ بھی سوچ لے پولیس آخر پولیس ہی ہوتی ہے۔ اپنے ہی مونہے کی رن ہے۔ پولیس تفتیش کرتی ادھر بھی آسکتی ہے۔ اسے یہ پتہ تو چل ہی جائے گا' کس کی گھر والی ادھر غائب ہوئی ہے۔" اس نے نظریں اٹھا کر غور سے مہربان علی کا چہرہ دیکھا۔ "اسے پچھلے ہی ہفتے تو انھوایا ہے۔ تازہ تازہ معاملہ ہے گڑبڑ نہ ہو جائے۔ ویسے ہونا ہوانا کیا ہے۔ خاما خا ہزار دو ہزار خرچ ہو جائیں گے۔ مہربان کچھ اور ہی سوچ۔"

"سوچنا کیا ہے جی۔" مہربان علی نے فیصلہ کن لہجے میں کہا۔ "یہیں باغیچے میں گڑھا کھود کر دبا دیتے ہیں۔"

"یہی ٹھیک رہے گا۔ ٹائم بھی زیادہ نہیں۔ تو بھی سارے چکروں سے بچ جائے گا۔" احسان شاہ نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔

"تو فیر جی میں رانا اور علیا کو گڑھا کھودنے پر لگائے دیتا ہوں۔ ابھی تو رات رہتی ہے۔ سناٹا بھی ہے۔ گڑھا کھودنے کی آہٹ بھی نہ ابھرے گی۔"

"ٹھیک ہے ایسا ہی کر۔" احسان شاہ نے سر ہلا کر کہا۔ "اب دیر نہ کر۔ یہاں سے جا۔"

مہربان علی خاموشی سے مڑا اور کمرے سے باہر چلا گیا۔

آتش دان میں انگارے خوب دہک رہے تھے۔ کمرے میں بکھری ہوئی روشنی زیادہ گہری سرخ ہوتی جا رہی تھی۔ احسان شاہ کی آنکھیں نیند سے بوجھل ہو رہی تھیں۔ اس نے منہ پھاڑ کر جماہی لی اور اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔

رحیم داد نے پوچھا۔ "کہاں چلا شاہ جی؟"

"چوہدری! میں نوں اب جانا ہے۔ نیند لگ رہی ہے اور میں نے سویرے لہور بھی جانا ہے۔ تو آرام سے یہیں بیٹھا رہ۔ تیرا سامان دوسرے کمرے میں پہنچتے ہی تجھے لینے کوئی نہ کوئی آ ہی جائے گا۔ چوہدری فکر نہ کر سب ٹھیک ہو جائے گا۔"

احسان علی شاہ دروازے کی جانب بڑھا اور باہر چلا گیا۔ رحیم داد چپ بیٹھا رہا۔ کمرہ اب خوب گرم ہو چکا تھا۔ اس کا جی چاہا کہ وہیں سو جائے لیکن کچھ ہی دیر بعد رحمتے کمرے میں داخل ہوئی۔

"چوہدری میں نے تیرا سامان دوسرے کمرے میں پہنچا دیا ہے۔ چل میں تجھے بھی وہیں پہنچا دوں۔"

کمرے سے باہر نکل کر رحیم داد سردی کی اچانک یلغار سے کپکپانے لگا۔ چند قدموں کے فاصلے پر اس نے دیکھا' برآمدے کی نکڑ پر نواز لالٹین لیے کھڑا ہے۔ اس کی زرد زرد روشنی میں رانا اور علیا ہاتھوں پر باجراں کی لاش اٹھائے کمرے سے باہر نکل رہے تھے۔ مہربان علی ان کے ساتھ ساتھ تھا۔ دور سے تینوں سایوں کی مانند دھندلے نظر آ رہے تھے۔ انھوں نے برآمدہ طے کیا۔ باغیچے میں پہنچے اور درختوں کے جھنڈ کی جانب بڑھنے لگے۔

رحیم داد انھیں دیکھتے ہی ٹھٹک کر رہ گیا۔ وہ خوف زدہ نظروں سے ان کی سمت دیکھ رہا تھا۔ نواز لالٹین سنبھالے آگے آگے چل رہا تھا۔ رحمتے بھی ٹھہر گئی۔ اس کی نظریں بھی ادھر ہی اٹھی تھیں۔ رانا اور علیا لاش سنبھالے درختوں کی آڑ میں نظروں سے اوجھل ہو گئے۔ مہربان علی اور نواز بھی

اب نظر نہ آتے تھے۔ درختوں کے نیچے لالٹین کی روشنی' دھندلا زرد دھبا بن کر چمک رہی تھی۔ رحمتے زیادہ دور نہ گئی۔ قریب کے ایک کمرے کے سامنے پہنچ کر رک گئی۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر دروازہ کھول دیا۔ رحیم داد اندر چلا گیا۔ رحمتے بھی اندر داخل ہو گئی۔ اس نے دروازہ بند کر دیا۔

رحیم داد کو رہ رہ کر باجراں کا خیال آ رہا تھا۔ اس کی پھٹی پھٹی آنکھیں' خوف ناک سیاہ چہرہ' ہونٹوں سے باہر نکلی ہوئی زبان اور کھنچی ہوئی لمبی گردن۔ وہ سخت بے چین اور پریشان تھا' بے زاری سے بولا۔

"رحمتے تو جا۔ میں سو جاؤں گا' فکر نہ کر۔"

"سوچ لے۔ تو اکیلا گھبرائے گا تو نہیں۔ باجراں کا خیال تجھے زیادہ ہی تنگ کرے گا۔" اس کے لہجے میں ہمدردی تھی' چہرے پر سنجیدگی چھائی تھی۔ "گھبرا نہیں' تو بول تو ادھر ہی رہ جاتی ہوں۔ تو اپنے بستر پر سو۔ میں دمّسا اوڑھ کر دری پر پڑ جاؤں گی۔" اس نے ہاتھ اٹھا کر انگیٹھی کی طرف اشارہ کیا۔ "یہ تو سلگ ہی رہی ہے۔ کمرہ گرم ہے' مجھے سردی نہیں لگے گی۔"

رحیم داد کچھ نہ بولا۔ جوتے اتار کر بستر پر لیٹ گیا۔ رحمتے بھی انگیٹھی کے نزدیک ہی اپنا دمّسا اوڑھ کر فرش پر بچھی ہوئی دری پر لیٹ گئی۔ دونوں خاموش تھے۔ باہر تیز ہوا درختوں میں سسکیاں بھر رہی تھی۔ ہوا کے شور کے درمیان رک رک کر کدال سے زمین کھودنے کی آواز رات کے سناٹے میں ابھر رہی تھی۔ کئی منٹ تک یہ آواز ابھرتی رہی۔ پھر بیلچے سے مٹی اٹھانے اور ڈالنے کی آواز سنائی دی۔ آخر یہ آواز بھی بند ہو گئی۔

پچھلا پہر تھا۔ سردی بہت بڑھ گئی تھی۔ رات کی گہری خاموشی میں باہر برآمدے میں قدموں کی آہٹ ابھری۔ یہ ایک سے زیادہ افراد کی چاپ تھی۔ چاپ رفتہ رفتہ دور ہوتی گئی۔ سناٹے میں ڈوب کر ختم ہو گئی۔

☆

نہ معلوم رات کتنی گزر چکی تھی۔ رحیم داد کی آنکھوں میں دور دور تک نیند نہ تھی۔ وہ کچھ دیر بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا' پھر اٹھ کر بستر پر بیٹھ گیا۔ اس نے گردن موڑ کر دیکھا۔ انگیٹھی میں انگارے راکھ کی تہہ کے نیچے دھندلے پڑ چکے تھے۔ انگیٹھی کے نزدیک رحمتے کروٹ کے بل سو رہی تھی۔ رحیم داد کا اندازہ یہی تھا۔ وہ ٹانگیں پسارے' تکیے کے سہارے کمر ٹکائے چپ چاپ بیٹھا رہا۔

اس نے سامنے دری پر لیٹی ہوئی رحمتے کو گردن موڑ کر ایک بار پھر دیکھا۔ بستر سے نیچے اترا اور

دبے دبے قدموں چلتا ہوا اس کے پاس پہنچ گیا۔ رحمتے کی پشت اس کی جانب تھی۔ رحیم داد نے رسان سے پکارا۔ "رحمتے!" مگر اس نے نہ کروٹ بدلی نہ کچھ بولی۔ خاموش لیٹی رہی۔ رحیم داد نے جھک کر اسے آہستہ سے جھنجوڑا۔ وہ اس وقت گہری گہری سانسیں بھر رہا تھا۔

اس بار رحمتے اٹھ کر بیٹھ گئی۔ لیکن سر جھکائے فرش کو تکتی رہی۔

"انگیٹھی بجھ گئی ہے۔" رحیم داد نے اظہار ہم دردی کیا۔ "تجھے سردی تو نہیں لگ رہی؟"

رحمتے نے کوئی جواب نہ دیا۔ چپ بیٹھی رہی۔

رحیم داد نے اس دفعہ بھی نرمی سے کہا۔ "لگتا ہے تجھے نیند نہیں آ رہی۔"

وہ پھر بھی نہ بولی۔ خاموشی سے گردن کو خم دے کر اپنا چہرہ رحیم داد کے سامنے کر دیا۔ لیمپ کی ہلکی ہلکی روشنی میں رحیم داد نے دیکھا' رحمتے کی پلکیں بھیگی ہوئی ہیں۔ رخساروں پر ٹپ ٹپ آنسو گر رہے تھے۔

"رحمتے! تو رو رہی ہے۔" رحیم داد اس کے قریب ہی فرش پر بیٹھ گیا۔

"ہاں چوہدری' مجھے نیند نہیں آ رہی۔" رحمتے دل گرفتہ ہو کر بولی۔ "سمجھ نہیں آتی یہ کیا ہو گیا؟"

"جو ہونا تھا ہو گیا۔" رحیم داد نے اس کی دل جوئی کرنے کی کوشش کی۔ "اتنا نہ سوچ۔ کچھ دیر آرام کر لے۔"

"کیا کروں' نیند ہی نہیں آ رہی۔" اس نے گلوگیر آواز میں کہا۔ "غلطی تیری نہیں۔ سارا کصور میرا ہی ہے۔ شاہ جی ٹھیک ہی کہہ رہا تھا۔ میں ہاجراں کو تیرے کمرے میں نہ لاتی تو وہ اس طرح گلے میں پھندا ڈال کر نہ مرتی۔ اس کی لاش اس طرح چوری چوری رات کے اندھیرے میں درختوں تلے گڑھا کھود کر نہ دبائی جاتی۔" رحمتے بات کہتے کہتے سسکیاں بھرنے لگی۔ رحیم داد بھی افسردہ ہو گیا۔ اس کے چہرے پر غم کے سائے منڈلانے لگے۔ کمرے میں گہری خاموشی چھائی تھی۔ چند لمحوں بعد خاموشی میں رحمتے کی بوجھل آواز ابھری۔ "چوہدری! میں نے بہت برا کیا۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری۔ "ہاجراں کے دو ننھے ننھے بچے ہیں۔ گھر والا بھی ہے۔ انھیں کچھ پتہ نہیں کہ ہاجراں کا کیا بنا۔ وہ تو اس کا انتظار کرتے ہوں گے۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا۔ رحمتے نے آنسو پونچھے اور اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا۔ دونوں بت بنے ایک دوسرے کو دیکھتے رہے۔ رک رک کر سانس بھرتے رہے۔ کمرے میں گہرا سکوت تھا اور باہر درختوں میں سرما کی بپھری ہوئی ہوا فرائے بھر رہی تھی۔

رحیم داد نے نظر بھر کر رحمتے کو دیکھا۔ اس کا بدن قدرے پھیل گیا تھا مگر ابھی تک گداز اور کسا ہوا تھا۔ رحیم داد نے گہری سانس بھری۔ بے قرار ہو کر ایک ہاتھ بڑھایا۔ رحمتے کی کمر کو آہستہ سے چھوا۔ نرم لہجے میں بولا۔ "تو نے کوئی غلطی نہیں کی۔ اب ہاجراں کو بھول جا۔" اس نے رحمتے کو ہولے سے اپنے قریب لانے کی کوشش کی۔ "چل' ذرا دیر منجی پر آرام کر لے۔"

رحمتے کسمسائی۔ اس نے رحیم داد کا ہاتھ پکڑ کر آہستہ سے علیحدہ کر دیا۔ عاجزی سے بولی۔ "نہیں چوہدری' میں نے اب آرام نہیں کرنا۔" وہ ہٹ کر ذرا دور چلی گئی اور آہستہ آہستہ دروازے کی جانب بڑھی۔

"کہاں جا رہی ہے؟" رحیم داد نے اسے ٹوکا۔

"مجھے اپنے بچوں کے پاس جانا ہے' وہ اکیلے ہیں۔" رحمتے ٹھہرنے پر رضامند نہیں ہوئی۔

"ایسا ہی تھا تو ادھر آئی کیوں تھی؟" رحیم داد نے ناگواری سے اپنے رد عمل کا اظہار کیا۔

"ناراض نہ ہو۔" رحمتے نے عاجزی سے کہا۔ "تو بہت ڈرا ہوا تھا' اکیلا بھی تھا۔ اب تو نہ ڈرا ہے' نہ اکیلا ہے۔" اس نے قدرے توقف کیا۔ لہجے میں اور زیادہ نرمی پیدا کرنے کی کوشش کی۔ "چوہدری' مجھے اب جانے دے۔ راکھا اپنی کوٹھری میں موجود ہے۔ جاگ بھی رہا ہے۔ کوئی کام ہو تو اسے بتا دینا۔"

اسی وقت باہر پہرے دار نواز زور سے کھنکارا۔

رحمتے نے آگے بڑھ کر دروازہ کھولا اور باہر چلی گئی۔ رحیم داد کو دوبارہ اسے روکنے کی ہمت نہیں ہوئی۔ برآمدے میں رحمتے کے قدموں کی آہٹ چند لمحوں تک سنائی دیتی رہی۔

صبح رحیم داد نے احسان شاہ کے ساتھ ناشتا کیا۔ احسان شاہ نہا دھو کر آیا تھا۔ وہ تر و تازہ اور بشاش نظر آ رہا تھا۔ اس نے ہاجراں کی خودکشی اور اس کی لاش ٹھکانے لگانے کے سلسلے میں کسی قسم کا تذکرہ نہ کیا۔ رحیم داد نے بھی ایسی کوئی بات نہ چھیڑی۔

ناشتے سے فارغ ہو کر احسان شاہ حویلی سے باہر نکلا۔ رحیم داد بھی اس کے ہم راہ تھا۔ حویلی کے ٹھیک عین سامنے احسان شاہ کی لمبی چوڑی امپالا صبح کی بسنتی دھوپ میں جھل ملا رہی تھی۔ احسان شاہ نے یہ کار پچھلے ہی دنوں خریدی تھی۔ وہ رحیم داد کو اسے دکھانے ہی کے لیے حویلی سے لایا تھا۔ رحیم داد چمکتی دمکتی امپالا دیکھ کر بہت مرعوب ہوا۔

احسان شاہ اپنے مینیجر مہربان علی اور ایک خدمت گار کے ہم راہ کار میں سوار ہوا۔ کار کا انجن چلے سے اسٹارٹ ہوا۔ کار آگے بڑھی۔ رحیم داد خاموش کھڑا لاہور کی سمت دوڑتی ہوئی امپالا کو سفید

دیکھتا رہا۔

☆

پہر دن گزر چکا تھا۔ دھوپ کی تمازت بڑھ گئی تھی۔ رحیم داد کو چمکتی ہوئی اجلی اجلی دھوپ خو
گوار معلوم ہوئی۔ وہ حویلی میں واپس نہ گیا۔ آہستہ آہستہ چلتا ہوا کھیتوں کی جانب نکل گیا۔ ربیع
بوائی ہو چکی تھی۔ گندم کے نازک پودے بچوں سے پھوٹ کر ہاتھ بھر اونچے ہو گئے تھے۔ سرسو
اور مٹر کے پودے بھی ہوا کے نرم جھونکوں سے گندم کے ساتھ جھوم رہے تھے۔ کھیتوں
سبزے کی اونچی نیچی لہریں اٹھ رہی تھیں۔ رحیم داد لوئی اوڑھے ہوئے تھا۔ اس کے نیچے گرم کو
بھی تھا۔ سرد ہوا سے محفوظ رہنے کے لیے گردن اور کانوں کے گرد اونی مفلر لپیٹے ہوئے تھا۔ ہلکی
دھوپ کی حرارت اور گرمی سے لطف اندوز ہوتا وہ آگے بڑھتا گیا۔

کھیتوں کے ایک طرف جوہ تھا۔ جوہ میں نو عمر لڑکے کوکلا چھپاکی کھیل رہے تھے' شور مچا ر
تھے۔ ہر طرف پھیلی ہوئی دھوپ اور بھاگ دوڑ سے جسموں میں حرارت اور چستی پیدا کر ر
تھے۔ ان کے آس پاس مویشی اور چوکھر گردنیں جھکائے' جگہ جگہ چرائی میں مصروف تھے۔ ان
گلوں میں پڑی ہوئی پیتل کی گھنٹیاں رک رک کر بج رہی تھیں۔ جوہ کے اختتام پر مٹی سے لپے
مکانات دھوپ میں کچھ اور نکھر گئے تھے۔

رحیم داد پلی ہے پر چلتا ہوا ایک موڑ پر مڑا تو سامنے سے ماکھا آتا ہوا نظر آیا۔ رحیم داد نے ا
دور ہی سے پہچان لیا۔ مگر ماکھا نے اسے نہیں پہچانا تھا۔ وہ قریب پہنچا تو رحیم داد کو اپنے روبہ ر
کر حیرت سے بولا۔ "چوہدری! تو ادھر ہے! میں نوں بالکل پتہ نہ تھا تو یہاں بھی ہو سکتا ہے۔
تیرے پنڈ آنے والا تھا۔" خوشی سے اس کا چہرہ کھل اٹھا تھا۔

رحیم داد نے مسکرا کے پوچھا۔ "تیری گھر والی ریلی۔" وہ ٹھٹکا اور بے تکلفی سے ہنسنے لگا۔
مطلب ہے سگراں تو ٹھیک ٹھاک ہے' راضی خوشی ہے۔"

"بالکل راضی خوشی ہے جی۔ تیرے بارے میں تو اکثر پوچھتی رہتی ہے۔ تو میرے ساتھ
چل۔ تجھے دیکھ کر وہ بہت خوش ہو گی۔"

رحیم داد اس کے ہم راہ چلنے پر رضامند نہ ہوا' سنجیدہ چہرہ بنا کر بولا۔ "ماکھے مجھے حویلی واپ
ہے۔ وہاں کئی ضروری کام کرنے ہیں۔"

"حویلی تو تیں نوں واپس جانا ہی ہے۔" ماکھا گڑگڑا کر عاجزی سے بولا۔ "میں معمولی
ہوں۔ تو میرے گھر چلا جائے گا تو میری عزت بڑھ جائے گی۔ مجھے اور سگراں دونوں کو بہت

ہو گی۔" اس کے لہجے میں رقت پیدا ہو گئی۔ "چوہدری! تو نے میرا اجڑا ہوا گھر آباد کرا دیا۔ میرا بازو
واپس دلا کے مجھے بربادی سے بچا لیا۔ تیرے لیے میرے دل سے کتنی دعا نکلتی ہے' میں تجھے بتا نہیں
سکتا۔"

رحیم داد پھر بھی ماکھا کے گھر جانے کے لیے آمادہ نہ ہوا۔ مگر اس کے بار بار انکار کے باوجود ماکھا
نہ مانا۔ وہ منت سماجت پر اتر آیا۔ اصرار کر کے رحیم داد کو اپنے گھر لے ہی گیا۔ ماکھا اس کے ساتھ
گھر کے صحن میں داخل ہوا۔ اس نے جھپاک سے دھوپ میں چارپائی لا کر ڈالی' کھیس بچھائی۔ رحیم
داد سے چارپائی پر بیٹھنے کو کہا۔ ماکھا خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ اس نے اونچی آواز سے پکارا۔

"سگراں ادھر تو آ' دیکھ آج اپنے گھر کون آیا ہے۔"

صغراں' اوٹے کے عقب سے نکل کر سامنے آ گئی۔ اس کے دونوں ہاتھ گوبر سے لتھڑے ہوئے
تھے۔ اس نے حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر رحیم داد کو دیکھا۔ رفتہ رفتہ اس کے چہرے پر پھیلی ہوئی
حیرت مسرت میں بدل گئی۔ اس نے رحیم داد کو سلام کیا اور معذرت کی۔ "چوہدری' معاف کرنا۔
میں ابھی تیرے پاس آتی ہوں۔" صغراں کچھ ہی دیر بعد دھوتی کے پلو سے ہاتھ پونچھتی ہوئی واپس
آ گئی۔

ماکھا نے بیوی سے کہا۔ "سگراں! تو چوہدری کو لسی پلا۔ آرام سے گل بات کر۔ میں باہر جا رہا
ہوں' فٹافٹ لوٹ آؤں گا۔"

رحیم داد نے ماکھا کو روکنا چاہا مگر وہ تیزی سے بیرونی دروازے کی جانب بڑھ گیا۔ رحیم داد دھوپ
میں چارپائی پر بیٹھا رہا۔ صغراں بھی جا چکی تھی۔ رحیم داد تنہا رہ گیا تھا۔ دھوپ میں حرارت بڑھتی جا
رہی تھی۔ رحیم داد نے گردن اور کانوں کے گرد لپٹا ہوا مفلر اتار دیا۔ لوئی بھی اتار کر ایک طرف
رکھ دی۔

صغراں لسی سے بھرا ہوا گلاس لائی اور رحیم داد کے سامنے جھک کر پیش کیا۔ صغراں نے چہرے
کو سوتی دوہر سے ڈھک لیا اور رحیم داد کے سامنے فرش پر پھسکڑا مار کر بیٹھ گئی۔ رحیم داد نے لسی کا
گھونٹ بھرتے ہوئے صغراں کو غور سے دیکھا۔ یہ وہ صغراں نہ تھی جس کے گلابی چہرے پر ہر لمحے
بکھرتی ہوئی مسکراہٹ کے باعث احسان شاہ چاہت اور پیار سے ریلی کہتا تھا۔ وہ ایک مرتبہ رحیم
داد کے پاس بھی آئی تھی۔ مگر اب اس کا نرم و گداز بدن درخت کی خشک شاخ کی مانند مرجھا گیا
تھا۔ جھلمل کرتی سیاہ آنکھوں کے چمکتے دمکتے ستارے بجھ گئے تھے۔ چہرہ زرد اور نیالا پڑ گیا تھا۔ وہ
ملگجی دوہر اوڑھے تھی۔ اس کی بوسیدہ نیلی جگی کمر کے پاس سے ادھڑی ہوئی تھی۔ وہ میلی سفید

دھوتی باندھے ہوئے تھی۔ دھوتی پر جگہ جگہ دھبے تھے۔ وہ اجڑی اجڑی نظر آرہی تھی۔

رحیم داد اسے حیرت سے دیکھتا رہا۔ اس نے بے چین ہو کر پوچھا۔ "سگراں' یہ تجھے کیا ہو گیا؟"

"میں نوں تو جی کچھ نہیں ہوا۔" وہ سادگی سے بولی۔

"تو پہلی سی سگراں ہی نہیں رہی۔" رحیم داد کے لہجے میں ہم دردی نمایاں تھی۔ "سچ کہہ رہ ہوں۔ بالکل ہی بدل گئی۔ جب تک شاہ جی کے کوٹ میں تھی' سوہنی اور جوان ہوتی تھی۔ لگتا ہے تو یہاں راضی خوشی نہیں۔" رحیم داد نے تیکھی نگاہوں سے دیکھا۔ "تو نے اپنی یہ کیا حالت بنا رکھی ہے۔ ماکھا نے تیرا ناس مار دیا۔"

"چوہدری! ایسا نہ کہہ۔" وہ تڑپ کر بولی۔ "ماکھا تو مجھے بہت پیار کرتا ہے۔ سر میں ذرا درد بھی ہو جائے تو گھبرا جاتا ہے۔ بھاگا بھاگا حکیم کے پاس جاتا ہے۔ میرا سر دباتا ہے' اپنے ہاتھ سے دوائی کھلاتا ہے۔" وہ لہک لہک کر بتا رہی تھی۔

"میں جی اپنے گھر میں بہت خوش ہوں۔"

"مجھے تو خوش نہیں لگتی۔ حویلی میں تو تیری اور ہی بات تھی۔ برا نہ منانا۔ اب تو جیسے لال لال انگارے سے بجھ کر راکھ رہ گئی ہے۔"

"چوہدری' ایسی باتیں نہ کر۔ وہ بھی کوئی زندگی تھی۔" اس دفعہ صغراں کا لہجہ تند اور تیکھا تھا۔ "کنجریوں سے بھی خراب زندگی تھی وہ۔" اس نے نفرت سے منہ بگاڑا۔ "ویسے کھانے پینے کو تو ادھر کوٹ میں بہت چنگا ملتا تھا۔ کام کاج بھی کرنا نہیں پڑتا تھا۔ پر ہر روز شام کو بناؤ سنگھار کرنا پڑتا۔ کب شاہ جی کا بلاوا آجائے اور کب اس کا کوئی مہمان آجائے؟ ایک سے بڑھ کے ایک شرابی کبابی مہمان۔ ایک سے ایک گندا کتا۔ تو ہی بتا' یہ کیا زندگی ہوئی؟"

"پر دیکھنے میں تو وہاں بہت خوش نظر آتی تھی۔"

"تجھے کیا پتہ چوہدری۔ توں نیک بندہ ہے۔ میں تیرے پاس پوری ایک رات رہی تو توں مجھ سے الگ رہا۔" اس کے چہرے پر یاسیت چھا گئی۔ "پر شاہ جی! میں تجھ کو کیا بتاؤں کیسا گندہ ہے وہ' شراب پی کے تو وہ آدمی ہی نہیں رہتا۔ اور اس کے یار' وہ بھی اتنے گندے اور خراب ہیں کہ ان کے بارے میں جب سوچتی ہوں تو اپنے سے بھی گھن آتی ہے۔ میں پانچ سال تک اس کنجر خانے میں رہی۔ اس میں جا کر زنانی' زنانی نہیں رہتی کنجری بن جاتی ہے۔"

رحیم داد نے محسوس کیا کہ احسان شاہ کی حویلی کے ذکر نے صغراں کو اداس کر دیا ہے۔ اس کا روکھا اور مرجھایا ہوا چہرہ کھنڈر نظر آنے لگا۔ رحیم داد نے فوراً گفتگو کا رخ موڑ دیا' ادھر ادھر کرون

گھما کر پوچھا۔

"یہ ماکھا کہاں چلا گیا؟"

"آتا ہی ہو گا جی۔ چوہدری' توں آرام نال بیٹھ۔ اب آیا ہے تو روٹی کھا کر ہی جانا۔"

"میں اتنی دیر یہاں نہیں ٹھیر سکتا۔" رحیم داد نے اپنی مجبوری ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ "حویلی میں میرا انتظار ہوتا ہو گا۔"

"پر شاہ جی تو اپنی موٹر میں بیٹھ کر لہور گیا ہے۔ ماکھا مجھے بتاتا تھا۔" صغراں نے دبی زبان سے کہا۔ "ویسے میرا کہا مان توں شاہ جی کی حویلی میں نہ ٹھیرا کر۔ گندی جگہ ہے۔ میں تو تجھے کہتی ہوں' اس کی یاری بھی چھوڑ دے۔ وہ بہت خطرناک بندہ ہے' توں اسے نہیں جانتا۔"

"میں تو اس کے پاس ایک ضروری کام سے آیا ہوں۔ کسی کام کے بغیر میں اس کے پاس نہیں آتا۔"

"یہ تو مجھے بھی لگتا ہے۔" صغراں آزردگی سے بولی۔ "میں تجھے ٹھیک طرح جانتی ہوں' سمجھتی ہوں۔ توں بہت نیک بندہ ہے۔"

رحیم داد خاموش رہا۔ صغراں اٹھ کر کھڑی ہو گئی۔ "چوہدری! میں ابھی آتی ہوں۔" جواب کا انتظار کیے بغیر وہ گھر سے باہر چلی گئی۔

رحیم داد اکیلا صحن میں چارپائی پر بیٹھا رہا۔ پانچ منٹ گزرے' دس منٹ گزرے' پندرہ منٹ گزر گئے۔ رحیم داد اکتا گیا۔ صغراں واپس نہ آئی' البتہ ماکھا آگیا۔ اس کے ہم راہ ایک اجنبی تھا۔ وضع قطع سے وہ بھی مزارع ہی لگتا تھا۔

وہ سانولی رنگت کا دراز قد' مضبوط اور چھریرا آدمی تھا۔ سر اور کانوں کو میلی کچیلی چادر کے کونے سے چھپائے ہوئے تھا۔ اس نے رحیم داد کو اونچی آواز سے سلام کیا۔ ماکھا کی ساتھ وہ بھی رحیم داد کے سامنے صحن کے کچے فرش پر بیٹھ گیا۔

ماکھا بولا۔ "چوہدری' میں اسی کے بارے میں بات کرنے تیرے پاس آنے والا تھا۔" اس نے مڑ کر قریب بیٹھے ہوئے دراز قد شخص کی جانب دیکھا۔ "اس کی گھر والی کو شاہ جی نے اٹھوا لیا ہے۔ دس بارہ روز ہو گئے۔"

ماکھا کے لہجے میں التجا تھی۔ "چوہدری' جیسے تو نے میری مدد کی' ایسے ہی اس کی بھی مدد کر دے۔ اس کا بازو واپس دلا دے۔ شاہ جی تیری گل ضرور مان لے گا۔" ماکھا نے اس شخص کی جانب اشارہ کیا۔ "اس کا ناں عالم ہے جی۔"

عالم کا نام سنتے ہی رحیم داد سخت پریشان ہوگیا۔ وہ ہاجراں کا شوہر تھا۔ رحیم داد کو فوراً کمرے کی چھت سے لٹکتی ہوئی برہنہ لاش کا خوف ناک چہرہ یاد آگیا۔ اس نے کسی نہ کسی طرح خود کو سنبھالنے کی کوشش کی۔ کھنکار کر گلا صاف کیا' ماکھا کو بے چینی سے دیکھا۔

"ماکھے! تجھے کیسے پتہ چلا شاہ جی نے عالم کی گھر والی کو اٹھوالیا؟"

ماکھا کے بجائے عالم بولا۔ "وہ ایسا ہے چوہدری' شاہ جی مجھے بے دخل کرنا چاہتا ہے۔"

"شاہ جی' تجھے کیوں بے دخل کرنا چاہتا ہے؟" رحیم داد نے دریافت کیا۔

"بہت پرانا جھگڑا ہے جی۔" عالم نے بتایا۔ "میرا پنڈ پہلے لالہ کرشن دیال کی زمیں داری میں ہوتا تھا۔" اس نے رحیم داد کا چہرہ نظر بھر کے دیکھا۔ "لالہ کرشن دیال تیرے پنڈ کی زمیں دارنی جمیلہ کا پیؤ تھا۔ سنا ہے اب تو وہ مرگیا۔"

عالم کے چہرے پر جھنجلاہٹ ابھرنے لگی۔ "پر جی وہ اور اس کا مینجر بنسی لال مزارعوں پر بہت ظلم کرتے تھے۔ میں بھی اس کا مزارع تھا۔"

"تو ٹھیک کہہ رہا ہے عالم۔" رحیم داد نے اس کی تائید کرتے ہوئے کہا۔ "میرا پنڈ کوٹلہ ہرکشن بھی اس کی زمیں داری میں ہوتا تھا۔ میرے مزارعے بھی لالہ کرشن دیال اور بنسی لال کے بارے میں یہی بتاتے ہیں۔"

"چوہدری! اصل بات یہ ہے۔" عالم نے بتایا۔ "ادھار دے دے کر اس نے بیاج کے پھندے میں مزارعوں کو ایسا باندھ رکھا تھا کہ داڑھی کے بعد ساری کی ساری فصل اس کے گوداموں میں چلی جاتی۔ ادھار تب بھی ختم نہ ہوتا۔ اس کے منیم اور منشی اپنے بہی کھاتے میں جو چاہتے لکھ لیتے اور مزارعوں سے انگوٹھا لگوالیتے۔ تیں نوں پتہ ہے چوہدری' مزارعے پڑھے لکھے تو ہوتے نہیں۔" اس کی آواز میں غم گھلا ہوا تھا۔

"منیم' ادھار کی رکم جتنی چاہتا بڑھا کر لکھ دیتا۔ کسی بھی مزارعے کو ادھار لے کر انگوٹھا لگاتے ہوئے کچھ بھی علوم نہ ہوتا۔"

رحیم داد نے بے زاری سے کہا۔ "تجھے تو شاہ جی سے گلہ ہے۔ یہ لالہ کرشن دیال کی بات کہاں لے بیٹھا؟"

"میں شاہ جی ہی کی گل بتانے لگا ہوں۔" عالم نے جھٹ وضاحت کی۔ "گل ایہہ اے جی' جب ۱۹۴۶ء میں الیکشن ہو رہا تھا تو شہر سے روز ہی مسلم لیگی لیڈر آتے۔ کہتے پاکستان بن گیا تو ہر مزارع اپنی زمین کا مالک بن جائے گا۔ مزارعوں اور کمیوں کو بنیوں اور لالوں کی کرض ادھار کے چکر سے

چھٹکارا مل جائے گا.. زمین اس کی ہوگی جو اس پر ہل چلائے گا۔"

"شاہ جی بھی لیگی لیڈروں میں شامل تھا؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"نہیں جی' وہ تو سدا کا یونینسٹ ہے۔" عالم نے زہرخند سے کہا۔ "وہ تب بھی یونینسٹ پارٹی میں تھا۔ اس نے پاکستان کی سخت مخالفت کی۔ طرح طرح سے بہکایا' ڈرایا' دھمکایا' دباؤ بھی ڈالا۔ پر جب الیکشن ہوا تو جی سارے ہی مسلمانوں نے مسلم لیگ ہی کے بکسوں میں پرچی ڈالی اور میں نے تو جی' لیگ کو ووٹ دلوانے کے لیے بہت بھاگ دوڑ بھی کی۔ کسانوں کے جتھے بنا کر دور دور کے پنڈ جاتا تھا۔ ہر مسلمان بندے کو پاکستان کا حامی بناتا تھا۔" اس نے قدرے تامل کے بعد بتایا۔ "میں تو جی شاہ جی اور پولیسوں کی بار بار کی دھمکیوں سے بھی نہ ڈرا۔ ان دنوں جی بہت جوش بھرا ہوا تھا۔" عالم کا لہجہ تلخ ہوگیا۔ "پاکستان آخر بن ہی گیا۔ پر پاکستان بنتے ہی تیں نوں پتہ ہے شاہ جی نے کیا کیا؟"

"کیا کیا اس نے؟" رحیم داد نے حیرت سے پوچھا۔

"وہ جھٹ مسلم لیگی بن گیا۔ اس نے اپنی حویلی پر لیگ کا ہرا جھنڈا لگایا اور پورے پیراں والہ میں مٹھائی بٹوائی۔ اس نے لالہ کرشن دیال کے مزارعوں کو اکسایا۔ کہا' اس کی زمین پر زبردستی کبضہ کرلو۔ وہ تو جی مزارعوں کو کرنا ہی تھا۔ یہ تو پہلے ہی طے تھا۔ لالہ کرشن دیال اور اس کا مینجر بنسی لال سب کچھ چھوڑ چھاڑ بال بچوں کے ساتھ سرحد پار چلے گئے۔"

ماکھا نے عالم کو ٹوکا۔ "گل چھوٹی کر' تو نے تو لمی کہانی شروع کردی۔"

"ٹھیک ہے جی' چھوٹی ہی گل کروں گا۔" عالم سنبھل کر بولا۔ "فیر ایسا ہوا جی' شاہ جی نے لالہ کرشن دیال کی چھوڑی ہوئی زمینوں پر خود کبضہ کرنے کا چکر چلایا۔ وہ محکمہ بحالیات کے افسروں سے ملا' ان کو اپنے ساتھ لایا۔ افسروں نے مزارعوں سے کہا' اپنی اپنی زمیں میں سے مہاجروں کو حصہ دو۔ ان دنوں منٹگمری میں مہاجرین کا بہت وڈا کیمپ لگا تھا۔ سرکاری افسروں کے ساتھ مہاجروں کے بھی جتھے کے جتھے آنے لگے۔"

اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ "ادھر مزارعے اپنی زمین میں سے کوئی حصہ دینے کو تیار نہ تھے۔ روز مہاجروں اور مزارعوں کے درمیان جھگڑے ہوتے۔ خون خرابہ تک ہوتا۔ پولیس آتی۔ جسے جی چاہتا پکڑ کر لے جاتی۔" عالم نے دھوپ کی تپش محسوس کرتے ہوئے چادر سر اور کانوں پر سے ہٹا دی۔

"وہی تھانے دار جو پاکستان کو گندی گندی گالاں نکالتا تھا اور یونینسٹوں اور ان کی حکومت کو

طرح طرح سے خوش کرنے کی کوشش کرتا تھا' اب ہر گھڑی پاکستان' پاکستان کی رٹ لگاتا تھا۔ اور جن مزارعوں اور کسانوں نے پاکستان کے لیے اپنی پرچی ڈالی تھی ان کو حوالات میں الٹا لٹکا کر زبردست مار لگاتا تھا۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "اب وہ تھانے دار کہاں ہے؟"

"وہ تو جی بہت وڈا پولس افسر بن گیا۔ اس کے کندھے پر زیادہ ہی پھول نظر آتے ہیں۔ آج کل لہور میں ہوتا ہے۔" عالم کے ہونٹوں پر طنزیہ مسکراہٹ تھی۔ "ادھر تو مہاجروں اور غیر مہاجروں میں دنگے فساد ہوتے تھے اور دونوں ہی کی پولیس کے ہاتھوں پٹائی ہوتی تھی' دوسری طرف شاہ جی نے اپنے مینجر مہربان علی اور کرندوں کے ذریعے مزارعوں کو بہلایا پھسلایا کہ وہ اپنی اپنی زمین کا شاہ جی کے ساتھ بیع کرلیں ورنہ سرکار سارے ہی کابض مزارعوں کو بے دخل کرکے زمین مہاجروں میں بانٹ دے گی۔ پولیس نے پہلے ہی بہت تنگ کر رکھا تھا۔ بعد میں پتہ چلا' پولیس بھی شاہ جی کے اشارے پر مزارعوں اور کسانوں کو تنگ کرتی تھی۔ شاہ جی کیمپ میں اپنے بندے بھیج کر مہاجروں کو بھی جھگڑا کرنے پر اکساتا تھا۔ آخر ایک ایک کرکے سبھی نے شاہ جی کے ہاتھ بیع کرکے اسے تین ہزار ایکڑ سے بھی اوپر زمین کا مالک بنا دیا۔"

اس نے گردن اٹھا کر ٹھنڈی سانس بھری۔ "مزارعے مزارعے ہی رہ گئے۔ زمین کا مالک بننے کا سفنا' سفنا ہی رہ گیا۔" عالم نے نظر بھر کر رحیم داد کو دیکھا۔ "اس طرح جی میں بھی شاہ جی کا مزارع بن گیا۔ جب لالہ کرشن دیال کی زمینیں شاہ جی کے پاس چلی گئیں تو مجھے بھی فیر اس کا مزارع تو بن نا ہی بن نا تھا۔"

ماکھا نے اسے پھر ٹوکا۔ "عالم تو گل چھوٹی نہیں کرسکتا۔ تیری ایسی ہی گلاں سے تو شاہ جی خار کھاتا ہے۔ تجھے بے دخل کرنا چاہتا ہے۔"

"تو بھی ٹھیک ہی کہہ رہا ہے ماکھے۔" عالم نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "پر چوہدری یہ تو بتا' بندو بنے اور وڈے زمیں دار جب کسی مزارعے کو بے دخل کرنا چاہتے تو اس کے خلاف عدالت میں نالش کرتے' ڈگری نکلواتے' کرکی لاتے۔ زمین کرک کراتے۔ مال مویشی کرک کرا کے اٹھالے جاتے۔"

اس کی آنکھوں کی چمک تیز ہوگئی۔ "پر شاہ جی کسی کو بے دخل کرنا چاہتا ہے تو اس کی گھر والی اور جوان دھی تک کو اٹھوالیتا ہے۔" عالم کی آواز بجھنے لگی۔ "سکھ اور بندو ادھر سے گئے تو مسلمان کسان اور مزارعے بہت خوش تھے کہ بنیوں کے ظلم و ستم اور بیاج کے چکر سے چھٹکارا مل

جائے گا۔ پر یہ پتہ نہ تھا کہ اس سے بھی زیادہ ظلم ہوگا۔ عزت اور آبرو بھی جاتی رہے گی۔"

"چوہدری' یہ تو ایسی ہی گلاں کرتا ہے۔" ماکھے نے مداخلت کی۔ "تو شاہ جی سے اس کا بازو دلا دے۔ اس کی گھر والی کا نام ہاجراں ہے۔"

"شاہ جی مجھے بے دخل کرنا چاہتا ہے۔ چوہدری' میں اس کے لیے تیار ہوں۔ وہ میرا بازو مجھے واپس دے دے۔ میں پنڈ چھوڑ کر چلا جاؤں گا۔" عالم کے لہجے میں درد کی کسک پیدا ہوئی۔ "کیا کیا جائے جی' اپنے نصیب میں یہی لکھا تھا۔ چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ ماں کے لیے ہر دم روتے ہیں۔ انھیں روتا دیکھتا ہوں تو میری آنکھیں بھی بھیگ جاتی ہیں۔ کہتے ہیں زمین کسان کی ماں ہوتی ہے۔ وہ اس سے ویسا ہی پیار کرتا ہے۔ مجھے بھی اپنی زمین سے ایسا ہی پیار ہے۔ میں اسی پر پیدا ہوا۔ پلا بڑھا' جوان ہوا۔ پر مجھے اپنی گھر والی سے پیار ہے۔ وہ میرا بازو ہے۔ اس کے بنا یہ زمین کس کام کی۔ ہاجراں کے جانے کے بعد میں کچھ نہیں کرسکتا۔ کھیتوں کو دیکھوں یا گھر کو۔ دونوں ہی برباد ہو رہے ہیں۔ ویسے بھی جی' شاہ جی مجھے رہنے نہیں دے گا۔" اس نے بے بسی سے رحیم داد کے آگے دونوں ہاتھ جوڑ دیے۔

"چوہدری! مجھے بے دخلی منظور ہے۔ میں ہار گیا' شاہ جی جیت گیا۔"

رحیم داد گم بیٹھا تھا۔ تاہم اسے کچھ نہ کچھ تو کہنا تھا۔ اس نے نرم لہجے میں مشورہ دیا۔ "عالم تو ایسا کر۔ شاہ جی سے مل لے' خود جا کے اس سے منت سماجت کر۔ شاہ جی سے نہ ملنا چاہے تو مہربان علی سے گل بات کر۔ جب تو بے دخل ہونے کو تیار ہی ہے تو شاہ جی تیری گھر والی کو ضرور واپس کردے گا۔ اس نے تجھے بے دخل کرنے ہی کے لیے تو تیری گھر والی کو اٹھوایا ہے۔ یہی گل ہے ناں؟"

ماکھا بولا۔ "سچی بات تو یہی ہے جی۔" اس نے مڑ کر عالم کی جانب دیکھا۔ "عالم تو ایسا کر مہربان علی سے ضرور مل لے۔ شاہ جی تو تجھے ملے گا نہیں۔"

ماکھا کھسک کر رحیم داد کے قریب پہنچ گیا۔ اس کے پیروں کو پکڑ کر ہولے ہولے دبانے لگا۔ "چوہدری' یہ تو مہربان علی سے مل ہی لے گا پر تو بھی شاہ جی سے اس کا بازو دلانے کے لیے کہنا۔ وہ تیری گل ضرور مان لے گا۔"

رحیم داد کے پاس احسان شاہ سے بات کرنے کا وعدہ کرلینے کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔ وہ ان سے کیا کہتا کہ ہاجراں اب کبھی واپس نہیں آئے گی۔ وہ پیوند خاک ہو چکی ہے۔ اس نے عالم اور ماکھا کو تسلی دی اور کھڑا ہو گیا۔

اسی وقت صغراں بھاگی بھاگی آئی۔ وہ رحیم داد کے لیے مرغ تل رہی تھی۔ مسالوں کی تیز خوشبو گھر بھر میں پھیلی ہوئی تھی۔

صغراں کو جب یہ معلوم ہوا کہ رحیم داد جا رہا ہے تو وہ اسے روکنے کے لیے اصرار کرنے لگی۔ بار بار عاجزی سے روکا مگر رحیم داد نہ رکا۔



سورج درختوں کی بلندیوں سے اوپر نکل گیا تھا۔ سائے سمٹتے جا رہے تھے۔ جاڑے کی چمکیلی اور شفاف دھوپ میں خوش گوار تمازت تھی۔ رحیم داد واپس احسان شاہ کی حویلی میں پہنچا۔ اس نے حیران و پریشان ہو کر دیکھا' نادر خاں باغ میں کرسی پر بیٹھا ہے۔ رحیم داد تیز قدموں سے چلتا ہوا آگے بڑھا۔

نادر اسے دیکھتے ہی احتراماً کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد نے قریب رکھی ہوئی کرسی پر بیٹھتے ہوئے دریافت کیا۔ "تو کیسے ادھر آ گیا؟" اس کے لہجے میں حیرت سے زیادہ تشویش غالب تھی۔

"ایک نئی بات کا پتہ چلا ہے' سوچا تجھے بتا دوں۔" نادر نے جواب دیا۔ "ویسے مجھے زمیں دارنی نے سامان کی خریداری کے لیے پاک پتن بھیجا ہے۔ پر میں نے تجھ سے ملنا ضروری سمجھا۔ بعد میں پاک پتن چلا جاؤں گا۔"

"تو ابھی تک کھڑا کیوں ہے؟ بیٹھ جا۔" رحیم داد نے نرمی سے کہا۔ "آرام سے بتا کون سی نئی گل کا پتہ چلا ہے؟"

"تیرے یہاں آنے کے بعد جلیل اور زینت شام کو اپنے بچوں کے ساتھ پہنچ گئے۔" نادر کرسی کھسکا کر بیٹھ گیا۔

"حویلی ہی میں ٹھیرے ہیں ناں؟"

"ہاں جی' زمیں دارنی نے انھیں حویلی ہی میں ٹھیرایا ہے۔ تیرے برابر والے خالی کمرے میں تاجاں کے دیاہ تک ٹھہرے رہیں گے۔"

"پر یہ کون سی ایسی بات ہے جسے بتانے تو سویرے ہی سویرے آگیا۔" رحیم داد نے قدرے بے زاری سے کہا۔ "جلیل اور زینت کو تو تاجاں کے ویاہ میں شریک ہونے کے لیے آنا ہی تھا۔"

"بات تو جی اصل میں وہ ہے جو کل رات جنت کی زینت سے ہوئی۔ میں تجھے وہی بتانے آیا ہوں۔" نادر خاں کے چہرے سے پریشانی جھلکنے لگی۔ "ہوا یہ کہ زینت نے باتوں باتوں میں جنت کو بتایا کہ وہ دینا تھا نا' وہی جو سلامو سے زینت کے بچے لے کر آیا تھا' بعد میں زمیں دارنی سے ملا۔ تیرے اور شاہ جی کے بارے میں اس نے بہت خطرناک باتیں بتائیں۔"

"وہ تو جمیلہ کے پاس کئی بار آچکا ہے۔" رحیم داد تذبذب سے بولا۔ "ایک بار تو تیرے سامنے بھی آیا تھا۔ میں جب یہاں آرہا تھا تب بھی وہ مجھے نظر آیا تھا۔ میرا خیال ہے وہ جمیلہ ہی کے پاس جا رہا تھا۔ ورنہ وہ کوٹلہ ہرکشن کیوں آنے لگا؟ ادھر تو اس کا کوئی میل جول کا بھی نہیں۔ جلیل اور زینت بھی تب تک نہیں پہنچے تھے۔"

رحیم داد کے چہرے سے وحشت صاف عیاں تھی۔ "یہ بتا' دینے نے کیا خطرناک باتیں میرے اور شاہ جی کے بارے میں جمیلہ کو بتائیں؟"

نادر خاں نے کرسی رحیم داد کے اور قریب کرلی' گردن اٹھا کے چوکنا نظروں سے ادھر ادھر دیکھا اور رازدارانہ لہجے میں بولا۔ "زینت کہتی تھی' دینے نے زمیں دارنی کو بتایا کہ تو نے شاہ جی کے ساتھ مل کر اللہ وسایا کو کہاں اور کیسے قتل کرایا؟" وہ کہتے کہتے ٹھٹکا۔ "اس نے تو یہاں تک کہا کہ اللہ وسایا کا قتل اس کی آنکھوں کے سامنے ہوا۔"

"بکواس کرتا ہے وہ۔" رحیم داد نے جھنجلا کر کہا۔

"تو ٹھیک کہہ رہا ہے۔" نادر خاں نے اس کی تائید کی اور فوراً صفائی پیش کی۔ "میں نے تو جو سنا وہ بتا دیا۔ یہ میرا فرض تھا۔ پر یہ بات سمجھ نہیں آئی کہ اس نے زمیں دارنی سے تیرے اور شاہ جی کے بارے میں ایسی باتیں کیوں کہیں؟ تیرے ساتھ تو اس کا جھگڑا ٹنٹا بھی نہیں۔"

"جھگڑا ٹنٹا تو تب ہوتا جب میری اس کے ساتھ جان پہچان ہوتی۔ پتہ نہیں اس نے جمیلہ سے میرے خلاف ایسی الٹی سیدھی باتیں کیوں کہیں؟" رحیم داد کی گھبراہٹ بڑھتی جا رہی تھی۔ وہ گردن جھکائے چند لمحے سوچتا رہا۔ پھر اس نے سوالیہ نظروں سے نادر خاں کو دیکھا۔ "نادر! یہ بھی پتہ کیا۔ دینے نے یہ باتیں جمیلہ کو کب بتائیں؟ یاد پڑتا ہے' پہلی بار جب وہ جلیل کے ساتھ آیا تھا تو میرے سامنے ہی دیپال پور واپس چلا گیا تھا۔ جمیلہ سے اس کی کوئی بات ہی نہ ہوئی تھی اور نہ ہی اس نے دوبارہ آنے کو کہا تھا۔"

"پر وہ دوسرے روز آیا اور زمیں دارنی سے سکول میں دیر تک باتیں کرتا رہا۔ جلیل بھی موجود تھا۔ جلیل نے اس کی باتیں سنیں تو اپنی گھر والی زینت کو بھی بتائیں۔"

"اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ دینا خود ہی جمیلہ کے پاس آیا تھا۔ یہ تو میں نوں بھی پتہ ہے وہ جمیلہ کے پاس دوسرے روز آیا تھا۔ میں نے اسے سکول سے نکلتے دیکھا تھا۔" رحیم داد سنبھل سنبھل کر بول رہا تھا۔ وہ اللہ وسایا کے قتل کے سلسلے میں نادر خاں کو اعتماد میں لینا نہیں چاہتا تھا۔ لہٰذا اس کا رویّہ بہت محتاط تھا۔ مگر وہ اپنی بڑھتی ہوئی سراسیمگی زیادہ دیر نہ چھپا سکا۔ اس نے کرید کر پوچھا۔ "زینت نے جنت کو اور کیا کیا بتایا؟"

"زینت کہتی تھی' زمیں دارنی لہور جانے کا پروگرام بنا رہی ہے۔ وہاں اللہ وسایا کے کیس کی نئے سرے سے تفتیش کرانے کے لیے حکام بالا سے ملے گی۔ وکیل محمد عثمان رندھاوا کو اس نے اسی سلسلے میں صلاح مشورہ کرنے کی غرض سے بلایا تھا۔ اسے بلانے جلیل گیا تھا۔ وہ تو جی زمین دارنی کے بہت بھروسے کا بندہ ہے۔"

"وکیل تو جمیلہ کے پاس کئی بار آیا اور ایک بار بھی مجھ سے نہ ملا۔ میرا تو تب ہی ماتھا ٹھنکا تھا' کوئی گڑبڑ ضرور ہے۔ میں نے اس کی آمد و رفت کے بارے میں جمیلہ سے پوچھا تو اس نے مجھے کچھ اور ہی گل بتائی۔"

"کیا کہا اس نے؟" نادر خاں نے پوچھا۔

"کہنے لگی' وکیل کو تو میں نے جیرے کے کیس کے بارے میں مشورہ کرنے کے لیے بلایا تھا۔"

"اس کا مطلب تو یہ ہوا زمیں دارنی نے تجھے مغالطے میں رکھنے کی کوشش کی۔ یہ بات میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ زینت کی باتوں سے صاف اندازہ ہوتا ہے' اس نے جنت سے جھوٹ نہیں بولا۔ اس نے جو کچھ بتایا' بار بار تاکید کی کہ ان باتوں کا تجھے کسی طور پتہ نہ چلے۔"

"تیرا خیال ٹھیک ہی ہے۔ زینت کیوں جھوٹ بولنے لگی؟"

"جنت نے زینت سے یہ باتیں سنیں تو وہ بہت گھبرا گئی۔ سچ تو یہ ہے جی' میں خود بہت گھبرا گیا۔ رات بھر بے چین رہا اور سویرے اٹھتے ہی تیرے پاس چلا آیا تاکہ تجھے پتہ چل جائے زمیں دارنی کے ارادے کتنے خطرناک ہیں۔"

رحیم داد نے کچھ نہ کہا' خاموش بیٹھا پیچ و تاب کھاتا رہا۔ اس کے چہرے پر جھنجلاہٹ بکھری ہوئی تھی۔ آنکھوں میں شعلے بھڑک رہے تھے۔ اس نے غصے پر قابو پانے کی بہت کوشش کی مگر جب تند و تیز جذبات نے شدت سے یلغار کی تو وہ پھٹ پڑا۔ "پر اس سور دے پتر دینے نے جمیلہ کو یہ

باتیں بتانے کی ہمت کیسے کی؟" رحیم داد نے تیکھی نظروں سے نادر کو دیکھا۔ "تفتیش دوبارہ شروع ہوئی تو وہ سب سے پہلے پھنسے گا۔"

نہ بتانے کی کوشش کے باوجود رحیم داد نے جذبات کی رو میں نادر خاں کو بہت کچھ بتا دیا۔ نادر پرانا گھاگ تھا۔ فوراً بات کی تہہ تک پہنچ گیا۔ اس نے حقیقت پسندی سے کام لیتے ہوئے رحیم داد کو خطرے سے خبردار کیا۔

"وہ تو وعدہ معاف گواہ بن کر صاف بچ سکتا ہے۔ میرا تو خیال ہے یہ نکتہ اسے کسی نے بتایا ہوگا' اسے خود پتہ ہوگا۔ وہ پولس کا مخبر ہے۔ گواہیاں پیش کرنا اور سرکاری گواہ مہیا کرنا اس کا روز کا کام ہے۔" اس نے قیاس آرائی کی۔ "میرا تو یہ بھی اندازہ ہے جی' زمین دارنی نے دینے کو رشوت کے طور پر کچھ روپے بھی دیے ہیں۔ آگے بھی دینے کا وعدہ کیا ہوگا۔"

"دو سو روپے تو اسے جمیلہ نے زینت کے بچوں کو لانے کے انعام کے طور پر میرے سامنے ہی دیئے تھے۔" رحیم داد نے سرہلا کے کہا۔ "میرا تو خیال ہے اسی سے اس کا حوصلہ بڑھا۔ جمیلہ سے زیادہ روپیہ اینٹھنے کے چکر میں وہ خود ہی اس کے پاس آیا ہوگا۔" ایک بار پھر اس کا لہجہ تلخ ہو گیا' چہرے پر خشونت برسنے لگی۔ "یہ ساری بکواس اس نے اسی لیے کی ہے۔"

"ایسا ہی لگتا ہے جی۔" نادر نے رحیم داد کی ہاں میں ہاں ملائی۔ اب وہ زیادہ دیر رکنا نہ چاہتا تھا۔ "میں نوں پاک پتن جانا ہے۔ شام تک واپس پنڈ بھی پہنچنا ہے۔ زمین دارنی انتظار کرے گی۔" وہ کھڑا ہو گیا۔ "ایسی باتیں سننے کے بعد تجھے بتانا نہ صرف ضروری تھا بلکہ یہ میرا فرض بنتا تھا۔"

"تو نے بالکل ٹھیک کیا' یہ باتیں مجھے بتا دیں۔" رحیم داد نے نرمی سے کہا۔ "آگے بھی ایسی کوئی گل بات معلوم ہو تو فوراً مجھے بتانا۔ میرا تو خیال ہے' آگے جنت کو لگا دے۔ وہ زینت کے ذریعے یہ معلوم کرتی رہے جمیلہ آگے کیا کیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟"

"وہ تو میں نے جنت سے پہلے سے ہی کہہ رکھا ہے۔ کوئی حرج نہ ہو تو اس بارے میں شاہ جی سے بھی مشورہ کر لیا جائے۔ ویسے دینے نے اس کے خلاف بھی بہت سنگین الزام لگایا ہے۔ حالانکہ وہ برسوں اس کا ملازم رہ چکا ہے۔ شاہ جی تو اس کو ایسا فٹ کر دے گا کہ ساری بکواس بھول جائے گا۔"

"تو ٹھیک کہہ رہا ہے۔ میں شاہ جی سے ضرور مشورہ کروں گا۔ ایسا کرنا بہت ضروری ہے۔" رحیم داد نے اس کی رائے سے اختلاف نہ کیا۔ "اب تو جا۔ تجھے زیادہ دیر نہیں کرنی چاہئے۔"

نادر خاں چلا گیا۔ رحیم داد دھوپ میں کرسی پر بیٹھا رہا۔ نادر سے گفتگو کرنے کے بعد وہ سخت

الجھن میں مبتلا تھا۔ وہ مسلسل دینا کے بارے میں سوچتا رہا جو سنگین خطرہ بن کر اس کے سر پر منڈلا رہا تھا۔

☆

شام کو احسان شاہ حسب وعدہ واپس آ گیا۔ واپسی کے کوئی دو گھنٹے بعد اس نے رحیم داد کو اپنے پاس بلایا۔ کمرہ خوب گرم تھا۔ آتش دان میں دہکتے ہوئے انگاروں کی سرخ سرخ روشنی نے فضا کو رنگین بنا دیا تھا۔

رحیم داد میز کے قریب ہی کرسی پر بیٹھ گیا۔ اس نے میز پر رکھے ہوئے خشک میوے' مٹھائی اور پھلوں کی طرف ہاتھ سے اشارہ کیا۔ "شاہ جی' آج یہ تبدیلی کیوں؟" اس نے مسکرا کے پوچھا۔

"لہور سے میرے ساتھ میاں عبدالسبحان بھی آیا ہے۔" احسان شاہ نے بتایا۔ "چوہدری' تو میاں سبحان کو نہیں جانتا۔ بہت وڈا زمیں دار ہے۔ تیرے سامنے یہاں کبھی نہیں آیا۔ ویسے بھی بہت ہی کم آتا ہے۔"

"لگتا ہے بالکل ہی صوفی ہے؟"

احسان شاہ نے ہنس کر کہا۔ "پہلے تو بہت پیتا پلاتا تھا۔ پر پچھلے کئی سال سے بالکل چھوڑ رکھی ہے۔"

رحیم داد نے گفتگو کا موضوع بدلتے ہوئے دریافت کیا۔ "مہربان علی تو تیرے ساتھ ہی گیا تھا ناں۔ اس نے جمیلہ کے بارے میں کیا پتہ لگایا؟"

"ابھی تو کچھ پتہ نہیں چل سکا۔" احسان شاہ نے جواب دیا۔ "میں نے مہربان علی کو لہور چھوڑ دیا ہے۔ وہ ساری معلومات حاصل کرنے کے بعد ہی لوٹے گا۔"

"کب تک واپس آ جائے گا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

"اسے کل شام تک واپس آ جانا چاہیے۔ ویسے ساری باتوں کا پتہ کر کے ہی آئے گا۔"

"آج صبح تیرے لہور جانے کے کچھ ہی دیر بعد نادر یہاں آیا تھا۔" رحیم داد نے گہری سانس لے کے کہا۔

"کیسے آیا تھا وہ۔ کوئی خاص گل بات تو نہیں؟"

"اس نے تو بہت عجیب گل سنائی۔" رحیم داد نے اضطراب سے کہا۔ "میں تو اسے سن کر گھبرا گیا۔ تب سے انتظار کر رہا تھا' تو آئے تو ساری گل بات تجھے بتاؤں۔"

"کیا کہتا تھا؟" احسان شاہ نے رحیم داد کے چہرے پر بکھری ہوئی سراسیمگی محسوس کی۔ "تو کچھ

زیادہ ہی پریشان نظر آرہا ہے۔"

"پریشان ہونے کی بات ہی ہے۔ تیرے پاس ایک نوکر ہوتا تھا۔" رحیم داد کا لہجہ مدھم پڑ گیا۔ "دینا' وہی جسے تو نے دارا کے ساتھ اللہ وسایا کے قتل پر لگایا تھا۔"

"اس کی تو میں نے کب کی چھٹی کردی۔ ایک رات ساوی کے نشے میں دھت ہو کر اس نے بہت رولا کیا۔ میں نے جوتے لگوا کر اسی رات اسے پنڈ سے نکال دیا تھا۔ بہت زیادہ تنگ کرنے لگا تھا۔" اس نے نظر بھر کر رحیم داد کا چہرہ دیکھا۔ "پر تجھے اس سے کیا لینا؟"

"تجھے یہ بھی پتہ ہے' اب وہ کہاں ہے؟"

"بالکل پتہ ہے۔" احسان شاہ نے نہایت اطمینان سے بتایا۔ "وہ پولیس کا چڑی چور بن گیا ہے۔ تھانے دار زمان خاں نے اسے مخبر لگا رکھا ہے۔"

"پر تجھے یہ پتہ نہیں' دینے ہی نے زینت کے بچے سلامو سے واپس دلائے تھے۔ بچوں کو لے کر وہ زینت کے گھسم جلیل کے ساتھ جمیلہ کے پاس پہنچا۔ زینت ان دنوں جمیلہ ہی کے پاس تھی۔" اس نے قدرے تامل کیا' احسان شاہ کی آنکھوں میں جھانک کر گویا ہوا۔ "تب سے وہ کئی بار جمیلہ کے پاس جا چکا ہے۔ نادر اسی کے بارے میں بتانے میرے پاس آیا تھا۔"

"کیا کہتا تھا نادر؟" احسان شاہ نے چونک کر پوچھا۔

"نادر کہتا تھا' دینے نے اللہ وسایا کے قتل کے بارے میں جمیلہ کو سب کچھ بتا دیا۔"

"نادر کو کیسے اس بات کا پتہ چلا' جمیلہ نے اسے بتایا ہے؟" احسان شاہ کے چہرے پر غبار پھیل گیا۔

"بات کچھ اس طرح ہے' زینت نے جنت کو بتایا اور اس نے ساری بات نادر کو بتا دی۔"

کمرے میں سکوت چھا گیا۔ دہکتے انگاروں کی روشنی میں رحیم داد اور احسان شاہ کے چہرے سنجیدہ نظر آرہے تھے۔ رحیم داد اور زیادہ دیر خاموش نہ رہا۔ اس نے کھنکار کر گلا صاف کیا۔ صبح نادر خاں سے جو کچھ سنا تھا' احسان شاہ کو تفصیل سے بتا دیا۔

احسان شاہ کچھ دیر کے لیے فکر میں ڈوب گیا۔ مگر جلد ہی اس کی آنکھوں میں چمک پیدا ہوئی۔ وہ زیر لب مسکرایا۔ "چوہدری' تو فکر نہ کر۔ دینے کا معاملہ مجھ پر چھوڑ دے۔"

مگر رحیم داد مطمئن نہ ہوا۔ اس نے دبی زبان سے اپنے خدشے کا اظہار کیا۔ "شاہ جی' یہ تو سوچ دینا اب تیرا نوکر نہیں رہا۔"

"پر وہ تھانے دار زماں خاں کے ساتھ تو لگا ہوا ہے ناں۔ زمان میرا گہرا یار ہے۔ وہ دینے کو بالکل

ٹھیک ٹھاک کر دے گا۔ تجھے پتہ نہیں' دینے کے خلاف ایک نہیں' جانے کتنے جرائم اور خطرناک وارداتوں کے کیس ہیں۔ کسی میں بھی اس کو جب چاہے اور جس طرح چاہے گردن سے پکڑ کر دبوچ سکتا ہے۔ وہ اس کی گرفت سے نہیں نکل سکتا۔"

"دینے کو تو زماں خاں سنبھال لے گا پر جمیلہ کا کیا بنے گا؟ اسے تو سب کچھ معلوم ہو گیا ہے۔ وکیل بھی اس کی مدد کر رہا ہے۔" رحیم داد نے گھبرائے ہوئے لہجے میں کہا۔

احسان شاہ نے اس دفعہ کچھ نہ کہا۔ وہ نظریں جھکائے سوچتا رہا۔ اسی اثناء میں کمرے کا دروازہ کھلا۔ میاں عبدالسبحان داخل ہوا۔ حویلی کا ایک ملازم اس کے ہم راہ تھا۔ وہ نظریں جھکا کر ایک طرف خاموش کھڑا ہو گیا۔

میاں سبحان ادھیڑ تھا' جسم بھاری بھرکم تھا اور رخساروں پر ہلکی ہلکی سرخی تھی۔ وہ اوور کوٹ پہنے ہوئے تھا۔ احسان شاہ اسے دیکھتے ہی تپاک سے بولا۔ "بہت دیر کردی میاں صاحب' میں تو کب سے انتظار کر رہا تھا۔" میاں سبحان نے اوور کوٹ اتار کر ملازم کو دیا۔ اس نے اوور کوٹ سنبھال کر احتیاط سے کھونٹی پر لٹکا دیا۔ ملازم چند لمحے ادب سے گردن نیچی کئے کھڑا رہا' پھر چپ چاپ کمرے سے باہر چلا گیا۔

میاں سبحان آتش دان کے قریب کرسی کھسکا کر بیٹھ گیا۔ احسان شاہ نے رحیم داد سے اس کا تعارف کرایا۔ میاں سبحان بہت بڑا زمین دار تھا۔ رحیم یار خان کے علاوہ لائل پور میں بھی اس کے مربعے تھے۔ ہزاروں ایکڑ اراضی پر پھیلی ہوئی کھیتی باڑی کے ساتھ ساتھ آم' امرود اور مالٹے کے باغات تھے۔ ذاتی شکار گاہ تھی۔ لیکن زمین داری سے زیادہ اسے سیاست سے گہری دلچسپی تھی۔

میاں سبحان نے کچھ دیر ادھر ادھر کی باتیں کرنے کے بعد سیاست کا ذکر چھیڑ دیا۔ احسان علی شاہ سیاسی جوڑ توڑ کا ماہر تھا اور حکمران طبقے میں اس کا اثر و رسوخ بھی بہت تھا۔ میاں سبحان اس کے پاس ایک سیاسی غرض سے آیا تھا۔

لیکن رحیم داد کو سیاست سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ وہ جلد ہی ان کی سیاسی گفتگو سے بے زار ہو گیا۔ اس نے اکتا کر جماہی لی۔ احسان شاہ نے اسے دیکھا' مسکرا کر بولا۔ "چوہدری! لگتا ہے تجھے نیند آرہی ہے۔ تو روٹی کھا کر سو جا۔ میں نے میاں صاحب سے کچھ ضروری گل بات کرنی ہے' دیر تک سلسلہ چلے گا۔ تجھ سے اب صبح آرام سے بات چیت ہو گی۔"

رحیم داد چاہتا بھی یہی تھا۔ وہ خاموشی سے اٹھ کر باہر چلا آیا۔ اپنے کمرے میں پہنچ کر اس نے

ملازم سے کھانا منگوایا اور کھانا کھا کر بستر پر لیٹ گیا۔

☆

مہربان علی دوسرے روز بھی نہ آیا۔ تیسرے روز بھی رحیم داد اس کا انتظار کرتا رہا۔ رحیم داد کا اضطراب بڑھتا جا رہا تھا۔ ہاجراں کی خودکشی کے واقعے کے بعد وہ اس قدر خوف زدہ ہو گیا تھا کہ احسان شاہ کے زور دینے پر بھی اس نے کوٹ سے کسی کو نہ بلوایا۔ وہ کمرے میں اکیلا ہی سوتا۔ چوتھے روز مہربان علی سہ پہر کو لاہور سے واپس آیا۔ لیکن رحیم داد سے اس کی ملاقات شام کو ہوئی۔

رحیم داد اس وقت احسان شاہ کے ساتھ گرم کمرے میں بیٹھا مشغول بادہ نوشی کر رہا تھا۔ کمرے کے باہر سرما کی ٹھٹھرتی رات پھیل کر دھواں دھواں ہو گئی تھی۔ ہوا بپھری ہوئی تھی۔ اس کے تیز اور تند تھپیڑے دروازوں اور کھڑکیوں پر دستک دے رہے تھے۔ آتش دان کے دہکتے انگاروں کی سرخ آنچ سے رحیم داد اور احسان شاہ کے چہرے دمک رہے تھے۔ خمار آلود آنکھوں میں ستارے جھلملا رہے تھے۔

مہربان علی سردی سے کپکپا رہا تھا۔ اس نے اونچی آواز سے سلام کیا اور آہستہ آہستہ آتش دان کی جانب بڑھا۔ احسان شاہ نے پوچھا۔ "مہربان! تو لہور سے کیا خیر خبر لایا؟ چوہدری تیرا بے چینی سے انتظار کر رہا تھا۔"

"میں جی وکیل کے منشی سے ملا تھا اور اپنے طور پر بھی پوری چھان بین اور پوچھ تاچھ کی۔" مہربان علی نے سنبھل سنبھل کر بتایا۔ "نادر خاں کی اطلاع بالکل درست ہے جی۔ جمیلہ نے بیڈن روڈ پر کرائے کے مکان کا بندوبست کر لیا ہے۔ وہ مکان میں نے دیکھا ہے۔ اس کے مالک سے بھی ملا تھا۔"

رحیم داد نے پوچھا۔ "اور زمین کی بیع کے بارے میں تو نے کیا پتہ لگایا؟"

"زمین کا سودا بھی جی' بالکل طے ہو چکا ہے۔ پولیس کا ایک ریٹائرڈ انسپکٹر زمین خرید رہا ہے۔ اس کا نام عبداللہ خان ہے' امرتسر کا مہاجر ہے۔ ویسے اوکاڑے میں اس کے آم اور مالٹے کے باغات بھی ہیں۔"

احسان شاہ نے کرید کر پوچھا۔ "تو نے یہ بھی پتہ چلایا کہ زمین کی لکھا پڑھی کا کام کب تک پکا اور مکمل ہو جائے گا؟"

"وکیل کا منشی کہتا تھا سارے کاغذات تیار ہیں۔" مہربان علی نے بتایا۔ "جمیلہ اگلے مہینے کے

شروع میں لہور پہنچ جائے گی۔ اس کے پہنچنے کے بعد بیع کی رجسٹری کا کام بھی شروع ہو جائے گا۔"

"مہربان علی' اب تو جا آرام کر۔" احسان شاہ مزید بات چیت کرنا نہ چاہتا تھا۔

مہربان علی چلا گیا۔

رحیم داد اس کی باتیں سن کر سخت پریشان ہو گیا۔ احسان نے گلاس اٹھا کر بڑا گھونٹ بھرا اور رحیم داد کو تسلی دینے لگا۔ "چوہدری! سب ٹھیک ہو جائے گا۔ یہ بتا' تیرے اندازے میں جمیلہ کب تک لہور چلی جائے گی؟"

"مہربان علی نے بتایا تو تھا' وہ اگلے مہینے کے شروع میں لہور پہنچ جائے گی۔"

"اس کو چھوڑ۔" احسان شاہ نے تیکھے لہجے میں کہا۔ "اپنی کل کر۔"

"تاجاں کے دیاہ تک وہ کوٹلہ ہرکشن میں ضرور ٹھہرے گی۔ دیاہ سے نمٹنے کے بعد لہور جائے گی۔ مجھے تو ایسا ہی لگتا ہے۔"

"اس معاملے میں نادر خان سے بھی کل بات کرنی ہو گی۔ اسے ہربات کا تجھ سے زیادہ پتہ ہے اسے مشورے کے لیے کل ہی بلانا ہو گا۔"

"ہاں جی اس سے بات کرنی بہت ضروری ہے۔" رحیم داد نے احسان شاہ کی رائے سے اتفاق کیا۔ "وہ جنت کے ذریعے جمیلہ کے ارادوں کا پتہ چلا سکتا ہے۔"

"تیری باتوں سے لگتا ہے' جنت بھی نادر خان کی طرح ہوشیار اور تیز ہے۔"

رحیم داد نے مسکرا کر کہا۔ "اس سے بھی کچھ زیادہ ہی تیز ہے۔"

"کیا بات ہے چوہدری' تیری طبیعت تو اس پر نہیں آ گئی۔" احسان شاہ نشے میں جھوم کر ہنسنے لگا۔ "میں نے تو جنت کو ایک ہی بار دیکھا ہے۔ نادر کے ساتھ آئی تھی۔ رنگ روپ تو اس کا ٹھیک ٹھاک ہے۔ عمر بھی زیادہ نہیں۔"

مگر رحیم داد نے اس کی حوصلہ افزائی نہ کی' چہرے پر سنجیدگی طاری کرتے ہوئے بولا۔ "نہیں شاہ جی ایسی کوئی گل شل نہیں۔"

احسان شاہ نے کچھ نہ کہا۔ گلاس اٹھا کر ہونٹوں سے لگایا اور خالی کر دیا۔ وہ اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد بھی کھڑا ہو گیا۔ دونوں باہر نکلے۔ احسان شاہ مڑا اور حویلی کے زنان خانے کی جانب روانہ ہو گیا۔ رحیم داد اپنے کمرے میں چلا گیا۔

دوسرے روز شام کا اندھیرا پھیلتے ہی نادر خان آ گیا۔ احسان شاہ اور رحیم داد آتش دان کے سامنے بیٹھے اس کا انتظار کر رہے تھے۔

احسان شاہ نے کسی تمہید کے بغیر پوچھا۔ "نادر تیری اطلاع کی تو میں نے تصدیق کرالی ہے۔ یہ تو پتہ چل گیا' جمیلہ نے لہور میں رہنے کے لیے مکان کا بندوبست کرلیا ہے۔ زمین بیچنے کا سودا طے ہوچکا ہے۔ اب رجسٹری ہونی رہ گئی ہے۔"

"تو بھی یہی خبر لایا تھا ناں؟" رحیم داد نے مداخلت کی۔

لیکن احسان شاہ نے اس کی بات کو اہمیت نہ دی اور نہ ہی نادر خان کو بولنے کا موقع دیا۔ اس کا چہرہ غور سے دیکھتے ہوئے دریافت کیا۔ "نادر یہ بتا' تیرے اندازے میں جمیلہ کب تک کوٹلہ ہرکشن چھوڑ کے لہور چلی جائے گی؟"

"مجھے تو جی لگتا ہے کہ وہ تاجاں کے ویاہ کے فوراً ہی بعد لہور چلی جائے گی۔ میں نے اس بارے میں جنت سے پوچھا تھا۔ وہ یہی بتاتی تھی۔ میرے خیال میں وہ ٹھیک ہی کہہ رہی ہے۔"

"اس کا مطلب یہ ہوا تاجاں کے ویاہ تک تو وہ اپنے پنڈ میں ضرور ٹھیرے گی۔" احسان شاہ نے اپنے ردعمل کا اظہار کیا۔

"ہاں جی' یہ تو طے ہے۔" نادر خان نے وثوق سے کہا۔ "تاجاں کا ویاہ تو وہ ایسے چاؤ اور لگن سے کررہی ہے جیسے اپنی سگی دھی کا ویاہ کررہی ہو۔ اس پر تو آج کل اسی کی دھن سوار ہے۔ کسی اور گل بات کا اسے ہوش ہی نہیں۔ جب دیکھو تاجاں کے ویاہ کے بارے میں باتیں کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔"

احسان شاہ سوچتا رہا۔ اس نے نادر خان کی باتوں پر کسی ردعمل کا فوری طور پر اظہار نہ کیا۔ رحیم داد بھی خاموش رہا۔ جلتا ہوا ایک کوئلہ زور سے چٹخا۔ چنگاریاں اڑیں اور آتش دان کے باہر تک بکھر گئیں۔ احسان شاہ نے مڑکر آتش دان کے دہکتے ہوئے سرخ سرخ انگارے دیکھے پھر نادر سے پوچھا۔

"نادر یہ بتا' تاجاں کی جنج کس روز آئے گی؟"

"آج منگل ہے جی۔" نادر خان سر اٹھا کر سوچنے لگا۔ "جمعے کی شام کو جنج چڑھے گی۔ زمین دارنی نے مجھے یہی بتایا ہے اور اسی حساب سے ویاہ کی تیاریاں بھی ہورہی ہیں۔"

"مطلب یہ کہ اب صرف تین راتیں رہ گئیں ہیں۔" احسان شاہ نے کہا۔ "جو کچھ کرنا ہے انھی تین راتوں میں کرنا ہوگا۔ آج کی رات تو سمجھو گزر گئی۔ دو راتیں رہ جاتی ہیں۔"

رحیم داد اس کی بات کا مفہوم مطلق نہ سمجھ سکا۔ نادر خاں کے بشرے سے بھی ایسی ہی کیفیت ہویدا تھی۔ وہ تو خاموش رہا مگر رحیم داد نے بے چین ہوکر کہا۔ "اب کیا ہوسکتا ہے؟"

"یہ تو مجھ پر چھوڑ دے' کیا ہوسکتا ہے اور کیا ہوگا۔"

"پر تاجاں کے ویاہ سے جمیلہ کے لہور جانے کا کیا ناتا؟" وہ ابھی تک احسان شاہ کی بات کا مقصد نہ سمجھ سکا تھا۔

"تو چپ کرکے دیکھتا جا۔" احسان شاہ بے پروائی سے بولا۔ قدرے تامل کیا' پھر نادر خاں کی جانب متوجہ ہوا۔ "تاجاں تو اب مائیاں بیٹھ چکی ہوگی۔"

"ہاں جی' مائیاں تو وہ کئی روز پہلے بیٹھ چکی ہے۔"

"رات کو اس کے پاس کون رہتا ہے؟" احسان شاہ نے استفسار کیا۔

"ویسے تو جی کئی زنانیاں رہتی ہیں۔ تاجاں کی ماں پھاتاں بھی رہتی ہے۔ پر زمین دارنی نے جنت کو خاص طور پر لگایا ہے کہ وہ رات کو تاجاں کے پاس رہے۔" نادر خان نے احسان شاہ کو مطلع کیا۔ "وہ تو جی آج کل تاجاں کے ساتھ ہی سوتی ہے۔"

"یہ تو اور بھی بہتر ہے۔" احسان شاہ کے چہرے سے اطمینان جھلکنے لگا۔ "اب تو کام آسان ہوجائے گا۔"

رحیم داد نے مضطرب ہوکر پہلو بدلا۔ حیرت سے آنکھیں پھاڑ کر پوچھا۔ "شاہ جی تو کرنا کیا چاہتا ہے؟"

"میں چاہتا ہوں جنج پہنچنے سے پہلے ہی تاجاں کو اٹھوالیا جائے۔ اسے لاکر یہاں حویلی میں رکھا جائے۔" احسان شاہ نے نگاہیں اٹھا کر نادر خاں کو تیز نظروں سے دیکھا۔ "تو نے بھی سن لیا نادر؟"

"بالکل سن لیا جی۔" نادر خاں نے مستعدی سے جواب دیا۔

احسان شاہ کے چہرے پر خشونت پھیل گئی۔ وہ ایک ہاتھ اٹھا کے انگلیوں سے بائیں طرف کی مونچھ مروڑنے لگا۔ اس نے نادر خاں کو استفہامیہ نظروں سے دیکھا۔ "وہ جمعرات کی رات ہوگی۔" احسان شاہ سنبھل سنبھل کے بولنے لگا۔ "اس رات نیکا دوسرے کرندوں کے ساتھ کوٹلہ ہرکشن پہنچ جائے گا۔ سب جیپ میں ہوں گے۔ جیپ درختوں تلے کھڑی کردی جائے گی۔ نیکا اور اس کے ساتھی بندے آدھی رات سے پہلے ہی پہنچ جائیں گے۔ اور اس گھر کے پاس چھپ کر بیٹھ جائیں گے جہاں تاجاں مائیاں بیٹھی ہے۔ اب تو یہ بتا' اس کام میں کوئی مشکل تو نہیں پڑے گی؟"

"نہیں جی' کوئی مشکل نہیں ہوگی۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "تاجاں جس گھر میں مائیاں بیٹھی ہے' اس کے نزدیک صرف مہمان خانہ ہے جس میں ان دنوں میں اپنی بچیوں کے ساتھ رہتا ہوں۔

آس پاس اور کوئی مکان شکان نہیں۔ آگے رڑی ہے۔ اس کے ساتھ جھنگر ہے جو گھر کے پچھواڑے تک پھیلا ہے۔ اس سے ذرا ہٹ کر باغ ہے۔" نادر خاں نے پورا حدود اربعہ بتایا۔

"یوں سمجھ لیں جی' ادھر ادھر ویرانہ ہی ویرانہ ہے۔"

"ٹھیک ہے' ٹھیک ہے۔" احسان شاہ سر ہلا کے بولا۔ "جس کمرے میں تاجاں مائیاں بیٹھی ہے اس کا کوئی دروازہ آنگن میں یا گھر کے باہر بھی کھلتا ہے؟"

نادر خاں جواب دینا ہی چاہتا تھا کہ احسان شاہ نے ہاتھ اٹھا کر منع کر دیا۔ "مجھے نہ بتا۔ یہ ساری باتیں تو فیکا کے سامنے ہی بتانا۔ مجھ سے زیادہ اس کے لیے ان کا جاننا ضروری ہے۔" اس نے اونچی آواز سے کمرے کے دروازے پر بیٹھے ہوئے ملازم کو اندر بلایا۔ وہ آیا تو اسے ہدایت کی کہ رفیق عرف فیکا کو کمرے میں بھیج دے۔

وہ خاموشی سے چلا گیا۔ ذرا ہی دیر بعد رفیق آگیا۔ چہرے مہرے سے وہ خاصا ہیبت ناک نظر آتا تھا۔ اس کا جسم لمبا اور مضبوط تھا۔ رنگ سیاہ تھا۔ آنکھیں چھوٹی چھوٹی اور چمک دار تھیں۔ انداز میں اکھڑپن تھا۔ آواز بھدی اور کرخت تھی۔ وہ احسان شاہ کے روبہ رو نظریں جھکا کر ادب سے کھڑا ہو گیا۔

احسان شاہ نے نادر خاں سے کہا۔ "ہاں' اب بتا۔"

"وہ ایسا ہے جی' تاجاں جس کمرے میں مائیاں بیٹھی ہے' اس کے آدھے سے بھی کم حصے میں پردہ پڑا ہے۔" نادر خاں نے بتایا۔ "تاجاں پردے کے پیچھے رہتی ہے۔ اس حصے میں دروازہ بھی ہے جو گھر کے پچھواڑے کھلتا ہے' پر اس میں تالا پڑا رہتا ہے۔ اسے تب کھولا جاتا ہے جب تاجاں ٹٹی پیشاب کے لیے سویرے ہی سویرے باہر نکلتی ہے۔ وہاں جی کیکر کے درخت اور گھنی جھاڑیاں ہیں۔ اس کے آگے تھوڑا سا کھلا میدان ہے۔ میدان کے ایک طرف باغ ہے۔ جہاں باغ ختم ہوتا ہے وہاں حویلی کا کڑہ ہے جس میں ڈھور ڈنگر رہتے ہیں۔ اس سے ملا ہوا اصطبل ہے۔ کڑے اور اصطبل کی نگرانی کے لیے رکھوالا موجود رہتا ہے۔"

احسان شاہ نے رفیق کو مخاطب کیا۔ "فی کے! تو نے ساری گلاں سن لیں' پر تو آج یا کل رات خود موکے پر جا کر سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ لے' پوری طرح سمجھ لے۔ تجھے پرسوں رات کارروائی کرنی ہے۔" اس نے مڑ کر نادر خاں کی جانب دیکھا۔

"تو جا کر جنت کی ڈیوٹی لگا دے کہ وہ اس رات فیکا کے پہنچنے کے بعد تاجاں کو کسی بہانے باہر لے جائے۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو چپکے سے دروازے کا تالا کھول دے۔ ہاں' یہ تو بتا' تالے کی چابی کس

کے پاس رہتی ہے؟"

"جنت ہی کے پاس رہتی ہے۔ پہلے میں اسی گھر میں رہتا تھا۔ اسے تو میں نے ویاہ کے لیے خالی کیا ہے۔"

احسان شاہ نے رفیق کو مخاطب کیا۔ "فی کے! ویسے تو تیرا کام زیادہ مشکل نہیں پر میں چاہتا ہوں' ذرا بھی گڑبڑ نہ ہو۔ ہر کام خاموشی سے ہو جائے۔"

رفیق سینہ تان کر بولا۔ "شاہ جی' تیرا حکم چاہیے۔ سب کچھ ٹھیک ہی ہو گا۔ فکر کی کوئی گل نہیں۔"

"تو اب بہت پکا ہو گیا ہے۔" احسان شاہ نے ہنس کر کہا۔ پھر اس نے مڑ کے نادر کو دیکھا۔ "جب تاجاں کو فیکا اٹھا کر لے جائے تب تجھے کیا کرنا ہو گا؟ یہ گل بات تجھے مہربان علی سمجھا دے گا۔ اگے جو کچھ ہو گا اسے سب کچھ پتہ ہے۔ اس بارے میں وہ مجھ سے پہلے ہی بات کر چکا ہے۔ جیسا وہ کہے تیں نوں ویسا ہی کرنا ہو گا۔ سمجھ گیا نا؟"

"بالکل سمجھ گیا۔" نادر خاں نے احسان شاہ کو اطمینان دلایا۔ "ہر کام ویسے ہی ہو گا جیسی مجھے ہدایت دی جائے گی۔"

احسان شاہ بولا۔ "اب تو فیکا کے ساتھ جا اور مہربان سے مل لے۔ وہ تیرا انتظار کر رہا ہو گا۔"

نادر خاں اور رفیق چلے گئے۔ کمرے میں خاموشی چھا گئی۔ احسان شاہ بھی تھوڑی ہی دیر بعد اٹھ کر کھڑا ہو گیا۔ رحیم داد نے پوچھا۔ "تو ابھی سے جا رہا ہے؟ آگے کیا کرنا ہے۔ اس بارے میں تجھ سے بہت سی باتیں کرنی ہیں۔"

"اب تو کل ہی بات ہو گی۔" احسان شاہ نے جواب دیا۔ "آگے کی فکر نہ کر۔ اسے مجھ پر چھوڑ دے۔ چپ کر کے دیکھتا جا۔"

"پر مجھے یہ تو سمجھ لینے دے کہ کیا کیا کرنا ہو گا؟" رحیم داد نے اپنی تشویش کا اظہار کیا۔ "بہت سوچ سمجھ کر کام کرنا ہو گا۔ کوئی گڑبڑ نہ ہو جائے۔"

"پریشان نہ ہو۔ سب ٹھیک ہی ہو گا۔ میں کل تجھے ہر گل بات ٹھیک طرح سمجھا دوں گا۔ مجھے اب جانا ہے۔ میاں سبحان ایک ایم۔ پی۔ اے اور ڈپٹی کمشنر کے ہم راہ لائل پور سے آ رہا ہے۔ تینوں پہنچے ہی والے ہوں گے۔ میں نے ان سے بہت اہم باتیں کرنی ہیں۔"

"ان سے اسی کمرے میں گل بات کرنی ہے؟" رحیم داد نے اٹھتے ہوئے پوچھا۔

"نہیں' ان سے بڑے کمرے میں بات چیت ہو گی۔ تیرا جی چاہے تو یہیں بیٹھ۔ پینے پلانے کا

ارادہ ہو تو اپنے لیے منگوا لے۔ میں نے آج نہیں پینی۔"

رحیم داد کی بے قراری دیکھ کر احسان شاہ نے اس کے کندھے پر تھپکی دی اور اس کے ساتھ ساتھ دروازے کی جانب بڑھتے ہوئے بولا۔ "چوہدری' تو جا کر آرام سے اپنے کمرے میں رونی کھا۔"

اپنے کمرے میں پہنچ کر رحیم داد چپ چاپ لیٹا رہا۔ احسان شاہ کے اطمینان دلانے کے باوجود وہ خائف تھا۔ اس نے کھانا بھی نہ کھایا۔ دیر تک بے چینی سے کروٹیں بدلتا رہا۔

صبح ہوئی تو اس کا یہی عالم تھا۔ احسان شاہ سے بھی اس کی ملاقات نہ ہو سکی۔ وہ میاں سبحان اور لائل پور کے ڈپٹی کمشنر کے ساتھ تمام دن اور رات گئے تک مصروف رہا۔ جمعرات کو رحیم داد کی پریشانی اور بڑھ گئی۔

میاں سبحان اور ڈپٹی کمشنر سہ پہر کو لاہور چلے گئے۔ مگر احسان شاہ سے رحیم داد کی ملاقات شام ہی کو ہوئی۔ وہ حسب معمول مطمئن اور چاق چوبند نظر آ رہا تھا۔ ملازم نے بوتل کے علاوہ گلاس بھی میز پر رکھ دیئے تھے۔ لیکن رحیم داد کو یہ دیکھ کر حیرت ہوئی کہ احسان شاہ کے اشارے پر ملازم بوتل جگ اور گلاس واپس لے گیا۔

رحیم داد اس کے اس رویئے کا سبب جاننا چاہتا تھا' لیکن وہ چپ رہا۔ دونوں نے ساتھ کھانا کھایا پہر رات گزری' تاریکی بڑھی' سناٹا گہرا ہوتا گیا۔ رحیم داد کی بے چینی میں برابر اضافہ ہوتا رہا۔ مگر احسان شاہ سیاسی جوڑ توڑ کے بارے میں اپنے کارنامے سناتا رہا۔ رحیم داد بت بنا اس کی باتیں سنتا رہا۔ اسے احسان شاہ کی سیاسی سرگرمیوں سے ذرا لگاؤ نہ تھا۔ وہ اپنی سوچ میں گم تھا اور جمیلہ کے بارے میں غور کر رہا تھا۔

رات آدھی ہو گئی۔ آتش دان میں انگارے دہکتے رہے۔ کمرے کا دروازہ چرچراتا ہوا کھلا۔ رحمتے اندر داخل ہوئی۔

رحیم داد نے حیرت زدہ ہو کر دیکھا۔ رحمتے کے عقب میں تاجاں سکڑی سکڑائی سہمی ہوئی کھڑی ہے۔ وہ مانجھے کا زرد لباس پہنے ہوئے تھی۔ جو اب ملگجا ہو گیا تھا۔ وہ سردی سے کپکپا رہی تھی۔ اس کا چہرہ دوپٹے کے آنچل سے چھپا تھا۔ تاجاں کے داخل ہوتے ہی کمرے میں بٹنے کی تیز بو پھیل گئی۔

"یہ تاجاں آئی ہے جی۔" رحمتے نے اس کی طرف ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ "نیکا اسے جیپ میں ڈال کر لایا ہے۔"

احسان شاہ نے تاجاں کو دیکھا اور لمحے بھر تک ٹکٹکی باندھے دیکھتا رہا۔ پھر رحمتے کی جانب متوجہ ہوا۔ "رحمتے! اسے ساتھ کے کمرے میں پہنچا کر باہر سے دروازہ بند کر دے۔ تیں نوں کہیں اور نہیں جانا۔ دروازے پر ہی رہنا ہے۔"

رحمتے نے کچھ نہ کہا۔ خاموشی سی مڑی اور تاجاں کے ساتھ باہر چلی گئی۔ دونوں کے جانے کے بعد رحیم داد نے بے قرار ہو کر پوچھا۔ "تاجاں تو آگئی پر اس کے آنے سے کیا ہو گا؟ مجھے اس سے کیا لینا۔"

"تجھے اس سے کچھ نہیں لینا پر جمیلہ کو تو اس کی سخت ضرورت ہے۔" احسان شاہ نے قہقہہ لگایا۔ "چپ کر کے دیکھتا جا۔" احسان شاہ نے قدرے تامل کے بعد پر اعتماد لہجے میں کہا۔ "تھوڑی دیر میں جمیلہ بھی یہاں آجائے گی۔"

"کیا نیکا اسے بھی اٹھا کر لائے گا؟"

"نہیں وہ یہاں اپنی مرضی سے آئے گی۔" احسان شاہ نے زور دے کر کہا۔ "اسے یہاں آنا پڑے گا۔"

رحیم داد کو احسان شاہ کی بات پر یقین نہ آیا لیکن وہ خاموش رہا۔ اس کی آنکھوں میں استعجاب جھلک رہا تھا۔ اس کے ذہن میں طرح طرح کے وسوسے کلبلا رہے تھے۔

مگر احسان شاہ کا کہا بالکل درست نکلا۔ تاجاں کو پہنچے ہوئے گھنٹہ' سوا گھنٹہ گزرا ہو گا کہ نادر خاں کمرے کے اندر آیا۔ اس کے ہم راہ جمیلہ بھی تھی۔ رحیم داد ششدر رہ گیا۔ اس کی رگوں میں خون جمنے لگا۔

آتش دان میں دہکتے ہوئے انگاروں کی سرخ روشنی میں جمیلہ کا خوب صورت چہرہ تمتما رہا تھا۔ بالوں کی ایک لٹ بکھر کر ماتھے پر جھول رہی تھی۔ بڑی بڑی سیاہ آنکھوں میں جھنجلاہٹ اور غصے کی تیز چمک تھی۔ وہ سفید اونی دوشالہ اوڑھے ہوئے تھی۔

وہ احسان شاہ کے روبہ رو سر اٹھا کے کھڑی ہو گئی۔ احسان شاہ نے اس کی آنکھوں میں جھانکنے کی کوشش کی' مسکرایا اور بے تکلفی سے بولا۔ "آخر تو آ ہی گئی۔" اس کے ہونٹوں کی مسکراہٹ اور کھل اٹھی۔

"کھڑی کیوں ہے؟ بیٹھ جا۔ سردی سے تھرتھراتی ہوئی آئی ہے۔ ذرا گرم ہو جا۔"

"میں یہاں بیٹھنے نہیں آئی ہوں۔" جمیلہ نے بپھرے ہوئے لہجے میں کہا۔ "یہ بتا' تاجاں کہاں ہے؟"

"فکر نہ کر۔ وہ یہیں ہے اور بہت آرام سے ہے۔ اسے کسی نے ہاتھ بھی نہیں لگایا۔ وہ تجھے خود بتادے گی۔"

"میں اسے ملنا چاہتی ہوں اور ابھی ملنا چاہتی ہوں۔" اس کے لہجے میں بڑی سوزش تھی۔ رحیم داد نے نرم لہجے میں اسے تسلی دینے کی کوشش۔ "تو بالکل فکر نہ کر۔ تاجاں ٹھیک ٹھاک ہے۔"

جمیلہ نے سر کو خم دے کر رحیم داد کو قہر آلود نظروں سے دیکھا' مگر کوئی بات نہ کی۔ احسان شاہ کو مخاطب کرتے ہوئے بولی۔ "شاہ جی! مجھے ٹھیک ٹھیک بتا۔ تو نے تاجاں کو کہاں رکھا ہے؟ مجھے پہلے اسے ملنا ہے۔"

"ضرور مل لے' اپنا اطمینان کرلے۔" احسان شاہ نے جمیلہ کے لہجے کی تلخی پر کسی ردعمل کا اظہار نہ کیا' زیرلب مسکراتا رہا۔ "اس سے ملنے اور اطمینان کرنے کے بعد یہاں واپس آجانا۔" اس نے آواز میں نرمی پیدا کرنے کی کوشش کی۔

"تو اسے واپس لینے ہی کے لیے یہاں آئی ہے ناں؟"

"میں اسے لینے ہی کے لیے آئی ہوں اور اسے لے کر ہی جاؤں گی۔"

"ضرور لے جا۔" احسان شاہ کا لہجہ بدستور نرم اور شگفتہ تھا۔ "پر اس سے مل تو لے۔" احسان شاہ نے رحمتے کو بلایا اور جمیلہ کو اپنے ہم راہ لے جانے کا حکم دیا۔

جمیلہ کے جانے کے بعد احسان شاہ نے نادر خان سے دریافت کیا۔ "نادر یہ تو بتا' تو جمیلہ کو یہاں لایا کیسے؟ چوہدری' یہ راز جاننے کے لیے بہت بے چین ہے۔ دیکھ تو کیسا حیران پریشان بیٹھا ہے۔" وہ کھل کھلا کر ہنسنے لگا۔

"وہ ایسا ہوا جی جنت نے چپکے سے دروازہ کھول دیا تھا۔" نادر خان نے بتایا۔ "فیکا آرام سے اندر پہنچا۔ تاجاں بے خبر سو رہی تھی۔ اس نے نزدیک پہنچ کر تاجاں کا جھٹ منہ دبادیا۔ اسے اپنے بازوؤں میں اٹھایا اور ایسی خاموشی سے باہر لے گیا کہ کمرے میں سوئی ہوئی زنانیوں میں سے کسی کو ذرا بھی پتہ نہ چلا۔"

"پر جنت تو جاگ رہی تھی ناں؟" رحیم داد نے پوچھا۔

"بالکل جاگ رہی تھی جی بلکہ فیکا کے پہنچنے کا انتظار کر رہی تھی۔ میں نے اسے کہہ جو رکھا تھا۔" نادر خاں نے رحیم داد کو بتایا۔ "جب فیکا اپنے ساتھیوں کے ساتھ تاجاں کو جیپ میں ڈال کر لے گیا تب جنت میرے پاس آئی۔ وہ بہت ڈری ہوئی تھی۔ اس نے سب کچھ مجھے بتادیا۔"

"جمیلہ اس وقت کہاں تھی؟" احسان شاہ نے دریافت کیا۔

"وہ جی اوپر اپنے کمرے میں سو رہی تھی۔" نادر خان گویا ہوا۔ "جنت کی زبانی جب مجھے یہ پتہ چل گیا کہ فیکا تاجاں کو اٹھا کر لے گیا ہے' تب مہمان علی کی ہدایت پر میں زمیں دارنی کے پاس گیا جنت میرے ساتھ تھی۔ اس نے زمین دارنی کو جگایا اور صاف صاف بتادیا کہ تاجاں کو اغوا کرلیا گیا۔ یہ سنتے ہی وہ بدحواس ہوگئی۔ گھبرائی ہوئی نیچے اتری اور اس کمرے میں گئی جہاں تاجاں مائیاں بیٹھی تھی۔ تاجاں کو وہاں نہ پاکر وہ پریشان ہوگئی۔"

"اس نے کوئی شور شرابا تو نہیں کیا؟" رحیم داد نے کرید کر پوچھا۔

نہیں جی' وہ بالکل چپ کر کے رہ گئی۔ اس نے کسی کو بھی تاجاں کے بارے میں کچھ نہ بتایا۔ جنت کو بھی منع کردیا۔ وہ وہاں زیادہ دیر ٹھہری نہیں' فوراً مہمان خانے میں آگئی۔ میں اور جنت اس کے ساتھ ساتھ تھے۔ ساری زنانیاں بے خبر سوتی رہیں۔ انھیں کچھ بھی پتہ نہ چلا؟"

"مہمان خانے میں پہنچ کر تو اس نے تجھ سے بھی پوچھ تاچھ کی ہوگی؟" احسان شاہ نے استفسار کیا۔

"پہلے تو جی وہ جنت سے پوچھ تاچھ کرتی رہی پر اس نے زیادہ کل بات نہ کی۔ اسے جلد ہی واپس کمرے میں بھیج دیا۔ ساتھ ہی یہ ہدایت کی کہ خاموشی سے اپنی جگہ پر جا کر لیٹ جائے اور پوری طرح کوشش کرے کہ تاجاں کے بارے میں کسی کو کچھ پتہ نہ چلے۔" نادر خاں سنبھل سنبھل کر ایک ایک تفصیل بیان کرتا رہا۔ "جنت کے جانے کے بعد زمیں دارنی نے مجھ سے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ تاجاں کو کون اٹھا کر لے گیا۔"

رحیم داد زیادہ دیر خاموش نہ رہ سکا۔ "تو نے کیا بتایا؟"

"میں نے اسے صاف صاف کہہ دیا' شاہ جی کے بندے تاجاں کو اٹھا کر جیپ میں لے گئے ہیں۔"

"جمیلہ نے تجھ سے یہ نہیں پوچھا' تجھے کیسے پتہ چلا؟"

"اس نے مجھ سے یہ کل پوچھی تھی۔" نادر خاں نے جواب دیا۔ "میں نے اسے بتایا' تاجاں کو اٹھا کر لے جانے کے بعد شاہ جی کا ایک کرندہ میرے پاس مہمان خانے میں آیا تھا۔ اس کے ہاتھ میں بھرا ہوا پستول تھا۔ اس نے مجھے کہا' زمیں دارنی اگر تاجاں کو واپس لانا چاہتی ہے تو وہ شاہ جی کی حویلی پہنچ جائے۔ نہر کے کنارے جیپ کھڑی ہے' وہ اسے لے جائے گی۔"

"کیا تیرے پاس شاہ جی کا کوئی کرندہ سچ مچ آیا تھا؟" رحیم داد نے پھٹی ہوئی آنکھوں سے پوچھا۔

رحیم داد کے احمقانہ سوال پر احسان شاہ کے چہرے پر مسکراہٹ پھیل گئی۔ مگر نادر نے نہایت

متانت سے کہا۔

"میرے پاس آنا شانا کس کو تھا جی۔ میں نے تو مہربان علی کی ہدایت پر یہ بات زمیں دارنی سے کہی تھی۔" اس نے کھنکار کر گلاف صاف کیا۔ "یہ سنتے ہی اس کا تو برا حال ہوگیا۔ دونوں ہاتھوں سے اپنا سر پکڑ کے بولی۔ یہ کیا ہوگیا نادر؟ میری تو سمجھ کام نہیں کر رہی۔ کل تاجاں کی جنج آرہی ہے۔ جب تاجاں ہی نہ ہوئی تو کیسے دیاہ ہوگا؟ میں سب کو کیا جواب دوں گی؟ یہ کہتے کہتے جی وہ بلک بلک کر رونے لگی۔"

"وہ تو بالکل پاگل ہوگئی ہوگی۔" رحیم داد نے کہا۔

"پاگل تو جی اسے ہونا ہی تھا۔" نادر خاں بولا۔ "میں نے پہلے تو اسے دلاسا دیا۔ جب اس نے رونا بند کیا تو مشورہ دیا اب تو بے عزتی سے بچنے کی یہی صورت ہے' شاہ جی کے پاس چلا جائے اور تاجاں کو واپس لانے کے لیے منت سماجت کی جائے۔ ساتھ ہی میں نے زور دیا وکت بہت کم ہے جو کرنا ہے جلد سے جلد کرنا ہے۔ تاجاں کو سویرا ہونے سے پہلے ہی واپس آجانا چاہیے۔ ورنہ بات سارے پنڈ میں پھیل جائے گی۔ جنج آئی بھی تو واپس چلی جائے گی۔"

رحیم داد نے دریافت کیا۔ "یہ سن کر وہ تجھ سے ناراض تو نہیں ہوئی؟"

"پتہ نہیں جی' اس نے میرے بارے میں کیا سوچا۔" نادر خاں کا چہرہ بالکل سپاٹ تھا۔ "میری باتیں سنتے ہی وہ ہاتھوں سے منہ چھپا کر ایک بار فیر رونے لگی۔ میں چپ کر کے بیٹھا رہا پر ذرا ہی دیر بعد وہ ایک دم اٹھ کر کھڑی ہوئی اور یہاں آنے کے لیے تیار ہوگئی۔ میرے ہم راہ وہ مہمان خانے سے باہر نکلی۔ جیپ بھی تب تک تاجاں کو ادھر پہنچا کر واپس آگئی تھی۔ زمین دارنی میرے ساتھ اس میں سوار ہوگئی۔"

احسان شاہ پوری روداد سن کر بولا۔ "نادر تو سچ مچ بہت کام کا بندہ ہے۔" وہ رحیم داد کی جانب متوجہ ہوا۔

"چوہدری! تو نادر کو تگڑا انعام دینا۔ اس نے زبردست کام کیا ہے۔"

"کام تو اس نے انعام ہی کا کیا ہے۔" رحیم داد نے بے ساختہ کہا۔ "اسے ضرور انعام ملے گا۔ شاہ جی تیری بات خالی نہیں جائے گی۔ فکر نہ کر۔"

احسان شاہ نے نادر خاں کو جلد ہی رخصت کردیا۔ "نادر! اب تو مہربان علی کے پاس جا۔ وہ تیرا انتظار کر رہا ہوگا۔" یہ کہتے کہتے وہ ٹھٹکا۔ "اور دیکھ باہر رہتے ہوگی۔ اس سے کہہ کہ جمیلہ کو یہاں بھیج دے۔"

نادر خاموشی سے چلا گیا۔

"لے چوہدری' تیرا کام تو بن گیا۔" احسان شاہ نے ہنس کر رحیم داد سے کہا۔

رحیم داد سادگی سے بولا۔ "سچ پوچھ تو اب تک سمجھ نہیں آئی' کیا کام بنا۔"

"گھبرا نہیں' جمیلہ کو آنے دے۔ تھوڑی دیر میں سب کام پورا ہوجائے گا اور تجھے بھی سب پتہ چل جائے گا۔"

رحیم داد گم صم بیٹھا رہا۔ اس کی سانس کی رفتار تیز ہوگئی تھی۔ وہ بے چینی کے عالم میں بار بار پہلو بدلنے لگا۔ ٹھہر ٹھہر کر دروازے کی جانب دیکھتا۔ کمرے میں سکوت تھا۔ احسان شاہ بھی چپ تھا۔

☆

جمیلہ شکست خوردہ انداز میں کمرے میں داخل ہوئی۔ اس کا چہرہ سوگوار تھا۔ آنکھیں بھیگی ہوئی تھی۔ وہ نڈھال اور بہت تھکی ہوئی نظر آرہی تھی۔ اس نے آگے بڑھ کر کرسی کھسکائی اور احسان شاہ کے روبہ رو بیٹھ گئی۔ رحیم داد کی جانب کوئی توجہ نہ دی۔ اس کی نظریں جھکی ہوئی تھیں۔ چہرے پر دکھ کے سائے منڈلا رہے تھے۔

"تاجاں سے مل لی۔ وہ ٹھیک ٹھاک ہے ناں؟" احسان شاہ نے جمیلہ سے پوچھا۔

"ہاں' میں اس سے مل لی۔" جمیلہ نے بجھے ہوئے لہجے میں کہا۔ "مجھے دیکھتے ہی وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔" اس نے ٹھنڈی سانس بھری' نظریں اٹھا کر احسان شاہ کی جانب دیکھا۔ "تیں نوں پتہ نہیں شاہ جی' وہ مجھے اپنی ماں کی طرح پیار کرتی ہے۔ چھوٹی سی تھی تو اس کا پیو مرگیا۔ بعد میں اسے میں نے ہی پالا۔ پچھلے سات سال سے میرے ہی پاس ہے۔ مانو اب تو وہ میری ہی دھی ہے۔" اس کے لہجے میں فریاد کا انداز تھا۔

"شاہ جی' تو نے ٹھیک نہیں کیا۔ تو اسے کیوں برباد کرنا چاہتا ہے؟ اس کا تو کیول ایک رانڈ ماں کے اور کوئی بھی نہیں۔"

"میں نوں تو اس سے کچھ نہیں لینا۔" احسان شاہ نے بے نیازی سے کہا۔ "تو چاہے تو وہ تیرے ساتھ واپس جاسکتی ہے۔ اس کی زندگی برباد ہونے سے بھی بچ سکتی ہے۔ سب کچھ تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔"

"شاہ جی' فیر تو کیا چاہتا ہے؟" جمیلہ کی آواز بھرا گئی۔ "میں تاجاں کو برباد ہونے سے بچانے کے لیے تیری ہر بات ماننے کو تیار ہوں۔" اس نے کسی مزاحمت کے بغیر احسان شاہ کے سامنے ہتھیار

ڈال دیئے۔ وہ اس کے پاس آنے سے پہلے ہی شاید یہ فیصلہ کر چکی تھی۔ اس نے قدرے تیکھے لہ میں کہا۔

"میں تاجاں کو اپنے ساتھ لے کر ہی جاؤں گی۔"

جمیلہ کی آواز گلوگیر ہو گئی۔ اس نے سر جھکا لیا۔ آنکھوں میں ستارے جھل ملائے اور ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔ اس نے بے قرار ہو کر اپنا چہرہ چھپا لیا۔ کمرے کی گہری خاموشی میں اس کی سسکیاں ابھر رہی تھیں۔ آتش دان میں سلگتے ہوئے انگاروں پر راکھ کی تہہ جم گئی تھی۔ احسان شاہ نے قریب رکھے ہوئے پوکر کا دستہ پکڑا اور لوہے کے آنکڑے سے انگارے کریدنے لگا۔

انگاروں کی آنچ تیز کرنے کے بعد اس نے پوکر ایک طرف رکھ دیا۔ مڑ کے جمیلہ کو دیکھا' بے رخی سے بولا۔ "اس طرح ٹسوے بہانے سے کام نہیں چلے گا۔" اس کا لہجہ تند ہو گیا۔ "تاجاں کو واپس لے جانے کے ارادے سے آئی ہے تو ٹھیک سے گل بات کر۔"

"کیا چاہتا ہے توں؟" جمیلہ کی شکستہ آواز ابھری۔

"میں یہ چاہتا ہوں' نہ تو اپنی زمین بیع کرے گی اور نہ کوٹلہ ہرکشن چھوڑ کر لہور جائے گی۔" احسان شاہ کے لہجے میں گونج اور دبدبہ تھا۔ "تیرے سارے منصوبوں کا مجھے اور چوہدری کو پتہ چل چکا ہے۔" اس نے قہر آلود نظروں سے جمیلہ کو دیکھا۔ اس کا چہرہ درشت ہو گیا۔ ہونٹوں پر زہر خند نمودار ہوا۔

"اب بیٹھی ٹسوے بہا رہی ہے' جب تو لہور جانے کے لیے اپنے وکیل رندھاوا سے چپکے چپکے سکیمیں بنا رہی تھی' تب یہ نہ سوچا' تو کیا کرنے جا رہی ہے؟ چوہدری کو مغالطے میں رکھ کر کس طرح دھوکا دے رہی ہے؟"

"میں کسی کے ساتھ دھوکا نہیں کر رہی۔" اس نے سر اٹھا کے تیکھی نظروں سے احسان شاہ کو دیکھا۔ "میں اگر اپنی زمین بیچنا چاہوں اور لہور جا کر رہنا چاہوں تو یہ دھوکا کس طرح ہوا؟ میں اپنی مرضی کی مالک ہوں۔ توں یا چوہدری اس بارے میں مجھ سے پوچھنے والا کون ہوتا ہے؟"

"زیادہ تیزی نہ دکھا۔" احسان شاہ نے ڈپٹ کر کہا۔ "یہ بتا اور صاف صاف بتا' تاجاں کو اپنے ساتھ لے جانا چاہتی ہے یا نہیں؟"

"تجھے پہلے ہی بتا چکی ہوں' میں اسی کارن یہاں آئی ہوں۔" جمیلہ کی آواز پھر بجھ گئی۔ "میں اسے اپنے ساتھ لے کر ہی جاؤں گی۔"

"ضرور اسے لے جا' خوشی سے لے جا۔" احسان شاہ کا لہجہ نرم پڑ گیا۔ "پر تاجاں کے دیاہ سے

پہلے تیرا چوہدری کے ساتھ نکاح ہو گا۔"

جمیلہ کرسی پر پتھر کی طرح بیٹھی رہی۔ اس کے ذہن میں منڈلاتا ہوا جذبات کا سیلاب چہرے پر دھوپ چھاؤں بن کر لہرا رہا تھا۔

مگر احسان شاہ نے اسے زیادہ دیر غور کرنے کا موقع نہ دیا۔ "تجھے جو کچھ طے کرنا ہے' جلدی کر۔ ٹائم کم ہے۔ سویرا ہو گیا تو تاجاں کو واپس لے جانے سے کوئی فائدہ نہ ہو گا۔ بات پنڈ میں پھیل گئی تو آئی ہوئی جنج واپس چلی جائے گی۔ پوری طرح یہ سوچ لے۔"

جمیلہ نے آنکھیں بند کر لیں۔ اس کے ہونٹ لرز رہے تھے۔ احسان شاہ کی درشتی پر اس نے ٹوٹی ہوئی آواز میں کہا۔ "شاہ جی جیت تو ہمیشہ تیری ہی ہوتی ہے۔" اس نے گہری سانس بھری۔ "میں تاجاں کو لے کر ہی جاؤں گی۔ تاجاں کو بلا لے۔ میں نے جلد سے جلد پنڈ پہنچنا ہے۔"

"تاجاں بھی آ جائے گی۔" احسان شاہ کے ہونٹوں پر زہر خند تھا۔ "پر اس کے یہاں آنے سے پہلے چوہدری کے ساتھ تیرا انتظام بھی تو ہو گا۔ نکاح ابھی ہو گا۔ بول کیا کہتی ہے؟"

"میں نے کیا کہنا ہے۔" اس نے مڑ کر خونخوار نظروں سے رحیم داد کو دیکھا۔ رحیم داد نے گھبرا کے نگاہیں نیچی کر لیں۔ جمیلہ چند لمحے تک ہانپنے کے سے انداز میں گہری گہری سانسیں بھرتی رہی۔ "میں نے تو تاجاں کو یہاں سے لے کر ہی جانا ہے۔ میں اسے وچن دے کر آئی ہوں۔" اس کے لہجے میں درد کی کسک تھی۔

احسان شاہ نے مزید بات نہ کی۔ فوراً مہربان علی اور نادر خاں کو بلایا۔ ان کے ہم راہ مسجد کا ملاّ بھی تھا جسے مہربان علی نے عشاء کی نماز کے بعد ہی بلوا لیا تھا۔ وہ پہلے سے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت پوری تیاری کے ساتھ آیا تھا۔ اس نے نکاح نامہ تیار کر رکھا تھا۔ اسٹامپ پیپر پر جمیلہ کی زمین کی بیع کا رحیم داد کے ساتھ معاہدہ بھی لکھا ہوا اس کے پاس موجود تھا۔

ملاّ نے احسان شاہ کے حکم پر رحیم داد کا جمیلہ سے نکاح پڑھایا۔ نادر خاں نے جمیلہ کی جانب سے وکیل کے فرائض انجام دیئے۔

احسان شاہ اور مہربان علی گواہ بنے۔ ایجاب و قبول ہوا۔ رحیم داد کے ساتھ جمیلہ نے بھی ہنکاری بھری۔ نکاح نامے پر دست خط بھی کر دیئے۔ مسجد کے ملاّ' رحیم داد' احسان شاہ' مہربان علی اور نادر خاں نے بھی دست خط کر دیئے۔

نکاح کے بعد مہربان علی نے زمین کی بیع کی دستاویز جمیلہ کے سامنے پیش کی۔ جمیلہ کی آنکھیں آتش دان کے انگاروں کی مانند دہک رہی تھیں۔ اس نے نہ کوئی مین میخ نکالی نہ کسی برہمی کا اظہار